سلسلۂ مطبوعات ندوۃ المصنفین
(۱۲۷)

# خلافتِ امویہ اور ہندوستان

جس میں

امومی دورِ اسلامی ہند کی نوّے سالہ تاریخ میں غزوات و فتوحات ملکی اور شہری انتظامات
اسلامی علوم و فنون علمِ حدیث اور محدّثین مسلموں اور غیر مسلموں کے گوناگوں تعلقات
باہمی مراعات عرب و ہند کے درمیان تمدّنی، ثقافتی، علمی و فکری، معاشی و معاشرتی
میل جول اور ہر طبقہ کے اعیان و رجال کے حالات نہایت مستند طور پر بیان کیے
گئے ہیں جس سے اموی دور کے اسلامی ہند کی صحیح اور مفصل تاریخ سامنے آجاتی ہے
اور معلوم ہو جاتا ہے کہ مسلمانوں نے اتنے تھوڑے عرصہ میں اس ملک میں کیا کیا خدمات انجام دی ہیں۔

تالیف
مولانا قاضی اطہر مبارکپوری
رفیق اعزازی ندوۃ المصنفین

ندوۃ المصنفین اردو بازار جامع مسجد دہلی

Marfat.com

سلسلہ ندوۃ المصنفین دہلی

(۱۲۷)

# خلافتِ اُمویہ اور ہندوستان

ذخیرہ کتب محمد احمد ترازی

جس میں

اُموی دور کے اسلامی ہند کی نوے سالہ تاریخ میں غزوات و فتوحات اور اہم واقعات، اداری و سرکاری انتظام، حربی اور فوجی انتظام، ملکی اور شہری انتظامات، اموی امراء و حکام اور راجے مہاراجے، ہندوستان کے مسلمان، ہندی الاصل مسلمان، عربی الاصل مسلمان اسلامی علوم و فنون، علم حدیث و محدثین، مسلموں اور غیر مسلموں کے گوناگوں تعلقات، باہمی مراعات، اموی دور کے واردین و صادرین، عرب و ہند کے درمیان تمدنی، ثقافتی، علمی، فکری اور معاشی و معاشرتی میل جول، اور ہر طبقہ کے اعیان و رجال کے حالات نہایت مستند طور پر بیان کیے گئے ہیں جس سے اموی دور کے اسلامی ہند کی صحیح اور مفصل تاریخ پہلی بار سامنے آتی ہے، اور معلوم ہوتا ہے کہ ایک صدی سے بھی کم مدت میں اسلام اور مسلمانوں نے اس ملک میں کیا کیا خدمات انجام دی ہیں۔

از

مولانا قاضی اطہر مبارکپوری

ندوۃ المصنفین اردو بازار جامع مسجد دہلی ۶

Marfat.com

134950

حقوق طبع محفوظ

پہلی بار

شعبان ۱۳۹۵ھ مطابق اگست ۱۹۷۵ء

قیمت :- مجلّد ——— 80 روپے

قیمت :- غیر مجلّد ——— 70 روپے

مطبوعہ :- ——— نعمانی پریس، دہلی

مکتبہ :- ——— شاہد وجیہہ رامپور

Marfat.com

# مَراجع ومَصَادِر


| | | |
|---|---|---|
| کتاب الامالی | ابو علی اسمٰعیل بن قاسم قالی بغدادی ۳۵۶ھ | مصر |
| کتاب الاشتقاق | ابو بکر محمد بن حسن بن درید ازدی بصری ۳۲۱ھ | 〃 |
| کتاب الاغانی | ابو الفرج علی بن حسین اموی اصفہانی ۳۵۶ھ | بیروت |
| الاخبار الطوال | ابو حنیفہ احمد بن داؤد دینوری ۲۸۱ھ | مصر |
| احسن التقاسیم فی معرفۃ الاقالیم | ابو عبداللہ محمد بن احمد ابن ابوبکر مقدسی بشاری موجود ۳۷۵ھ | لائڈن |
| الادب المفرد | امام محمد بن اسمٰعیل بخاری ۲۵۶ھ | مصر |
| الاستیعاب فی معرفۃ الاصحاب | ابو عمر یوسف بن عبداللہ بن عبدالبر اندلسی ۴۶۳ھ | مصر و حیدر آباد |
| اسد الغابہ فی معرفۃ الصحابہ | ابو الحسن عز الدین علی بن اثیر جزری ۶۳۰ھ | |
| الاصابہ فی تمییز الصحابہ | حافظ احمد بن علی بن حجر عسقلانی ۸۵۲ھ | مصر |
| انساب الاشراف | ابو الحسن احمد بن یحییٰ بلاذری ۲۷۹ھ | مصر و یروشلم |
| الاکمال فی رفع الارتیاب عن المؤتلف والمختلف من الاسماء والکنیٰ والانساب | امیر ابو نصر علی بن ہبۃ اللہ بن ماکولا ۴۷۵ھ | حیدر آباد |
| کتاب الاموال | ابو عبید قاسم بن سلاّم ۲۲۴ھ | حیدر آباد |
| کتاب الانساب | ابو سعد عبدالکریم بن ابوبکر محمد بن ابو المظفر سمعانی مروزی ۵۶۲ھ | لندن و حیدر آباد |
| کتاب الاضداد فی اللغۃ | ابو بکر محمد بن قاسم بن بشار انباری ۳۲۷ھ | مصر و کویت |
| الامامۃ والسیاسۃ | ابو محمد عبداللہ بن مسلم بن قتیبہ دینوری ۲۷۶ھ | مصر |
| امبراطوریۃ العرب | جنرل سر جان گلوب پاشا، تعریب حماد خیری | بیروت |


Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| اسلام کا نظامِ اراضی | مولانا مفتی محمد شفیع صاحب | کراچی |
| اسلامی ہند کی عظمتِ رفتہ | قاضی اطہر مبارک پوری | دہلی |
| البدایہ والنہایہ | ابو الفداء اسمٰعیل بن کثیر دمشقی ۷۷۴ھ | مصر |
| البیان والتبیین | ابو عثمان عمرو بن بحر جاحظ ۲۵۵ھ | ؍؍ |
| کتاب البدء والتاریخ | المنسوب الی ابی زید احمد بن سہل بلخی | پیرس وطہران |
| بغیۃ الملتمس فی رجال اہل الاندلس | احمد بن یحییٰ بن احمد بن عمیرہ ضبی ۵۹۹ھ | میڈرڈ وبغداد |
| کتاب الثقات | ابو حاتم محمد بن حبّان بستی ۳۵۴ھ | حیدر آباد |
| تاریخ الملوک والامم | امام ابو جعفر محمد بن جریر طبری ۳۱۰ھ | مصر ویورپ |
| تاریخ خلیفہ بن خیّاط | خلیفہ بن خیّاط شباب بصری ۲۴۰ھ | دمشق |
| التاریخ الکبیر | امام محمد بن اسمٰعیل بخاری ۲۵۶ھ | حیدر آباد |
| تاریخ یعقوبی | احمد بن یعقوب بن جعفر بن وہب بن واضح عباسی۔ | لائڈن وبیروت |
| تاریخ جرجان | ابو القاسم حمزہ بن یوسف بن ابراہیم سہمی ۴۲۷ھ | حیدر آباد |
| تاریخ بغداد | ابو بکر احمد بن علی خطیب بغدادی ۴۶۳ھ | مصر |
| تاریخ ابن خلدون | قاضی عبد الرحمٰن بن محمد بن خلدون حضرمی ۸۰۸ھ | مصر وبیروت |
| تاریخ الخلفاء | جلال الدین عبد الرحمٰن بن ابو بکر سیوطی ۹۱۱ھ | ہند |
| تاریخ الاسلام وطبقات المشاہیر والاعلام | ابو عبد اللہ شمس الدین محمد بن احمد بن عثمان ذہبی ۷۴۸ھ | مصر |
| تاریخ ابن عساکر (خلاصہ) | ابو القاسم علی بن حسن بن ہبۃ اللہ دمشقی ۵۷۱ھ | مصر |
| تاریخ الاحساء | استاذ محمد بن عبد اللہ انصاری | ریاض |
| تاج العروس من جواہر القاموس | سید محمد مرتضیٰ حسینی زبیدی بلگرامی ۱۲۰۵ھ | کویت |
| تثبیت دلائل النبوۃ | قاضی القضاۃ عبد الجبار بن احمد ہمدانی ۴۱۵ھ | بیروت |
| تجرید اسماء الصحابہ | امام ذہبیؒ ۷۴۸ھ | حیدر آباد وبمبئی |

Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| تحفۃ الکرام | شیر علی | قلمی ۱۱۸۹ھ |
| تذکرۃ الحفاظ | امام ذہبی ۷۴۸ھ | حیدر آباد |
| تفسیر طبری | امام ابو جعفر محمد بن جریر طبری ۳۱۰ھ | مصر |
| تقویم البلدان | الملک المؤید عماد الدین اسمٰعیل صاحب حماہ ۷۳۲ھ | پیرس |
| تہذیب التہذیب | امام احمد بن علی بن حجر عسقلانی ۸۵۲ھ | حیدر آباد |
| تقریب التہذیب | حافظ ابن حجر ۸۵۲ھ | مصر |
| تہذیب الاسماء واللغات | ابو زکریا محی الدین یحییٰ نووی ۶۷۶ھ | ״ |
| کتاب الثقات | ابو حفص عمر بن احمد بن شاہین ـــــ ھ | قلمی |
| کتاب الجرح والتعدیل | ابو محمد عبد الرحمٰن بن ابو حاتم رازی ۳۲۷ھ | حیدر آباد |
| جمہرۃ نسب قریش واخبارہا | ابو عبد اللہ زبیر بن بکّار مکّی ۲۵۶ھ | مصر |
| جمہرۃ انساب العرب | ابو محمد علی بن احمد بن سعید بن حزم اندلسی ۴۵۶ھ | ״ |
| جواہر الاصول فی علم حدیث الرسول | ابو الفیض محمد بن محمد بن علی فاسی | قلمی |
| چچ نامہ | علی بن حامد بن ابو بکر کوفی اوچی | دہلی |
| کتاب الحیوان | ابو عثمان عمرو بن بحر جاحظ ۲۵۰ھ | بیروت |
| کتاب الخراج | امام قاضی ابو یوسف یعقوب بن ابراہیم ۲۰۸ھ | مصر |
| کتاب الخراج | یحییٰ بن آدم قرشی ۲۰۳ھ | ״ |
| کتاب الخطط والآثار | تقی الدین احمد بن علی مقریزی ۸۴۵ھ | ״ |
| خاص الخاص | ابو منصور ثعلبی | بیروت |
| الدرۃ الثمینۃ فی اخبار المدینۃ | ابن نجّار | مصر |
| کتاب الذخائر والتحف | قاضی رشید بن زبیر | کویت |
| ذیل المذیل من تاریخ الصحابۃ والتابعین | امام ابن جریر طبری ۳۱۰ھ | مصر |

Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| تحفۃ الکرام | شیر علی | قلمی ۱۱۸۹ھ |
| تذکرۃ الحفاظ | امام ذہبی ۷۴۸ھ | حیدرآباد |
| تفسیر طبری | امام ابو جعفر محمد بن جریر طبری ۳۱۰ھ | مصر |
| تقویم البلدان | الملک المؤید عماد الدین اسمٰعیل صاحب حماہ ۷۳۲ھ | پیرس |
| تہذیب التہذیب | امام احمد بن علی بن حجر عسقلانی ۸۵۲ھ | حیدرآباد |
| تقریب التہذیب | حافظ ابن حجر ۸۵۲ھ | مصر |
| تہذیب الاسماء واللغات | ابو زکریا محی الدین یحیٰی نووی ۶۷۶ھ | ″ |
| کتاب الثقات | ابو حفص عمر بن احمد بن شاہین ھ | قلمی |
| کتاب الجرح والتعدیل | ابو محمد عبد الرحمٰن بن ابو حاتم رازی ۳۲۷ھ | حیدرآباد |
| جمہرۃ نسب قریش واخبارہا | ابو عبداللہ زبیر بن بکّار مکی ۲۵۶ھ | مصر |
| جمہرۃ انساب العرب | ابو محمد علی بن احمد بن سعید بن حزم اندلسی ۴۵۶ھ | ″ |
| جواہر الاصول فی علم حدیث الرسول | ابو الفیض محمد بن محمد بن علی فاسی | قلمی |
| چچ نامہ | علی بن حامد بن ابو بکر کوفی اوچی | دہلی |
| کتاب الحیوان | ابو عثمان عمرو بن بحر جاحظ ۲۵۰ھ | بیروت |
| کتاب الخراج | امام قاضی ابو یوسف یعقوب بن ابراہیم ۲۰۸ھ | مصر |
| کتاب الخراج | یحیٰی بن آدم قرشی ۲۰۳ھ | ″ |
| کتاب الخطط والآثار | تقی الدین احمد بن علی مقریزی ۸۴۵ھ | ″ |
| خاص الخاص | ابو منصور ثعلبی | بیروت |
| الدرۃ الثمینۃ فی اخبار المدینۃ | ابن نجّار | مصر |
| کتاب الذخائر والتحف | قاضی رشید بن زبیر | کویت |
| ذیل المذیّل من تاریخ الصحابۃ والتابعین | امام ابن جریر طبری ۳۱۰ھ | مصر |

Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| رسائل الجاحظ | ابو عثمان عمرو بن بحر جاحظ ۲۵۰ھ | مصر |
| رجال السند والہند | قاضی اطہر مبارک پوری | بمبئی |
| کتاب الزہد والرقائق | امام عبداللہ بن مبارک مروزی ۱۸۱ھ | ہند |
| سیرت ابن ہشّام | ابو محمد عبدالملک بن ہشام حمیری ۲۱۸ھ | مصر |
| سنن الترمذی | امام ابو جعفر محمد بن عیسٰی بن سورۃ ۲۹۵ھ | ہند |
| سنن النسائی | ابو عبدالرحمٰن احمد بن علی بن شعیب نسائی ۳۰۳ھ | ہند |
| سنن ابوداؤد | امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی ۳۱۶ھ | ″ |
| سنن سعید بن منصور | امام سعید بن منصور خراسانی مکی ۲۲۷ھ | ″ |
| السیاسۃ الشرعیۃ فی اصلاح الراعی والرعیۃ | امام ابن تیمیہ | بیروت |
| شذرات الذہب باخبار من ذہب | ابوالفلاح عبدالحی بن العماد حنبلی ۱۰۸۹ھ | مصر |
| الشعر والشعراء | ابو محمد عبداللہ بن مسلم بن قُتیبہ دینوری ۲۷۶ھ | ″ |
| شفاء الغرام باخبار البلد الحرام | تقی الدین محمد بن احمد بن علی فاسی مکی ۸۳۲ھ | ″ |
| صبح الاعشیٰ فی صناعۃ الانشاء | قلقشندی | ″ |
| صفۃ الصفوۃ | ابوالفرج عبدالرحمٰن بن جوزی ۵۹۷ھ | حیدرآباد |
| طبقات خلیفہ بن خیاط | خلیفہ بن خیاط شباب بصری ۲۴۰ھ | دمشق |
| الطبقات الکبریٰ | ابو عبداللہ محمد بن سعد واقدی بغدادی ۲۳۰ھ | بیروت |
| طبقات الفقہاء | ابو اسحٰق شیرازی ۴۷۶ھ | مصر |
| طبقات الشعراء | ابو عبداللہ محمد بن سلام جُمحی بصری ۲۳۱ھ | ″ |
| طبقات الشعراء | عبداللہ ابن المعتز | ″ |
| طبقات الامم | ابوالقاسم صاعد بن احمد اندلسی ۴۶۳ھ | ″ |
| عجائب الہند | بزرگ بن شہریار ناخدا رامہرمزی | لائڈن |

Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| عجائب الاسفار | ابو عبداللہ محمد بن عبداللہ بن محمد بن ابراہیم ابن بطوطہ طنجی | مصر |
| عیون الاخبار | ابن قتیبہ ۲۷۶ھ | ״ |
| العیون والحدائق فی اخبار الحقائق | مؤلف مجہول | بغداد |
| کتاب العلل ومعرفۃ الرجال | امام ابو عبداللہ احمد بن محمد بن حنبل ۲۴۱ھ | انقرہ |
| العبر فی خبر من غبر | امام ذہبی ۷۴۸ھ | کویت |
| العقد الفرید | ابن عبد ربہ اندلسی ۳۲۸ھ | مصر و بیروت |
| العقد الثمین فی فتوح الہند ومن ورد فیہا من الصحابۃ والتابعین | (قاضی اطہر مبارکپوری) | ہند |
| عرب و ہند عہد رسالت میں | قاضی اطہر مبارک پوری | دہلی |
| فتح الباری | حافظ ابن حجر ۸۵۲ھ | مصر |
| فتوح البلدان | ابو الحسن احمد بن یحیی بلاذری ۲۷۹ھ | ״ |
| کتاب الفہرست | ابو الفرج محمد بن اسحاق بن محمد بن اسحاق ابن ندیم بغدادی موجود ۳۷۷ھ | مصر |
| الفخری | محمد بن علی بن طباطبا، ابن الطقطقا | بیروت |
| الکامل فی التاریخ | ابو الحسن عز الدین بن علی بن اثیر جزری ۶۳۰ھ | مصر |
| الکامل فی اللغۃ والادب | ابو العباس محمد بن یزید مبرد نحوی ۲۸۵ھ | ״ |
| کتاب الکنی والاسماء | ابو بشر محمد بن احمد بن حماد دولابی | حیدرآباد |
| اللباب فی تہذیب الانساب | ابو الحسن عز الدین علی بن جزری ۶۳۰ھ | مصر |
| لسان العرب | محمد بن مکرم بن منظور مصری افریقی ۷۱۱ھ | مصر و بیروت |
| لسان المیزان | ابن حجر ۸۵۲ھ | حیدرآباد |
| کتاب المواعظ والاعتبار بذکر الخطط والآثار — تقی الدین احمد بن علی مقریزی | | ״ |
| میزان الاعتدال | امام ذہبی ۷۴۸ھ | مصر |

Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| کتاب المحبّر | ابوجعفر محمد بن حبیب بغدادی ۲۴۵ھ | حیدرآباد |
| کتاب المنمق | " " " " | " |
| مآثر الانافہ فی معالم الخلافہ | قلقشندی | کویت |
| کتاب المجروحین من المحدثین | ابوحاتم محمد بن حبان بستی ۳۵۴ھ | حیدرآباد |
| المستدرک | ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری ۴۰۵ھ | " |
| مقدمہ ابن الصلاح | ابوعمرو عثمان بن عبدالرحمن شہرزوری ۶۴۳ھ | بمبئی |
| کتاب المعارف | ابومحمد عبداللہ بن مسلم بن قتیبہ دینوری ۲۷۶ھ | مصر |
| کتاب الملل والنحل | محمد بن عبدالکریم شہرستانی ۵۴۸ھ | " |
| معجم البلدان | شہاب الدین یاقوت حموی بغدادی ۶۲۶ھ | |
| کتاب المصون فی الادب | ابواحمد حسن بن عبداللہ عسکری ۳۸۲ھ | کویت |
| مروج الذہب | علی بن حسین بن علی مسعودی ۳۴۵ھ | مصر |
| المسالک والممالک | ابوالقاسم عبیداللہ بن احمد ابن خردادبہ (عہدِ معتمد) | لائڈن |
| وفیات الاعیان | شمس الدین احمد بن ابراہیم بن ابوبکر بن خلکان ۶۸۱ھ | ایران |
| ہندوستان میں عربوں کی حکومتیں | قاضی اطہر مبارک پوری | دہلی |
| کتاب الہند | ابوریحان محمد بن احمد بیرونی ۴۳۰ھ | لندن |

Marfat.com

# فہرست مضامین

## خلافتِ اُمویّہ اور ہندوستان


| مضامین | صفحہ | مضامین | صفحہ |
|---|---|---|---|
| پیش لفظ از حضرت مولانا مفتی عتیق الرحمن صاحب عثمانی ناظم ندوۃ المصنفین دہلی | ۲۳ | قیقان کی فتح ۴۵ھ | ۶۲ |
| مقدمۂ مؤلف | ۲۵ | داور کی فتح ۴۶ھ | ۶۵ |
| خلافت اُمویہ اور ہندوستان | | قیقان کی فتح ۴۷ھ | ۶۶ |
| **غزوات وفتوحات اور اہم واقعات** | ۴۵ | مکران، قیقان اور قُصدار کی فتح ۴۸ھ | ۶۹ |
| سجستان کی فتوحات | ۴۶ | گجرات اور شوراسٹر کی فتح ۵۳ھ | ۷۴ |
| راجہ رتبیل کی سرکشی اور عربوں میں قبائلی عصبیت | ۴۸ | بوقان وغیرہ کی فتح حدود ۵۵ھ | ۷۶ |
| ابتلاء وآزمائش کا دور | ۵۰ | قندابیل، قیقان، بوقان اور قصدار وغیرہ کی فتح ۶۲ھ تا ۶۴ھ | ۷۸ |
| سکون بھی، بے چینی بھی | ۵۲ | علافیوں کا غلبہ ۶۵ھ تا ۷۰ھ اور راجہ داہر کی پشت پناہی | ۸۲ |
| علاقۂ سندھ کی پہلی فتح ارمائیل ۴۱ھ | ۵۴ | علافیوں کے ہاتھوں امیر سند سعید بن اسلم کا قتل | ۸۷ |
| قیقان اور میدوغیرہ کی فتح ۴۲ھ | ۵۶ | مجاعہ بن سعر کے ہاتھوں علافیوں کی شورش کا خاتمہ | ۹۱ |
| بنوں، لاہور اور قندابیل کی فتح ۴۴ھ | ۶۰ | ڈاکوؤں کی اسلامی جہاز اور مسلم خواتین پر یلغار اور راجہ داہر کی پشت پناہی | ۹۳ |


Marfat.com

| مضامین | صفحہ |
|---|---|
| لیٹروں اور راجہ داہر سے جنگ اور عبداللہ بن نبہان اور بدیل بن طہفہ کی شہادت | ۹۸ |
| محمد بن قاسم کی امارت اور فتوحات | ۱۰۱ |
| قنزپور اور ارمائیل کی فتح ۹۲ھ | ۱۰۵ |
| دیبل کی فتح ۹۳ھ | ۱۰۶ |
| نیرون کی فتح ۹۳ھ | ۱۰۹ |
| سِند رودا اور سہیان کی فتح ۹۳ھ | ۱۱۰ |
| سدوستان کی فتح ۹۳ھ | ۱۱۱ |
| راجہ داہر سے جنگ اور فتح ۹۳ھ | ۱۱۱ |
| الور کی فتح | ۱۱۵ |
| برہمن آباد کی فتح ۹۳ھ | ۱۱۶ |
| المرور، بغرور، ساوندری اور بسمد کی فتح ۹۳ھ | ۱۱۷ |
| راجہ چچ سے جنگ ۹۴ھ | ۴۱۸ |
| ملتان کی فتح ۹۵ھ | ۱۱۸ |
| بھیلمان اور سورٹھ کی فتح ۹۵ھ | ۱۲۰ |
| کیرخ کی فتح ۹۵ھ | ۱۲۱ |
| محمد بن قاسم کی گرفتاری اور موت ۹۶ھ | ۱۲۲ |
| الرور وغیرہ کی دوبارہ فتح ۹۶ھ | ۱۲۳ |
| کچھ وغیرہ کی فتح ۹۸ھ | ۱۲۴ |
| قندابیل میں آلِ مہلب کا قتل عام ۱۰۲ھ | ۱۲۶ |
| جنید بن عبدالرحمٰن مری کی امارت اور شاندار فتوحات | ۱۳۵ |

| مضامین | صفحہ |
|---|---|
| راجہ جے سیہ سے جنگ اور فتح | ۱۳۶ |
| کیرج (کھیڑا) کی فتح | ۱۳۸ |
| سوراشٹر، گجرات، راجپوتانہ اور وسطی ہند کی فتوحات | ۱۳۹ |
| ارضِ چین کی فتح | ۱۴۰ |
| جنید کے غنائم اور اُساریٰ | ۱۴۳ |
| تمیم بن زید کی امارت، شورش اور بغاوت | ۱۴۶ |
| حکم بن عوانہ کی امارت، شاندار فتوحات اور شہر محفوظہ کی تعمیر | ۱۵۰ |
| عمرو بن محمد بن قاسم کی امارت، فتوحات اور شہر منصورہ کی تعمیر | ۱۵۴ |
| فوجی بغاوت اور اس کا خاتمہ | ۱۵۶ |
| یزید بن عرار کی امارت اور اٹھارہ فتوحات | ۱۵۸ |
| محمد بن غزان کی امارت اور عمرو بن محمد بن قاسم کی موت | ۱۵۹ |
| منصور بن جمہور کا قبضہ، غزوات و فتوحات اور یزید بن عرار کی موت | ۱۶۰ |
| **اداری اور سرکاری نظام** | ۱۶۳ |
| اُموی خلفاء | ۱۶۵ |
| عراقی حکام | ۱۶۸ |
| ہندی اُمراء | ۱۶۹ |

| مضامین | صفحہ |
|---|---|
| امراء کی تقرری کے طریقے | ۱۷۱ |
| اموی خلفاء، عراقی حکام اور ہندی امراء کا تفصیلی نقشہ | ۱۷۳ |
| انتظامیہ۔ مالیہ۔ اور حربیہ کے امراء | ۱۷۸ |
| ہنگامی اور وقتی امارتیں | ۱۸۱ |
| امرائے ہند کے مختلف طبقات | ۱۸۲ |
| صحابہؓ | ۱۸۳ |
| تابعینؒ اور ان کے معاصرین | ۱۸۴ |
| تبع تابعین ۱۸۵۔ عباد و زہاد | ۱۸۵ |
| قضاۃِ اسلام | ۱۸۵ |
| اجوادِ اسلام اور اسخیائے عرب | ۱۸۵ |
| اعیان و اشراف | ۱۸۵ |
| بہادرانِ اسلام | ۱۸۶ |
| مقامی امراء و حکام | ״ |
| مجلس شوریٰ یا وزارت | ۱۸۸ |
| خلفاء و حکام سے استصواب استفسار | ۱۹۱ |
| سنان بن سلمہ کے بارے میں حضرت معاویہ اور زیاد کی خط و کتابت | ۱۹۲ |
| محمد بن قاسم اور حجاج بن یوسف کی خط و کتابت | ۱۹۳ |
| جنید بن عبدالرحمٰن مری اور خلیفہ ہشام اور خالد قسری کی خط و کتابت | ۱۹۵ |

| مضامین | صفحہ |
|---|---|
| حکم کی امارت کے بارے میں خالد قسری اور خلیفہ ہشام کی خط و کتابت | ۱۹۷ |
| عمرو بن محمد بن قاسم کے بارے میں یوسف بن عمر اور خلیفہ ہشام کی خط و کتابت | ״ |
| عمرو بن محمد بن قاسم اور یوسف بن عمر کی خط و کتابت | ۱۹۸ |
| کاتب (میر منشی) | ۱۹۹ |
| ترجمان | ۲۰۰ |
| حرس یعنی محافظ دستہ | ۲۰۱ |
| دارالامارہ | ۲۰۳ |
| دارالقضاء اور عدالت | ۲۰۴ |
| جیل خانہ | ۲۰۵ |
| بیت المال | ۲۰۶ |
| درہم، دینار اور سکے | ۲۰۷ |
| برید اور ڈاک | ۲۱۱ |
| **حربی اور فوجی نظام** | ۲۱۴ |
| جیش اور سریہ | ۲۱۶ |
| فدائیوں اور رضا کاروں کی جماعت | ۲۱۸ |
| سرکاری فوج کے ساتھ دوسرے سپاہی | ۲۱۹ |
| فوج میں خواتین | ۲۲۱ |


Marfat.com

| مضامین | صفحہ | مضامین | صفحہ |
|---|---|---|---|
| سپاہیوں کے نام فوجی حساب وکتاب کے دفاتر | ۲۲۲ | شدھی کی آزادی | ۵۲ |
| فوجوں کی ترتیب | ۲۲۳ | رسم ورواج کی آزادی | ۵۳ |
| میدانِ جہاد | ۲۲۶ | مرکز سے تعلقات کی آزادی | ۵۴ |
| رسد کا انتظام | ۲۲۷ | شکایت پر امیر کی معزولی | ۵۶ |
| آرام وآسائش | ۲۲۸ | امراء وحکام اور مسلمانوں پر تنقید | ۵۷ |
| جائزہ اور انعامات | ۲۲۹ | امارت و حکومت میں حصہ | ۵۸ |
| جنگی آلات اور سامان | ۲۳۱ | فوجی ملازمت | ۶۰ |
| منجنیق | " | آراضی کا انتظام | ۶۱ |
| کَبَّاسَش | ۲۳۲ | قیام امن وامان | ۶۷ |
| نفط ونار | " | بحری ڈاکوؤں کا صفایا | ۶۹ |
| سیڑھی اور پل | ۲۳۴ | قحط وگرانی کا مقابلہ | ۷۲ |
| گھوڑے، اونٹ، خچر، گدھے | ۲۳۶ | اسلامی شہروں اور بستیوں کی تعمیر | ۷۴ |
| بحری بیڑا | ۲۳۷ | کنیز۔ مکران | ۷۵ |
| شہادتیں اور قربانیاں | ۲۴۰ | محفوظہ | ۷۷ |
| سبایا اور غنائم | ۲۴۱ | منصورہ | ۷۹ |
| مجاہدین کا کردار اور چند شبہات کا ازالہ | ۲۴۲ | دیبل | ۸۲ |
| **ملکی اور شہری نظام** | ۲۴۵ | اور، ملتان، برہمن آباد، سیوستان وغیرہ | ۸۳ |
| غیر مسلموں کا طبقاتی اور معاشرتی پس منظر | ۲۴۷ | مسلمانوں کے نام پر آبادیاں | ۸۴ |
| آزاد فضا میں آزاد زندگی | ۲۴۹ | خانات اور سرائیں | " |
| مذہبی آزادی | ۲۵۰ | تجارتی تعلقات | ۸۵ |


Marfat.com

| مضامین | صفحہ |
| --- | --- |
| **...وی امراء وحکام اور راجے مہاراجے** | ۲۸۸ |
| ...یوں کو دعوتِ اسلام | ۲۹۴ |
| ...قہ کچھ کا راجہ راسل | ۲۹۸ |
| ...فج اور بامیان کا راجہ رتبیل | ۳۰۰ |
| ...سندھ کا راجہ داہر | ۳۰۴ |
| ...فان کا راجہ | ۳۰۹ |
| ...باشندے زابید وغیرہ | ۳۱۱ |
| ...زمین چین کا راجہ | ۳۱۲ |
| ...جہ کاکر کوتک | ۳۱۳ |
| ...ج کا راجہ ہرچند | " |
| ...جہ رائے | ۳۱۴ |
| ...ب راجہ | " |
| ...ط وکتابت، ہدایا وتحائف اور سفارتیں | ۳۱۵ |
| ...یہ چین کا خط اور ہدیہ حضرت معاویہؓ کے نام | " |
| ...ہ قیقان کا ہدیہ عبداللہ بن سوار اور حضرت معاویہؓ کی خدمت میں | ۳۱۷ |
| ...ج بن یوسف کی سفارت راجہ رتبیل کے دربار میں | ۳۱۹ |
| ...ج بن یوسف کی سفارت راجہ داہر کے دربار میں | ۳۱۹ |

| مضامین | صفحہ |
| --- | --- |
| نیرون کے حکام وعوام کی سفارت حجاج بن یوسف کے دربار میں | ۳۲۰ |
| حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ کے نام ہندوستان کے ایک راجہ کا خط | " |
| ہندوستان کے راجوں کے نام حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ کے دعوتی خطوط | ۳۲۲ |
| جنید بن عبدالرحمٰن مری اور خلیفہ ہشام کی خدمت میں ایک راجہ کا ہدیہ وتحفہ | ۳۲۳ |
| **ہندوستان کے مسلمان** | ۳۲۵ |
| ہندی الاصل مسلمان | ۳۲۶ |
| مختلف اوقات اور مختلف مقامات کے مسلمان | ۳۲۷ |
| عرب کا طبقۂ موالی | ۳۳۲ |
| غلاموں کی آقائی کی ایک مثال | ۳۳۴ |
| اس طبقہ کے ارباب علم وفضل | ۳۳۶ |
| جاٹ، سیابجہ، مید وغیرہ عرب میں | ۳۳۷ |
| مستقل بستیاں اور علاقے | ۳۳۹ |
| بصرہ میں | " |
| شام میں | ۳۴۰ |
| لشکر میں | " |
| فتنہ وفساد اور جرائم کا ارتکاب | ۳۴۱ |


Marfat.com

| مضامین | صفحہ | مضامین | صفحہ |
|---|---|---|---|
| معاشی اخلاقی اور دینی حالات | ۳۴۴ | پرسکون زمانہ | ۳۶۷ |
| بیاسرہ یعنی مخلوط النسل مسلمان | ۳۴۵ | ابتلا کا دور | ۳۶۸ |
| ہندوستان کے عربی الاصل مسلمان | ۳۴۷ | آثار و علائم | ۳۷۰ |
| مسلم آبادی کی ایک مثال | ۳۴۹ | مساجد و جوامع | ″ |
| مختلف مقامات میں آبادیاں | ۳۵۱ | مسجدِ خاشک | ۳۷۱ |
| مختلف قبائل | ۳۵۶ | مسجدِ دیبل | ۳۷۲ |
| بنو ثقیف | ۳۵۷ | جامع ملتان | ″ |
| بنو عبد القیس | ۳۵۸ | مسجدِ الور | ۳۷۳ |
| بنو تمیم | ″ | مسجدِ سیوستان | ″ |
| بنو سامہ | ″ | مسجدِ نیرون | ″ |
| قریش اور بنو ہبّار | ۳۵۹ | مُشاہد یعنی شہادت گاہیں | ″ |
| بنو ازد اور بنو مہلّب | ″ | پہلا مشہد قیقان | ۳۷۴ |
| بنو کلب اور بنو کلاب | ″ | دوسرا مشہدِ قیقان | ″ |
| بنو نمر بن قاسط یا بنو نمیر بن عامر | ۳۶۰ | تیسرا مشہدِ قیقان | ۳۷۵ |
| بنو شیبان | ″ | مشہدِ ہند | ″ |
| دیگر قبائل | ″ | مشہد قندھار | ″ |
| ہندوستان اور مسلمانوں کے باہمی تعلقات | ۳۶۱ | مشہدِ دیبل | ″ |
| مسلمانوں کی ضیافت | ۳۶۱ | مشہدِ شجاع حبشی | ۳۷۶ |
| مسلمانوں سے عقیدت و محبت | ۳۶۲ | مشہدِ قابل بن ہشام | ″ |
| عام مسلمانوں اور راجوں مہاراجوں کے تعلقات | ۳۶۶ | مشہد قندابیل | ۳۷۷ |

| مضامین | صفحہ |
|---|---|
| مشہد سندھ | ۳۷۷ |
| مقابر اور مزارات | ۳۷۸ |
| قصدار میں قبر حضرت منذر بن جارود عبدی | ۳۷۸ |
| مکران میں قبر سعید بن اسلم کلابی | ۳۷۹ |
| مکران میں قبر مجاعہ بن سعر تمیمی | " |
| قنبل میں قبر محمد بن ہارون نمیری | " |
| سندھ میں قبر عبدالرحمن بن عباس ہاشمی | ۳۸۰ |
| قندابیل میں قبر عطیہ بن اسود حنفی خارجی | " |
| دیبل میں قبر تمیم بن زید قینی | " |
| مکران میں قبر علافی | ۳۸۱ |
| سندھ میں قبر یزید بن ابی کبشہ سکسکی | ۳۸۱ |
| سندھ میں قبر تراب یا ابو تراب حنظلی | " |
| سندھ میں قبر مروان بن یزید بن مہلب ازدی | " |
| سندھ میں قبر عمرو بن محمد بن قاسم ثقفی | ۳۸۲ |
| سندھ میں قبر جُبَیل محمد بن عزاز قضاعی | " |
| منصورہ میں قبر منظور بن جمہور کلبی | " |
| منصورہ کا پہلا خونی ستون | " |
| منصورہ کا دوسرا خونی ستون | ۳۸۳ |
| یادگاریں | ۳۸۳ |
| قند میں بدیل بن طہفہ بجلی کی یادگار | ۳۸۴ |
| کھرڑوچ میں قنعثم بن ثعلبہ کی یادگار | " |
| کھیڑا میں محمد بن قاسم ثقفی کی یادگار | ۳۸۵ |
| اعیان واشراف اور ارباب علم | " |
| سرکاری اور داخلی اختلافات کے اثرات ونتائج | ۳۸۸ |
| علافیوں کے غلبہ کے اثرات ونتائج | ۳۹۰ |
| فتنۂ ابن اشعث کے اثرات ونتائج | ۳۹۱ |
| محمد بن ہاشم کے المیہ کے اثرات ونتائج | ۳۹۳ |
| مہالبہ کے المیہ کے اثرات ونتائج | ۳۹۴ |
| ہندی اشیاء عرب میں | ۳۹۶ |
| ہندی آتش دان | " |
| چینی طرائف | ۳۹۷ |
| سندھی طرائف | " |
| قصداری انگور | ۳۹۸ |
| قیقانی گھوڑے | ۳۹۹ |
| سندھی گھوڑے | ۴۰۰ |
| ہندی خضاب | ۴۰۱ |
| عبّاری ٹوپی | ۴۰۲ |
| ہاتھی | " |

| مضامین | صفحہ |
|---|---|
| بھینس | ۴۰۴ |
| عاج اور ساج | ۴۰۵ |
| ہندی طرزِ تعمیر | ۴۰۶ |
| باندیاں | ۴۰۸ |
| **اسلامی علوم و فنون (۸)** | ۴۰۹ |
| علمِ حدیث اور محدثین | ۴۱۰ |
| اَخبرنا اور حدّثنا | ۴۱۲ |
| عربی الاصل محدثین | ۴۱۴ |
| ہندی الاصل محدثین | ۴۲۰ |
| آل بیلمانی | 〃 |
| آل ابی معشر سندی | ۴۲۱ |
| آل مقسم قیقانی | ۴۲۲ |
| امام مکحول شامیؒ | ۴۲۳ |
| امام اوزاعیؒ | ۴۲۴ |
| علمِ سیر و مغازی | ۴۲۴ |
| علمِ تفسیر | ۴۲۵ |
| علمِ فقہ | 〃 |
| لسانی اور ادبی علوم | ۴۲۶ |
| تصوف اور صوفیہ | ۴۲۸ |

| مضامین | صفحہ |
|---|---|
| ہندی علوم و فنون | ۴۳۳ |
| ہندی افکار اور اموی دور کی بدعات | ۴۳۵ |
| خارجی تحریک کے اثرات و نتائج | ۴۳۹ |
| شیعی تحریک کے اثرات و نتائج | ۴۴۵ |
| **اموی دور کے واردین و صادرین** | ۴۴۹ |
| احمد بن خزیمہ مراوی کوفی | ۴۵۰ |
| احوق بن کلیب شیبانی ہندی | ۴۵۱ |
| اشہب بن بشر کلبی | 〃 |
| اویس بن قیس | ۴۵۲ |
| ایوب بن یزید ہلالی، ابن القریۃ | 〃 |
| ابو تراب حنظلی | ۴۵۴ |
| ابو الحکیم شیبانی | 〃 |
| ابو السندی | ۴۵۵ |
| ابو شیبہ جوہری واسطی | 〃 |
| ابو شیخ بن حما ہندی | ۴۵۶ |
| ابو صابر ہمدانی | ۴۵۷ |
| ابو عُیینہ بن مہلب ازدی | 〃 |
| (ب) بدیل بن طہفہ بجلی | ۴۵۸ |


Marfat.com

| مضامین | صفحہ | مضامین | صفحہ |
|---|---|---|---|
| بکیر بن ماہان، ابوہاشم کوفی | ۴۶۰ | حکم بن عوانہ کلبی | ۴۸۳ |
| (ت) | " | حکم بن منذر عبدی | ۴۸۵ |
| تاغر بن دعر | ۴۶۲ | حنظلہ بن اخی نباتہ کلابی | ۴۸۶ |
| تمیم بن زید قینی | ۴۶۳ | حمیم بن سامہ سامی | ۴۸۷ |
| (ج) | | (خ) | |
| جبل محمد بن غزار قضاعی | ۴۶۵ | خالد بن ابوایوب انصاری | ۴۸۸ |
| جریر بن ہمیان سدوسی | " | خریم بن عمرو الناعم مُرّی | " |
| جعویہ بن عقبہ سُلمی | ۴۶۶ | خریم بن عبدالملک تمیمی | ۴۹۰ |
| جرّاح بن عبداللہ حکمی شامی | ۴۶۸ | خزیمہ بن عبدالملک | ۴۹۱ |
| جنید بن عبدالرحمٰن مرّی | ۴۷۰ | خشبہ بن خفیف کلبی | " |
| جنید بن عمرو عدوانی مکی | ۴۷۴ | خُنیس یربوعی بصری | " |
| جہم بن زحر جعفی | " | (د) | |
| (ح) | | داؤد بن نصر عُمانی | ۴۹۳ |
| حاتم بن ابو قبیصہ ازدی | ۴۷۷ | دارس بن ایوب | ۴۹۴ |
| حاجب بن ذبیان مازنی صاحب الفیل شاعر | ۴۷۸ | دَلہمس یربوعی | " |
| حباب بن فضالہ ذہلی یمامی | ۴۷۹ | (ذ) | |
| حبیب بن مرہ مُرّی | ۴۸۰ | ذکوان بن علوان بکری | ۴۹۶ |
| حبیب بن مہلب ازدی | ۴۸۱ | (ر) | |
| حبیش عنبری | ۴۸۲ | راشد بن عمرو عبدی جدیدی | ۴۹۷ |
| حرّی بن حرّی باہلی | ۴۸۳ | رفاعہ بن ثابت فلسطینی | ۴۹۸ |




Marfat.com

| مضامین | صفحہ |
|---|---|
| رعوہ بن عمیر طائیؒ | ۴۹۹ |
| روح بن اسد | ۵۰۰ |
| (ز) | |
| زائد بن عمیر طائیؒ | ״ |
| زیاد بن مہلب ازدی | ۵۰۱ |
| زیاد بن ریاح قلیبی | ۵۰۱ |
| زیاد بن جلید ازدی | ۵۰۲ |
| زید بن حواری عمیؒ | ״ |
| زید بن عمرو کلابی | ۵۰۴ |
| (س) | |
| سعد بن ہشام انصاری | |
| سعید بن اسلم کلابی | ۵۰۵ |
| سفہوی بن لام عمانی | ۵۰۶ |
| سفیان بن ابرد کلبی | ۵۰۹ |
| سلیمان بن تیہانی قُشیری | ۵۱۰ |
| سلیمان بن ہشام اُموی | ۵۱۱ |
| سدی بن شماس السمان بصری | ۵۱۲ |
| سندی بن عصم | ۵۱۲ |
| سوید بن سلیم شیبانی ہندی | ۵۱۲ |

| مضامین | صفحہ |
|---|---|
| (ش) | |
| شجاع حبشی | ۵۱۴ |
| شمر بن عطیہ اسدی | ۵۱۵ |
| شریح بن ہانی حارثیؓ | ۵۱۶ |
| (ص) | |
| صابر بن ابوصابر یشکری | ۵۱۷ |
| صارم بن ابوصارم ہمدانی | ״ |
| صمہ بن عبداللہ قشیری | ״ |
| (ط) | |
| طیار | ۵۲۰ |
| (ع) | |
| عامر بن شراحیل، امام شعبی | ۵۲۱ |
| عامر بن ضبارہ مزنی | ۵۲۳ |
| عباد بن زیاد بن ابوسفیان | ۵۲۴ |
| عبدالجبار بن شجرہ سامی | ״ |
| عبدالحمید بن عبدالرحمن مُرّیؒ | ۵۲۵ |
| عبدالرحمن بن یزید ہلالی | ״ |
| عبدالرحمن سندھی | ۵۲۶ |
| عبدالرحمن بن سندھی | ״ |
| عبدالرحمن بن محمد بن اشعث کندی | ۵۲۷ |

| مضامین | صفحہ | مضامین | صفحہ |
|---|---|---|---|
| عبدالرحمٰن بن عباس ہاشمی | ۵۲۸ | عثمان بن مفضّل ازدی | ۵۴۸ |
| عبدالرحمٰن بن مسلم کلبی | ۵۳۰ | عجل بن عبدالملک دینی | ۵۴۹ |
| عبدالرحمٰن بن عبداللہ اعشیٰ ہمدانی شاعر | ″ | عطار بن مالک عشیؔ | ″ |
| عبدالرحیم بن حمّاد ثقفی دیلی بصری | ۵۳۳ | عطیہ بن اسود حنفی خارجی | ″ |
| عبدالعزیز بن عبداللہ بن عامر | ۵۳۵ | عطیہ بن سعد عوفی کوفی | ۵۵۰ |
| عبدالقیس جازودی | ۵۳۶ | عطیہ بن عبدالرحمٰن | ۵۵۲ |
| عبداللہ بن سوّار بن ہمّام عبدی | ″ | عطیہ ثعلبی | ″ |
| عبداللہ بن عبدالرحیم علافی ساحی | ۵۳۹ | عکرمہ بن ریحان شامی | ″ |
| عبداللہ بن ناشرہ تمیمی | ۵۳۹ | علوان بکری | ″ |
| عبداللہ بن امیّہ عبشمی | ۵۴۰ | علی بن عبداللہ بن عباس ہاشمی | ۵۵۳ |
| عبدالملک بن مسمع بن مالک مسمعی | ۵۴۱ | علی بن محمد سلیطی | ۵۵۵ |
| عبدالملک بن عبداللہ خزاعی | ۵۴۲ | عمارد بن تمیم لخمی | ″ |
| عبدالملک بن قیس دینی | ۵۴۲ | عمرو بن عبیداللہ بن معمر قرشی تیمی | ۵۵۶ |
| عبدالملک بن ہلال ازدی | ۵۴۳ | عَمرو بن خالد کلابی | ۵۵۹ |
| عبدالملک مدنی | ۵۴۳ | | |
| عبیداللہ بن عبداللہ بن معمر قرشی تیمی | ۵۴۳ | عَمرو بن محمد بن قاسم ثقفی | ۵۶۰ |
| عبیداللہ بن علی سلمی | ۵۴۵ | عَمرو بن مختار حنفی | ۵۶۱ |
| عبیداللہ بن نبہان سلمی | ۵۴۶ | عَمرو بن مسلم باہلی | ″ |
| عبیداللہ بن ابی کبشہ سکسکی | ۵۴۷ | عَمرو بن نافع سامی | ۵۶۳ |
| عبیداللہ بن ابی بکرہ | ″ | عَمرو بن یزید ازدی | ″ |
| عبید بن حتاب | ۵۴۸ | عمران بن نعمان کلاعی | ″ |

| مضامین | صفحہ | مضامین | صفحہ |
|---|---|---|---|
| عُمیر مازنی، ابوعفراء | ۵۶۴ | محمد بن زید عبدی | ۵۸۰ |
| عوف بن کلیب دمشقی | ״ | محمد بن غراز قضاعی، جُبیلی | ״ |
| (ف) | | محمد بن عباس بن عبداللہ مکی | ۵۸۱ |
| فراس عتکی | ״ | محمد بن قاسم ثقفی | ״ |
| فُلان سبیؒ | ۵۶۵ | محمد بن مصعب ثقفی | ۵۸۵ |
| (ق) | | محمد بن ہارون نمری | ۵۸۶ |
| قشعم بن ثعلبہ طائیؒ | ۵۶۶ | مجّاعہ بن سحر تیمی | ۵۸۷ |
| قابل بن ہاشم | ۵۶۷ | مجاشع بن ثوبہ ازدی | ۵۸۸ |
| قطن بن مدرک کلابی | ״ | محرز بن ثابت قیسی | ۵۸۹ |
| قیس بن بسر بن سندی نصری | ۵۶۸ | مدرک بن مہلب ازدی | ״ |
| قیس بن ثعلبہ کوفی | ۵۶۸ | مروان بن اشیم یمنی | ۵۹۰ |
| قیس بن عبدالملک دینی | ۵۶۸ | مروان بن مہلب ازدی | ״ |
| (ک) | | مروان بن یزید بن مہلب ازدی | ۵۹۱ |
| کرز بن ابو کرز وبرہ عبدی حارثی کوفی | ۵۶۹ | معاویہ بن حارث علاّنی سامی | ״ |
| کعب بن مخارق راسبی | ۵۷۳ | معاویہ بن قرہ مزنی | ״ |
| کلیب ابووائل | ۵۷۴ | معاویہ بن مہلب ازدی | ۵۹۳ |
| کلیب بن خلف عمانی | ۵۷۶ | معاویہ بن یزید بن مہلب ازدی | ״ |
| کہمس بن حسن قیسی بصری | ״ | معلّی بن راشد نبال ہذلی بصری ابوالیمان | ۵۹۴ |
| (م) | [illegible] | معلّی بن زیاد فردوسی بصری ابوالحسن | ۵۹۵ |
| محمد بن حارث علاّنی سامی | ۵۷۹ | معن بن زائدہ شیبانی | ۵۹۷ |


Marfat.com

| مضامین | صفحہ |
|---|---|
| مفضّل بن مہلب ازدی | ۵۹۹ |
| منتجع بن نبہان سندی | ۶۰۱ |
| مہلب بن ابوعیینہ بن مہلب ازدی | ۶۰۲ |
| منذر بن زبیر ہباری | 〃 |
| منصور بن جمہور کلبی | ۶۰۳ |
| منظور بن جمہور کلبی | ۶۰۵ |
| موسیٰ بن سنان بن سلمہ ہذلی | 〃 |
| موسیٰ بن یعقوب ثقفی | ۶۰۶ |
| موسیٰ سیلانی | ۶۰۷ |
| مہلب بن ابوصفرہ ازدی عتکی | ۶۰۷ |
| (ن) | |
| نباتہ بن حنظلہ کلابی | ۶۱۲ |
| نوبہ بن دارس | ۶۱۳ |
| نوبہ بن ہارون | ۶۱۴ |
| (و) | |
| ودّاع بن حمید ازدی بصری | ۶۱۴ |
| وفا ربن عبدالرحمٰن | ۶۱۶ |
| وکیع بن ابوالاسود تمیمی | 〃 |
| ھ | |
| ہذیل بن سلیمان ازدی | ۶۱۷ |
| ہلال بن احوز مازنی تمیمی | 〃 |

| مضامین | صفحہ |
|---|---|
| (ی) | |
| یاسر بن سوّار عبدی | ۶۲۰ |
| یزید بن ابی کبشہ سکسکی دمشقی | 〃 |
| یزید بن عبداللہ قرشی ہبیری سندی | ۶۲۲ |
| یزید بن عرار | ۶۲۳ |
| یزید بن مجالد ہمدانی | ۶۲۵ |
| یزید بن مفرغ حمیری، شاعر | 〃 |
| یوسف بن ابراہیم تمیمی | ۶۳۰ |
| یوسف بن محمد بن قاسم ثقفی | 〃 |
| **مُبہمات** | ۶۳۱ |
| اسّی مجاہدین | 〃 |
| تین ہزار مجاہدین | ۶۳۲ |
| چار ہزار مجاہدین | 〃 |
| چھ ہزار مجاہدین | ۶۳۳ |
| شامی مشائخ بنی کلب | ۶۳۴ |
| علافیوں کی جماعت | ۶۳۵ |
| آل مہلب بن ابوصفرہ ازدی | ۶۳۵ |
| آل سلیمان بن ہشام اموی | ۶۳۷ |
| آل منصور بن جمہور کلبی | ۶۳۸ |

| مضامین | صفحہ |
|---|---|
| **ہندی اعیان** | ٦٤٠ |
| ابراہیم بن مقسم قیقانی کوفی | ״ |
| اسمٰعیل بن ابراہیم بن مقسم قیقانی بصری | ٦٤١ |
| افلح بن یسار ابوالعطار سندی کوفی، شاعر | ٦٤٢ |
| حارث بیلمانی کوفی | ٦٤٥ |
| ربعی بن ابراہیم قیقانی بصری | ٦٤٦ |
| عبدالرحمٰن بن ابو زید بیلمانی نجرانی | ״ |
| امام عبدالرحمٰن بن عمرو اوزاعی | ٦٤٨ |
| عبید بن باب سندی بصری، | ٦٤٩ |
| عمرو بن عبید بن باب سندی بصری، | ٦٥٠ |
| نیل سندی، مولی زیاد | ٦٥١ |
| محمد بن ابراہیم بیلمانی | ٦٥٢ |
| محمد بن حارث بیلمانی | ٦٥٢ |
| محمد بن عبدالرحمٰن بیلمانی کوفی | ٦٥٣ |
| مقسم قیقانی کوفی | ״ |
| امام مکحول سندھی شامی | ٦٥٤ |
| نجیح بن عبدالرحمٰن، ابو معشر سندی مدنی | ٦٥٦ |
| یحییٰ ابو معشر سندی | ٦٥٨ |
| **ہندیات** | |
| سلالہ یا غزالہ سندیہ | ٦٥٩ |
| حیدان سندیہ | ٦٥٩ |
| امّ یزید بن عمر بن ہبیرہ سندیہ | ٦٦٠ |
| امّ سعید بن ہشام بن عبدالملک سندیہ | ٦٦٠ |


## استدراکات


| مضامین | صفحہ |
|---|---|
| محمد بن قاسم ثقفیؒ | ٦٦١ |
| عمرو بن محمد بن قاسم ثقفیؒ | ٦٦٢ |
| منظور بن جمہور کلبی | ٦٦٣ |
| عبیداللہ بن عبداللہ بن معمر قرشیؒ | ٦٦٥ |
| ابو امیہ عبدالرحمٰن سندھیؒ | ٦٦٦ |
| ذوالرمہ شاعر | ״ |
| منجح بن نبہان طائی | ٦٦٨ |
| عربی شاعری میں ہندی عورت | ״ |
| ملتان کا مال غنیمت | ٦٧٠ |


134950

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

عرب وہند کے تعلقات پر اردو میں سب سے پہلے علامہ سید سلیمان ندوی مرحوم کی کتاب شایع ہوئی تھی اور علمی حلقوں میں اس کو بہت سراہا گیا تھا اس کی اشاعت کے پچاس سال بعد مولانا قاضی اطہر مبارکپوری نے اس میدان میں قدم رکھا اور واقعہ یہ ہے کہ تحقیق کا حق ادا کر دیا، مولانا نے کئی سال کی مسلسل محنت اور تلاش وتحقیق کے بعد متعدد کتابیں تیار کیں جو پچھلے چند برسوں میں "ندوۃ المصنفین" سے شایع کی گئیں، "عرب وہند عہد رسالت میں" اور "ہندوستان میں عربوں کی حکومتیں" کی تالیف کے بعد موصوف نے اس سلسلے کو اور آگے بڑھایا نہ صرف آگے بڑھایا، بلکہ اس کو محققانہ رنگ دے کر عرب وہند تعلقات کے مختلف ادوار کی نشاندہی کی، اس عرق ریز کوشش اور سلیقۂ ترتیب وتہذیب کا قدرتی نتیجہ یہ ہوا کہ خلافت راشدہ سے عباسی دور تک کے ہندوستان اور عرب کے تہذیبی، سماجی اور تاریخی روابط پوری طرح نکھر کر سامنے آگئے اور تاریخ کے چہرے پر جو غبار جم گیا تھا وہ صاف ہو گیا، جنوری ۱۹۷۲ء میں "خلافت راشدہ اور ہندوستان" اشاعت پذیر ہوئی تھی جس میں عرب وہند کے گوناگوں علائق سے متعلق بیش بہا تحقیقات فراہم کی گئی ہیں، ان معلومات کو پڑھ کر اس ملک سے خلافت راشدہ کے بابرکت دور کے تعلقات کا بصیرت افروز نقشہ سامنے آجاتا ہے۔

"خلافت امویہ اور ہندوستان" اب سے بہت پہلے طبع ہو جانی چاہیے تھی اس کی کتابت بھی دو سال قبل مکمل ہو چکی تھی۔ لیکن حالات نے عجیب طرح کا پلٹا کھایا اور طباعت اور دیگر ضروری سامان کی گرانی کے علاوہ کاغذ کی قیمت سہ گنا ہو گئی۔ یہی انتظار رہا کہ صورت حال میں کچھ بھی بہتری آجائے تو کتاب کی اشاعت کا انتظام کیا جائے، لیکن مستقبل قریب میں بہتری کی کوئی توقع نظر نہیں آتی، ــــ اب دو ہی راستے تھے، یا کتاب کی اشاعت ایک طویل مدت کے لیے

Marfat.com

ملتوی کردی جاتی اور ہزاروں روپے کی کتابت کا نقصان برداشت کیا جاتا، یا پھر انہی حالات میں طباعت کا انتظام کیا جاتا، ادارے نے اپنی روایات کے مطابق دوسری راہ اختیار کی اور تھکا دینے والے حالات کے باوجود کام کی تیاری کا پروگرام بنا لیا گیا۔

"خلافتِ اُمویّہ اور ہندوستان" کی ضخامت اور اس میں پھیلے ہوئے مباحث آپ کے سامنے ہیں، چھ سو بہتر (۶۷۲) صفحات کی اس ضخیم جلد میں ۴۰ھ سے لے کر ۱۳۲ھ تک یعنی ۹۲ سال کے حالات و واقعات نہایت شرح و بسط کے ساتھ بیان کیے گئے ہیں، فاضل مؤلف نے ان بیانات اور مباحث کی ترتیب میں اُموی دورِ حکومت اور ہندوستان کے تعلقات کے مختلف گوشوں کو جس دیدہ وری سے ایک لڑی میں پرونے کی کوشش کی ہے اس کا صحیح اندازہ کتاب کے مطالعہ کے بعد ہی ہوسکتا ہے۔

خدا کرے اس تاریخی سلسلے کی آخری کتاب "خلافتِ عباسیہ اور ہندوستان" جلد قارئین کی خدمت میں پیش کی جاسکے۔ "ندوۃ المصنفین" کے مقاصد میں ایک بڑا مقصد ایسا لٹریچر بھی فراہم کرنا ہے جس سے اس ملک میں بسنے والے مختلف طبقوں میں رواداری کا حقیقی جذبہ پیدا ہو، توقع ہے قاضی صاحب کی ان گراں قدر تالیفات کے ذریعے سے اس مقصد کو مضبوط و مستحکم کرنے میں موثر مدد ملے گی۔

عتیق الرحمٰن عثمانی

ندوۃ المصنفین
اردو بازار دہلی

۸ رجمادی الاُخریٰ ۱۳۹۵ھ
مطابق ۱۹ رجون ۱۹۷۵ء

Marfat.com

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰهِ رَبِّ الۡعٰلَمِيۡنَ وَالۡعَاقِبَةُ لِلۡمُتَّقِيۡنَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى خَيۡرِ خَلۡقِهٖ سَيِّدِنَا وَنَبِيِّنَا وَمَوۡلٰنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصۡحَابِهٖ وَاَتۡبَاعِهٖ اَجۡمَعِيۡنَ

مسلمان یا کسی اقبال مند قوم کی مکمل تاریخ معلوم کرنے کے لیے ضروری ہے کہ اس کی قومی و ملّی زندگی کے ہر پہلو کو دیکھا جائے۔ مؤرخوں اور مصنّفوں نے اس کے مختلف گوشوں پر جو کتابیں لکھی ہیں ان سب کی چھان بین کی جائے۔ اس علمی جدوجہد اور تلاش و جستجو کے نتیجے میں جو تصویر سامنے آئے گی وہی اس کی تاریخ ہوگی، اگر صرف فاتحانہ کارناموں اور حاکمانہ شان و شوکت کی معلومات پر اکتفا کر کے دیگر موضوعات و مباحث سے صرفِ نظر کر دیا جائے تو جنگ و جدال اور درباری رسوم و آداب کے مناظر سامنے آئیں گے جو مکمل تاریخ نہیں کہے جا سکتے۔ یہ درست ہے کہ قوموں کی تاریخ میں ان کے فاتحانہ جاہ جلال اور درباری حسن و جمال کے افسانے بڑی دلچسپی سے سنے گئے ہیں اور ان کی تاریخ میں رزم اور بزم کے ابواب و فصول کو قبولِ عام حاصل ہوا ہے، مگر وہ ان کی مکمل تاریخ نہیں مانے گئے، اس کے باوجود یورپ نے مسلمانوں کی تاریخ صرف ان ہی دو ابواب میں تلاش کی اور کہہ دیا کہ ان میں میدانِ جنگ اور شاہی دربار کے علاوہ کوئی چیز نہیں ملتی ہے۔ حالانکہ کسی قوم کی تاریخ کا اس طرح محدود مطالعہ علم و تحقیق کے لیے باعثِ ننگ و عار اور انتہائی بدمذاقی کا مظاہرہ ہے۔

Marfat.com

مسلمانوں پر کیا موقوف ہے یوں تو کسی قوم کی مکمل تاریخ سامنے نہیں آسکتی ہے، اگر مسلمان مورخوں اور مصنفوں نے اپنی کتابوں میں صرف فاتح کی زبان اور حاکم کا قلم استعمال کیا ہوتا اور ان کی تاریخ نویسی کا دائرہ اس قدر تنگ ہوتا تو یقیناً یہ کہا جاسکتا تھا مگر یہاں معاملہ اس کے برعکس ہے، کیونکہ انھوں نے مسلمانوں کے علمی، فنی، فکری، تہذیبی اور معاشرتی موضوعات پر جو کچھ لکھا ہے وہ ان کی فاتحانہ و آمرانہ تحریروں سے کئی گنا زیادہ ہے، غور کرنے کی بات ہے کہ جس قوم کے علماء و مصنفین نے اونٹوں اور گھوڑوں تک کے اوصاف ولغات پر مستقل کتابیں لکھی ہیں اور ان کے ایک ایک حسن اور عیب کو بیان کیا ہے، وہ قوم اپنی ملی وقومی تاریخ کے کسی گوشے میں کیسے محروم ہوسکتی ہے؟

واقعہ یہ ہے کہ مسلمان مصنفوں نے زندگی کے معمولی معمولی گوشوں پر بھی کتابیں لکھی ہیں جن کو دیکھ کر حیرت ہوتی ہے کہ ان کی نگاہِ تحقیق و تلاش کہاں کہاں تک پہونچی ہے، فہرست ابن ندیم اور کشف الظنون کے سرسری مطالعہ سے یہ حقیقت بالکل واضح ہوجاتی ہے مگر افسوس کہ ان کی اس قسم کی بے شمار کتابیں ناپید ہوچکی ہیں۔ کچھ دنیا کے خال خال کتب خانوں میں پائی جاتی ہیں اور جو طباعت کی بدولت آج ملتی ہیں ان کو اہل علم بہت کم ہاتھ لگاتے ہیں، البتہ بعد کے عجمی مؤرخوں پر یہ الزام کسی حد تک صحیح ہے کہ انہوں نے فاتح کی زبان اور حاکم کا قلم استعمال کرکے دیگر موضوعات سے صرفِ نظر کیا۔

"خلافتِ امویہ اور ہندوستان"، اسلامی ہند کی ابتدائی نوے سالہ تاریخ ہے جو ۴۲ھ سے ۱۳۲ھ تک کے احوال و کوائف پر مشتمل ہے۔ اس کتاب میں اس دور کی اسلامی غزوات و فتوحات، ولایات و امارات، ملکی وشہری انتظامات اور مسلمانوں کے تمدنی، ثقافتی، علمی، معاشرتی حالات اور اہل ہند اور مسلمانوں کے درمیان گوناگوں تعلقات پر مفصل بحث کی گئی ہے۔ اس کے لیے عرب مؤرخوں اور مصنفوں کی صدہا کتابوں سے استفادہ کیا گیا ہے، جن میں چار کتابیں فتوحات و امارات کے باب کے عناصر اربعہ ہیں، تاریخ خلیفہ بن خیاط ۲۴۰ھ،

Marfat.com

فتوح البلدان بلاذری ۲۷۹ھ اور تاریخ یعقوبی ۲۹۲ھ اور تاریخ طبری ۳۱۰ھ۔ دراصل عربی کی یہی چاروں کتابیں رزم اور بزم کی داستان کا ماخذ ہیں، فارسی تاریخوں سے بھی بقدر ضرورت یوں مدد لی گئی ہے کہ ان کتابوں میں جن واقعات کا اجمالی ذکر پایا جاتا ہے، یا جن کی طرف اشارہ ملتا ہے، ان کی توضیح کر دی گئی ہے۔ اگر صرف اتنے ہی پر اکتفا کر کے اموی دور کے اسلامی ہند کی تاریخ کا کام مکمل سمجھ لیا جاتا تو یقیناً یہ میدانِ جنگ اور شاہی دربار کی تاریخ ہوتی اور پڑھنے والوں کے سامنے صرف جنگی مناظر اور درباری آداب ہوتے ــــ مگر ایسا نہیں کیا گیا بلکہ صدہا نادر و نایاب کتابوں اور مستند و معتبر ماخذوں سے اس دور کی مکمل تاریخ پیش کرنے کی کوشش کی گئی، تاکہ فتوحات کی تمہیدی تاریخ کے بعد مقصدی تاریخ سامنے آئے۔

اس سلسلہ میں "تفقہٌ فی التاریخ" سے کام لے کر ایک ایک عبارت اور واقعہ سے متعدد نتائج اخذ کیے گئے ہیں۔ ایک ہی بات کو کہیں مفصل، کہیں مختصر، اور کہیں اشارے میں بیان کیا گیا ہے، جس بحث یا موضوع کا دائرۂ معلومات محدود ہوتا ہے اس میں اس طرح کی تکرار ناگزیر ہوتی ہے۔

اموی دور کے رجال کے اسماء و تراجم میں بڑی کاوش اور تحقیق سے کام لیا گیا ہے، بہت سے ناموں میں شدید قسم کی تحریف و تصحیف تھی، اس کی تصحیح کر کے احوال و تراجم کے لیے بڑی عرق ریزی کی گئی ہے اور جن اسماء کے حالات نہ مل سکے۔ ان کے بارے میں اس کی تصریح کر دی گئی ہے۔

موجودہ صورت میں یہ کتاب جیسی بھی ہے اپنے موضوع پر "حرفِ آخر" تو نہیں مگر "حرفِ اخیر" ضرور ہے۔ اس کے باوجود اہلِ نظر اور اربابِ علم کی تنقید سے پہلے مجھے خود اس کتاب کے نقائص و معائب کا اقرار و اعتراف ہے، میں جانتا ہوں کہ بعض مقامات میں نقص اور کمی رہ گئی ہے، عربی کے مشہور مصنف اور انشاء پرداز عماد اصفہانی نے بالکل بجا لکھا ہے کہ جو شخص آج کوئی کتاب لکھتا ہے، خود وہی کل کہتا ہے کہ اگر اس میں یہ

Marfat.com

بدل دیا جاتا تو بہت اچھا ہوتا ۔ اگر یہ زیادہ کر دیا جاتا تو بہت خوب ہوتا ۔ اگر یہ پہلے آجاتا تو بہت بہتر ہوتا ۔ اگر یہ نہ ہوتا تو بہت مناسب ہوتا، اس میں بڑی عبرت ہے اور یہ اس بات کی دلیل ہے کہ انسان میں نقص اور عیب موجود ہے ۔"

قاضی اطہر مبارک پوری

مبارک پور ۔ اعظم گڑھ

یوم عاشورا ر ۱۳۹۲ھ ۲۶ر فروری ۱۹۷۲ء

Marfat.com

(۱)

# خلافتِ اُمویّہ اور ہندوستان

خلافت راشدہ کا دور نبوت و رسالت کا پرتو تھا۔ اس کے بعد اموی دور آیا جو خیر القرون میں شامل تھا۔ اس میں خلافت راشدہ کے فیوض و برکات ہر طرف عام تھے، سندھ سے لے کر افریقہ تک اسلام اور مسلمانوں کی شان و شوکت برپا تھی۔ امویوں نے مغرب میں فرانس کے دروازے تک، مشرق میں دیوارِ چین تک۔ شمال میں قسطنطنیہ کی فصیلوں تک اور جنوب میں افریقہ کے وسطی ریگستانوں تک فتوحات حاصل کیں۔ اس دور میں مجاہدین اسلام کے دم قدم سے ایشیا، یورپ اور افریقہ میں اسلام کی رونق عام ہوئی اور مفتوحہ ممالک کے ہر شہر و قریہ میں صحابہ و تابعین اور تبع تابعین نے علوم اسلامیہ کی ترویج کی۔ ہر طرف کتاب و سنّت کی روح اپنی پوری بشاشت و تازگی اور توانائی کے ساتھ مسلمانوں میں یقین و عمل پیدا کر رہی تھی۔

الغرض اموی دور سراسر اسلامی دور تھا اور اس کے خلفاء، اسلامی احکام اور حدود و قصاص کے نفاذ اور غزوات و جہاد کے اجراء اور عمّال و حکام کے عزل و نصب میں خلافتِ راشدہ کے پیرو تھے۔ یہ درست ہے کہ ان میں بعض امراء و خلفاء، اپنے ذاتی اعمال میں غیر معیاری تھے، مگر جہاں تک اسلامی طرزِ حکومت و خلافت کا تعلق ہے مجموعی اعتبار سے وہ اس کے نمونہ و ترجمان تھے۔ علامہ ابن کثیر نے البدایہ والنہایہ میں اموی دور کا نقشہ ان الفاظ میں کھینچا ہے۔

كانت سوق الجهاد قائمة فى بنى اُمية، بنو امیہ کے دور خلافت میں جہاد کا بازار گرم رہا کرتا تھا

Marfat.com

| | |
|---|---|
| ليس لهم شغل إلا ذلك - قد علت | اس کے علاوہ ان کو کوئی کام ہی نہ تھا۔ |
| كلمة الاسلام في مشارق الارض و | مشرق ومغرب اور بحر و بر میں اسلام کا کلمہ |
| مغاربها، وبرها وبحرها، وقد أذلوا | بلند تھا۔ انھوں نے کفر اور اہل کفر کو ہیں |
| الكفر واهله واملأت قلوب المشركين | رام کر لیا تھا مشرکوں کے دل مسلمانوں کے |
| من المسلمين رعبا، لا يتوجه المسلمون | رعب وداب سے لرزتے تھے جس سمت میں |
| الى قطر من الاقطار الا اخذوه وكان | بھی مسلمان رخ کرتے تو اسے فتح کر لیتے غزوات |
| في عساكرهم وجيوشهم في الغزو | میں ان کے ہر لشکر کے ساتھ کبار تابعین |
| الصالحون والاولياء والعلماء من | کے صلحاء، اولیاء، علماء کی بڑی جماعت |
| كبار التابعين في كل جيش منهم | ہوا کرتی تھی، اللہ تعالیٰ ان بزرگوں کی وجہ |
| شرذمة عظيمة ينصر الله بهم دينه[1] | سے اپنے دین کی نصرت کرتا تھا۔ |

یہ تصریح اموی دورِ خلافت کا آئینہ ہے اور اس دور کے تمام خد وخال موجود ہیں، اس کا وجود خیر القرون میں تھا اس لیے اسے نبوت اور خلافت علی منہاج النبوت کی برکتیں حاصل تھیں، اور اموی خلفاء اسلام کی روح کی بقاء و حفاظت، کتاب و سنت کی ترویج و اشاعت، جہاد و حدود کے قیام اور اسلام و عربیت کی صیانت میں پیش پیش تھے۔ انہوں نے اسلام اور مسلمانوں کو اغیار و اجانب کے غیر اسلامی ماحول سے بچایا، اور ان کے فکری و تمدنی اثرات کے شر سے خود محفوظ رہ کر اپنے دور کو بھی محفوظ رکھا۔ وہ عجم و عجمیت سے بے حد خائف رہتے تھے اور عجمی اثر و نفوذ کے ہر سوراخ کو بند کرتے تھے، اسی لیے نبوت و خلافتِ راشدہ کے بعد اموی دور اسلام کے حق میں بہترین زمانہ مانا گیا ہے، اور مجموعی اعتبار سے یہ دور بعد کے تمام ادوار کے مقابلہ میں خیر القرون کہلانے کا مستحق ہے۔ دینی عصبیت و عزیمت اور عربی ثقافت و نخوت اموی خلفاء کے دل و دماغ میں رچی بسی تھی اور وہ اپنے قصور و محلات کے حجروں سے لے کر غزوات و فتوحات کے میدانوں تک

[1] البدایہ والنہایہ ج ۹ ص ۸۷۔

میں اسی نظریے کے مطابق کام کرتے تھے۔

اُموی دور میں دین کے ظہور و غلبہ اور اسلامی شان و شوکت کا اثر عباسی دور کے ابتدا تک باقی رہا، چنانچہ علامہ ذہبیؒ نے دوسری صدی کے آخیر کا نقشہ ان الفاظ میں کھینچا ہے۔

كان الاسلام واهله فی عز تام وعلم غزیر، اعلام الجهاد منشورة، والسنن مشهورة، والبدع مكبوتة والقوالون بالحق كثیرون، والعباد متوافرون، و الناس فی بهیة من العیش بالامن وكثرة الجیوش المحمدیة من اقصی المغرب وجزیرة الاندلس والی قریب مملكة الخطا وبعض الهند والی الحبشة[1]۔

اس دور میں اسلام اور مسلمان عزت و احترام کی پوری قدروں سے مالا مال تھے۔ ان میں علم کی کثرت و تازگی تھی ہر طرف جہاد کے جھنڈے لہرا رہے تھے، سنتوں کا رواج عام تھا۔ بدعات سرنگوں تھیں۔ حق و صداقت کی آواز بلند کرنے والے کثیر تعداد میں تھے۔ عُبّاد و زُہّاد کی کثرت تھی۔ عوام امن و امان کی زندگی کے مزے لے رہے تھے مغرب اقصیٰ اور اندلس سے لے کر خطا ہندوستان اور حبشہ تک جیوش محمدیہ کا سیل رواں تھا اور غزوات و فتوحات کی سرگرمیاں ہر طرف عام تھیں۔

یوں تو اُمویوں کے دور میں ایشیا، یورپ اور افریقہ کے اکثر و بیشتر ممالک فتح ہو کر دار الاسلام بنے اور ان کے ہر خلیفہ نے اپنے دور کے حالات و ظروف کے مطابق غزوات و فتوحات اور دینی و ملی خدمات میں حصہ لیا۔ مگر واقعہ یہ ہے کہ ان میں خلیفہ ولید بن عبد الملک کا دور (۸۶ھ تا ۹۶ھ) فتوحات اور اشاعتِ اسلام کے اعتبار سے وہی حیثیت رکھتا ہے جو خلافتِ راشدہ میں حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے دور کو حاصل تھی۔ ولید کے زمانہ میں جو فتوحات ہوئیں وہ اپنی وسعت و افادیت میں عہد عثمانی کی فتوحات کے بعد دوسرے درجہ پر تھیں جیسا کہ امام ذہبیؒ نے العبر فی خبر من غبر میں لکھا ہے۔

دُرُزق الولید بن عبد الملک سعادةً ولید بن عبد الملک سعادت عظمیٰ سے نوازا گیا چنانچہ

---

[1] تذکرۃ الحفاظ ج ا ص ۲۲۴۔

| | |
|---|---|
| عَظِیْمَۃً فانشأ جامع دمشق وافتتحت | اس نے جامع دمشق تعمیر کی اور اس کے زمانہ میں |
| فی ایامہ الھند والترک والاندلس[1] | ہندوستان، ترکستان اور اندلس فتح ہوگئے۔ |

پھر آگے چل کر ۹۳ھ کی فتوحات کا ذکر کرتے ہوئے تصریح کی ہے:

| | |
|---|---|
| کانت الفتوح بارض المغرب والاندلس | اس زمانہ میں ارض مغرب، اندلس، روم اور سرزمین ہند میں |
| والروم وبارض الھند ولم یفتح المسلمون | فتوحات ہوئیں ۳۲ھ کے بعد مشرق ومغرب میں |
| منذ خلافۃ عثمان مثل ھذہ الفتوح | جیسی شاندار فتوحات ہوئیں حضرت عثمان رضی اللہ |
| التی جرت بعد التسعین شرقا وغربا | عنہ کے دور خلافت کے بعد سے مسلمانوں نے ویسی |
| فللہ الحمد[2] | فتوحات نہیں کی تھیں۔ والحمد للہ۔ |

ولید کی ہمت وعزیمت اور حجاج بن یوسف کی غیرت وحمیت کے نتیجہ میں ہندوستان میں اس طرح اسلام اور مسلمانوں کا بول بالا ہوا کہ یہاں کی فتوحات اس دور کا کارنامہ شمار کی جانے لگیں، اور کتنے مؤرخوں نے خلیفہ ولید اور امیر حجاج ہی کو فاتح ہند مان کر اسے ان کے مناقب میں شمار کیا ہے اور ان کی تقصیرات اور ظالمانہ وسفاکانہ حرکتوں کے مقابلہ میں ان فاتحانہ وغیرت مندانہ کارناموں کو یاد رکھنے کی تلقین کی ہے۔ اس موقع پر یاقوت حموی کی کتاب معجم البلدان کی ایک روایت سننے اور عبرت حاصل کرنے کے قابل ہے، مشہور وثقہ محدث شیخ عبدالوہاب بن عبدالمجید ثقفی بصری (ولادت ۱۰۸ھ وفات ۱۹۴ھ) رحمۃ اللہ علیہ کے سامنے کچھ لوگوں نے حجاج بن یوسف کا تذکرہ برائی کے ساتھ کیا تو انھوں نے غصہ ہوکر فرمایا:

| | |
|---|---|
| انما تذکرون المساوی اما تعلمون انہ | تم لوگ اس کی برائیوں کا تذکرہ کرتے ہو مگر کیا تم |
| اول من ضرب درھما علیہ "لا الٰہ الا اللہ | کو معلوم نہیں ہے کہ اس کے عہد میں سب سے پہلے |
| محمد رسول اللہ" واول من بنی | سکہ ڈھالا گیا جس پر "لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ" |
| مدینۃ بعد الصحابۃ فی الاسلام | کا نقش تھا اور عہد اسلام میں صحابہ کے بعد |

[1] العبر ج ۱ ص ۱۰۶۔ [2] العبر ج ۱ ص ۱۱۴۔

| | |
|---|---|
| واول من اتخذ المحامل وان امرأة من المسلمين سبيت بالهند فنادت يا حجاجاه فاتصل به ذلك، فجعل يقول: لبيك لبيك وانفق سبعة آلاف الف درهم، حتی افتتح الهند واستنقذ المرأة واحسن اليها[1] | سب سے پہلے شہر آباد کیا اور اس نے سب سے پہلے عورتوں کے محمل ایجاد کیا اور ایک مسلمان عورت ہندوستان میں گرفتار کی گئی اور اس نے حجاج کی دہائی دی، جب اس کو اس کی خبر لگی تو اس نے لبیک کہا اور ستر لاکھ درہم خرچ کر کے ہندوستان کو فتح کیا اور اس عورت کو قید سے رہائی دلا کر اس کے ساتھ نہایت اچھا سلوک کیا۔ |

اسی طرح حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے دورِ خلافت میں زیاد بن ابوسفیان اور ان کے دونوں بیٹے عبید بن زیاد اور عباد بن زیاد نے اپنے اپنے دورِ امارت و حکومت میں ہندوستان میں متعدد غزوات و فتوحات کے ذریعہ اس ملک میں اسلام کی بہترین خدمات انجام دیں۔ حالانکہ عبید اللہ بن زیاد کا کردار واقعہ کربلا کے سلسلہ میں نہایت غیر مناسب رہا ہے، بہرحال ابن زیاد ہو یا حجاج اور دوسرے امراء ہوں، مقامی اور ہنگامی حالات میں ان کا طرز کچھ رہا ہو مگر جہاں تک اشاعتِ اسلام اور فتوحات کا تعلق ہے، عالم اسلام کی طرح ہندوستان میں ان کے بیش بہا کارنامے اور ان کی خالص اسلامی خدمات ہیں اور یہی حال اکثر اموی خلفاء کا رہا ہے۔

جیسا کہ ہماری کتاب "خلافتِ راشدہ اور ہندوستان" میں معلوم ہو چکا ہے خلافت راشدہ میں خراسان و سجستان کے جنوب مشرق میں اسلام کا آخری مرکز مکران تھا نیز اس دور میں اس کے آگے سندھ کا علاقہ قندابیل و قیقان اسلامی فوج کا حربی مرکز بنا، البتہ اموی خلافت شروع ہوتے ہی جنوب کی طرف آگے بڑھنے کی کوشش ہونے لگی اور مسلمان تیزی سے سندھ پھر اس کے آگے سوراشٹر، گجرات، پنجاب وغیرہ میں داخل ہوئے۔ چنانچہ حضرت معاویہ کے زمانے میں مکران کے آگے ارمائیل، قیقان، قندابیل، قصدار اور بوقان وغیرہ فتح

---

[1] معجم البلدان ج ۸ ص ۳۸۲



Marfat.com

ہوئے، یہ سب سندھ کے شمالی مقامات تھے جو مکران کے جنوب میں واقع تھے اور سندھ پر قبضہ کے بعد ۴۴ھ میں ایک طرف بنوں (پشاور) تک اور دوسری طرف لاہور (پنجاب) تک اسلامی اثر و نفوذ کار فرما ہو گیا تھا۔ حتیٰ کہ ۵۳ھ میں اسلامی کارواں سواحلِ سندھ سے گذرتا ہوا جنوب میں علاقہ کچھ، سوراشٹر اور گجرات کی منزلوں میں داخل ہو گیا۔ مگر یہ فتوحات وقتی تھیں اور اس وقت یہ علاقے باقاعدہ اسلامی قلمرو میں شامل ہو کر دار الاسلام نہیں بنے تھے۔ مکران کے آگے ان تمام فتوحات کا سہرا حضرت معاویہؓ اور ان عراقی امراء اور ہندوستانی وُلاۃ و حکام کے سر ہے ان کے دور میں اسلام کسی نہ کسی حد تک گجرات تک پہنچ گیا تھا۔ حضرت معاویہؓ کے بعد عبد الملک بن مروان کے زمانے تک اس ملک میں جدید فتوحات کا پتہ نہیں چلتا بلکہ اس مدت میں ہم مفتوحہ علاقوں کی سرکشی اور بغاوت کے مقابلہ میں غزوات و فتوحات کا سلسلہ قائم رہا جو بجائے خود نہایت اہم کام تھا اور ان نئے علاقوں کو مرکز سے وابستہ رکھنا اس ملک میں اسلام کی بڑی خدمت تھی۔

اسلامی فتوحات کا دوسرا دور ولید بن عبد الملک کے عہدِ خلافت میں ۸۶ھ سے شروع ہوا، جس میں پشاور، پنجاب اور گجرات کے سابقہ مقبوضات نہ صرف واپس کیے گئے بلکہ محمد بن قاسم نے سندھ کو فتح کر کے پنجاب، کشمیر، سوراشٹر، گجرات، مارواڑ اور مدھیہ پردیش کے علاقوں کو اسلام کے زیرِ نگیں کیا۔ یہ پہلا موقع تھا جب کہ اسلام مکران اور سندھ کے علاقوں سے نکل کر ہندوستان کے علاقوں میں داخل ہوا اور ان میں جگہ جگہ باقاعدہ امراء و عمال اور حکومت کے ذمہ دار رکھے گئے، اس کے بعد ہی عمر بن عبد العزیز نے یہاں کے راجوں اور مہاراجوں کو دعوتِ اسلام دی، ان میں بہت سے افراد نے برضا و رغبت اسلام قبول کر لیا اور یہاں کے ہر طبقہ میں اسلام عزت و احترام کی نظر سے دیکھا جانے لگا، یہ دور اپنے اگلے اور پچھلے ادوار کے لیے واسطۃُ العقد ہے اور اس ملک میں امویوں کا زرّیں زمانہ کہلانے کا مستحق ہے۔

اور تیسرا دور ہشام بن عبد الملک کے زمانہ میں ۱۰۵ھ سے شروع ہوتا ہے جو اموی خلفاء میں ولید کے بعد ہندوستان کا سب سے بڑا فاتح ہے۔ اس دور میں اسلامی فتوحات کا رُخ زیادہ تر سوراشٹر

Marfat.com

گجرات اور اس سے آگے مشرق میں ارض چین تک رہا اور جنوب و مشرق میں مسلمان ان مقامات تک پہونچ گئے جہاں محمد بن قاسم کے دور میں بھی نہیں پہونچ سکے تھے۔ جنید بن عبد الرحمن اور حکم بن عوانہ جیسے فاتحوں نے اس ملک میں اسلام اور مسلمانوں کا سکہ جاری کیا۔ باغیوں سے پرانے مقبوضات واپس لیے، نئے نئے علاقے فتح کر کے اسلامی قلمرو کی حدود کو وسعت دی، اور سب سے اہم کام یہ کیا کہ اس شہر میں مستقل اسلامی شہر آباد کئے۔ سندھ کی آخری سرحد پر ہندوستان سے متصل شہر منصورہ آباد کر کے اسے دوسرا دارالامارۃ بنایا۔ مکران کے مرکز کی دوری کی وجہ سے ان علاقوں میں رہ رہ کر جو سرکشی اور بغاوت ہوتی تھی اس پر قابو پانے کے لیے منصورہ میں فوجی اور حربی طاقت رکھی اور اس نئے مرکز سے یہاں کے پورے اسلامی قلمرو میں نظم وضبط اور امن وامان قائم کیا۔

الحاصل اموی دور خلافت میں ہندوستان کی فتوحات کے تین ادوار ہیں پہلا دور حضرت معاویہؓ کے زمانہ ۴۴ھ سے شروع ہو کر ۸۶ھ پر ختم ہوا۔ اس میں مکران اور سندھ میں مستقل اور پنجاب و گجرات کے بعض علاقوں میں وقتی فتوحات ہوئیں۔

دوسرا دور ولید بن عبدالملک کے زمانہ ۸۶ھ سے شروع ہوا اس دور کی فتوحات کی وجہ سے پہلے کی فتوحات کا تحفظ اور بعد کی فتوحات کا امکان ہوا، اور تیسرا دور ہشام بن عبدالملک کے زمانہ ۱۰۵ھ سے شروع ہو کر اموی خلافت کے خاتمہ پر ختم ہوا اس دور میں اسلام دُور دُور تک پہنچا۔ اس کے بعد عباسی دور میں اس سے آگے فتوحات نہیں ہو سکیں بلکہ امویوں کے مفتوحہ علاقوں پر عباسیوں نے قبضہ کر کے ابتدا میں ان کی بغاوتوں اور سرکشیوں کے خلاف غزوات و فتوحات کیں، اور آگے چل کر یہ سرگرمی بھی بند ہو گئی اور ان کے امراء یا نائب خود مختار حکمراں اپنے اپنے علاقوں کے مالک بن گئے۔ عباسیوں نے اس ملک میں کوئی نیا علاقہ فتح نہیں کیا اور نہ اسلامی قلمرو کی حدود میں اضافہ کیا بلکہ امویوں کے مفتوحہ علاقوں پر حکومت کی اور کرائی اسی لیے ہندوستان کی فتح اموی دور کی خاص طور سے ولید بن عبدالملک کی دین سمجھی جاتی ہے، ابن قتیبہ نے لکھا ہے کہ سرزمین ہند کو محمد بن قاسم نے ۹۳ھ میں فتح کیا۔[1]

[1] کتاب المعارف ص ۱۴۸۔

Marfat.com

اور یاقوت حموی نے لکھا ہے کہ ہندوستان ولید بن عبدالملک کی فتوحات میں سے ہے، اور اسی زمانے سے مسلمانوں کے قبضہ میں ہے[1]۔ اسی طرح علامہ ذہبی نے ہندوستان کو ولید کی فتوحات میں شمار کیا ہے[2]۔

سندھ میں اموی امراء کو عموماً دو قسم کے ناگوار حالات سے ہمیشہ مقابلہ کرنا پڑتا تھا جس کی وجہ سے وہ گویا حالت جنگ اور غیر مطمئن ماحول میں رہا کرتے تھے، ایک یہاں کے عوام اور راجوں اور مہاراجوں کی بار بار سابقہ عہد و پیمان سے روگردانی اور شرائط صلح سے انکار و سرکشی عام تھی، جس کا نام فاتح قوموں کی زبان میں غدر، بغاوت اور بدعہدی ہے اور مفتوحوں کے یہاں جسے آزادی کی جدوجہد کہتے ہیں، حکومت و سیاست کی دنیا میں فاتح و مفتوح کے درمیان یہ کشمکش کسی نہ کسی رنگ میں رہتی ہے جو ایک کے لیے جہد البقاء کے اصول پر خوش آئند مانی جاتی ہے اور دوسرے کے نزدیک دفع مضرت کے پیش نظر غداری و سرکشی ہوتی ہے۔

دوسرے وہ ناگوار حالات تھے جو خود اموی خلفاء و امراء کی باہمی کشمکش اور اندرونی خلفشار کے نتیجہ میں رہ رہ کر ہندوستان میں نمایاں ہوا کرتے تھے۔ یہ داخلی فتنے اس لیے بڑے خطرناک ہوتے تھے کہ ان سے اندرونی ضعف کے ساتھ بیرونی علاقوں کے ناپسندیدہ افراد فائدہ اٹھاتے تھے اور یہاں کے شورش پسند عوام اور راجے مہاراجے اطمینان سے عربوں کی کشمکش سے فائدہ اٹھا کر خلافت کے مخالفوں کا ساتھ دیتے تھے۔ ان حالات میں امرائے سندھ کو یہاں سخت مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا تھا بلکہ بسا اوقات معمولی سی غفلت دور رس نتائج پیدا کر دیتی تھی۔

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی شہادت ۳۵ھ کے بعد سے حضرت علی رضی اللہ عنہ کی شہادت ۴۰ھ تک کا زمانہ باہمی قضایا اور مشاجرات میں گذرا اور دیگر بہت سے ممالک کی طرح ہندوستان کی طرف بھی جیسی توجہ چاہیے تھی نہ ہو سکی جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ مقامی باشندوں اور راجوں نے پوری طاقت جمع کر لی اور سندھ و مکران میں جگہ جگہ شورش برپا کر کے خلافت کے مقبوضات پر اپنا

[1] معجم البلدان ج ۸ ص ۲۰۲۔ [2] العبر ج ۱ ص

قبضہ جمالیا، یہاں تک ۳۸ھ یا ۳۹ھ میں حضرت علیؓ کی اجازت سے حارث بن مرہ عبدی رضا کاروں اور فدائیوں کی ایک بھاری جمعیت لے کر مکران آئے، ان کو ابتداء میں یہاں بڑی کامیابی ہوئی۔ مگر تین چار سال کی کامیابی کے بعد ۴۲ھ میں ان کو اور ان کے ساتھ مجاہدین کو بہت زیادہ جانی ومالی نقصان اٹھانا پڑا اور شورش پسندوں نے حارث بن مرہ سمیت ڈیڑھ ہزار مسلمانوں کو قتل کر دیا، خلافت اموی کے قیام کے دوسرے ہی سال ہندوستان میں مسلمانوں کا یہ سب سے بڑا نقصان تھا اس کے بعد راشد بن عمرو جدیدی کا دور امارت آیا مگر وہ بھی کئی علاقوں اور سرکشوں پر فتح پانے کے باوجود دشمنوں کی جمعیت و طاقت کی نذر ہو گئے۔ اور ۴۳ھ میں عبداللہ بن سوار عبدی آئے جنہوں نے یہاں کے انتظام کو بڑی حد تک سنبھالا اور فتوحات حاصل کر کے بعض راجوں سے فدیہ وصول کیا مگر ۴۶ھ میں دشمن کی طاقت سے مقابلہ کرتے کرتے وہ اور ان کے بہت سے ساتھی بھی شہید ہو گئے۔ اور یہاں کے انتظام میں ابتری لوٹ آئی اس طرح ۴۳ھ سے ۴۷ھ تک کی کامیابی ناکامی سے بدل گئی۔ حالانکہ اس درمیان میں یہاں کے حالات پر قابو پانے کے لیے ۴۴ھ میں والیٔ سجستان مہلب بن ابوصفرہ ازدی نے بھی جہاد کر کے فتوحات حاصل کیں مگر مقامی باشندوں اور راجوں مہاراجوں کا دباؤ اس قدر بڑھ گیا تھا کہ مسلمان ان کے مقابلہ میں پورے طور سے کامیاب نہ ہو سکے۔

ہندوستان کی اس صورت حال سے شام اور عراق میں بڑی تشویش پیدا ہو گئی اور حضرت معاویہؓ نے بطور خاص یہاں کے حالات سے دلچسپی لی اور امیر عراق زیاد بن ابوسفیان سے رائے مشورہ کر کے ۴۸ھ میں حضرت سنان بن سلمہ ہذلیؓ کو یہاں کا امیر بنایا جنہوں نے بڑی قابلیت وصلاحیت سے گذشتہ سات آٹھ سال کی شورش ختم کی اور مکران میں مستقل دارالامارۃ تعمیر کر کے اطراف وجوانب کو اس مرکز سے مربوط کیا اور نہایت مستحکم حکومت قائم کر کے ہر طرف امن وامان اور سکون واطمینان کی فضا پیدا کر دی نیز اسی درمیان میں ۵۳ھ میں والیٔ سجستان عباد بن زیاد بن ابوسفیان نے دریائے ہند مند کو عبور کر کے براہ ریگستان

Marfat.com

کچھ اور گجرات تک فتوحات کیں جس سے مسلمانوں کو مزید تقویت حاصل ہوگئی۔ گویا عبداللہ بن سوار اور مہلب بن ابو صفرہ کا دور سنان بن سلمہ اور عباد بن زیاد کے زمانہ میں لوٹ آیا، بلکہ کہنا چاہیے کہ حضرت سنان بن سلمہ کے بعد ہی سے ہندوستان میں اموی خلافت کا سکہ جاری ہوا۔ ورنہ آٹھ نو سال پہلے کا بیشتر حصہ ابتری و ناکامی میں گذرا تھا اور خلافت کے اکثر علاقوں پر مقامی شورش پسند قابض و دخیل رہے مگر ۴۸ھ میں حضرت سنان بن سلمہ کے آنے کے بعد حالات تیزی سے درست ہوگئے۔ حتیٰ کہ ۶۵ھ تک یہاں کوئی شورش اور بغاوت نہیں اٹھی۔ اس مدت میں یہاں کے امراء و عمال نہایت اطمینان سے انتظام میں مصروف رہے اور ساتھ ہی غزوات و فتوحات کرتے رہے، حالانکہ یزید کا دور (۶۰ھ تا ۶۴ھ) بڑا پر فتن تھا جس میں خود عرب میں متعدد ناگوار حالات پیش آئے واقعہ کربلا، واقعہ حرہ اور حضرت عبداللہ بن زبیر سے جنگ ایسے ناگوار واقعات ہیں جن سے اموی دور کی ابتدائی تاریخ بڑی مخدوش نظر آتی ہے مگر یہ عجیب بات ہے کہ سندھ و مکران یا دیگر مشرقی ممالک میں ان کے اثرات ظاہر نہیں ہوئے، نہ امویوں کے مخالفوں نے یہاں کوئی شورش برپا کی، اور نہ مقامی باشندوں ہی نے سر اٹھایا، البتہ بعد میں ان واقعات کے نتیجہ میں ہندوستان میں بڑی ابتری پھیل گئی، مقامی باشندوں اور راجوں مہاراجوں سے فرصت ملی تو خود عربوں کے اندرونی فتنوں نے سر اٹھایا اور ہندوستان کے حالات کئی سال تک خراب رہے بلکہ اس درمیان میں یہاں عملاً اموی حکومت قائم نہ رہ سکی۔

عبدالملک بن مروان کا پورا دور خلافت (۶۶ھ تا ۸۶ھ) پچھلے ناگوار حالات کے نتیجے میں بڑا ہنگامہ خیز گذرا اور ہندوستان میں بھی بڑی ابتری پیدا ہوئی، یہ درست ہے کہ عبدالملک بن مروان اور حجاج بن یوسف کی سیاست نے عرب میں ان حالات پر بڑی حد تک قابو حاصل کر لیا اور آخر میں تمام ہنگامے دب گئے۔ مگر ہندوستان کے حالات ایسے پُر پیچ تھے کہ ان میں آخر تک اطمینان کا سانس نہ لیا جا سکا۔ عرب میں اس زمانے میں مختار ثقفی کی شورش، ابن اشعث کی تحریک۔ حضرت عبداللہ بن زبیر کی خلافت اور خوارج کی سرکشی سے

Marfat.com

اموی خلافت سخت اضطراب میں مبتلا تھی اور اس صورتحال کی وجہ سے ہندوستان میں بھی ناگواری و ناسازگاری کی کیفیت عام ہوگئی تھی جس کا خاتمہ ۹۲ھ کے بعد محمد بن قاسم کی فتوحات وانتظامات سے ہوا۔ صورت یہ ہوئی کہ مروان بن حکم کے زمانے میں اندرونی خلفشار سے فائدہ اٹھاتے ہوئے ۶۵ھ میں عبداللہ بن خازم نے خراسان پر بنو سامہ کے دو بھائیوں معاویہ بن حارث علافی اور محمد بن حارث علافی نے مکران پر قبضہ جمالیا اور دونوں ملک عملاً اموی خلافت سے کٹ گئے۔

اوّل الذکر نے حضرت عبداللہ بن زبیر کی خلافت کے ماتحت اپنی امارت خراسان میں قائم کی، جب کہ ثانی الذکر دونوں بھائیوں نے خودمختاری کے طور پر اپنے قبیلہ کے آدمیوں اور عمان کے باشندوں کی مدد سے مکران میں غلبہ و استیلا رحاصل کرلیا۔ یہ پہلا دن تھا جس میں خود عربوں نے ہندوستان میں اموی خلافت کے مقابلہ میں اپنا جھنڈا نصب کیا اور خلافت کو راجوں مہاراجوں کی طرح ان عربوں سے بھی نبٹنا پڑا۔ اس درمیان میں شام و عراق کے مرکزوں کی بے اطمینانی کا حال یہ تھا کہ خلفاء و امراء کو بارہ تیرہ سال تک سندھ و مکران کی طرف دیکھنے کی فرصت نہ مل سکی اور جب ۷۸ھ میں سعید بن اسلم کلابی علافیوں کی سرکوبی کے لیے یہاں آئے تو علافیوں نے ان کو قتل کرڈالا۔ پھر اسی سال مجّاعہ بن سعر تمیمی آئے تو یہ باغی سامنے سے ہٹ کر راجہ داہر کے بیٹے راجہ چچ کی پناہ میں چلے گئے جس کا مطلب یہ تھا کہ راجہ داہر اور راجہ چچ دونوں باپ بیٹے علافیوں کے ہمنوا اور طرف دار تھے۔

اس درمیان میں خوارج کا فتنہ سندھ اور مکران میں یوں پہونچا کہ ۸۰ھ میں خوارج نے اپنے امیر نافع بن ارزق کی قیادت میں اموی خلافت کے خلاف بڑی منظم شورش برپا کی اور عراق سے لے کر مکران و سندھ تک کا علاقہ ان شورش پسندوں کا اڈہ بن گیا۔ مگر مہلب بن ابوصفرہ کی فوجوں نے جلد ہی ان کا زور توڑ دیا۔

اسی زمانے میں ابن اشعث نے عبدالملک بن مروان اور حجاج بن یوسف کے مظالم کے

Marfat.com

خلاف تحریک چلائی جس میں عبّاد و زہاد اور قرّاء زیادہ تعداد میں شریک تھے۔ جب ۸۲ھ میں اس تحریک کو شکست ہوئی تو ابن اشعث وغیرہ علاقہ بامیان کے راجہ رتبیل کی پناہ میں آگئے مگر آخر میں حجاج کی حکمت عملی سے یہ مخالفین خلافت کے ہاتھ لگ گئے۔ عین اسی ابتری اور بے اطمینانی کے دور میں محمد بن ہارون نمیری مکران کے امیر بن کر آئے، انھوں نے علافیوں کی بچی کھچی طاقت ختم کرکے متعدد فتوحات کیں، جس سے پندرہ سالہ ناگوار دور ختم ہوتا ہوا معلوم ہوا مگر اسی دوران میں ایک عظیم فتنہ برپا ہوگیا۔ یعنی محمد بن ہارون نمیری کے دور میں حدود ۸۶ھ میں سندھ کے علاقہ میں دیبل کے سمندری ڈاکوؤں نے ایک اسلامی جہاز کو لوٹ لیا جو سیلون کے راجہ کی طرف سے خلیفہ کی خدمت میں روانہ کیا گیا تھا اس میں دیگر ہدایا و تحائف کے ساتھ مسلمان خواتین بھی تھیں۔ ڈاکوؤں نے ان عورتوں کو گرفتار کیا، حجاج بن یوسف نے راجہ داہر کو لکھا کہ تمہاری عملداری میں تمہاری رعایا نے یہ حرکت کی ہے لہٰذا تم ان سے انتقام لو۔ مگر راجہ داہر نے حقیقتاً یا سیاستاً اپنی بے بسی ظاہر کردی۔ علافیوں کو پناہ دینے کے بعد راجہ داہر کی طرف سے یہ دوسری غیر ذمہ دارانہ بات ہوئی۔ حجاج نے خلیفہ عبدالملک سے سندھ پر چڑھائی کی اجازت چاہی، مگر خلافت کے اندرونی خلفشار کی وجہ سے خلیفہ نے اس کی اجازت نہیں دی حتیٰ کہ ۸۶ھ میں اس کا انتقال ہوگیا اور ولید بن عبدالملک خلیفہ ہوا۔ اس درمیان میں حجاج نے عراق اور مشرقی ممالک کے ذمہ دار ہونے کی حیثیت سے عبیداللہ بن نبہان سلمیؒ اور بدیل بن طہفہ بجلیؒ کو فوج دے کر ان ڈاکوؤں کے مقابلہ کے لیے روانہ کیا۔ مگر راجہ داہر کے سامنے آجانے کی وجہ سے ڈاکوؤں کی طاقت اور بڑھ گئی اور یہ دونوں حضرات میدان جنگ میں کام آگئے۔ بلکہ یعقوبی کی روایت کے مطابق یہاں کے امیر محمد بن ہارون نمیری نے بھی دیبل پر بحری بیڑا لے کر فوج کشی کی مگر وہ بھی ناکام رہے اور اسلامی فوج کا کافی نقصان ہوا جب دیبل کی یہ تین مہمات ناکام ہوئیں تو حجاج بن یوسف نے اپنے ترکش کے آخری تیر محمد بن قاسم ثقفی کو استعمال کیا اور ہندوستان فتح ہوگیا۔

۹۲ھ سے ۹۶ھ تک محمد بن قاسم ثقفی کی فتوحات نے مکران، سندھ، پنجاب، کشمیر، کچھ، کاٹھیاواڑ، گجرات، مارواڑ، مالوہ اور اُجّین تک اموی قلمرو کا دائرہ وسیع کر دیا۔ مورخین اسلام نے ولید بن عبدالملک کے دورِ خلافت کے محاسن میں ہندوستان کی فتوحات کو خصوصیت کے ساتھ شمار کیا ہے، واقعہ یہ ہے کہ یہی فتوحات ہندوستان میں اموی خلافت کا حاصل ہیں، اس سے پہلے نہ اتنی وسیع و عریض فتوحات ہوئی تھیں اور نہ اتنا مکمل اور مضبوط نظام حکومت جاری ہوا تھا، مگر افسوس کہ خود عربوں کی پُر فتن سیاست اور اندرونی اختلافات نے اس شان دار کامیابی کے دوران ہی میں ناگوار حالات پیدا کر دیئے۔ محمد بن قاسم نے اپنی ذاتی صلاحیت، حُسنِ کارکردگی، ہر دل عزیزی اور دور اندیشی سے یہاں نہایت پائیدار انتظام کر دیا تھا۔ شاید یہی وجہ ہے کہ مرکز کی غلط سیاست اور غیر مآل اندیش چپقلش کے باوجود یہاں اموی حکومت باقی رہی، ورنہ مرکز میں جو حالات چل رہے تھے ان میں یہاں اقتدار کا باقی رہنا سخت مشکل تھا، ۹۶ھ میں عین فتوحات و انتظامات کے زمانہ میں محمد بن قاسم کی گرفتاری اور واسط کے جیل خانہ میں موت پھر ۱۰۲ھ میں قندابیل میں برادر کشی کا ہیبت ناک منظر اور آل مہلب کا قتل عام ہندوستان میں اموی حکمرانوں کی ناکامی کے لیے کافی تھا، مگر اس درمیان میں حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ (۹۸ھ تا ۱۰۱ھ) کی خلافت کی برکات نے بڑا کام کیا۔ آپ نے یہاں طاقت کے بجائے دین و دیانت اور اخلاق و روحانیت سے کام لیا اور ہندوستان کے راجوں مہاراجوں کے دلوں کو یوں موہ لیا کہ ان کی دعوت پر یہ راجے مسلمان ہو گئے، افسوس کہ آپ کی مدتِ خلافت بہت کم رہی، ورنہ اموی خلافت کو آپ کی ذات سے بڑی تقویت و وسعت حاصل ہوتی۔

الغرض ۹۶ھ سے ۱۰۵ھ تک کا زمانہ ہندوستان میں بڑا ہنگامہ خیز تھا محمد بن قاسم کے بعد جو امراء آئے ان میں ضرورت کے مطابق انتظامی و حربی صلاحیت نہیں تھی اور نہ ہی ان کو محمد بن قاسم کے کام کو آگے بڑھانے کا موقع ملا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ ان کے دور کے اکثر مفتوحہ

Marfat.com

علاقوں پر مقامی باشندوں اور راجوں مہاراجوں نے یوں دوبارہ قبضہ کر کے شورش برپا کی کہ ان علاقوں کے مسلمان بے پناہی کے عالم میں سندھ کے مرکزی مقامات میں چلے گئے، یا پھر یہاں سے ہجرت کر کے عرب اور عراق واپس ہو گئے۔

ان ہی حالات میں ہشام بن عبدالملک کا دورِ خلافت (۱۰۵ھ تا ۱۲۵ھ) آیا، اس نے ہندوستان کے ناگفتہ حالات پر خصوصی توجہ کی۔ جنید بن عبدالرحمٰن مُرّی جیسے دور اندیش، بہادر، منتظم شخص کو امیر مقرر کیا، انھوں نے بری فوجوں اور بحری بیڑوں کی مدد سے یہاں کے تمام سرکش علاقوں کو زیر کر لیا اور سندھ سے سوراشٹر، گجرات، مارواڑ اور اجین و مالوہ کے آگے ارضِ چین تک کے علاقے فتح کیے، نیز یہاں کا مالیاتی نظام نہایت مستحکم کیا اور ایسا معلوم ہونے لگا کہ محمد بن قاسم کا دورِ امارت واپس آگیا ہے، مگر اسی درمیان میں یہاں کی امارت میں تبدیلی ہوئی اور جنید کی جگہ تمیم بن زید قینی امیر ہوئے۔ ان میں یہاں کے حالات کے مقابلہ کے لیے جیسی دور اندیشی اور طاقت چاہیے تھی نہیں تھی۔ نتیجہ یہ ہوا کہ پھر ناگوار حالات سامنے آگئے اور مقامی باشندوں اور راجوں مہاراجوں نے تمیم کی شرافت اور کمزوری سے فائدہ اُٹھا کر غلبہ حاصل کر لیا۔ دور دراز علاقوں میں مسلمانوں کا رہنا دوبھر ہو گیا اور ان کے لیے کوئی محفوظ مقام نہیں رہا۔

ان حالات میں خلیفہ ہشام نے سوچا کہ ہندوستان میں سیدھے سادے اور شریف و کریم آدمی کی امارت کامیاب نہیں ہو سکتی بلکہ یہاں اولوالعزم فاتح اور مستعد و منتظم آدمی کی ضرورت ہے، چنانچہ اس نے حکم بن عوانہ کلبی جیسے جری اور فاتح کو یہاں کا امیر مقرر کیا، جنھوں نے محمد بن قاسم اور جنید بن عبدالرحمٰن کے بعد عظیم الشان فتوحات حاصل کیں۔ مسلمانوں کے لیے نئے شہر آباد کیے اور اپنی فوج میں قابل امراء رکھ کر خود بھی جہاد کیا اور ان کو بھی جہاد پر آمادہ کیا۔ حکم بن عوانہ کے بعد عمرو بن محمد بن قاسم ثقفی نے بھی نہایت شاندار حکومت کی اور اپنی انتظامی صلاحیت اور مجاہدانہ کارناموں سے اموی دور کو چار چاند لگائے، اس طرح ۱۰۵ھ

Marfat.com

سے ۱۲۶ھ تک ہندوستان میں اموی دور نہایت شانداری اور حسن وخوبی کے ساتھ گذرا اس کے بعد یزید بن عرار اور محمد بن غزال کلبی کی امارت بھی کامیاب رہی۔ مگر آخر میں جب ہر ملک میں اموی خلافت کا چراغ مدھم پڑ رہا تھا، ہندوستان میں بھی بے رونقی پیدا ہوگئی اور ۱۳۰ھ سے ۱۳۲ھ کے بعد تک منصور بن جمہور کلبی نے مرکز کی کمزوری اور پریشانی کی وجہ سے یہاں پر غلبہ واقتدار حاصل کر لیا، یعنی اموی دور کے ختم ہوتے ہوتے پھر اس ملک میں معاویہ بن حارث علافی اور اس کے بھائی محمد بن حارث علافی کے زمانہ کی یادیں تازہ ہوگئی کہ منصور بن جمہور کلبی اور اس کے بھائی منظور بن جمہور کلبی نے یہاں شورش برپا کر کے اپنی حکومت قائم کر لی جو عباسی دور خلافت کی ابتدا میں ایک سخت معرکہ کے بعد ختم ہوسکی۔

اموی خلافت میں ہندوستان میں تین خلفاء اور ان کے امراء کے ادوار میں بڑی شاندار فتوحات ہوئی ہیں۔

(۱) حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے دور ۴۲ھ تا ۶۰ھ میں اس ملک میں سات آٹھ فتوحات امرائے سندھ راشد بن عمرو عبدی جدیدی، عبداللہ بن سوار عبدی، مہلب بن ابوصفرہ ازدی، سنان بن سلمہ ہذلی، عباد بن زیاد بن ابوسفیان، اور حری بن حری باہلی اور ان کی فوجوں کے ہاتھوں ہوئی ہیں۔ اس دور میں امرائے عراق حضرت عبداللہ بن عامر رضی اللہ عنہ، زیاد بن ابوسفیان، عبیداللہ بن زیاد بن ابوسفیان، اور عباد بن زیاد بن ابوسفیان تھے اور ان ہی کی ماتحتی و ذمہ داری میں یہ فتوحات ہوئی ہیں۔

(۲) ولید بن عبدالملک کے زمانے ۸۶ھ تا ۹۶ھ میں محمد بن قاسم اور ان کے امراء وافواج نے عظیم الشان فتوحات حاصل کی ہیں اور سندھ ملتان سے لے کر گجرات اور وسطی ہند تک کا پورا علاقہ حیز اسلام میں داخل کیا، حتی کہ بعض مؤرخوں نے لکھدیا کہ ہندوستان کی فتح ولید کے زمانے میں ہوئی ہے۔ اس زمانے میں امیر عراق حجاج بن یوسف ثقفی تھا، اور ان فتوحات کا سہرا اسی کے سر ہے۔

Marfat.com

(۳) ہشام بن عبدالملک کے وقت ۱۰۵ھ تا ۱۲۵ھ میں جنید بن عبدالرحمٰن مُرّی اور حکم بن عوانہ کلبی اور ان کے امراء نے ہندوستان میں بڑی شاندار فتوحات حاصل کیں اور مسلمانوں کا عمل دخل ان حدود تک ہوگیا جہاں اب تک ان کے قدم نہیں پہونچ سکے تھے، اس دور میں امیر عراق خالد بن عبداللہ قسری تھے اور ان کی ماتحتی و نگرانی میں یہ خدمات انجام پائی تھیں۔

(۲)

# غزوات وفتوحات اور اہم واقعات

جیسا کہ "خلافتِ راشدہ اور ہندوستان" میں ہم بتا چکے ہیں ہندوستان کی ابتدائی فتوحات کا تعلق سجستان اور اس کے نواحی علاقوں سے رہا ہے "اموی دور میں اس میں مزید تنوع پیدا ہوا اور ہندوستان کے متعدد معاملات کا تعلق ان علاقوں سے رہا اس لئے ہندوستان کی فتوحات وواقعات سے پہلے سجستان وغیرہ کی فتوحات کا مختصر تذکرہ کیا جا رہا ہے اس سے ہندوستان کے معاملات کے سمجھنے میں مدد ملے گی،

خراسان، ہندوستان، مکران اور سندھ کے درمیان سجستان بہت بڑا ملک تھا جس کا دارالسلطنت زرنگ تھا، صاحب تقویم البلدان نے لکھا ہے کہ سجستان کے مغرب میں خراسان جنوب میں سجستان اور کرمان کا درمیانی صحرا مشرق میں سجستان اور مکران کا وہ صحرائے عظیم جو مکران وسندھ کو جدا کرتا ہے، نیز ملتان کا علاقہ، اور شمال میں ہندوستان واقع ہے[1]۔

دارالسلطنت زرنگ بہت بڑا شہر تھا۔ اصطخری نے لکھا ہے کہ اس شہر کی شہر پناہ کے پانچ دروازے تھے۔(۱) باب جدید (۲) باب قدیم ان دونوں سے فارس کو راستہ جاتا تھا (۳) باب کرکویہ سے خراسان کا راستہ تھا (۴) باب نیشکلت بست کا راستہ تھا اور (۵) باب الطعام سے آس پاس کے علاقوں کا راستہ تھا، یہ دروازہ سب سے زیادہ آباد اور بارونق تھا[2] رخج کا علاقہ داور اور بالیس کے درمیان واقع تھا، "بلادِ داور" مستقل علاقہ کا نام تھا جس کا مرکزی شہر تل تھا، یہ علاقہ ہندوستان

---

[1] تقویم البلدان ص طبع پیرس۔ [2] مسالک الممالک ص

اور سجستان کے درمیان واقع تھا، بست زرنگ کے بعد سب سے بڑا شہر تھا، یہاں سے سندھ اور ہندوستان میں تجارت ہوتی تھی، زابل یا زابل اور زابلستان ایک وسیع و عریض علاقہ کا نام تھا، جو بلخ اور طخارستان کے جنوب میں واقع تھا، غزنین یا غزنہ اسی کا دارالسلطنت تھا، آج کل یہ علاقہ افغانستان میں واقع ہے، بست سے قریب قرنین چھوٹا سا شہر تھا، البتہ اس کے متعلقات و ملحقات میں آبادیاں اور علاقے زیادہ تھے، بلخ، ہرات اور غزنہ کے درمیان ایک وسیع و عریض علاقہ بامیان تھا، جس کا دارالسلطنت بامیان ہی کے نام سے مشہور تھا اور معمولی سا شہر تھا[1]، بامیان، زابلستان، بست اور رُخج وغیرہ ہندوستان کی سمت سجستان کے جنوب مشرق میں واقع تھے، اور ان پر قدیم زمانہ سے مہاراجگان رتبیل حکمراں تھے اس کے شمال مغرب میں کابل شاہ کی حکومت تھی، عام مورخوں اور جغرافیہ نویسوں نے رتبیل کی سلطنت کو قدیم ہندوستان میں شمار کیا ہے، ان چند بڑے شہروں اور علاقوں کے علاوہ اقلیم سجستان میں اور بہت سے علاقے اور شہر تھے جن کا تذکرہ جغرافیہ اور فتوحات کی کتابوں میں ملتا ہے، کابل اور پاکستان کے درمیان صوبہ سرحد وغیرہ سجستان میں شامل تھا۔

## سجستان کی فتوحات

اموی خلافت کی ابتداء میں سجستان کے تقریباً تمام علاقوں میں سرکشی اور بغاوت پھیلی ہوئی تھی اور یہاں کے عوام اور حکمراں سابقہ عہد و پیمان سے پھر چکے تھے اس لئے یہاں پر پھر ان ہی تمام حضرات کی خدمات حاصل کی گئیں، جنہوں نے خلافت راشدہ میں یہاں کے سرد و گرم کو دیکھا تھا اور مقامی لوگوں کے حالات اور مزاج سے واقف تھے چنانچہ اموی دور کی ابتداء میں حضرت عبداللہ بن عامر بن کریزؓ، حضرت عبدالرحمٰن بن سمرہؓ

[1] معجم البلدان ج ۲ ص ۴۹

حضرت ربیع بن زیاد (حارثیؓ) سجستان کی شورش فرو کرنے کے لئے بھیجے گئے، انھوں نے یہاں آکر دوبارہ فتوحات حاصل کیں اور بگڑے ہوئے حالات سدھارے۔

حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے اپنے دورِ خلافت میں عبداللہ بن عامر بن کریز کو بصرہ کا امیر بنایا تو انھوں نے عبدالرحمٰن بن سمرہ کو سجستان کی امارت دی، ساتھ ہی ان کے ساتھ اعیان و اشراف اور اربابِ عزم و حوصلہ کی ایک جماعت روانہ کی جس میں عمر بن عبیداللہ بن معمر تیمی، عبداللہ بن خازم سلمیؓ، قطری بن فجارتا، مہلب بن ابی صفرہ، امام حسن بصری وغیرہ شریک تھے، اور مشہور بہادر عباد بن حصین حبطیؒ فوج کے امیر بنائے گئے، حضرت ابن سمرہ نے زرنگ سے کابل تک کے تمام شورش پسند اور سرکش علاقوں کو جنگ یا صلح و معاہدے کے ذریعہ دوبارہ فتح کر کے کئی ماہ تک کابل کا محاصرہ کیا، مقامی حاکم اور باشندوں نے قلعہ بند ہو کر جنگ کی، مسلمانوں نے مجبوراً منجنیق سے شہرپناہ کا ایک حصہ توڑا، اور حضرت عباد بن حصین اور حضرت عبداللہ بن خازم رات بھر تیر اندازی کرتے رہے، تاکہ اہل کابل اس شگاف کو بند نہ کر سکیں، صبح کو کفار نے شدید جنگ کی، ابن خازم نے ان کے ایک ہاتھی کو مارا جو شہرپناہ کے دروازہ پر گرا، اور وہ شہرپناہ کا دروازہ بند نہ کر سکے، اسی دروازہ سے مسلمان شہر میں داخل ہو گئے۔ ایک روایت کے مطابق مہلب بن ابوصفرہ نے ہاتھی کو مار گرایا تھا، اس موقع پر امیر لشکر عباد بن حصین کی بہادری کو دیکھ کر امام حسن بصریؒ نے فرمایا کہ میں نہیں سمجھتا تھا کہ ایک آدمی ایک ہزار آدمیوں کے برابر ہو سکتا ہے، مگر عباد بن حصین کو دیکھ کر سمجھ گیا۔

کابل فتح ہو جانے کے بعد حضرت عبدالرحمٰن بن سمرہ وادی نسل کو طے کرتے ہوئے علاقہ خواش میں پہونچے اور بست کے قریب توزان نامی شہر کو فتح کیا، پھر زران آئے، یہاں کے باشندے بھاگ کھڑے ہوئے اور بغیر جنگ کے فتح ہو گیا، آگے مقام خشک کی طرف بڑھے اور مقامی باشندوں نے صلح کر لی، اس کے بعد مہاراجہ کان تبلی

کے علاقہ رخج میں پہونچے اور جنگ و جدال کے بعد اسے فتح کر کے ذابلستان کا قصد کیا، یہاں کے لوگوں نے بھی بد عہدی و بغاوت اختیار کر لی تھی جنگ کے بعد فتح ہوئی اور قیدی ہاتھ آئے۔ اس درمیان میں کابل والوں نے پھر سرکشی و بغاوت کر دی جس کے فرو کرنے کے لئے حضرت ابن سمرۃ کو پھر کابل جانا پڑا اور تادیب کے بعد وہاں کے حالات معمول پر آگئے، اب تک ابن سمرہ امیر عراق عبد اللہ بن عامر کی طرف سے سجستان کی امارت پر مامور تھے اس کے بعد حضرت معاویہؓ نے اپنی طرف سے ان کو یہاں کی امارت دے دی اور زیاد بن ابی سفیان کے امیر بصرہ ہونے تک ابن سمرہ اسی عہدہ پر رہے، بلکہ زیاد نے بھی چند ماہ تک ان کو اسی عہدہ پر باقی رکھا، اس درمیان میں سندھ و مکران کی حدود میں ابن سمرہ کے امراء لشکر نے فتوحات حاصل کیں، چنانچہ عمر بن عبید اللہ بن معمر تیمی نے سندھ کے مرکزی شہر ارسائیل کو فتح کیا، اور مہلب بن ابی صفرہ نے قند ابیل، بنوں اور لاہور کی فتوحات حاصل کیں۔

## راجہ رتبیل کی سرکشی اور عربوں میں قبائلی عصبیت

زیاد بن ابی سفیان نے اپنی امارت میں چند ماہ تک ابن سمرہ کو سجستان کی امارت پر باقی رکھا پھر ان کی جگہ حضرت ربیع بن زیاد حارثی کو امیر بنایا جو خلافت راشدہ میں ان علاقوں میں فتوحات حاصل کر چکے تھے، اس مدت میں کابل اور رخج وغیرہ میں پھر بغاوت پھیل گئی، کابل شاہ نے مسلمانوں کے مقابلہ میں زبردست فوج جمع کر لی اور کابل میں جس قدر مسلمان آباد ہو گئے تھے ان کو نکال باہر کر دیا دوسری طرف راجہ رتبیل نے ذابلستان، رخج اور بُست کے تمام علاقوں کو دبا لیا، حضرت ربیع نے سب سے پہلے راجہ رتبیل سے بُست میں جنگ کر کے شکست دی، وہ بھاگ کر رخج آیا تو اس کا تعاقب کر کے یہاں بھی جنگ کی اور فتح کے بعد بلاد داوَر کا رخ کیا، اس

Marfat.com

درمیان میں زیاد بن ابوسفیان نے سجستان کی امارت میں ردوبدل کرکے ربیع کی جگہ عبداللہ بن ابی بکرہ کو یہاں کا امیر مقرر کیا، جنہوں نے سلسلۂ جہاد جاری رکھا، راجہ رتبیل نے ان کے پاس اپنا ایلچی بھیج کر اپنے علاقوں اور کابل کے علاقوں کے بارے میں صلح و مصالحت کی بات کی اور دس لاکھ درہم پر معاملہ طے ہوگیا، حضرت عبیداللہ بن ابوبکرہ نے زیاد بن ابوسفیان کی خدمت میں حاضر ہوکر اطلاع دی، انھوں نے بھی اس صلح کو منظور کرلیا پھر عبیداللہ وہاں سے واپس آکر سجستان میں متعلقہ خدمات انجام دیتے رہے یہاں تک کہ زیاد کی وفات ہوگئی اور حضرت معاویہؓ نے اپنی طرف سے عباد بن زیاد بن ابوسفیان کو سجستان کی امارت دی، عباد بن زیاد نے اپنی امارت کے زمانہ میں ہندوستان کے علاقہ قندھار اور کچھ میں فتوحات حاصل کیں، حضرت معاویہؓ کی وفات کے بعد یزید نے مسلم بن زیاد کو خراسان اور سجستان کی امارت دی، اس نے اپنے بھائی یزید بن زیاد کو "سجستان" کا حاکم بنا کر روانہ کیا، یزید کی موت کے بعد یا اس سے کچھ پہلے پھر کابل والوں نے بغاوت و بدعہدی اختیار کرکے مسلم اور یزید کے بھائی ابوعبیدہ بن زیاد کو قید کرلیا، یہ خبر سنتے ہی یزید بن زیاد نے اہل کابل پر فوج کشی کی، اس جنگ میں یزید بن زیاد اور بہت سے سپاہی شہید ہوگئے اور اسلامی فوج کو شکست کا سامنا کرنا پڑا نیز اس جنگ میں زید بن عبداللہ بن ابی ملیکہ بن عبداللہ بن جدعان قرشی اور حضرت ابوالصہباء صلۃ بن اشیم عدویؒ جیسے بزرگانِ دین شہید ہوئے، اس حادثۂ فاجعہ کے بعد امیر خراسان اسلم بن زیاد نے طلحہ بن عبداللہ بن خلف خزاعی کو کابل روانہ کیا جنہوں نے پانچ لاکھ درہم فدیہ ادا کرکے ابوعبیدہ بن زیاد کو چھڑایا، اس کے بعد طلحہ مسلم بن زیاد کی طرف سے سجستان کے مستقل امیر بنائے گئے اور وہ نہایت کامیاب حکومت کرکے سجستان ہی میں فوت ہوئے۔ انھوں نے مرتے وقت بنی یشکر کے ایک آدمی کو اپنا جانشین بنا دیا تھا جسے سجستان میں آباد مضر قبیلہ والوں نے بے دخل کرکے نکال دیا، اور یہاں کے عربوں میں عصبیت کی وبا پھوٹ پڑی اور ہر علاقہ کے عربوں نے اپنا قبضہ



Marfat.com

جمالیا اور ہر جگہ خود ساختہ حکومت بن گئی' اس کے نتیجہ میں پھر راجہ رتبیل نے ملک گیری کی ہوس میں سر اٹھایا' ادھر سجستان کے عربوں میں خود سری کی ہوا چل رہی تھی' اور راجہ رتبیل اس سے فائدہ اٹھانا چاہتا تھا' ادھر مرکز میں حضرت عبداللہ بن زبیر اور اموی خلافت میں مقابلہ ہو رہا تھا ان حالات میں حارث بن عبداللہ بن ابو ربیعہ مخزومی کی طرف سے عبدالعزیز بن عبداللہ بن عامر سجستان کے والی بن کر آئے' مقامی عربوں نے زرنگ میں ان کا استقبال کر کے راجہ رتبیل سے جنگ کی جس میں وہ ابو عفرا بن عمیر مازنی کے ہاتھوں مارا گیا اور مشرکوں کی شکست ہوئی

اس درمیان میں سجستان کے عربوں نے ایک اور گل کھلایا' عبداللہ بن ناشرہ تمیمی نے عبدالعزیز بن عبداللہ بن عامر کو پیغام بھیجا کہ تم وہاں کے بیت المال کا تمام مال لے کر واپس چلے آؤ۔ عبدالعزیز نے حکم کی تعمیل کی اور عبداللہ بن ناشرہ آکر زرنگ پر قابض و دخیل ہو گیا' یہ حال دیکھ کر وکیع بن ابو اسود تمیمی فوراً عبدالعزیز کو راستہ سے واپس لایا اور صبح کو جب شہر کا دروازہ کھولا گیا تو عبدالعزیز کو شہر میں داخل کر کے عبداللہ بن ناشرہ کو نکال باہر کر دیا' ابن ناشرہ نے مقابلہ کی تیاری کی۔ عبدالعزیز نے اس سے جنگ کی جس میں ابن ناشرہ مارا گیا۔

## ابتلاء و آزمائش کا دور

خلیفہ عبدالملک بن مروان نے امیہ بن عبداللہ بن خالد بن اسید بن ابو العیص کو خراسان کی امارت دی اور انھوں نے اپنے بیٹے عبداللہ بن امیہ کو سجستان کا امیر بنایا' اس وقت عبداللہ کرمان میں تھے' انھوں نے سجستان آکر راجہ رتبیل سے جنگ کی جو مقتول رتبیل کے بعد حاکم تھا' وہ مسلمانوں سے پہلے ہی سے خائف تھا اس لئے جب عبداللہ بن امیہ نے بُست پر فوج کشی کی تو اس نے بڑھ کر دس لاکھ درہم پر صلح کر لی اور بہت سے ہدایا اور تحائف بھیجے' مگر عبداللہ نے قبول کرنے سے انکار کرتے ہوئے کہا کہ وہ اس کمرے بھر سونا دے ورنہ میرے اس کے درمیان صلح نہیں ہے' اس کے جواب میں راجہ رتبیل نے نہایت خطرناک چال چلی۔ اس

Marfat.com

نے سامنے سے ہٹ کر راستہ صاف کر دیا اور جب عبد اللہ اپنی فوج لے کر اندرونِ ملک داخل ہو گئے تو اس کو گھیر کر حملہ کر دیا، عبد اللہ نے کہا کہ ہم تم سے کچھ نہیں چاہتے، تم صرف ہمیں راستہ دے دو مگر رتبیل نے انکار کرتے ہوئے کہا کہ آپ ہم سے تین لاکھ درہم لے کر صلح کریں اور یہ تحریر دے دیں کہ جب تک یہاں کے امیر رہیں گے نہ ہم سے جنگ کریں گے اور نہ کسی قسم کی تخریبی کارروائی عمل میں لائیں گے، عبد اللہ نے مجبوراً یہ کام کیا، جب خلیفہ عبد الملک بن مروان کو اس واقعہ کی اطلاع ہوئی تو انھوں نے عبد اللہ کو معزول کر دیا، اسی درمیان میں حجاج بن یوسف عراق کا گورنر ہوا اور اس نے عبید اللہ بن ابوبکرہ کو دوبارہ سجستان کی حکومت دی، اس وقت یہاں کے حالات حد درجہ ابتر ہو چکے تھے، عبید اللہ بن ابوبکرہ رخج آئے جو ان دنوں قحط اور خشک سالی میں مبتلا تھا، پھر یہاں سے نکل کر کابل کے قریب ایک گھاٹی میں فروکش ہوئے، جہاں دشمنوں نے چاروں طرف سے اسلامی فوج کو گھیر لیا اور راجہ رتبیل بھی آ پہونچا، اس نازک وقت میں عبید اللہ نے اس شرط پر صلح کر لی کہ راجہ ان کو پانچ لاکھ درہم دے، اور وہ اپنے تین لڑکوں نہار، حجاج اور ابوبکرہ کو بطور رہن کے راجہ کے پاس بھیجیں اور اپنی مدت امارت تک کے لئے ناجنگ معاہدہ لکھدیں، اسلامی غیرت وحمیت کے لئے یہ بڑا نازک موقع تھا، شریح بن ہانی حارثی نے عبید اللہ سے کہا کہ تم خدا سے ڈرو اور دشمن سے جنگ کرو، اگر یہ کام تم کرو گے تو تم اس علاقہ میں اسلام کو کمزور کر دوگے، اس کے بعد شدید جنگ ہوئی جس میں شریح شہید ہو گئے اور اسلامی فوج شکست کھا کر بُست کے ریگستان کی طرف چلی گئی، جس میں بہت سے مجاہدین بھوک اور پیاس کی شدت سے جان بحق ہو گئے اور اس کے غم میں خود عبید اللہ بن ابوبکرہ بھی انتقال کر گئے۔ ایک روایت کے مطابق ان کے کان میں تکلیف ہو گئی جس کی وجہ سے موت واقع ہو گئی، انھوں نے انتقال کے وقت اپنے بیٹے ابو برذعہ کو اپنا جانشین بنایا تھا، ادھر سجستان میں یہ ناگوار حالات چل رہے تھے ادھر مرکز میں ابن اشعث نے حجاج بن یوسف اور عبد الملک بن مروان کے خلاف قرار، علماء

اور صلحاء و عباد کی ایک بڑی جماعت لے کر خروج کیا اور بعد میں راجہ رتبیل سے صلح کر کے اس کے یہاں پناہ لی، راجہ نے حجاج بن یوسف کے ڈر سے ابن اشعث کو اس کے حوالہ کر دیا اور حجاج نے راجہ سے سات یا نو سال تک کے لئے جنگ نہ کرنے کا معاہدہ کر لیا اور شرط یہ طے پائی کہ راجہ ہر سال نو لاکھ درہم کے سامان ادا کرتا رہے، مدتِ معاہدہ گذر جانے کے بعد حجاج نے اشہب بن بشر کلبی کو سجستان کی ولایت دی، انھوں نے ساز و سامان کے بارے میں رتبیل کے ساتھ سختی کا معاملہ کیا، اس نے حجاج کے پاس شکایت لکھی جس کے نتیجہ میں حجاج نے اشہب بن بشر کلبی کو یہاں کی ولایت سے معزول کر دیا، اس سے پہلے حجاج نے ابن اشعث کو سجستان، بست اور رخج کا امیر مقرر کیا اور انھوں نے ہندوستان کے مہاراجگانِ رتبیل وغیرہ سے جنگ کر کے فتوحات حاصل کیں مگر بعد میں خروج کیا، اسی دوران میں مکران اور سندھ میں علافیوں نے شورش برپا کر کے قتل و غارت گری کی اور خراسان میں عبداللہ بن خازم سلمی نے اپنی حکومت قائم کر لی اور کئی سال تک سندھ، مکران، سجستان اور خراسان میں بے چینی قائم رہی۔

## سکون بھی، بے چینی بھی

خلیفہ ولید بن عبد الملک کے دور میں قتیبہ بن مسلم باہلی خراسان و سجستان کے امیر ہوئے تو انھوں نے اپنے بھائی عمرو بن مسلم باہلی کو سجستان کی امارت دی، عمرو بن مسلم نے مدتِ صلح ختم ہو جانے کی وجہ سے سابقہ معاہدہ کے خلاف رتبیل سے مطالبہ کیا کہ وہ ساز و سامان کے بجائے نقد درہم ادا کرے، رتبیل نے جواب دیا کہ حجاج سے سامان کی ادائیگی پر صلح ہوئی تھی اس کے علاوہ میرے لئے دوسری صورت ممکن نہیں ہے، عمرو بن مسلم نے اس سلسلہ میں قتیبہ بن مسلم کو لکھا کہ اور وہ خراسان سے سجستان کے لئے روانہ ہو گئے، جب رتبیل کو ان کی آمد کی خبر ملی تو اس نے کہلا بھیجا کہ ہم نے اطاعت گذاری سے ہاتھ نہیں کھینچا ہے، ہم سے آپ لوگوں سے سامان پر معاملہ طے ہوا تھا اس لئے ہم پر زیادتی نہ کریں، قتیبہ بن مسلم نے اپنی فوج سے کہا کہ اس سے سامان ہی قبول کر لو، یہ علاقہ مخدوش ہے،

Marfat.com

چنانچہ اسی پر معاملہ طے ہوگیا اور قتیبہ نے ابن عبد اللہ بن عمر لیثی کو سجستان میں اپنا نائب مقرر کیا۔

خلیفہ سلیمان بن عبد الملک نے یزید بن مہلب کو عراق کی حکومت دی تو انھوں نے اپنے بھائی مدرک بن مہلب کو سجستان کا امیر بنایا مگر راجہ رتبیل نے مدرک کو نہ سامان دیا اور نہ نقد رقم دی، پھر معاویہ بن یزید کی امارت ہوئی تو معمولی سی رقم دی اور جب یزید بن عبد الملک کا دور خلافت آیا تو سرکاری عمال کو کچھ نہ دیا اور کہا کہ وہ لوگ کہاں گئے جو اس حال میں ہمارے یہاں آتے تھے کہ ان کے شکم سمٹے ہوتے تھے، نماز کی وجہ سے ان کے چہروں پر سیاہ دھبے ہوتے تھے اور ان کے پیروں میں گھاس پھوس کے جوتے ہوتے تھے، لوگوں نے جواب دیا کہ وہ لوگ دنیا سے گذر گئے رتبیل نے کہا کہ وہ لوگ عہد و پیمان میں تم سے زیادہ سچے اور بہادری میں آگے تھے اگرچہ تم لوگوں کے چہرے ان سے زیادہ حسین ہیں مگر وہ بات تم میں نہیں ہے۔ رتبیل سے پوچھا کہ کیا بات ہے کہ تم حجاج کو ٹیکس ادا کرتا دان دیتے تھے اور ہم کو نہیں دیتے ہو، اس نے کہا کہ حجاج جب اپنے مقصد میں کامیاب ہوجاتا تھا تو یہ نہیں دیکھتا تھا کہ کتنا خرچ کیا اگرچہ بعد میں اس کو ایک درہم بھی نہ ملے اور تم لوگوں کا حال یہ ہے کہ جب تک یہ نہ معلوم ہو کہ ایک درہم کے بجائے تم کو دس درہم ملیں گے تم لوگ ایک درہم بھی خرچ نہیں کرتے ہو، اس کے بعد رتبیل نے نہ بنو اُمیّہ کے امراء و عمال کو کچھ دیا، اور نہ ہی ابو مسلم خراسانی کے حکام کو کچھ ادا کیا۔[1]

چونکہ اس دور میں ہندوستان کے بہت سے واقعات سجستان کے علاقوں سے مربوط و متعلق ہیں، اس لیے ہم نے نسبتاً تفصیل کے ساتھ وہاں کے عام حالات بیان کیے ہیں، اب ہم تسلسل کے ساتھ ہندوستان کے غزوات و فتوحات اور اہم واقعات کو بیان کرتے ہیں۔

---

[1] فتوح البلدان ص ۳۸۸، و ص ۳۸۹ و ص ۳۹۰ و ص ۳۹۱ و ص ۳۹۲ ملخص۔

Marfat.com

# علاقۂ سندھ کی پہلی فتح ارمائیل ۴۱ھ

جیسا کہ پہلے معلوم ہو چکا ہے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے آخری دور خلافت میں حضرت حارث بن مرہ عبدیؒ سندھ کے علاقہ قندابیل وقیقان میں غزوات وفتوحات میں مصروف تھے کہ عین اسی حال میں حضرت علیؓ کی شہادت ہوئی اور حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ تخت خلافت پر متمکن ہوئے، انھوں نے دیگر بلاد و امصار کی طرح سندھ ومکران میں بھی جہاد کا سلسلہ جاری رکھا اور حضرت حارث بن مرہ یہاں کے سرکشوں کو زیر کر کے شاندار فتوحات حاصل کرتے رہے، اس میں کسی قسم کی تبدیلی یا سستی نہیں آئی، البتہ حضرت معاویہؓ نے اپنی خلافت کے دوسرے سال ۴۲ھ میں حضرت عبد الرحمن بن سمرہ کو دوبارہ سجستان کی امارت دی، اس سے پہلے عہد عثمانی میں حضرت عبد الرحمن بن سمرہؓ سجستان اور کابل وغیرہ فتح کرتے ہوئے سندھ ومکران کے شمال میں حدود داور تک آچکے تھے، اور ان علاقوں اور یہاں کے لوگوں کے حالات سے اچھی طرح واقف تھے، حضرت معاویہؓ نے ان کے ساتھ جو فوج روانہ کی تھی اس کے امیر حضرت عباد بن حصین حبطی تھے یہ وہی بہادر اسلام ہیں جنہوں نے فتح کابل میں بڑی شاندار خدمات انجام دی ہیں، اور جن کو دیکھ کر امام حسن بصری نے فرمایا تھا کہ ان کے کارناموں سے مجھے یقین ہوا کہ ایک شخص ایک ہزار آدمیوں کے برابر ہو سکتا ہے، وہ بنو تمیم سے تھے اور انھوں نے عراق اور عرب کے درمیان ایک مقام میں مرابطت اور سرحدی حفاظت کے لئے قلعہ بندی کی تھی، جسے اس کے نام پر عباد ان کے نام سے یاد کیا گیا ہے، یہ مقام مدتوں مجاہدین اسلام اور فدائیوں کا مرکز رہا، آج کل ایران میں واقع ہے اور یہاں تیل کا بہت بڑا چشمہ ہے، نیز اس زمانے کے دستور کے مطابق حضرت عبد الرحمن بن سمرہؓ کے ساتھ اعیان واشراف کی ایک جماعت تھی، جو شوریٰ اور وزارت کا کام دیتی تھی، اس میں عمر بن عبید اللہ بن معمر تیمی قرشی، عبد اللہ بن خازم سلمی، قطری بن فجاءۃ دبعد کا مشہور خارجی ایرو بہادر) اور مہلب بن ابی صفرہ ازدی

جیسے ارباب ہمم شریک تھے، حضرت عبدالرحمٰن بن سمرہ نے سجستان کے ان تمام علاقوں کو دوبارہ جنگ یا صلح کے ذریعہ فتح کیا جو عہدِ عثمانی میں حیّزِ اسلام میں ان ہی کی کوشش سے شامل ہو چکے تھے مگر بعد میں غدر و بغاوت کر کے الگ ہو گئے تھے ان تمام فتوحات کی بشارت اور خبر حضرت عمر بن عبید اللہ تیمی اور مہلب بن ابو صفرہ کے ذریعہ حضرت معاویہؓ کے پاس بھیجی۔[1]

ان ہی ایام میں اور اسی ضمن میں جیسا کہ چچ نامہ میں ہے حضرت معاویہؓ نے عمر بن عبید اللہ بن معمر تیمی کو ارمائیل کی مہم پر روانہ کیا جو اس زمانہ میں مکران اور دیبل کے درمیان بہت بڑا مرکزی شہر تھا، عمر بن عبید اللہ نے یہاں کے سرکشوں اور باغیوں سے باقاعدہ جنگ کی اور ایک سخت معرکہ کے بعد یہ مقام فتح ہوا۔[2] اس موقع پر چچ نامہ میں عمر بن عبید اللہ بن عمر چھپا ہے جو عمر بن عبید اللہ بن معمر، کی تحریف و تصحیف ہے، کیوں کہ عجم کی ان فتوحات میں حضرت عمر بن عبد اللہ بن عمر کا نام نہیں ملتا ہے بلکہ عمر بن عبید اللہ بن معمرؒ کے بارے میں تصریح موجود ہے کہ وہ حضرت عبدالرحمٰن بن سمرہؓ کے معتمدوں میں تھے جو سجستان و کابل کی فتح کے وقت ان کے ساتھ موجود تھے اور ان کے ذریعہ فتح کی خوشخبری حضرت معاویہؓ کو بھیجی گئی تھی یاقوت حموی نے مکران کے مشہور شہر فاشک کے بیان میں لکھا ہے کہ یہاں ایک مسجد ہے جس کے بارے میں لوگوں کا گمان ہے کہ حضرت عبد اللہ بن عمرؓ کی مسجد ہے۔[3] غالباً یہ مسجد عمر بن عبید اللہ بن معمر کی طرف منسوب ہے جو ارمائیل کے نواحی کے فتح ہونے پر یہاں تعمیر کی گئی تھی، واضح ہو کہ فتح ارمائیل کے زمانہ میں حضرت حارث بن مرہ عبدیؒ سندھ و مکران کے مستقل امیر و فاتح کی حیثیت سے قندابیل و بوقان میں سرگرم جہاد تھے، اور عمر بن عبید اللہ بن معمر کی یہ فتح اس سے علیحدہ سجستان کی فتوحات کے سلسلہ میں تھی، یہ عہد معاویہؓ کی پہلی فتح ہے جو علاقہ سندھ میں ہوئی، ارمائیل یا ارمنیل مکران و سندھ کے درمیان سمندر سے نصف فرسخ کی دوری پر بہت بڑا شہر تھا غالباً اس پر بحری حملہ ہوا تھا، آج کل اس کو ارمن بیلہ کہتے ہیں اور یہ علاقہ قلات میں ضلع لس بیلہ کا

---

[1] فتوح البلدان ص ۳۸۸ [2] چچ نامہ ص ۸۷۔ [3] معجم البلدان ج ۱ ص ۲۰۳۔

Marfat.com

صدر مقام ہے اور کراچی سے ساٹھ میل دور شمال میں واقع ہے۔

## قیقان اور مید وغیرہ کی فتح ۴۲ھ

حضرت حارث بن مرہ عبدی عہد علوی سے سندھ و مکران میں مصروفِ غزوات و فتوحات تھے اور ان علاقوں کے تقریباً تمام اہم مرکزوں پر قابض و دخیل ہو گئے تھے، مگر ۴۲ھ میں مقامی لوگوں نے اطراف و جوانب سے زبردست فوجی طاقت جمع کر کے اسلامی فوج پر نہایت شدید اور منظم حملہ کیا، جس سے نہ صرف چار سالہ مجاہدانہ سرگرمیاں بند ہو گئیں بلکہ حضرت حارث بن مرہ اور ان کی فوج کا بیشتر حصہ شہید ہو گیا، ڈیڑھ ہزار سے زائد فرزندانِ اسلام اپنے امیر کے ساتھ قندابیل میں کام آئے یہ پہلا موقع تھا کہ اس سرزمین پر اس قدر شہدائے اسلام کا مقدس خون گرا اور اس ملک میں اسلامی فتوحات کا سیلاب یکبارگی رک گیا۔ جب اس حادثۂ فاجعہ کی خبر حضرت معاویہؓ کو ہوئی تو بیحد رنجیدہ ہوئے اور یہاں کے دشمنوں اور باغیوں سے انتقام کا یوں انتظام کیا کہ اسی سال یعنی ۴۲ھ میں حضرت راشد بن عمرو جدیدی ازدیؒ کی سرکردگی میں، ایک زبردست فوج قیقان کی طرف روانہ کی، حضرت راشد بن عمرو نے عراق سے سیدھے مکران آکر فتوحات کا سلسلہ شروع کیا اور قیقان تک کا تمام علاقہ مسلمانوں کے قبضہ میں آگیا اور نہ صرف مکران و سندھ کے درمیانی مقامات ہی فتح ہوئے بلکہ علاقہ مید بھی پہلی بار فتح ہوا۔

خلیفہ بن خیاط نے اپنی تاریخ میں، بلاذری نے فتوح البلدان میں، ذہبی نے العبر میں اور ابن عماد نے شذرات الذہب میں تصریح کی ہے کہ ۴۲ھ میں راشد بن عمرو جدیدی ہندوستان آئے، ان تمام روایات کا خلاصہ یہ ہے کہ اس سال والئ عراق عبداللہ بن عامر بن کریزؓ نے راشد بن عمرو کو ثغرِ ہند کا والی و امیر بنا کر بھیجا وہ عراق سے مکران آئے اور یہاں سے پوری تیاری کر کے آگے بڑھے اور حضرت حارث بن مرہ عبدیؒ اور اسلامی فوج کا دشمنوں سے یوں بدلہ لیا کہ قیقان میں جہاد کر کے اس پر قبضہ کیا، اس کے بعد ہر طرف یلغار کرتے اور سندھ کے شہروں

Marfat.com

پر فتح کا جھنڈا لہراتے ہوئے علاقہ مید تک گھس گئے، مگر دشمنوں نے سنبھالا لے کر اور اطراف و جوانب سے زبردست طاقت جمع کر کے بڑا سخت اور منظم حملہ کیا جس میں راشد بن عمرو شہید ہوگئے اور حضرت سنان بن سلمہؓ ہذلیؓ جو اسلامی فوج میں موجود تھے امیر مقرر کئے گئے[۱]۔

مورخ یعقوبی کا بیان ہے کہ راشد بن عمرو جدیدی ازدی نے قیقان پر حملہ کر کے اسے فتح کیا اور غنیمت پائی، اس کے بعد ہندوستان کے علاقوں میں فتوحات حاصل کیں اس زمانہ میں سندھ کے مقابلہ میں ہندوستان کا حال نہایت ابتر تھا اس کے بعد بلادِ سندھ میں حضرت راشد کی شہادت ہوگئی[۲]۔

خلیفہ بن خیاط نے ۴۲ھ میں راشد کی فتوحات ذکر کرنے کے باوجود تاریخ اور طبقات دونوں کتابوں میں ان کی شہادت سنہ ۴۵ھ میں بیان کی ہے[۳]، جس کی وجہ سمجھ میں نہیں آتی، خاص طور سے جب کہ اس سال ہندوستان میں کسی بڑی فوجی مہم کا تذکرہ تاریخوں میں نہیں ہے، اسی طرح بلاذری نے ۴۲ھ میں راشد کی شہادت بیان کرنے کے باوجود لکھا ہے کہ ان کو والیٔ عراق، زیاد بن ابوسفیان نے مکران بھیجا تھا، یہ صحیح نہیں ہے کیونکہ اس وقت تک زیاد کو عراق کی امارت نہیں ملی تھی، بلکہ اس مدت میں (۴۱ھ سے ۴۴ھ تک) حضرت عبد اللہ بن عامر بن کریزؓ امیر عراق و بصرہ تھے اور انھوں نے راشد کو ہندوستان کی مہم پر روانہ کیا تھا، زیاد بن ابوسفیان کو حضرت معاویہؓ نے ۴۵ھ میں عراق کی امارت دی تھی۔

علی بن حامد کوفی اوشی نے چچ نامہ میں لکھا ہے کہ راشد بن عمرو نہایت شریف اور حوصلہ مند آدمی تھے، حارث بن مرہ اور راشد اسلامی فوج کی ہندوستان میں عام شہادت کے بعد حضرت معاویہؓ نے ان کو بلا کر اپنے پاس بٹھایا اور ہندوستان کے بارے میں ان سے رائے مشورہ کیا اس کے

---

ص ۱۵

[۱] تاریخ خلیفہ ج ۱ ص ۲۲۷، فتوح البلدان ص ۴۳۴، العبر ج ۱، شذرات الذہب ج ۱ ص ۵۲۔

[۲] تاریخ الیعقوبی ج ۲ ص ۱۵۱ [۳] تاریخ خلیفہ ج ۱ ص ۲۴۸۔ وطبقات خلیفہ ص ۴۸۰۔

Marfat.com

بعد دربار کے اعیان واشراف ومشائخ کے سامنے ان کے بارے میں کہا کہ راشد نہایت معزز وشریف آدمی ہیں، تم لوگ ان کا احترام کرنا، ان کی کسی بات کو رد نہ کرنا اور غزوات میں ان کی پوری مدد کرنا، اس کے بعد راشد ہندوستان کے امیر بن کر مکران آئے، یہاں حارث بن مرہ کی شہادت کے بعد ہنگامی امیر کی حیثیت سے حضرت سنان بن سلمہ بن محبق ہذلی رضی اعیان واشراف کی ایک جماعت کے ساتھ موجود تھے، راشد نے سنان کے کمالات دیکھ کر کہا کہ واللہ سنان امارت کے مستحق ہیں، ادھر حضرت معاویہؓ نے حضرت سنان کو پہلے ہی سے حکم دے دیا تھا کہ راشد کو وہاں کے حالات سے پوری طرح باخبر کر دیں گے، تاکہ ان کے تجربات اور معلومات کی روشنی میں راشد کام کریں، چنانچہ راشد نے یہاں آتے ہی سنان سے ملاقات کی اور ان کی صلاحیت و قابلیت کا اعتراف کرتے ہوئے دیر تک ان سے رائے ومشورہ کیا، سنان نے قیقان وقندابیل والوں کی سرکشی اور طاقت وغیرہ کی خبریں سنائیں، اس کے بعد راشد جہاد کی پوری تیاری کر کے مکران سے چلے اور حدودِ سندھ میں داخل ہو کر جبال پایہ کے سرکش باشندوں سے خراج کی بقایا رقم وصول کی، پھر قیقان پہونچے اور اسے فتح کر کے بہت سا مال غنیمت حاصل کیا، نیز اطراف وجوانب کے تمام سرکشوں اور عہد وپیمان توڑنے والوں کی تادیب کی، ان علاقوں میں پورے طور پر امن وامان قائم کر کے سیستان کے راستہ سے باہر نکلے، مندرا ور بہرج کے پہاڑی علاقوں میں پہونچے تو پچاس ہزار کے قریب پہاڑی باشندوں نے اسلامی فوج کا راستہ روک کر جنگ کرنی چاہی، اسلامی فوج نے بھی مقابلہ کی تیاری کی، جس کے نتیجے میں صبح سے ظہر تک جانبین میں شدید جنگ ہوئی اس میں حضرت راشد شہید ہو گئے، اور سنان بن سلمہ دوبارہ ہنگامی طور سے اسلامی فوج کے امیر بنائے گئے۔[1]

حضرت راشد بن عمرو جدیدی کا یہ حملہ بہت منظم اور نہایت شدید تھا، انھوں نے ایک سال کے اندر دشمنوں سے گذشتہ نقصان کا بدلہ یوں لیا کہ مکران، جبال پایہ، قیقان، میداور

---

[1] چچ نامہ ص ۸۰، ص ۸۱، ۸۲۔

Marfat.com

سندھ کے تمام سرکش علاقوں کو زیر کیا اور تادیب و سیاست سے کام لے کر ان کو دوبارہ دارالاسلام میں داخل کیا۔ خراج وجزیہ کی بقایا رقم وصول کی اور اموالِ غنیمت جمع کئے، اس موقع پر مشہور شاعر اعشیٰ ہمدانی نے یہ اشعار کہے تھے:۔

دانت تسیر بمکران فقد شحط الورد والمصدر

تم مکران کا سفر کر رہے ہو؟ حالانکہ وہاں کی آمد و رفت بہت دور ہے

ولو یث حاجتی بمکران ولا لغزو فیھا ولا المتجرُ

مکران میں نہ میری کوئی ضرورت ہے، اور نہ ہی وہاں جہاد اور تجارت کرنی ہے

وحُدِّثتُ عنھا ولم اٰتھا فمازلتُ من ذکرھا اُخَرُ

میرے وہاں جانے سے پہلے ہی مجھے وہاں کے بارے میں بتادیا گیا تھا اس لئے میں رکتا رہا۔

بان الکثیر بھا جائعٌ وان القلیل بھا معورٌ[1]

یہ کہ اگر زیادہ لوگ وہاں چلے جائیں تو بھوکے مریں اور اگر کم ہوں تو ذلیل وخوار ہوں

آخر کے دونوں شعروں میں ایسی خبر کی طرف اشارہ ہے جیسے قندابیل وسندھ ومکران کے بارے میں صحار عبدیؓ نے حضرت عمرؓ سے اور حکیم عبدیؒ نے حضرت عثمانؓ سے بیان کیا تھا۔

راشد بن عمرو کی فوری کامیابی کے باوجود دشمن اندر اندر طاقت جمع کرتے رہے اور چونکہ حضرت حارث بن مرہ اور اسلامی فوج کی شہادت سے ان کے حوصلے بلند ہوگئے تھے، اس لئے راشد کے مقابلہ میں آخر میں انھوں نے پوری طاقت سے کام لے کر ایک زبردست اجتماعی حملہ سے اسلامی فوج کو شکست دے دی، اور نتیجہ کے اعتبار سے حضرت حارث اور ان کی فوج کی طرح حضرت راشد اور ان کی فوج کے مقابلہ میں یہاں کے جنگ باز غالب رہے۔

مید بحری ڈاکو تھے جو سمندر میں دور دور تک جہازوں کو لوٹتے تھے ان کی آبادی کو بھی مید۔

[1] فتوح البلدان ص ۴۴۲

Marfat.com

کہتے تھے جو ملتان سے سمندر تک کے درمیانی علاقہ میں دریائے سندھ پر واقع تھی، انکی آبادیاں اورچہ اگاہیں ہندوستانی علاقہ میں بھی فاقہل تک پھیلی ہوئی تھیں، ان بحری قزاقوں کی وجہ سے ہندوستان کی بحری تجارت شدید خطرات میں رہا کرتی تھی، اور قدیم زمانہ سے عرب وہند اور چین کے درمیان آنے جانے سے تاجر اور ان کے جہاز ان کی زد میں رہا کرتے تھے یہاں کے راجے مہاراجے ان سمندری ڈاکوؤں سے عاجز تھے، مسلمانوں نے پہلی بار ان سے جنگ کر کے ان کی طاقت توڑ دی اور بین الاقوامی شاہراہ کے ان ڈاکوؤں کا قلع قمع کیا۔

## بنوں، لاہور اور قندابیل کی فتح ۴۴ھ

۴۲ھ میں راشد بن عمرو کی شہادت کے بعد اگرچہ حضرت سنان بن سلمہؓ اسلامی فوج کے وقتی امیر بنا دیئے گئے تھے، مگر دو سال تک امارتِ فوج کے عہدے پر فائز رہے اور اس درمیان میں حضرت معاویہؓ نے مکران کی مستقل امارت حضرت عبداللہ بن سوار عبدیؒ کو دی، خلیفہ بن خیاط نے لکھا ہے کہ ۴۳ھ میں حضرت معاویہؓ نے عبداللہ بن سوار عبدیؒ کو بلاد مکران کا امیر مقرر کیا[۱]، مگر علامہ ابن خلدون نے لکھا ہے کہ ۴۲ھ ہی میں والیٔ عراق عبداللہ بن عامر بن کریزؓ نے عبداللہ بن سوار عبدی کو ثغر ہند کا عامل بنایا، اور ایک قول ہے کہ حضرت معاویہؓ نے ان کو یہاں کا امیر مقرر کیا[۲]، بہرحال حضرت سنان کی فوجی امارت کے زمانہ میں عبداللہ بن سوار یہاں کے مستقل امیر بنائے گئے تھے، یہ پہلا موقع ہے کہ یہاں حربیہ اور انتظامیہ کے لئے الگ الگ امیر کئے گئے ورنہ عام طور سے ہر علاقہ کا امیر ہی وہاں کے جملہ امور و معاملات کا ذمہ دار ہوتا تھا۔

ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ۴۲ھ میں سندھ کے علاقہ میں مسلمانوں کی دو مسلسل ناکامیوں نے ان کو مناسب وقت کے انتظار میں مزید اقدام سے روک رکھا تھا اور دو سال تک سندھ کی امارت کی طرف سے کسی علاقہ میں فوجی مہم روانہ نہ ہو سکی یہاں تک کہ ۴۴ھ میں باہر سے نہایت کامیاب

---

۱؎ تاریخ خلیفہ ج ۱ ص ۲۳۸ ۔ ۲؎ تاریخ ابن خلدون ۔ ج ۳ ۔ ص ۱۵۳ ۔

Marfat.com

فوجی اقدام ہوا، اور سجستان کے امیر مہلب بن ابوصفرہ ازدی نے اندرونِ ہند فتوحات حاصل کر کے گذشتہ دونوں شکستوں کا بدلہ لینے کے ساتھ مزید فتوحات کیں، خلیفہ بن خیاط نے لکھا ہے کہ ۴۴ھ میں مہلب بن ابوصفرہ نے سرزمینِ ہند میں جہاد کیا اور سجستان سے چل کر سب سے پہلے قندابیل پر قبضہ کیا، اس کے بعد آگے بنوں اور لاہور کو فتح کیا، یہ دونوں شہر کابل کے دامنِ کوہ میں واقع ہیں، دشمنوں نے جم کر اسلامی فوج کا مقابلہ کیا، مگر اللہ تعالیٰ نے ان کو شکست دی، مسلمانوں کی مٹھیاں اموالِ غنیمت سے بھر گئیں، اور وہ مظفر و منصور اور سالم و غانم واپس ہوئے[1]۔ اس سلسلہ میں بلاذری کا تفصیلی بیان یہ ہے کہ راشد بن عمرو کی شہادت کے بعد حضرت معاویہؓ کے دور میں ۴۴ھ میں مہلب بن ابوصفرہ نے ثغر ہند میں جہاد کیا، جب وہ بنہ اور لاہور آئے جو کابل اور ملتان کے درمیان واقع ہیں تو دشمنوں نے بڑھ کر مقابلہ کیا، مہلب نے ان سے اور ان کی مدد میں آنے والی ہندوستانی فوج سے جنگ کی، انھوں نے یہاں اٹھارہ ترکی شہ سوار دیکھے جو دم بریدہ گھوڑوں پر سوار تھے، ان سب نے بھی دشمنوں کی طرف سے اس جنگ میں حصہ لیا تھا، مہلب نے ان کو دیکھ کر کہا کہ یہ عجم کے لوگ جنگی تیاری اور جنگی ساز و سامان میں ہم سے آگے نہیں جا سکتے ہیں، پھر انھوں نے اپنی فوج کے تمام گھوڑوں کو دم بریدہ کرنے کا حکم دیا، چنانچہ مہلب پہلے مسلمان امیر ہیں جنہوں نے فوجی گھوڑوں کی دم کاٹنے کا حکم دیا، ان کے قبیلہ کے ایک ازدی شاعر نے بنوں کی جنگ کے متعلق لکھا ہے:۔

الم ترانَ الازد لیلۃ بیّتوا    ببنّۃ کانوا خیر جیش المھلّب[2]

کیا تم نے نہیں دیکھا کہ قبیلہ ازد جس رات بنوں میں تھے مہلب بن ابوصفرہ کی بہترین افواج تھے،

امام ذہبی نے العبر میں لکھا ہے کہ ۴۴ھ میں مہلب نے ارضِ ہند میں جہاد کیا۔ اور قندابیل میں دشمنوں سے جنگ کر کے ان کو شکست دی[3]، امام ابن کثیر نے بھی لکھا ہے کہ ۴۴ھ میں ایام معاویہؓ میں مہلب نے ارضِ ہند میں جہاد کیا[4]، مہلب بن ابوصفرہ ۴۱ھ میں والئ سجستان عبدالرحمٰن بن سمرہ کے ساتھ

---

[1] تاریخ خلیفہ ص ۲۳۹ ج ۱ [2] فتوح البلدان ص ۴۲۱ [3] ج ۱ ص ۵۲۔ العبر [4] البدایۃ والنہایۃ۔ ج ۹ ص ۴۲

Marfat.com

ان اطراف کی فتوحات میں شریک تھے چونکہ وہ ادھر کے حالات سے واقف تھے اس لئے بعد میں جب سجستان کے مستقل امیر بنائے گئے تو سندھ و مکران کی دونوں شکستوں کا انتقام لیا' دشمنوں نے پہلے کی طرح نہایت مستعدی کے ساتھ ہر جگہ مقابلہ کیا اور اس بار بھی اسلامی فوج کو شکست دینے میں کوئی کسر اٹھا نہیں رکھی، مگر مہلب بن ابو صفرہ کے منظم اور شدید حملوں نے ان کو ناکام کر دیا اور ان کی گذشتہ کامیابیاں شکست میں بدل گئیں' بنہ مغربی پاکستان میں وہی مقام ہے' جسے بنوں کو ہاٹ کہتے ہیں اور لاہور پنجاب کا قدیم مشہور شہر ہے جس کے بارے میں یاقوت حموی نے لکھا ہے کہ یہ ہندوستان میں کشمیر کے جنوب میں دریائے راوی کے کنارے بہت بڑا شہر ہے بعض محققین کا خیال ہے کہ بنہ اور لاہور دوسرے مقامات ہیں اور بنہ ہنڈ کی تصحیف ہے، اسی طرح لاہور بھی لوہور ہے آج بھی اٹک کے اوپر تربیلہ کے پاس دریائے سندھ کا ایک گھاٹ موجود ہے' اس کا ایک کنارا ہنڈ ہے اور دوسرا کنارا لوہور ہے جیسے لوہڑی سکھر، مہلب نے اسی ہنڈ اور لوہور پر حملہ کیا تھا واللہ اعلم۔

# قیقان کی فتح ۴۵ھ

معلوم ہو چکا ہے کہ ۴۲ھ میں مسلمانوں کو قندابیل و قیقان میں شدید شکست سے دوچار ہونا پڑا تھا اور حارث بن مرہ کی شہادت کے بعد سنان بن سلمہ امیر لشکر ہوئے تھے پھر راشد بن عمرو مستقل امیر بن کر مکران آئے اور انھوں نے فتوحات حاصل کیں مگر اسی سال وہ بھی شہید ہو گئے تو ان کی جگہ پھر سنان بن سلمہ امیر فوج بنے، اور ۴۳ھ میں عبداللہ بن سوار مستقل امیر بنا کر بھیجے گئے مگر انھوں نے یہاں آکر مجاہدانہ سرگرمی جاری نہیں کی بلکہ ملکی انتظامات درست کئے اور ۴۴ھ میں والی سجستان مہلب بن ابو صفرہ نے ہندوستان میں فتوحات حاصل کر کے مسلمانوں کی دونوں شکستوں کا بدلہ لیا جس سے یہاں کے حالات مقامی مسلمانوں کے حق میں بہتر ہو گئے اور اندرون

ملک فتوحات کا موقع ہاتھ آگیا چنانچہ دوسرے سال ۴۵ھ میں عبداللہ بن سوّار عبدیؒ نے حضرت معاویہؓ یا والیٔ عراق حضرت عبداللہ بن عامر بن کریزؓ کے حکم سے قیقان پر حملہ کر کے فتح حاصل کی، قیقان کے راجہ نے فدیہ ادا کر کے بہت سے ہدایا و تحائف پیش کئے اور عبداللہ بن سوّار حضرت معاویہؓ کی خدمت میں یہاں کے قیقانی گھوڑے اور دیگر بہت سے تحائف لے کر پہونچے اور کچھ دنوں میں دمشق میں قیام کر کے سندھ و مکران واپس آئے اس مدت میں حضرت کرز بن ابو کرز وبرہ حارثی یہاں نائب امیر کی حیثیت سے ذمہ داری سنبھالتے رہے، خلیفہ بن خیاط نے لکھا ہے کہ ۴۵ھ میں والیٔ عراق عبداللہ بن عامرؓ نے عبداللہ بن سوّار عبدیؒ کو سندھ کا حاکم بنایا اور انھوں نے قیقان کو فتح کر کے بہت سے اموال غنیمت اور قیقانی گھوڑے حضرت معاویہؓ کی خدمت میں روانہ کئے[1] عرب میں جو قیقانی ٹٹو مشہور ہیں، وہ ان ہی قیقانی گھوڑوں کی نسل سے تعلق رکھتے ہیں، قیقان کی فتح کے بعد عبداللہ بن سوّار اپنے قبیلہ کے ایک مشہور بزرگ حضرت کرز بن ابو کرز عبدی کو اپنا نائب بنا کر حضرت معاویہؓ کی خدمت میں دمشق گئے، ان کی خدمات و صلاحیت کو دیکھ کر حضرت معاویہؓ نے پھر ان کو مکران کی ولایت و امارت پر واپس بھیجا۔ اس سلسلہ میں بلاذری نے لکھا ہے کہ عہد معاویہؓ میں حضرت ابن عامرؓ نے عبداللہ بن سوّار عبدی کو ہندوستان کا والی بنایا، اور انھوں نے قیقان میں جہاد کر کے غنائم حاصل کئے، اس کے بعد انھوں نے حضرت معاویہ کی خدمت میں حاضر ہو کر ان کی خدمت میں قیقانی گھوڑے پیش کئے اور کچھ دنوں تک حضرت معاویہؓ کے پاس رہ کر پھر واپس آئے، پھر ابن سوّار اسخیائے عرب میں سے تھے اور جود و سخاوت میں شہرت کے مالک تھے، ان کی فوج میں ان کے علاوہ کوئی دوسرا شخص آگ نہیں جلا سکتا تھا یعنی تمام فوج کے کھانے کا انتظام وہی کیا کرتے تھے اور کوئی سپاہی اپنے طور پر کھانا پکانے کے آگ نہیں جلاتا تھا۔ ایک مرتبہ ہندوستان میں کسی جنگ کے موقع پر انھوں نے فوجی پڑاؤ میں خلافِ معمول آگ جلتی ہوئی دیکھی تو دریافت کیا کہ یہ کیسی آگ ہے؟ لوگوں نے بتایا کہ اسلامی فوج میں ایک عورت کے بچہ پیدا ہوا ہے، اس

[1] تاریخ خلیفہ ص ۲۰۱ ج ۱۔ اس میں کرز بن ابی کرز غلط چھپ گیا ہے۔

کے لئے خبیص (ایک قسم کا حلوہ) بنایا جارہا ہے، یہ سنکر ابن سوّار نے حکم دیا کہ تین دن تک تمام سپاہیوں کو عام کھانے کے ساتھ حلوہ بھی دیا جائے، ایک شاعر نے ابن سوّار کی سخاوت کے اس واقعہ کی طرف اپنے ایک شعر میں اشارہ کیا ہے ؎

وابن سوار علی عداته موقد النار وقتال الشغب[1]

حضرت ابن سوّار نے نہ صرف قیقان کو فتح کیا بلکہ اس کے راجہ سے فدیہ وصول کیا اور راجہ نے ان کی خدمت میں اپنے ملک کے بہترین ہدایا وتحائف بھیجے جن کو انھوں نے حضرت معاویہؓ کی خدمت میں بھیجا، قاضی رشید بن زبیرؒ نے کتاب الذخائر والتحف میں واقدی کی کتاب اخبار فتوح بلد السند کے حوالہ سے لکھا ہے کہ سندھ میں حضرت معاویہ کے والی عبداللہ بن سوّار عبدی نے قیقان پر چڑھائی کر کے فتح پائی، ساتھ ہی بہت سا مال غنیمت ہاتھ آیا اور قیقان کے راجہ نے فدیہ دے کر اپنے قیدیوں کو چھڑایا، نیز اس نے عبداللہ بن سوار کی خدمت میں سندھ اور ہندوستان کے ایسے ایسے عجائب وغرائب اور عمدہ عمدہ سامان بھیجے کہ ان کی مثال دیکھنے میں نہیں آتی، ان ہی میں ایک آئینہ کا ٹکڑا تھا جس کے بارے میں اہل علم کہتے ہیں کہ جب حضرت آدم علیہ السّلام کی اولاد زمین کے مختلف حصوں میں پھیل گئی تو اللہ تعالیٰ نے اس آئینہ کو جنت سے اتارا حضرت آدمؑ اپنی جس اولاد کو دیکھنا چاہتے تھے اس میں اچھے برے حال میں دیکھ لیا کرتے تھے، اس آئینہ کے ٹکڑے کو عبداللہ بن سوار نے حضرت معاویہؓ کی خدمت میں بھیجدیا جو ان کی زندگی بھر ان کے پاس رہا اور ان کے بعد بنو امیہ پھر بنو عباسیہ کے پاس رہا[2]۔

عبداللہ بن سوار عبدیؒ ۴۵ھ میں فتح قیقان کے بعد کرز بن ابوکرز عبدی کو اپنا نائب مقرر کر کے حضرت معاویہؓ کے پاس گئے اور کچھ دنوں وہیں رہے۔ اس درمیان میں ہندوستان کے انتظامات حضرت کرز بن ابوکرز سنبھالتے رہے پھر ابن سوار نے واپس آکر اپنا عہدہ

---

[1] فتوح البلدان ص ۴۲۱۔ [2] کتاب الذخائر والتحف ص ۱۶۶، ص ۱۶۷۔

Marfat.com

سنبھالا اور ۴۶ھ میں ایک جہاد میں شہید ہوئے، مگر ابن اثیر نے ان کی ۴۳ھ کی ولایت کا تذکرہ کر کے بلاذری کی مذکورہ بالا عبارت درج کر دی ہے[1] یعنی راشد نے ۴۳ھ ہی میں جہاد کیا اور اسی سال شہید ہو گئے، حالانکہ یہ خلافِ واقعہ ہے۔

## داور کی فتح ۴۶ھ

شمال میں سرحد سجستان سے متصل سندھ کا علاقہ بلادِ داور تھا جسے حضرت ربیع بن زیاد حارثیؓ نے ۳۰ھ میں عہدِ عثمانی میں فتح کیا تھا، مگر سجستان و کابل اور داور کے باشندوں نے بدعہدی و بغاوت کی راہ اختیار کی تو حضرت معاویہؓ نے ۴۱ھ میں حضرت عبد الرحمٰن بن سمرہ کو سجستان کی ولایت دی، انھوں نے جنگ یا صلح کے ذریعہ ان علاقوں کو مطیع کیا مگر چند سالوں کے بعد کابل شاہ نے طاقت جمع کر کے خروج و بغاوت پر کمر باندھی اور کابل میں جو مسلمان مستقل طور سے آباد ہو گئے تھے یا وقتی طور سے مقیم تھے سب کو نکال دیا نیز اسی کے ساتھ بامیان کے راجہ رتبیل نے موقع سے فائدہ اٹھایا اور زابلستان (غور) اور رخج پر قبضہ کر کے بست تک کا علاقہ دبا لیا، جب اس کی خبر عراق میں پہونچی تو حضرت ربیع بن زیاد حارثی مجاہدین کی ایک جماعت لے کر کابل شاہ اور رتبیل کی تادیب کے لئے آئے اور راجہ رتبیل سے بست میں جنگ کر کے شکست دی، وہ بھاگ کر رخج آیا، ربیع نے یہاں بھی اس سے مقابلہ کر کے زیر کیا، اس کے بعد بلادِ داور کی سمت روانہ ہوئے اور جس شہر کو ۳۰ھ میں فتح کر کے وہاں کے بت کی آنکھ نکال کر راجہ کے پاس بھجوائی تھی اس کو دوبارہ ۴۶ھ میں فتح کیا، اس کے بعد ہی والیٔ عراق زیاد بن ابو سفیان نے ربیع بن زیاد حارثیؓ کو معزول کر کے عبید اللہ بن ابو بکرہ کو سجستان کا والی بنایا[2] داور کی اس دوسری فتح کے زمانہ میں سندھ و مکران کے امیر ابن سوّار عبدی حضرت معاویہؓ کے پاس دمشق میں تھے اور ان کے نائب کرز بن ابو کرز یہاں موجود تھے، یہ فتح براہ

---

[1] کامل ابن اثیر ج  [2] فتوح البلدان ص ۸۹



Marfat.com

راست سندھ و مکران کی نہیں تھی بلکہ سجستان کی فتوحات کے ضمن میں سندھ کے ایک دور دراز علاقہ کی فتح تھی جس کا تعلق امیر سجستان سے تھا۔

## قیقان کی فتح ۴۷ھ

۴۵ھ میں حضرت ابن سوار عبدی نے قیقان کو فتح کر کے وہاں کی طاقت توڑ دی تھی حتی کہ اس کے راجہ نے فدیہ و ہدیہ کے ذریعہ اپنی اطاعت کا اقرار کر لیا تھا مگر واقعہ یہ ہے کہ قیقان و قندابیل کے سخت جان باشندے اور راجے چین سے نہیں بیٹھے بلکہ دو سال تک اندر ہی اندر زیر دست تیاری کرتے رہے۔ عہد عثمانی کے بعد سے یہاں رہ رہ کر شورش و بدعہدی کی آگ بھڑکتی رہی اور مسلمانوں کو بار بار عظیم قربانیاں دینی پڑیں چنانچہ ۴۷ھ میں قیقان و قندابیل کے باشندوں اور راجوں نے پھر سرکشی و بدعہدی کی راہ اختیار کی اور باہمی معاہدات و شرائط کی خلاف ورزی کر کے شر و فساد کو دعوت دی جس کی وجہ سے مسلمانوں کو پھر ادھر توجہ کرنی پڑی اور ۴۷ھ میں عبد اللہ بن سوار نے قیقان پر دوبارہ فوج کشی کی، چونکہ اس درمیان میں دشمنوں نے پوری طاقت جمع کر لی تھی، اس لئے اسلامی لشکر کو سخت قسم کی شکست سے دوچار ہونا پڑا، ۳۸ھ کی روایت سامنے آ گئی جس میں قیقان کے محاذ پر تقریباً ڈیڑھ ہزار مجاہدین اسلام اور ان کے امیر حضرت حارث بن مرہ کو قربانی دینی پڑی تھی، یہی صورت حال اس سال بھی درپیش آئی جب قیقانیوں سے مقابلہ ہوا تو اسلامی فوج کا بیشتر حصہ اپنے امیر کے ساتھ میدان جنگ میں کام آ گیا۔ خلیفہ بن خیاط نے بیان کیا ہے کہ ۴۷ھ میں عبد اللہ بن سوار عبدی نے قیقان پر چڑھائی کی تو ترکوں یعنی اہل قیقان نے بھاری فوج سے ان کا مقابلہ کیا جس کے نتیجہ میں عبد اللہ بن سوار کے ساتھ ان کی فوج کا بڑا حصہ میدان میں شہادت سے ہمکنار ہو گیا اور قیقان پر مشرکوں نے قبضہ کر لیا[1] یعقوبی نے لکھا ہے کہ راشد بن عمرو جدیدی کی شہادت کے بعد حضرت معاویہ نے عبد اللہ بن سوار بن ہمام

[1] تاریخ خلیفہ ج ۱ ص ۲۴۴

Marfat.com

عبدیؓ کو ثغر ہند کی طرف روانہ کیا وہ چار ہزار فوج کے ساتھ مکران آئے یہاں چند ماہ قیام کر کے قیقان کا رخ کیا مقامی باشندوں نے بھی پوری تیاری کی تھی، اس لئے جانبین میں گھمسان کی جنگ ہوئی جس میں ابن سوّار اور اسلامی فوج کے عام مجاہدین شہید ہو گئے اور اس کا بچا کھچا حصہ مکران واپس چلا گیا، حضرت معاویہؓ کو اس حادثہ کا علم ہوا تو انھوں نے والی بصرہ زیاد بن ابو سفیان کو لکھا کہ تم مکران کی ولایت پر کسی ایسے شخص کو روانہ کرو جو صاحب عزم و حوصلہ ہونے کے ساتھ صاحب بصیرت وفراست بھی ہو، زیاد نے اس حکم کی تعمیل کرتے ہوئے حضرت سنان بن سلمہ بن محبق ہذلیؓ کو والی مکران بنا کر یہاں بھیجا۔[1]

چچ نامہ میں اس واقعہ کی تفصیل یوں درج ہے کہ حضرت معاویہؓ نے عبد اللہ بن سوار کو چار ہزار لشکر کا امیر بنا کر سندھ کی طرف روانہ کیا، اور ان سے کہا کہ سندھ میں کچھ پہاڑی علاقے ہیں جن کو بلادِ قیقان کہتے ہیں یہاں کے گھوڑے بہت خوبصورت اور ڈیل ہوتے ہیں اس مقام کو مسلمانوں نے فتح کر کے بہت سا مالِ غنیمت پایا ہے، مگر اس کے باشندے بد عہد اور دھوکہ باز ہیں اور تمرّد وسرکشی کر کے اپنے پہاڑوں میں چھپ جاتے ہیں جب تم اس علاقہ پر چڑھائی کرنا تو ان تمام باتوں کا خاص طور پر خیال رکھنا، اس کے بعد عبد اللہ بن سوار مکران آئے اور بلادِ قیقان میں جنگ کر کے فتح یاب ہوئے، مسلمانوں نے غنیمت کا مال پایا اہل قیقان شکست کھا کر پہاڑوں میں پناہ گزین ہوئے۔ مسلمان بھی پیچھے پیچھے گئے اور دونوں طرف سے شدید جنگ ہوئی۔ اسلامی فوج کھلے میدان میں تھی اور قیقان کی فوجیں پہاڑوں میں روپوش تھیں اور سنگین پناہ گاہوں سے نکل کر مقابلہ کرتی تھیں اور پھر اندر چلی جاتی تھیں میدان کارزار میں حضرت عبد اللہ بن سوار اسلامی فوج کو لے کر اترے اور ایک پر جوش خطبہ دیا جس میں کہا کہ اے انصار ومہاجرین کی اولاد! آج تمہارے سامنے جنت ہے یہ جملہ سنتے ہی مجاہدینِ اسلام اپنے امیر کے جھنڈے کے نیچے جمع ہو گئے، اس کے بعد اسلامی فوج سے دو بہادر سپاہی میدان میں نکلے، ایک

[1] تاریخ یعقوبی ج ۲ ص ۲۷۸۔

عبداللہ بن سوّار کے بھائی یاسر بن سوّار اور دوسرے ان ہی کے قبیلہ عبد القیس کے ایک سپاہی تھے، یہ دونوں بہادر دشمنوں کی صفوں کی طرف بڑھے اور ان کے ایک نامور بہادر اور سردار کا کام پہلے ہی وار میں تمام کر دیا جس سے قیقانی فوج حمیت وغیرت میں آکر جوش وخروش کے ساتھ مسلمانوں پر حملہ آور ہوئی، مسلمانوں نے بھی نہایت بہادری سے مقابلہ کیا اور دشمنوں کو اس طرح مارا کہ ان کی لاشوں سے پہاڑ پٹ گئے، حاتم بن قبیصہ سلمی کا بیان ہے کہ میں اس معرکہ میں موجود تھا میں نے ایک سو مقتولوں کی انگوٹھیاں غنیمت میں پائی تھیں اور میں نے عبداللہ بن سوّار کو دیکھا کہ نہایت دلیری اور جوانمردی کے ساتھ دشمنوں سے مقابلہ کر رہے ہیں، مگر آخر میں شہید ہو گئے، عبداللہ بن عبدالرحمٰن عبدی نے حضرت معاویہؓ کے دربار میں ابن سوّار کی بہادری کا اظہار و اعتراف ان اشعار میں کیا ہے۔

ابلغ ربیعۃ اعلاھا و اسفلھا      انا وجدنا ابن سوّار کسوّار

قبیلہ ربیعہ کے اعلیٰ اور ادنیٰ سب لوگوں کو یہ بات پہنچا دو کہ ہم نے واقعی عبداللہ کو ان کے باپ سوّار کی طرح بہادر پایا۔

لا یسمن الخیل الا ریث یھملھا      وما سواہ فتردی طول اعمارہ

جتنی مدت وہ گھوڑے کو چھوڑے رہتے ہیں وہ موٹا تازہ ہوتا ہے اس کے علاوہ وہ ہمیشہ میدانِ جنگ میں رہتا ہے

اسی طرح ایک اور شاعر اعور شنی نے حضرت معاویہؓ کے دربار میں ابن سوّار کے بارے میں کہا

من کابن سوّار اذ جاشت مراجلہ      فی الحرب الا اوقدت نار لھا بعدہ

جب میدانِ جنگ میں ابن سوّار کے دیگ جوش مارنے لگتے ہیں تو پھر ان کے مانند کون سخی ہو سکتا ہے، ان کے بعد ان دیگوں کے نیچے آگ نہیں جلائی جا سکی۔

---

[1] چچ نامہ ص ۷۸، ۷۹، ۸۰۔

Marfat.com

کانت مراجل للرزق ضامنةً　　فاکفن بنات الحرب والجودہ

ان کے دیگ کھانے کے ضامن تھے، وہ جنگ اور سخاوت کی پیداوار تھے۔

۴۲ھ سے ۴۷ھ تک نیقان و قندابیل کے علاقوں میں مسلمانوں کو اسلام کی راہ میں زبردست قربانی دینی پڑی، ان کے تین امرار اور فوج کے اکثر سپاہی شہید ہوئے، اس درمیان میں حضرت سنان بن سلمہؓ ہنگامی طور سے فوجی امیر ہو جایا کرتے تھے مگر ۴۷ھ کے بعد ان کو مستقل طور سے یہاں کی ولایت پر رکھا گیا جس کے نتائج بہت خوشگوار نکلے۔

## مکران، قیقان اور قصدار کی فتح ۴۸ھ

۴۷ھ کے حادثہ قیقان کی خبر سے حضرت معاویہؓ کو سخت رنج ہوا اور ان کو ہندوستان کی امارت کے لئے ایسے شخص کی تلاش ہوئی جو بہادری کے ساتھ اصابت رائے میں بھی کامل ہو، آخر حضرت سنان بن سلمہ بن محبق ہذلی رضی اللہ عنہ پر نگاہ انتخاب جمی جو صحابی رسولؐ تھے ہندوستان میں دو بار نیابت ولایت کے فرائض انجام دے چکے تھے اور یہاں کے سرد گرم سے اچھی طرح واقف تھے اس لئے ان کو ہی یہاں کا مستقل امیر بنایا، انھوں نے قیقان و قصدار وغیرہ میں شاندار فتوحات کر کے اپنے حسن انتظام سے نہایت مضبوط حکومت قائم کی اور ایک مستقل دار الامارۃ تعمیر کر کے اسے تمام ضروری سامان سے طاقتور بنایا، خلیفہ بن خیاط نے لکھا ہے کہ ۴۸ھ میں عبد اللہ بن سوّار کی شہادت کے بعد حضرت معاویہؓ نے زیاد بن ابی سفیان کو لکھا کہ تم کسی قابل شخص کو ہندوستان کی ولایت پر بھیجو، زیاد نے اس حکم کی تعمیل کرتے ہوئے حضرت سنان بن سلمہ بن محبق ہذلیؓ کو یہاں روانہ کیا[1]

پھر آگے چل کر لکھا ہے کہ ۵۰ھ میں راشد بن عمرو جدیدی ہندوستان میں فوت ہوئے اور ان کی شہادت کے بعد زیاد نے سنان بن سلمہ کو ثغر ہند کا والی بنایا، علامہ ابن عبد البر

[1] تاریخ خلیفہ ج ۱ ص ۲۴۵۔

نے بھی خلیفہ کے حوالہ سے یہی درج کیا ہے نیز اس سے پہلے عبد اللہ بن سوار عبدی کے بعد سنان کی ولایت سندھ کا ذکر کیا ہے[۱]۔

ابن قتیبہ نے عیون الاخبار میں بیان کیا ہے کہ حضرت معاویہؓ نے زیاد کو لکھا کہ تم کسی ایسے آدمی کو تلاش کرو جو ثغر ہند کی ولایت کے قابل ہو اور اس کو وہاں کا امیر بناؤ، زیاد نے اس کے جواب میں حضرت معاویہؓ کو لکھا کہ اس وقت میری نظر میں دو آدمی اس کے لئے مناسب معلوم ہوتے ہیں، ایک احنف بن قیس اور دوسرے سنان بن سلمہ، حضرت معاویہؓ نے لکھا کہ ہم احنف بن قیس کو ثغر ہند کا امیر بنا کر ان کے دونوں میں سے کسی دن کا بدلہ دیں، ایک دن ام المومنین کو دھوکہ دینے کا اور دوسرا دن جنگ صفین میں ہمارے خلاف کوشش کرنے کا، اس خط کو پاکر زیاد نے حضرت سنان بن سلمہ کو ہندوستان بھیجا[۲] اور یعقوبی نے لکھا ہے کہ عبد اللہ بن سوار اور عام مجاہدین کی شہادت کے بعد بچا کھچا اسلامی لشکر مکران واپس چلا گیا جب حضرت معاویہؓ کو اس واقعہ فاجعہ کی خبر ملی تو انھوں نے زیاد کو لکھا کہ وہ کسی صاحب عزم وحزم اور بہادر آدمی کو مکران کی امارت پر روانہ کرے چنانچہ اس نے سنان بن سلمہ ہذلیؓ کو روانہ کیا، وہ مکران میں ایک مدت تک مقیم رہے پھر زیاد نے ان کو وہاں سے ہٹایا[۳]۔ بلاذری کے بیان سے حضرت سنان بن سلمہ کی زندگی اور ان کے فاتحانہ کارناموں پر روشنی پڑتی ہے، انھوں نے لکھا ہے کہ حضرت معاویہؓ کے زمانہ میں زیاد نے سنان بن سلمہ بن محبق ہذلی کو سندھ کا والی بنایا سنان نہایت بزرگ اور خدا پرست انسان تھے، انھوں نے سب سے پہلے اپنی فوجوں سے طلاق کے ذریعہ حلف لی اور ہندوستان کے سرکشوں اور بہادروں سے مقابلہ کے لئے اپنی فوجوں کو پورے طور سے تیار کیا، ان کی آمد سے پہلے مکران کی حالت نہایت ابتر ہو گئی تھی، انھوں نے آتے ہی مکران میں جنگ کرکے فتح پائی اور یہاں دار الامارت بنا کر آباد کیا اور وہیں قیام کرکے ملکی انتظامات درست کئے نیز انھوں نے اس کے بعد قصدار کو فتح کیا مگر ان کے بعد یہاں کے باشندوں نے

۱؎ الاستیعاب ج ۲ ص ۱۸۰ ۲؎ عیون الاخبار ج ۱ ص ۲۲۶ ۳؎ تاریخ یعقوبی ج ۲ ص ۲۷۸

خروج وبغاوت کی راہ اختیار کی حتیٰ کہ بعد میں منذر بن جارود عبدی نے اسے دوبارہ فتح کیا ایک شاعر نے سنان کی حلف کے بارے میں کہا ہے:۔

رأیتُ ھذیلاً احدثت فی یمینہا　　　طلاق نساء ما یسوق لہا مھرا

(میں نے قبیلہ ہذیل والوں کو دیکھا کہ انھوں نے اپنی قسم میں ایسی عورتوں کی طلاق کا اضافہ کرلیا جن کی مہر بھی ادا نہیں ہوسکی ہے)

لہان علیَّ حلفۃُ ابن محبق　　　اذا رفعت اعناقہا خلقا صبرا[1]

(جب وہ عورتیں اپنی گردنیں اٹھاتی ہیں جن کی عروسی کی خوشبو آتی ہے تو میرے لئے محبق کی قسم آسان ہو جاتی ہے۔ ذہبی نے العبر میں اور ابن عماد نے شذرات الذہب میں ۴۸ھ میں سنان بن سلمہ کے ہندوستان میں امیر و والی بن کر آنے کی تصریح کی ہے[2] تعجب ہے کہ خلیفہ بن خیاط نے حضرت سنان کی ولایت ہند کی تصریح ۴۸ھ میں کرنے کے باوجود اپنی تاریخ میں دو مقامات پر ۵۰ھ میں راشد بن عمرو جدیدی کی شہادت اور سنان بن سلمہ کی ولایت کا تذکرہ کیا ہے[3] نیز اپنی کتاب الطبقات میں راشد بن عمرو کی شہادت ۵۰ھ میں لکھی ہے[4] اسی طرح حافظ ابن حجر نے اصابہ میں خلیفہ بن خیاط کے حوالہ سے حضرت سنان کی ولایت ہند ۵۰ھ میں بتائی ہے[5] حالاں کہ عام روایت کے مطابق جیسا کہ خود خلیفہ نے بھی تاریخ میں لکھا ہے، حضرت راشد بن عمرو کی شہادت ۴۲ھ میں ہوئی ہے جس کے بعد حضرت سنان وقتی امیر ہند ہوئے تھے۔

علی بن حامد نے چچ نامہ میں لکھا ہے کہ راشد بن عمرو کی شہادت ۴۲ھ کے بعد زیاد بن ابوسفیان نے سنان بن سلمہ کو مکران کا امیر مقرر کیا، اور یہ کہہ کر اطمینان ومسرت کا اظہار کیا کہ حضرت سنان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں پیدا ہوئے ہیں اور ان کی ذات بابرکات ہے، سنان افواج لے کر ہندوستان کی سمت روانہ ہوئے اسی درمیان میں انھوں نے خواب دیکھا کہ رسول اللہ

---

[1] فتوح البلدان ص ۴۲۱ و ۴۲۲ [2] العبر ج ۲ ص ۵۴ و شذرات الذہب ج ۱ ص ۵۰ [3] تاریخ خلیفہ ج ۱ ص ۲۴۸ و ص ۲۴۹ و ۲۵۰ [4] طبقات خلیفہ ص ۴۸ [5] اصابہ ج ۲ ص ۱۰۹۔

صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ تمہارے والد سلمہ تمہاری شجاعت پر فخر کرتے تھے، اب تمہارا زمانہ آگیا ہے اللہ تعالیٰ تمہارے ہاتھوں پر بہت سے شہروں کو فتح فرمائے گا اور تمہاری ذات سے ان میں خیر وصلاح پیدا ہوگی۔ اس مبارک خواب کے بعد سنان عزم وحوصلہ کے ساتھ نکلے اور راست میں جو شہر آئے ان کی اصلاح وتادیب کرتے ہوئے قیقان پہونچے، پھر وہاں سے علاقہ بدھ کی طرف، متوجہ ہوئے جہاں دشمنوں نے ان کو دھوکہ سے شہید کر دیا۔ ابن خلاص مکری نے ان کے متعلق یہ اشعار کہے ہیں:-

ابلغ سنان بن منصور واخوتہ اعنی ھذیلا کراما غیر اعماد

(سنان بن منصور اور ان کے بھائی بنو ہذیل جو نہایت شریف اور تجربہ کار ہیں ان کو میرا یہ پیغام پہنچا دو)

انا عتبنا علیکم فی امارتکم والدھر ذافلل فی الناس دوار

(ہم نے تم لوگوں کی امارت کے بارے میں تم کو سخت وسست کہا اور زمانہ کو برا بھلا کہا جو انسانوں میں مصائب کے ساتھ گردش کرتا ہے)۔

یعطی الجزیل ویلشر غیر مستتر ولا یزید ثریٰ من بعد اقتار

(وہ وافر مقدار میں عطیہ دیتے ہیں اور کھلم کھلا مال ودولت تقسیم کرتے ہیں اور اسی وجہ سے غربت کے بعد زیادہ مالدار نہیں ہوتے)

لم ینزل القومُ اذحنت فتاتھم کابن المعلیٰ ولا مثل ابن سوار

(اونٹنیوں کے شدتِ شوق کے وقت ابن معلیٰ اور ابن سوار جیسے دوسرے سوار نہیں اترے)

ولا ابن مرّۃ اذاودی الزمان بہ کم فلل الدھر من ناب واظفار[1]

(اور نہ ابن مرہ جیسا کوئی ہے جسے زمانہ نے ہلاک کر دیا، زمانہ اپنے دندان وناخن سے اس طرح کا نقصان کتنا ہی کر چکا ہے۔

اس بیان میں دو باتیں عام مؤرخوں کی تصریحات کے خلاف ہیں ایک یہ کہ سنان کی پہلی

---

[1] چچ نامہ صفحہ ۸۲ و ۸۳۔

Marfat.com

ہنگامی ولایت ہند کو جو راشد بن عمرو کی شہادت ۴۲ھ کے بعد ہوئی تھی اول و آخر ولایت قرار دیا ہے حالاں کہ یہ واقعہ ابن سوار کی شہادت ۴۸ھ کے بعد کا ہے اور دوسری بات یہ ہے کہ سنانؓ علاقہ بدھ میں شہید کر دیئے گئے، حالاں کہ وہ معزول ہونے کے بعد عبد الملک بن مروان کے زمانہ میں بحرین کے امیر بنائے گئے تھے، اور حجاج بن یوسف کے آخری دور امارت میں فوت ہوئے۔ حضرت سنان بن سلمہ ہذلی رضی اللہ عنہ کے غزوۂ قیقان میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے مسلمانوں کی جو نصرت ہوئی ہے، وہ ہندوستان کی اسلامی تاریخ کا نہایت ہی مقدس و متبرک واقعہ ہے اور اس سے سرزمین ہند پر ملائکۃ الرحمٰن کے نزول کا ثبوت ملتا ہے، خلیفہ بن خیاط نے حضرت ابو الیمان معلّیٰ بن راشد نبال ہذلی بصری رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کی ہے کہ ہم لوگ حضرت سنانؓ کے ساتھ قیقان میں مصروف جنگ تھے کہ دشمن کی ایک زبردست فوج ہمارے مقابلہ میں آئی جسے دیکھ کر سنانؓ نے مجاہدین اسلام سے فرمایا کہ اے مسلمانو! تم کو بشارت ہو اس وقت تم لوگ دو سعادت مندیوں کے درمیان ہو، جنت اور غنیمت، یہ کہہ کر حضرت سنان نے سات پتھر لئے اور مجاہدوں کے درمیان کھڑے ہو کر کہا کہ جب تم دیکھنا کہ میں نے حملہ کر دیا تو تم بھی حملہ کرنا، اس کے بعد رکے رہے یہاں تک کہ آفتاب وسط آسمان میں پہونچ گیا اور دوپہر کا وقت ہو گیا، اس وقت انھوں نے ایک پتھر اسلامی لشکر کے سامنے پھینکا، ساتھ ہی نعرۂ تکبیر بلند کیا اسی طرح باری باری پتھر پھینکتے رہے اور تکبیر بلند کرتے رہے یہاں تک کہ ان کے ہاتھ میں صرف ایک پتھر رہ گیا اسی اثنار میں سورج بھی ڈھل گیا اور ساتواں پتھر پھینک کر حٰمٓ لَا یُنْصَرُوْنَ پڑھا اس کے بعد نعرۂ تکبیر کے ساتھ حملہ کر دیا ان کے ساتھ ہی ہم لوگوں نے بھی حملہ کیا اور دشمنوں سے یوں بہادری اور بے جگری سے جنگ کی کہ چار فرسخ تک ان کا تعاقب کیا اور وہ بھاگتے رہے آگے جا کر ہم کو ایک قلعہ ملا جس میں دشمن کے کچھ آدمی پناہ گزیں تھے، انھوں نے ہم کو دیکھتے ہی کہا کہ خدا کی قسم آپ لوگوں نے ہم کو نہیں مارا ہے اور نہ ہی ہم نے آپ لوگوں سے جنگ کی ہے، بلکہ ایسے شخصوں نے یہ کام کیا ہے جن کو اسوقت

Marfat.com

ہم آپ لوگوں کے ساتھ نہیں دیکھ رہے ہیں، وہ ابلق گھوڑوں پر سوار تھے اور ان کے سروں پر سفید عمامے تھے، دشمنوں کی زبانی ہم نے یہ واقعہ سن کر اللہ سے کہا کہ یہ اللہ کی مدد تھی، قیقان کے اس سخت معرکہ کے بعد جب ہم مظفر و منصور واپس آئے تو معلوم ہوا کہ ہمارا صرف ایک سپاہی شہید ہوا ہے، ابوالیسمان نبال کا بیان ہے کہ معرکہ قیقان کے بعد ہم نے حضرت سنان سے دریافت کیا کہ کیا بات تھی کہ آپ دشمن پر حملہ کرنے سے رکے رہے۔ اور جب سورج ڈھل گیا تو حملہ کیا؟ انھوں نے بتایا کہ غزوات میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہی طریقہ تھا، اور آپ غنیم پر حملہ کے وقت ایسا ہی فرمایا کرتے تھے[1]

اس اہم اور عظیم واقعہ کی طرف علامہ ابن عبدالبر نے بھی ان الفاظ میں اشارہ کیا ہے:۔

ولسنان ھذا خبر عجیب فی غزو الهند[2] — غزوات ہند کے سلسلہ میں سنان کا ایک عجیب واقعہ ہے

## گجرات اور سوراشٹر کی فتح ۵۳ھ

خلافتِ راشدہ کی طرح خلافتِ امویہ میں بھی سجستان اور مکران و سندھ کی امارتوں میں یوں باہمی تعلقات رہے کہ کبھی سجستان کے امراء وعمال مکران و سندھ کے علاقوں، میں ضمناً فتوحات حاصل کرتے تھے اور کبھی مستقل طور سے یہاں فوج کشی کرتے تھے جیسا کہ ۴۴ھ میں والی سجستان مہلب بن ابوصفرہ نے بنوں لاہور اور قندابیل میں فتوحات کیں، اسی طرح ۵۳ھ میں والی سجستان عباد بن زیاد بن ابوسفیان نے سندھ کے آگے ہندوستان کے علاقہ میں گجرات اور سوراشٹر میں فتوحات کیں صورت یہ ہوئی کہ حضرت سنان کی فتوحات اور انتظامات کی وجہ سے ہندوستان میں مسلمانوں کو سکون و اطمینان نصیب ہوا تو یہاں مزید فتوحات کی، کوشش شروع ہوئی مقامی حالات نے اس کے لئے امکان بھی پیدا کر دیا، چنانچہ سندھ و مکران کے آگے بڑھنے کی پہلی کوشش ۵۳ھ میں امیر سجستان کی طرف سے ہوئی خلیفہ بن خیاط نے لکھا ہے

[1] تاریخ خلیفہ ج ۱ ص ۲۴۸، ۲۴۹ و ۲۵۰۔ [2] الاستیعاب ج ۲ ص ۵۸۰۔

کر ۵۳ھ میں سجستان کی ولایت سے عبید اللہ بن ابوبکرہ کو ہٹا کر ان کی جگہ عباد بن زیاد بن، ابوسفیان کو امیر بنایا گیا اور عباد نے قندھار میں جہاد کر کے بیت الذہب (کچھ) و سوراشٹر تک کا علاقہ فتح کیا، اہل ہند نے مقابلہ کے لئے زبردست فوج جمع کر رکھی تھی، مگر اللہ تعالیٰ نے ان کو ہزیمت دی[1]،

بلاذری نے خلیفہ کے مقابلہ میں یوں تفصیل سے کام لیا ہے کہ زیاد بن ابوسفیان کی موت کے بعد حضرت معاویہؓ کی طرف سے ان کے بیٹے عباد بن زیاد کو سجستان کی امارت دی گئی اور انہوں نے وہاں سات سال تک امارت کی خدمت انجام دی، اسی درمیان میں وہ سجستان سے نکل کر سنارود کی سمت سے روانہ ہوئے اور سجستانی علاقہ حوی کنز ؟ سے گذر کر رودبار پہونچے اور وہاں سے دریائے ہندمند پار کر کے علاقہ کش (کچھ) میں اترے، پھر میدانی علاقہ طے کر کے قندہار (گندھارا) آئے، انھوں نے یہاں کے باشندوں کی لمبی لمبی ٹوپیاں دیکھ کر ان ہی جیسی ٹوپیاں بنائیں جو عبّادیّہ کے نام سے مشہور ہوئیں، عباد بن زیاد نے قندہار کے باشندوں سے جنگ کر کے ان کو شکست دی، اور منتشر کیا، اس جنگ میں اسلامی فوج کے چند سپاہی بھی کام آئے، اس مہم میں مشہور شاعر یزید بن مفرغ حمیری عباد بن زیاد کے ساتھ تھا، اس نے اس موقع پر یہ اشعار کہے تھے،

کم بالجروم وارض الهند من قدمٍ　　　ومن سرائك قتلى لاهم قبروا

(گرم علاقوں اور سرزمین ہند میں مجاہدوں کے کتنے ہی نشان قدم ہیں اور قندہار میں مقتول بہادر دفن نہ کئے جا سکے،)

بقندهار، ومن یکتب منیتهُ　　　بقندهار یرجم دونه الخبر[2]

(اور جس کی موت قندہار میں لکھی گئی ہے، اس کی خبر ملنی مشکل ہے،)

بلاذری کی عبارت میں "کش" ہے اسے "قصہ" بھی کہتے ہیں اور فتوح البلدان میں کش اور

---

[1] تاریخ خلیفہ ج ۱ ص ۲۰۶ [2] فتوح البلدان ص ۴۲۲۔

قصہ دونوں تلفظ موجود ہیں یہ کچھ کا معرب ہے جو سندھ اور گجرات کے درمیان سوراشٹر میں بحر عرب کا ساحلی صحرا ہے اور صحرائے رن کچھ بولا جاتا ہے یاقوت حموی نے معجم البلدان میں لکھا ہے کہ کش سرزمین سندھ میں ایک شہر ہے ویسے سمرقند کے پاس بھی کشش یا کس نامی ایک شہر ہے اسی طرح جرجان میں کش نامی ایک گاؤں ہے مگر یہ دونوں مقامات بلاد ماوراء النہر کے حدود میں واقع ہیں جو سجستان سے کوئی تعلق نہیں رکھتے اور یہاں پر کش سے مراد کچھ ہی ہے، اور قندہار کے بارے میں یاقوت حموی نے لکھا ہے کہ یہ سندھ اور ہند کے شہروں میں ایک شہر ہے جو فتوحات کی کتابوں میں مشہور ہے یہ دراصل گندہار اکا معرب ہے ظفر الوالہ بمظفر والہ میں ہے کہ کھمبائت کی کھاڑی پر قندہارا ایک معمولی سی بندرگاہ ہے یہ مقام آج کل گجرات کے ضلع بھڑوچ میں کاوی کے پاس ہے، یہاں پر یہی مراد ہے، کابل کے قریب والا قندہار مراد نہیں ہے، خلیفہ نے قندھار کے ساتھ بیت الذہب نامی علاقہ کا نام لیا ہے' اس سے مراد سوراسٹر کا علاقہ جسے عرب سیاح و تاجر بیت الذہب کے لقب سے یاد کرتے تھے اور انھوں نے اس کا دار السلطنت مانکیر (منگرور، یا منگرول) بتایا ہے[1]

## بوقان وغیرہ کی فتح حدود ۵۵ھ

حضرت سنان بن سلمہ ؓ ۴۸ھ میں یہاں نشان دار فتوحات حاصل کرنے کے بعد انتظامی امور و معاملات میں مصروف رہے، اس درمیان میں سجستان کے امیر نے سندھ کے آگے سوراشٹر اور گجرات میں فتوحات کیں، مگر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ قیقان و بوقان وغیرہ میں غدر و بے وفائی کی دبی چنگاریاں پھر سلگنے لگیں اور ان اطراف میں تادیبی کارروائی کی ضرورت محسوس کی جانے لگی، چنانچہ ۵۵ھ میں یا اس کے بعد ان علاقوں میں حری بن حری باہلی نے فوجی کارروائی کر کے فتح پائی اور حضرت سنان بن سلمہ دار الامارۃ میں رہ کر انتظامات درست کرتے رہے صورت

---

[1] عجائب الہند ص ۱۷۱۔

Marfat.com

یہ ہوئی کہ حضرت معاویہؓ نے ۵۵ھ میں عبید اللہ بن زیاد بن ابوسفیان کو بصرہ کا والی بنا کر مشرقی ممالک اور ہندوستان کا انتظام بھی اسی کو سپرد کیا، عبید اللہ بن زیاد نے حری بن حری باہلی کو سندھ و مکران کا امیر بنایا اور انھوں نے ان علاقوں میں قتال شدید کر کے فتح پائی اور مالِ غنیمت حاصل کیا، بہر حال اللہ تعالیٰ نے ان کے ہاتھ پر فتوحات دیں، ایک قول یہ ہے کہ عبید اللہ بن زیاد نے حضرت سنان کو امارت پر باقی رکھ کر حرّی بن حرّی کو ان کی فوجوں کا امیر بنایا تھا، ایک شاعر نے ابن حرّی کے بوقان میں جہاد کرنے کا ذکر اپنے شعر میں یوں کیا ہے[1]

لولا طعانی بالبوقان مارجعت     منہ سرایا ابن حرّی باسلاب[1]

(اگر غزوۂ بوقان میں میری تیر اندازی نہ ہوتی تو ابن حری کی فوجیں دشمنوں کے سامان لے کر واپس نہ آتیں)

ہمارے علم میں بلاذری کے علاوہ اور کسی مؤرخ نے ابن حری کی غزوات و فتوحات کا تذکرہ نہیں کیا ہے، اس کے مختصر بیان سے اندازہ ہوتا ہے کہ قیقان و قندابیل و بوقان کے حالات تیزی سے بگڑ رہے تھے اور مقامی باشندے نہ خود چین سے رہتے تھے نہ دوسروں کو رہنے دیتے تھے، اس زمانہ میں مکران و سندھ کے مستقل امیر حضرت سنان تھے اور ابن حری ان کے فوجی امیر بنا کر روانہ کئے گئے تھے، یاقوت حموی نے لکھا ہے کہ بوقان سندھ کا ایک شہر ہے اور بلاذری نے لکھا ہے کہ تیسری صدی میں یہاں مسلمانوں کی آبادی تھی اور عباسی دور میں یہاں عمران بن برمکی نے بیضار نامی اسلامی شہر بسایا تھا''

ہماری تحقیق میں حضرت معاویہؓ کے دور میں سندوستان کی یہ آخری فتوحات ہیں، البتہ بعض قرائن سے معلوم ہوتا ہے کہ ان کے دور میں ۵۸ھ میں ایک اور فوجی مہم سوراشٹر اور گھوگھہ میں آئی تھی، چنانچہ مرآۃ مصطفےٰ آباد یعنی تاریخ امارۃ جوناگڑھ میں لکھا ہے کہ محمد شفیع سیاح نے ذکر کیا ہے کہ گھوگھہ کی بندرگاہ میں ایک پتھر ملا ہے جس میں تحریر یہ ہے کہ ۵۸ھ میں امیر لشکر

[1] فتوح البلدان ص ۴۲۳۔

اسمٰعیل ایک زبردست فوج لے کر گھوگھ کی بندرگاہ پر اترے اور یہاں کے راجہ سے اسلامی فوج کی جنگ ہوئی جس میں جانبین کے بہت سے آدمی مارے گئے، چنانچہ اس جنگ میں امیر اسمٰعیل اور یعقوب مدنی شہید ہوئے،

اس تحریر میں گھوگھ کا نام شامی ۹۹ھ ہے اس واقعہ کی تائید کسی اور روایت سے نہیں ہوتی ہے ویسے ۵۳ھ میں والی سجستان عباد بن زیاد نے علاقہ کچھ میں فتوحات حاصل کی تھیں جس میں گھوگھ بندرگاہ بھی ہے ممکن ہے کہ اس کے چار پانچ سال کے بعد پھر ان اطراف میں کوئی فوجی مہم آئی ہو، مگر اس کا ثبوت نہیں دیا جا سکتا،

## قندابیل، قیقان، بوقان اور قصدار وغیرہ کی فتح ۶۲ھ تا ۶۴ھ

حضرت معاویہؓ کے انتقال ۶۰ھ تک ہندوستان میں غزوات وفتوحات کا سلسلہ شمال میں داور اور رجال پایہ سے لے کر جنوب میں سوراشٹر اور گجرات تک جاری رہا، اس طرح مکران و سندھ اور گجرات کے علاقے کبھی دارالاسلام میں داخل ہو کر خلافت اسلامیہ کا قانونی حصہ قرار پاتے اور کبھی سرکشی و بغاوت کر کے علیحدہ ہو جاتے، اسی حال میں یزید بن معاویہؓ کا دورِ خلافت آیا جس میں یہاں پر اسلامی فتوحات کا سلسلہ جاری رہا، اس دور میں عبید اللہ بن زیاد بن ابو سفیان عراق کا حاکم تھا جس کے ماتحت جنوبی مشرقی ممالک اور ہندوستان کے بلاد و امصار بھی تھے، یزیدی دور کے ابتدائی دو سالوں میں یہاں کسی قسم کی تبدیلی یا سرگرمی نظر نہیں آتی ہے، البتہ ۶۲ھ میں یہاں نئے امراء و حکام آئے چنانچہ خلیفہ بن خیاط نے لکھا ہے کہ ۶۲ھ میں عبید اللہ بن زیاد نے حضرت منذر بن جارود عبدیؓ کو قندابیل کی سرحد پر مقرر کیا، جہاں ان کی وفات ہو گئی اور ان کے بیٹے حکم بن منذر بن جارود نے جا کر قندابیل پر قبضہ کیا، پھر عبید اللہ بن زیاد نے حضرت سنان بن سلمہؓ ہذلیؓ کو یہاں بھیجا اور انھوں نے بوقان

---

لہ مرآۃ مصطفےٰ آباد ص ۵۰۔

Marfat.com

کو فتح کیا، اس کے بعد خود یزید نے عبدالرحمٰن بن یزید ہلالی کو روانہ کیا مگر بلاذری نے لکھا ہے کہ ابوالاشعث منذر بن جارود عبدی کو زیاد بن ابوسفیان نے ہندوستان بھیجا تھا، اس کا مطلب یہ ہے کہ منذر بن جارود کی آمد عہد معاویہؓ میں ہوئی تھی، ہمارا خیال ہے کہ یزیدی دور کی ابتدا میں حسب سابق حضرت سنانؓ بن سلمہ یہاں کے امیر تھے اور منذر بن جارود عبدیؓ ان کے صاحبزادے حکم بن منذر عبدیؒ اور عبدالرحمٰن بن یزید ہلالیؒ فوجی امراء کی حیثیت سے روانہ کئے گئے، یہ بھی ہو سکتا ہے کہ ۶۱ھ میں حضرت منذر مستقل امیر رہے ہوں اور حضرت سنان یہاں سے چلے جانے کے بعد پھر حالات کے تقاضے پر دوبارہ روانہ کئے گئے ہوں، بہر حال یزید کے دور میں یہاں چار امراء آئے اور انھوں نے فتوحات حاصل کیں سندھ و مکران کے درمیان ولایت بدھ واقع تھی جس میں قندابیل و قیقان سرکشوں کے محفوظ و مضبوط مرکز تھے یہ علاقے عہد عثمانی میں فتح ہوئے مگر اسی وقت سے مسلمانوں کے حق میں بہت ہی ناہموار اور خطرناک رہے، اور یہاں ان کو زیادہ سے زیادہ جانی قربانی دینی پڑی، ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اس دور کے ابتدائی فتنوں نے ان علاقوں کے باشندوں کو سرکشی و بغاوت کا سنہری موقع دیا اور مسلمانوں کو ان کے خلاف تادیب و سیاست کا موقع نہیں ملا، والی عراق عبیداللہ بن زیاد واقعۂ کربلا میں پوری مستعدی سے شریک تھا، اس لئے اس کو اس درمیان میں اپنے ماتحت ممالک خصوصاً فارس اور مشرقی علاقہ کی طرف توجہ کی فرصت نہیں ملی، حتیٰ کہ ۶۲ھ میں اس نے ہندوستان میں منذر بن جارود وغیرہ کی روانگی کا انتظام کیا یہ درمیانی وقفہ یہاں کے سرکشوں کے حق میں سنہرا موقع ثابت ہوا اور تقریباً تمام مفتوحہ علاقے شورش پسندوں کی آماجگاہ بن گئے یہی وجہ ہے کہ بعد کے عمال و حکام نے غزوات و فتوحات میں سرگرمی دکھائی اور اپنی بہترین فوجی طاقت خرچ کر کے ہر جگہ امن و امان قائم کیا۔

خلیفہ بن خیاط نے لکھا ہے کہ ۶۲ھ میں عبیداللہ بن زیاد نے حضرت منذر بن جارود عبدیؓ

---

۱؎ تاریخ خلیفہ ج ۱ ص ۲۷۸۔ مطبوعہ میں موقان ہے جو بوقان کی تصحیف ہے۔

کو سرحد قندابیل کی طرف روانہ کیا جہاں ان کی وفات ہوگئی اور ان کے بیٹے حکم بن جارود نے نکل کر قندابیل پر غلبہ حاصل کیا حضرت منذر بن جارود صحابی رسول اور نہایت جری وسخی انسان تھے حضرت علیؓ کے دور خلافت میں فارس کے مرکزی مقام اصطخر کی امارت پر رہ کر مشرقی بلاد و امصار کے حالات سے اچھی طرح واقف تھے، خلیفہ نے ان کے غزوات وفتوحات کا کوئی تذکرہ نہیں کیا ہے، بلاذری نے لکھا ہے کہ منذر بن جارود نے ثغر سندھ میں آنے کے بعد بوقان وقیقان میں جہاد کیا جس میں مسلمان فتحیاب ہوئے اور مال غنیمت ان کے ہاتھ آیا نیز منذر نے یہاں کے دیگر شہروں میں فوجی مہمات روانہ کیں اور قصدار کو فتح کر کے مقامی باشندوں کو قید کیا، اس مقام کو اس سے پہلے حضرت سنان بن سلمہ نے فتح کیا تھا مگر بعد میں مقامی باشندوں نے بدعہدی کر کے سابقہ معاہدات وشرائط ختم کر دیئے تھے حضرت منذر قصدار ہی میں فوت ہوئے ان کی وفات پر ایک شاعر نے کہا ہے ؎

حل بقصدار فاضحی بھا ۔۔۔ فی القبر لم یقفل مع القافلین

(منذر قصدار پہونچے تو وہیں قبر میں رہ گئے اور لوٹنے والوں کے ساتھ نہیں لوٹے)

للہ قصدار واعنابھا ۔۔۔ ای فتی دنیا اجنت ودین[1]

(شہر قصدار اور وہاں کے انگور کا کیا کہنا؟ انھوں نے دین اور دنیا کے کیسے شریف کو اپنے سایہ میں چھپا لیا)

قصدار میں منذر کی وفات پر ان کے صاحبزادے حکم بن منذر نے باپ کی جگہ سنبھال کر قندابیل جیسے سخت اور دشوار مقام پر غلبہ وقبضہ حاصل کیا جیسا کہ خلیفہ نے تصریح کی ہے اور علی بن حامد نے بھی لکھا ہے کہ ۶۱ھ میں منذر بن جارود بن بشر کو سندھ کا امیر مقرر کیا گیا جب وہ چلنے لگے تو عبید اللہ بن زیاد نے کہا کہ منذر وہاں کی امارت کے لئے مناسب نہیں ہے میرا خیال ہے کہ وہ واپس نہ آسکیں گے، اس پر ایک ذمہ دار عبد العزیز نے کہا کہ چونکہ آپ نے سندھ کی امارت کے لیے کسی شخص کو نامزد نہیں کیا اس لیے میں منذر ہی کو روانہ کر رہا ہوں

---

[1] فتوح البلدان ص ۴۲۲،

جنگ وبہادری میں ان کا کوئی ہمسر نہیں ہے، میرا خیال ہے کہ وہ سندھ سے فائز المرام واپس ہوں گے اس کے بعد منذر نے ہندوستان آکر غزوات وفتوحات کی خدمات انجام دیں، پھر مکران کے مقام بورائی میں بیمار پڑے اور وہیں فوت ہوگئے اس وقت ان کے لڑکے حکم بن منذر مکران میں موجود تھے ان کے پاس عبید اللہ بن زیاد کا پروانہ پہنچا کہ وہ سندھ پہونچکر اپنے والد کا عہدہ سنبھال لیں، اور دوسری روایت یہ ہے کہ حکم بن منذر نے عبید اللہ بن زیاد کے پاس جاکر اپنے والد کی موت کی خبر سنائی جس سے عبید اللہ بہت رنجیدہ ہوا اور رونے لگا، پھر اس نے حکم کو چھ ماہ کے اخراجات کے لئے تین ہزار درہم دے کر ثغر ہند کا امیر بنایا، حکم بھی اپنے باپ کی طرح نہایت بہادر اور بلند ہمت انسان تھے[۱]

حکم بن منذر کی امارت سندھ کے موقع پر عبد اللہ الاعور حواری نے یہ شعر کہا تھا، اور بعض نے اسے کذاب حرمازی کا قول بتایا ہے۔

| | |
|---|---|
| یا حکم بن المنذر بن الجارود | سرادق الملك علیك ممدود |
| اے حکم بن منذر بن جارود | بادشاہت کے خیمے تمہارے اوپر سایہ فگن ہیں |
| انت الجواد بن الجواد للحمود | نبتّ فی الجود وفی بیت الجود |

تم قابل تعریف سخی کے سخی بیٹے ہو سخاوت میں اور سخاوت والے گھرانے میں پیدا ہوئے ہو۔

والعود ینبت فی اصل العود
(اور عود کی جڑ میں عود ہی اگتی ہے)

خلیفہ بن خیاط کی روایت کے مطابق عبید اللہ بن زیاد نے حکم بن منذر کے بعد حضرت سنان بن سلمہؓ کو ہندوستان روانہ کیا اور انھوں نے یہاں آکر بوقان کو فتح کیا[۲]۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ۳۸ھ میں حضرت منذر کے بوقان وقیقان فتح کرنے کے بعد ان مقامات کے حالات جلد ہی پھر بگڑ گئے اور تادیبی کارروائی کے لئے یہاں کے پرانے واقف کار اور امیر

---

[۱] فتوح البلدان ص ۴۳۱ [۲] چچ نامہ ص ۸۴ و ۸۵ [۳] تاریخ خلیفہ ج ا ص ۲۷۸۔



Marfat.com

کی خدمات حاصل کرنی پڑیں چنانچہ سنان بن سلمہؓ نے اپنے سابقہ تجربات کی روشنی میں یہاں کے حالات طاقت کے ذریعے درست کئے۔

حضرت سنان کے بعد خود یزید نے عبدالرحمٰن بن یزید ہلالی کو یہاں کی امارت دی اس کا تذکرہ صرف خلیفہ بن خیاط نے کیا ہے[1]۔ عبدالرحمٰن یہاں کے مستقل امیر تھے یا فوجی و انتظامی امیر تھے اور انھوں نے کیا خدمات انجام دیں؟ ان باتوں سے تاریخ خاموش ہے، البتہ خود یزید کا ان کو یہاں روانہ کرنا کسی اہم مقصد کے لئے تھا، غالب گمان ہے کہ انھوں نے بھی دیگر امراء کی طرح یہاں کی فتوحات میں حصہ لیا ہوگا۔

## علافیوں کا غلبہ (۶۵ھ تا ۷۹ھ) اور راجہ داہر کی پشت پناہی

یزید بن معاویہ کا انتقال ۶۴ھ میں ہوا اس کے بعد اس کا بیٹا معاویہ بن یزید خلیفہ ہوا اور چالیس یا بیس دن کے بعد اسی سال اس کا انتقال ہوگیا، اس کے بعد مروان بن حکم کی خلافت ہوئی اور دس ماہ کے بعد ۶۵ھ میں وہ بھی فوت ہوگیا اور عبدالملک بن مروان خلیفہ ہوا۔

ویسے فتنوں کی آگ یزید بن معاویہؓ کے خلیفہ ہوتے ہی بھڑک اٹھی تھی اور اموی خلافت پر نہایت نازک وقت پڑ گیا تھا، مگر یزید اور اس کے اعوان و انصار نے طاقت کے ذریعے ایک حد تک ان پر قابو پالیا تھا، اہل عراق نے حضرت حسینؓ رضی اللہ عنہ کو اپنا پیشوا بنا کر مخالفانہ سرگرمی جاری کی جس کا خاتمہ کربلا میں ۶۱ھ میں حضرت حسینؓ اور ان کے اعوان و انصار کی شہادت کی شکل میں ظاہر ہوا۔ اہل مدینہ نے اپنا محاذ قائم کیا جس کا خاتمہ ۶۳ھ میں واقعۂ حرّہ سے ہوا، اور اہل مکہ و حجاز نے حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ کی قیادت میں الگ حکومت قائم کی جو ۷۳ھ میں ختم ہوئی، ان ہی حالات میں معاویہ بن یزید اور مروان بن حکم کا ایک

[1] تاریخ خلیفہ ج ۱ ص ۲۸۷۔

Marfat.com

سالہ دور آیا اور گذر گیا اس کے بعد عبد الملک بن مروان کا زمانہ آیا جس میں پورا عالم اسلام داخلی فتنوں سے معمور تھا عبد الملک کے زمانہ میں شام اور مصر کے علاوہ حجاز عراق اور خراسان کے تمام علاقے حضرت عبد اللہ بن زبیر کے قبضہ میں تھے یہاں تک کہ ۷۳ھ میں حجاج بن یوسف نے ان کو قتل کر دیا اس طرح ۶۴ھ سے ۷۳ھ تک تقریباً نو دس سال عالم اسلام کا بیشتر حصہ اموی خلافت سے عملاً علیحدہ رہا۔

اسی دوران میں مختار ثقفی نے قاتلان حسین سے بدلہ لینے کے نام پر عام جذباتی فتنہ پیدا کر رکھا تھا اور ابن اشعث نے قراء علماء کو لے کر حجاج بن یوسف اور عبد الملک بن مروان کے خلاف زبردست تحریک جاری کی تھی جس کا خاتمہ ۸۳ھ میں زبردست خون خرابہ کے بعد ہوا اسی اثناء میں حروری خوارج کی معاندانہ سرگرمیاں جگہ جگہ عام تھیں، الغرض عبد الملک کے زمانہ میں اندرون عرب حجاز پر عبد اللہ بن زبیر کا بصرہ پر مصعب بن زبیر کا عروض پر خوارج کا کوفہ پر مختار ثقفی کا قبضہ و غلبہ تھا،

مرکز کی ان کمزوریوں اور فتنوں کی وجہ سے عرب کے باہر عجم میں بدنظمی اور شورش برپا ہوئی ان ممالک کے عرب حکمرانوں اور عرب عوام میں خود مختاری اور قبائلی عصبیت نے بڑی ابتری پیدا کی اس صورت حال سے مقامی حکمرانوں اور باشندوں نے خوب خوب فائدہ اٹھایا اور جگہ جگہ مسلمانوں کا مقابلہ کیا چنانچہ یزید بن معاویہ کے دور میں یزید بن زیاد سجستان کا حاکم بن کر آیا تو اہل کابل نے بدعہدی کر کے خروج و بغاوت کی راہ اختیار کی، اور ان سے جنگ کے نتیجہ میں یزید بن زیاد اور اس کے بہت سے سپاہی کام آئے اور مسلمانوں کو شکست ہوئی اس کے بعد طلحہ بن عبد اللہ بن خلف خزاعی یہاں کا امیر ہوا تو داخلی فتنہ نے سر اٹھایا۔ سجستان و کابل کے عربوں میں قبائلی عصبیت و نفرت کی آگ بھڑک اٹھی ہے اور مضری عربوں نے دوسرے عربوں کو وہاں سے نکال باہر کیا اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ وہاں کے عربوں کی ٹولیاں اپنے اپنے علاقوں میں خود مختار بن گئیں اور بامیان کے راجہ رتبیل نے

Marfat.com

اس موقعہ سے پورا فائدہ اٹھایا' بلاذری نے لکھا ہے،

ووقعت العصبیۃ وغلب کل قوم عربوں میں قبائلی عصبیت پیدا ہوگئی اور ہر قبیلہ
علی من یلیھم فطمع فیھم نے اپنے شہر پر قبضہ جمالیا جس کی وجہ سے راجہ رتبیل
رتبیل[1] کا حوصلہ مسلمانوں کے مقابلہ میں بڑھ گیا۔

اس کے بعد حضرت عبد اللہ بن زبیر کی طرف سے عبد العزیز بن عبد اللہ بن عامر سجستان بھیجے گئے، جنہوں نے راجہ رتبیل سے جنگ کر کے اس کا کام تمام کیا۔

خراسان میں اندرونی ابتری کا حال یہ تھا کہ یزید بن معاویہ نے مسلم بن زیاد کو یہاں امیر بنا کر بھیجا جنہوں نے فتوحات حاصل کیں مگر یزید کے مرتے ہی مقامی عربوں نے مسلم بن زیاد کی امارت تسلیم کرنے سے انکار کر دیا' اس لئے وہ خراسان سے چلے گئے انھوں نے جاتے ہی عبد اللہ بن خازم بن اسما بن صلت بن حبیب سلمی کو خراسان کی ولایت کا پروانہ اور خزانہ دیا' جب وہ خراسان پہونچے تھے تو وہاں کے بنو بکر بن وائل نے یہ کہہ کر ان پر حملہ کر دیا کہ ہمارے علاوہ خراسان سے دوسرا کیوں کھائے؟ خراسان میں سلیمان بن مرثد نامی ایک شخص امارت کی تاک میں تھا' اس نے عبد اللہ بن خازم سے بات چیت کی، پھر دونوں نے عبد اللہ بن زبیر کو لکھا کہ آپ ہم دونوں میں سے جسے چاہیں خراسان کا امیر نامزد کر دیں، ابن زبیر نے عبد اللہ بن خازم کو امارت دی، مگر سلیمان بن مرثد نے تسلیم کرنے سے انکار کر دیا' اس کے بعد دونوں میں جنگ ہوئی اور سلیمان مارا گیا' اس کے بعد عبد اللہ بن خازم نے خراسان پر قبضہ کر کے جگہ جگہ سے اٹھنے والی سرکشی کا مقابلہ کیا — وہ ابتدا میں در حقیقت یہاں عبد اللہ بن زبیر کے نمائندے اور امیر تھے مگر بعد میں انھوں نے خراسان پر غلبہ حاصل کر کے اپنی حکومت قائم کر لی، ان ہی ایام میں خود مختاری اور قبائلی عصبیت کی آندھی ہندوستان میں بھی چلی اور خراسان و سجستان کی طرح سندھ و مکران میں اموی خلافت سے کٹ کر الگ

[1] فتوح البلدان ص ۳۸۹۔

Marfat.com

حکومت قائم ہوئی اور یہاں کے قدیم دشمنوں میں گھر کے نئے دشمن پیدا ہو گئے، امام ذہبی نے تاریخ الاسلام وطبقات المشاہیر میں ۶۵ھ کے واقعات میں لکھا ہے:۔

| | |
|---|---|
| غلب عبد اللہ بن خازم علی خُراسان وغلب | ۶۵ھ میں عبداللہ بن خازم نے خراسان پر قبضہ |
| معاویۃ الکلابی (العلافی) علی السند | کیا اور معاویہ علافی نے سندھ پر قبضہ جمالیا۔ جو |
| الی قدوم الحجاج البحرین[1] | حجاج بن یوسف کے بحرین آنے تک باقی رہا، |

اس کی صورت یہ ہوئی کہ مروان بن حکم کے آخری زمانہ میں عمان کے قبیلہ بنو سامہ کے دو بھائیوں، معاویہ بن حارث علافی اور محمد بن حارث علافی نے اپنے ہواخواہوں کی مدد سے سندھ میں استیلاء وغلبہ حاصل کیا اور ۶۵ھ تک یہاں کے سیاہ وسفید کے مالک بنے رہے حالاں کہ ان کے غلبہ کے ایک ہی سال کے بعد ۶۶ھ میں عبد الملک بن مروان کی خلافت ہوئی مگر جب تک ۷۵ھ میں حجاج بن یوسف عراق کا گورنر بن کر نہیں آیا، سندھ میں کسی قسم کی کوئی کارروائی نہیں کی جاسکی، علافیوں کی طاقت اور شورشوں کا یہ حال تھا کہ حجاج نے ۸۵ھ میں سعید بن اسلم بن زرعہ کلابی کو مکران وسندھ کا والی بنا کر بھیجا جسے علافیوں نے قتل کر دیا، اس کے بعد ۸۹ھ میں مجاعہ بن سعر تمیمی نے آکر ان کی طاقت توڑی یعنی ۶۵ھ سے ۸۹ھ تک یہ ملک عمان کے بنو سامہ کے ہجوم وغلبہ کی آماجگاہ بنا رہا اور آخری سالوں میں ان کے خلاف جو کارروائی کی گئی ناکام ہوئی، اس سے ان کی طاقت اور شوکت کا اندازہ کیا جاسکتا ہے جیسا کہ معلوم ہوا ان فتنوں کا آغاز یزید کے زمانہ ہی میں ہو چکا تھا مگر اس کے مرنے کے بعد اس کے بیٹے معاویہ بن یزید کے چند روزہ دور میں شورش وغلبہ کی ہوا تیزی سے چلنے لگی، اسی زمانہ میں ایک شاعر نے کہا تھا،

انی اری فتناً تغلی مراجلها     فالملک بعد ابی لیلی لمن غلبا

یعنی میں دیکھ رہا ہوں کہ فتنوں کے دیگ جوش مار رہے ہیں، ابولیلی (معاویہ بن یزید) کے بعد یہ

[1] تاریخ الاسلام ج ۲ ص ۳۷۲

ملک اسی کا ہوگا جو غالب آجائے، چنانچہ خراسان اور سندھ و مکران میں ایسا ہی ہوا کہ متغلبین کی حکومت قائم ہوگئی اور تقریباً پندرہ سال تک سندھ و مکران اموی خلافت سے عملاً منقطع رہے اور معاویہ بن یزید اور مروان بن حکم کے بعد عبد الملک بن مروان کی خلافت کے بعد کئی سال تک یہاں اموی خلافت کا عمل دخل نہیں ہوسکا مگر چونکہ اس دور میں یہ علاقے وقتی ہجوم و غلبہ کی وجہ سے مرکز سے کٹے رہے اس لئے اس زمانہ میں بھی یہ خلافت کے حصّے مانے جائیں گے ورنہ ۶۵ھ سے ۸۰ھ تک یہاں نہ اموی فتوحات ہوئیں اور نہ کوئی امیر آیا اور نہ ہی مرکز دمشق سے عملی تعلق رہا، یہی نہیں بلکہ عربوں کی قبائلی عصبیت اور خود مختاری کی کوشش نے یہاں کے عوام و خواص کو خلافت کے خلاف ابھارا اور اپنے مفاد کے لئے ان سے کام لیا، چنانچہ راجہ رتبیل نے سجستان کے علاقے میں غلبہ حاصل کیا اور علافیوں نے اموی خلافت کے مقابلہ میں راجہ داہر وغیرہ کو پکارا، علافیوں کا مکران و سندھ پر یہ غلبہ و استیلا اسلامی ہند کی تاریخ میں پہلا داخلی فتنہ ہے جو یہاں مسلمانوں کے حق میں کمزوری بن کر ظاہر ہوا، اور بہت بعد تک اس کے دور رس نتائج مختلف شکلوں میں رونما ہوتے رہے اس فتنہ پر قابو پانے کے چند ہی سال بعد یہاں ایک اور نہایت خطرناک فتنہ پیدا ہوگیا یعنی علافیوں کی طاقت ٹوٹی تو یہاں کے راجوں مہاراجوں نے بال و پر نکالنے شروع کئے، افسوس کی بات یہ ہے کہ اس کا سبب بھی عربوں کی داخلی بد نظمی اور شورش تھی، صورت یہ ہوئی، کہ عبد الرحمن بن محمد بن اشعث نے عراق کے علماء و قراء اور عباد و زہاد کی ایک بڑی جماعت کے ساتھ ۸۱ھ میں پہلے حجاج بن یوسف کے مظالم کے خلاف پھر خلیفہ عبد الملک بن مروان کے خلاف علم جہاد بلند کیا، اس کے نتیجہ میں ۸۵ھ تک متعدد خونی معرکے ہوئے، آخر میں خلافت کی طاقت کے مقابلہ میں ابن اشعث اور قراء و عباد کی جماعت کو شکست ہوئی، ابن اشعث اس سے پہلے ۸۰ھ میں والی عراق حجاج بن یوسف کی طرف سے سجستان کے امیر تھے اور راجہ رتبیل وغیرہ کے دیار میں شاندار فتوحات حاصل کر چکے تھے نیز ہندوستان کے بعض علاقے فتح

گئے تھے اور یہاں کے حالات سے واقف تھے' ہزیمت کے بعد ابن اشعث اور ان کی فوج کے بہت سے آدمی سجستان و مکران اور سندھ میں آکر راجہ رتبیل وغیرہ کے یہاں پناہ گزیں ہوئے اور اموی خلافت کے دشمنوں اور شورش پسندوں کے اتحاد سے ہندوستان میں اسلامی اثر ونفوذ کو سخت دھکا لگا اور علافیوں کے بعد سے ابن اشعث کے ان ہمدردوں سے حجاج اور عبدالملک کو نمٹنا پڑا' اس طرح ۶۵ھ سے ۸۵ھ تک کا بیس سالہ دور نہایت ابتری اور بے اطمینانی میں گذرا اور اس مدت میں ہندوستان میں اسلامی سیاست و اقتدار کا بہت زیادہ نقصان ہوا جس کا سبب عربوں کی اندرونی بےچینی ہے حالاں کہ عبدالملک بن مروان کی خلافت اور حجاج بن یوسف کی امارت بیس سال تک قائم رہی اور دونوں ہی اپنی سیاست اور انتظامی صلاحیت میں مشہور تھے' اگر اندرونی حالات سازگار ہوتے تو اس ملک میں فتوحات کا دائرہ اس کے اکثر حصے کو گھیر لیتا' مگر ساتھ ہی یہ بات بھی ہے کہ اگر یہ دونوں خلیفہ و امیر نہ ہوتے تو شاید ہندوستان کے ناگفتہ بہ حالات پر قابو حاصل نہ ہوتا'

ہندوستان میں اسلامی سیاست کی کمزوری کا سب سے اہم نتیجہ یہ ظاہر ہوا کہ عبدالملک بن مروان کے زمانہ ہی میں سندھ کے راجہ داہر کے علم یا لاعلمی میں یہاں کے سمندری ڈاکوؤں (مید) نے سرندیپ (سیلون) سے آنے والے اسلامی جہاز کو لوٹ لیا' اس میں سوار مسلمان خواتین کو گرفتار کر لیا اور اس حرکت کا انجام محمد بن قاسم کی فتوحات کی شکل میں ظاہر ہوا۔ کہنا چاہیئے کہ ۶۵ھ سے ۸۵ھ تک یہاں انتشار و ابتری کی جو حالت برپا تھی' اس کا تدارک ان فتوحات نے کر دیا بلکہ اس سے زیادہ فائدہ پہونچایا'

## علافیوں کے ہاتھوں امیر سندھ سعید بن اسلم کا قتل

۸۵ھ میں سعید بن اسلم کلابی آئے جن کو علافیوں نے مکران میں قتل کر دیا مگر ۸۶ھ میں

Marfat.com

مجاعہ بن سعر تمیمی نے علافیوں کی طاقت توڑ کر مکران و قندابیل پر قبضہ کیا، ان کے مرنے پر ۸۳ھ میں محمد بن ہارون بن ذراع نمیری آئے، انھوں نے شاندار فتوحات حاصل کیں، ان ہی کے دورِ امارت میں سندھ کے ڈاکوؤں نے سیلون سے آنے والے اسلامی جہاز کو لوٹا اور راجہ داہر کے غیر ذمہ دارانہ جواب پر ان ڈاکوؤں سے جنگ کے لئے عبید اللہ بن نبہان اور بدیل بن طہفہ بجلی یکے بعد دیگرے آئے اور شہید ہوئے، اسی دوران میں امیر سجستان ابن اشعث نے بھی ہندوستان کے راجہ رتبیل وغیرہ سے جنگ کر کے فتوحات حاصل کیں۔

۸۵ھ میں والیٔ عراق حجاج بن یوسف نے سعید بن اسلم بن زرعہ کلابی کو مکران کا امیر بنایا، اس وقت سندھ و مکران پر عمان کے علافیوں کا قبضہ تھا اور تیرہ چودہ سال ان کے عمل دخل کو گذر چکے تھے، اس دوران میں ان کی طاقت بہت بڑھ گئی تھی، سعید بن اسلم نے آکر ہندوستان میں فتوحات کا سلسلہ جاری کیا جو کئی سالوں سے بند ہو چکا تھا مگر علافیوں نے تھوڑے ہی دنوں کے بعد سعید کو قتل کر دیا جس سے ان کی ہمت اور بڑھ گئی خلیفہ بن خیاط نے لکھا ہے کہ حجاج نے ۸۵ھ میں سعید بن اسلم بن زرعہ کو مکران بھیجا مگر دونوں بھائیوں محمد بن حارث علافی اور معاویہ بن حارث علافی نے ان کو قتل کر دیا[1] اور یعقوبی نے سعید کے ہندوستان میں غزوہ کرنے کی بھی تصریح کی ہے، اس کے الفاظ یہ ہیں،

| | |
|---|---|
| فاقام بمكران و غزا ناحية من الهند۔ | سعید بن اسلم نے مکران میں قیام کر کے ہندوستان میں ایک حصہ میں جہاد کیا۔ |

نیز لکھا ہے کہ سعید بدنصیب آدمی تھے یہیں قتل کر دیئے گئے[2] بلاذری نے لکھا ہے کہ حجاج نے سعید کو مکران کا امیر بنایا، مکران کے خلاف معاویہ بن حارث علافی اور محمد بن حارث علافی دونوں بھائیوں نے خروج و بغاوت کر کے اسے قتل کر دیا، اس کے بعد اس علاقہ

[1] تاریخ خلیفہ ج ۱ ص ۳۵۶۔ [2] تاریخ یعقوبی ج ۲ ص ۲۸۱۔

Marfat.com

پر قبضہ جمالیا، کامل ابن اثیر اور تاریخ ابن خلدون میں بھی لکھا ہے[1]۔

علافیوں کی جنگ اور سعید کے قتل کا واقعہ علی بن حامد نے تفصیل سے بیان کیا ہے، چچ نامہ میں ہے کہ حجاج بن یوسف نے سعید بن اسلم کلابی کو سندھ روانہ کیا، جب وہ سندھ پہونچے تو ان کی ملاقات کے لئے سفہوی بن لام حاضر ہوا سعید نے باتوں باتوں میں سفہوی سے کہا کہ میں چاہتا ہوں کہ تم ملکی انتظام میں میری مدد کرو، اس نے کہا کہ یہ میرے بس میں نہیں ہے، سعید نے یہ جواب سن کر کہا کہ میں اس معاملہ کو براہ راست خلیفہ عبدالملک کے سامنے رکھوں گا، چوں کہ سفہوی باغیوں کی جماعت سے تھا اور رسمی ملاقات یا حالات معلوم کرنے کے لئے آیا، اس لئے سعید کا یہ جملہ سنتے ہی بھڑک اٹھا اور بولا کہ خدا کی قسم میں تمہارا ساتھ ہرگز نہیں دے سکتا میں اسے اپنے لئے عار سمجھتا ہوں، اس پر سعید نے اسے قتل کر کے اس کا سر حجاج کے پاس عراق روانہ کر دیا، اس واقعہ کے بعد سعید اپنے متعلقہ کاموں میں مصروف ہو گئے انھوں نے مکران کے بگڑے ہوئے حالات درست کئے اور خراج کی بقایا رقوم وصول کی، ان ہی ایام میں ایک موقع پر سعید میدان کی طرف نکلے اور علافیوں نے قتل کر دیا، صورت یہ ہوئی کہ سفہوی کے قتل کے بعد محمد بن حارث علافی، معاویہ بن حارث علافی، کلیب بن خلف عمی اور عبداللہ بن عبدالرحیم نے جمع ہو کر کہا کہ سفہوی بن لام ہمارے شہر عمان کا باشندہ تھا، سعید کو یہ حق نہیں تھا کہ ہمارے آدمی کو قتل کر دے، اس کے بعد باہمی مشورہ سے سعید کو قتل کرنے کی تجویز طے پائی، چنانچہ انھوں نے قندابیل کی حدود میں ان کو قتل کر کے مکران پر پورے طور سے قبضہ کر لیا، مشہور شاعر فرزدق نے سعید کے قتل اور مکران کی شورش سے متاثر ہو کر یہ اشعار کہے ہیں۔

سقی اللہ قبرا من سعید فاصبحت نواحیہ اَمْسَی علیك ترابھا

اللہ سعید کی قبر کو سیراب کرے، اے سعید! تیری قبر کے کناروں نے اپنی مٹی روک رکھی ہے

---

[1] فتوح البلدان ص ۴۳۳ و کامل ابن اثیر ج ۴ ص ۱۴۷ و تاریخ ابن خلدون ج ۳ ص ۱۲۷۔

لقد ضمنت ارض بمکران سیدًا　　کریمًا، جوادًا، لا یواکف سحابها

(مکران کی ایک قطعۂ زمین نے ایک سردار شریف سخی کو چھپا رکھا ہے، اس زمین کا بادل برسنے سے نہ رکے)

شدیدًا علی الادنین مناك فاحتثوا　　علیك من الثوب المهام حجابها

(تم اپنے سے طاقتور لوگوں پر سخت تھے، مگر انھوں نے تم پہ زمین کا حجاب ڈال دیا)

اذا ذکرت علی سعیدًا تجددت　　بها عبراتٌ یستهل انسکابها

(جب میری آنکھ سعید کو یاد کرتی ہے تو پھر سے آنسوؤں کے قطرے گرنے لگتے ہیں اور پھر آنکھ کا جاری ہو جانا آسان ہو جاتا ہے)

جب حجاج کو سعید کے قتل کی خبر ملی تو ان کے ساتھیوں پر خفا ہو کر پوچھا کہ تمہارا امیر کہاں ہے؟ انھوں نے پہلے تو اس سے لاعلمی ظاہر کی مگر جب بعضوں کو قتل کیا تو سب نے بتایا کہ علافیوں نے انھیں قتل کر دیا ہے یہ سنکر حجاج نے سعید کے قبیلہ بنو کلاب کے ایک آدمی کو حکم دیا کہ وہ علافیوں کے ایک خاص و ممتاز فرد سلیمان علافی کو قتل کرے، چنانچہ حجاج نے سلیمان علافی کو قتل کرا کر اس کا سر سعید کے قبیلہ والوں کے پاس بھیجدیا نیز حجاج نے سعید کے رشتہ داروں میں سے حجاج بن اسلم، اسمعیل بن اسلم، بشر بن زیاد اور محمد بن عبد الرحمن کو نوازا اور ان کے ساتھ ہمدردی کی۔ صعصعہ بن محریہ کلابی نے ان واقعات سے متاثر ہو کر یہ اشعار کہے ہیں:۔

اعاذل! کینفی بهموم نفسی　　بذکری تا بجّا فیها سعیدا

واخوانا له سلفوا جمیعا　　غطارفة من الادنین صیدا

اذا ما الدهر حل فلم یکونوا　　بما قد حل من امر شهودًا

بفتند ابیل حیث تری المنایا　　وقد لاقت بهم کرمًا وجودًا

ولا تشمت بنا سوقا ستلقی　　من الاجال مطرقة جدیدًا[1]

سعید بن اسلم نے ہندوستان آکر ابتدا میں بعض سرکش علاقوں سے جنگ کر کے اُن

---

[1] چچ نامہ ص ۸۵ و ۸۶ و ۸۷ ۔

Marfat.com

کو زیر کیا اور خراج وجزیہ کی رقم جو کئی سالوں سے خلافت کو نہیں دی گئی تھی وصول کی، مگر انھوں نے یہاں کے عرب ہواخواہوں اور شورش پسندوں کی طاقت کا اندازہ صحیح طور سے نہ کرتے ہوئے ان کے ایک سردار کو قتل کر دیا جس کے نتیجہ میں وہ بھی قتل ہوئے۔ اور یہاں کے حالات میں مزید ناگواری اور تلخی پیدا ہوگئی ادھر عراق کے حالات بھی نہایت غیر اطمینان بخش تھے، خوارج کی سرگرمیاں، حضرت عبداللہ بن زبیرؓ اور ان کے بھائی مصعب بن زبیرؓ سے مقابلہ، ابن اشعث کی تحریک، یہ سب مرکز کے ایسے حالات تھے کہ ان میں مشرقی ممالک پر پوری توجہ مشکل تھی مگر حجاج کی بیدار مغزی، اور جوطرفہ سیاست نے سندھ اور مکران سے شورش پسندوں کے خلاف تادیبی کاروائی جاری رکھی۔

## مجّاعہ بن سعر کے ہاتھوں علّافیوں کی شورش کا خاتمہ

عبدالملک بن مروان کی خلافت کے سب سے بڑے مخالف عبداللہ بن زبیرؓ کی سرگرمیاں حجاج بن یوسف کی خون خوار سیاست کی وجہ سے ۷۳ھ میں ختم ہوگئیں، نیز بن مہلب بن ابی صفرہ نے خوارج کی طاقت عراق سے ختم کی، اسی طرح بعض دوسرے قضایا ختم ہوئے، اس لئے حجاج کو موقع ملا کہ سندھ کی ابتری پر پوری توجہ دے کر اسے بھی دور کرے، چنانچہ اس نے سعید بن اسلم کلابی کو مکران روانہ کر کے اس سلسلہ میں پہلی کوشش کی جو ناکام ہوگئی مگر چونکہ بہرحال یہاں کے حالات پر قابو پانا ضروری تھا، اس لئے حجاج نے اس کے بعد ۷۹ھ میں مجاعہ بن سعر تمیمی کو بھیجا جو نہایت کامیاب حاکم تھے، عبدالملک بن مروان نے مجاعہ کو سندھ سے پہلے عمان کا حاکم بنایا تھا جہاں انھوں نے خوارج کے مقابلہ میں بڑا کام کیا تھا، وہ مشہور بہادر تھے اور متعدد لڑائیوں میں داد شجاعت دے چکے تھے، مجاعہ کے مکران میں آتے ہی علافیوں نے راہ فرار اختیار کر کے راجہ داہر کی پناہ میں عافیت پائی، اس طرح کہنا چاہیئے کہ مجاعہ کے آتے ہی سندھ و مکران سے علافیوں کا قبضہ بغیر کسی جنگ و جدال کے ختم ہوگیا

Marfat.com

اور بلا کسی مزاحمت کے یہ علاقے پھر مرکز خلافت کے ماتحت آگئے، نیز مجاعہ نے اس کے بعد مکران و قندابیل کے دیگر سرکشوں اور شورش پسندوں سے جنگ کر کے فتوحات حاصل کیں، افسوس کہ ان کی عمر نے وفا نہ کی اور وہ یہاں آنے کے ایک ہی سال کے بعد مکران میں انتقال کر گئے،

خلیفہ بن خیاط نے لکھا ہے کہ ۸۰ھ میں حجاج نے مجاعہ بن سعر تمیمی کو مکران کا حاکم مقرر کر کے ان کو حکم دیا کہ محمد بن حارث علافی اور معاویہ بن حارث علافی کو گرفتار کر لیں، مگر دونوں بھائی مکران سے فرار ہو گئے اور مجاعہ ان کی گرفتاری سے پہلے ہی مکران میں فوت ہو گئے[1]

بلاذری نے لکھا ہے کہ سعید بن اسلم کے بعد حجاج نے مجاعہ بن سعر تمیمی کو اس علاقہ کی ولایت دی، انھوں نے یہاں آکر قندابیل کے کئی علاقے فتح کئے اور مال غنیمت پایا۔

| | |
|---|---|
| فغزا مجاعۃ فغنم و فتح طوائف من قندابیل ثم اتم فتحھا محمد بن القاسم۔ | مجاعہ نے جہاد کر کے غنیمت حاصل کی اور قندابیل کے کئی علاقے فتح کئے اور پھر ان فتوحات کی تکمیل محمد بن قاسم نے کی۔ |

ان کے جنگی کارناموں کا ذکر ایک شاعر نے یوں کیا ہے[1]

ما من مشاھد لك التی شاھدتھا الا یزینك ذکرھا مجاعا[2]

ابن اثیر اور ابن خلدون نے مجاعہ کی ولایت مکران ۸۰ھ میں بتائی ہے اور ان کی فتوحات کا تذکرہ ان الفاظ میں کیا ہے:۔

| | |
|---|---|
| فغلب علی الثغر و فتح فتوحات بمکران لسنۃ ولایتہ[3] | مجاعہ نے مکران کی سرحد پر غلبہ پایا اور وہاں کی امارت کے پہلے ہی سال میں بہت سی فتوحات حاصل کیں، |

بعض روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ مجاعہ ۸۰ھ میں خراسان کے امیر تھے، ساتھ ہی ہند

---

[1] تاریخ خلیفہ ص ۳۵۸ ج ۱ عبارت میں ہر جگہ مجاعہ کے بجائے مجاع چھپا ہے جو صحیح نہیں ہے۔
[2] فتوح البلدان ص ۴۴۳ [3] کامل ابن اثیر ص ۱۴۷ ج ۴ و تاریخ ابن خلدون ص ۴۲ ج ۳۔

ـــــ اور قندابیل کے بعض علاقوں یا بعض امور کی امارت بھی ان کے سپرد تھی، چنانچہ علی بن حامد نے لکھا ہے کہ سعید بن اسلم کے مکران میں قتل ہونے کے بعد ۷۵ھ میں حجاج نے مجاعہ بن سعر کو خراسان بھیجا اور سندھ و قندابیل کی امارت بھی ان کے سپرد کی۔ علافیوں نے ان کی آمد سے پہلے ہی راہِ فرار اختیار کی اور جب مجاعہ نے ان کو تلاش کیا تو وہ سندھ کے راجہ داہر بن صصہ کی پناہ میں چلے گئے، ایک سال کے بعد مکران میں مجاعہ کا انتقال ہو گیا[1] چچ نامہ کی مطبوعہ عبارت میں سعید کے مارے جانے اور مجاعہ کے امیر ہونے کو ۸۵ھ میں درج کیا ہے جو تصحیف ہے اور اسے ۷۵ھ ہونا چاہیئے حالاں کہ یہ باتیں ۷۸ھ اور ۷۹ھ کی ہیں، بہر حال ۶۵ھ تا ۷۹ھ کی شورش اور استیلا میں بھی یہاں پر خلافت کی طرف سے غزوات و فتوحات کا سلسلہ جاری رہا، نیز اس زمانہ میں جن مقامات کے باشندوں نے سرکشی کی تھی ان کو فتح کیا گیا۔

## ڈاکوؤں کی اسلامی جہاز اور مسلم خواتین پر یلغار اور داہر کی پشت پناہی

مجاعہ بن سعر تمیمی کے سندھ و مکران آنے پر علافیوں کا فتنہ دب گیا اور وہ بغیر کسی مقابلہ و مزاحمت کے راجہ داہر کی پناہ میں چلے گئے، اس کے بعد مجاعہ اطراف و جوانب کے بگڑے ہوئے حالات درست کرنے میں لگ گئے مگر ایک ہی سال کے بعد ان کی موت واقع ہو جانے سے یہاں کا کام ادھورا رہ گیا اور علافیوں کی طرف سے بالکلیہ اطمینان کے بجائے راجہ داہر کے ساتھ ان کے مل جانے کی وجہ سے مزید شرارت کا اندیشہ قوی ہو گیا، اس لئے حجاج نے ۸۰ھ میں محمد بن ہارون بن ذراع نمیری کو مکران و سندھ کا والی بنا کر مجاعہ کے کاموں کی تکمیل کا حکم دیا، خاص طور سے علافیوں کو تلاش کرنے اور سعید بن اسلم کے خون کا بدلہ لینے کی تاکید کی،

راجہ داہر نے خلافت کے ان باغیوں کو پناہ دے کر باہمی تعلقات میں تلخی پیدا کر دی تھی

---

[1] چچ نامہ ص ۸۸۔

Marfat.com

یہ بات ہمیشہ سے غلط رہی ہے کہ کوئی حکومت کسی دوسرے حکومت کے مجرموں اور باغیوں کو اپنی پناہ میں لے کر ان کی ہمت افزائی کرے، اس سے حکومتوں کے باہمی تعلقات بگڑتے ہیں، چنانچہ حجاج نے راجہ داہر کی اس روش سے اچھا اثر نہیں لیا' راجہ داہر نے مزید غلطی یہ کی کہ جب محمد بن ہارون نے اپنی حکومت کے باغیوں کو راجہ سے طلب کیا تو اس نے ان کے حوالہ کرنے سے انکار کر دیا' اسی اثنا میں ایک نہایت ہی اہم ناخوشگوار واقعہ یہ پیش آیا کہ سرندیپ سے آنے والے اسلامی جہاز کو راجہ داہر کی رعایا نے لوٹ لیا اور عرب جانے والی مسلمان خواتین کو قید کر کے اپنی ناعاقبت اندیشی کا ثبوت دیا' حجاج نے ان ڈاکوؤں کی سرزنش کے لئے راجہ داہر کو سرکاری طور سے لکھا بلکہ ان سے جنگ کرنے کے لئے اس کو فوجی امیر بنایا جس کا صاف مطلب یہ تھا کہ خلافت کی فوجی طاقت راجہ کے ہاتھ میں دے کر ان مجرموں کی سرکوبی کی جائے تاکہ یہ نہ ہو کہ ایک حکومت نے اپنی معاصر اور دوست حکومت پر حملہ کیا اور چند لٹیروں کی وجہ سے تعلقات خراب ہوئے مگر راجہ نے ان باتوں سے یہ کہہ کر صاف انکار کر دیا کہ بحری ڈاکو میرے بس میں نہیں ہیں' یہ جواب حکومت کی کمزوری یا انکار کو ظاہر کرنے کے علاوہ نہایت غیر ذمہ دارانہ اور غیر دوستانہ تھا' راجہ نے علافیوں کی پشت پناہی کرنے کے بعد اپنے رویّہ سے ان ڈاکوؤں کی بھی پشت پناہی کی' جو آئندہ چل کر نہایت دوررس نتائج کا باعث ہوئی اور بظاہر اسی سبب سے محمد بن قاسم کا حملہ ہوا' بہرحال محمد بن ہارون نمیری نے یہاں آکر کئی سال تک غزوات و فتوحات کا سلسلہ جاری رکھا' خلیفہ بن خیاط نے لکھا ہے کہ ۸۹ھ میں حجاج نے محمد بن ہارون نمیری کو ہندوستان کے علاقوں کا امیر بنایا اور ان کو حکم دیا کہ وہ دونوں علافیوں کو تلاش کریں' محمد بن ہارون نے ان میں سے ایک کو قتل کیا اور دوسرا بھاگ نکلا' پھر خلیفہ نے آگے چل کر وُلاۃ السند کے ماتحت تصریح کی ہے کہ ۸۶ھ میں حجاج نے محمد بن ہارون بن ذراع نمیری کو سندھ روانہ کیا جہاں وہ خلیفہ عبدالملک کے انتقال ۸۶ھ

Marfat.com

...ک رہے۔[1]

اور یعقوبی نے لکھا ہے کہ حجاج نے ان کو مکران روانہ کیا جہاں انھوں نے غزوات میں بہترین خدمات انجام دیں اور شاندار کارنامے چھوڑے اور بار بار فتوحات حاصل کیں، وہ ایک مرتبہ جنگی جہازوں میں سوار ہو کر دیبل کی مہم پر جا نکلے جب وہاں کے حاکم کو خبر لگی تو وہ ایک لشکر جرار لے کر مقابلہ میں آیا۔ اس جنگ میں محمد بن ہارون کے ساتھ ان کی فوج کی بڑی تعداد کام آئی۔[2]

یعقوبی کا یہ بیان صحیح نہیں معلوم ہوتا ہے کہ محمد بن ہارون اس جنگ میں شہید ہوئے بلکہ بہت بعد تک زندہ رہے اور محمد بن قاسم کے حملے کے وقت ۹۳ھ میں ارمائیل کے قریب ایک مقام میں فوت ہوئے اور قنبل کے مقام میں دفن کئے گئے،

البتہ اس کا بیان محمد بن ہارون کی فتوحات کے بارے میں تمام مورخوں سے زیادہ واضح اور مفصل ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ انھوں نے یہاں متعدد فتوحات حاصل کیں اور اپنے پیچھے فاتحانہ کارناموں کا نہایت اچھا اور گہرا نقش چھوڑا۔ جہاں تک ہمیں معلوم ہے ہندوستان میں انھوں نے پہلی بار باقاعدہ بحری بیڑہ تیار کر کے جنگ کی اور مکران سے سندھ پر براہ سمندر فوج کشی کی، دیبل کا یہ بحری حملہ ان ڈاکوؤں کی تادیب کے لئے ہوا تھا جنہوں نے اسی دیبل کے ساحل پر یا اس کے قریب اسلامی جہاز کو لوٹا تھا اور راجہ داہر نے ان کی سرزنش کرنے سے اپنی معذوری ظاہر کی تھی یا بالفاظ دیگر انکار کیا تھا۔

اس واقعہ کی تفصیل بلاذری نے یوں بیان کی ہے کہ حجاج نے مجاعہ کے بعد محمد بن ہارون کو یہاں کا امیر بنایا، ان کے دور میں سرندیپ کے راجہ نے خلیفہ عبد الملک بن مروان کی خدمت میں ان مسلمان عورتوں کو بذریعہ جہاز روانہ کیا جن کے آبار واجداد سرندیپ میں تجارت کرتے تھے وہ اس کے ملک میں پیدا ہوئی تھیں اور ان کے آبار واجداد وہیں فوت ہو گئے تھے۔ راجہ کا مقصد خلیفہ کی خوشنودی حاصل کرنا تھا جب ان عورتوں کا جہاز دیبل کی حدود میں پہنچا،

---

[1] تاریخ خلیفہ ص ۳۵۸۔ ج۔ ۱ وص ۳۰۴ [2] تاریخ یعقوبی ص ۳۲۱،

Marfat.com

تو وہاں کے میدلیعنی سمندری ڈاکوؤں کی جماعت نے چھوٹی چھوٹی کشتیوں میں آکر اس جہاز کو مع اس کے جملہ سامان کے اپنے قبضہ میں کر لیا ان عورتوں میں سے قبیلہ بنی یربوع کی ایک عورت نے حجاج کی دہائی دی، جب حجاج کو اس حادثہ کی خبر لگی اور عورت کی فریاد عراق میں پہونچی تو اس نے یا حجاج کے جواب میں یا لبیک کہا اور راجہ داہر کے پاس آدمی بھیجکر ان عورتوں کی رہائی کی بات چیت کی کرائی، راجہ نے کہا کہ ان عورتوں کو جن ڈاکوؤں نے گرفتار کیا ہے میں ان کی گرفتاری اور سزا کی طاقت نہیں رکھتا[۱] یاقوت حموی نے بھی اس واقعہ کو اہل تاریخ وسیر کے حوالے سے یوں لکھا ہے کہ کرک نے جو ان علاقوں کے کفار ہیں مسلمان عورتوں کو گرفتار کیا ان میں سے ایک عورت نے حجاج بن یوسف کی دہائی دیتے ہوئے یا حجاجاہ پکارا، حجاج نے اس واقعہ کی خبر ملتے ہی راجہ داہر کے پاس لکھا یا آدمی بھیجا، اور اسے ڈاکوؤں سے لڑنے کے لئے اپنی طرف سے امیر مقرر کیا اس موقع پر یاقوت حموی کے الفاظ ہیں :۔

| | |
|---|---|
| فارسل الی داهر ملك الديبل وامره على الغزو لهؤلاء الذين سبوا النسوة ۔ | حجاج نے دیبل کے راجہ داہر کے پاس آدمی بھیجا اور جن ڈاکوؤں نے عورتوں کو گرفتار کیا تھا ان سے جنگ کرنے کے لئے راجہ کو امیر مقرر کیا۔ |

اس کا مطلب یہ تھا کہ ان مجرموں کے خلاف اعلان جنگ خلافت کی طرف سے تھا اور اس کی فوجیں ان کے مقابلہ کے لئے تیار تھیں، جن کی قیادت راجہ داہر کو سپرد کی گئی تھی، یعنی اسے اسلامی فوج کا امیر بنایا گیا مگر ان تمام آسانیوں اور اعزاز وتعاون کے باوجود راجہ نے یہ کہہ کر ان ڈاکوؤں کی گوشمالی سے انکار کر دیا کہ ان کے خلاف کارروائی کی طاقت مجھ میں نہیں ہے، یہ عبد الملک بن مروان کا زور خلافت تھا، راجہ داہر کے اس خشک اور غیر ذمہ دارانہ جواب کو سن کر حجاج نے خلیفہ سے براہ راست حملہ کی اجازت چاہی، مگر

[۱] فتوح البلدان ص ۴۲۲ و ص ۴۲۳،

Marfat.com

مگر خلیفہ نے مصلحتاً اجازت نہیں دی[1] اس عورت کی فریاد سے عراق میں رنج وغم کی فضا پیدا ہوگئی اور شعراء نے اس پر اشعار کہے، محمد بن قاسم کے ایک دوست عدیل بن فرخ نے اس موقع پر پُرتاثیر شعر کہے:۔

سلبتُ بناتی حلیهن فلم ادع ۔۔۔ سوارًا ولا طوقًا و قرطًا مُذَهَّبًا

وما غرنی الأذان حتی کانما ۔۔۔ تُعطّل البیض الاذانب ارنبا

من الدرد الیاقوت من کل حرة ۔۔۔ تری سمطها فوق الخمار مثقبا

دَعَوْن امیرالمومنین فلم یجب ۔۔۔ دعاءً فلم یسمعن اُمًّا و لا اَبًا

علی بن حامد نے لکھا ہے کہ مجاعہ کے مرنے پر حجاج نے محمد بن ہارون کو ہندوستان روانہ کیا اور یہاں کے جملہ معاملات ان کی تحویل میں دے کر علافیوں کو گرفتار کرنے کا حکم دیا۔ نیز تاکید کی کہ وہ سعید بن اسلم کے خون کا بدلہ لیں، محمد بن ہارون نے ایک علافی کو قتل کر کے اس کا سر حجاج کے پاس بھجوادیا اور لکھا کہ ایک علافی (سلیمان علافی) پہلے ہی دارالخلافہ دمشق میں قتل کیا جاچکا ہے، یہ ایک اور علافی کا سر حاضر ہے، مجھے امید ہے کہ میں دوسرے علافیوں کو بھی گرفتار کرلوں گا' اس کے بعد محمد بن ہارون نے پانچ سال تک بری اور بحری فتوحات کیں' ان ہی کے دور امارت میں سرندیپ کے راجہ نے خلیفہ کے پاس ہدیہ روانہ کیا' جس میں مسلمان عورتیں بھی شامل تھیں اور یہاں کے ڈاکوؤں نے ان کو لوٹا تھا[2] تعجب ہے کہ علی بن حامد نے یہ واقعہ خلیفہ ولید کے زمانہ میں لکھا ہے' حالانکہ اس کا وقوع اس سے پہلے عبدالملک بن مروان کے دور خلافت میں ہوا تھا' البتہ ولید کے زمانہ میں اس واقعہ کا ردعمل براہ راست اسلامی فوجوں کے حملہ کی صورت میں ظاہر ہوا' راجہ داہر نے عربوں کے اندرونی اختلافات سے اپنے کو شدید غلط فہمی میں مبتلا کر کے ان ڈاکوؤں سے نہ صرف یہ کہ بازپرس نہیں کی اور ان کو سزا نہیں دی بلکہ حجاج کی پیش کش کو بھی ٹھکرادیا اور اس معاملہ میں ایک گونہ حقارت آمیز رویہ اختیار کیا حالانکہ وہ دیکھ رہا تھا کہ عربوں کے باہمی اختلافات کے باوجود مغرب میں یوروپ تک، جنوب میں افریقہ تک، شمال میں قسطنطنیہ تک، اور مشرق میں حدود چین تک ان کی حکومت قائم تھی،

[1] معجم البلدان ج ۸ ص ۲۰۲۔ [2] چچ نامہ ص ۸۹، ۹۰۔

Marfat.com

غزوات و فتوحات کا سلسلہ جاری تھا اور اس وقت بھی اموی خلافت دنیا کی سب سے بڑی حکومت و طاقت تھی مگر راجہ نے ان حقائق سے صرف نظر کر کے عربوں کے دشمنوں اور باغیوں کو پناہ دی اور جب انھوں نے ان کو طلب کیا تو واپس نہیں کیا اس کی رعایا نے راجہ سرندیپ کے یہاں سے جانے والی بین الاقوامی سفارت اور خیر سگالی کی مہم پر حملہ کر کے اس کو لوٹا اور سب سے بڑھ کر یتیم مسلمان خواتین کو گرفتار کر کے اس دور کے بھی بین الاقوامی اصول کی خلاف ورزی کی، مگر راجہ نے ان کے خلاف کوئی کارروائی از خود نہیں کی اور جب حجاج جیسے باہمت بلند حوصلہ اور سخت گیر امیر نے اس سلسلہ میں اس سے بات کی تو انکار و تحقیر کے لہجہ میں جواب دیا یہ تمام باتیں اموی خلافت اور حجاج کی امارت کی غیرت و حمیت اور شوکت و طاقت کے حق میں تازیانہ ثابت ہوئیں اور انھوں نے ان باتوں کو اپنے وقار کا سوال بنا لیا جس میں وہ ہر اعتبار سے حق بجانب تھے، ان کے نزدیک ہر طرح حجت پوری ہو چکی تھی اور اب معاملہ گفت و شنید سے آگے بڑھ کر مبارزہ و مقابلہ تک آ گیا، چنانچہ حجاج نے خود اقدام کر کے ان بحری ڈاکوؤں کے خلاف مہم روانہ کی اور چونکہ علافیوں کے فتنے اور شورش کی آگ کو راجہ داہر کی ہوا مل رہی تھی اور خلافت کے مقبوضہ علاقوں کا نظم بگڑ رہا تھا۔ اس لیے محمد بن ہارون نمیری کو ان کی ولایت و امارت پر باقی رکھا گیا اور دو فوجی امراء کی قیادت میں ڈاکوؤں کی تادیب کے لیے مہم روانہ کی گئی،

## لیٹروں اور راجہ داہر سے جنگ اور عبید اللہ بن نبہانؒ اور بدیل بن طہفہؒ کی شہادت

جب راجہ داہر نے ان ڈاکوؤں کی گوشمالی سے انکار کر دیا تو حجاج نے عبید اللہ بن نبہان سلمیؒ اور بدیل بن طہفہ بجلیؒ کو فوج دیکر دیبل روانہ کیا۔ جہاں ڈاکو پناہ گزیں تھے اور جو ان کا گڑھ تھا مگر راجہ اور ڈاکوؤں کے اندرونی اتحاد کی وجہ سے یہ دونوں امیر ناکام ہو کر شہید ہو گئے اور حجاج کو آخری اور فیصلہ کن تیاری کرنی پڑی۔

بلاذری کا بیان ہے کہ راجہ داہر کے انکار پر حجاج نے عبید اللہ بن نبہان کو جنگ کے لئے دیبل روانہ کیا جہاں وہ دشمن کا مقابلہ کرتے ہوئے شہید ہو گئے نیز حجاج نے عمان میں

Marfat.com

بدیل بن طہفہ بجلی کو لکھا کہ وہ دیبل کی طرف کوچ کریں چنانچہ انھوں نے عمان سے دیبل پر فوج کشی کی، مگر میدان کارزار میں ان کا گھوڑا بدک گیا اور دشمنوں نے ان کو گھیر کر شہید کر دیا۔ بعضوں کا قول ہے کہ بدیل کو علاقہ بدھ کے جاٹوں نے قتل کیا تھا' ان کی قبر دیبل میں اور تصویر مقام قندد میں ہے[1]۔

اس بیان کے مقابلہ میں علی بن حامد کا بیان زیادہ مفصل ہے' انھوں نے لکھا ہے کہ حجاج نے عبید اللہ بن نبہان سلمی کو مکران کی طرف روانہ کر کے بدیل بن طہفہ بجلی کو حکم دیا کہ تم امیر مکران محمد بن ہارون کے پاس جا کر خبر کرو کہ سندھ پر فوج کشی کے لئے اسلامی لشکر روانہ ہو چکا ہے تاکہ محمد بن ہارون تمہارے ہمراہ تین ہزار سپاہی روانہ کریں، چنانچہ بدیل بن طہفہ نے محمد بن ہارون کے پاس پہونچ کر سارا ماجرا بیان کیا اور انھوں نے بدیل کے ہمراہ تین ہزار فوجی سپاہی روانہ کئے اس سے پہلے عبید اللہ اور بدیل دونوں عمان سے براہ سمندر ایک ساتھ نکلے تھے سندھ پہونچکر عبید اللہ قلعہ نیرون کی طرف روانہ ہوئے اور بدیل مکران میں محمد بن ہارون کے پاس پہونچے' اس درمیان میں خود حجاج کا خط محمد بن ہارون کے نام اس مضمون کا پہونچ چکا تھا کہ تم عبید اللہ بن نبہان کی مدد کرو، جب بدیل اپنی فوج کے ساتھ دیبل پہونچے تو مقامی لوگوں نے راجہ داہر کو جو ارور میں تھا بدیل کی آمد کی خبر دی' اس وقت راجہ داہر کا بیٹا جے سیہ قلعہ نیرون میں تھا وہ دیبل میں بدیل کی آمد کی خبر سن کر باپ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ داہر نے اسے چار ہزار فوج دے کر بدیل کے مقابلہ کے لئے دیبل روانہ کیا' مگر اس سے پہلے بدیل وہاں پہونچ کر کئی حملے کر چکے تھے' بعد میں جے سیہ اپنی فوج کے ساتھ پہونچا اور مسلمانوں کے مقابلہ میں میدان جنگ میں اتر پڑا' صبح سے شام تک گھمسان کی جنگ جاری رہی' اسی جنگ میں ایک موقع پر بدیل کا گھوڑا دشمن کی فوج کے ہاتھیوں کو دیکھ کر بدک گیا' بدیل نے اپنے عمامہ سے اس کی دونوں آنکھیں باندھ کر دشمن پر ایک سخت حملہ کیا اور تقریباً اسی آدمیوں کو قتل کر کے خود شہید ہو گئے

---

[1] فتوح البلدان ص ۴۳۲ و ص ۴۴۲،

حجاج کو بدیل کی شہادت کی خبر سے بہت رنج ہوا، اس نے جمعہ کے خطبہ میں اس حادثہ کا تذکرہ کر کے ان کے خون کا بدلہ لینے کا عزم بالجزم کیا اور یہ اشعار سنائے ؎

دعا الحجاج فارسه بدیل ‏ ‏ ‏ ‏ وقد مال العدوّ علی بُدیل

جس وقت دشمن بدیل کی طرف لپکے، بُدیل نے حجاج بن یوسف کو پکارا

دعا ان یشمره بدیل ‏ ‏ ‏ ‏ وشمر ذیله الحجّاج لمّا

جس وقت بدیل نے تیاری کے لئے حجاج کو پکارا، حجاج نے پوری تیاری کرلی،

فدیت المال للغارات حثواً ‏ ‏ ‏ ‏ بلا عدٍّ یُعدُّ ولا بکیل

اور میں نے بلا حساب کتاب کے مال خرچ کیا،

دیبل میں بدیل کی شہادت کے بعد قلعہ نیرون کے حکام بہت ڈر گئے اور کہنے لگے کہ ہم لوگ اسلامی فوج کی گذرگاہ پر اور اس کی زد میں ہیں۔ بدیل کی شہادت کے بعد ضروری ہے کہ اسلامی فوجیں ہمارے قلعہ پر حملہ آور ہوں یہ سوچ کر وہاں کے حاکم سندر نے راجہ داہر کی اجازت وعلم کے بغیر حجاج کے یہاں اپنا آدمی بھیجا اور معذرت پیش کر کے امن کا طالب ہوا بلکہ سالانہ ایک معتد بہ رقم نذر کرنے کا وعدہ کیا، حجاج نے اس معذرت وپیشکش پر سندر کو پروانہ امن لکھ دیا اور کہا کہ تم لوگ مسلمان قیدیوں کو رہا کر دو ورنہ میں حدودِ چین تک کسی کو نہیں چھوڑوں گا۔[1]

مذکورہ بالا بیانات سے معلوم ہوتا ہے کہ عبید اللہ بن نبہان سلمی اور بدیل بن طہفہ نے بحری ڈاکوؤں کو گھیرنے کے لئے نیرون اور دیبل دونوں ساحلی مرکزوں پر فوج کشی کی تاکہ وہ دو طرفہ حملہ کی زد سے نہ بچ سکیں مگر راجہ داہر اور اس کے بیٹے جے سیہ نے اسلامی فوج کا مقابلہ کر کے ڈاکوؤں کا ساتھ دیا اور اسلامی فوج کے دونوں امراء اپنی اپنی جنگ میں شہید ہوگئے اس کا وہم وگمان بھی نہیں تھا کہ راجہ داہر کی فوجیں مسلمانوں کے مقابلہ میں آجائیں گی ورنہ

[1] چچ نامہ ص ۹۷،

Marfat.com

وہ بھاری فوج لے کر یکجائی جنگ کرتے اور اپنی طاقت کو دو میدانوں میں تقسیم کر کے کمزور نہ ہوتے، ریزون کے حاکم سندر اور اس کے آدمیوں کو راجہ داہر کی یہ ناعاقبت اندیشی پسند نہ آئی اور انھوں نے صورتِ حال کا صحیح اندازہ کر کے حجاج سے براہ راست اپنا معاملہ طے کر لیا۔

## محمد بن قاسم کی امارت اور فتوحات

اموی خلفاء میں عبد الملک بن مروان کا بیس سالہ دور خلافت جو اموی خلافت کے شباب کا زمانہ ہے بہت ہی پر فتن تھا اس میں داخلی اور خارجی فتنوں نے ایسی شدت اختیار کی کہ ان سے نپٹنا بظاہر مشکل تھا، حضرت عبد اللہ بن زبیر گویا متوازی خلافت و طاقت کے مالک تھے مختار ثقفی، ابن اشعث اور خوارج نے پورے عراق کو شورش پسندوں کا اکھاڑہ بنا دیا تھا خراسان سجستان اور سندھ و مکران میں قبائلی عصبیت اور استقلال و خود مختاری کی ہوا چل رہی تھی، عبد الملک بن مروان اس اعتبار سے بڑا خوش نصیب حکمراں گذرا ہے کہ اسے حجاج بن یوسف اور مہلب بن ابو صفرہ سے امراء و حکام مل گئے جنہوں نے اپنے عزم و حوصلہ اور سخت گیری و تشدد سے کام لے کر ان تمام داخلی و خارجی شورشوں پر قابو پا لیا، خاص طور پر حجاج بن یوسف کے احسان سے اموی خلافت کے مروانی خلفاء سبکدوش نہیں ہو سکتے، اس کا خیال خود عبد الملک کو بھی تھا اس نے مرتے وقت اپنی اولاد کو وصیت کی تھی:

اکرموا الحجاج فانہ وطألکم المنابر ودوّخ لکم البلاد واذل لکم الاعداء[۱] تم لوگ حجاج کا احترام کرنا کیوں کہ اس نے تمہارے لئے مرکزوں کو قابو میں کیا، شہروں پر قبضہ کیا اور دشمنوں کو رام کیا،

چنانچہ اس کی سیاست اور کوشش سے عبد الملک کی وفات ۸۶ھ تک تقریباً تمام فتنے دب

[۱] کامل ابن اثیر ص ۸ ۱۹ ج ۴ ۔

گئے یا ختم ہو گئے اور ہندوستان کے ناگفتہ بہ حالات سے مستقل طور سے دلچسپی لینا ممکن ہو گیا تھا جہاں راجہ داہر اور بحری ڈاکوؤں کی روش نے حجاج اور اموی خلافت کے وقار کا سوال بڑی اہمیت کے ساتھ پیدا کر دیا تھا۔ حجاج کے جواب میں راجہ داہر کی خاموشی اور اس کے بعد حجاج کی دو جنگی مہمات کی ناکامی نے اس کے عزم و حوصلہ کو پکارا اور اس نے اپنے قبیلہ کے ایک جوان سال جوان بخت اور جواں ہمت غازی و مجاہد محمد بن قاسم ثقفی کو ہندوستان پر مستقل فوج کشی کے لئے تیار کیا۔

عبد الملک کے زمانہ میں جہاز لوٹنے کا جو واقعہ پیش آیا اور حجاج اور راجہ داہر میں جو بات چیت ہوئی اسے عبد الملک نے بہت اچھے انداز میں نباہنے کی کوشش کی، اور جب حجاج نے ہندوستان پر بڑی فوجی مہم کی اجازت چاہی تو توقف بھی کیا، مگر ۸۶ھ میں جب ولید بن عبد الملک خلیفہ ہوا تو حجاج نے اس سے اس اہم اقدام کی اجازت حاصل ہی کر لی، ولید بڑا خوش نصیب خلیفہ گذرا ہے" اس کے دور خلافت (۸۶ھ تا ۹۶ھ) میں عظیم الشان فتوحات اور کارنامے انجام پائے ہیں۔

اسی کے دور میں ہندوستان، ترکستان اور اندلس میں فتوحات ہوئیں، امام ذہبی نے لکھا ہے کہ اس کے دور میں ۹۰ھ کے بعد سے جس قدر فتوحات مشرق و مغرب میں ہوئی ہیں، عہد عثمانی کے بعد سے نہیں ہوئی تھیں[1] بلکہ بعض مورخین ہندوستان کی فتح کو اسی کے دور میں مانتے ہیں، چنانچہ ابن قتیبہ نے کتاب المعارف میں مختلف ممالک کی فتوحات کے بیان میں لکھا ہے کہ ۹۳ھ میں محمد بن قاسم ثقفی نے ہندوستان کو فتح کیا[2]۔ خلیفہ ولید کے دور میں مشرقی ممالک کی فتوحات کا تذکرہ اموی شاعر ابن جریر نے اپنے اشعار میں یوں کیا ہے:۔

ارض هرقل قد قهرت و داهر — وتسعى لكم من آل كسرى النواصف

(روم کے ہرقل اور سندھ کے داہر کے ملک پر تو نے قبضہ کیا اور تیری خدمت میں فارس کے کسریٰ کے غلام دوڑ رہے ہیں)

[1] العبر ص ۱۱۴ ج ۱۔ [2] کتاب المعارف ص ۱۴۸۔

وادّت الیك الهند مافی حصونها ‏ ‏ ‏ ومن ارض صینستان یجبی الطرائف

(اور ہندوستان نے اپنے قلعوں اور خزانوں میں جو کچھ تھا تم کو دے دیا اور ارضِ چین سے اچھی اچھی چیزیں لائی جانے لگیں)

اور مشہور شاعر روبہ بن عجاج نے غالباً خلیفہ ولید اور محمد بن قاسم کی فتوحات کے سلسلہ میں یہ شعر کہا ہے ؎

اھدٰی الی السند دُھاماً حاسدا ‏ ‏ ‏ حتی استباح السند والا ھا تدا[۱]

اس نے سندھ کی طرف بھاری لشکر روانہ کیا یہاں تک کہ سندھیوں اور ہندیوں کو فتح کرلیا

ولید کا دور بعد کے ادوار کے مقابلہ میں یوں بھی بابرکت تھا کہ اس وقت تک خال خال صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کے فیوض و برکات سے دنیا یمن و سعادت حاصل کر رہی تھی، ابو حنیفہ دینوریؒ نے لکھا ہے کہ مدینہ منورہ میں حضرت سہل بن سعد ساعدیؓ سَو سال سے زائد کی عمر میں ولید کی خلافت کے آخری زمانہ میں فوت ہوئے نیز مدینہ منورہ میں اسی عہد میں حضرت جابر بن عبداللہؓ بصرہ میں حضرت انس بن مالکؓ، کوفہ میں حضرت عبداللہ بن اوفیؓ اور شام میں حضرت ابو امامہ باہلی رضی اللہ عنہم موجود تھے[۲]۔

عرب کے ابتر حالات درست ہوتے ہی حجاج نے خراسان، سجستان، کرمان، فارس اور مکران و سندھ وغیرہ مشرقی ممالک کے انتظامی امور پر توجہ دی اور ان علاقوں میں نئے نئے امراء و حکام مقرر کئے، چنانچہ خراسان میں مہلب بن ابو صفرہ کو اور سجستان میں عبیداللہ بن ابوبکرہ کو امیر بنایا، اسی نئے انتظام کے ماتحت حجاج نے ۸۳ھ میں محمد بن قاسم کو فارس اور شیراز کی حکومت دے کر وہاں کے باغیوں اور سرکشوں کی سرکوبی کا حکم دیا[۳]

ابن قتیبہ نے عیون الاخبار میں لکھا ہے کہ حجاج نے محمد بن قاسم ثقفی کو کردوں سے قتال کرنے کے لئے فارس کا امیر مقرر کیا، انھوں نے ان کو زیر کر کے شیراز کو فوجی چھاؤنی اور حکام کے

[۱] تاج العروس ص ۴۹۳ ج ۱۔ [۲] اخبار الطوال ص ۳۱۵ [۳] تاریخ خلیفہ ص ۲۷۵ ج ۱

Marfat.com

لئے دار الامارت بنایا[1] اس وقت محمد بن قاسم کی عمر صرف اٹھارہ سال کی تھی، وہ ۸۳ھ سے فارس میں انتظامی اور حربی خدمات انجام دیتے رہے یہاں تک کہ ۹۲ھ میں حجاج نے ان کو فارس کی امارت ہی کے ایام میں ہندوستان میں جہاد کا حکم دیا۔ اس وقت وہ ملک رے کی مہم پر روانہ ہو رہے تھے مگر حجاج نے روک کر سندھ کی مہم کا حکم دیا۔

حجاج نے غزوۂ سندھ کی اجازت خلیفہ ولید سے بڑے عزم و حوصلہ اور یقین و اعتماد کے ساتھ حاصل کی تھی اور دو مہمات میں ناکام ہونے کے باوجود اسے اپنے نئے انتظام پر اس قدر اعتماد تھا کہ اس نے خلیفہ کو لکھ دیا کہ اس جنگ میں جس قدر مال خرچ ہوگا میں بیت المال میں داخل کر دوں گا، اس غزوہ کی اہمیت اور سندھ و مکران میں معاشی تنگی اور آب و ہوا کی ناسازگاری کے پیشِ نظر حجاج نے معمولی معمولی ضرورت پر خاص توجہ دی، اور جملہ چھوٹے بڑے سامان اسلامی فوج کے لئے مہیا کئے حتی کہ مال و دولت کے ساتھ سوئی دھاگے کا بھی انتظام کیا اور سرکہ میں تر کی ہوئی روئی سایہ میں خشک کر کے سامان رسد میں رکھی اور کہا کہ سندھ میں سرکہ نایاب ہے تم لوگ وہاں روئی کو پانی میں بھگو کر سرکہ کا کام لینا، ایک روایت میں ہے کہ جب محمد بن قاسم نے سندھ پہنچ کر سرکہ کی قلت کا تذکرہ کیا تو حجاج نے اس ترکیب سے سرکہ روانہ کیا، بہرحال اس نے اسلامی فوج کے لئے جملہ ضروریات کا مکمل سامان کیا اور بری فوج کے ساتھ بحری فوج اور بحری بیڑے کا بھی نہایت زبردست اور معقول انتظام کیا، اس پر خاص خاص ماہرین بحریات کو متعین کیا، جن کی نگرانی میں بحری بیڑے کی نقل و حرکت ہوتی تھی، فارس میں محمد بن قاسم کے ساتھ جو فوج تھی اس کے علاوہ مزید چھ ہزار شامی فوج ساتھ ہوئی نیز اور بہت سے سپاہی غزوۂ ہند کے لئے روانہ ہوئے بلاذری کا بیان ہے:

| | |
|---|---|
| وضم ستة آلاف من جند اهل الشام وخلقاً من غيرهم[2] | حجاج نے محمد بن قاسم کی فوجوں میں مزید چھ ہزار شامی سپاہیوں کو ملایا اس کے علاوہ اور ایک خلقت ان کے ساتھ کی، |

[1] تاریخ یعقوبی ص ۳۴۷۔ ج ۲ عیون الاخبار [2] فتوح البلدان ص ۴۲۴۔

پہلے حجاج نے محمد بن قاسم کو شیراز میں روک کر تمام ضروری سامان اور فوج کا پورا انتظام کیا، اس کے بعد وہ مکران کے لئے روانہ ہوئے۔

## فنزپور اور ارمائیل کی فتح ۹۲ھ

حضرت محمد بن قاسم ثقفی شیراز سے سیدھے نیز مکران آئے، وہاں قیام کر کے پانچ دن کی مسافت طے کرتے ہوئے کنیز آئے پھر وہاں سے دو دن کی مسافت طے کر کے مکران کے مرکزی شہر فنزپور آئے اور اسے فتح کیا۔ اس کے بعد چار دن کی مسافت طے کر کے ارمائیل آئے اور اسے بھی فتح کیا، مورخ یعقوبی کا بیان ہے کہ ۹۲ھ میں حجاج نے محمد بن قاسم کو سندھ کی طرف روانہ کیا، اس سے پہلے وہ فارس میں امیر تھے، ان کو حکم دیا کہ شیراز میں موسم کے موافق ہونے تک مقیم رہیں، چنانچہ محمد بن قاسم شیراز میں آکر چھ ماہ تک مقیم رہے، اس کے بعد چھ ہزار شتر سواروں کو لے کر مکران آئے اور یہاں ایک ماہ قیام کر کے فنزپور کی مہم پر روانہ ہوئے، یہاں کے لوگوں نے پہلے ہی سے مقابلہ کی تیاری کر رکھی تھی، ان کے پاس فوج و اسلحہ کی کثرت تھی، کئی ماہ تک مقابلہ رہا، آخر میں محمد بن قاسم نے فنزپور فتح کر کے دشمن کو گرفتار کیا اور غنیمت پائی، پھر وہاں سے ارمائیل آئے یہاں بھی مقامی لوگوں نے پہلے ہی سے مقابلہ کی تیاری کر رکھی تھی، کئی دن تک ان سے اسلامی فوج کا مقابلہ رہا، بالآخر ارمائیل بھی فتح ہوا، محمد بن قاسم نے وہاں کئی ماہ قیام کر کے تمام انتظامات مکمل کئے[1] مگر خلیفہ بن خیاط نے ارمائیل کی فتح صلح و مصالحت کے ذریعہ بتائی ہے، انھوں نے لکھا ہے کہ ۹۲ھ میں محمد بن قاسم ثقفی نے شہر فنزپور کو فتح کیا، نیز شہر ارمائیل کو صلحاً فتح کیا[2] بلاذری نے ان دونوں شہروں کا تذکرہ اجمالاً کیا ہے اور لکھا ہے کہ محمد بن قاسم نے مکران پہونچکر کچھ دنوں وہاں قیام کیا پھر فنزپور آکر اسے فتح کیا۔ اس کے بعد ارمائیل کو فتح کیا، مکران آنے کے بعد امیر مکران محمد بن ہارون بن ذراع نمیری بھی محمد بن قاسم کے ساتھ ہو گئے مگر ارمائیل کے قریب پہونچکر ان

[1] تاریخ یعقوبی ص ۳۴۵ ج ۲۔ [2] تاریخ خلیفہ ص ۴۴ ج ۱۔

کا انتقال ہو گیا اور مقام قنبل میں دفن کئے گئے[1]۔

تاریخوں میں فنز پور کا املا فنزپو، تیز پور، قیز بون وغیرہ مختلف شکلوں میں ملتا ہے، اصل لفظ پنج پور ہے جو کسی زمانہ میں مکران کا پایہ تخت تھا علاقہ مکران میں پنج گور کے نام سے ایک قدیم شہر اب تک موجود ہے ممکن ہے یہی فنز پور ہو، ارمائیل کو ارمئیل بھی کہتے ہیں یہ مکران اور دیبل کے درمیان سمندر سے نصف فرسخ کی دوری پر واقع تھا، آج کل ارمن بیلہ کے نام سے قلات ڈویژن میں ضلع لس بیلہ کا صدر مقام اور کراچی میں ساٹھ میل دور شمال میں واقع ہے، بہرحال محمد بن قاسم نے فنز پور اور ارمائیل دونوں مقامات کئی ماہ کی جنگ کے بعد فتح کئے، ان میں کافی مدت قیام کر کے تمام انتظامات درست کئے اور امراء و عمال کا تقرر کر کے آگے بڑھے۔

## دیبل کی فتح ۹۳ھ

ارمائیل اور فنزپور کے بعد محمد بن قاسم نے دیبل کا رخ کیا جو ارمائیل سے چار دن کی مسافت پر بہت بڑا ساحلی شہر تھا اور یہیں کے بحری ڈاکوؤں نے اسلامی جہاز کو لوٹ کر جنگ کو دعوت دی تھی، محمد بن قاسم یہاں رمضان ۹۳ھ میں جمعہ کے دن ایک لشکر عظیم لے کر پہنچے جس کے امیر ابو الاسود جہم بن زحر جعفی تھے، وہ فارس کے غزوات میں شاندار خدمات انجام دے چکے تھے اس جنگ میں بحری بیڑا بھی ساتھ تھا، جس میں فوج، سامان جنگ رسد اور دیگر ضروری اشیاء تھیں، دیبل کی فتح ہندوستان کی اسلامی تاریخ کا ایک نیا باب ہے جس کے بعد دوسرے تمام علاقے یکے بعد دیگرے فتح ہوتے چلے گئے۔

بلاذری نے لکھا ہے کہ محمد بن قاسم ارمائیل سے روانہ ہو کر جمعہ کے دن دیبل پہنچے، ساتھ ہی وہ جنگی جہاز بھی پہنچ گئے جن میں فوج، سامان جنگ اور دوسرے سامان موجود تھے اسلامی فوج نے پہنچتے ہی شہر دیبل کو یوں اپنے حصار میں لے لیا کہ شہر کے گرد اگرد خندق کھود دی اور اس

[1] فتوح البلدان ص ۴۲۴۔

Marfat.com

پر نیزے گاڑ کر جھنڈے لہرا دیئے اور جھنڈے کے نیچے سپاہی مقرر کر دیئے، نیز عروس نامی منجنیق نصب کر دی یہ منجنیق اتنی بڑی تھی کہ اسے پانچ سو آدمی مل کر چلاتے تھے شہر دیبل کے اندر ایک بہت بڑا بت خانہ تھا جس پر بہت لمبا لٹھا گڑا ہوا تھا اور اس لٹھے پر سرخ رنگ کا اتنا بڑا جھنڈا لہراتا تھا کہ جب زور سے ہوا چلتی تھی تو سارے شہر پر وہ لہراتا تھا اور اسے اپنے سائے میں لے لیتا تھا اس جنگ میں حجاج کی توجہ اور دلچسپی کا حال یہ تھا کہ جانبین سے ہر تیسرے دن خطوط آتے جاتے تھے محمد بن قاسم ہر بات حجاج کے پاس لکھ کر مشورہ طلب کرتے تھے اور وہ جواب دیتا تھا' محمد بن قاسم نے یہاں کی پوری تفصیل لکھ کر حجاج سے مشورہ چاہا تو اس نے لکھا کہ تم عروس نامی منجنیق کو شہر دیبل کے مشرقی جانب اس طرح نصب کر دو کہ اس کا دہانہ اوپر کی طرف ہو اور اس کے چلانے والے کو ہدایت کرو کہ وہ بت خانہ کے لٹھے کو نشانہ بنائے' جس کے بارے میں تم نے تفصیل دی ہے تاکہ بت خانہ کی شان و شوکت جاتی رہے اور شہریوں کا نقصان بھی نہ ہو' چنانچہ چنانچہ عروس اسی طرح چلائی گئی اور بت خانہ کا لٹھا مع جھنڈے کے ٹوٹ گیا اس واقعہ کے کفار کا غیظ و غضب بہت بڑھ گیا اور وہ سخت طیش میں آگئے' محمد بن قاسم نے شہر کے باہر سے ان کو للکارا تو وہ نکل کر آمادہ جنگ ہو گئے مگر محمد بن قاسم نے ان کو شکست دے کر شہر میں گھسنے پر مجبور کر دیا' اس کے بعد اسلامی فوج نے شہر میں داخل ہونے کی تیاری کی مگر شہر پناہ کی وجہ سے اندر نہیں جا سکتے تھے محمد بن قاسم نے یہ ترکیب کی کہ فصیل پر سیڑھیاں لگانے کا حکم دیا چنانچہ فوراً سیڑھیاں لگائی گئیں اور اسلامی فوج کے سپاہی ان پر چڑھ کر شہر کے اندر داخل ہو گئے' ان میں سب سے پہلے جو شخص چڑھا تھا وہ کوفہ کے قبیلہ بنی مراد سے تھا اس کے بعد دیبل طاقت کے ذریعہ فتح ہو گیا' راجہ شہر چھوڑ کر بھاگ گیا اور محمد بن قاسم نے وہاں تین دن قیام کر کے مقامی لڑنے والوں اور بت خانہ کے پجاریوں اور مہنتوں کو قتل کیا جو جنگ میں شریک تھے اور ایک علاقہ منتخب کر کے مسجد تعمیر کی اور چار ہزار مسلمانوں کو بسایا[1]

[1] فتوح البلدان ص ۴۲۴ و ص ۴۲۵،

یعقوبی نے فتحِ دیبل کا حال اختصار کے ساتھ یوں بیان کیا ہے کہ ارمائیل کی فتح کے بعد محمد بن قاسم نے بھاری فوج لے کر دیبل کا رخ کیا اور مقامی باشندوں کو گھیر کر کئی ماہ تک ان سے جنگ کرتے رہے شہر میں ایک بت خانہ تھا جس کی بلندی چالیس ہاتھ تھی، محمد بن قاسم نے اسے منجنیق سے مار کر توڑ دیا پھر شہر پناہ کی دیوار پر سیڑھیاں لگائیں اور اپنے آدمیوں کو شہر کے اندر اتارا، اور جنگ کے بعد فتح پائی، بعد میں جنگ کرنے والوں کو قتل کیا، وہاں کے بت خانہ کے اندر سات سو پجاری تھے، نیز وہاں سے بہت سا مال پایا، دیبل یہاں کا سب سے بڑا شہر تھا۔ اس کے فتح ہو جانے کے بعد دوسرے شہروں کے باشندے محمد بن قاسم کے سامنے سرنگوں ہو گئے۔[1]

دیبل کا محل وقوع کراچی کے آس پاس تھا، بعض کے نزدیک کراچی کی بندرگاہ کیماڑی سے کچھ فاصلے پر جو جزیرہ منورہ نامی ہے اور اس کے پہاڑ پر قدیم قلعہ ہے یہی دیبل تھا اور محمد بن قاسم نے جو مینارہ گرایا اسی کا مینارہ تھا، بعض نے شہر ٹھٹھہ کو دیبل بتایا ہے، یاقوت حموی کے بیان کی رو سے دیبل وہ مقام ہے جو شہر کراچی کے شمال مشرق میں تقریباً پچاس میل پر آج ڈابےجی کے نام سے مشہور ہے اور اسی نام کا ریلوے اسٹیشن بھی ہے، اسٹیشن سے چند فرلانگ پر ساحل سمندر پر ایک قدیم قلعہ کے نشان ملے ہیں، پورا قلعہ مٹی کی تہہ میں دبا ہوا برآمد ہوا ہے، کھدائی کے دوران کچھ قبریں بھی پائی گئی ہیں جن میں مردوں کے ڈھانچے صحیح وسالم موجود ہیں، ان کو محکمہ آثارِ قدیمہ نے آئینے کے خول میں محفوظ کر دیا ہے۔ ان ڈھانچوں کے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ مسلمان شہدا ہیں جو دیبل کی فتح کے وقت شہید ہوئے تھے، بعض لاشوں کے اندر تیر پیوست ہیں، تیر کا حصہ بھی اسی طرح محفوظ ہے۔ اس قلعہ کے نیچے سندھ کی قدیم صنعت رنگ سازی کے ایک بڑے کارخانے کے نشان بھی برآمد ہوئے ہیں، اس مقام کا نام ممکن ہے دیبل جی سے بدل کر ڈابےجی ہو گیا ہو۔[2]

---

[1] تاریخ یعقوبی ص ۳۴۶ [2] اسلام کا نظام آراضی۔ ملخص ص ۲۰۳

Marfat.com

# نیرون کی فتح ۹۳ھ

محمد بن قاسم دیبل کا انتظام مکمل کر کے جنوب میں آگے بڑھے اور چار دن کی مسافت طے کر کے (نیرون) سندھ آئے جو دیبل اور منصورہ کے درمیان واقع ہے اور اب اس کو حیدرآباد سندھ کہتے ہیں جیسا کہ گذشتہ بیان سے معلوم ہوا کہ یہاں کے حاکم سندر نے اپنے آدمیوں کے مشورہ سے راجہ کی اجازت اور مرضی کے بغیر حجاج بن یوسف کے پاس آدمی بھیجکر صلح و مصالحت کی بات چیت کر لی تھی اور حضرت بدیل بن طہفہ کی شہادت کے بعد اس نے عربوں کے حملہ سے محفوظ رہنے کا انتظام کر لیا تھا اور یہاں کے باشندوں نے عہود و شرائط کو پوری ذمہ داری کے ساتھ نباہا اس لئے محمد بن قاسم نے ان سے کوئی تعرض نہیں کیا۔

بلاذری نے لکھا ہے کہ دیبل کے بعد محمد بن قاسم نیرون آئے، یہاں کے باشندوں نے پہلے ہی اپنے نمائندوں کو حجاج کے پاس عراق بھیجکر صلح کر لی تھی، چنانچہ اسی کے مطابق انھوں نے محمد بن قاسم کو اپنے شہر کے اندر داخل کر کے ان کی دعوت و مدارات کی، کھانے پینے کا اہتمام کیا اور شرائط کے سلسلے میں پوری پوری وفاداری کا ثبوت دیا۔[1]

یعقوبی نے نیرون کی فتح کا حال نہایت مختصر طور سے یوں لکھا ہے کہ محمد بن قاسم نے ۹۳ھ میں دیبل فتح کرنے کے بعد نیرون کو فتح کیا۔[2]

نیرون کی صلح کے بعد محمد بن قاسم نے حجاج کو خط لکھ کر آگے بڑھنے کی اجازت چاہی، ان ایام میں امیر خراسان قتیبہ بن مسلم باہلی مشرق میں حدود چین تک فتوحات کر رہے تھے، اس لئے حجاج نے محمد بن قاسم کو جواب دیا کہ تم فتوحات میں آگے بڑھتے رہو، جس قدر فتوحات کروگے ان پر امیر و حاکم تم رہوگے اور قتیبہ بن مسلم کو لکھا کہ تم دونوں میں سے جو بھی چین کی طرف فتوحات کرتا ہوا بڑھے گا وہ اس علاقہ کا امیر ہوگا، جریر شاعر نے اپنے اس شعر میں حجاج کو مخاطب کر کے اسی طرف

---

[1] فتوح البلدان ص ۴۲۵ [2] تاریخ یعقوبی ص ۳۴۶۔ ج ۲ و تاریخ خلیفہ ج ۱ ص ۴۰۸۔

اشارہ کیا ہے۔

کانک قد رأیت مقدمات لصین استان قد رفعوا القبابا

(گویا تم نے سرزمین چین کی طرف بڑھنے والے اگلے دستوں کو دیکھ لیا جنہوں نے وہاں اپنی شان و شوکت کے قبے اونچے کئے)

## سندروذ اور سہیان کی فتح ۹۳ھ

جیسا کہ معلوم ہوا نیرون میں محمد بن قاسم کو حجاج کا خط ملا جس میں آگے بڑھنے کی ترغیب تھی چنانچہ محمد بن قاسم فاتحانہ شان سے یوں آگے بڑھے کہ جس شہر اور بستی سے گذرتے تھے اسے فتح کرتے جاتے تھے یہاں تک کہ دریائے سندھ سے پہلے ایک دریا پر گذرے تو وہاں کے حاکم سربیدس (سروپ داس) نے خود بڑھ کر اپنے عوام کی طرف سے صلح و مصالحت کرلی اور نیرون والوں کی طرح صلح کے ذریعہ اپنے کو خون خرابہ سے بچا لیا، محمد بن قاسم نے وہاں کے باشندوں پر خراج تجویز کیا، اس کے بعد آگے بڑھ کر مقام سہبان کو فتح کیا[1] اس دریا اور سہبان کی تعیین نہیں ہو سکی بلاذری نے لکھا ہے حتی عبر نھرا دون مھران یعنی محمد بن قاسم نے دریائے سندھ کے علاوہ ایک دریا پار کیا اور یعقوبی نے فعبر نھر السند وھو دون مھران لکھ کر اس دریا کا نام نہر السند بتایا ہے اور اصطخری نے یہاں کے دریاؤں کے ذکر میں لکھا ہے کہ دریائے سندروذ بہت بڑا اور میٹھا دریا ہے، مجھے معلوم ہوا ہے کہ یہ دریائے سندھ میں گرتا ہے، ملتان سے تین دن کی دوری پر ہے[2] ہو سکتا ہے کہ محمد بن قاسم نے اسی دریا کے قریبی شہر کو فتح کر کے آگے سہبان نامی مقام کو فتح کیا ہو۔

---

[1] فتوح البلدان ص ۴۲۵ و تاریخ یعقوبی ص ۳۴۶ ۔ ج ۔ ۳ ۔ ص ۳۴۶۔

[2] مسالک الممالک ص ۱۸۰۔

Marfat.com

## سدوسان کی فتح ۹۳ھ

سہبان کی صلح کے بعد محمد بن قاسم نے دریائے سندھ کا رخ کیا اور اس کے وسطی علاقہ میں پڑاؤ ڈال کر محمد بن مصعب بن عبدالرحمٰن ثقفی کو سدوسان کی مہم پر روانہ کیا جو دریائے سندھ کے مغرب میں بلادِ بدھ اور منصورہ کے درمیان واقع تھا محمد بن مصعب یہاں گھوڑوں اور اونٹوں کو لے کر پہونچے، مقامی باشندوں نے آگے بڑھ کر صلح و امان چاہی اور ان کی طرف سے ایک سمنی (حاکم) نے درمیان میں پڑ کر بات چیت کی محمد بن مصعب نے ان کی پیش کش قبول کر کے ان پر خراج لگایا اور شرائط صلح پر قائم رہنے کے لئے ان کے کچھ آدمی بطور رہن اپنے ساتھ لئے، چنانچہ وہاں سے چار ہزار جاٹوں کو لے کر محمد بن قاسم کے پاس آئے، بعد میں سب کے سب محمد بن قاسم کے ساتھ اسلامی فوج میں شامل ہو گئے، محمد بن قاسم نے سدوسان کا انتظام اپنے ہاتھ میں لے کر یہاں اپنا امیر مقرر کیا[1]۔

## راجہ داہر سے جنگ اور فتح ۹۳ھ

جس وقت محمد بن قاسم دریائے سندھ کے وسطی علاقہ میں پہونچے، راجہ داہر کو ان کی آمد کی خبر لگ گئی، وہ دیبل سے شکست کھا کر کچھ کے راجہ راسل کی عملداری میں بھاگ آیا تھا اور زور شور سے جنگ کی تیاری میں مصروف تھا یہ علاقہ سندھ کے آگے بلادِ ہند میں شامل تھا، محمد بن قاسم سندھ کے بڑے بڑے شہروں کو فتح کر کے ہندوستان کے اس علاقہ میں داخل ہونا چاہتے تھے جہاں راجہ داہر پناہ گزیں تھا، چنانچہ انھوں نے دریائے سندھ پر فوری طور سے ایک پل باندھا اور اسی سے اسلامی فوج کو لے کر علاقہ کچھ (سوراشٹر) میں داخل ہوئے، راجہ داہر نے نئے عزم و حوصلہ اور پورے ساز و سامان کے ساتھ ان سے جنگ کی،

---

[1] فتوح البلدان ص ۴۲۵۔

Marfat.com

وہ خود ایک ہاتھی پر سوار تھا اور اس کے ارد گرد بہت سے ہاتھی تھے، اس معرکہ میں اس کے ساتھ ٹھاکروں کی فوج تھی، مسلمانوں نے بھی بڑی بے جگری سے مقابلہ کیا اور ایسی شدید جنگ ہوئی کہ اس سے پہلے اتنی شدید جنگ نہیں سنی گئی تھی راجہ داہر ہاتھی پر سوار ہو کر لڑ رہا تھا پھر زمین پر اتر کر لڑنے لگا یہاں تک کہ شام ہوتے ہوتے مارا گیا اور اسکی فوج یوں شکست کھا کر بھاگی کہ اسلامی فوج نے اسے جیسے چاہا قتل کیا۔[1]

یعقوبی کی روایت میں ہے کہ جس وقت راجہ داہر کو محمد بن قاسم کی آمد کی خبر ملی اس نے مقابلہ کے لیے ایک لشکر عظیم روانہ کیا، محمد بن قاسم نے اسے شکست دے دی۔ اس کے بعد خود راجہ داہر مقابلہ میں آیا اور کئی ماہ تک دونوں طرف کی فوجیں ایک دوسرے کے سامنے پڑی رہیں، اسی درمیان میں ایک مرتبہ راجہ داہر نے آگے بڑھ کر حملہ کر دیا اس وقت وہ جنگی ہاتھی پر سوار تھا، سخت جنگ ہوئی اور فریقین کے بہت سے آدمی کام آئے اور گرفتار ہوئے، سخت گرمی کی وجہ سے داہر کا ہاتھی پیاسا ہو کر فیلبان کے قابو سے باہر ہو گیا، اس لئے راجہ داہر اتر کر جنگ کرنے لگا، یہاں تک کہ اسی حال میں مارا گیا اور مسلمانوں نے فتح پائی۔ محمد بن قاسم نے حجاج کے پاس اس فتح کی خوشخبری کا خط روانہ کیا اور ساتھ ہی راجہ کا سر بھیجا۔[2] ابن کثیر نے لکھا ہے کہ اس جنگ میں راجہ داہر کے پاس ستائیس منتخب جنگی ہاتھی تھے، مسلمانوں نے جم کر مقابلہ کیا اور راجہ داہر بھاگ کھڑا ہوا، مسلمانوں نے اس کی ہزیمت خوردہ فوج کا تعاقب کر کے اسے قتل کیا۔[3]

سندھ کے راجوں مہاراجوں کے یہاں جنگی ہاتھیوں کے میدان میں اترنے کی صورت یہ ہوتی تھی کہ جو ہاتھی زیادہ بہادر ہوتا تھا اس کی سونڈ میں کٹار باندھا جاتا تھا اور پوری سونڈ زرہوں سے چھپا دی جاتی تھی، نیز اس کے پورے جسم پر لوہے کی زرہیں اور میخیں ہوتی تھیں اور اس کے گرد پانچ سو سپاہیوں کی پیدل فوج ہوا کرتی تھی، اس وقت ایک ہاتھی چھ ہزار شہسوار سے نبرد آزما ہوتا تھا، کبھی ان میں گھس جاتا، کبھی نکل جاتا، اور اس طرح حملہ کرتا تھا جیسے کوئی

[1] فتوح البلدان ص ۴۲۶ [2] یعقوبی ص ۳۴۶ ج ۲ [3] البدایۃ والنہایۃ ص ۸۷ ج ۹

سپاہی کسی شہ سوار پر جھپٹتا ہے[1] اس حساب سے صرف ستائیس جنگی ہاتھیوں کے ہمراہ راجہ داہر کے تیرہ چودہ ہزار سپاہی موجود تھے سوار اور پیدل فوج ان کے علاوہ تھی۔

خلیفہ بن خیاط نے ۹۳ھ کے واقعات میں مشہور عابد و زاہد اور بزرگ حضرت کہمس بن حسن بصریؒ کی زبانی جنگ داہر کا واقعہ یوں بیان کیا ہے کہ میں محمد بن قاسم کی فوج میں شامل تھا۔ راجہ داہر بھاری فوج لے کر ہمارے مقابلہ میں آیا' اس کے ساتھ ستائیس جنگی ہاتھی تھے' ہم دریائے سندھ عبور کر کے اس کی فوجوں کے مقابلہ کے لئے گئے اور طرفین میں جنگ ہوئی' اللہ تعالیٰ نے دشمنوں کو شکست دی اور راجہ داہر بھاگ کھڑا ہوا' ہم نے دریا عبور کر کے راجہ اور اس کی فوج کا تعاقب کیا اور مسلمانوں کی ایک جماعت قتل و غارت کر کے صحیح و سالم واپس آگئی' پھر ایک رات راجہ داہر لشکر عظیم لے کر ہمارے مقابلہ میں آیا' اس وقت سب کے ہاتھ میں ننگی تلواریں تھیں' فریقین میں سخت رن پڑا' جس میں راجہ داہر اور اس کی فوج کا بیشتر حصہ مارا گیا اور باقی ماندہ بھاگ گئے۔[2]

مدائنی کی روایت کے مطابق راجہ داہر کو قبیلہ بنی کلاب کے ایک سپاہی نے قتل کیا اور ابن کلبی نے کہا ہے کہ راجہ کا قاتل قبیلہ بنوطے سے قاسم بن ثعلبہ بن عبداللہ بن حصین طائی ہے اور ابن حزم اور ابن درید نے اس کے قاتل کا نام قشعم بن ثعلبہ طائی بتایا ہے[3] اس مجاہد نے اپنے اس شان دار کارنامہ کو یوں بیان کیا ہے:۔

الخیل تشهد یوم داهر والقنا ومحمد بن القاسم بن محمد

(جنگ داہر میں گھوڑے، نیزے اور محمد بن قاسم بن محمد ثقفی گواہی دیتے ہیں۔)

انی فرجت الجمع غیر معرد حتی علوت عظیمهم بمهند

(کہ میں فوجوں کو چیرتا پھاڑتا ہوا سندھیوں کے راجہ داہر پر ہند کی تلوار سے غالب آگیا)

---

[1] مروج الذہب ج ۱ ص ۱۶۶ و ص ۱۶۷۔ [2] تاریخ خلیفہ ج ۱ ص ۴۰۵ و ۴۰۶ [3] فتوح البلدان ص ۴۲۷ جمہرۃ انساب العرب ص ۴۰۴، کتاب الاشتقاق ص ۳۹۵'



Marfat.com

فنزعته تحت العجاج مجدلا          متعفر الخدين غیر موسد

اور اسے گرد و غبار کے نیچے پچھڑا ہوا یوں چھوڑا کہ اس کے رخسار غبار آلود تھے اس کے سر کے نیچے تکیہ بھی نہیں تھا۔
منصور بن حاتم نحوی کا بیان ہے کہ راجہ داہر اور اس کے قاتل دونوں کی تصویریں یا مجسمے شہر بھڑوچ میں بنے ہوئے ہیں، ہندوستان میں قدیم زمانہ سے نامور افراد کے مجسموں اور تصویروں کے ذریعہ ان کی یادگار قائم کرنے کا رواج ہے چونکہ سندھ کا راجہ داہر سوراشٹر اور گجرات کے بلاد راسل یعنی علاقہ کچھ میں کام آیا اس لئے اس کی اور اس کے قاتل دونوں کی یادگار گجرات کے قدیم و مشہور شہر بھڑوچ میں قائم کر کے دونوں بہادروں کے کارناموں کو یاد رکھا گیا، دونوں اپنے اپنے کارناموں میں بہادر تھے، راجہ داہر نے عرب کی عظیم فوج کا جم کر مقابلہ کیا اور قشم نے اس عظیم راجہ کا کام تمام کیا، راجہ کے مرنے کے بعد پورے سندھ پر محمد بن قاسم کا مکمل قبضہ ہو گیا اور وہ اطراف و جوانب کے قریہ قریہ اور شہر شہر کو فتح کرتے ہوئے الور پہونچے جب راجہ داہر کے قتل کی خبر حجاج بن یوسف کے دربار میں پہونچی تو ایک ثقفی شاعر نے کہا:

فتحت بلاد السند بعد صعوبة          ومهابة لمحمد بن القاسم

(محمد بن قاسم کے لئے سندھ کے شہر مختلف جنگ و جدال اور تکلیف کے بعد فتح ہو گئے)

ساس الامور سیاسة ثقفية          بشهامة منه ورأي حازم

(انھوں نے اپنی بہادری اور پختہ کاری سے ثقفی سیاست و حکمت عملی سے کام لیا)

أذن الامير له غداة وداعه          كان الامير مودبا في العالم

(امیر حجاج بن یوسف نے رخصت کرنے کی صبح کو انھیں جہاد کی اجازت دی، امیر حجاج تادیب و تربیت میں دنیا میں مشہور ہیں)

ما غاب عنه من الامور رزانة          فيه اليقين له عيان العالم

(اس کی پختہ کاری اور عقل مندی کی وجہ سے اس کی نگاہ سے ایسی کوئی بات پوشیدہ نہیں ہے جس میں کامیابی کا یقین نہ ہو)

فبرمحه نصر الاله محمد          وبسيفه قامت نساء الماتم

(محمد بن قاسم نے اپنے نیزے سے اللہ کے دین کی مدد کی اور اس کی تلوار کی وجہ سے دشمن کی عورتیں ماتم کر رہی ہیں)

Marfat.com

وبکید ہ سارت بهامة داهر — دُهُمُ النعال الی اعزقما قسم

(اور ان کی تدبیر سے داہر کے سر کو بہادران اسلام معزز ترین سر یعنی خلیفہ کے پاس لے گئے)

المال سبّقهم وکل خریدة — بیضاء انسیة کظبی فاعم

(ان کے داہر کے سر کو لے کر پہونچنے سے پہلے ہی داہر کا مال اور حسین وجمیل باندیاں بھی جا چکی تھیں)

لا راس الّا راس داهر فوقه — عند الملوك بخطبه المتفاقم

(بادشاہوں کے نزدیک راجہ داہر کے سر سے بڑا کوئی دوسرا سر نہیں تھا کیوں کہ اس کا مقام بہت بلند تھا)

أنساءه یبدین نوحة حُرّة — وخیوله تبکی بدمع ساجم

(کیا اس کی بیویاں شریف عورت کی طرح نوحہ وگریہ کریں گی اور کیا اس کے گھوڑے گرتے ہوئے آنسوؤں کیساتھ روئینگے)

## الور کی فتح ۹۳ھ

محمد بن قاسم نے علاقہ کچھ میں راجہ داہر پر فتح پانے کے بعد ارور کو فتح کیا، یہاں کے راجہ نے راجہ داہر کی بیوی کو پناہ دی تھی اور وہ اپنے حشم وخدم اور مال و دولت کے ساتھ یہاں بھاگ آئی تھی بقول بلاذری جب اسے محمد بن قاسم کے آنے کی خبر لگی تو تمام مال و دولت اور لونڈیوں کے ساتھ اپنے آپ کو نذر آتش کر دیا تاکہ محمد بن قاسم گرفتار نہ کر سکیں[۲] مگر یعقوبی کی روایت کے مطابق محمد بن قاسم نے اَرُوْر آکر جو سندھ کا بہت بڑا شہر تھا اس کا شدید محاصرہ کیا، یہاں کے باشندوں کو اب تک راجہ داہر کے مارے جانے کی خبر نہیں تھی۔ محمد بن قاسم نے ان کو صحیح حالات سے یوں باخبر کیا کہ راجہ داہر کی بیوی کو راوَروالوں کے یہاں بھیجا، جس نے ان کو بتایا کہ راجہ مارا جا چکا ہے، اس لئے اب تم امان طلب کر و، چنانچہ انھوں نے رانی کی بات کو صحیح مانتے ہوئے محمد بن قاسم کے فیصلہ پر اپنی رضامندی ظاہر کی، ان کے لئے شہر کا دروازہ کھول دیا، محمد بن قاسم نے اندر جا کر نئے انتظامات کے ماتحت اپنا نائب مقرر کیا[۳] یعقوبی کا بیان بلاذری

[۱] چچ نامہ ص ۱۸۹ [۲] فتوح البلدان ص ۴۲۶ [۳] تاریخ یعقوبی ص ۳۴۷،

Marfat.com

کی روایت کے مقابلہ میں مفصل ہونے کے ساتھ زیادہ مستند اور صحیح بھی ہے، الور یا اَروڑ کا قدیم شہر اور رائے خاندان کے راجوں کا دار السلطنت تھا اور دریائے سندھ کے کنارے ہونے کی وجہ سے بہت زیادہ آباد تھا، اس کی حدودِ سلطنت جنوب میں گجرات وسوراشٹر تک آج کل اسے اروڑ کہتے ہیں، سندھ میں روہڑی اسٹیشن سے چار میل جنوب میں واقع ہے، کھنڈر دور دور تک پھیلے ہوئے ہیں۔

## برہمن آباد کی فتح ۹۳ھ

راجہ داہر کے میدانِ جنگ میں کام آجانے کے بعد اس کی بیوی اَروڑ میں پناہ گزین ہوئی اور بہت سے سپاہی بھاگ کر برہمن آباد میں روپوش ہوگئے، اس لئے محمد بن قاسم نے اروڑ پر قبضہ کرکے برہمن آباد کا رخ کیا، یہاں پہونچنے پر ان سپاہیوں سے شدید جنگ ہوئی جس میں لشکرِ اسلام کو فتح نصیب ہوئی بلاذری نے لکھا ہے کہ اَروڑ فتح کرکے محمد بن قاسم برہمن آباد کے قدیم شہر میں آئے جو بعد کے شہر منصورہ سے دو فرسخ کی دوری پر واقع تھا اس زمانہ میں یہاں جھاڑیاں اور جنگل تھے ان ہی میں راجہ داہر کی شکست خوردہ فوج چھپی ہوئی تھی، جس نے اب بھی جم کر مسلمانوں سے مقابلہ کیا مگر محمد بن قاسم نے اس مقام کو فتح کرکے آٹھ ہزار یا چھبیس ہزار دشمنوں کو مارا، اور وہاں اپنا حاکم مقرر کیا[۱]۔

خلیفہ بن خیاط نے ۹۳ھ کے واقعات میں حضرت کہمس بن حسن بصریؒ کی زبانی جو کہ اس جہاد میں شریک تھے نقل کیا ہے کہ قتلِ داہر کے بعد اس کی عام فوجیں بھاگ نکلیں اور محمد بن قاسم نے ان کا پیچھا کیا یہاں تک کہ وہ شہر برہما میں آئیں، جہاں ان میں سے ایک جماعت نے نکل کر جنگ کی، محمد بن قاسم نے اس کو شہر میں گھسنے پر مجبور کردیا پھر شہر کا محاصرہ کرکے اسے فتح کیا[۲]۔

ابن کثیر نے مختصر طور سے راجہ داہر کی ان شکست خوردہ فوجوں کا تذکرہ کرکے ان پر

---

[۱] فتوح البلدان ص ۴۲۶ [۲] تاریخ خلیفہ ج ۱ ص ۳۰۶۔

Marfat.com

ہے اور ان کے قتل ہونے کی تصریح کی ہے۔ لگ علیفہ اور ابن کثیر میں سے کسی نے آٹھ ہزار یا چھبیس ہزار دشمنوں کے مارے جانے کی تصریح نہیں کی ہے۔ جب کہ یعقوبی نے سرے سے اس واقعہ قتل ہی نہیں کیا ہے، برہمن آباد کا قدیم تلفظ بھمنوا ہے، اسی کے قریب منصورہ شہر آباد کیا گیا ہے آئین اکبری میں ہے کہ بھکر کا قدیم نام منصورہ تھا آج یہاں چھوٹا سا گاؤں بامنا نام کا ہے، حال ہی میں یہاں سے منصور عباسی کے زمانہ کا ایک سکہ ملا ہے جس پر ۱۵۸ھ درج ہے۔

# الرور، بغرور، ساوندری اور بسمد کی فتح ۹۳ھ

راوڑ اور برہمن آباد میں چھپے ہوئے دشمنوں کی سرکوبی کے بعد محمد بن قاسم نے رور اور بغرور کا ارادہ کیا۔ یہ ایک پہاڑی شہر تھا، راستہ میں ساوندری اور بسمد دو شہر پڑے جہاں کے باشندوں نے بڑھ کر صلح کرلی، اس کے بعد الرور و بغرور والوں نے بھی صلح کرلی ۔

بلاذری کی روایت ہے کہ برہمن آباد کو فتح کر کے محمد بن قاسم الرور اور بغرور کے ارادہ سے نکلے راستہ میں ساوندری کے باشندوں نے آگے بڑھ کر ان سے ملاقات کی اور امان چاہا، محمد بن قاسم نے ان کی درخواست منظور کرتے ہوئے مسلمانوں کی ضیافت اور رہبری کی شرط لگائی اور یہاں سے آگے بڑھے تو بسمد کے لوگوں نے بھی ساوندری والوں کی طرح صلح کرلی، محمد بن قاسم نے ان کے لئے بھی مسلمانوں کی ضیافت اور رہنمائی ضروری قرار دی، پھر الرور پہونچ کر شہر کا محاصرہ کیا اور اس شرط پر ان سے صلح کی کہ مسلمان نہ مقامی باشندوں کو قتل کریں گے اور نہ ہی ان کے بت خانہ سے چھیڑ چھاڑ کریں گے، ان کا بت خانہ بھی ویسا ہی ہوگا جیسے نصاریٰ اور مجوس کے عبادت خانہ کی طرح ہوتا ہے، ساتھ ہی ان پر خراج مقرر کیا جس کی ادائیگی میں دیر سویر کی مہلت تھی، اور وہاں ایک مسجد تعمیر کی۔

الرور دریائے سندھ کے پاس حدودِ منصورہ (قدیم برہمن آباد) میں واقع تھا جس کی آبادی

---

البدایۃ والنہایۃ ج ۹ ص ۸۷، ۲ فتوح البلدان ص ۴۲۶ و ۴۲۷

Marfat.com

ملتان کے برابر تھی، اور بسمد دریائے سندھ کے مشرق میں ایک فرسخ پر چھوٹا سا سرسبز و شاداب تھا، اور ملتان و جندراور اور اس کے درمیان ایک ایک فرسخ کا فاصلہ تھا۔

## راجہ ججّ سے جنگ ۹۴ھ

راجہ داہر کے بیٹے راجہ ججّ سے محمد بن قاسم کی جنگ اور اس کے مارے جانے کا ذکر تاریخوں میں تفصیل کے ساتھ نہیں مل سکا البتہ خلیفہ بن خیاط نے ۹۴ھ میں اس کے قتل ہونے کی تصریح کی ہے:

| | |
|---|---|
| (فی سنۃ اربع وتسعین) قتل جحل بن القاسم صصہ[1] | ۹۴ھ میں محمد بن قاسم نے راجہ ججّ کو قتل کیا۔ |

اور بلاذری نے لکھا ہے کہ جنید بن عبد الرحمٰن مری (۱۰۶ھ تا ۱۱۱ھ) نے دریائے سندھ کے کنارے برہمن آباد کے قریب راجہ ججّ کو قتل کیا جب کہ وہ اپنے بھائی راجہ جیسیہ بن داہر کے ناحق قتل پر عراق جا کر شکایت کرنا چاہتا تھا۔[2] ہمارے نزدیک خلیفہ کی تصریح زیادہ مستند ہے اور راجہ ججّ بن داہر ۹۴ھ میں محمد بن قاسم سے لڑتے ہوئے مارا گیا۔

## ملتان کی فتح ۹۵ھ

سندھ کی ان فتوحات کے بعد محمد بن قاسم نے پنجاب کا رُخ کیا اور دریائے بیاس کو عبور کر کے ۹۵ھ میں ملتان پہنچے، راستہ میں دریا کے اس پار سکہ نامی شہر کو فتح کیا پھر ملتان پہنچ کر مقامی باشندوں سے جنگ کی، جس میں زائدہ بن عمیر طائی نے بڑی بہادری سے کام لیا، دشمن شکست کھا کر شہر میں گھس گئے، محمد بن قاسم نے ان کا محاصرہ کیا اور اتنی زیادہ مدت تک شہر کو گھیرے ہوئے پڑے رہے کہ اسلامی فوج میں سامانِ رسد کی شدید قلت ہوگئی اور لوگوں نے گدھے تک

[1] تاریخ خلیفہ ج ۱ ص ۳۰۸۔ [2] فتوح البلدان ص ۴۲۹۔

Marfat.com

کمائے، اسی اثناء میں شہریوں میں سے ایک شخص امان لے کر محمد بن قاسم کے پاس آیا اور اس نے اس مقام کی نشان دہی کی جہاں سے پینے کا پانی شہر میں جاتا تھا۔ اسلامی فوج نے اس مقام پر قبضہ کر کے شہر کو فتح کر لیا، صورت یہ ہوئی کہ دریائے بسمد کا پانی شہر کے اندر ایک تالاب میں جمع ہوتا تھا اور اسی تالاب سے پورے شہر کے باشندے پانی حاصل کرتے تھے، اس شخص کی مخبری کے بعد محمد بن قاسم نے شہر کے باہر پانی کی نہر اس قدر گہری کر دی کہ شہر کے اندر پانی کا جانا بند ہو گیا اور سارا شہر پیاس سے مجبور ہو کر محمد بن قاسم کا حکم ماننے پر آمادہ ہو گیا، محمد بن قاسم نے ملتان کے لڑنے والے سپاہیوں کو قتل کر کے باقی کو قید کیا، ساتھ ہی یہاں کے بت خانہ کے پجاریوں اور مہنتوں کو قیدی بنایا جو تعداد میں چھ ہزار تھے، اس کے بعد مسلمانوں نے بہت سا سونا پایا، یہ تمام مال بت خانہ کی ایک کوٹھری میں جمع کئے گئے تھے، جو دس گز لمبی اور آٹھ گز چوڑی تھی، اس کی چھت میں ایک سوراخ تھا جس سے بت خانہ کے نذر و نیاز کی رقم اندر ڈال دی جاتی تھی، اسی لئے مسلمانوں نے ملتان کا نام "فَرْجُ بَيْتِ الذهب" (خانہ زر کی دہلیز) رکھا، ملتان کے اس بت کے لئے نذر و نیاز اور ہدیہ کا مال بھاری مقدار میں آتا تھا، اور سندھ و ہند کے باشندے آ کر اس کا چکر لگاتے تھے اور اس کے پاس سر اور ڈاڑھی کے بال منڈواتے تھے، ان کا اعتقاد تھا کہ بت خانہ میں حضرت ایوب علیہ السلام کا بت ہے[1]۔

اسی دوران میں حجاج بن یوسف نے محمد بن قاسم کو لکھا کہ میں نے امیر المومنین ولید کو تحریری ضمانت دی ہے کہ میں نے ہندوستان کی مہمات میں جس قدر مال خرچ کیا ہے اسے بیت المال کو واپس کر دوں گا، اب تم مجھے میری ذمہ داری سے رہا کرو، چنانچہ محمد بن قاسم نے بہت زیادہ مال بھیجا جو اصل خرچہ سے زائد تھا[1] اور جب حجاج نے دخل و خرج کا حساب لگایا تو معلوم ہوا کہ کل ساٹھ لاکھ درہم خرچ ہوئے ہیں اور ایک کروڑ بیس لاکھ کی آمدنی ہوئی ہے، یہ دیکھ کر حجاج نے اطمینان کا سانس لیتے ہوئے کہا۔

---

[1] فتوح البلدان ص ۲۴۷ [1] تاریخ یعقوبی ج ۲ ص ۳۴۷۔

شفينا غيظنا، وادركنا ثارنا و | ہم نے اپنا غصہ ٹھنڈا کیا اور اپنا خون بہالیا اور
ازددنا ستين الف الف درهم، | مزید ساٹھ لاکھ رقم اور راجہ داہر کا سر
وراس داهر۔[1] | نفع میں پایا۔

محمد بن قاسم مجاہدین اسلام کے ساتھ ہندوستان میں سیل بے کراں بن کر آگے بڑھ رہے تھے کہ اسی درمیان میں رمضان ۹۵ھ میں حجاج بن یوسف راہیٔ ملک عدم ہوگیا اس وقت محمد بن قاسم ملتان کی فتوحات و انتظامات میں مصروف تھے اور حجاج کی موت کی خبر ملنے سے پہلے ہی وہ سب کام مکمل کر چکے تھے اس لئے ملتان سے الرور اور بغرور واپس چلے آئے اور کچھ دنوں یہاں رہ کر لوگوں کو داد و دہش سے نوازا اور فوجی مہم روانہ کی۔

# بھیلمان اور سورٹھ کی فتح ۹۵ھ

محمد بن قاسم نے سندھ اور سوراشٹر کے سرحدی مقامات کچھ، برہمن آباد، الرور و بغرور وغیرہ کو زیر کر کے پنجاب کے مرکزی مقام ملتان کو فتح کیا پھر وہاں سے دوبارہ جنوب کا رخ کیا جسے پہلے فتح کر چکے تھے اور الرور و بغرور پہونچکر اسلامی فوج نے کچھ دنوں آرام کیا۔ اس کے بعد سوراشٹر کے مشہور اور مرکزی شہر بیلمان (بھیلمان) کے لئے فوج روانہ کی یہ شہر گوجر قوم کا دارالحکومت تھا، یہاں کے لوگوں نے اسلامی فوج سے مقابلہ نہیں کیا بلکہ اطاعت قبول کرلی، نیز سرست (سورٹھ، سوراشٹر) والوں نے اسلامی فوج سے صلح د مصالحت کرلی، یہاں کے عام باشندے مید یعنی بحری ڈاکو تھے جو سمندر میں تجارتی جہازوں کو لوٹ لیا کرتے تھے، اس موقع پر بلاذری کے محتاط الفاظ یہ ہیں۔

ووجه الى البيلمان جيشاً فلم يقاتلوا | محمد بن قاسم نے بیلمان کی جانب فوج روانہ کی
واعطوا الطاعة، وسالمه اهل | مگر مقامی باشندوں نے جنگ نہیں کی بلکہ اطاعت

---

[1] فتوح البلدان ص ۴۲۷۔

| | |
|---|---|
| سرست و هی مغزی اهل البصرة الیوم و اهلها المیں الذین یقطعون فی البحر[1] | قبول کرلی اسی طرح سرست (سورٹھ) کے باشندوں نے صلح کرلی یہ مقام ان دنوں (تیسری صدی) بصرہ کی فوجوں کا میدانِ کارزار ہے یہاں کے باشندے مید ہیں جو سمندر میں ڈاکہ ڈالتے ہیں۔ |

بھیلمان کے بارے میں اہل کتاب کے یہاں حرمت و عزت کا تصور پایا جاتا تھا جسے مسلمانوں کے بعض علماء نے بھی بطور روایت کے نقل کیا ہے یعنی ان کے نزدیک حضرت آدم علیہ السلام وادیٔ بھیلمان کے پاس واسم نامی ایک پہاڑ پر اتارے گئے جیسا کہ امام طبری نے لکھا ہے۔

| | |
|---|---|
| سلمۃ بن ؟ عن ابن اسحق قال واما اهل التوراة فانهم قالوا اهبط آدم بالهند علی جبل یقال له واسم عند وادٍ یقال له بهیل بین الدهنج والمندل بلدین بارض الهند[2] | ابن اسحاق نے بیان کیا ہے کہ اہلِ تورات علماء یہود نے کہا ہے کہ حضرت آدم ہندوستان میں واسم نامی پہاڑ پر اتارے گئے جو وادیٔ بھیل کے قریب واقع ہے بھیل ہندوستان (گجرات) کے دو شہروں دھنج و مندل کے درمیان ہے۔ |

دھنج اور مندل گجرات کے مشہور مقامات ہیں، بعد میں خلیفہ ہشام بن عبد الملک کے دورِ خلافت میں جنید بن عبد الرحمن مری نے کیرج (کھیڑا) کی فتح کے بعد گجرات کے مقامات مرمد (مرمذ) بردا اٹھ مندل (ویرم گام) دھنج (نہروالہ) بروص (بھڑوچ) سرست (سورٹھ) بیلمان (بھیلمان) مالیہ (مالوہ) وغیرہ میں فوجی مہمات روانہ کیں[3]۔ آج بھی گجرات اور کاٹھیاواڑ میں مسلمانوں کی ایک ذات بیلم نامی ہے ظرافت میں ان کو کبھی کبھی بیلیم بادشاہ بھی کہتے ہیں، جیسا کہ تاریخ جوناگڑھ میں ہے،

## کیرج کی فتح ۹۵ھ

بھیلمان اور سورٹھ میں بغیر کسی قسم کی مزاحمت و مقابلہ کے اسلامی فوج کے فتحیاب ہونے

---

[1] فتوح البلدان ص ۴۲۷ [2] تفسیر طبری ج ۲۶ ص ۹۱ [3] تاریخ یعقوبی ج ۲ ص ۳۷۹۔

کے بعد محمد بن قاسم نے قلب گجرات یعنی کیرج کا رخ کیا، یہاں پہونچنے پر راجہ دوہر مقابلہ میں آیا اور فریقین میں جنگ ہوئی۔ مسلمانوں نے دشمنوں کو شکست دی، اور راجہ دوہر نے میدان جنگ سے راہ فرار اختیار کی، ایک روایت میں ہے کہ وہ اسی جنگ میں کام آیا اور شہر کے باشندے محمد بن قاسم کے فیصلہ پر راضی ہوئے اور انھوں نے لڑنے والوں کو قتل و قید کی سزا دی، مجاہدین میں سے ایک شاعر نے اس موقع پر یہ شعر کہا ہے ؎

نحن قتلنا داهرا و دوهرا    والخیل تردی منسر ثم منسر[1]

## محمد بن قاسم کی گرفتاری اور موت ۹۶ھ

ادھر محمد بن قاسم ہندوستان میں بڑھ بڑھ کر فتوحات کر رہے تھے اور ادھر شام کی خلافت اور عراق کی امارت میں رد و بدل ہو رہا تھا، اسی اثنا میں وہ ایک گروہی عصبیت اور انتقامی سازش کا شکار ہو کر ۹۶ھ میں جان بحق ہو گئے، اس کا مختصر بیان یہ ہے کہ حجاج نے رمضان ۹۵ھ میں مرتے وقت اپنے لڑکے عبد الملک اور یزید بن مسلم کو عراق کی امارت پر مقرر کیا۔ اس کے بعد جب ۹۶ھ میں خلیفہ ولیدؒ کا انتقال ہوا اور سلیمان بن عبد الملک خلیفہ ہوا تو اسی سال عراق کی امارت پہلے یزید بن ابی کبشہ سکسکی کو دی، پھر یزید بن مہلب بن ابو صفرہ کو وہاں کا حاکم بنایا، اسی کے ساتھ صالح بن عبد الرحمٰن تمیمی کو خراج کی وصولی پر مقرر کیا، چونکہ حجاج بن یوسف سے یزید بن مہلب اور صالح بن عبد الرحمٰن کو پرانی عداوت تھی، اس لئے ان دونوں نے موقع پا کر حجاج کے خاندان آل ابو عقیل ثقفی سے انتقام لیا، نیز خلیفہ سلیمان بن عبد الملک نے ان دونوں کو آل ابی عقیل کے خلاف تادیبی کارروائی کرنے کا حکم دیا، صالح نے سب سے پہلے یہ کیا کہ یزید بن ابو کبشہ سکسکی کو سندھ کی ولایت پر روانہ کیا، اس وقت محمد بن قاسم گجرات میں مصروف جہاد تھے، اس نے یہاں آتے ہی محمد بن قاسم کو گرفتار کر کے یزید بن مہلب

[1] فتوح البلدان ص ۴۲۷ و ۴۲۸۔

Marfat.com

کے بھائی معاویہ بن مہلب کی نگرانی میں عراق روانہ کیا، صالح نے ان کو واسط کے جیل خانہ میں بند کر کے آل ابی عقیل کے دیگر افراد کی طرح مار ڈالا، یہ حادثہ ۹۶ھ میں پیش آیا اور حکام و امراء کی ناعاقبت اندیشانہ عداوت و عصبیت نے اسلام کے ایک جوان صالح اور بلند اقبال فاتح کو انتقام کی آگ میں جھونک کر دل ٹھنڈا کیا، مگر خود ہندوستان کے عوام و خواص اپنے اس عادل و منصف اور بے نظیر امیر کے لئے مدتوں تڑپتے رہے اور اس کی دردناک موت پر ان کی آنکھیں یوں روئیں کہ ان کے آنسو محمد بن قاسم کے مرثیہ کا عنوان بن گئے اور ان خونی قطروں کو مسلمان مورخوں نے اپنی کتابوں میں چن چن کر محفوظ کر دیا، بلاذری نے لکھا ہے:

فبکی اھل الھند وصوروہ بالکیرج[1]

اہل ہند محمد بن قاسم کی موت پر روئے اور کیرج میں ان کی تصویریں یادگار قائم کی۔

ہندوستان میں محمد بن قاسم کی یاد باقی رکھنے کے لئے اس ملک کے باشندوں نے جو عقیدت مندانہ اقدام کیا وہ اس ملک میں محمد بن قاسم کی ہر دلعزیزی کی کھلی دلیل ہے۔

## الرور وغیرہ کی دوبارہ فتح ۹۶ھ

جمادی الاخریٰ ۹۶ھ میں سلیمان بن عبدالملک خلیفہ ہو کر ۹۹ھ میں فوت ہوا، اس کے دو سالہ دور خلافت میں ہندوستان میں چار امراء آئے، یزید بن ابو کبشہ سکسکی، اس کا بھائی عبیداللہ بن ابو کبشہ سکسکی، حبیب بن مہلب بن ابوصفرہ اور عمران بن نعمان کلاعی، مگر اس دور میں یہاں کسی مستقل فتح کا تذکرہ کتابوں میں نہیں ملتا۔ محمد بن قاسم کی گرفتاری کے بعد ہندوستان میں اموی خلافت کا وقار ختم ہو گیا، انتظامات میں ابتری آگئی اور محمد بن قاسم کی فوج کے تمام سپاہی اپنے اپنے ٹھکانوں پر چلے گئے، ہر طرف خود سری اور سرکشی کی ہوا چل پڑی، راجے مہاراجے خود مختار بن گئے، عہد و پیمان کا کوئی لحاظ باقی نہ رہا، الغرض خلافت کا پورا مقبوضہ علاقہ بے قابو

[1] فتوح البلدان ص ۴۲۸۔

Marfat.com

ہوگیا۔ مسلمان اپنی خاص خاص بستیوں میں چلے گئے اور غیر مسلم سپاہیوں نے اپنے اپنے گھر کی راہ لی۔ یزید بن ابو کبشہ یہاں آنے کے اٹھارہ دن کے بعد فوت ہوگئے، وہ محمد بن قاسم کی گرفتاری کے علاوہ اور کوئی کارنامہ انجام نہ دے سکے[1] البتہ اس کے بعد حبیب بن مہلب بن ابو صفرہ نے مجاہدانہ خدمات انجام دیں۔ ان کو خلیفہ نے امیر حرب بنا کر بھیجا تھا، محمد بن قاسم کی گرفتاری کے بعد یہاں کے راجوں میں جو شرارت وسرکشی لوٹ آئی تھی اور جگہ جگہ بغاوتیں پھوٹ پڑی تھیں، حبیب بن مہلب نے ان کے فرو کرنے میں کامیاب کوشش کی، چنانچہ راجہ داہر کا بیٹا جے سیہ جو برہمن آباد میں آکر قابض و دخیل ہوگیا تھا، حبیب نے اسے زیر کیا، پھر آگے دریائے سندھ کے کنارے فوج لے کر فروکش ہوئے تو الرور کے باشندے ان کی اطاعت قبول کر کے سرکشی سے باز آگئے، اسی طرح انھوں نے بعض اور جماعتوں سے جنگ کر کے فتح پائی[2]۔

یعقوبی نے بھی حبیب بن مہلب کی ان فتوحات و محاربات کا تذکرہ کیا ہے، جو دریائے سندھ کے علاقہ میں ہوئی تھیں[3]۔ یہ سب محمد بن قاسم کے مفتوحہ علاقے تھے اور ان کی گرفتاری کے بعد باغی ہوگئے تھے، اور حبیب کی کوشش سے دوبارہ خلافت کے ماتحت ہوگئے، یزید بن ابو کبشہ نے مرتے وقت اپنے بھائی عبید اللہ بن ابو کبشہ کو اپنا نائب اور قائم مقام بنایا تھا مگر امیر عراق صالح نے ان کو معزول کر کے عمران بن نعمان کلاعی کو مقرر کیا، پھر آخر میں سندھ کے حربیہ اور مالیہ دونوں شعبوں کی امارت حبیب کو دے دی اس کے بعد انھوں نے شاندار فتوحات کیں[4] ان چار امرا میں صرف حبیب بن مہلب نے سندھ اور سوراشٹر کے درمیانی علاقوں میں اپنی کوشش سے دوبارہ امن وامان قائم کیا۔

## کچھ وغیرہ کی فتح ۹۸ھ

سلیمان بن عبد الملک کے بعد حضرت عمر بن عبد العزیز (۹۹ھ تا ۱۰۱ھ) خلیفہ ہوئے ان

[1] فتوح البلدان ص ۴۳۸ و کامل ابن اثیر ج ۴ ص ۱۲۳۔ [2] فتوح البلدان ص ۴۳۸ و کامل ج ۴ ص ۱۲۴
[3] تاریخ یعقوبی ج ۲ ص ۳۵۶۔ [4] تاریخ خلیفہ ج ۱ ص ۴۲۹، ۴۳۰۔

Marfat.com

کے تقریباً ڈھائی سالہ دورِ خلافت میں سندھ میں دو امیر آئے، ایک عبدالملک بن مسمع بن مالک، اور دوسرے عمرو بن مسلم باہلی۔ ان دونوں کو امیر عراق عدی بن ارطاۃ نے بھیجا تھا، مؤخر الذکر نے حبیب بن مہلب کی فتوحات سے آگے بڑھ کر کچھ اور گجرات کے علاقوں کو دوبارہ فتح کیا، اس دور میں پرانے علاقوں کو واپس لینا ہی بڑی کامیابی تھی، حضرت عمرؒ بن عبدالعزیز کی شرافتِ طبع، زہد و تقویٰ، عدل و انصاف اور خدا ترسی نے ہندوستان میں بڑا خوش گوار انقلاب پیدا کیا، اور یہاں کے عوام اور راجے مہاراجے ان کی سیرت و کردار سے بہت زیادہ متاثر ہوئے، ان کو محسوس ہونے لگا کہ محمد بن قاسم کا دورِ عدل و انصاف واپس آگیا ہے، آپ نے یہاں کے راجوں کے نام دعوتی خطوط روانہ کئے جن پر بہت سے راجے لبیک کہتے ہوئے مسلمان ہوگئے، چنانچہ راجہ داہر کا بیٹا جے سیہ بھی اسی وقت حلقہ بگوش اسلام ہوگیا تھا اور ان نو مسلم راجوں مہاراجوں نے اسلام اور حضرت عمرؒ بن عبدالعزیز سے عقیدت و محبت کی وجہ سے اپنے ہندی نام بدل کر عربی نام رکھے بلکہ بعضوں نے آپ کے پاس خط لکھ کر ایسے علماء کی خواہش کی جو ان کو اسلام کے شرائع و احکام سکھائیں، خلیفہ بن خیاط نے لکھا ہے کہ امیر عراق، عدی بن ارطاۃ نے عبدالملک بن مسمع کو سندھ کی ولایت دی پھر ان کو معزول کر کے عمرو بن مسلم باہلی کو یہاں کا امیر بنایا جو حضرت عمر بن عبدالعزیز کی وفات (سنہ۱۰۱ھ) تک یہاں رہے[1] بلاذری نے صرف اتنا لکھا ہے کہ عمرو بن مسلم نے ہندوستان کے بعض علاقوں میں جہاد کر کے فتح پائی[2] علی بن حامد نے تصریح کی ہے کہ عمرو بن مسلم باہلی نے حضرت عمرؒ بن عبدالعزیز کے زمانہ میں خلافت کے حکم سے بلہرا کی سرزمین کسّہ (کچھ) کو فتح کیا۔[3]

ایسا معلوم ہوتا ہے کہ مکران اور سندھ کا شمالی علاقہ جو دارالامارۃ کے آس پاس تھا، محمد بن قاسم کی گرفتاری کے بعد بھی مرکز کے زیرِ تصرف رہا مگر جنوب کے علاقے جو سوراشٹر اور

---

[1] تاریخ خلیفہ ج ۲ ص ۱۶۳-۱۶۴ [2] فتوح البلدان ص ۴۲۹ [3] چچ نامہ ص ۲۳۳

Marfat.com

اور گجرات کی حدود میں واقع تھے۔ ان میں شورش و شرارت عام تھی۔ اسی لئے بعد میں آنے والے عمال و امراء نے ان کی تادیب و اصلاح کی طرف خصوصی توجہ کی۔ بلاد بلہرا میں سوراشٹر گجرات اور کوکن کے وہ مغربی ساحلی علاقے شامل تھے جن پہ قدیم زمانہ میں مہاراجگان ولبھی رائے حکومت کرتے تھے، ان کا دارالسلطنت سوراشٹر کا شہر بانکیر تھا جسے آئین اکبری میں علاقہ سومنات میں بتایا ہے اور آج کل اسے مانگرور اور مانگرول کہتے ہیں، سندھ سے متصل کچھ کا علاقہ بھی بلاد بلہرا میں شامل تھا۔ ان ہی حدود میں بلاذ راسل کا علاقہ بھی تھا جس کا راجہ عہد فاروقی میں ۲۳ھ میں اسلامی فوج کے مقابلہ میں مکرانیوں کی مدد کے لئے گیا تھا۔ کچھ کا علاقہ اسی کے قبضہ میں تھا، راجہ داہر دیبل سے شکست کھا کر اسی راجہ راسل کے یہاں بھاگ آیا تھا، اور ۹۳ھ میں محمد بن قاسم نے اس علاقہ پہ حملہ کر کے اس کا کام تمام کیا تھا۔

## قندابیل میں آلِ مہلب کا قتلِ عام ۱۰۲ھ

حضرت عمر بن عبد العزیز اپنی تمام نیکیوں اور نیک نامیوں کے ساتھ ۱۰۱ھ میں فوت ہوئے، ان کے بعد یزید بن عبد الملک خلیفہ ۱۰۱ھ تا ۱۰۵ھ ہوا۔ اس دور میں سندھ میں خلافت کی طرف سے تین امراء و عمال آئے فلان سبی، عبید اللہ بن علی سلمی، اور عبد الحمید بن عبد الرحمٰن مری خلیفہ بن خیاط نے لکھا ہے کہ عمر بن عبد العزیز کی وفات کے وقت سندھ کے امیر عمرو بن مسلم باہلی تھے۔ یزید بن عبد الملک نے ان کی جگہ فلان سبی کو مقرر کیا جو ۱۰۲ھ تک رہے جب یزید کے بھائی مسلمہ بن عبد الملک کی طرف سے ہلال بن احوز مازنی یہاں آیا تو فلان سبی کی امارت ختم ہوئی اور ۱۰۳ھ میں عراق کے حاکم عمرو بن ہبیرہ فزاری نے عبید اللہ بن علی سلمی کو یہاں مقرر کیا بعد میں اسے معزول کر کے عبد الحمید بن عبد الرحمٰن مری کو بھیجا، جو خلیفہ یزید کی موت ۱۰۵ھ تک یہاں رہے[1] اسی درمیان میں یزید بن عبد الملک کے مدِ مقابل

[1] تاریخ خلیفہ ج ۲ ص ۴۸۴۔

یزید بن مہلب نے اپنی طرف سے وداع بن حمید ازدی کو سندھ کے مرکزی شہر قندابیل کی امارت دی تھی، صورت یہ ہوئی کہ یزید بن مہلب خلیفہ سلیمان بن عبد الملک کے دور سے عراق اور پورے مشرقی ممالک کا امیر و حاکم تھا مگر عمرؒ بن عبد العزیز نے اسے معزول کر کے عدی بن ارطاۃ کو لکھا کہ یزید بن مہلب کو گرفتار کرے، جب یزید بن مہلب کو اس کی خبر ملی تو اس نے خود پیش قدمی کر کے عدی کو گرفتار کر لیا' اس کے بعد بصرہ اور کوفہ پر قبضہ جمالیا اور اپنی علیحدہ حکومت قائم کر کے جگہ جگہ عمّال مقرر کئے، لوگوں سے کتاب اللہ اور سنت رسول اللہ پر بیعت لے کر شہر بصرہ کو دار الامارۃ قرار دیا' اسے وہاں کے بیت المال میں دس ہزار درہم ملے، شہر کے اطراف میں خندق کھودی اور عثمان بن حکم ازدی کو فوجی افسر بنا کر حسب ذیل مقامات پر امراء مقرر کئے' اپنے بھائی محمد بن مہلب کو فارس پر' بلال بن عیاض کو اہواز پر' دوسرے بھائی زیاد بن مہلب کو عمان پر' بھتیجے منہال بن ابو عیینہ بن مہلب کو جزیرۂ ابرکاوان پر' اشعث بن عبد اللہ کو بحرین پر' تیسرے بھائی مدرک بن مہلب کو خراسان پر' اور وداع بن حمید ازدی کو قندابیل پر متعین کیا۔[1]

خلیفہ یزید بن عبد الملک نے اس کے مقابلہ کے لئے اپنے بھائی مسلمہ بن عبد الملک اور بھتیجے عباس بن ولید کو روانہ کیا ۱۰۲ھ میں دونوں طرف کی فوجوں میں علاقۂ بابل کے مقام عقر میں مقابلہ ہوا' جس میں یزید بن مہلب مارا گیا اور خلیفہ یزید بن عبد الملک نے بصرہ اور کوفہ دونوں کو ایک ہی انتظام کے ماتحت کر کے عدی بن ارطاۃ کے قبیلہ کے ایک فرد عمرو بن ھُبیرہ فزاری کی امارت میں دے دیا' اس شکست کے بعد آل مہلب قندابیل چلے آئے جہاں ان کو بڑی بیدردی اور سفاکی سے قتل کیا گیا اور ان کے بچے کھچے افراد کو شام اور عراق میں ایک ایک کر کے موت کے گھاٹ اتارا گیا' اس وقت ہندوستان کا حال یہ تھا کہ ۹۶ھ میں محمد بن قاسم کے ساتھ ناعاقبت اندیشانہ حرکت کی وجہ سے پورا ہندوستان اموی خلافت سے غیر مطمئن ہو کر

---

[1] العیون والحدائق ص ۵۹ و ص ۶۰۔

Marfat.com

شورش و بغاوت کی آماجگاہ بن چکا تھا خاص طور سے سندھ کے جنوب میں دور افتادہ
اہم علاقے خروج و بغاوت کے اڈے بن گئے تھے جن میں سے بعض کو سلیمان بن عبدالملک
اور عمر بن عبدالعزیز کے امراء نے زیر کیا تھا' اور عمر بن عبدالعزیز کی خدا ترسی و خدا پرستی
اور ان کے ذاتی اوصاف و کمالات کی وجہ سے یہاں کی فضا بڑی حد تک صاف ہوگئی، انھوں
نے یہاں حرب و ضرب کے بجائے دعوتی انداز میں کام کیا اور ہندوستان کے عوام و خواص
میں پھر پہلی سی عقیدت و محبت پیدا ہونے لگی، ضرورت تھی کہ یہاں اسی انداز میں کام کیا جا
اور جو راجے مہاراجے اسلام قبول کر کے پورے طور سے اسلامی حقوق سے بہرہ مند ہو
رہے تھے ان سے خلافت کے تعلقات استوار و خوشگوار ہوتے مگر افسوس کہ امرائے عراق
کی باہمی عداوت و دشمنی اور عربوں کی جذباتی سیاست نے ان باتوں پر ٹھنڈے دل سے
غور نہیں کیا اور یہاں امن وامان کی فضا پیدا کر کے اسلام اور مسلمانوں کے حق میں خوشگوا
ماحول پیدا کرنے کے بجائے عراق کی جنگ کے لئے اسی ملک کو اکھاڑہ بنایا گیا اور قندابیل میں
برادر کشی کا وہ بھیانک منظر پیش کیا گیا کہ الامان والحفیظ' اور ایسا معلوم ہوا کہ عراق کا کربلا
کے قندابیل میں اٹھ آیا ہے۔

خلیفہ یزید بن عبدالملک کے دور کا یہ خونی کارنامہ ہندوستان میں یوں ظاہر ہوا کہ اس
تاریخ میں اسے خاص جگہ حاصل ہوگئی، ہم اسے تفصیل سے درج کرتے ہیں تاکہ ہندوستان
میں اموی دور کے تسلسل کی یہ کڑی بھی سامنے آجائے اور معلوم ہو جائے کہ خلافت امو
کی پر پیچ سیاست کے کیا نتائج نکلے؟ تقریباً سب ہی مورخوں نے قندابیل کے اس سانحہ کا
تذکرہ کیا ہے اور بہت سے شعراء نے اس پر اشعار کہے ہیں یعقوبی کا بیان ہے کہ یزید بن عبدالملک
نے خلافت پاتے ہی عمر بن عبدالعزیز کے تمام امراء و عمال کو معزول کر دیا اور امیر بصرہ عدی
بن ارطاۃ اور اس کی ایک جماعت کو گرفتار کر کے واسط کے جیل خانہ میں بند کر دیا اس
کے بعد یزید بن مہلب نے بصرہ پر اپنے بھائی مروان بن مہلب کو اپنا جانشین بنا کر کوفہ

قبضہ کرنے کا ارادہ کیا، خلیفہ یزید بن عبد الملک کو اس کی خبر ملی تو اس نے یزید بن مہلب کے مقابلہ کے لئے اپنے بھائی مسلمہ بن عبد الملک اور بھتیجے عباس بن ولید کو روانہ کیا، مسلمہ نے عراق پہونچکر اپنے ساتھیوں سے کہا کہ مجھے خطرہ ہے کہ یزید بن مہلب ہماری آمد کی خبر سنتے ہی فرار کی تیاری شروع کر دے گا اور ہمیں اس کے تعاقب میں نکلنا پڑے گا، حسان نبطی نے اس خیال کو رد کرتے ہوئے کہا کہ یزید بن مہلب کے بارے میں یہ سوچنا اچھا نہیں ہے، مسلمہ نے وجہ دریافت کی تو حسان نے بتایا کہ میں نے یزید بن مہلب کو ایک مرتبہ یہ کہتے ہوئے سنا تھا کہ ابن اشعث پر حیرت و افسوس ہے" اگر وہ بصرہ پر غالب آجاتا تو کیا صبر پر بھی غالب آجاتا؟ اس میں ابن اشعث کا کوئی نقصان نہیں تھا کہ چہرہ پر نقاب ڈال کر جنگ کرتا، یہاں تک کہ قتل کر دیا جاتا، جب یزید بن مہلب نے اپنے پیشرو ایک شورش پسند کے بارے میں یہ خیالات ظاہر کئے ہیں تو وہ اپنی اس شورش میں ان ہی پر عمل کرے گا اور صرف بصرہ پر قانع نہیں ہوگا، بلکہ کھل کر مقابلہ میں آجائے گا، چاہے اس میں اسکی جان چلی جائے، یہ باتیں سن کر مسلمہ بن عبد الملک نے کہا کہ ہاں ابن مہلب اس قدر جری ہے کہ مقابلہ میں ڈٹ سکتا ہے، ویسے بھی مسلمہ اکثر ابن مہلب کو اس کے جنگ و جدال کی وجہ سے جراد بُصفرار (زرد بھڑ) کہا کرتا تھا، آخر مقام مسکن میں دونوں طرف کی فوجوں میں سخت جنگ ہوئی، ابن مہلب شکم کی شدید بیماری میں مبتلا تھا، اسے دست آرہا تھا مگر مقابلہ میں برابر ڈٹا رہا، یہاں تک کہ میدان ہی مارا گیا۔ یہ واقعہ ۱۰۲ھ کا ہے، جب اس کے بیٹے معاویہ بن یزید بن مہلب کو باپ کے قتل کی خبر ملی تو اس نے واسط کے جیل خانہ سے عدی بن ارطاۃ اور اس کے ساتھ جتنے قیدی تھے سب کی گردن ماردی۔ اس کے بعد اپنے خاندان اور سامان کو لے کر براہ سمندر سندھ کے علاقہ قندابیل میں پہونچا، اس کے پیچھے مسلمہ بن عبد الملک نے ہلال بن احوز مازنی کو فوج دے کر قندابیل بھیجا جہاں اس نے معاویہ بن یزید بن مہلب اور دوسرے تمام آل مہلب کو قتل کر دیا اور جو بچ گئے تھے ان



Marfat.com

کو گرفتار کر کے یزید بن عبد الملک کے پاس ملک شام روانہ کیا، اس نے ان سب کو دمشق میں قتل کر دیا، ان ہی میں عثمان بن مفضل بن مہلب بھی تھا، آل مہلب کے قیدیوں میں ان کی بچاس عورتیں تھیں جن کو دمشق میں قید کیا گیا تھا[1]۔

امام طبری نے ۱۰۲ھ کے واقعات میں لکھا ہے کہ آل مہلب عدی بن ارطاۃ کو گرفتار کر لینے کے بعد سمجھ رہے تھے کہ ان کا انجام اچھا نہیں ہوگا، اس لئے آنے والے حالات کے مقابلہ کی تیاری سے غافل نہیں رہے، چنانچہ انھوں نے جہاز اور کشتیاں تیار کرائیں اور ہر قسم کا سامان مہیا کیا جو بوقت ضرورت کام آسکے، اس سے پہلے یزید بن مہلب نے بصرہ پر غلبہ کے زمانہ ہی میں وداع بن حمید ازدی کو قندابیل کا امیر بنا کر روانہ کیا تھا اور اس سے کہا کہ میں دشمن کے مقابلہ میں نکل رہا ہوں اور رمیدان جنگ ہی میں فیصلہ ہوگا اور وہیں میری یا دشمن کی فتح ہوگی۔ اگر میں کامیاب رہا تو تمہاری ترقی اور تکریم میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھوں گا اور اگر اس کے علاوہ کوئی بات ہوئی تو تم پہلے ہی سے قندابیل میں موجود رہوگے میرے خاندان والے تمہارے یہاں آکر پناہ لیں گے اور امن سے رہیں گے، میں نے اپنے خاندان کی دیکھ بھال کے لئے اپنے ہی قبیلہ ازد سے تمہارا انتخاب کیا ہے، لہٰذا تم ایسی خدمت انجام دینا کہ میرا حسن ظن قائم رہے، یزید بن مہلب نے وداع بن حمید ازدی سے اس بات پر سخت سے سخت قسمیں لیں کہ اگر میرا خاندان تمہارے یہاں پناہ گزیں ہو تو تم ان کی خیرخواہی میں کمی نہ کرنا، اس کے بعد وداع بن حمید ازدی قندابیل چلا گیا اور جب مسلمہ بن عبد الملک کے مقابلہ میں یزید بن مہلب مارا گیا اور بنو مہلب کو شکست ہوئی، تو وہ لوگ اپنی آل واولاد اور مال و دولت کو جہازوں اور کشتیوں میں لاد کر بحری راستہ سے قندابیل روانہ ہو گئے، جب بحرین پہونچے تو وہاں بہرم بن قرار عبدی سے ان کی ملاقات ہوئی جس کو یزید بن مہلب نے (ایک روایت کے مطابق) اپنی طرف سے بحرین کا امیر بنایا تھا، بہرم نے آل مہلب

[1] تاریخ یعقوبی ج ۲ ص ۳۷۲ و ۳۷۳۔

Marfat.com

نے کہا کہ میرا مشورہ ہے کہ آپ لوگ نیچے نہ اتریں، اسی میں خیریت ہے، مجھے ڈر ہے کہ اگر آپ لوگ نیچے اترے تو لوگ بنی مروان کی خوشنودی حاصل کرنے کے لئے آپ لوگوں کو اچک لیں گے۔ چنانچہ آل مہلب بحرین میں نہیں اترے بلکہ آگے بڑھ کر فارس کے شہر کرمان کے قریب کشتیوں سے اترے اور آل و اولاد اور مال و اسباب کو جانوروں پر لاد کر قندابیل روانہ ہوئے آل مہلب میں سے جو افراد ان جہازوں پر نہیں جا سکے تھے یا کہیں روپوش تھے، وہ بھی کسی نہ کسی طرح قندابیل پہونچے، ادھر مسلمہ بن عبد الملک نے آل مہلب کے تعاقب کے لئے مدرک بن ضنب کلبی کو بلایا، پھر اسے واپس کر کے ہلال بن احوز مازنی تمیمی کو روانہ کیا، جس نے قندابیل پہونچ کر آل مہلب کو محاصرہ میں لے لیا اور جب انھوں نے اپنے امیر وداع بن حمید ازدی کی پناہ میں جانے کے لئے شہر قندابیل میں داخل ہونا چاہا تو وداع نے ان کو شہر میں جانے سے روک دیا اور یزید بن مہلب سے جو عہد و پیمان کیا تھا اس سے یکبارگی پھر گیا کیونکہ ہلال بن احوز نے وداع بن حمید سے خفیہ خط و کتابت کر کے اسے ہموار کر لیا تھا اور آل مہلب کو اس کی خبر نہ ہو سکی کہ وہ اس کی غداری کے بعد اپنا انتظام کرتے نتیجہ یہ ہوا کہ عین میدان میں اس نے یوں دھوکہ دیا کہ آل بن مہلب نے ہلال بن احوز کے مقابلہ میں نکل کر صف بندی کی۔ اس وقت ان کی فوج کے میمنہ دستہ کا امیر وداع بن حمید ازدی اور میسرہ دستہ کا امیر عبد الملک بن ہلال ازدی تھا اور پہلے سے طے شدہ معاملہ کے مطابق جب ہلال بن احوز نے ان دونوں ازدی امرار کے لئے امان کا جھنڈا بلند کیا تو وداع اور عبد الملک آل مہلب کو چھوڑ کر ہلال کے ساتھ مل گئے، پھر کیا تھا؟ آل مہلب کے باقی تمام آدمیوں نے بھی ان کا ساتھ چھوڑ دیا اور وہ ہلال کی فوج کے مقابلہ میں تن تنہا رہ گئے۔

مروان بن مہلب اپنوں کی یہ بدعہدی اور بیوفائی دیکھ کر خاندان کی عورتوں کی طرف لپکا، اس کے بھائی مفضل بن مہلب نے پوچھا کہ تم کہاں جا رہے ہو، اس نے جواب دیا کہ میں عورتوں کو قتل کرنے جا رہا ہوں، تاکہ یہ فساق ان کے یہاں نہ پہونچ سکیں، مفضل

Marfat.com

نے کہا کہ افسوس کہ تم اپنی بہنوں اور خاندان کی عورتوں کو اپنے ہاتھ سے قتل کرنے جارہے ہو، خدا کی قسم ان کے بارے میں ہم کو دشمنوں کی طرف سے کوئی خطرہ نہیں ہے یہ کہہ کر مفضل نے اپنے بھائی مروان کو روکا، اس کے بعد بنو مہلب تلواریں لے کر میدان میں نکلے اور ایک ایک کر کے قتل کر دیئے گئے، صرف ابو عیینہ بن مہلب اور عثمان بن مہلب بچ کر خاقان چین اور رتبیل بامیان کے یہاں پناہ گزیں ہوئے، ہلال بن احوز نے ان کی اولاد اور عورتوں کو مسلمہ بن عبد الملک کے پاس حیرہ روانہ کیا، نیز ان ہی کے ساتھ مقتولوں کے سروں کو بھیج دیا مسلمہ نے ان سب کو یزید بن عبد الملک کے پاس بھیجا، اس نے بھی ان کو اپنے بھتیجے عباس بن ولید بن عبد الملک کے یہاں حلب روانہ کر دیا اور عباس کے معائنہ کے لئے ان کے سر نصب کئے گئے اس نے ان کو دیکھ کر دوستوں سے کہا کہ یہ عبد الملک بن مہلب کا سر ہے، اور یہ مفضل بن مہلب کا سر ہے۔ خدا کی قسم مفضل گویا میرے ساتھ بیٹھ کر باتیں کر رہا ہے، مسلمہ نے کہا کہ میں ان کی اولاد و ذرّیات کو فروخت کروں گا، اس وقت وہ سب کے سب دار الرزق میں مقید تھے، جراح بن عبد اللہ حکمی نے اٹھ کر کہا کہ میں ان کو خرید کر آپ کی قسم پوری کر دوں گا چنانچہ ان کو ایک لاکھ میں خرید ا، مسلمہ نے رقم کا مطالبہ کیا تو جراح نے کہا کہ آپ جب چاہیں لے سکتے ہیں اس کے بعد مسلمہ نے کوئی مطالبہ نہیں کیا اور ان میں سے نو عدد جوانوں کے علاوہ سب کو رہا کر دیا، یہ نوجوان یزید بن عبد الملک کے پاس بھیج دیئے گئے، اور اس نے ان سب کی گردن مار دی[1]۔ ابن خلدون نے قتلائے بلی میں قتل ہونے والے آل مہلب میں سے ان چند افراد کے نام دیئے ہیں، مفضل بن مہلب، عبد الملک بن مہلب، زیاد بن مہلب، مروان بن مہلب، معاویہ بن یزید بن مہلب، منجاب بن ابو عیینہ بن مہلب، عمرو بن یزید بن مہلب، ان کے علاوہ مہلب کے تیرہ لڑکے یزید بن عبد الملک کے سامنے قتل کئے گئے، البتہ ہند بنت مہلب نے اپنے ایک بھائی ابو عیینہ بن مہلب کے حق میں سفارش کی تو یزید بن عبد الملک نے اسے چھوڑ دیا[2]۔

---

[1] تاریخ طبری ج ۶ ص ۶۰۰ تا ص ۶۰۳۔ [2] تاریخ ابن خلدون ج ۳ ص ۸۰۔

مسعودی نے لکھا ہے کہ یزید عبد الملک نے ہلال بن احوز کو قندابیل روانہ کرتے وقت تاکید کی تھی کہ آل مہلب میں سے کوئی بالغ مرد بچنے نہ پائے، جب ہلال بن احوز قندابیل آیا تو اس کے سامنے آل مہلب کے دو لڑکے گرفتار کر کے لائے گئے، ہلال نے ان میں سے ایک سے پوچھا کہ کیا تم سن بلوغ کو پہونچ گئے ہو؟ اس نے اثبات میں جواب دیتے ہوئے اپنی گردن آگے بڑھا دی۔ یہ کہہ کر اس کے بھائی کو ترس آیا اور اپنا ہاتھ بڑھا کر اس کے منہ کو بند کرنا چاہا تاکہ قتل کے وقت تکلیف اور گھبراہٹ کا ظہور نہ ہو، اس کے بعد ہلال نے اس کی گردن ماردی، ہلال نے آل مہلب کو یوں بے دریغ قتل کیا کہ معلوم ہوتا تھا کہ دنیا سے آل مہلب کا خاتمہ کردے گا۔ مگر خدا کی قدرت کا تماشہ عجیب رہا کہ:۔

فذکران آل المھلب مکثوا بعد — ہلال بن احوز کے آل مہلب کو تباہ کرنے کے

ایقاع ھلال بھم عشرین سنة — بعد بیس سال تک ان کے یہاں مرد پیدا ہوتے

یولد منھم الذکور فلا یموت منھم[1] احد — رہے اور ان میں سے کوئی مرتا ہی نہیں تھا۔

خلیفہ بن خیاط نے لکھا ہے کہ ہلال بن احوز نے قندابیل میں آل مہلب کو قتل کیا مگر ان عورتوں کی تلاشی لی اور نہ ان سے تعرض کیا اور جس وقت خاندان مہلب کے لڑکے بچے اور عورتیں قید کر کے یزید بن عبد الملک کے دربار میں لائے گئے، مشہور شاعر کثیر عزہ نے اٹھ کر یہ اشعار کہے

حلیم اذا ما نال عاقب مجملا — اشد العقاب او عفا لم یثرب

جب بردبار آدمی اپنے دشمن کو پاجاتا ہے تو تھوڑی سے بڑی سزا معمولی طور پر دے دیتا ہے یا سرے سے معاف ہی کردیتا ہے۔

فعفوا امیر المومنین وحسبة — فما تحتسب من صالح لك يكتب

امیر المومنین! ثواب کی نیت کیجئے اور معاف کردیجئے، جس نیک کام کو آپ اجر و ثواب سمجھیں، وہ آپ کے لئے اجر لکھا جائے گا۔

[1] مروج الذہب ج ۳ ص ۲۱۲۔

Marfat.com

اساؤا فان تغفر فانك قادر      واعظم حلم حسبۃ حلم معضب

واقعی انھوں نے گناہ کیا ہے، اب اگر آپ بخش دیں تو آپ کو اس کی قدرت ہے، اور سب سے زیادہ ثواب غضبناک آدمی کے صبر و حلم میں ہے۔

نفتھم قریش عن اباطح مکۃ      وذو یمن بالمشرفی المشطب

قبیلۂ قریش اور یمن والوں نے ان کو پہلے زمانہ میں تلواروں سے مار مار کر اپنے سنگلاخوں کو نکال باہر کیا تھا۔

افسوس کہ کثیر عزہ کی یہ رحم کی درخواست درخور اعتنا نہیں ہوئی بلکہ یزید بن عبدالملک نے کہا کہ ان پر رحم کرنے کی کوئی صورت نہیں ہے، پھر کہا کہ آل مہلب پر جن لوگوں کا خون کا دعویٰ ہے وہ کھڑے ہو جائیں، اس کے بعد جو شخص بھی خون کا دعویٰ لے کر کھڑا ہوا، آل مہلب کو اس کے حوالہ کیا، اس طرح خاندان مہلب کے تقریباً دو سو آدمی قتل کئے گئے[1]

اس برادر کشی پر افسوس کرنے کے بجائے یزید بن عبدالملک اور ہلال بن احوز کی تعریف و توصیف اور آل مہلب کی ہجو میں کئی شعراء نے جولانیٔ طبع دکھائی چنانچہ مشہور شاعر جریر نے یہ اشعار کہے ؎

اقول لھا من لیلۃ لیس طولھا      کطول اللیالی، لیت صبحک نورا

جس رات کی درازی عام راتوں کی درازی کی طرح نہیں ہے میں اس سے کہہ رہا ہوں کہ کاش تیری صبح روشن ہو جائے۔

اخاف علی نفس ابن احوز انہ      جلا حمماً فوق الوجوہ فاسفرا

مجھے ہلال بن احوز کے بارے میں ڈر ہے کیوں کہ اس نے دشمنوں کے چہروں پر آگ جلا کر ان کو نمایاں کیا ہے

جعلت لقبر للخیار و مالک      وقبر عدی فی المقا براقبرا

تم نے قبرستان میں: خیار، مالک اور عدی کی قبروں کے ساتھ مزید قبریں بنا دی ہیں۔

---

[1] تاریخ خلیفہ ج ۲ ص ۳۷۴۔

Marfat.com

واطفأت نیران المزون واھلھا　　وقد حاولوھا فتنۃً ان تسعّرا

تم نے بحرین وعمان والوں (بنوازد) کی آگ بجھادی، حالانکہ وہ فتنہ و فساد کی آگ روشن کرنا چاہتے تھے۔

فلم تبق منھم رایۃ یعرفونھا　　ولم تبق من اٰل المھلب عسکرا

مگر تم نے ان کا کوئی جھنڈا تک نہیں چھوڑا جسے پہچان سکیں، اور نہ تم نے آل مہلب کی کوئی فوج باقی رکھی۔

الا رب سامی الطرف من اٰل مازنٍ　　اذا شمرت عن ساقھا الحرب شمّرا[1]

بنو مازن کے بہت سے بلند نگاہ و بلند حوصلہ بہادر جب جنگ کھل کر سامنے آتی ہے تو وہ بھی پوری تیاری کر لیتے ہیں۔

مروج الذہب میں دوسرے شعر کا دوسرا مصرعہ یوں ہے: جلا کل ھمٍ فی النفوس فاسفرا

اور تیسرے شعر کا پہلا مصرعہ یوں ہے " جعلت بقبر بالحسان ومالك۔

یزید بن عبد الملک کے دور خلافت میں (سنہ تا ۱۰۵ھ) ہندوستان میں آل مہلب کے قتل و غارت کے علاوہ کوئی فاتحانہ کارنامہ نہیں ملتا ہے، حالانکہ اس دور میں خلافت کی طرف سے یہاں تین تین امرار و عمال مقرر کیے گئے تھے، ایسا معلوم ہوتا ہے کہ عربوں کی باہمی چپقلش اور اندرونی ابتری کی وجہ سے وہ یہاں کے بگڑے ہوئے حالات کو درست کرنے کے قابل نہیں رہ گئے یا ان کو اپنی خانہ جنگی سے فرصت نہ مل سکی، اموی خلافت اس سلسلہ میں ایک حد تک معذور قرار دی جا سکتی ہے کیونکہ قاعدہ کے مطابق سب سے پہلے اندرونی فتنوں کو ختم کرنا چاہیئے تھا۔ امویوں کے ساتھ شروع ہی سے مخالفانہ برتاؤ ہوتا رہا، اگر وہ پوری تندہی سے اپنی حفاظت نہ کرتے تو کب کی ان کی خلافت ختم ہو چکی ہوتی۔

## جنید بن عبد الرحمٰن مُرّی کی امارات اور شاندار فتوحات

یزید بن عبد الملک کے بعد ہشام بن عبد الملک خلیفہ ہوا، اس کا دور خلافت (۱۰۵ھ تا ۱۲۵ھ) کم و بیش بیس سال ہے، اس زمانہ میں ہندوستان میں بڑا کام ہوا، یہاں کے بگڑے ہوئے

[1] الکامل مبرد ج ۳ ص ۲۲۴۔

حالات بڑی حد تک سدھر گئے اور فتوحات کے اعتبار سے محمد بن قاسم کے دور کی یاد تازہ ہو
ہشام نے ہندوستان پر خصوصی توجہ دی اور ایسے امرا بھیجے، جن کی صلاحیت و قابلیت نے بڑ
کام کیا، جنید بن عبد الرحمٰن مری، تمیم بن زید قینی، عوانہ بن حکم کلبی اور اس کے دست راس
عمرو بن محمد بن قاسم ثقفی میں سے ہر ایک نے شاندار فتوحات کیں، ان میں تمیم بن زید قینی اگر
بہت کامیاب فاتح نہ بن سکے اور ان کی عمر نے بھی وفا نہ کی، پھر بھی انھوں نے اپنے پیچھے اچھے
اثرات چھوڑے اور اپنی سخاوت و بخشش سے نیک نامی حاصل کی، واقعہ یہ ہے کہ اموی خلافت
میں ہندوستان میں فتوحات کے اعتبار سے خلیفہ ولید بن عبد الملک (۸۶ھ تا ۹۶ھ) کے بعد ہشام
بن عبد الملک (۱۰۵ھ تا ۱۲۵ھ) کا نمبر ہے، البتہ اس کے آخری دور میں ہندوستان میں ایک اندرو
فتنہ اٹھا تھا جو اس وقت دب گیا مگر بعد میں برادر کشی کے رنگ میں ظاہر ہوا۔

## راجہ جے سیہ سے جنگ اور فتح

۱۰۵ھ میں عراق کے امیر عمر بن ھبیرہ فزاری نے جنید بن عبد الرحمٰن مری کو سندھ کا امیر
بنایا بعد میں خلیفہ ہشام نے بھی اس کی منظوری دے دی، پھر ۱۰۶ھ میں خالد بن عبد اللہ قسری عراق
اور مشرقی ممالک کا امیر ہوا تو ہشام نے جنید کو لکھا کہ اب تم خالد سے خط و کتابت کرو، چنانچہ جنید
خالد سے خط و کتابت اور رائے مشورہ کر کے دیبل آئے پھر وہاں سے نکل کر برہمن آباد کی حدو
میں دریائے سندھ کے کنارے پڑاؤ ڈالا، مگر راجہ داہر کے بیٹے راجہ جے سیہ نے جنید کو دریا پار
کرنے سے روکا اور کہلا بھیجا کہ میں مسلمان ہو چکا ہوں اور مرد صالح (حضرت عمر بن عبد العزیز)
نے مجھے میرے علاقہ کا حاکم مقرر کیا ہے، میں تم سے اپنے کو مطمئن نہیں پا رہا ہوں، یہ باتیں سن
کر جنید نے راجہ جے سیہ کو پورا اطمینان دلایا کہ میں تم سے جنگ نہیں کروں گا اور نہ ہی کسی
چیز کا مطالبہ کروں گا، بلکہ راجہ جے سیہ کے مزید اطمینان کے لئے اس کے یہاں خراج کی جو رقم
باقی تھی، جنید نے اسے بطور رہن کے اسی کے پاس رہنے دیا، اسی طرح جے سیہ نے بھی جنید

Marfat.com

کے پاس رہن کی رقم رکھی، مگر جب بات آگے بڑھی تو دونوں نے اپنی اپنی رقم واپس لے لی۔ اور بقول بلاذری جے سیہ نے کفر کی راہ اختیار کر کے جنید سے جنگ کی، ایک قول یہ ہے کہ جے سیہ نے جنگ نہیں کی، بلکہ جنید نے خود اس کے ساتھ نازیبا سلوک کیا، جس کی وجہ سے اس نے اپنے ہندوستانی علاقہ میں آکر مختلف مقامات سے فوجیں جمع کیں اور جنگی بیڑا تیار کر کے آمادۂ جنگ ہوا، یہ دیکھ کر جنید بھی اس کے مقابلہ میں جنگی جہاز لے کر روانہ ہوئے اور دریائے سندھ کے مشرقی کنارے پر میدان میں دونوں میں مقابلہ ہوا جنید نے جیسیہ کو گرفتار کیا، اس وقت وہ کشتی پر سوار تھا اور جوں ہی اس کی کشتی ایک طرف کو جھکی جنید نے اسے قتل کر دیا جب اس واقعہ کی خبر جے سیہ کے بھائی راجہ چچ بن داہر کو ہوئی تو اس نے ارادہ کیا کہ خود عراق جاکر خالد بن عبداللہ قسری سے جنید کے غدر و فریب کی شکایت کرے، مگر جنید نے بہلا پھسلا کر چچ کا ہاتھ اپنے ہاتھ میں لیا اور اسے بھی قتل کر دیا[1]۔

یہ واقعہ بلاذری نے لکھا ہے اور اسی سے ابن اثیرؒ نے نقل کیا ہے، اس میں راجہ جے سیہ بن داہر کے بارے میں یہ تصریح کی کہ وہ مرتد ہوگیا (وکفر حلیشہ (جیسہ) وحارب) محل نظر ہے، بلاذری ہی کے بیان کے مطابق حضرت عمر بن عبدالعزیز کی دعوت پر دوسرے راجوں مہاراجوں کی طرح جے سیہ نے بھی اسلام قبول کر کے عربی نام رکھا اور ان کی طرف سے اپنے علاقہ کا حکمراں ہو کر عام مسلمانوں کی طرح اسلامی حقوق و مراعات حاصل کیں، پھر سمجھ میں نہیں آتا کہ وہ آٹھ دس سال کے بعد مرتد ہو کر اسلام سے برگشتہ ہوگیا نیز بلاذری کی یہ تصریح محل نظر ہے کہ اس کا بھائی راجہ چچ بن داہر نے بھاگ کر عراق جانا چاہا تاکہ جنید کی بدعہدی کا شکوہ کرے (وھرب صصہ بن داھر وھو یرید ان یمضی الی العراق فیشکو غدر الجنید)۔ کیوں کہ خلیفہ بن خیاط کی تصریح کے مطابق راجہ چچ بن داہر محمد بن قاسم کے ساتھ جنگ کر کے ۹۴ھ میں مارا جا چکا تھا[2]۔

[1] فتوح البلدان ص ۴۲۹ و ص ۴۳۰ کامل ابن اثیر ج ۵ ص ۵۰ [2] تاریخ خلیفہ ج ۱ ص ۴۰۸۔

Marfat.com

بلاذری کے بیان کی رو سے جنید بن عبدالرحمن کا یہ اقدام بظاہر اسلامی تعلیم کے خلاف معلوم ہوتا ہے، ہو سکتا ہے کہ راجہ جے سیہ نے جنید کو اسی سختی سے روک کر آگے کے سرکش اور باغی علاقوں کی جنگ سے روکا ہوا اور جنید نے اس ملکی وسیاسی چال کو اسلام دشمنی پر محمول کر کے انتقامی کارروائی کی ہو اور جنگ کر کے آگے کا راستہ صاف کیا ہو جس میں جے سیہ مزاحمت کے درمیان مارا گیا ہو، بہرحال راجہ چچ کا جنید کے ہاتھوں مارا جانا محل نظر ہے

## کیرج (کھیڑا) کی فتح

حدودِ برہمن آباد میں جنید بن عبدالرحمن مری نے راجہ جے سیہ کی مزاحمت ختم کر کے آگے کے لئے راستہ صاف کیا اور گجرات میں داخل ہو کر کیرج (کھیڑا) کو فتح کیا، جسے محمد بن قاسم نے اپنی امارت کے آخری دور میں فتح کیا تھا، اس وقت یہاں کے راجہ دوہر نے نکل کر سخت مقابلہ کیا تھا اور شکست کے بعد بھاگ گیا تھا مگر دس سال گذرتے گذرتے کھیڑا والوں نے غدر و بدعہدی کی راہ اختیار کر لی، اس لئے جنید کو یہاں چڑھائی کرنی پڑی۔

بلاذری کا بیان ہے کہ راجہ جے سیہ سے نپٹنے کے بعد جنید نے کیرج میں جہاد کیا، بات یہ تھی کہ مقامی باشندے سابقہ عہد و پیمان اور شرائط سے انکار کر کے خلافت کے باغی بن گئے تھے اور جنید کی تادیبی کارروائی کے مقابلہ میں پورے طور سے آمادہ جنگ ہو گئے، اس لئے جنید نے بھی شدید حملہ کر کے شہر پناہ کی دیواریں کباش نطّاحہ سے مار مار کر توڑ دیں (یہ قلعہ وغیرہ کی دیواریں توڑنے کا ایک آلہ تھا جس سے قریب سے دیواریں توڑی جاتی تھیں) اور جب دیواروں میں سوراخ ہو گئے تو ان ہی سے شہر میں داخل ہو کر لڑنے والوں کو قتل و قید کیا ساتھ ہی مال غنیمت بھی ہاتھ آیا[1]۔

یعقوبی نے بھی کیرج کی فتح کا تذکرہ مختصر طور سے کیا ہے مگر اس میں چند خاص باتیں ہیں، اول یہ کہ اس جنگ میں جنید کی فوج میں مشتدر ابیہ نامی کوئی راجہ شریک تھا اور کیرج کا راجہ جس نے اسلامی فوج سے مقابلہ کیا اس کا نام الرآہ (رائے) تھا وہ میدان جنگ

[1] فتوح البلدان ص ۴۲۹۔

Marfat.com

بھاگ نکلا اور مسلمانوں نے شہر پر قبضہ کر کے باشندوں کو قید کیا اور مال غنیمت پایا، اس میں ان کے قتل کئے جانے کا ذکر نہیں ہے[1] ہمارے خیال میں کیرج کے راجہ کا ذاتی نام دوہر تھا اور رائے خاندانی لقب تھا جو اس حکمراں خاندان کے حسب و نسب کو بتاتا تھا، غالباً کیرج کھیڑا کا معترب ہے جو گجرات میں احمد آباد اور پنچ محل کے درمیان ایک ضلع کا صدر مقام ہے اور جسے ۹۳ھ میں محمد بن قاسم نے فتح کیا تھا، اور یہاں کا راجہ دوہر شہر چھوڑ کر بھاگ گیا تھا، محمد بن قاسم کی گرفتاری اور موت کے بعد ان کا یادگاری مجسمہ اسی شہر میں نصب کیا گیا تھا۔

## سوراشٹر، گجرات، راجپوتانہ اور وسطی ہند کی فتوحات

حدود برہمن آباد میں راجہ جے سیہ اور کھیڑا میں راجہ دوہر سے نمٹنے کے بعد اطراف و جوانب میں اسلامی فتوحات کا شہرہ ہوا اور جو علاقے سرکشی اور بغاوت کر کے مرکز سے الگ ہو چکے تھے، ان میں مقابلہ کی طاقت نہیں رہی، اس لئے جنید نے چند دنوں کھیڑا میں رہ کر اطراف کے انتظامات درست کئے، جب اطمینان بخش صورت پیدا ہو گئی تو گجرات، سوراشٹر، مدھیہ پردیش اور راجپوتانہ کے مختلف مقامات میں فوجی مہمات روانہ کیں، یہ تمام علاقے محمد بن قاسم کے دور میں فتح ہو چکے تھے مگر بعد میں ان میں غدر و بغاوت کی ہوا پھیل گئی تھی اس لئے ان کے خلاف تادیبی کارروائی کرنی پڑی اور چونکہ بڑی فتوحات کی وجہ سے باغیوں اور شورش پسندوں کا زور ٹوٹ چکا تھا اس لئے جنید نے بڑی مہمات کے بجائے اپنے فوجی امراء کی ماتحتی میں دستے روانہ کئے جو ہر جگہ فتحیاب ہو کر واپس ہوئے، ان دنوں جنید نے کھیڑا کو اپنا مرکز بنایا تھا اور یہیں سے مختلف مقامات کو مہمات روانہ کی تھیں، یہ مقام گجرات، سوراشٹر، راجپوتانہ اور مدھیہ پردیش کے وسط میں واقع ہونے کی وجہ سے مرکزیت رکھتا تھا، چنانچہ جنید نے مرمد (مارواڑ) مندل (مانڈل، دیرم گام) بروص (بھڑوچ) کی سمت امراء و عمال روانہ کئے، یہ تمام مقامات موجودہ

---

[1] تاریخ یعقوبی ج ۲ ص ۳۷۹۔

Marfat.com

گجرات، سوراشٹر اور راجپوتانہ میں واقع ہیں، نیز انھوں نے ایک مہم ازین (اجین) روانہ کی ا
حبیب بن مرّہ کو فوج دے کر مالیہ (مالوہ) بھیجا' یہ دونوں مقامات مدھیہ پردیش میں ہیں
اس فوج نے بہریمد (مارواڑ) پر بھی یلغار کر کے اسے فتح کیا اور شہر کے کنارے
آتش زنی کی، خود جنید نے بیلمان (بھیلمان) اور جرز (گوجر یا گجرات) کو فتح کیا یہ بلاذری کا
بیان ہے، یعقوبی نے بھی ان غزوات وفتوحات کی فہرست دی ہے اور مرند (مرمد) مندل (دھنج)
بروص، سرست، بیلمان، مالیہ کا نام لے کر باقی مقامات کو وغیرھا من البلاد لکھ دیا
ہے، اس میں سرست سے سورٹھ یا سوراشٹر مراد ہے[1]۔

یعقوبی نے بہریمد کو غالباً مرند لکھا ہے مگر اس شہر کے اطراف میں آتش زنی کا ذکر نہیں کیا
ہے۔ یہ تمام علاقے اور مقامات محمد بن قاسم کے دور میں فتح ہو چکے تھے مگر ان کے بعد سندھ کے
جنوب میں بغاوت و غدر کا جو طوفان اٹھا تو اس نے ان سب کو اپنی لپیٹ میں لے لیا، یہی وجہ ہے
کہ بعد میں آنے والے امراء و حکام میں سے تقریباً ہر ایک نے ان جنوبی علاقوں میں تادیبی کارروائی
کر کے ان کو دوبارہ خلافت کے ماتحت کیا۔

## ارضِ چین کی فتح

سوراشٹر، گجرات، راجپوتانہ اور مدھیہ پردیش کے ان سرحدی مقامات کے فتح ہو جانے
کے بعد جنید کو اطمینان ہو گیا اور انھوں نے آگے بڑھ کر ہندوستان کے ایک علاقہ ارضِ چین کو فتح کیا
خلیفہ ولید بن عبدالملک کے زمانہ میں جس وقت محمد بن قاسم مکران و سندھ کے علاقوں کو فتح کرتے
ہوئے آگے بڑھ رہے تھے، اسی زمانہ میں قتیبہ بن مسلم خراسان سے چین کی طرف فتوحات کرتے ہوئے
آگے بڑھ رہے تھے اور خلیفہ نے قتیبہ بن مسلم کو لکھا تھا کہ:-

ایکما سبق الی الصین فھو عامل علیھا — تم دونوں میں سے جو بھی چین کی طرف بڑھ کر فتوحات

---

[1] فتوح البلدان ص ۴۲۹، وتاریخ یعقوبی ج ۲ ص ۳۷۹۔

Marfat.com

وعلی صاحبھا۔ کرے گا وہ وہاں کا اور شاہ چین کا امیر ہوگا۔

اس زمانہ میں محمد بن قاسم ارضِ چین تک نہیں پہونچ سکے مگر ہشام بن عبدالملک کے زمانہ میں جنید بن عبدالرحمن مری نے وہاں پہونچ کر جنگ کی اور فتح پائی، مگر قتیبہ بن مسلم اور جنید بن عبدالرحمن کے چین علیحدہ علیحدہ ہیں، یعقوبی نے لکھا ہے کہ جنید نے گجرات کو رام کرنے کے بعد ارض چین کا قصد کیا، وہاں پہونچ کر راجہ کو اسلام کی دعوت دی مگر اس نے اس کے جواب میں جنگ شروع کردی جنید نے بھی نہایت ثابت قدمی سے اس کا مقابلہ کیا اور راس کے قلعہ پر نفط و نار (ایک آتشیں آلہ جنگ تھا) سے مارا اور راجہ کی صلح کی پیش کش منظور کر کے شہر اور قلعہ فتح کیا، جنید قلعہ کا محاصرہ کر کے اس پر آتش باری کر رہے تھے مگر قلعہ نہیں فتح ہو رہا تھا جب بہت دیر ہو گئی تو جنید نے کہا کہ اس قلعہ کے اندر عربوں کی کوئی جماعت ضرور ہے جو آگ کو بجھا دیتی ہے اور وہ اس آلہ جنگ کے استعمال سے واقف ہے، چنانچہ جب قلعہ فتح ہوا تو جنید نے اس میں دو عربوں کو پایا اور ان کا گمان صحیح نکلا انھوں نے ان دونوں کو وہیں قتل کر دیا اور فتح کے بعد کئی دن وہاں مقیم رہے[1]۔

اس زمانہ میں ہندوستان میں کون سا علاقہ ارض چین کے نام سے مشہور تھا؟ ہمارا غالب گمان ہے کہ یہ علاقہ گجرات کے آگے مشرق میں واقع تھا جو کوکن کی طرف سے چین جاتے ہوئے راستہ میں پڑتا تھا جیسا کہ سلیمان تاجر نے لکھا ہے:۔

| | |
|---|---|
| ملك بلهرا وارضه، اولها ساحل | راجہ بلہرا کی مملکت کا پہلا حصہ ساحلِ سمندر ہے |
| وهى بلاد تدعى الكمكم متصلة | جسے بلاد کوکن کہتے ہیں، یہ حصہ خشکی میں چین تک |
| بالارض الى الصين[2] | پھیلا ہوا ہے۔ |

ابو دلف مسعر بن مہلہل نے جنوبی ہند کے شہر کلہ اور بلاد الفلفل کا ذکر کر کے صنف کا ذکر کیا ہے جو ہندوستان اور چین کے وسط میں واقع ہے اس کے بعد لکھا ہے کہ لیف کا فور نامی پہاڑی کے دو رخ ہیں ایک سمندر کی جانب ہے، اس میں قامرون (کامروپ، آسام) اور صنف وغیرہ (تاریخ

---

[1] تاریخ یعقوبی ج ۲ ص ۳۷۹۔ [2] رحلہ سلیمان تاجر۔

ہیں۔ اور دوسرا رخ پہاڑ کی شمالی سمت واقع ہے اور شہر صیمو سے متصل ہے۔ وہاں کے باشندے بہت خوبصورت ہوتے ہیں کیونکہ ان کی نسل ترکوں اور چینیوں کے اختلاط سے چلتی ہے۔

| | |
|---|---|
| وفی اللھف الآخر من ذلك الجبل مما یلی الشمال مدینة یقال لھا الصیمور، لأھلھا حظ من الجمال وذلك لأن اھلھا متولدون من الترك والصین فجما لھم لذلك والیھا تجارات الترك[۱]۔ | لہف کافور کے دوسرے جانب پہاڑ کا وہ علاقہ ہے جو شمال میں شہر صیمور سے ملا ہوا ہے، یہاں کے باشندے بہت خوبصورت ہوتے ہیں کیونکہ یہ ترک اور چین کے میل جول سے پیدا ہوتے ہیں اور یہاں کے ترک تاجر آتے جاتے رہتے ہیں۔ |

ہندوستان کا یہی مشرقی شمالی علاقہ تھا جہاں ترک تاجر آتے جاتے تھے اور چینیوں کی کثرت تھی، علاقہ چین بولا جاتا تھا، غالباً جنید نے گجرات وغیرہ کی مہمات سے فارغ ہوکر اسی علاقہ پر حملہ کیا تھا اور یہیں کے راجہ نے حضرت معاویہ کے پاس ایک خط لکھ کر اسلام فہمی کے لئے کسی آدمی کو طلب کیا تھا جیسا کہ قاضی رشید بن زبیر نے لکھا ہے:

كتب ملك الصین الی معاویة بن ابی سفیان[۲] شاہ چین نے حضرت معاویہ کو لکھا الخ

اور ابن عبد ربہ نے لکھا ہے کہ اسی مضمون کا ایک خط حضرت عمر بن عبدالعزیز کے نام ملک الہند نے بھیجا تھا:

| | |
|---|---|
| بعث ملك الھند الی عمر بن عبدالعزیز كتابا فیه[۳] | ہندوستان کے راجہ نے عمر بن عبدالعزیز کو ایک خط لکھا الخ |

ان دونوں خطوں کا مضمون ایک ہے۔ ہمارے خیال میں یہ خط بھی اسی ملک الصین کی طرف سے تھا جسے ملک الہند بھی کہا گیا ہے، کیوں کہ یہ ہندوستان کا علاقہ تھا مگر ارض چین کے نام سے مشہور تھا اس کے مقابلہ میں ارض چین کے بارے میں ایک تحقیق یہ ہے کہ پنجاب میں

---

[۱] معجم البلدان ج ۵ ص ۴۱۵ و ۴۱۶ [۲] کتاب الذخائر والتحف ص ۹ [۳] العقد الفرید ج ۲ ص ۲۰۲ قاہرہ ۱۹۶۷ء۔

Marfat.com

دریائے بیاس کے مغرب میں ایک چھوٹی سی ریاست اپنے پایہ تخت چیناپت (یا چینا پیٹھ) کے نام سے تھی، جہاں بدھ مذہب کے مشہور فرمانروا راجہ کنشک کا نے اپنی چینی کفیلوں کو رکھا تھا چین اور تبت کی قربت کی وجہ سے وسط ایشیا کے تجار بکثرت یہاں رہتے تھے، جس کی وجہ سے چینیوں کا شہر معلوم ہوتا تھا اس لئے یہاں کے راجہ کو عرب شاہ چین کہتے تھے، ممکن ہے کہ یہ مقام چمبہ ہو جو آج کل ڈلہوزی اور دھرم سالہ کے اوپر واقع ہے اور دریائے راوی کے منبع کے پاس ایک ریاست کا پایہ تخت ہے۔[1]

ابو دلف کے بیان میں اور اس تصریح میں زیادہ فرق نہیں ہے البتہ سمت اور جائے وقوع میں کافی فرق معلوم ہوتا ہے، ہمارے نزدیک ہندوستان کا یہ چین مشرق شمال میں واقع ہے یوں بھی گجرات کی فتوحات کے بعد جنید کا الٹے پنجاب کی طرف جانا کچھ زیادہ قرین قیاس نہیں معلوم ہوتا ہے جب کہ گجرات کے شمال مشرق کی طرف بڑھنا اور وہاں فتوحات حاصل کرنا قرین قیاس ہے۔ عرب ماوراء النہر کے شمال میں جو شہر واقع تھے ان کو بھی ارض چین کہتے تھے اور جسے آج ترکستان غربی کہتے ہیں اور جس میں سمرقند، بخارا، خیوہ، خوارزم اور غیرہ واقع ہیں، وہ سب سرزمین چین کے نام سے یاد کیے جاتے تھے۔ قتیبہ بن مسلم باہلی امیر خراسان اسی علاقے میں فتوحات کر رہے تھے اور ہشام نے ان کو لکھا تھا کہ تم دونوں میں سے جو بھی چین پر قبضہ کر لے گا وہاں کا امیر ہوگا جنید کی فتوحات میں ترکستان غربی میں واقع سرزمین چین مراد نہیں ہے۔

## جُنید کے غنائم اور اُساریٰ

جن دنوں جنید سندھ سے نکل کر جنوبی اور مشرقی علاقوں کی فتوحات میں مصروف تھے خلیفہ ہشام کا ایک خط ان کے نام آیا، جس کا مضمون یہ تھا کہ مسلمانوں نے روم میں فتوحات کے دوران بہت سے قیدی اور چوپائے حاصل کیے ہیں مقصد یہ تھا کہ اس مدت میں غنائم و سبایا کی مقدار تمہارے ہاتھ لگی ہے جنید نے اس کے جواب میں خلیفہ کو لکھا کہ میں نے اپنے دفاتر اور

[1] سندھ ص ۱۲۲۔

دواوین میں دیکھا تو معلوم ہوا کہ سندھ چھوڑنے کے بعد سے اب تک اللہ تعالیٰ نے مجھے سات چھ لاکھ قیدی دیئے ہیں، نیز اسی دوران میں اسی لاکھ درہم سندھ کے بیت المال کو روانہ کر چکا ہوں، اور اتنی ہی مقدار بارہا فوج میں تقسیم کر چکا ہوں۔[1]

بلاذری نے جنید کے دور میں اموال و غنائم کی کثرت کا حال یوں لکھا ہے کہ جب وہ یہاں سے معزول ہوئے تو ان کے گھر (بیت المال) میں چالیس لاکھ درہم موجود تھے، انھوں نے اپنے زائروں اور ملاقاتیوں کو عطیہ و بخشش کے طور پر جو کچھ دیا وہ رقم اس کے علاوہ تھی اور اتنی ہی مقدار یعنی چالیس لاکھ درہم یہاں سے عراق روانہ کئے گئے، جنید اپنے زمانہ کے مشہور اجواد و اسخیار میں سے تھے، شعراء نے ان کی داد و دہش اور جود و سخا کی بہت تعریف کی ہے، جریر نے لکھا ہے ؎

اصبح زوار الجنید وصحبه　　یحیون صلت الوجه جما مواهبه

جنید کے ملاقاتی اور اس کے ساتھی اس کے ہشاش بشاش چہرے کو مبارکباد دیتے ہیں اس کے عطیے بہت زیادہ ہیں

اور ابو الجویریہ نے کہا ہے ؎

لو کان یقعد فوق الشمس من کرم　　قوم باحسابهم او مجدهم قعدوا

جنید کو دیکھ کر یقین ہو گیا کہ اگر کوئی قوم اپنے مجد و شرف اور جود و کرم کی وجہ سے سورج کے اوپر بیٹھنا چاہے تو بیٹھ سکتی ہے۔

محسدون علی ما کان من کرم　　لا ینزع الله منهم ماله حسدوا[2]

ایسے لوگ اپنے جود و کرم کی وجہ سے محسود زمانہ ہیں مگر اللہ تعالیٰ ان سے حسد کی اس وجہ کو ختم نہ کرے

ہندوستان میں فتوحات کے درمیان جنید کو جو اموال و غنائم اور سبایا ہاتھ آئے ان کی کثرت کا اندازہ اوپر کے اعداد و شمار سے بخوبی ہو جاتا ہے، اس سلسلہ میں مزید دو واقعات قابل ذکر ہیں: ابو الفرج اصفہانی نے لکھا ہے کہ جنید نے امیر عراق خالد قسری کی خدمت میں ہندوستان سے جنگی قیدی روانہ کیے جو اہل قریش اور اعیان و اشراف میں تقسیم کیے گئے، آخر میں

[1] تاریخ یعقوبی ج ۲ ص ۳۸۰۔ [2] فتوح البلدان ص ۴۴۰۔

Marfat.com

ایک نہایت ہی حسین وجمیل باندی بچی جسے خالد قسری نے اپنے لئے محفوظ کر لیا تھا اس کے بدن پر
پر ہندوستانی لباس یعنی دو چادریں تھیں، اس وقت ابوالنجم شاعر وہاں موجود تھا، خالد
قسری نے اس سے کہا کہ اگر تم اس باندی کی وصف میں فی البدیہہ اشعار کہہ سکتے ہو تو کہہ کر
اسے لے لو، ابوالنجم نے فوراً اپنا مشہور زجریہ قصیدہ کہا جس کا پہلا مصرعہ یہ ہے۔

علقتُ خوداً من الزط[1]

اور قاضی رشید بن زبیر نے لکھا ہے کہ ہندوستان کے ایک راجہ نے جنید بن عبدالرحمن کی خدمت میں ایک مرصع اونٹنی ہدیہ میں روانہ کی تھی جس کے تھن موتیوں سے بھرے ہوئے تھے اور گردن یاقوت سرخ کی تھی، یہ اونٹنی چاندی کی ایک گاڑی پر بنائی گئی تھی، جب زمین پر چھوڑ دی جاتی تھی تو گاڑی خودبخود حرکت کرتی تھی اور اونٹنی چلنے لگتی تھی، جنید نے اسے خلیفہ ہشام کی خدمت میں بھیجدیا، اس نے بہت زیادہ پسند کیا اور جو شخص یہ ہدیہ لیکر آیا تھا اس نے اس کے تھن میں سوراخ کیا تو موتی ایک برتن میں گرے۔ یہ برتن بھی اسی شخص کے ساتھ تھا، پھر اس نے گردن توڑی تو اس سے یاقوت سرخ خون کی طرح بہنے لگا، یہ تحفہ ہشام اور حاضرین دربار کو بیحد پسند آیا اور بنوامیہ کے سرکاری خزانہ میں محفوظ رہا، یہاں تک کہ بنوعباس کے دور خلافت میں ان کے پاس چلا گیا[2]

اس زمانہ میں سندھ کے مسلمانوں کی خوش حالی اور مالداری کا اندازہ اس سے ہوتا ہے کہ جنید کے ساتھ سندھ میں کوفہ کا ایک مشہور شخص ابوہاشم بکیر بن ہامان وزیر اور ترجمان کی حیثیت سے رہتا تھا اس نے یہاں سے بہت زیادہ دولت کمائی اور چار اینٹیں چاندی کی اور ایک اینٹ سونے کی کوفہ لے گیا[3]۔

الغرض ۱۰۶ھ سے ۱۱۱ھ تک کا زمانہ جس میں سندھ میں جنید کی امارت رہی بہت ہی کامیاب دور گذرا ہے، اس زمانہ میں سندھ کے جنوب میں سوراشٹر، کاٹھیاواڑ، گجرات وغیرہ کی

---

[1] کتاب الاغانی ج ۹ ص ۹۷، [2] کتاب الذخائر والتحف ص ۱۵ [3] تاریخ طبری ج ۷، ص ۲۶۔



Marfat.com

شورشیں ختم ہوئیں، اطراف و جوانب کے راجے مہاراجے زیر ہوئے اور مسلمانوں کو اموال غنیمت اور جنگی قیدی بڑی مقدار و تعداد میں ہاتھ آئے، اس کے بعد جنید یہاں سے خراسان کی امارت پر بھیج دیے گئے اور تمیم بن زید قینی آئے۔

## تمیم بن زید کی امارت، شورش اور فتوحات

خالد قسری نے جنید کی جگہ تمیم بن زید قینی کو سندھ کی امارت دی، مگر ان کا دور کامیاب نہیں رہا، ان میں وہ ملکی و سیاسی صلاحیت نہیں تھی جو اس وقت کے ہندوستان کے لئے نہایت ضروری تھی، دوسری بات یہ تھی کہ ان میں سخاوت کا جذبہ بہت زیادہ تھا اور انھوں نے آنے کے بعد بیت المال کو بالکل خالی کر دیا، نتیجہ یہ ہوا کہ یہاں کے انتظامات میں سخت ابتری اور بدنظمی پیدا ہوگئی، باہمی رقابتیں ابھریں، مفاد پرستوں کا زور ہوا، اور سوراشٹر اور کچھ کے علاوہ جنوبی سندھ کا تقریباً تمام علاقہ پھر شورش پسندی کی نذر ہوگیا، یہاں تک کہ مسلمانوں کے لئے ان اطراف میں کوئی محفوظ مقام و مرکز نہیں رہ گیا، بہت سے مسلمان جو مختلف علاقوں میں آباد تھے، بڑے بڑے اسلامی شہروں میں چلے گئے، بلکہ بہت سے خاندان عراق جانے پر مجبور ہو گئے اور ایسا معلوم ہونے لگا کہ جنید بن عبد الرحمٰن کا کل کیا دھرا بیکار ہو گیا، اس میں شک نہیں کہ تمیم بن زید نے حالات سدھارنے کی کوشش کی، غزوات کیے، دشمنوں کو زیر بھی کیا مگر حالات پر قابو پانے سے پہلے ہی یہاں پر ان کا انتقال ہوگیا۔ بلاذری نے لکھا ہے کہ جنید کے بعد سندھ کی ولایت تمیم بن زید قینی کو ملی مگر وہ کمزور ثابت ہوئے، ان کا شمار عرب کے مشہور اجواد و اسخیار میں تھا، انھوں نے سندھ کے بیت المال میں اٹھارہ لاکھ طاطری درہم پائے جس کو بہت خرچ کر ڈالا، ان کے دور امارت میں مسلمان ہندوستان کے شہروں سے نکل گئے اور اپنے مرکزوں کو یوں چھوڑ دیا کہ پھر صدیوں تک ان میں نہیں آئے اسی حال میں دیبل کے قریب مار الجو امیس نامی ایک تالاب میں تمیم بن زید

Marfat.com

ہو کر انتقال کر گئے[۱] یعقوبی نے بھی تقریباً یہی باتیں لکھی ہیں اور بتایا ہے کہ جنید نے سندھ کے بیت المال میں اٹھارہ لاکھ طاطری درہم چھوڑے تھے تمیم بن زید نے انھیں اٹھا کر دارالخلافہ روانہ کر دیا، تمیم کے حق میں یہاں کے حالات سازگار نہ ہو سکے، ان کے بارے میں اہل سندھ کا اختلاف بہت بڑھ گیا۔ انھوں نے غزوات و فتوحات بہت زیادہ کیں پھر بھی ان کی فتح اور ساتھیوں میں کشت و خون کی کثرت ہوئی اور مسلمان یہاں کے شہروں سے نکل کر عراق چلے گئے[۲]

ان دونوں مورخوں میں سے کسی نے تمیم تنجی کی فتوحات کا تفصیلی ذکر نہیں کیا ہے۔ حالاں کہ انھوں نے یہاں غزوات و فتوحات کا سلسلہ قائم کر رکھا تھا جیسا کہ دونوں مورخوں نے اجمالاً اس کا ذکر کیا ہے نیز جب ان کو سندھ کی امارت کا پروانہ ملا تو سب سے پہلے انھوں نے زبردست فوجی تیاری کی اور بصرہ میں جا کر جسے چاہا اپنی فوج میں شامل کیا۔ ایک روایت میں ہے:۔

| | |
|---|---|
| لما ولی تمیم بن زید القینی السند دخل البصرۃ فجعل یخرج من اھلھا من شاء[۳] | جب تمیم بن زید قینی کو سندھ کی ولایت ملی تو بصرہ گئے اور وہاں کے باشندوں میں سے جسے چاہا اپنے ساتھ لیا۔ |

اسی فوجی بھرتی میں انھوں نے خنیس یربوعی نامی ایک جوان کو بھی اپنے ساتھ لے لیا اس کا واقعہ بعد میں آرہا ہے، نیز بعض اوقات تمیم بن زید کے لئے شام اور عراق سے فوجی مدد آتی تھی، چنانچہ طبری نے لکھا ہے کہ خالد قسری نے بنو قین کے ایک افسر کو فوج دے کر سندھ کے عامل کی مدد کے لئے روانہ کیا، جب یہ لشکر حیرہ میں پہونچا تو خالد نے ان سپاہیوں سے کہا کہ تم لوگ بہلول بن بشر خارجی کی فوج سے جنگ کرو اور تم میں سے جو شخص اس کے ایک آدمی کو مارے گا میں ملک شام میں اس کی جائداد و املاک کے ساتھ مزید انعام دوں گا اور سب سے بڑھ کر یہ کہ اسے ہندوستان کی مہم پر جانے سے معاف کر دوں گا چنانچہ یہ فوجی دستہ سندھ کے بجائے فرات پر بہلول خارجی سے نبرد آزما ہوا[۴]

---

[۱] فتوح البلدان ج ۳ ص ۲۴۰۔ [۲] تاریخ یعقوبی ج ۲ ص ۳۸۰۔ [۳] کامل مبرد ج ۱ ص ۸۸ [۴] تاریخ طبری ج ۸ ص ۱۲۱

ابن خلدون نے بھی اس واقعہ کو درج کر کے لکھا ہے کہ تقریباً چھ سو بنو قین کے فوج سندھ کے عامل کی مدد کے لئے جا رہے تھے، مگر خالد قسری نے ان کے ساتھ مزید دو سو سپاہی کر کے ان سب کو بہلول بن بشیر خارجی کے مقابلہ کے لئے بھیجا' فرات پر مقابلہ ہوا، جس میں بہلول مارا گیا اور اس کے آدمی کوفہ کی طرف بھاگ گئے[1]۔

تمیم بن زید قینی سندھ کی ولایت پر مامور ہونے کے بعد فوجی تیاری کے سلسلہ میں لے گئے اور وہاں کے باشندوں میں سے جسے چاہا اپنی فوج کے لئے منتخب کر لیا' اسی انتخاب میں بنی یربوع یا بنی بکر بن وائل کا ایک نوجوان بھی آگیا' جب اسے سندھ میں رہتے رہتے زیادہ دن ہو گئے تو اس کی بوڑھی ماں کو سخت پریشانی ہوئی اس کے صرف یہی ایک لڑکا تھا، وہ بیچاری مشہور شاعر فرزدق کے باپ غالب کی قبر پر گئی اور وہاں سے کچھ کنکریاں لے کر فرزدق کے پاس آئی اور اس کے باپ کی قبر کا واسطہ دیا، فرزدق نے ماجرا پوچھا تو بیان کیا کہ تمیم بن زید میرے بیٹے کو اپنے ساتھ لے گئے ہیں' اس لڑکے کے علاوہ میرا نہ کوئی لڑکا ہے اور نہ کوئی کمانے والا ہے، تم تمیم بن زید کے پاس اس کے بارے میں سفارش لکھ دو کہ وہ اسے بھیج دیں، فرزدق نے لڑکے کا نام دریافت کیا' اس کی ماں نے خنیس بتایا اور اس نے تمیم کے نام یہ اشعار لکھ کر روانہ کئے:-

انتنی فعاذت یا تمیم بغالب ۔۔۔۔ وبالحفرة السافی علیها ترابها

اے تمیم، ایک عورت میرے پاس آئی ہے جس نے میرے والد غالب اور اس کی قبر کی پناہ لی ہے جس پر غبار اڑ رہا ہے

فهب لی خنیسًا واتخذ فیه منة ۔۔۔۔ لحوبة ام ما یسوغ شرابها

تم اس کے خنیس بیٹے کو مجھے دے کر احسان کرو کیوں کہ اس کی ماں کو مارے غم کے حلق سے پانی نہیں اترتا

تمیم بن زید! لا تکونن حاجتی ۔۔۔۔ بظهر ولا یخفی علیك جوابها

تمیم! تم میری حاجت کو پس پشت نہ ڈال دینا' اور نہ اس کا جواب تمہارے نزدیک مشتبہ ہو۔

---

[1] تاریخ ابن خلدون ج ۳ ص ۱۶۳۔

Marfat.com

فلا تکثر الترداد فیھا فاننی ملول لحاجات بطی جوابھا

اس بارے میں زیادہ خط وکتابت نہ کرنا کیوں کہ حاجت برآری میں دیر کی وجہ سے مجھے رنج ہوتا ہے

یہ خط تمیم بن زید نے پڑھا مگر نام میں اشتباہ ہو گیا اور یہ نہ معلوم ہو سکا کہ خنیس خبیش، خنیش، حنیش، خنشیش میں سے اس جوان کا نام کیا ہے؟ اس لئے فوج میں اس قسم کے ناموں کے جتنے فوجی تھے سب کو رخصت دے دی گئی جن کی تعداد اسی تھی۔[1]

اس واقعہ کے بیان کرنے کے سلسلہ میں کامل مبرد اور کتاب الامالی ابو علی قالی میں ہے کہ تمیم بن زید قینی، حجاج بن یوسف کے عامل تھے، حالاں کہ حجاج کا انتقال اس سے بہت پہلے ۹۵ھ میں ہو چکا تھا اس واقعہ سے اندازہ ہو سکتا ہے کہ تمیم بن زید کی فوج بھاری تعداد میں سندھ میں مصروف غزوات وفتوحات رہتی تھی۔

چونکہ تمیم بن زید قینی شریف النفس اور نیک دل امیر تھے، اس لئے ان کے دور امارت میں جگہ جگہ بغاوتوں اور شرارتوں نے سر ابھارا، ہندوستان کے حالات ابتدا ہی سے اس قسم کے رہے کہ عربوں کو سخت پالیسی اختیار کرنی پڑی، خلافت راشدہ میں مخبروں اور مبصروں نے یہاں کے مزاج وحالات کا گہرا مطالعہ کر لیا تھا، اس کے بعد جب بھی ذمہ داروں کی طرف سے ہندوستان کے بارے میں معلومات حاصل کی گئی تو یہی بتایا گیا کہ ہندوستان بہت ہی دشوار گذار اور کٹھن علاقہ ہے، یہاں سخت گیری کی ضرورت ہے اس کا تجربہ تمیم بن زید کی امارت کے زمانہ میں بھی یوں ہوا کہ ان کی نرمی کی وجہ سے یہاں کے حالات ابتر ہو گئے، بلکہ کہنا چاہیئے کہ ان کا دور امارت ناکام رہا، حالاں کہ انھوں نے فوجی مہمات کا سلسلہ جاری رکھا اور فتوحات حاصل کیں، ان کی نرمی اور شرافت طبع سے غیروں کی طرح اپنوں نے بھی غلط فائدہ اٹھایا ایک طرف ہندوستان کے باشندوں نے ان کے خلاف علم بغاوت بلند کیا اور دوسری طرف خود ان کے آدمیوں میں آپس میں کشت وخون کی نوبت آگئی، البتہ اس ابتری میں سوراشٹر اور

[1] فتوح البلدان ص ۴۳۰ وکامل مبرد ج ۱ ص ۸۸ وکتاب الامالی ج ۳ ص ۷۷ والاضداد فی اللغۃ ص ۲۵۶ وص ۲۵۷

Marfat.com

کچھ کا علاقہ سابقہ عہد و پیمان پر قائم رہا اور وہاں کوئی نیا انقلاب نہیں آیا، غالباً اس کی وجہ یہاں کے باشندوں کا احساس ذمہ داری تھی اور یہ کہ انھوں نے تمیم بن زید کی شرافت کی ناقدری نہیں کی، ورنہ سندھ کے جنوب میں ہندوستان کا سارا علاقہ جو پہلے اسلامی قلمرو میں شامل ہوچکا تھا، تمیم کے زمانہ میں یوں خودسر اور سرکش ہوگیا کہ وہاں کے مسلمانوں کو ترک وطن کرکے سندھ اور مکران کے مرکزوں میں جانا پڑا۔

## حکم بن عوانہ کی امارت شاندار فتوحات اور شہر محفوظہ کی تعمیر

تمیم بن زید قینی کی وفات سے پہلے ہی امارت کی تبدیلی کی بات ہونے لگی، خالد قسری نے یہ دیکھ کر کہ ان کی امارت میں ہندوستان کے حالات ابتر ہورہے ہیں، خلیفہ ہشام بن عبدالملک کو لکھا کہ سندھ میں حکم بن عوانہ کلبی کو روانہ کیا جائے، چنانچہ انھوں نے یہاں آکر نہایت مستعدی اور تیزی سے حالات سدھارے، سب سے پہلے سندھ اور ہندوستان کے درمیان ایک نیا شہر آباد کیا تاکہ مرکز کی دوری کی وجہ سے ہندوستان کے علاقوں میں جو بار بار شورش پیدا ہوتی ہے اور اس کے دفع کرنے میں اسلامی فوجوں کو پریشانی اور بعض اوقات ناکامی ہوتی ہے وہ جاتی رہے اور ہندوستان سے متصل ایک اسلامی قلعہ موجود رہے، نیز جو مسلمان ہندوستان کے مختلف شہروں اور بستیوں سے نکل کر بے پناہی اور لامرکزیت میں مبتلا ہیں، ان کے لئے یہ شہر مضبوط پناہ گاہ ہو۔ معلوم ہوچکا ہے کہ تمیم بن زید کے دور کی شورش اور بغاوت میں کچھ کا علاقہ محفوظ تھا اور یہاں کسی قسم کی ابتری پیدا نہیں ہوئی تھی، حکم بن عوانہ نے سندھ و مکران کے مرکز سے دور اسی علاقہ کچھ کے قریب سندھ میں "محفوظہ" نامی شہر آباد کرکے اس میں مسلمانوں کو بسایا جو کہ کچھ کے پیچھے ہندوستان سے متصل تھا۔

یعقوبی نے لکھا ہے کہ خالد قسری کے لکھنے کے مطابق خلیفہ ہشام کی طرف سے حکم بن عوانہ کلبی ہند آئے، اس وقت یہاں کا نقشہ یہ تھا کہ ہندوستان کا پورا مقبوضہ علاقہ دوسروں کے قبضہ میں

جا چکا تھا صرف کچھ کا علاقہ محفوظ رہ گیا تھا، مسلمانوں نے حکم بن عوانہ سے کہا کہ آپ ہمارے لئے کوئی قلعہ تعمیر کریں جو مسلمانوں کے لئے پناہ گاہ ہو اور مسلمان وہاں امن اور چین سے رہ سکیں چنانچہ انھوں نے محفوظہ نامی شہر آباد کیا اس کے بعد شدید جنگ کرکے متغلبین کو نکالا جس سے شہروں میں اطمینان و سکون نصیب ہوا[1]۔

بلاذری نے اسے تفصیل سے یوں بیان کیا ہے کہ تمیم کے زمانہ میں اہل کچھ کے علاوہ تمام ہندوستانی مقبوضہ کے باشندے کفران و عدوان کی راہ اختیار کر چکے تھے، حکم بن عوانہ نے اس ملک میں کوئی ایسا محفوظ مقام نہیں دیکھا جہاں مسلمان پناہ لے سکیں، اس لئے انھوں نے بحیرہ کے پیچھے ہندوستان سے متصل علاقہ میں محفوظہ نامی ایک شہر آباد کرکے اسے مسلمانوں کے لئے جائے پناہ بنایا اور اپنے قبیلہ بنی کلب کے جو شامی مشائخ و اعیان ان کے ساتھ تھے ان سے پوچھا کہ اس شہر کا کیا نام ہونا چاہیئے؟ اس پر ایک شخص نے دمشق بتایا اور ایک شخص نے اس کا نام تدمر تجویز کیا چونکہ اس لفظ کے معنی میں تباہی کا مفہوم تھا، اس لئے حکم نے اسے سخت ناپسند کرتے ہوئے اس کا نام محفوظہ تجویز کیا اور پھر اس شہر میں وہ خود بھی مقیم ہوکر وہیں سے اطراف و جوانب میں فوجی مہمات روانہ کرنے لگے[2]۔

شہر محفوظہ قدیم شہر برہمن آباد کے قریب آباد کیا گیا تھا پھر چند دنوں کے بعد اسی کے قریب منصورہ آباد کیا گیا، جو بعد میں امراء و عمال کا مستقل مرکز بنا اور کئی صدیوں تک اسلامی علوم و فنون اور اسلامی روایات و رجال کا مرکز رہا۔ حکم بن عوانہ کلبی کو یہاں آتے ہی محمد بن قاسم ثقفی کے جوان سال صاحبزادے عمرو بن محمد بن قاسم ثقفی مل گئے، ان کی نگاہ جوہر شناس نے عمرو بن محمد بن قاسم کی صلاحیتوں کو پہلی نظر میں بھانپ لیا اور ان سے کام لے کر اپنے دور امارت کو چار چاند لگائے، عمرو نے بھی خدمت کا میدان وسیع پاکر اپنے باپ کی طرح بہترین مجاہدانہ و فاتحانہ خدمات انجام دیں، بلاذری نے لکھا ہے کہ عمرو بن محمد بن قاسم بھی حکم بن عوانہ

[1] تاریخ یعقوبی ج ۲ ص ۳۸۸۔ [2] و کامل ابن اثیر ج ۴ ص ۲۲۴ و فتوح البلدان ص ۴۳۰۔

کے ساتھ کام کرتے تھے۔ حکم ان کو اپنی امارت وحکومت کے اہم امور و معاملات کا ذمہ بناتے تھے، حکم نے ان کو محفوظہ کے مرکز سے جہاد کی مہم پر بھیجا، جب عمرو ظفر و منصور واپس آئے تو حکم نے ان کو حکم دیا کہ دریا سے کچھ دور ایک شہر آباد کریں اور اس کا نام منصورہ رکھا جہاں آج تک امراء و عمال قیام کرتے ہیں۔[۱]

یہ شہر محفوظہ کے قریب ہی آباد کیا گیا تھا، صحرائے کچھ سے متصل سندھ کی سرحد میں بھنوا نامی ایک قدیم شہر تھا جسے عرب برہمن آباد کہتے تھے، مسلمانوں کے دور سے پہلے یہ شہر بالکل ویران ہو چکا تھا اور ساحل سمندر کے قریب ہونے کی وجہ سے یہاں گھنی جھاڑیاں اور جنگل تھے، ۹۳ھ میں محمد بن قاسم کے مقابلہ میں راجہ داہر کی فوجیں شکست کھانے کے بعد ان ہی جھاڑیوں میں روپوش ہوئی تھیں۔ اسی مقام سے دو فرسخ دور شہر منصورہ آباد کیا گیا جو مسلمانوں کا شہر بھی تھا اور جنوبی علاقہ کی فوجی چھاؤنی بھی، اس مقام سے شمال میں سندھ دمکران کی اور جنوب میں سوراشٹر، گجرات، راجپوتانہ اور مدھیہ پردیش کے اسلامی مقبوضات کی حفاظت کی جاتی تھی اور یہی دارالامارۃ بنایا گیا۔

اس نئے مرکز سے حکم بن عوانہ نے جنوب و شمال میں خوب فتوحات حاصل کیں، عمرو بن محمد بن قاسم کو جہاد کے لئے مختلف علاقوں میں بھیجا، خود بھی پوری سرگرمی دکھا کر تمام مغصوبہ علاقوں کو آزاد کرایا، بلاذری کا بیان ہے۔

| | |
|---|---|
| وتخلص الحکم ماکان فی ایدی العدو ومما غلبوا علیہ ورضی الناس بولایتہ۔ | حکم نے ان تمام علاقوں کو چھڑا لیا جن پر دشمنوں نے غلبہ و استیلا کے بعد قبضہ کر لیا تھا اور عوام ان کی امارت سے راضی و مطمئن ہوئے۔ |

تمیم بن زید جیسے شریف النفس اور نیک دل امیر کی ناکامی کے بعد حکم بن عوانہ جیسے کم خرچ امیر کی کامیابی اور عوام کے اطمینان و رضامندی پر خالد قسری کہا کرتا تھا تعجب ہے کہ میں نے

---

[۱] فتوح البلدان ص ۴۳۱۔

سندھ کی ولایت ایک بہادر اور شریف عرب کو دی تو اسے ناپسند کیا گیا اور جب ایک بخیل کو امیر بنایا تو اس سے لوگ راضی ہو گئے[۱]

یعقوبی نے بھی حکم کے مجاہدانہ کارناموں اور پورے ملک میں قیام امن و امان کا ذکر کیا ہے۔

واجلی القوم المتغلبین بعد حرب شدید | حکم نے شدید جنگ کے بعد زبردستی قبضہ کرنے
وھدأت البلاد وسکنت[۲] | والوں کو نکال باہر کیا اور ہر طرف امن و سکون ہو

حکم بن عوانہ کلبی عمرو بن محمد بن قاسم اور اعیان و مشائخ کی ایک جماعت کو لے کر منصورہ کے مرکز سے غزوات و فتوحات اور انتظامات کے فرائض انجام دیتے رہے کہ اس درمیان میں ۱۲۰ھ میں ہشام نے خالد قسری کو عراق کی ولایت سے معزول کر کے یوسف بن عمر ثقفی کو مقرر کیا، اس نے یہ منصب پاتے ہی خالد قسری کے تمام امراء و عمال پر بیجا شدت شروع کر دی، خود خالد قسری کے سابقہ امور و معاملات میں اتنی زیادہ سختی سے جانچ پڑتال کی اور سزا دی کہ وہ اسی میں فوت ہو گیا، اس کی سختی کی وجہ سے بلال بن ابو بردہ بھی اپنی جان کھو بیٹھے، چونکہ حکم بن عوانہ کلبی سندھ میں خالد قسری کی طرف سے متعین تھے، اس لئے جب ان کو یوسف بن عمر ثقفی کی شدت و تعذیب کی خبر ملی تو ان کو اپنے بارے میں بھی خطرہ محسوس ہوا اور یہ کہہ کر جہاد کی تیاری میں مصروف ہو گئے۔

اما فتح یرضی بہ یوسف | یا ایسی فتح ہو گی جس سے یوسف خوش ہو جائے
واما شھادۃ استریح بھا منہ۔ | گا یا پھر شہادت حاصل ہو گی جس کی وجہ سے مجھے راحت و نجات مل جائے گی۔

اس کے بعد عمرو بن محمد بن قاسم کو اپنی فوج کے شہ سواروں کا امیر کر کے خود ایک فوج لے کر سندھ میں جہاد کے لئے نکل گئے اور اسی راہ میں ۱۲۲ھ میں شہید ہو گئے[۳]

---

[۱] تاریخ یعقوبی ج ۲ ص ۳۸۹ [۲] ایضاً۔

Marfat.com

اسی جہاد میں ان کے قبیلے کے ایک بزرگ خشبہ بن خفیف کلبیؒ ان کے ساتھ شہید ہوئے حکم بن عوانہ اس وقت قوم مید یعنی بحری ڈاکوؤں سے جنگ کر رہے تھے اور اسی میں شہید ہوئے، حکم نے اپنی شہادت کے وقت ہنگامی طور سے محمد بن غزان کلبی کو اپنی پوری فوج کا امیر بنایا، خلیفہ بن خیاط نے لکھا ہے کہ والی سندھ حکم بن عوانہ کو مید نے قتل کیا، انھوں نے اس وقت محمد بن غرار (غزان) کلبی کو اپنا خلیفہ اور نائب بنایا، مگر یوسف بن عمر بن ھبیرہ نے اسی سال یعنی ۱۲۲ھ میں اسے معزول کر دیا[۱] چونکہ یہ جانشینی وقتی اور حکم بن عوانہ کی صوابدید سے ہوئی تھی اس لئے عراقی مرکز سے اسی سال اس کی برطرفی ہوئی اور عمرو بن محمد بن قاسم ثقفی یہاں کے مستقل امیر بنائے گئے، حکم بن عوانہ کی امارت سندھ کے وقت ان کے ہمراہ منذر بن زبیر ھباری بھی سندھ آئے تھے، جن کے پوتے عمر بن عبدالعزیز بن منذر ھباری نے تیسری صدی میں منصورہ میں اپنی مستقل حکومت قائم کی اس دولت ہباریہ منصورہ کا مفصل حال ہماری "ہندوستان میں عربوں کی حکومتیں" کتاب میں موجود ہے۔ اگر دیکھا جائے تو منصورہ کی یہ عظیم الشان اسلامی حکومت بھی حکم بن عوانہ کی امارت کے سلسلہ کی ایک سنہری کڑی ہے۔

## عمرو بن محمد بن قاسم کی امارت، فتوحات اور شہر منصورہ کی تعمیر

عمرو بن محمد بن قاسم ثقفی نے پندرہ سال تک ہند و سندھ میں حکم بن عوانہ کی معیت و ماتحتی میں بیش بہا خدمات انجام دیں پھر دو سال تک ان کی غیر موجودگی میں فوجی امیر و افسر رہے اس لئے حکم بن عوانہ کی شہادت (۱۲۲ھ) کے بعد عمرو بن محمد بن قاسم سندھ کی امارت کے مستحق تھے مگر عین وقت پر ایک مد مقابل نکل آیا جس کا پہلے سے کہیں تذکرہ نہیں ملتا، یہ یزید بن عرار نامی ایک شخص تھا، حکم کی شہادت کے بعد دونوں میں سندھ کی امارت کے لئے کشمکش پیدا ہوئی اور جب بات طول پکڑ گئی اور کوئی فیصلہ نہ ہو سکا تو عراق کے گورنر یوسف

---

[۱] تاریخ خلیفہ ج ۲ ص ۵۳۸۔

بن عمرو ثقفی کو لکھا گیا جو سندھ اور مشرقی ممالک کے معاملہ کا ذمہ دار تھا، اس نے معاملہ کی نزاکت کو دیکھ کر خلیفہ ہشام کو لکھا، ہشام نے یوسف کو جواب دیا کہ اگر عمرو بن محمد قاسم سن کہولت اور پکی عمر کو پہونچ گئے ہوں تو ان ہی کو سندھ کا والی بناؤ، عمرو ابھی اس عمر کو نہیں پہنچے تھے مگر چونکہ وہ ثقفی تھے اور یوسف بھی ثقفی تھا اس لئے ثقفیت اور خاندانی تعلق کی وجہ سے اس نے عمرو بن محمد بن قاسم کی طرفداری کی اور یزید بن عرار کے مقابلہ میں ان ہی کو سندھ کا امیر بنا کر سرکاری کاغذات اور عہدنامہ وغیرہ ان کے نام روانہ کیا اور عمرو بن محمد بن قاسم نے سندھ کی امارت پاتے ہی یزید بن عرار کو گرفتار کر کے جیل خانہ میں ڈال دیا۔

بلاذری کا بیان اوپر گذر چکا ہے کہ عمرو بن محمد نے حکم بن عوانہ کے دور امارت میں ان ہی کے حکم سے منصورہ آباد کیا تھا مگر یعقوبی نے لکھا ہے کہ عمرو بن محمد نے سندھ کی امارت پا کر سب سے پہلے یزید بن عرار کو گرفتار کیا، اس کے بعد دریا سے کچھ دور منصورہ شہر آباد کیا اور اسے امراء و حکام کا مستقر بنا کر اسی مرکز سے غزوات و فتوحات کا سلسلہ جاری کیا، اثنائے جنگ میں ایک موقع پر دشمن کی بچی کھچی فوج نے سنبھالا لیا اور ایک شخص کو اپنا راجہ بنا کر منصورہ پر چڑھائی کر دی اور چاروں طرف سے اسے گھیر لیا، دشمنوں کا یہ حملہ بہت سخت تھا، عمرو بن محمد نے یوسف بن عمرو کو خط لکھ کر صورتِ حال سے آگاہ کیا اور کمک طلب کی، یوسف نے عراق سے چار ہزار تازہ دم فوج بھیجی، اس نے آتے ہی دشمن سے سخت مقابلہ کیا اور راجہ کو اپنی فوج کے ساتھ منصورہ سے پسپا ہونا پڑا، اس طرح عمرو بن محمد دشمن کے نرغے سے بچ سکے، اس کے بعد عمرو نے دشمن سے بدلہ لینے کے لئے بھاری فوج تیار کی، اور معن بن زائدہ شیبانی کو مقدمۃ الجیش کا امیر بنایا، اسلامی فوج نے راجہ کی فوج پر شب خون مارا اور بڑی بے جگری سے میدان میں جم کر مقابلہ کیا، راجہ کی فوج کا بڑا حصہ میدان جنگ میں کام آیا، خود راجہ بھی زخموں سے چور ہو کر گر پڑا، جوں ہی اس کے آدمیوں کی نظر اس پر پڑی سب کے سب الراہ، الراہ (رائے

رائے) پکارنے لگے اور اسے اپنے ساتھ لے کر اس طرح بھاگے کہ کسی نے پیچھے مڑ کر نہیں دیکھا اس کے بعد سندھ کا پورا علاقہ عمرو بن محمد بن قاسم کا مطیع ہو گیا۔[1]

## فوجی بغاوت اور اس کا خاتمہ

عمرو بن محمد بن قاسم کی فتوحات میں یہ کارنامہ بھی شمار ہونے کے قابل ہے کہ انھوں نے اپنی فوج کی ایک خطرناک سازش اور بغاوت کو بڑی کامیابی سے ختم کیا، ورنہ یہ اندرونی خانہ جنگی ایک بار پھر دشمنوں کو کھل کر میدان میں آنے کا موقع دیتی اور نا عاقبت اندیشی رنگ لاتی، بات یہ تھی کہ حجاج بن یوسف نے یزید بن مہلب اور آل مہلب کو حسد اور رقابت کی وجہ سے بری طرح پریشان کر رکھا تھا اور اس کی زندگی ہی میں اس خاندان کے اقبال کا سورج ادبار کے گہن میں بے نور ہونے لگا تھا، اس کے نتیجہ میں جب یزید بن مہلب اور صالح بن عبدالرحمٰن کو اقتدار ملا، تو انھوں نے خلیفہ سلیمان بن عبدالملک کی شہ پر حجاج بن یوسف کے خاندان والوں کو گرفتار کر کے قتل کرنا شروع کیا حتیٰ کہ اسی رقیبانہ و حاسدانہ سیاست نے محمد بن قاسم ثقفی جیسے کام کے آدمی سے اموی خلافت کو محروم کر دیا، مگر اب بھی آل مہلب کے سینوں میں اس آگ کی چنگاریاں رہ رہ کر ابھر جاتی تھیں چنانچہ محمد بن قاسم کے بیٹے عمرو بن محمد بن قاسم کو بھی سندھ کی امارت کے زمانہ میں ایک مہلبی نے ناکام بنانے کے لئے خطرناک سازش کی۔ یعقوبی کا بیان ہے کہ جن دنوں عمرو سندھ کے غزوات و فتوحات میں مصروف تھے اور ان کی فوجیں میدان جنگ میں کام کر رہی تھیں یزید بن مہلب کے بیٹے مروان بن یزید نے جو کہ فوج میں امیر تھا ایک نیا گل کھلایا اور عمرو بن محمد کے خلاف فوجی بغاوت کرا دی۔ فوجی افسروں کی ایک جماعت کو عمرو کے مقابلہ کے لئے ابھارا، ان باغیوں نے اسلامی فوج کے ساز و سامان اور جانوروں کو لوٹنا شروع کیا، آخر عمرو کو اس بغاوت کے خلاف تادیبی کارروائی کرنی پڑی، انھوں نے معن

[1] تاریخ یعقوبی ج ۲ ص ۳۸۹۔

بن زائدہ شیبانی اور عطیہ بن عبد الرحمٰن کو ساتھ لے کر باغیوں کی سرکوبی کر کے ان کو منتشر ہونے پر مجبور کر دیا، مروان بن یزید جو اس بغاوت کا داعی اور سرغنہ تھا، میدان چھوڑ کر بھاگ کھڑا ہوا عمرو بن محمد کو معلوم تھا کہ یہ کام مروان بن یزید کا ہے اور اسی نے میری فوج کے ایک حصہ کو گمراہ کیا ہے، اس لئے انھوں نے میدان جنگ ہی میں اعلان کر دیا کہ ابن مہلب کے علاوہ تمام لوگوں کے لئے امن ہے، اس اعلان کے بعد باغی فوج نے مطیع ہو کر مروان بن مہلب کا پتہ بھی بتا دیا اور عمرو بن محمد نے اسے تلاش کر کے قتل کر دیا[۱] سندھ میں عربوں کے باہمی فتنوں میں دو فتنے عمرو بن محمد بن قاسم کی امارت میں ابھرے، ایک، ابتدا میں زید بن عرار کا دعوئ امارت اور دوسرا مروان بن مہلب کی فوجی بغاوت، مگر ان دونوں سے عمرو بن محمد کو نجات مل گئی، البتہ اسی دور میں ایک تیسرا فتنہ اٹھا جسے اگرچہ عمرو بن محمد نے ختم کر دیا مگر اس کے دور رس نتائج سے نہ بچ سکے اور بعد میں اسی نے ان کی جان لی۔

امام طبریؒ نے ۱۲۶ھ کے واقعات میں لکھا ہے کہ عمرو بن محمد بن قاسم نے اپنی امارت کے زمانہ میں محمد بن غزان کلبی کو سندھ میں گرفتار کر کے مارا پیٹا پھر والی عراق یوسف بن عمرؓ کے پاس بھیجدیا، اس نے بھی سزا دی اور ایک بڑی رقم بطورِ جرمانہ کے اس پر عائد کی اور دیا کہ وہ ہر جمعہ کو اس رقم کی ایک قسط ادا کرتا رہے ورنہ عدم ادائیگی کی صورت میں اسے پچیس کوڑے مارے جائیں گے، پوری رقم چونکہ محمد بن غزان ادا نہ کر سکا، اس لئے کوڑوں کی مار کھانی پڑی جس کی وجہ سے اس کے ہاتھ کی انگلیاں سوکھ گئیں[۲]

یہ نہ معلوم ہو سکا کہ عمرو بن محمد نے محمد بن غزان کو کس جرم میں یہ سزا دی اور دلوائی تھی، غالباً اس نے بھی سندھ میں امارت کا دعویٰ کیا ہوگا، جیسا کہ خلیفہ بن خیاط کے بیان سے بھی معلوم ہوتا ہے کہ حکم بن عوانہ کلبی نے اپنی شہادت کے وقت محمد بن عزار (غزان) کلبی کو اپنا جانشین بنایا تھا مگر یوسف بن عمرو نے اسے معزول کر کے عمرو بن محمد بن قاسم کو سندھ کی

---

[۱] تاریخ یعقوبی ج ۲ ص ۳۸۹ و ص ۳۹۰۔ [۲] تاریخ طبری ج ۷ ص ۲۷۲۔

Marfat.com

ولایت دی۔ اس کے بعد ۱۲۰ھ میں یوسف بن عمرو کی جگہ عراق کی گورنری منصور بن جمہور کلبی کو ملی اور اس نے محمد بن غزان کلبی کو سندھ کا والی بنایا تو محمد بن غزان نے عمرو بن محمد بن قاسم کو گرفتار کیا اور اسی میں ان کی موت واقع ہوئی، عمرو بن محمد بن قاسم معزولی کے بعد سندھ ہی میں رہے اور یہیں فوت ہوئے جیسا کہ معلوم ہوگا۔

# یزید بن عرار کی امارت اور اٹھارہ فتوحات

۱۲۵ھ میں خلیفہ ہشام بن عبدالملک کے انتقال پر ولید بن عبدالملک خلیفہ ہوا۔ اس نے خلافت پاتے ہی سندھ کے معاملات میں تبدیلی کی، عمرو بن محمد بن قاسم کو معزول کر کے ان کے سابق حریف و رقیب یزید بن عرار کو سندھ کی امارت دی اور یزید کی دیرینہ تمنا پوری ہوئی مگر انھوں نے عمرو بن محمد بن قاسم سے کوئی تعرض نہیں کیا حالانکہ وہ چاہتے تو اپنی گذشتہ سزاؤں کا بدلہ لے سکتے تھے مگر بقول یعقوبی

وکان میمون النقیبۃ — یزید بن عرار پاک طینت آدمی تھے۔

انھوں نے ذاتی معاملات سے صرف نظر کر کے ہندوستان میں غزوات و فتوحات کا سلسلہ جاری کیا اور اپنے پیش رو امراء و حکام کے ادھورے کاموں کی تکمیل کا منصوبہ بنایا، چنانچہ نے اپنی مختصر سی مدت امارت میں اٹھارہ غزوات و فتوحات کیں، یعقوبی نے ان کے عظیم الشان مجاہدانہ و فاتحانہ کارناموں کو صرف دو جملوں میں بیان کیا ہے۔

وولی مکانہ یزید بن عرار فغزا ثمانیۃ عشر غزاۃ[1] — عمرو بن محمد کی جگہ یزید بن عرار سندھ کے امیر ہوئے تو انھوں نے یہاں اٹھارہ غزوات کئے۔

افسوس کہ یزید بن عرار کے کارناموں کے بارے میں تفصیل نہ مل سکی، صرف یعقوبی کا یہی مختصر سا بیان ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ انھوں نے سال ڈیڑھ سال کی مختصر سی مدت میں سندھ میں نہایت شاندار اور کامیاب حکومت کی اور اپنی بہترین صلاحیت اور دور اندیشی سے کام لے کر یہاں متعدد

---

[1] تاریخ یعقوبی ج ۲ ص ۴۰۰ و ص ۴۰۷۔

Marfat.com

فتوحات حاصل کیں، افسوس کہ ادھر سندھ میں یزید بن عرار بڑھ بڑھ کر فتوحات کر رہے تھے اور ادھر عراق میں ان کے خلاف حوصلے کام کر رہے تھے، حتیٰ کہ معزولی کے بعد وہ ان ہی کی نذر ہو گئے، یہ بھی معزولی کے بعد سندھ ہی میں رہے۔

## محمد بن غزان کی امارت اور عمرو بن محمد بن قاسم کی موت

ولید بن عبد الملک کے بعد یزید بن ولید ۱۲۶ھ میں خلیفہ ہوا جس کی خلافت صرف پانچ ماہ رہی اس نے عراق کے نظام میں تبدیلی کر کے یوسف بن عمرو کی جگہ منصور بن جمہور کلبی کو امیر بنایا، منصور نے عراق کی حکومت پاتے ہی سندھ کی امارت میں رد و بدل کر کے یزید بن عرار کی جگہ محمد بن غزان کلبی کو یہاں کا امیر مقرر کیا، منصور عراق کے ساتھ سندھ و سجستان کی امارت پر مامور تھا اس نے پہلے سجستان جا کر یزید بن ولید کے حق میں بیعت لی، اس کے بعد سندھ آیا۔[۱]

مگر جلد ہی یزید بن ولید نے منصور کو عراق کی امارت سے معزول کر کے عبد اللہ بن عمر بن عبد العزیز کو امیر بنایا، اس کے بعد منصور بن جمہور کلبی نے فتنہ و فساد کی راہ اختیار کی۔

ادھر محمد بن غزان کلبی نے سندھ آتے ہی عمرو بن محمد بن قاسم سے انتقام لینے کی تیاری کی جنھوں نے اپنے دور امارت میں اسے سخت سزا دی تھی، اس نے عمرو بن محمد بن قاسم کو گرفتار کر کے قید کیا، اور پولیس کے ایک دستہ کو نگرانی پر مقرر کر کے خود نماز پڑھنے چلا گیا، عمرو نے موقع پا کر پولیس کی تلوار لے لی اور نیام سے نکال کر اس پر اپنے کو اس طرح ڈال دیا کہ تلوار شکم کے اندر گھس گئی، یہ حال دیکھ کر لوگ چیخنے اور چلانے لگے، محمد بن غزان شور سن کر باہر نکلا اور پولیس وغیرہ سے معلومات حاصل کیں، پھر عمرو بن محمد بن قاسم سے پوچھا کہ تم نے یہ حرکت کیوں کی؟ انھوں نے جواب دیا کہ تمہاری سزا اور تکلیف کے ڈر سے میں نے یہ اقدام کیا ہے، محمد بن غزان نے کہا کہ میں تم کو کتنی ہی سخت سزا دیتا مگر یہ حرکت نہ کرتا جو تم نے خود اپنے ساتھ کی

---

[۱] تاریخ طبری ج ۲ ص ۲۷۲۔

Marfat.com

ہے، اس واقعہ کے تین دن کے بعد عمرو کا انتقال ہوگیا' اس کے بعد محمد بن غزان نے سندھ میں زید بن ولید کے لئے بیعت لی[1]

علامہ ابن حزم نے جمہرۃ انساب العرب میں لکھا ہے کہ محمد بن قاسم نے یزید بن مہلب کی قید میں خودکشی کر لی تھی[2] شاید ان کو عمرو بن محمد بن قاسم کے اس واقعہ سے اشتباہ ہو گیا ہو، تاریخوں میں محمد بن غزان کلبی کے دور امارت کا بھی ایک واقعہ ملتا ہے، جسے اسلامی فتوحات سے کوئی تعلق نہیں ہے۔

# منصور بن جمہور کا قبضہ، غزوات و فتوحات اور یزید بن عرار کی موت

جیسا کہ معلوم ہوا کہ ۱۲۶ھ میں خلیفہ یزید بن ولید نے منصور بن جمہور کلبی کو اس کی سابقہ خدمات کی وجہ سے عراق و مشرقی ممالک کی امارت دی ۔ پھر اسی سال معزول کر کے اس کی جگہ عبداللہ بن عمر بن عبدالعزیز کو عراق کی امارت دی' اس کے بعد منصور بن جمہور نے سرکشی اور فتنہ و فساد کی راہ اختیار کر لی تھی حتیٰ کہ مروان بن محمد بن حکم کے دور خلافت میں ۱۳۰ھ میں اپنے بھائی منظور بن جمہور کلبی کے ساتھ سندھ آیا' اس وقت یزید بن عرار سندھ کی امارت پر نہیں تھے مگر یہیں مقیم تھے، ایسا معلوم ہوتا ہے کہ وہ فوج' امارت یا کسی اور سرکاری عہدے پر تھے، منصور اور یزید میں قرابت داری تھی، منصور نے سمجھا کہ یزید بن عرار بغاوت و شرارت میں میرا ساتھ دے گا مگر اس کا خیال غلط نکلا اور یزید بن عرار کی طبعی شرافت نے فتنہ و فساد کا ساتھ نہیں دیا!

منصور بن جمہور نے یہاں آکر دریائے سندھ کے اس پار قیام کیا جب یزید بن عرار کو اس کی آمد کی خبر لگی تو انھوں نے کہلا بھیجا کہ تم اپنی جگہ سے آگے نہ بڑھنا اور وہیں ٹھہرے رہنا، منصور نے اس کے جواب میں پیغام بھیجا کہ میں تو تمہارے سامنے قیام کرنا چاہتا ہوں

---

[1] تاریخ طبری ج ۲ ص ۲۷۲۔ [2] جمہرۃ انساب العرب ص ۲۶۸۔

اور تم کو عنقریب معلوم ہو جائے گا کہ میں کیا کر رہا ہوں، اس دھمکی کے بعد منصور رسد و سامان چلا گیا اور وہیں جنگی کشتیاں تیار کر کے اونٹوں کی مدد سے ان کو دریائے سندھ میں اتارا۔ یزید فرار کو پتہ چلا تو وہ بھی مقابلہ کے لئے نکلا اور دونوں میں جنگ ہوئی منصور نے شہر منصورہ تک یزید بن عرار کا تعاقب کر کے شہر کا محاصرہ کر لیا، یزید نے امان چاہی منصور نے کہا میں اس شرط پر امان دے سکتا ہوں کہ تم میرے فیصلہ کو مانو گے، یزید نے مجبوراً اس شرط کو مان لیا اور جب وہ منصور کے قبضہ میں آگیا تو اس نے ایک مینارہ اور ستون کے اندر اس کو زندہ چنوا دیا[1]۔

اس کے بعد منصور بن جمہور کلبی سندھ پر قابض و دخیل ہو گیا حتیٰ کہ اسی زمانہ میں اموی خلافت کا خاتمہ ہوا، اور بنو عباس نے اپنے پہلے امیر مغلس عبدی کو سندھ بھیجا تو منصور نے اسے قتل کر دیا، اس کے بعد ایک شدید معرکہ میں شکست کھا کر بھاگا اور راستہ میں انتقال کر گیا۔ سنہ ۱۳۰ھ سے سنہ ۱۳۲ھ تک منصور بن جمہور کلبی اور اس کے بھائی منظور بن جمہور کلبی نے سندھ میں حکومت کر کے، محمد بن حارث علافی اور معاویہ بن محمد بن حارث علافی دونوں بھائیوں کی یاد تازہ کی، البتہ منصور نے اس درمیان میں غزوات و فتوحات کا سلسلہ جاری رکھا اور اسلامی حدود کی حفاظت کے لئے سرگرمی دکھاتا رہا، ایک واقعہ سے اس کی مجاہدانہ سرگرمیوں اور کامیاب حکومت کا پتہ چلتا ہے۔

۱۲۷ھ میں مروان بن محمد بن حکم کی مستقل خلافت قائم ہوئی، اور اسی سال ثابت بن نعیم نے اہل فلسطین کو لے کر مروان کے خلاف خروج کیا اور شہر طبریہ کا محاصرہ کر کے خلافت کی فوجوں کے مقابلہ میں آیا، مگر شکست کھا کر فلسطین میں پناہ گزین ہو گیا اور جب دوسری بار مقابلہ ہوا تو خلافت کی فوج کے امیر ابو الورد نے ثابت بن نعیم کے تین لڑکوں کو گرفتار کیا، خود ثابت بن نعیم کہیں روپوش ہو گیا، اسی کے ساتھ اس کا جو تھا لڑکا رفاعہ بن ثابت بن نعیم بھی روپوش تھا، یہ اس کی اولاد میں بدطینت آدمی تھا، وہ اسی روپوشی کی حالت میں منصور بن

[1] تاریخ یعقوبی ج ۲ ص ۴۰۰ وص ۴۰۷۔

جمہور کے پاس سندھ چلا آیا' اس نے پناہ گزیں رفاعہ سمجھ کر اسے بڑے اعزاز و احترام سے رکھا بلکہ سندھ
کے ایک مقام کی امارت و ولایت دے کر اپنے بھائی منظور بن جمہور کے ساتھ کر دیا مگر رفاعہ نے
موقع پاکر منظور کو دارالامارۃ منصورہ ہی میں قتل کر دیا' اس وقت منصور بن جمہور ملتان کی مہم
پر روانہ ہو چکا تھا: مگر رفاعہ بن نعیم کی بے وفائی اور بھائی کے قتل کی خبر سنتے ہی ملتان کے بجائے
منصورہ کی طرف پلٹا اور رفاعہ کو گرفتار کر کے پختہ اینٹوں کا ایک مجوف منارہ بنوایا اور اسی
میں اس کو زندہ بند کر کے اوپر سے عمارت تعمیر کرا دی[1]۔

---

[1] تاریخ طبری ج ۷ ص ۳۱۴۔

(۳)

# اداری اور سرکاری نظام

اموی خلافت اگرچہ خلیفہ کے انتخاب اور تقرری کی حد تک شخصی تھی مگر اس کے تمام امور و معاملات میں خلافت اسلامیہ کی شورائی اور جمہوری روح کارفرما تھی اور تقریباً جملہ انتظامات خلافت راشدہ کے طریقہ پر رائج تھے، جہاد و غزوہ کی برقراری، امراء و عمال کی تقرری، قضا و عدالت کا قیام، حدود و قصاص کا اجرا، امن و امان کی بحالی، عدل و انصاف کی فراوانی، رفاہ عام اور خدمتِ خلق کا جذبہ، الغرض اس طرح کے تمام امور میں اسلامی طور و طریقہ کارفرما تھا۔

اموی دور کے ہندوستان میں بھی وہی تمام باتیں پائی جاتی تھیں جو پورے عالم اسلام میں رائج تھیں، یہاں کوئی نیا نظام یا دوسرا طرز حکومت نہیں تھا، یہی وجہ ہے کہ یہاں کے ان معاملات کے بارے میں مؤرخوں نے بہت کم باتیں لکھی ہیں، اور غزوات وفتوحات پر زیادہ زور دیا ہے، اگر ہم ہندوستان کی اسلامی تاریخ میں آج کل کے ذوق کے مطابق معمولی معمولی جزئیات کا مستقل تذکرہ معلوم کرنا چاہیں تو کچھ زیادہ کامیابی نہیں ہوگی البتہ تاریخ کے بطون میں اس قسم کی باتیں ضمناً اور اشارۃً پائی جاتی ہیں، ان کو تلاش کر کے موجودہ ذوق تاریخ نویسی کی تسکین کا سامان فراہم کیا جاسکتا ہے، ہم کوشش کریں گے کہ تاریخی اشارات اور ضمنی بیانات سے ان کا پتہ چلائیں۔

معلوم ہو چکا ہے کہ خلافت راشدہ میں سندھ و مکران اور دیگر مشرقی ممالک کا انتظامی مرکز عراق تھا اور اس کے دو نئے شہر بصرہ اور کوفہ کے امراء و حکام ان ممالک کے بھی ذمہ دار ہوتے

Marfat.com

تھے، اموی خلفاء نے بھی اپنا دار الخلافہ شام کے شہر دمشق کو بنا لینے کے باوجود عراق کی یہ حیثیت باقی رکھی، بلکہ اس دور میں اس کی یہ حیثیت اور زیادہ اہم اور مضبوط ہو گئی اور عراق گویا دوسرا دار الخلافہ بن گیا، اموی خلفاء عراق کے عمال و حکام کو پورے مشرقی ممالک کے امور و معاملات سپرد کرتے تھے، یہاں کا امیر و حاکم خلیفہ کے بعد سب سے زیادہ با اختیار ہوا کرتا تھا، خاص طور سے حجاج بن یوسف کے عراق آنے کے بعد اس کی اداراتی حیثیت اور سرکاری مرکزیت اس قدر بڑھ گئی کہ بعد میں عباسیوں نے اپنی خلافت کے لئے عراق ہی کو مرکز بنایا، اور جس طرح اموی خلفاء نے خلافت راشدہ کے اس عراقی مرکز سے پورا فائدہ اٹھا کر یہیں سے عجم اور پورے مشرقی ممالک کی فتوحات حاصل کیں، اسی طرح عباسیوں نے امویوں کے عراقی مرکز کی طاقت و قوت سے فائدہ اٹھا کر اسی کو اپنی خلافت کا مرکز بنایا۔

ویسے تو ہندوستان کے حکمراں پورے عالم اسلام کی طرح اموی خلفاء ہی تھے، مگر یہاں کے سیاہ و سفید کے مالک عموماً عراق کے گورنر ہوا کرتے تھے، خلفاء اہم معاملات میں دخیل ہوتے تھے اور یہاں کے بارے میں اپنے عراقی حاکم کو مناسب ہدایات دیتے تھے، بالفاظ دیگر خلفاء کی طرف سے عراق کے اموی حکام فارس، خراسان، سجستان، کرمان، مکران، سندھ اور ہندوستان کے حکمراں ہوتے تھے، اور اپنی صوابدید سے ان مقامات پر اپنے نائبین کو مقرر کرتے تھے جو ہر معاملہ میں براہ راست عراقی افسروں کے سامنے جوابدہ ہوتے تھے، اور عراقی حکام بوقت ضرورت خلیفہ سے استصواب کیا کرتے تھے، اس طور سے ہندوستان کے اموی حکمراں دو مرکزوں سے وابستہ تھے، ایک پورے عالم اسلام کے دار الخلافہ شام سے، اور دوسرے مشرقی دار الامارۃ عراق سے، اموی دور میں پورے مقبوضہ خلافت میں انتظامی امور و معاملات کے ذمہ دار تین طبقے ہوا کرتے تھے اور یہ تینوں مل کر نظام چلاتے تھے، (۱) دار الخلافہ شام کے خلفاء (۲) صوبائی دار الامارۃ کے حکام (۳) اور مقامی دار الامارۃ کے امراء جو اپنے اپنے علاقوں اور حلقوں کے ذمہ دار ہوتے تھے، پھر ان مقامی امراء و عمال کے ساتھ صلحاء و مشائخ اور ارباب علم و دانش

Marfat.com

کی ایک جماعت ہوا کرتی تھی جو ہر چھوٹے بڑے معاملہ میں امیر کو مشورہ دیا کرتی تھی، اس کے مشورہ کے بغیر وہ کوئی کام نہیں کرتا تھا، خلافت کی طرف سے امراء کے ساتھ اعیان واشراف اور علماء و مشائخ کی جماعت اسی کام کے لئے روانہ کی جاتی تھی۔ آپ چاہیں تو مجلس وزارت کا نام دیدیں، یا پرلیمانی ہیئت سمجھ لیں، اس سے اندازہ ہو سکتا ہے کہ امویوں کا نظام حکومت کس قدر جمہوری اور مستحکم ہوتا تھا، اور جو حکومت اپنے حلقۂ عمل میں تین تین ذمہ دار مقرر کرتی تھی اس کو کس قدر ذمہ داری کا احساس تھا، ہر مشرقی صوبہ کے امیر کو سب سے پہلے اپنے مقامی ارکانِ شوریٰ سے استصواب کرنا ضروری ہوتا تھا، پھر اپنے افسر اعلیٰ یعنی عراق کے حاکم کے سامنے جوابدہی کرنی پڑتی تھی، اور اقتدار اعلیٰ یعنی مرکز خلافت شام کے خلیفہ کی شخصیت سب سے زیادہ اہم تھی۔

## اموی خلفاء

بنو امیہ کی خلافت نوے اکانوے ۹۰/۹۱ سال تک رہی، اس مدت میں شام میں چودہ خلفاء، عراق میں تقریباً سولہ گورنر، اور ہندوستان میں تقریباً چونتیس امراء گذرے ہیں اور یہ سب کے سب یہاں کے حکمراں اور اپنی اپنی حیثیت کے مطابق یہاں کے معاملات کے ذمہ دار تھے۔ حضرت حسن رضی اللہ عنہ کی صلح کے بعد ۴۱ھ میں حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کی عام بیعت ہوئی جس سے باقاعدہ اموی دور شروع ہوا اور ۱۳۲ھ میں پہلے عباسی خلیفہ ابوالعباس سفاح کی بیعت ہوئی، بقول مورخ مسعودی امویوں نے پورے ایک ہزار ماہ تک حکومت کی، نہ کم نہ زیادہ، اس مدت کے نوے سال گیارہ ماہ تیرہ دن ہوتے ہیں، اموی خلفاء اور انکی مدتِ خلافت کی تفصیل یہ ہے: (۱) حضرت معاویہ بیس سال، (۲) یزید بن معاویہ تین سال، آٹھ ماہ، چودہ دن، (۳) معاویہ بن یزید ایک ماہ، گیارہ دن، (۴) مروان بن حکم آٹھ ماہ، دو دن، (۵) عبدالملک بن مروان بن حکم ۲۱ سال، ڈیڑھ ماہ، (۶) ولید بن عبدالملک، ۹ سال، آٹھ ماہ، (۷) سلیمان بن عبدالملک، دو سال، چھ ماہ، پندرہ دن، (۸) عمر بن عبدالعزیز، دو سال، پانچ ماہ، پانچ دن، (۹) یزید بن عبدالملک، چار سال، تیرہ

Marfat.com

دن (۱۰) ہشام بن عبد الملک انیس سال، نو ماہ نو دن (۱۱) ولید بن یزید بن عبد الملک، ایک سال تین ماہ (۱۲) یزید بن ولید بن عبد الملک دو ماہ، دس دن، (۱۳) ابراہیم بن ولید بن عبد الملک چند دن (۱۴) مروان بن محمد بن مروان پانچ سال، دس دن، اس طرح امویوں کی کل مدت خلافت نوے سال گیارہ ماہ، تیرہ دن ہوتی ہے، اگر اس مدت میں وہ آٹھ ماہ بھی ملا لئے جائیں جن میں مروان عباسیوں سے جنگ کرتا رہا تو امویوں کی مدت خلافت اکانوے سال، سات ماہ تیرہ دن ہوتی ہے اور اگر اس میں سے حضرت حسنؓ کی خلافت کے پانچ ماہ دس دن اور حضرت عبد اللہ بن زبیرؓ کی حکومت کے سات سال، دس ماہ، تین دن وضع کر دیئے جائیں تو اموی خلافت کی مدت تراسی سال، چار ماہ ہی رہ جاتی ہے جو ایک ہزار ماہ کے برابر ہے[۱] یزید بن معاویہ کے زمانہ میں حضرت عبد اللہ بن زبیر نے مکہ مکرمہ کو دار الخلافہ بنا کر اپنی علیحدہ خلافت قائم کی جو ربیع الاول ۶۴ھ سے جمادی الاخریٰ ۷۳ھ تک قائم رہی، یہ شام کی اموی خلافت کے مقابلہ میں مکہ کی متوازی خلافت تھی اور مصر و شام کے علاوہ حجاز، یمن، عراق اور خراسان وغیرہ اس کے ماتحت تھے، اس کا خاتمہ عبد الملک بن مروان کے زمانہ میں ۷۳ھ میں ہوا، اس مدت میں مشرقی عالم کی طرح ہندوستان بھی عملاً اموی خلافت سے منقطع رہا۔ خراسان میں ابن زبیرؓ کی طرف سے عبد اللہ بن خازم سلمی عامل تھے، ہندوستان میں ان کی طرف سے کوئی حاکم مقرر نہیں تھا، بلکہ ۶۵ھ سے تقریباً ۷۵ھ تک یہاں طوائف الملوکی کی کیفیت برپا رہی اور علافیوں نے اپنا قبضہ جما رکھا تھا مگر یہ وقتی غلبہ و ہجوم تھا، اسی طرح آخری دور میں منصور بن جمہور کلبی کا قبضہ ہنگامی تھا اس لئے یہاں کا یہ دور بھی اموی دور ہی میں شمار کیا جائے گا۔ الناس علی دین ملوکھم کے ماتحت جس ذہن و مزاج اور طور و طریقہ کے اموی خلفاء ہوتے تھے پورے عالم کے عوام پر ویسا ہی اثر ہوتا تھا صاحب الفخری نے خلیفہ ولید بن عبد الملک کے حال میں لکھا ہے۔

وکان الناس یلتقون فی زمانہ فیسأل — ولید بن عبد الملک کے زمانہ میں لوگ آپس میں

---

[۱] مروج الذہب ج ۳ ص ۲۴۹ و ص ۲۵۰

| | |
|---|---|
| بعضهم بعضاً عن الأبنية والعمارات | ملتے جلتے تو تعمیرات کے بارے میں سوال کرتے تھے |
| وكان اخوه سليمان يحب الطعام | کیوں کہ وہ تعمیرات سے دلچسپی رکھتا تھا اور اس کا |
| والنكاح فكان الناس فى خلافته | بھائی سلیمان کھانے پینے اور شادی بیاہ کو پسند |
| اذا لتقوا سأل بعضهم بعضاً | کرتا تھا لوگ اس کے دور میں ملاقات کرتے تھے |
| عن الطعام والنكاح وكان عمر | تو کھانے اور شادی کی بات چیت کرتے تھے اور |
| بن عبد العزيز صاحب عبادةٍ و | عمر بن عبد العزیز عبادت وتلاوت میں مصروف رہتے |
| تلاوةٍ فكان الناس اذا تلاقوا | تھے اس لئے لوگ باہمی ملاقاتوں میں ایک دوسرے |
| فى ايامه سأل بعضهم بعضاً | سے معلوم کرتے تھے کہ رات میں تمہارا ورد اور وظیفہ |
| ماوردك الليلة وكم تحفظ من القرآن | کیا ہے اور کتنا قرآن یاد ہے اور تم مہینہ میں کس قدر |
| وكم تقوم من الشهر[1] | عبادت کرتے ہو؟ |

الغرض جیسے خلفاء ہوتے تھے عوام وخواص پر ویسے ہی اثرات پڑتے تھے، چنانچہ حضرت عمر بن عبد العزیز کے دورِ خلافت میں ہندوستان کے راجے مہاراجے تک ان کی سیرت ذکردار سے متاثر تھے اور انھوں نے ان کی دعوت پر اسلام قبول کرکے اپنے نام تک اسلامی انداز میں رکھ لئے تھے۔ ہشیم بن عدی اور مدائنی وغیرہ نے لکھا ہے کہ بنی امیہ میں تین خلفاء حسنِ سیاست اور حسنِ سیرت میں بہت زیادہ مشہور اور کامیاب حکمران گذرے ہیں، حضرت معاویہ، عبد الملک بن مروان، اور ہشام بن عبد الملک، ہشام پر بنو امیہ کے حسنِ سیاست وحسنِ سیرت کا خاتمہ ہوگیا، عباسی خلیفہ ابو جعفر منصور اکثر اس کی سیاست کی تقلید کیا کرتا تھا اور اس کے کارناموں کی روشنی میں خلافت کے امور انجام دیتا تھا،

ہندوستان کی فتوحات میں یوں تو سب ہی اموی خلفاء نے حصہ لیا اور اپنے اپنے دور میں امراء و فاتحین روانہ کئے مگر تین خلفاء اس میں امتیازی مقام ومرتبہ کے مالک ہیں اور ان کے

---

[1] الفخری ص ۱۲۷۔

ادوار میں یہاں شاندار فتوحات ہوئی ہیں (۱) حضرت معاویہ (۴۱ھ تا ۶۰ھ) کے دور میں سات آٹھ غزوات وفتوحات ہوئیں (۲) ولید بن عبدالملک (۸۶ھ تا ۹۶ھ) کے زمانہ میں یہاں فتوحات کا سیل عظیم چلا جو مکران، سندھ ہوتا ہوا ہندوستان میں سوراشٹر، گجرات، مالوہ، اجین وغیرہ تک پہونچ گیا، اسی لئے عام طور سے مؤرخین اسلام ہندوستان کی فتوحات کو ولید کے زمانہ میں شمار کرتے ہیں (۳) ہشام بن عبدالملک (۱۰۵ھ تا ۱۲۵ھ) کی مدت خلافت میں مجاہدین اسلام یہاں کے ان مقامات تک پہونچ گئے جہاں ولید کے زمانہ میں بھی نہیں پہونچ سکے تھے۔

# عراقی حکام

ان خلفاء کے بعد ان کے مقرر کردہ عراق کے ولاۃ وحکام سندھ ومکران اور پورے مشرقی عالم اسلام کے دوسرے درجہ کے حکمراں تھے اور جنوبی مشرقی علاقوں پر ان کی یوں حکومت رہی کہ وہ اپنے ماتحت امراء کو یہاں متعین کیا کرتے تھے جن کی حیثیت عراقی حکام کے نائب کی ہوا کرتی تھی، عام طور سے ان علاقائی اور مقامی امراء وحکام کا عزل ونصب عراقی حکام کی طرف سے ہوتا تھا، اموی دور میں ایسے عراقی حکام کی تعداد جو مکران، سندھ اور ہندوستان کے حکمران تھے تقریباً سولہ تھی، انھوں نے یہاں کے معاملات میں پورا پورا حصہ لیا ہے، ان کی تفصیل یہ ہے (۱) حضرت عبداللہ بن عامر بن کریز (۲) حارث بن عبداللہ ازدی (۳) زیاد بن ابوسفیان (۴) عبداللہ بن عمرو بن غیلان (۵) عبیداللہ بن زیاد بن ابوسفیان (۶) حجاج بن یوسف ثقفی (۷) یزید بن مہلب بن ابوصفرہ ازدی (۸) صالح بن عبدالرحمٰن تمیمی (۹) عدی بن ارطاۃ فزاری (۱۰) عمرو بن ہبیرہ فزاری (۱۱) خالد بن عبداللہ قسری (۱۲) مسلمہ بن عبدالملک (۱۳) یوسف بن عمرو ثقفی (۱۴) عبیداللہ بن عمر بن عبدالعزیز (۱۵) یزید بن عمرو بن ہبیرہ فزاری (۱۶) منصور بن جمہور کلبی، یہ سب کے سب اموی خلفاء کی طرف سے باقاعدہ عراق اور مشرقی ممالک کے امیر اور گورنر تھے جو سندھ، مکران اور ہندوستان کے بھی حاکم تھے اور اپنی ماتحتی ونیابت میں یہاں امراء روانہ کرتے تھے

Marfat.com

ان میں سے بعض کی مدت امارت بہت طویل ہے اور انھوں نے ہندوستان میں اپنے کارناموں کا شاندار نقش چھوڑا ہے اور بعضوں کو اس کا بہت کم موقع ملا، یا ملا ہی نہیں، پھر ان میں سے بعض عراقین یعنی کوفہ اور بصرہ دونوں کے گورنر تھے، اور بعض کے ذمہ کسی ایک شہر کی حکومت تھی، ان کے زمانہ میں متعدد بار عراق فتنہ وفساد اور ہجوم وغلبہ کا مرکز بنا، مصعب بن زبیر اور مختار بن عبید ثقفی نے بصرہ پر قبضہ جمایا، ابن اشعث کی تحریک چلی، خوارج نے شورش برپا کر کے غلبہ حاصل کیا مگر ان میں سے کسی کو عراق کا باقاعدہ حکمران نہیں سمجھا جائے گا بلکہ ان کے غلبہ وقبضہ کا دور بھی اموی دور سمجھا جائے گا، اسی طرح ۱۰۲ھ میں یزید بن مہلب ازدی کا بغاوت کر کے بصرہ پر قبضہ کرنا اور اپنی طرف سے وداع بن حمید ازدی کو قندابیل کا امیر بنا کر بھیجنا اموی اقتدار کے خلاف نہیں سمجھا جائے گا۔

عراقی حکمرانوں میں چند افراد نے ہندوستان کی فتوحات میں نہایت گرانقدر خدمات انجام دی ہیں، چنانچہ حضرت معاویہؓ کے زمانہ میں عبداللہ بن عامر بن کریز، زیاد بن ابوسفیانؓ عبیداللہ بن زیاد بن ابوسفیان اور عباد بن زیاد بن ابوسفیان نے یہاں کی فتوحات وامارت کو چار چاند لگائے ہیں، ولید بن عبدالملک کے زمانہ میں حجاج بن یوسف ثقفی نے ہندوستان میں جو گرانقدر خدمات انجام دی ہیں وہ اسی کا حصہ ہیں، اس میں اس کا کوئی شریک وسہیم نہیں ہے اور ہشام بن عبدالملک کے دور میں خالد قسری اور یوسف بن عمرو ثقفی نے یہاں پر فتوحات اور حسن انتظام کے شاندار نقوش چھوڑے ہیں، ویسے سب ہی عراقی حکام نے دیگر ممالک کی طرح ہندوستان میں اپنی بہترین خدمات پیش کی ہیں مگر مذکورہ بالا حکام کے کارنامے سب پر بالا ہیں۔

## ہندی امراء

عراق کے حکام کی نیابت اور ماتحتی میں ہندوستان میں دو قسم کے امراء و ولاۃ آئے، ایک وہ جو انتظامیہ اور حربیہ دونوں کے ذمہ دار ہوتے تھے، دوسرے وہ جو کسی خاص شعبہ سے تعلق رکھتے تھے اور ان کے ذمہ مالیات یا غزوات وغیرہ کی امارت ہوتی تھی، ان میں سے بعض کو

سندھ کے امراء وقتی طور سے اپنا نائب بنا دیا کرتے تھے اور بعض عراق سے بھیجے جاتے تھے یہ سب بھی یہاں کے عمال و حکام میں شمار کئے جاتے تھے، ہندی امراء کی تعداد تقریباً چونتیس ہے، ان کے نام علی الترتیب یہ ہیں۔ (۱) حارث بن مرہ عبدی (۲) راشد بن عمرو جدیدی عبدی عبداللہ بن سوار عبدی (۴) حضرت سنان بن سلمہ ہذلیؓ (۵) حری بن حری باہلی (۶) کرز بن ابو کرز دبرہ حارثیؒ (۷) حضرت منذر بن جارود عبدی (۸) حکم بن منذر بن جارود عبدی (۹) عبدالرحمن بن یزید ہلالی (۱۰) محمد بن حارث علافی (۱۱) سعید بن اسلم بن زرعہ کلابی (۱۲) مجاعہ بن سعر تمیمی (۱۳) محمد بن ہارون بن ذراع نمیری (۱۴) عبیداللہ بن نبہان سلمی (۱۵) بدیل بن طہفہ بجلی (۱۶) محمد بن قاسم ثقفی (۱۷) یزید بن ابی کبشہ سکسکی (۱۸) حبیب بن مہلب ازدی (۱۹) عبیداللہ بن ابی کبشہ سکسکی (۲۰) عمران بن نعمان کلاعی (۲۱) عبدالملک بن مسمع بن مالک مسمعی (۲۲) عمرو بن مسلم باہلی (۲۳) فلاں سیبی (۲۴) وداع بن حمید ازدی (۲۵) عبدالحمید بن عبدالرحمن مری (۲۶) عبیداللہ سلمی (۲۷) جنید بن عبدالرحمن مری (۲۸) تمیم بن زید قینی (۲۹) حکم بن عوانہ کلبی (۳۰) عمرو بن محمد بن قاسم ثقفی۔ (۳۱) یزید بن عرار (۳۲) محمد بن غزان کلبی (۳۳) منصور بن جمہور کلبی (۳۴) معلی بن زیاد قردوسی۔

ان میں سے محمد بن حارث علافی، وداع بن حمید ازدی اور منصور بن جمہور کلبی شام کے خلفاء اور عراق کے حکام کے ماتحت اور نائب نہیں تھے بلکہ شورش پسند اور مخالف تھے جنہوں نے یہاں آکر فتنہ وشورش کا بازار گرم کر رکھا تھا مگر چونکہ یہ لوگ اموی خلافت میں یہاں کے حکمراں تھے اور غزوات وفتوحات اور انتظامات کرتے تھے اس لئے ان کو اس دور کے امراء میں شمار کیا گیا ہے۔

یوں تو یہاں کے تمام امراء وعمال نے اپنے اپنے دور میں کام کئے اور یہاں فتوحات حاصل کیں مگر ان میں چند حضرات خاصی شہرت کے مالک ہیں مثلاً حضرت سنان بن سلمہ بن محبق ہذلی، محمد بن قاسم ثقفیؒ، حکم بن عوانہ کلبی، عمرو بن محمد بن قاسم ثقفیؒ، جنید بن عبدالرحمن مریؒ

Marfat.com

ان امرار کے مجاہدانہ و فاتحانہ کارناموں نے ہندوستان میں بڑی شہرت و نیک نامی پائی ہے اور اس ملک کو بہت کچھ دیا ہے۔

## امرار کی تقرری کے طریقے

جیسا کہ ہم نے بیان کیا ہے ہندوستان کے امرار و حکام کا انتخاب عراق کے گورنر کے ذریعہ ہوتا تھا اور دیگر مشرقی ممالک کی طرح سندھ و مکران کے بارے میں عراقی امرار ہی ذمہ دار ہوتے تھے، مگر بعض اوقات کسی وجہ سے خلیفۂ وقت یہاں کے امیر کو نامزد کر کے عراق کے گورنر کو اس کی تقرری کا حکم کر دیتا تھا یا اپنے انتخاب کو اس کی صوابدید پر موقوف رکھتا تھا اور بعض اوقات امرائے عراق خود خلفار سے اس بارے میں استصواب اور مشورہ کرتے تھے، نیز یہاں کے بعض امرار وقتی طور سے اپنا قائم مقام اور نائب مقرر کرتے تھے مگر اس کی بحالی یا معزولی عراق کے امیر پر موقوف ہوتی تھی، ان تمام صورتوں میں امیر عراق ہی اصل ذمہ دار ہوتا تھا، مثلاً راشد بن عمرو جدیدی عبدی کو خود حضرت معاویہؓ نے سندھ کی امارت دی تھی حالاں کہ اس وقت عراق کے گورنر حضرت عبداللہ بن عامر بن کریز تھے[۱] ایک روایت کے مطابق حضرت معاویہؓ ہی نے عبداللہ بن سوار عبدی کو بھی یہاں مقرر کیا، راشد بن عمرو جدیدی کی شہادت کے بعد حضرت معاویہ نے امیر عراق زیاد کو لکھا کہ ہندوستان کی امارت کے لئے تم کسی قابل آدمی کو تلاش کرو، زیاد نے دو نام پیش کئے، ایک احنف بن قیس کا اور دوسرا سنان بن سلمہ کا، حضرت معاویہؓ نے سنان بن سلمہ کے بارے میں منظوری دی[۲] عبداللہ بن سوار عبدیؓ سندھ میں کرز بن ابو کرز دبرہ حارثیؓ کو اپنا نائب مقرر کر کے حضرت معاویہؓ کے پاس شام گئے اور ان کی واپسی تک کرز یہاں کے امیر رہے[۳] عبدالرحمٰن بن یزید ہلالی کو یزید بن معاویہ نے سندھ کی امارت دی[۴] سلیمان بن عبدالملک نے یزید بن ابو کبشہ سکسکی کو یہاں بھیجا

[۱] عیون الاخبار ج ۱ ص ۲۲۷ [۲] تاریخ خلیفہ ج ۱ ص ۲۴۱ [۳] ایضاً ج ۱ ص ۱۸۷۔

Marfat.com

اور انھوں نے مرتے وقت اپنے بھائی عبیداللہ بن ابوکبشہ سکسکی کو اپنا جانشین بنایا مگر عراق کے عامل صالح بن عبدالرحمن نے انھیں معزول کر کے دوسرے کو یہ عہدہ دیا، ہشام بن عبدالملک نے اپنے عامل سندھ جنید بن عبدالرحمن کو لکھا کہ تم عراق کے نئے امیر خالد بن عبداللہ قسری سے خط وکتابت کرو، چنانچہ وہ خلیفہ کی ہدایت کے مطابق خالد سے خط وکتابت کر کے سندھ کی امارت پر بحال رہے[1] جب تمیم بن زید قینی کے دور امارت میں سندھ کے حالات نہایت ابتر ہو گئے تو امیر عراق خالد بن قسری نے یہاں کی امارت کے بارے میں خلیفہ ہشام کو لکھا ساتھ ہی اپنی رائے لکھدی کہ حکم بن عوانہ کلبی کو سندھ کی امارت دینی چاہئے، چنانچہ ہشام نے خالد کی رائے کے مطابق حکم کو یہاں کا امیر بنایا[2] اور ان کی شہادت کے بعد جب یہاں کی امارت کے سلسلہ میں عمرو بن محمد بن قاسم ثقفی اور یزید بن عرار میں رسہ کشی ہوئی اور عمرو بن محمد نے امیر عراق یوسف بن عمر ثقفی، کو لکھا تو اس نے معاملہ کی نزاکت کے پیش نظر خلیفہ ہشام کو لکھا اور خلیفہ نے جواب دیا کہ اگر عمرو بن محمد پکی عمر کے آدمی ہوں تو ان ہی کو امیر بناؤ[3] اور یزید بن عبدالملک نے اپنے دور خلافت میں عمرو بن محمد بن قاسم کو معزول کر کے یزید بن عرار کو سندھ کی حکومت دی۔

ان مثالوں سے معلوم ہوتا ہے کہ سندھ و مکران کے حکام و ولاۃ کی تقرری اگرچہ عراق کے مرکز سے ہوتی تھی اور یہاں کے امراء اسی کے ذمہ دار ہوتے تھے مگر بوقت ضرورت یا حسب مصلحت شام کا دارالخلافہ اور اس کے خلفاء اس میں دلچسپی لیا کرتے تھے، ان کے علاوہ دیگر امراء کو عراق کے گورنروں نے اپنی صوابدید سے یہاں روانہ کیا، چنانچہ عبداللہ بن سوار عبدی کو عبداللہ بن عامر بن کریز نے، حری بن حری باہلی، منذر بن جارود عبدی، اور حکم بن منذر جارود عبدی کو عبیداللہ بن زیاد نے، سعید بن اسلم بن زرعہ کلابی، مجاعہ بن سعر تمیمی، محمد بن ہارون بن ذراع نمیری، عبیداللہ بن نبہان سلمی، بدیل بن طہفہ بجلی اور محمد بن قاسم ثقفی کو حجاج بن یوسف نے، حبیب بن مہلب ازدی، یزید بن ابوکبشہ سکسکی اور عمران بن نعمان کلاعی کو صالح بن عبدالرحمن تمیمی نے، عبدالملک بن مسمع اور عمرو بن مسلم باہلی کو عدی بن ارطاۃ فزاری نے، فلان سیف

[1] فتوح البلدان ص ۴۴۹ [2] تاریخ یعقوبی ج ۲ ص ۷۸ [3] تاریخ یعقوبی ج ۲ ص ۷۰۰ [4] ایضاً ص ۹۰

Marfat.com

اور وداع بن حمید ازدی کو یزید بن مہلب ازدی نے اپنے خروج کے زمانہ میں یہاں بھیجا عبیداللہ بن علی سلمی، اور عبدالحمید بن عبدالرحمٰن مری کو عمرو بن ہبیرہ فزاری نے روانہ کیا جنید بن عبدالرحمٰن مری کو عمرو بن ہبیرہ فزاری نے سندھ کی ولایت دی، اور جب خالد قسری عراق کا حاکم ہوا تو وہ ہشام بن عبدالملک کے حکم سے خالد سے خط وکتابت کر کے یہاں کی ولایت پر بحال رہے ایک روایت کے مطابق تمیم بن زید قینی، اور حکم بن عوانہ کلبی کو خالد قسری نے سندھ کا والی بنایا۔ بعض امرائے سندھ کے بارے میں اختلاف ہے کہ ان کو امرائے عراق نے یہاں کی امارت دی یا خلفائے شام کی طرف سے ان کی تقرری ہوئی۔

# اموی خلفاء، عراقی حکام اور ہندی امراء کا تفصیلی نقشہ

ذیل میں ہم ایک نقشہ پیش کرتے ہیں جس سے اموی خلفاء، عراقی حکام اور ہندی امرا تینوں طبقوں پر روشنی پڑے گی۔

(۱)

| اموی خلفاء | عراقی امراء | ہندی حکام | کیفیت |
|---|---|---|---|
| حضرت معاویہ بن ابوسفیان | ۱ عبداللہ بن عامر بن کریز | ۱ حارث بن مرہ عبدی | حضرت علی کے زمانہ میں |
| ۴۱ھ تا ۶۰ھ | ۲ حارث بن عبداللہ ازدی | ۲ راشد بن عمرو جدیدی عبدی | آئے اور ۴۲ھ میں شہید |
| | ۳ زیاد بن ابوسفیان | ۳ عبداللہ بن سوار عبدی | ہوئے۔ |
| | ۴ عبداللہ بن عمرو بن غیلان | ۴ سنان بن سلمہ ہذلی | |
| | عبیداللہ بن زیاد بن ابوسفیان | ۵ حری بن حری باہلی | ایک قول کے مطابق سنان |
| | | ۶ کرز بن ابوکرز دبرہ حارثی | بن سلمہ کے فوجی امیر تھے |
| | | | راشد بن عمرو جدیدی نے سنان کو وقتی |
| | | | طور سے اپنا نائب بنایا تھا |

اس دور میں عمر بن عبید اللہ بن معمر تیمی قرشی نے سجستان کی فتوحات کے سلسلے میں مکران کے شہر ارمائیل کو فتح کیا عباد بن زیاد بن ابو سفیان والی سجستان نے گجرات کے بعض علاقے فتح کئے اور اس کے بعد عبد الرحمٰن بن سمرہ والی سجستان نے داور کو فتح کیا۔

(۲)

| | | | |
|---|---|---|---|
| یزید بن معاویہ ۶۰ھ تا ۶۴ھ | عبید اللہ بن زیاد بن ابو سفیان | ۱۔ منذر بن جارود عبدی<br>۲۔ حکم بن منذر بن جارود عبدی<br>۳۔ عبد الرحمٰن بن یزید ہلالی | |

اس زمانہ میں عبید اللہ بن زیاد نے سنان بن سلمہ کو بھیجا جنھوں نے قندابیل کو فتح کیا

(۳)

| | | | |
|---|---|---|---|
| معاویہ بن یزید بن معاویہ ۶۴ھ تا ۶۴ھ بیس یا چالیس دن | × | عبد الرحمٰن بن یزید ہلالی | × |

(۴)

| | | | |
|---|---|---|---|
| مروان بن حکم ۶۴ھ تا ۶۵ھ دس ماہ | × | عبد الرحمٰن بن یزید ہلالی | × |

یزید بن معاویہ کے مرنے پر عبید اللہ بن زیاد عراق کی امارت چھوڑ کر بھاگا مروان کے زمانہ میں پھر واپس آرہا تھا مگر راستہ میں قتل کر دیا گیا اس مدت میں عراق کی امارت خالی تھی، اور سندھ میں غالباً یزید بن معاویہ کے آخری امیر عبد الرحمٰن بن یزید ہلالی موجود تھے

مروان ہی کے زمانہ میں یا اس کے فوراً بعد محمد بن حارث علافی نے سندھ و مکران پر قبضہ جما لیا تھا۔

(۵)

| | | | |
|---|---|---|---|
| عبد الملک بن مروان بن حکم ۶۶ھ تا ۸۶ھ | حجاج بن یوسف ثقفی | ۱- سعید بن اسلم بن زرعہ کلابی<br>۲- مجاعہ بن سعر تمیمی<br>محمد بن ہارون نمیری | |

محمد بن ہارون نمیری کے دور امارت میں دیبل کے ڈاکوؤں نے سرندیپ سے آنے والے اسلامی جہاز کو لوٹا، ان کے مقابلہ کے لئے عبید اللہ بن نبہان سلمی اور بدیل بن طہفہ بجلی اسلامی فوج کے امیر بن کر آئے اور دونوں حضرات یہیں شہید ہوئے، اسی زمانہ میں علافیوں نے سندھ اور مکران پر قبضہ کر لیا اور ۷۹ھ میں مجاعہ بن سعر کی گرفت سے نکل کر راجہ داہر کی پناہ میں چلے گئے، اس کے بعد ان کا زور ٹوٹا۔

(۶)

| | | | |
|---|---|---|---|
| ولید بن عبد الملک ۸۶ھ تا ۹۶ھ | حجاج بن یوسف ثقفی | محمد بن قاسم ثقفی | |

محمد بن ہارون نمیری مکران کی امارت پر تھے، جب محمد بن قاسم مکران آئے تو یہ بھی ان کے ہمراہ جہاد میں نکلے مگر راستہ میں (۹۲ھ میں) ان کا انتقال ہو گیا نیز محمد بن قاسم کے ہمراہ حربی اور انتظامی امراء کی ایک جماعت یہاں کے غزوات و امارات میں موجود تھی جس

Marfat.com

میں جہم بن زحر جعفی، محمد بن مصعب ثقفی وغیرہ زیادہ مشہور تھے، محمد بن قاسم کے عہد میں یہاں کے مفتوحہ بلاد و امصار پر جو امراء مقرر کئے گئے ان کے نام چچ نامہ میں موجود ہیں ہم نے اس کتاب میں تذکرہ و تراجم میں ان کے نام اور حالات بیان کئے ہیں۔

(۷)

| | | | |
|---|---|---|---|
| سلیمان بن عبدالملک ۹۶ھ تا ۹۸ھ | یزید بن مہلب ازدی امیر حرب<br>صالح بن عبدالرحمٰن تمیمی امیر خراج | یزید بن ابی کبشہ سکسکی<br>عبیداللہ بن ابی کبشہ سکسکی<br>حبیب بن مہلب بن ابوصفرہ ازدی<br>عمران بن نعمان کلاعی | |

اس دور میں خلیفہ کی طرف سے حبیب بن مہلب سندھ میں امیر حرب بن کر آئے اور صالح بن عبدالرحمٰن نے یزید بن ابوکبشہ کو امیر خراج بنایا، یزید بن ابوکبشہ یہاں آنے کے بعد فوت ہو گئے اور اپنے بھائی عبیداللہ بن ابوکبشہ کو اپنا جانشین بنایا مگر صالح نے ان کو معزول کر کے عمران بن نعمان کو امیر خراج مقرر کیا، پھر حرب اور خراج دونوں شعبوں کی امارت حبیب بن مہلب ازدی کو دے دی۔

(۸)

| | | |
|---|---|---|
| عمر بن عبدالعزیز ۹۹ھ تا ۱۰۱ھ | عدی بن ارطاۃ فزاری امیر بصرہ<br>عبدالحمید بن عبدالرحمٰن بن زید امیر کوفہ | عبدالملک بن مسمع بن مالک<br>عمرو بن مسلم باہلی |

آپ کے زمانہ میں ہندوستان کے بہت سے راجے مسلمان ہوئے جن کو آپ نے ان کے علاقہ میں اپنی طرف سے حاکم مقرر کیا اور وہ یہاں کے مستقل مسلم حکمراں بنے۔

Marfat.com

| | | | |
|---|---|---|---|
| (۹) | | | |
| [illegible]یدبن عبدالملک<br>[illegible]ھ تا ۱۰۵ھ | عمروبن ہبیرہ فزاری | ۱ فلان سبئی<br>۲ وداع بن حمید ازدی<br>۳ عبیداللہ بن علی سلمی<br>۴ عبدالحمید بن جنید بن عبدالرحمٰن | ۱ اُن کو یزید بن مہلب نے بصرہ پر غلبہ کیوقت امیر سندھ بنایا تھا ۲ اُن کو بھی یزید بن مہلب نے قندابیل پر مقرر کیا تھا ۳ انکو ابن ہبیرہ نے امیر سندھ بنایا تھا پھر معزول کر کے عبدالحمید کو مقرر کیا جو یزید کی وفات تک یہاں رہے |
| (۱۰) | | | |
| [illegible]شام بن عبدالملک<br>[illegible] تا ۱۲۵ھ | ۱ خالد بن عبداللہ قسری<br>۲ یوسف بن عمر ثقفی | ۱ جنید بن عبدالرحمٰن مری<br>۲ تمیم بن زید قینی<br>۳ حکم بن عوانہ کلبی<br>۴ عمرو بن محمد بن قاسم ثقفی | ۱ اُن کے ہمراہ ایک فوجی امیر حبیب بن مرہ مری اور ترجمان بکیر بن باہان تھے ۳ اُن کے ہمراہ عمرو بن محمد بن قاسم ثقفی امیر حرب تھے، ۴ اُن کے ہمراہ معن بن زائدہ شیبانی اور عطیہ بن عبدالرحمٰن وغیرہ فوجی امراء تھے، |
| (۱۱) | | | |
| [illegible]بن یزید بن عبدالملک<br>[illegible] تا ۱۲۶ھ | | یزید بن عرار | |

[illegible]یہ اور ہندوستان،

| | | | |
|---|---|---|---|
| (۱۲) | | | |
| یزید بن ولید بن عبد الملک ۱۲۶ھ تا ۱۲۶ھ پانچ ماہ | منصور بن جمہور کلبی | محمد بن غزان کلبی | |
| (۱۳) | | | |
| ابراہیم بن ولید بن عبد الملک ۱۲۶ھ تا ۱۲۷ھ | × | × | × |
| (۱۴) | | | |
| مروان بن محمد بن مروان بن حکم ۱۲۷ھ تا ۱۳۲ھ | منصور بن جمہور کلبی | | |

# انتظامیہ، مالیہ، اور حربیہ کے امرار

خلافتِ راشدہ کی طرح خلافت امویہ میں بھی ہر علاقہ کی امارت میں مختلف شعبے تھے اور ہر ایک شعبہ کے لئے مستقل امیر ہوتا تھا، ہندوستان میں بھی یہی طریقہ جاری تھا، البتہ ابتدا میں یہاں کا امیر جملہ امور و معاملات کا ذمہ دار ہوا کرتا تھا، خراج و جزیہ اور عشر وغیرہ کی وصولی، قضاء و عدالت، عسکری نظام، شہری انتظام، غرض جملہ امور اسی کے زیر تصرف ہوتے تھے، اور کبھی کبھی وقتی طور سے اپنے کسی معتمد کو ان میں دخیل کر لیتا تھا، اس مقصد کے لئے ہر امیر کے ساتھ اعیان و اشراف اور اہل الرائے حضرات کی جماعت رہا کرتی تھی، خصوصاً حربی معاملات میں ایسے لوگوں کی زیادہ ضرورت پڑتی تھی، جو ہر وقت کام سنبھال سکیں اور

امیران کو اپنی ذمہ داری میں شریک کر سکے، بعض اوقات دوسرے علاقوں کے امراء اور ان کے معتمدین یہاں کے امراء کی مدد کیا کرتے تھے، چنانچہ حضرت معاویہؓ کے ابتدائی دور میں جب کہ حارث بن مرہ عبدی قیقان وغیرہ میں مصروف جہاد تھے والی سجستان حضرت عبدالرحمٰن بن سمرہؓ کی جماعت سے عمر بن عبیداللہ بن معمر تیمی قرشی نے ارمائیل کو فتح کیا اور اپنی خدمات سے حارث بن مرہ عبدی کی مدد کی، نیز حضرت معاویہؓ ہی کے دور میں خود والی سجستان عباد بن زیاد بن ابو سفیان دریائے ہندمند پار کر کے کچھ اور گجرات کے علاقوں کو فتح کیا اور والی سندھ و مکران حضرت سنان بن سلمہ کی مدد کی، ابتدائی دور میں اسی طرح قریبی علاقوں کے امراء یا ان کی جماعت کے اعیان بوقت ضرورت ہندوستان میں اپنی خدمات پیش کرتے تھے مگر بعد میں جب فتوحات کا دائرہ وسیع ہوا اور حربیہ، مالیہ اور انتظامیہ کو علیحدہ علیحدہ کرنا پڑا تو ہندی امراء کے اعیان و مشائخ بوقت ضرورت کام سنبھال لیتے تھے، چنانچہ ایک روایت کے مطابق حضرت سنان بن سلمہ نے اپنی امارت کے زمانہ میں حری بن حری باہلی کو اسلامی فوج کا وقتی امیر بنایا تھا، یہ پہلا موقع تھا جب کہ یہاں کے امیر نے اپنی طرف سے حربیہ کو انتظامیہ سے جدا کر کے اس کے لئے مستقل امیر مقرر کیا، اس تقسیم کار سے یہ فائدہ ہوا کہ حضرت سنان انتظامی امور میں یکسوئی کے ساتھ لگے رہے اور حری بن حری باہلی بوقان اور قصدار وغیرہ کی فتوحات میں مصروف رہے، یہ تجربہ بہت کامیاب رہا اور بعد میں متعدد امراء کی قیادت میں فوجی مہمات روانہ کی جانے لگیں جس سے فتوحات کا دائرہ وسیع ہوا چنانچہ ۶۲ھ میں منذر بن جارود عبدی یہاں کے امیر ہوئے تو انھوں نے بوقان کی بغاوت فرد کرنے کے بعد متعدد امراء فوج مقرر کئے اور ان کی قیادت میں اطراف و جوانب میں فوجی مہمات روانہ کیں، اس ترکیب سے تھوڑی ہی مدت میں پورا سرکش علاقہ قبضہ میں آگیا، خلیفہ بن خیاط کے بیان سے معلوم ہوتا ہے کہ اسی زمانہ میں والی عراق عبیداللہ بن زیاد نے سنان بن سلمہ اور عبدالرحمٰن بن یزید ہلالی کو یہاں فوجی امیر بنا کر بھیجا تھا اور

Marfat.com

اس وقت کے حالات کے پیش نظر ہندوستان میں مستقل امیر کی موجودگی میں فوجی امرا کی تقرری ہوئی۔

اسی طرح عبد الملک بن مروان کے زمانہ (۶۵ھ تا ۸۶ھ) میں یہاں مستقل امیر کی موجودگی میں فوجی امرا نے اپنی فوجوں کو لے کر جہاد کیا، یہ زمانہ بڑی ابتری کا تھا، علافیوں نے مکران پر قبضہ کر رکھا تھا، اموی امیر سعید بن اسلم ان کے ہاتھوں مارے جا چکے تھے، ان کے بعد مجاعہ بن سعر نے تادیبی کارروائی کی مگر وہ بھی جلد ہی فوت ہو گئے اور محمد بن ہارون کی امارت ہوئی، اس وقت علافیوں کی طرف سے ایک گونہ اطمینان ہو گیا تھا مگر سندھ کے بحری ڈاکوؤں نے اسلامی جہاز کو لوٹ کر ایک دوسرا مسئلہ کھڑا کر دیا تھا، اسی اثنا میں راجہ داہر کی سیاست نے اپنا رنگ دکھایا، ایک طرف اس نے علافیوں کو پناہ دیکر خلافت سے تعلقات خراب کر لئے، دوسری طرف دیبل کے ڈاکوؤں کی تادیب و سرزنش سے صاف انکار کر دیا، ان حالات میں مسلمانوں کے لئے ضروری ہوا کہ وہ حربی سیاست کا رخ بدل کر ان حالات سے نبٹنے کی صورت پیدا کریں، چنانچہ محمد بن ہارون کی موجودگی میں یہاں متعدد فوجی امرار اپنی اپنی مہمات لے کر آئے، عبید اللہ بن نبہان سلمی، بدیل بن طہفہ بجلی، اور محمد بن قاسم کی آمد محمد بن ہارون کی مستقل امارت کے زمانہ میں ہوئی اور ان فوجی امرار نے یہاں کے حالات پر قابو پانے کی کوشش کی، جس میں پہلے کے دونوں حضرات نے شہادت پائی اور محمد بن قاسم نے اپنی فتوحات اور حربی و انتظامی سیاست سے شاندار کامیابی حاصل کی، ان کے ساتھ بہت سے امرار تھے جن کو حربیہ اور انتظامیہ کی امارت دے کر مختلف علاقوں کا حاکم بنایا۔ سلیمان بن عبد الملک کے دور خلافت (۹۶ھ تا ۹۹ھ) میں پہلے حرب اور خراج کے لئے الگ الگ شعبے قائم کر کے دو مستقل امیر مقرر کئے گئے، پھر دونوں کو ایک ہی امیر کے حوالہ کر دیا گیا، خلیفہ کی روایت کے مطابق اس زمانہ میں امیر عراق صالح بن عبد الرحمن نے حبیب بن مہلب کو ہندوستان میں حرب پر اور یزید بن ابی کبشہ سکسکی کو خراج پر مقرر کیا

یزید بن ابی کبشہ جلد ہی فوت ہو گئے اور مرتے وقت اپنا عہدہ اپنے بھائی عبید اللہ بن ابی کبشہ سکسکی کے حوالہ کر دیا، مگر صالح بن عبد الرحمن نے ان کی جگہ عمران بن نعمان کلاعی کو خراج و مالیات کا شعبہ سپرد کیا، پھر آگے چل کر حرب و خراج دونوں شعبے حبیب بن مہلب کے حوالے کر دیئے، اس کا مطلب یہ ہوا کہ اس دور میں مالیات کے لئے یکے بعد دیگرے چار امراء مقرر کئے گئے اور حرب کے لئے صرف ایک ہی امیر رہے، جن کی حیثیت مستقل امیر کی تھی، حکم بن عوانہ کلبی کے دور امارت میں کئی ماتحت امراء تھے، جن میں محمد بن قاسم کے صاحبزادے عمرو نے شاندار فتوحات کیں، ان کے علاوہ کئی اور فوجی امراء تھے۔ جنہوں نے حکم کی شہادت ۱۲۲ھ کے بعد یہاں فتوحات حاصل کیں اور بقول بلاذری ان کی شہادت کے بعد ان عمّال و امراء نے دشمنوں سے جنگ کر کے ان کے مقبوضہ علاقوں کو واپس لیا اور جن علاقوں کے باشندوں نے بدعہدی اور غدر کی تھی ان کے ساتھ تادیبی کارروائی کی اسی طرح یہاں کے متغلبین نے بھی اپنے ماتحت امراء مقرر کئے تھے چنانچہ علافیوں کے دونوں بھائی محمد اور معاویہ یہاں حاکم کی حیثیت رکھتے تھے اور منصور بن جمہور کلبی نے سندھ پر قبضہ کر کے اپنے بھائی منظور بن جمہور کلبی کو منصورہ کی امارت دی تھی بلکہ رفاعہ بن ثابت کو بھی اپنے بھائی کے ساتھ شریکِ امارت کیا تھا جس نے بے وفائی کر کے منظور کو قتل کر دیا اور اس کی سزا میں خود بھی عبرتناک موت مرا۔

## ہنگامی اور وقتی امارتیں

بعض اوقات ہنگامی حالات میں یہاں کے امراء اپنی صوابدید سے جماعتِ اعیان و اشراف میں سے کسی کو اپنا جانشین مقرر کر دیا کرتے تھے یا کسی شعبہ کا مستقل امیر بنا دیتے تھے مگر اس صورت میں مرکز کو حق ہوتا تھا کہ اسے باقی رکھے یا کسی دوسرے شخص کو مقرر کرے، کبھی ایسا بھی ہوتا تھا کہ امیر کے شہید ہو جانے پر اس جماعت میں سے

Marfat.com

کوئی شخص وقتی طور سے امیر بن جاتا تھا اور مرکز سے دوسرے امیر کے آنے تک تمام کا
کی ذمہ داری سنبھالتا تھا، مثلاً ۴۲ھ میں عبداللہ بن سوار عبدی نے جنگ قیقان میں
فتح پاکر وہاں کے راجہ سے جزیہ و فدیہ لیا اور کرز بن ابوکرز وبرہ حارثی کو وقتی طور
سے اپنا جانشین بناکر حضرت معاویہ کی خدمت میں قیقانی گھوڑے اور بہت سے ہدایا
تحائف لے کر پہونچے اور ان کی واپسی تک کرز بن ابوکرز وبرہ حارثی یہاں کی امارت
چلاتے رہے ۴۲ھ میں حارث بن مرہ عبدی اپنی فوج کے بڑے حصہ کے ساتھ قیقان میں
شہید ہوگئے توستان بن سلمہ ہذلی نے دوسرے امیر کے آنے تک اسلامی فوج کی کمان
سنبھالی، یزید بن ابی کبشہ سکسکی نے اپنی وفات کے وقت اپنے بھائی عبیداللہ بن ابی کبشہ
کو اپنا جانشین بنایا بعد میں ان کی جگہ عمران بن نعمان کلاعی آئے، حکم بن عوانہ کلبی نے یہاں
کی امارت پاتے ہی عمرو بن محمد بن قاسم کو اپنا نائب بناکر جہاد پر روانہ کیا اور جب عراق میں
یوسف بن عمر ثقفی کی امارت ہوئی تو ان کو اپنا مستقل جانشین بناکر خود جہاد کے لئے نکل گئے

## اُمرائے ہند کے مختلف طبقات

اموی دور خلافت میں اسلامی عصبیت اور عربی نخوت کی روح پوری طرح کارفرما
تھی، اموی خلفاء اپنے طور پر کچھ بھی رہے ہوں مگر مجموعی طور سے ان کی کوشش یہی رہتی
تھی کہ اسلام اور عربیت پر عجم اور عجمیت کا دھبہ نہ لگنے پائے، اسی لئے وہ ایسے امراء وعمال
کا انتخاب کرتے تھے جو اسلامی و عربی روایات کے حامل ہوں چنانچہ ہندوستان میں بھی
ایسے ہی امراء وعمال آئے جنہوں نے اسی رنگ میں کام کیا اور اسلام کی سادگی پر عجمی رنگ
نہیں آنے دیا۔ ان میں صحابہ، تابعین، تبع تابعین، اولیا، صلحاء، عباد، زہاد، قضاۃ، اسخیاء
اشراف، اعیان، مجاہدین، فاتحین سب ہی طبقے کے حضرات موجود تھے جن کے متنوع کارناموں
سے اس ملک کو چار چاند لگے، یہ حضرات اموی دور کے بہترین انسان تھے۔ خیر القرون

کی برکتوں سے مالامال تھے، دین و دیانت میں ممتاز مقام رکھتے تھے، ان میں کئی ایک خلافت راشدہ کا مقدس زمانہ دیکھ چکے تھے اور اس دور کے نظام حکومت اور اصولِ جہانبانی سے واقف تھے، اموی خلفاء ایسے ہی دل و دماغ رکھنے والے حضرات کو تلاش کر کے ولایات و امارات اور غزوات و فتوحات میں روانہ کرتے تھے، علامہ ابن کثیر نے اموی دور کی اس خصوصیت کا تذکرہ ان الفاظ میں کیا ہے:

| | |
|---|---|
| وکان فی عساکرھم وجیوشھم فی الغزو الصالحون، والاولیاء والعلماء من کبار التابعین فی کل جیش منھم شرذمۃ عظیمۃ ینصرھم اللہ دینہ۔ [1] | ان کے لشکر میں کبار تابعین میں سے صلحاء اولیاء اور علماء ہوا کرتے تھے اور ان کی بڑی جماعت ہر فوج میں موجود رہا کرتی تھی جس کی برکت سے اللہ تعالیٰ اپنے دین کی مدد فرماتا تھا۔ |

جس دور میں جس قسم کے امراء آتے تھے، ان کی سیرت و کردار اور قول و فعل سے اس وقت اسی قسم کی فضا بن جاتی تھی، اس طرح ہندوستان اموی دور میں ارباب علم و فضل اور اہلِ خیر و برکت کے وجود سے مستفید ہوتا رہا، اور یہاں امراء و عمال نے اپنی دینی زندگی، ورذاتی اوصاف و کمالات سے اسلام کے فیوض عام کئے، ذیل میں امرائے ہند کے درجات و طبقات ملاحظہ ہوں، ان سے معلوم ہو گا کہ اسلام کے کیسے کیسے لعل و گہر اس ملک میں آئے اور اپنی تابانی سے ہندوستان کو بقعۂ نور بنا گئے۔

**صحابہؓ** اموی عہد میں متعدد جلیل القدر صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم موجود تھے اور ان کے وجود باجود سے عالم اسلام فیضیاب ہو رہا تھا، خلیفہ ولید بن عبد الملک کے دور (۸۶ھ تا ۹۶ھ) تک ان اجلّہ صحابہ کا ابر کرم برستا رہا اور اسی کے دور میں یہاں وہ عظیم الشان فتوحات ہوئی ہیں جو ہندوستان کے اندر اسلامی فتوحات کا حاصل ہیں۔ اس زمانہ میں مدینہ منورہ میں حضرت سہل بن سعد ساعدیؓ اور حضرت جابر بن عبد اللہ، بصرہ

[1] البدایہ والنہایہ ج ۹ ص ۸۷۔

میں حضرت انس بن مالکؓ، کوفہ میں حضرت عبداللہ بن ابی اوفیؓ اور شام میں حضرت ابوا[مامہ]
باہلی رضی اللہ عنہم موجود تھے یہ حضرات صغارِ صحابہ میں بڑے مقام و مرتبہ کے مالک تھے
ہماری تحقیق میں اموی دور میں صغارِ صحابہ میں سے صرف دو حضرات یہاں امیر و فاتح بن کر
تشریف لائے ہیں، ایک حضرت معاویہ کے دور میں حضرت سنان بن سلمہ بن محبق ہذلیؓ
دوسرے بزرگ حضرت منذر بن جارود عبدیؓ جو یزید بن معاویہؓ کے دور میں تشریف لائے
اور مقام قصدار میں فوت ہوئے، ان دونوں بزرگوں کا تذکرہ ہم نے خلافت راشدہ کے
دور میں کیا ہے۔

**تابعین اور ان کے معاصرین** حضرات تابعین رحمہم اللہ حضرات صحابہؓ کے صحبت یافتہ اور
خیر القرون کے انوار و برکات سے مالا مال تھے، ہندوستان کے
اموی امراء میں کبار تابعین کی ایک جماعت شامل ہے جس کے فیض سے یہاں خیر و برکت کا
ظہور ہوا ہے اور جس میں یہ حضرات ہیں، عمر بن عبید اللہ بن معمر قرشی تیمی، راشد بن عمرو
جدیدی عبدی، مہلب بن ابوصفرہ ازدی، عبداللہ بن سوار عبدی، حری بن حری باہلی، عباد بن
زیاد بن ابوسفیان، حکم بن منذر بن جارود عبدی، سعید بن اسلم کلابی، مجاعہ بن سعر تمیمی
محمد بن قاسم ثقفی، حکم بن عوانہ کلبی، یزید بن ابی کبشہ سکسکی رحمہم اللہ اور تابعین کے معاصرین میں یہ
امراء تھے، عبدالرحمٰن بن یزید ہلالی، محمد بن حارث علافی، معاویہ بن حارث علافی، محمد
بن ہارون بن ذراع نمیری، عبیداللہ بن نبہان سلمی، بدیل بن طہفہ بجلی، جہم بن زحر جعفی، محمد بن مصعب
بن عبدالرحمٰن ثقفی، عبیداللہ بن ابی کبشہ سکسکی، عمران بن نعمان کلاعی، عمرو بن مسلم باہلی، عبدالملک
بن مسمع مسمعی، وداع بن حمید ازدی، جنید بن عبدالرحمٰن مری، حبیب بن مرہ عبدی، عمرو بن
محمد بن قاسم ثقفی، معن بن زائدہ شیبانی، عطیہ بن عبدالرحمٰن، یزید بن عرار، منصور بن جمہور کلبی
منظور بن جمہور کلبی رحمہم اللہ۔

۱؎ الاخبار الطوال ص ۳۱۵۔

Marfat.com

**تبعِ تابعین**

حضرات تابعین کے صحبت یافتہ حضرات تبع تابعین ہیں، اس دور میں اس طبقہ کے بہت سے افراد ہندوستان تشریف لائے جن میں امرائے سندھ میں کرز بن ابو کرز دبرہ حارثی اور محمد بن غزان کلبی رحمہم اللہ تھے۔

**عُبّادِ زُہّاد**

ان میں کئی حضرات زہد وتقوی اور عبادت میں اپنے زمانہ کے مشاہیر میں سے تھے اور ان کا مقام زہد واتقا بہت بلند تھا، اس سلسلہ میں حضرت سنان بن سلمہؓ ہذلی اور حضرت کرز بن ابو کرز دبرہ حارثی خاص طور سے قابل ذکر ہیں۔

**قضاۃِ اسلام**

یوں تو تمام امراء اسلامی شرائع اور اوامر ونواہی کے عالم ہوا کرتے تھے اور کتاب وسنت کی روشنی میں کام کرتے تھے، مگر امرائے سندھ میں چند حضرات خاص طور سے قضاۃ میں شمار ہوتے تھے اور وہ امارت کے ساتھ عہدہ قضا بھی کی ذمہ داری سنبھالتے تھے، چنانچہ حضرت عثمانؓ کے زمانہ میں حکیم بن جبلہ عبدیؓ یہاں اس عہدہ پر تھے اور عبدالملک بن مروان کے زمانہ میں سعید بن اسلم کلابی، مجاعہ بن سعر تمیمی اور محمد بن ہارون نمیری امرائے سندھ میں قاضی اور اسلامی شرائع وقوانین میں ماہر تھے، جیسا کہ خلیفہ بن خیاط نے ان حضرات کے نام قضاۃ سندھ میں درج کئے ہیں۔

**اجوادِ اسلام اور اسخیائے عرب**

ان سندھی وہندی امراء میں بڑے بڑے صاحب جود و سخا بھی تھے جن کی سخاوت وبخشش کی دھوم پورے عالم اسلام میں تھی اور جو اپنے زمانہ میں اجوادِ اسلام اور اسخیائے عرب میں شمار کئے جاتے تھے چنانچہ عبداللہ بن سوار عبدی قبیلہ ربیعہ کے ,, اجوادِ الاسلام'' میں شمار ہوتے تھے، منذر بن جارود عبدی ''سید جواد'' اور جواد بن جواد تھے، جنید بن عبدالرحمن مری ,, ذوفضل وسخا'' اور احد الاجواد تھے، تمیم بن زید قینی ''من اسخیاء العرب'' تھے۔

**اعیان واشراف**

ان وُلاۃِ ہند اور امرائے سندھ میں وہ حضرات بھی شامل تھے جو عزت وناموری، مجد وشرافت اور شان وشوکت میں اپنے دور کے مشاہیر میں

Marfat.com

شمار کئے جاتے تھے اور نجابت و شرافت میں خاندانی روایات کے وارث و مالک تھے، ان میں عمر بن عبید اللہ بن معمر قرشی تیمی انجادِ عرب میں سے تھے، منذر بن جارود عبدی اور ان کے صاحبزادے حکم بن منذر عبدی دونوں "سید زمانہ" تھے، مہلب بن ابی صفرہ ازدی کے بارے میں حضرت عمرؓ نے ان کے باپ کے سامنے فرمایا تھا هٰذا سید لدٍ مجاعہ بن سعر تمیمی اشراف و اعیان میں سے تھے، یزید بن ابی کبشہ سکسکی حلیف السکاسک، اور یزید بن عرار میمون النقیب تھے، محمد بن قاسم ثقفی بھی اشراف و اعیانِ زمانہ میں سے تھے۔

بہادرانِ اسلام

ان امراء میں ہر ایک بہادری میں بے مثال اور غزوات و فتوحات میں شاندار روایات کا مالک تھا، مگر کچھ حضرات شجاعت و بسالت میں اور حماست و بہادری میں امتیازی مقام رکھتے تھے، مثلاً حارث بن مرہ عبدی، راشد بن عمرو جدیدی عبدی، عبد اللہ بن سوار عبدی، مہلب بن ابی صفرہ ازدی، سنان بن سلمہ ہذلی، حری بن حری باہلی، منذر بن جارود عبدی، حکم بن منذر عبدی، سعید بن اسلم بن زرعہ کلابی، مجاعہ بن سعر تمیمی، محمد بن ہارون نمری، عبید اللہ بن نبہان سمی، بدیل بن طہفہ بجلی، محمد بن قاسم ثقفی، جہم بن قیس جعفی، محمد بن مصعب ثقفی، نباتہ بن حنظلہ کلبی، عمرو بن مسلم باہلی، جنید بن عبد الرحمن مری، حکم بن عوانہ کلبی، عمرو بن محمد بن قاسم ثقفی، اور یزید بن عرار، ان امراء و حکام اور ارکانِ حکومت میں سے متعدد اشخاص ہندوستان میں شہید اور فوت ہو کر اسی سرزمین میں آسودۂ خواب ہیں، اور ان کا تعلق اس ملک سے یوں قائم ہے کہ اسی سے ان کا حشر ہوگا۔

مقامی امراء و حکام

ہندوستان کے امراء کا انتخاب و تقرر مشرقی مرکز عراق سے ہوتا تھا اور عام حالات میں امراء اور خلفاء اپنی صوابدید اور مشورہ سے یہاں حکام و ولاۃ روانہ کرتے تھے، اس کی وجہ اپنی بالادستی اور اقتدار پسندی نہیں تھی بلکہ ابھی تک اس ملک میں ایسے لوگ پیدا نہیں ہوئے تھے جو اسلامی نقطۂ نظر سے ولایت و امارت کے

معیار پر پورے ہوں اور ان کا مزاج عجمیت سے پاک و صاف ہو کر سراسر اسلامی بن گیا ہو اور جب یہاں کے لوگوں میں یہ استعداد پائی گئی تو ان کو امارت و حکومت میں وہی سربراہی دی گئی جو عام اسلامی امرار کے لئے تھی چنانچہ اموی دور ہی میں ہندوستان میں مقامی امرار کا تقرر کیا گیا اور خلافت کی طرف سے ان کو یہاں کی امارت کا پروانہ عطا ہوا۔ حضرت عمر بن عبدالعزیز کے دور میں یہاں کے امارتی نظام میں اہل ہند کے لئے گنجائش نکلی اور وہ متعدد مقامات کے حاکم بنائے گئے اور جب اُن کی دعوت پر یہاں کے متعدد راجے مہاراجے یوں مسلمان ہو گئے کہ ان کے ذہن و مزاج میں اسلامی انقلاب آگیا اور انھوں نے اپنے نام تک اسلامی طرز کے رکھے تو آپ نے ان کو ان کے علاقوں کا والی و حاکم مقرر کیا، خلافت کی طرف سے بھیجے ہوئے امرار کے ساتھ ہندوستان کے یہ امرار بھی خلافت ہی کے نمائندے اور گماشتے تھے، حضرت عمر بن عبدالعزیز نے یہاں کے راجوں کو دعوت اسلام دیتے ہوئے وعدہ فرمایا تھا کہ وہ اپنے ملک کے حاکم تسلیم کئے جائیں گے "علی ان ملکھم" اور جب وہ مسلمان ہو گئے تو وعدہ پورا فرمایا اور ہر نو مسلم راجہ کو اس کے حلقہ کی امارت دی، چنانچہ بعد میں جب جنید بن عبدالرحمٰن مری نے راجہ داہر کے بیٹے جے سبہ کے علاقہ میں فوج کے ساتھ داخل ہونا چاہا تو اس نے کہا:۔

| | |
|---|---|
| انی قد اسلمت وولّانی الرجل الصالح۔ | میں مسلمان ہو چکا ہوں اور مرد صالح نے مجھے حاکم بنایا ہے۔ |

ظاہر ہے کہ اس دعوت اسلام پر یہاں کے جن جن حکمرانوں نے اسلام قبول کیا ہوگا وہ خلافت کی طرف سے یہاں کے حاکم رہے ہوں گے افسوس کہ تاریخوں میں ان کے نام نہیں ملتے، اس بارے میں مسلمانوں کی حوصلہ مندی اور وسعت ظرفی کا یہ حال تھا کہ وہ بعض مواقع پر غیر مسلم حکمرانوں تک کو اہم منصب کی پیش کش کرتے تھے، چنانچہ حجاج نے راجہ داہر کو سب سے پہلے جو خط لکھا تھا اس میں اس کو بحری ڈاکوؤں کے مقابلہ میں خلافت کی فوج کا امیر بنانا چاہا تھا اور

Marfat.com

محمد بن قاسم نے بہت سے مقامات پر مسلم امرار کے ساتھ غیر مسلم امرار کو بھی رکھا تھا جو حکومت کے در و بست پر قابض تھے ۔

## مجلسِ شوریٰ، یا وزارت

خلافتِ راشدہ اور خلافت امویہ میں با قاعدہ وزارت کا عہدہ نہیں تھا بلکہ عباسی دور میں اس کی ابتدار ہوئی اور باقاعدہ وزرار مقرر کئے گئے، اس سے پہلے ہر ملک کے امیر کے ساتھ اشراف و اعیان، اور ارباب حل و عقد کی ایک جماعت ہوا کرتی تھی جس کے افراد وزارت کا کام دیتے تھے، گویا یہ امیر کی مجلسِ شوریٰ کے ارکان تھے، ابن طباطبا نے الفخری میں لکھا ہے کہ وزارت کا باقاعدہ اہتمام و انتظام عباسی دور میں ہوا، اس سے پہلے باقاعدہ اور قانونی طور سے اس عہدہ کا وجود نہیں تھا بلکہ خلفار و امرار کے اتباع و حواشی مجلس شوریٰ کے طور پر کام کرتے تھے۔ جب کوئی اہم معاملہ درپیش ہوتا تو وہ اسی جماعت کے ارباب عقل و فہم سے مشورہ کرتے تھے، ان میں سے ہر ایک وزیر کے قائم مقام ہوا کرتا تھا، جب عباسیوں کا دور خلافت آیا تو انھوں نے قانونی طور سے وزارت کا عہدہ جاری کیا اور وزرار مقرر کئے، پہلے ایسے مشاورین کو کاتب (سکریٹری) یا مشیر کہتے تھے۔

| | |
|---|---|
| فلما ملك بنوا لعباس تقررت | جب بنو عباس کو خلافت ملی تو وزارت |
| قوانين الوزارة وسمي الوزير وزيرًا | کے قوانین مرتب ہوئے اور وزیر کو وزیر |
| وكان قبل ذالك يسمى كاتبًا | کہنے لگے، ورنہ اس سے پہلے کاتب یا مشیر |
| او مشيرًا[1] | کہتے تھے۔ |

اس جماعت کا انتخاب عموماً خلفار کی صوابدید سے ہوتا تھا، امرار بھی اس میں حصہ لیتے تھے، جس قبیلہ یا مقام کا امیر ہوتا تھا اسی سے اس جماعت کے ارکان کا انتخاب کیا جاتا تھا

[1] الفخری ص ۱۵۳ ۔

Marfat.com

کبھی اس کے بر خلاف امیر اپنی ضرورت کے پیش نظر ان کا انتخاب کیا کرتا تھا جب مسلم بن زیاد کو یزید بن معاویہ کی طرف سے خراسان اور سجستان کی امارت کا پروانہ ملا' وہ پہلے بصرہ اور کوفہ آئے' اور یہاں سے اپنے اعوان وانصار اور مشاورین کا انتخاب کیا' صاحب اغانی نے حارثہ بن بدر کے ذکر میں' اس کا تذکرہ کر کے لکھا ہے:

| | |
|---|---|
| حتی قدم مسلم بن زیاد من عند یزید بن معاویۃ عاملاً علی خراسان و سجستان فجعل ینتخب ناساً من اھل البصرۃ والکوفۃ[1] | مسلم بن زیاد' یزید کی جانب سے خراسان اور سجستان کے امیر ہو کر پہلے کوفہ اور بصرہ آئے اور لوگوں کا انتخاب کیا۔ |

جب خلیفہ ولید بن عبد الملک نے حضرت عمر بن عبد العزیز کو حرمین شریفین کا امیر بنایا اور وہ مدینہ منورہ آئے تو وہاں کے فقہاء و فضلاء کو بلایا جن میں عروہ بن زبیر' عبید اللہ بن عتبہ' ابوبکر بن عبد الرحمٰن بن حارث بن ہشام' ابوبکر بن سلیمان بن ابی خیثمہ' سلیمان بن یسار' قاسم بن محمد' سالم بن عبد اللہ جیسے علمائے کتاب و سنت اور اصحاب فہم و فراست شامل تھے۔ عمر بن عبد العزیز نے ان سے فرمایا کہ:۔

| | |
|---|---|
| اعلموا انی لست اقطع امراً الا برأیکم ومشورتکم فاشیروا علی۔ | میں کوئی معاملہ آپ حضرات کی رائے اور مشورہ کے بغیر انجام نہیں دے سکتا' اس لئے آپ لوگ مجھے مشورہ دیا کریں۔ |

یہ سن کر تمام حضرات نے اپنی خوشی اور اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا اے امیر! ہم آپ کا ساتھ دیں گے' آپ نے اپنے رب کی رضا جوئی کے لئے جو ایثار کیا اس پر آپ کو بہترین جزا دی جائے[2]

اموی خلفاء اپنی دینی و اسلامی عصبیت اور عربی نخوت و حمیت کی وجہ سے ہر امیر کے ساتھ علمائے اسلام اور اعیان کی جماعت کا بڑا اہتمام کرتے تھے تاکہ کسی امیر پر غیر اسلامی ماحول

[1] اغانی ج ۲۳ ص ۴۵۲ - [2] الاخبار الطوال ص ۳۱۳-

Marfat.com

کا اثر نہ پڑے، اور وہ عجم وعجمیت کی رنگینیوں میں پڑ کر اسلام کی سادگی اور عربی زندگی کی بے تکلفی کو کھو نہ بیٹھے، اسی لئے اسلامی فوج کے ساتھ علماء وصلحاء اور عباد وزہاد کی جماعت کو خاص طور سے رکھا کرتے تھے جیسا کہ علامہ ابن کثیر نے لکھا ہے[1]:

"چنانچہ دیگر ممالک اسلامیہ کی طرح ہندوستان میں بھی امراء کے ساتھ کبار تابعین اور اعیان واشراف کی جماعت ہوا کرتی تھی مگر چونکہ اس زمانہ میں اس کا دستور عام تھا اس لئے مستقل طور سے اس کا بیان نہیں ملتا ہے، البتہ ضمناً کہیں کہیں ذکر آجاتا ہے مثلاً یعقوبی نے حکم بن عوانہ کے بارے میں لکھا ہے:

| | |
|---|---|
| وکان مع الحکم عمرو بن محمد بن القاسم وجماعۃ من وجوہ الناس[2] | حکم کے ساتھ عمرو بن محمد بن قاسم کے علاوہ بڑے لوگوں کی ایک جماعت تھی۔ |

اس جماعت میں حکم کے قبیلہ بنو کلب کے شامی مشائخ زیادہ تھے، بلاذری نے بھی ایک موقع پر ان کا تذکرہ یوں کیا ہے:

| | |
|---|---|
| وقال لمشائخ کلب من اہل الشام ماترون ان نسمیہا[3]۔ | حکم نے اہل شام کے مشائخ کلب سے کہا کہ آپ لوگوں کی رائے میں اس شہر کا کیا نام رکھا جائے۔ |

اس جماعت میں حضرت خشبہ بن خفیف کلبی بھی شامل تھے جو حکم ہی کے ساتھ یہاں شہید ہوگئے، نیز حکم کے ساتھ منذر بن زبیر ہباری عرب سے آیا تھا جس کی اولاد نے آگے چل کر سندھ میں ہباری حکومت قائم کی۔

حکم اپنے ان اعوان وانصار سے بوقت ضرورت رائے مشورہ کیا کرتے تھے، حربی اور انتظامی معاملات میں ان سے مشورہ کے بغیر کوئی کام نہیں کرتے تھے اور عمرو بن محمد بن قاسم گویا ان کے دست راست تھے۔

---

[1] البدایہ والنہایہ ج ۹ ص ۸۷ [2] تاریخ یعقوبی ج ۲ ص ۳۸۹۔ [3] فتوح البلدان ص ۴۳۱۔

Marfat.com

| | |
|---|---|
| وکان عمرو بن محمد ابن القاسم مع الحکم، وکان یفوض الیہ ویقلدہ جسیم امورہ واعمالہ[1] | عمرو بن محمد بن قاسم حکم کے ساتھ تھے اور حکم اپنی امارت کے نہایت اہم امور و معاملات ان کے سپرد کیا کرتے تھے۔ |

محمد بن قاسم کے ہمراہ حجاج نے ارباب خیر وصلاح اور اہل الرائے کی ایک بڑی جماعت روانہ کی تھی جو ہر موقع پر ان کو مناسب مشورہ دیا کرتی تھی اور وہ اس مجلس شوریٰ کی رائے کے بغیر کوئی کام نہیں کرتے تھے، بلکہ محمد بن قاسم نے یہاں کے سمنیوں اور غیر مسلموں کو اپنے ملکی و انتظامی مشوروں میں شریک کیا، عام حالات میں ہندوستان کے امرا اپنی مجلس مشاورت کی رہنمائی میں کام کرتے تھے، اور بعض اوقات شام اور عراق کے خلفاء و حکام ان کو اپنے مفید مشوروں سے نوازتے تھے، چنانچہ حضرت معاویہؓ نے راشد بن عمرو جدیدی عبدی کو بلا کر ہندوستان کے بارے میں نہایت اہم مشورہ دیا اور بتایا کہ یہاں کے سیاسی وملکی اور جغرافیائی حالات میں کس طرح کام کرنا چاہیئے اور مشائخ واعیان کی ایک جماعت ان کے ساتھ روانہ کر کے تاکید کی کہ وہ راشد کو ہر قسم کی مدد دیں، نیز حضرت سنان بن سلمہ کو لکھا کہ وہ ہر طرح راشد کی اعانت کریں، عبداللہ بن سوار عبدی کی شہادت کے بعد امیر عراق عبیداللہ بن زیاد کو لکھا کہ تم کسی بہادر اور صاحب عزم وحوصلہ کو ہندوستان کا امیر مقرر کرو، اسی طرح دیگر خلفاء نے بھی کیا۔

## خلفاء وحکام سے استصواب واستفسار

یہاں کے امرا اپنی مجلس شوریٰ کے باوجود خاص اوقات وحالات میں عراق اور شام کے مرکزوں سے براہ راست رائے مشورہ اور خط وکتابت کیا کرتے تھے، اور عراقی امرا اور شامی خلفاء ہندوستان کے حالات وانتظامات سے خصوصی دلچسپی لیتے تھے، عام حالات میں خط وکتابت معمولات میں داخل تھی، بعض اوقات اہم امور میں جو مراسلات ہوتے

[1] فتوح البلدان ص ۴۳۱

تھے وہ کتابوں میں محفوظ ہیں اور اسلامی ہند کی تاریخ میں ان کی بڑی اہمیت ہے، ہم
طرح کے چند اہم مراسلات کا ذکر کرتے ہیں۔

**سنان بن سلمہؓ کے بارے میں حضرت معاویہؓ اور زیاد کی خط وکتابت**

اموی دور کی ابتدا ہوتے ہی مکران اور سند میں مسلمانوں کو پے در پے ناکامیاں ہوئیں حضرت حارث بن مرہ عبدی کی شہادت کے بعد راشد بن عمرو جدیدی اور عبداللہ بن سوار عبدی کی بھی شہادت ہوئی اور اسی کے ساتھ اسلامی فوج کا بھاری نقصان ہوا یہ سب باتیں حضرت معاویہؓ پر بہت شاق گذریں جس کی وجہ سے ہندوستان میں کسی قابل امیر کی تقرری اور گذشتہ نقصان کی تلافی کی فکر ہوئی، اور انھوں نے یہاں کی امارت کے بارے میں امیر عراق زیاد بن ابوسفیان سے خط وکتابت کی، ۴۸ھ میں عبداللہ بن سوار کی شہادت کے بعد آپ نے زیاد کو لکھا۔

| | |
|---|---|
| انظر رجلا یصلح لثغر الهند فوله۔ | تم کسی ایسے شخص کا انتخاب کرو جو ہند کی امارت کی صلاحیت رکھتا ہو اور اسے وہاں کا امیر بناؤ۔ |

زیاد نے اس کے جواب میں لکھا۔

| | |
|---|---|
| ان قبلی رجلین یصلحان لذلك الاحنف بن قیس وسنان بن سلمة الهذلی۔ | میرے نزدیک دو شخصوں میں اس کی صلاحیت موجود ہے ایک احنف بن قیس اور دوسرے سنان بن سلمہ ہذلی، |

حضرت معاویہؓ نے تحریر فرمایا۔

| | |
|---|---|
| بای یومی الاحنف نکافیه أبخذ لانه ام المؤمنین ام بسعیه علینا | ہم احنف کے دو دنوں میں سے کس دن کا بدلہ لیکر امیر بنائیں ان کے ام المومنین کا ساتھ نہ دینے کا یا جنگ صفین میں |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| یوم صفین۔ | ہمارے خلاف سرگرمی دکھانے کا؟ |

اس خط کے پانے کے بعد زیاد نے حضرت سنان بن سلمہؓ کو سندھ کا امیر بنا کر روانہ کیا۔[۱]
[خل]یفہ بن خیاط نے اس خط و کتابت کا تذکرہ مختصر طور سے یوں کیا ہے:

| | |
|---|---|
| کتب معاویۃ الی زیاد: انظر رجلا یصلح لثغر الھند فوجھہ[۲] | حضرت معاویہ نے زیاد کو لکھا کہ تم کسی ایسے آدمی کو دیکھو جو ہندوستان کی امارت کی صلاحیت رکھتا ہو اسی کو وہاں کا امیر بناؤ۔ |

یعقوبی نے بھی اس کا ذکر اختصار کے اس طرح ساتھ کیا ہے:۔

| | |
|---|---|
| فکتب معاویۃ الی زیاد ان یوجھ رجلا لہ حزم وجزالۃ[۳] | حضرت معاویہؓ نے زیاد کو لکھا کہ تم کسی بلند حوصلہ اور بہادر آدمی کو ہندوستان روانہ کرو۔ |

**محمد بن قاسم اور حجاج بن یوسف کی خط و کتابت**

۹۲ھ سے ۹۶ھ تک یہاں کے متعلق محمد بن قاسم اور حجاج بن یوسف کے درمیان ہر وقت خط و کتابت اور مراسلات کا سلسلہ جاری رہتا تھا۔ ہر تیسرے دن عراق سے سندھ اور سندھ سے عراق ڈاک کی آمد و رفت رہا کرتی تھی۔ اس زمانہ میں ہندوستان اور عرب کے درمیان جس قدر زیادہ خط و کتابت ہوئی ہے شاید اموی دور میں کسی وقت یہاں سے اتنی زیادہ مراسلت نہ [ہو]ئی ہو مگر عربی تاریخوں میں اس کا تذکرہ بہت کم ہے۔ البتہ چچ نامہ میں جانبین کے بہت سے [خطو]ط فارسی میں درج ہیں۔ ہم عربی کی کتابوں سے چند خطوط درج کرتے ہیں۔

محمد بن قاسم نے ہندوستان پہونچ کر حجاج کو لکھا کہ یہاں سرکہ کی سخت قلت ہے۔ [حج]اج نے فوراً اس کا انتظام کیا:

| | |
|---|---|
| کتب یشکو ضیق الخل، فبعث الیہ بالقطن المنقوع | محمد بن قاسم نے حجاج کے پاس لکھا کہ یہاں سرکہ کی بہت قلت ہے تو اس نے سرکہ میں |

[۱]...ان الاخبار ج ۱ ص ۱۲۷ [۲] تاریخ خلیفہ ج ۱ ص ۲۴۵ [۳] تاریخ یعقوبی ج ۲ ص ۲۷۸۔



Marfat.com

| | |
|---|---|
| فی الخشل[1] | محلول روئی روانہ کر دی۔ |

سنہ ۹۳ھ میں محاصرۂ دیبل کے دوران بات بات پر حجاج سے مشورہ اور خط وکتابت کا سلسلہ جاری رہتا تھا۔ محمد بن قاسم نے ایک خط میں یہاں کے بت خانہ کا حال لکھ کر حجاج سے مشورہ طلب کیا کہ اس کے جھنڈے اور لٹھے کے گرانے کے لئے عروس نامی منجنیق کیسے نصب کی جائے جو شہر کے باہر تھی اور جسے پانچ سو سپاہی چلاتے تھے۔ اس کے جواب میں حجاج نے لکھا

| | |
|---|---|
| فورد علی محمد من الحجاج | تم عروس کو نصب کر کے کھڑا نشان لگاؤ |
| کتاب: ان انصب العروس | اور وہ مشرقی جانب رکھی جائے، پھر |
| واقصر منها قائمة، ولتكن مما يلي المشرق | اس کے چلانے والے سے کہو کہ وہ بت |
| ثم ادع صاحبها فمره ان يقصد برمينه | خانہ کے جھنڈے کے لٹھے کو مارنے کا |
| للدقل الذی وصفت لی[2] | قصد کرے۔ |

چنانچہ اس ہدایت اور مشورہ کے مطابق محمد بن قاسم نے منجنیق کو نصب کر کے سر کیا تو بت خانہ کا لٹھا اور جھنڈا گرا اور شہر دیبل فتح ہو گیا۔ اس کے بعد خط لکھ کر آگے بڑھنے کی اجازت چاہی:

| | |
|---|---|
| وكتب الى الحجاج يستاذنه | محمد بن قاسم نے حجاج کو لکھ کر آگے بڑھنے |
| فی التقدم۔ | کی اجازت طلب کی۔ |

اسی زمانہ میں خراسان کے امیر قتیبہ بن مسلم باہلی ماوراء النہر کے علاقہ میں فتوحات کر رہے تھے۔ حجاج نے اپنے دونوں امیروں کو اس عنوان کا جواب تحریر کیا:

| | |
|---|---|
| ان سر فانت امير على ما فتحته، | محمد بن قاسم کو حجاج نے لکھا کہ تم آگے بڑھتے |
| وكتب الى قتيبة بن مسلم ايكما | رہو جس قدر فتوحات کرو گے وہاں کے |
| سبق الى الصين فهو عامل | امیر تم ہو گے۔ اور قتیبہ بن مسلم کو لکھا کہ |

[1] فتوح البلدان ص ۴۴۴۔ [2] ایضاً ص ۴۳۵۔

Marfat.com

| | |
|---|---|
| علیھا وعلی صاحبھا[1] | تم دونوں میں سے جو سرزمین چین کی طرف بڑھے گا وہی وہاں کا حاکم و امیر ہوگا۔ |

خلیفہ بن خیاط نے بھی اس خط کا تذکرہ مختصر طور سے یوں کیا ہے۔

| | |
|---|---|
| فاتاہ کتاب الحجاج۔ انت امیر ما فتحت[2] | محمد بن قاسم کے نام حجاج کا خط آیا کہ جس قدر علاقہ تم فتح کروگے اس کے امیر تم ہی ہوگے |

جنگ داہر میں مسلمانوں کی فتح ہوئی تو محمد بن قاسم نے حجاج کے پاس اس کی خوش خبری کے خط کے ساتھ راجہ داہر کا سر روانہ کیا۔ یعقوبی نے لکھا ہے:

| | |
|---|---|
| وکتب محمد الی الحجاج بالفتح وبعث براس داھر الیہ[3] | محمد بن قاسم نے حجاج کو فتح کی بشارت لکھی اور ساتھ ہی داہر کا سر حجاج کے پاس روانہ کیا۔ |

جن دنوں محمد بن قاسم فتوحات میں آگے بڑھ رہے تھے۔ حجاج بن یوسف نے ان کو یہ خط بھیجا:

| | |
|---|---|
| ثم کتب الیہ الحجاج: انی کتبت الی امیر المومنین الولید اضمن لہ ان ارد الی بیت المال نظیر ما انفقت، فاخرجنی من ضمانی فحمل الیہ اکثر مما انفق[4] | میں نے امیر المومنین ولید کو تحریری ضمانت دی ہے کہ جس قدر مال میں نے ہندوستان کی مہم پر خرچ کیا ہے سب کا سب سرکاری خزانہ کو واپس کردوں گا لہٰذا تم مجھے اس ضمانت سے رہا کرو، اس خط کو پاکر محمد بن قاسم نے خرچ سے زیادہ مال روانہ کیا۔ |

| | |
|---|---|
| جنید بن عبدالرحمن مری اور خلیفہ ہشام اور خالد قسری کی خط و کتابت | خلیفہ ہشام بن عبدالملک کے زمانہ میں امیر عراق عمرو بن ہبیرہ فزاری نے جنید بن عبدالرحمن مری کو سندھ کی |

[1] تاریخ یعقوبی ج ۲ ص ۲۸۹ [2] تاریخ خلیفہ ج ۱ ص ۳۰۴ [3] تاریخ یعقوبی ج ۲ ص ۳۴۶ [4] ایضاً ج ۲ ص ۳۴۶

Marfat.com

ولایت دی۔ اس کے بعد خالد بن عبد اللہ قسری عراق کا امیر ہوا تو خود خلیفہ ہشام نے جنید
بن عبد الرحمٰن کو خط لکھا کہ اب تم خالد قسری سے براہ راست خط وکتابت کرکے اس کی ما
اور نیابت میں آجاؤ۔ بلاذری نے لکھا ہے :۔

کتب هشام الی الجنید بمکاتبۃ[1] ۔ خلیفہ ہشام نے جنید کو لکھا کہ وہ خالد قسری سے خط وکتابت کرے۔

یعقوبی نے نسبتاً مفصل لکھا ہے :۔

| | |
|---|---|
| وکان کتب الی الجنید بن عبد الرحمٰن | خلیفہ ہشام نے جنید بن عبد الرحمٰن کو لکھ کر |
| یامرہ ان یکاتب | حکم دیا کہ وہ خالد سے خط وکتابت کرے |
| خالداً ففعل[2] | چنانچہ جنید نے اس پر عمل کیا۔ |

اسی طرح ایک مرتبہ خود خلیفہ ہشام نے براہ راست جنید کو لکھا کہ روم میں مسلمانوں
کو شاندار فتح حاصل ہوئی ہے اور مال غنیمت میں بہت سے جانور ملے ہیں۔

| | |
|---|---|
| وکتب الیہ (الجنید) ھشام بفتح | ہشام نے جنید کو روم کی ایک فتح کے متعلق |
| اتاہ من الروم یخبرہ ان المسلمین | لکھا کہ مسلمانوں نے بہت سے قیدی اور غنیمت |
| اسروا عدۃ، وغنموا حمراً وبقراً۔ | میں گدھے اور گائیں حاصل کی ہیں۔ |

جنید سمجھ گئے کہ امیر المومنین میری فتوحات اور سبایا وغنائم کے بارے میں معلومات
حاصل کرنا چاہتے ہیں اس لئے انھوں نے اس کے جواب میں لکھا کہ :۔

| | |
|---|---|
| انی نظرت فی دیوانی، فوجدت | میں نے اپنے دفتر میں دیکھا تو معلوم ہوا کہ میں نے |
| ما افاء اللہ علیّ منذ فارقت السند | جب سے سندھ سے نکل کر ہندوستان میں |
| مائۃ الف وخمسین الف راس | فتوحات کی ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے مجھے ڈیڑھ لاکھ |
| من السبی، وحملت ثمانین | قیدی دیئے ہیں اور میں نے اس مدت میں |
| الف الف درھم، وفرقت فی | اسی لاکھ درہم مرکز کو روانہ کئے ہیں اور |

[1] فتوح البلدان ص ۴۲۹ [2] تاریخ یعقوبی ج ۲ ص ۳۷۹۔

بن امثالہا مرارًا[۱] — متعدد بار اتنی ہی رقم لشکر میں تقسیم کی ہے۔

**کی امارت کے بارے میں خالد قسری اور خلیفہ ہشام کی خط وکتابت**

ہشام بن عبد الملک کے ابتدائی دور میں یہاں شاندار فتوحات ہوئیں اور جنید بن عبد الرحمٰن
ری نے سندھ کے آگے ہندوستان کے کئی مقامات فتح کئے مگر ان کے بعد تمیم بن زید قینی
دور امارت آیا تو سخت ابتری پھیل گئی اور اسی حالت میں تمیم کا انتقال ہوگیا۔ ان حالات
ں کسی صاحب عزم و ارادہ اور بہادر امیر کی ضرورت تھی اس لئے امیر عراق نے یہاں کی
ارت کے لئے حکم بن عوانہ کلبی کا نام پیش کیا اور خلیفہ ہشام کو لکھا کہ اس وقت حکم کو وہاں
کی امارت دی جائے:۔

فکتب خالد الی هشام ان یولی الحکم بن عوانة الکلبی[۱] — خالد قسری نے خلیفہ ہشام کو لکھا کہ وہ سندھ کی امارت حکم بن عوانہ کلبی کو دے۔

عام طور سے سندھ کے امراء کا تقرر امرائے عراق صوابدید یا خلفاء کے حکم و اشارہ سے ہوتا تھا مگر خالد نے خود خلیفہ ہشام سے حکم کے حق میں سفارش کی جسے خلیفہ نے منظور کیا۔

**و بن محمد بن قاسم کے بارے میں یوسف بن عمر اور خلیفہ ہشام کی خط وکتابت**

حکم بن عوانہ کی شہادت ۱۲۲ھ کے بعد یہاں کی امارت کے بارے میں عمرو بن محمد
قاسم اور یزید بن عرار میں رسہ کشی ہوئی۔ نتیجہ یہ ہوا کہ خلیفہ ہشام کو اس میں اپنا فیصلہ
نا پڑا عمرو بن محمد بن قاسم نے امیر عراق یوسف بن عمر ثقفی کو لکھا اور اس نے صورت
کی اہمیت کے پیش نظر خلیفہ کو لکھا تو اس نے مشروط فیصلہ کیا۔

فکتب الی یوسف بن عمر، وکتب بذلك الی هشام — عمرو بن محمد بن قاسم نے والی عراق یوسف بن عمر کو لکھا۔ اس نے اس معاملہ میں خلیفہ ہشام

[۱] تاریخ یعقوبی ج ۲ ص ۳۸۰۔

Marfat.com

فكتب اليه هشام: ان كان عمرو بن محمد قد اكتهل فوله[1]

سے خط وکتابت کی تو خلیفہ نے یوسف کو لکھا کہ اگر عمرو بن محمد بن قاسم پکی عمر کو پہونچ گئے ہوں تو ان ہی کو سندھ کا امیر بناؤ۔

مگر خلیفہ ہشام کے اس حکم وفیصلہ کے باوجود یوسف بن عمر نے اپنے قبیلہ ثقیف کی جانبداری کی اور عمرو بن محمد بن قاسم کو نو عمری کے باوجود سندھ کی امارت دی۔

**عمرو بن محمد بن قاسم اور یوسف بن عمر کی خط وکتابت**

عمرو بن محمد بن قاسم کے دور امارت میں ایک مرتبہ دار الامارہ منصورہ پر ایک راجہ نے چڑھائی کرکے اس کا محاصرہ کرلیا۔ اور اسلامی فوج مقابلہ سے عاجز رہی۔ اس وقت عمرو نے امیر عراق یوسف بن عمر کو خط لکھ کر فوری مدد طلب کی۔ اس نے خط پاتے ہی چار ہزار تازہ دم فوج روانہ کی جس سے راجہ ہزیمت کھا کر بھاگ کھڑا ہوا۔

ثم زحفوا الى المنصورة فحصروها فكتب عمرو الى يوسف فوجه اليه باربعة الاف، فانصرف عنه الملك وفوض امره[2]

سندھیوں نے منصورہ پر دھاوا بول کر اس کا محاصرہ کرلیا تو عمرو بن محمد بن قاسم نے یوسف بن عمر کو لکھ کر صورت حال کی خبر دی اور اس نے چار ہزار فوج روانہ کی نتیجہ یہ ہوا کہ راجہ منصورہ چھوڑ کر چلا گیا۔

یہ چند مثالیں ہیں یہاں کے امراء اور عراق وشام کے حکام وخلفاء کے درمیان ہندوستان کے انتظامی امور ومعاملات میں مراسلات اور خط وکتابت کی جن سے اندازہ ہوتا ہے کہ یہاں کے بارے میں اموی امراء وخلفاء کس قدر بیدار مغزی اور دور اندیشی سے کام لیتے تھے اور ہر قسم کے انتظامات مکمل کرنے کے بعد بھی یہاں کے چھوٹے بڑے معاملات سے

[1] تاریخ یعقوبی ج ۲ ص ۳۸۰ [2] تاریخ یعقوبی ج ۲ ص ۳۹۰۔

Marfat.com

[بڑ]ی دلچسپی رکھتے تھے۔

## کاتب (میر منشی)

ہر امیر کے ساتھ ایک کاتب (میر منشی) ہوا کرتا تھا جو ہر قسم کے سرکاری مراسلات کا ذمہ دار ہوتا تھا مشاورین کی جماعت میں وہی سب سے زیادہ قابل اعتماد سمجھا جاتا تھا۔ اور بقول صاحب فخری اس زمانہ میں وزیر کو کاتب کہتے تھے۔ کاتب نہایت ثقہ وصالح اور ذمہ دار ہوتا تھا۔ خلیفہ ہشام نے اشرس بن عبداللہ سلمی کو خراسان کی امارت دی۔ اس وقت ان کے کاتب (میر منشی) ابو امیہ عمیرہ نامی ایک نبطی بزرگ تھے (الاخبار الطوال ص ۳۴۱)۔ سنہ ۳۰ھ میں امیر عراق عبداللہ بن عامر بن کریز نے ربیع بن زیاد حارثیؓ کو سجستان کی امارت دی۔ اس وقت ان کے کاتب حضرت امام حسن بصریؒ تھے۔ بلاذری نے لکھا ہے:

وکان کاتبہ الحسن البصری[1] — ربیع بن زیاد کے کاتب حسن بصری تھے۔

اسی زمانہ میں حضرت ربیع بن زیاد نے سندھ کے بعض علاقوں کو فتح کیا تھا۔ ہندوستان کے امراء کے ساتھ مستقل طور سے کاتب رکھے جاتے تھے۔ جو سرکاری خط وکتابت کرتے تھے۔ اور وزارت کی ذمہ داری بھی سنبھالتے تھے۔ چنانچہ تمیم بن زید قینی کے ذکر میں ہے کہ جب فرزدق نے ایک فوجی سپاہی کی رخصت کے لئے منظوم سفارش روانہ کی اور لفظ "خنیس" صاف پڑھا نہ جا سکا تو ان کے کاتب نے کہا کہ اس کے بارے میں فرزدق کو خط لکھ کر پوچھ لیجئے۔ اس موقع پر ابو علی قالی کی روایت میں یہ الفاظ ہیں:

فقال لہ کاتبہ — تمیم بن زید کے کاتب نے کہا کہ اس نام کے

تراجعہ[2] — بارے میں فرزدق سے مراجعت کر لیں۔

عباسیوں کے دور میں کتابت مستقل سرکاری شعبہ تھا اس دور میں مشہور کاتب تھے۔

---

[1] فتوح البلدان ص ۳۸۶ [2] کتاب الامالی ج ۳ ص ۷۷۔

# ترجمان

امویوں کے دور میں امرائے فوج اور امرائے بلاد کے ساتھ ترجمان بھی ہوا کرتے تھے جو مقامی باشندوں کی باتوں کو امراء و حکام کے سامنے رکھتے تھے اور درمیان میں ترجمانی کی خدمت انجام دیتے تھے۔ یہ لوگ عربی زبان کے ساتھ مقامی زبان میں بھی مہارت رکھتے تھے۔ ترجمان کے ذریعہ بڑے بڑے کام لئے جاتے تھے۔ اس سلسلہ میں عہد فاروقی کا یہ قصہ نہایت دلچسپ ہے کہ جنگ نہاوند میں مسلمانوں کو فتح ہوئی تو مقامی فوجوں نے اکا دکا حملہ شروع کیا جسے اسلامی فوج ناکام بناتی رہی۔ ان ہی ایام میں سماک بن عبید عبسی کی ایک ایرانی سپاہی سے مڈبھیڑ ہوگئی جس کے ساتھ آٹھ شہ سوار بھی تھے جب سماک نے اس سپاہی کے علاوہ سب کو قتل کر دیا تو اس نے اپنے کو سماک کے حوالہ کر دیا اور سماک نے اس سے ترجمان کے ذریعہ بات چیت کی بلاذری کی روایت میں ہے:

| | |
|---|---|
| فتکلم بالفارسیۃ فدعیٰ | اور اس قیدی نے فارسی زبان میں گفتگو |
| له سماك برجل يفهم كلامه | کی۔ سماک نے ایک آدمی کو بلایا جو اس کی |
| فترجمه فاذا هو يقول الخ | زبان سمجھتا تھا تو معلوم ہوا کہ وہ یہ کہہ رہا ہے |

اس کی باتوں کو سمجھنے کے بعد اسے حضرت حذیفہ بن یمانؓ کی خدمت میں لے گئے۔ اور نہاوند کی صلح ہوئی۔ چونکہ اس ایرانی کا نام دینار تھا اس لئے اس دن سے نہاوند کا نام "ماہ دینار" پڑ گیا۔ دینار بعد میں سماک کے پاس آتا جاتا تھا[1]۔ ۵۳ھ میں جب عباد بن زیاد نے کچھ اور گجرات فتح کیا اس وقت مشہور شاعر یزید ابن مفرغ بھی موجود تھا۔ ایک موقع پر عباد بن زیاد نے ابن مفرغ سے ناراضگی کی وجہ سے عراق کے بازار میں تشہیر کرائی تو اس نے یہ الفاظ کہے۔

[1] فتوح البلدان ص ۳۰۳

Marfat.com

الیست ننبیذ ست × عصارات زبیبت × وشمیۃ روسفیست × [1]

غالباً وہ بھی سجستان میں عباد بن زیاد کا درباری شاعر ہونے کے ساتھ ترجمان تھا۔ ورنہ کم از کم فارسی زبان تو جانتا ہی تھا۔ ہندوستان میں بھی امراء کے ساتھ جو ترجمان ہوا کرتے تھے۔ وہ یہاں کے عوام اور عرب حکمرانوں کے درمیان ترجمانی کرتے تھے۔ محمد بن قاسم کی فتوحات کے درمیان مقامی باشندوں سے ترجمان کے ذریعہ گفتگو ہوا کرتی تھی۔ ان ترجمانوں میں نبانہ بن حنظلہ کلبی اور خریم الناعم کا نام بار بار آتا ہے۔ انھوں نے محمد بن قاسم اور ہندوستانیوں میں بات چیت کے ذریعہ متعدد مقامات میں صلح و مصالحت اور معاہدات میں نمایاں خدمات انجام دی ہیں۔ جنید بن عبدالرحمٰن مری کے ساتھ ابو ہاشم بکیر بن ماہان کوفی ترجمان کی حیثیت سے رہتا تھا۔ ساتھ ہی تجارت کرتا تھا۔ اور یہاں سے اچھی خاصی دولت کوفہ لے گیا۔ تاریخ طبری میں ہے:

| | |
|---|---|
| وسنۃ خمس ومائۃ قدم | ۱۰۵ھ میں بکیر بن ماہان سندھ سے کوفہ |
| بکیر بن ماھان من السند وکان بھا | آیا وہ وہاں پر جنید بن عبدالرحمٰن کے ساتھ |
| مع الجنید بن عبدالرحمٰن ترجمانا لہ [2] | ان کا ترجمان بن کر رہتا تھا۔ |

## حرس یعنی محافظ دستہ

اموی دور میں خلفاء و امراء کے لئے حرس یعنی محافظ دستہ کا انتظام ہوا کرتا تھا۔ جو عام پولیس (شرط) کے علاوہ حرس کے نام سے مشہور تھا۔ اس کی ابتداء حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے کی تھی جبکہ خوارج نے ایک رات منظم حملہ کر کے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ ان کو بھی شہید کرنا چاہا تھا۔ خلیفہ بن خیاط نے خاص طور سے ہر خلیفہ کے ذکر میں اس کے حرس اور صاحب حرس کا تذکرہ کیا ہے۔ خلفاء کی طرح ان کے امراء کے لئے

---

[1] تاریخ طبری ج ۶ ص ۱۷۸ [2] تاریخ طبری ج ۷ ص ۲۶۔

حفاظتی پولیس کا انتظام رہتا تھا جس کا کام دارالامارہ اور امیر کی حفاظت تھا ہندوستان کے اموی امراء کے یہاں بھی ایسے محافظ دستے رکھے جاتے تھے۔ چنانچہ محمد بن غزان کلبی نے سابق امیر سندھ عمرو بن محمد بن قاسم کو گرفتار کر کے اپنے محافظ دستہ ہی کے حوالہ کیا تھا۔ طبری نے اس واقعہ کی تفصیل بیان کرتے ہوئے لکھا ہے:

فاخذ عمرو بن محمد فاوثقه وامر به حرسا يحرسونه، وقام الى الصلوٰة فتناول عمرو سيفا مع الحرس لہ

محمد بن غزان کلبی نے عمرو بن محمد بن قاسم کو گرفتار کر کے محافظ دستہ کے حوالہ کیا تاکہ وہ حفاظت و نگرانی کرے اور خود محمد بن غزان نماز کے لئے چلے گئے، اتنے میں عمرو بن محمد بن قاسم نے محافظ دستہ کی تلوار لے لی۔

اس سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ امراء کے یہ حَرَس محافظین ہر وقت شمشیر بکف رہا کرتے تھے۔

الغرض اموی دور خلافت میں یہاں کے عمال و حکام اور ولاۃ و امراء انتظامی و حربی امور اور سرکاری امور میں ہر قسم کے ساز و سامان رکھتے تھے۔ مرکز کی طرف سے ان کی جملہ ضروریات پوری کی جاتی تھیں۔ عراق و شام کے امراء و خلفاء یہاں کے جملہ حالات کی خبر رکھتے تھے اور بوقت ضرورت فوراً مناسب کارروائی عمل میں لاتے تھے جس کی وجہ سے یہاں کے امراء و حکام نہایت امن و اطمینان سے اپنے فرائض انجام دیتے تھے، اس دور میں ہندوستان کی اموی حکومت بہت ہی منظم تھی۔ اور جہاں کہیں کسی قسم کی ضرورت محسوس ہوئی کہ ہندوستان سے لے کر عراق اور شام تک حرکت پیدا ہو جاتی تھی۔

لہ تاریخ طبری ج ۷، ص ۲۷۲۔

# دار الامارہ

خلافتِ راشدہ ہی میں یہاں امراء قیام کرتے تھے۔ مگر اس وقت تک کوئی مستقل دار الامارہ نہیں تھا۔ البتہ ۳۲ھ میں مکران کی دوسری فتح کے بعد جب یہاں مستقل قبضہ ہو گیا تو مکران کو مستقر بنایا گیا۔ چنانچہ حکم بن عمرو تغلبی کی امارت میں اسلامی فوج نے یہیں قیام کیا۔ تاریخ طبری میں ہے:

ثم رجعوا فاقاموا بمکران[1] فتوحات کے بعد اسلامی فوج نے واپس آکر مکران میں قیام کیا۔

ہماری تحقیق میں یہ پہلا موقع تھا کہ اس ملک میں اسلامی فوج اور اس کے امیر نے مکران کو اپنا مستقر و مقام بنایا۔ اس کے بعد عہدِ عثمانی میں مکران میں یکے بعد دیگرے تین امراء آتے اور رہے۔ اس وقت تک مسلمان مکران کے حدود میں قابض و دخیل تھے۔ مکران کسی خاص شہر کا نام نہیں بلکہ پورے علاقہ کا نام تھا۔ یاقوت حموی کی تصریح کے مطابق اس کا ساحلی شہر کیز جسے کیچ بھی کہتے تھے امراء اور وُلاۃ کا مستقر و مقام تھا۔ یہ بہت بڑا شہر تھا اور یہاں عربوں کے ذوق کے مناسب کھجوروں کے باغات بہت زیادہ تھے۔ سامنے سمندر تھا۔ اس وقت تک امراء اسی شہر میں قیام کرتے تھے۔ البتہ مکران کے آگے جنوب کی طرف سندھ کا شہر قندابیل اس وقت فوجی مرکزیت رکھتا تھا اور اسلامی فوجیں یہاں بھی رہتی تھیں۔ مگر امراء کا مستقل قیام کیز میں تھا۔ جسے ۴۸ھ میں سنان بن سلمہ ہذلیؓ نے باقاعدہ بسا کر اسلامی شہر بنایا اور اسے دار الامارۃ قرار دے کر یہیں سے اطراف و جوانب کا انتظام کیا۔ دوسری صدی کی ابتداء تک یہی مقام دار الامارہ رہا اس کے بعد حکم بن عوانہ کلبی نے ہندوستان کے قریب محفوظہ نامی شہر آباد کر کے اسے کچھ دنوں تک دار الامارہ بنایا

[1] تاریخ طبری ج ۴ ص ۱۸۱۔

پھر اسی کے قریب منصورہ مستقل دار الامارۃ بنایا گیا۔ اس کے باوجود کیز کی مرکزیت بہت بعد تک قائم رہی چنانچہ سنہ ۳۴۰ھ کے حدود میں مکران میں معدانیوں نے اپنی حکومت قائم کر کے اسی شہر کو اپنا مستقر بنایا تھا۔ ؎

جیسا کہ معلوم ہوا دوسری صدی کی ابتدا میں اسلامی فتوحات کا دائرہ مکران و سندھ کے جنوب میں سوراشٹر، کچھ اور گجرات تک وسیع ہوا۔ اور پورے علاقہ کے انتظام کیلئے نئی مرکز کی ضرورت ہوئی اس لئے حکم بن عوانہ کلبی نے سندھ کے آخری سرے پر کچھ اور سوراشٹر کے قریب محفوظہ نامی شہر آباد کر کے اسے دار الامارہ اور اسلامی قلعہ بنایا مگر تھوڑے دنوں کے بعد اپنے فوجی امیر عمرو بن محمد بن قاسم کو اس کے قریب منصورہ آباد کرنے کا حکم دے کر اسی کو دار الامارۃ بنایا۔ اموبوں کے بعد عباسیوں کے دور میں بلکہ ان کے بعد بھی مدتوں تک اس کی مرکزیت قائم رہی حتیٰ کہ سنہ ۲۷۰ھ میں آل ھبار نے سندھ میں اپنی حکومت قائم کر کے اسی شہر کو اپنا دار الحکومت قرار دیا۔ ان مقامات کے مفصل حالات دوسری کتابوں میں مذکور ہیں۔

یہ دار الامارات ہر اعتبار سے مکمل ہوا کرتے تھے۔ اور سرکاری سلسلے کی جملہ ضروریات یہاں مہیا رہتی تھیں۔ نیز دار الامارہ کے قریب ہی معسکر یعنی فوجی چھاونی ہوتی تھی جہاں بقدر ضرورت فوجیں رہا کرتی تھیں۔ جیل خانہ، بیت المال، دار القضاء۔ اور دیگر سرکاری دوائر بھی دار الامارہ میں ہوتے تھے۔

## دار القضاء اور عدالت

اموی دور میں خاص طور سے ایسے امراء کا انتخاب کیا جاتا تھا جو کتاب و سنت اور اسلامی احکام و شرائع کے عالم ہوتے تھے اور وہ اپنے دار الامارہ میں عدالت

---

؎ مسالک الممالک ص ۱۷۸۔

کرتے تھے۔ بعض مقامات پر محکمۂ قضاء کے لئے علیحدہ قضاۃ مقرر کئے جاتے تھے۔ ایسا بھی ہوتا تھا کہ امیر کے ساتھ علماء و مشائخ کی جو جماعت ہوتی تھی اس میں سے کسی صاحب کو عہدۂ قضاء دیا جاتا تھا چنانچہ ہندوستان میں بھی یہی صورت تھی، یہاں باقاعدہ محکمۂ قضاء یعنی اسلامی عدالت کا قیام تھا جس میں مسلمانوں کے قضایا اسلامی قوانین کی روشنی میں طے کئے جاتے تھے کتابوں سے معلوم ہوتا ہے کہ عام طور سے یہاں کا امیر قاضی ہوتا تھا۔ چنانچہ خلیفہ بن خیاط نے عبدالملک کے زمانہ میں یہاں کے ان امراء کو قضاۃ سندھ میں بھی شمار کیا ہے۔ سعید بن اسلم کلابی، مجاعہ بن سعر تمیمی، محمد بن ہارون بن ذراع نمیری، بعد میں محمد بن قاسم نے مفتوحہ علاقوں کے ہر بڑے شہر میں جہاں مسلمانوں کی آبادی تھی قاضی کا تقرر کیا۔ یہاں کے قضاۃ عام طور سے خطابت و قضاء دونوں عہدے سنبھالتے تھے۔ حضرت عمر بن عبدالعزیز نے سیوستان میں ایک خطیب و قاضی مقرر کیا تھا۔ اور یہ عہدہ نسلاً بعد نسلٍ مدتوں چلتا رہا۔ اسلامی عدالت یا دارالقضاء میں صرف مسلمانوں کے قضایا و مقدمات کے فیصلے ہوتے تھے جن میں اسلامی قوانین و تعزیرات کا اجراء ہوتا تھا۔ غیر مسلموں کے مخصوص معاملات میں یہ عدالت فیصلہ نہیں کرتی تھی۔

## جیل خانہ

سندھ میں جیل خانہ کی مستقل عمارت کا تذکرہ اموی دور میں نہیں ملتا۔ البتہ عباسی دور میں امیر سندھ عنبسہ بن اسحاق ضبی نے دیبل کے بت خانے کے مینار میں جیل خانہ بنوایا تھا مگر اس سے پہلے بھی یہاں جیل خانے تھے۔ جن میں سزا یافتہ مجرموں کو رکھا جاتا تھا۔ غالب گمان ہے کہ یہاں جیل خانہ کی مستقل عمارت کا رواج حجاج بن یوسف کے دور ہوا جس نے واسط میں دیماس نامی مشہور جیل خانہ بنوایا تھا۔ ۹۶ھ میں امیر سندھ یزید ابو کبشہ سکسکی نے محمد بن قاسم کو گرفتار کر کے چند دن یہاں کے جیل خانہ میں رکھا پھر

Marfat.com

عراق روانہ کیا تھا۔ یعقوبی نے لکھا ہے:

| | |
|---|---|
| واخذ محمد بن القاسم فالبسہ المسوح وقیدہ وحبسہ ؎ | یزید بن ابو کبشہ نے محمد بن قاسم کو گرفتار کر کے ٹاٹ پہنایا اور ان کو قید و حبس میں رکھا۔ |

۱۲۶ھ میں امیر سندھ عمرو بن محمد بن قاسم نے محمد بن غزان کلبی کو گرفتار کر کے مارا۔ پھر والی عراق یوسف بن عمر کے پاس سزا بھگتنے کے لئے بھیج دیا۔ ظاہر ہے کہ عمرو نے محمد بن غزان کو گرفتار کر کے سندھ کے جیل خانہ میں رکھا ہوگا۔ پھر یہاں سے عراق روانہ کیا ہوگا۔

## بیت المال

مشرقی ممالک اسلامیہ کا مرکز عراق تھا۔ اور ان کی آمدنی اور جمع و خرچ کا تعلق وہیں کے سرکاری خزانہ سے تھا مگر ان ملکوں اور صوبوں کے دار الامارات میں بھی خزانے ہوا کرتے تھے۔ جن سے مقامی ضروریات پوری کی جاتی تھیں۔ چنانچہ ہندوستان میں بھی باقاعدہ بیت المال تھا۔ جہاں حساب و کتاب کے دفاتر ہوتے تھے۔ اور محافظین و موکلین کی جماعت پہرہ دیتی تھی۔ ان میں بڑی بڑی رقمیں جمع رہتی تھیں۔ محمد بن قاسم کے زمانہ امارت میں سندھ کے سرکاری خزانہ میں بہت زیادہ دولت تھی۔ انھوں نے ایک موقع پر ایک کروڑ دس لاکھ درہم یہاں سے حجاج بن یوسف کے پاس بھیجے۔ بلاذری نے لکھا ہے:

| | |
|---|---|
| ووجد ما حمل الیہ عشرین ومائۃ الف فقال:۔ شفینا غیظنا، و | جب حجاج بن یوسف نے دیکھا کہ محمد بن قاسم نے ایک کروڑ دس لاکھ کی رقم روانہ کی |

؎ تاریخ یعقوبی ج ۲ ص ۳۵۶ –

Marfat.com

| | |
|---|---|
| ادركنا ثارنا، وازددنا ستين | ہے تو کہا کہ ہمارا غصہ ٹھنڈا ہوا۔ ہم نے |
| الف الف درهم ورأس | خون کا بدلہ پایا اور ہمیں ساٹھ لاکھ درہم |
| داهر۔[1] | اور راجہ داہر کا سر نفع میں ملا۔ |

یعقوبی نے لکھا ہے کہ:

| | |
|---|---|
| فحمل اليه اكثر مما | محمد بن قاسم نے حجاج بن یوسف کے پاس |
| انفق[2] | خرچ سے زیادہ رقم روانہ کی۔ |

ایک مرتبہ خلیفہ ہشام بن عبد الملک نے امیر سندھ جنید بن عبد الرحمن مری کو لکھا کہ مسلمانوں نے روم میں شاندار فتوحات حاصل کر کے بہت سی غنیمت پائی ہے۔ اس کے جواب میں جنید نے اپنے بیت المال کا حساب لکھ کر روانہ کیا جس میں درج تھا کہ:

| | |
|---|---|
| فكتب اليه الجنيد انى نظرت | میں نے اپنے دفاتر اور کاغذات دیکھے تو |
| فى ديوانى فوجدت ما افاء الله | معلوم ہوا کہ جب سے میں نے سندھ سے نکل |
| على منذ فارقت بلاد الهند ست | کر ہندوستان میں فتوحات کی ہیں۔ اللہ تعالی |
| مائة الف وخمسين الف راس | نے مجھے ڈیڑھ لاکھ قیدی دئے ہیں اور میں |
| من السبى وحملت ثمانين | نے اس مدت میں اسی لاکھ درہم مرکز کو روانہ |
| الف الف درهم، وفرقت فى | کئے ہیں اور اتنی ہی رقم بارہا لشکر میں |
| الجند امثالها مرارا[3] | تقسیم کی ہے۔ |

سندھ کی امارت سے جنید کی سبکدوشی کے بعد بھی یہاں کے بیت المال میں ان کے دور کی بہت سی دولت پڑی ہوئی تھی۔ جیسے تمیم بن زید قینی نے دل کھول کر خرچ کیا اور خوب سخاوت کی۔ وہ اپنے زمانہ کے مشہور سخی تھے۔ بلاذری نے لکھا ہے کہ:

[1] فتوح البلدان ص ۴۴۰، [2] تاریخ یعقوبی ج ۲ ص ۳۴۷ [3] ایضاً ج ۲ ص ۳۰۰۔

| | |
|---|---|
| وجد فی بیت المال بالسند ثمانیۃ عشر الف الف درہم طاطریۃ فاسرع فیہا۔[1] | تمیم نے سندھ کے بیت المال میں اٹھارہ لاکھ طاطری درہم پائے اور بہت جلد ان کو خرچ کر ڈالا۔ |

اور یعقوبی نے بھی لکھا ہے:

| | |
|---|---|
| فوجد ثمانیۃ عشر الف الف طاطری خلفہا الجنید فی بیت المال۔[2] | تمیم نے بیت المال میں اٹھارہ لاکھ طاطری درہم پائے جن کو جنید نے چھوڑا تھا۔ |

یہ تو بیت المال کی رقم ہے اس کے علاوہ جنید نے ہنگامی ضروریات کے لئے اپنے دار الامارہ والے مکان میں بہت بڑی رقم رکھی تھی۔ بعد میں وہ بھی محفوظ ملی۔ بلاذری نے اس کا تذکرہ کیا ہے:

| | |
|---|---|
| وحصل فی منزلہ سوی ما اعطی زوّارہ اربعین الف الف وحمل مثلہا۔[3] | جنید کے مکان میں مزید رقم ملی یہ ان چالیس لاکھ درہم کے علاوہ تھی جن کی جنید نے اپنے پاس آنے والوں کو دیا تھا اور اتنی رقم مرکز کو روانہ کی تھی۔ |

طاطری ایک خاص درہم تھا۔ جس پر بادشاہ یا راجہ کی تصویر ہوتی تھی۔ یہ عام درہم کے مقابلہ ڈیڑھ یا پونے دوگنا زیادہ قیمتی ہوتا تھا۔

## درہم، دینار اور سکے

۷۶ھ سے پہلے مسلمانوں کا اپنا درہم اور دینار نہیں تھا بلکہ عام طور سے شاہان ایران کے درہم بغلیہ اور شاہان روم کے دینار کا رواج تھا۔ اس وقت تک ہندوستان میں ان دونوں سکوں کے ساتھ طاطری درہم کا بھی رواج تھا۔ جو اس ملک کا خاص سکہ

[1] فتوح البلدان ص ۴۳۰ [2] تاریخ یعقوبی ج ۲ ص ۳۸۰ [3] فتوح البلدان ص ۴۳۰

تھا مگر ۷۵ھ میں عبدالملک بن مروان کے حکم سے حجاج بن یوسف نے اسلامی درہم و دینار ڈھلوائے اور پورے عالم اسلام کی طرح ہندوستان میں ان کا رواج ہوا۔ ۷۰ھ میں حضرت عبداللہ بن زبیرؓ کے حکم سے ان کے بھائی مصعب بن زبیرؓ امیر بصرہ نے کیسروی درہم کے طریقہ پر درہم ڈھالا جس پر ایک طرف "برکۃ" اور دوسری طرف "اللہ" تھا۔ بظاہر یہ سکہ ہندوستان میں نہیں چلا کیونکہ یہاں ان کی خلافت و حکومت نہیں تھی۔ ۷۴ھ اور ۷۵ھ میں عبدالملک نے کچھ دینار اور حجاج نے دراہم بغلیہ ڈھالے جن پر ایک طرف بسم اللہ اور دوسری طرف "حجاج" نقش تھا۔ بلاذری نے مدائنی کی یہ روایت نقل کی ہے:-

| | |
|---|---|
| ضرب الحجاج الدراهم آخر | حجاج نے ۷۵ھ کے آخر میں درہم بنوائے |
| سنة خمس وسبعين، ثم | پھر ۷۶ھ میں پورے عالم اسلام کے |
| امر بضربها في جميع النواحي | اطراف و جوانب میں ان کے بنانے کا |
| سنة ست وسبعين[1] | حکم دیا۔ |

اموی خلافت کے تمام نواحی میں ۷۶ھ میں درہم ڈھالنے کے حکم سے معلوم ہوتا ہے کہ اسی سال سندھ میں بھی اسلامی سکہ تیار کیا گیا مگر دوسری روایت سے اس کی تصدیق نہیں ہوتی ہے۔ اسی سال حجاج نے سکوں پر اَللّٰہُ اَحَدٌ اَللّٰہُ الصَّمَدُ لَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ لکھنے تھے۔ چونکہ علماء نے سکہ پر آیت لکھنا پسند نہیں کیا۔ اس لئے بعد میں اس کا نام "مکروہہ" پڑ گیا۔ اس کا کاریگر سمیر نامی ایک شخص تھا اس لئے اس کو "سمیریہ" کے نام سے بھی یاد کرتے تھے۔ حجاج کے بعد عراق کے گورنروں میں عمرو بن ہبیرہ فزاری۔ خالد بن عبداللہ قسری اور یوسف بن عمر ثقفی نے اپنے اپنے دور امارت میں سکے ڈھلوائے جن کو "ہبیریہ" "خالدیہ" اور "یوسفیہ" کہتے تھے۔ یہ سب امرائے فارس اور ہندوستان کے حاکم بھی تھے۔ اس لئے ان کے یہ سکے یہاں بھی چلتے تھے۔ یہ تینوں سکے اموی دور کے بہترین سکے مانے جاتے تھے اور عباسی دور

---

[1] فتوح البلدان ص ۵۴۳۔



Marfat.com

میں بھی ان کا رواج عام رہا۔ خلیفہ ابوجعفر منصور عباسی خراج میں صرف ان ہی کو قبول کر
تھا۔[1]

اسلامی سکوں کے رائج ہونے کے بعد بھی طاطری درہم کا رواج عام تھا جزیہ
خراج وغیرہ میں اس کی وصولی زیادہ ہوتی تھی۔ اور اس سے بیت المال میں خاص طور
پر محفوظ رکھا جاتا تھا۔ جیسا کہ گذر چکا ہے۔

ابن رستہ نے الاعلاق النفلیہ میں تصریح کی ہے کہ طاطری درہم پر بادشاہ کی صورت
ہوتی ہے اور اس کا وزن ایک مثقال ہوتا ہے۔ مقدسی نے لکھا ہے کہ یہ ایک ثلث کم دو
درہم کے برابر ہوتا ہے۔ سلیمان تاجر نے لکھا ہے کہ یہ عام درہم سے وزن وقیمت میں ڈیوڑھا ہوتا

حجاج بن یوسف کے درہم "احدیہ" کے بارے میں ابوالعباس احمد بن علی قلقشندی
متوفی ۸۲۱ھ نے لکھا ہے کہ میں نے اس کا ایک درہم حلب میں دیکھا ہے۔ وہاں کے اعیان
میں سے ایک شخص نے اسے دکھاتے ہوئے بتایا کہ ایک کسان کو اس کی زمین میں بہت
سے دراہم احدیہ ملے تھے۔ جن کو لے کر وہ نائب حلب کے پاس گیا تو اس نے ہر درہم
کے بدلے چند در چند دراہم دے کر ان سب کو لے لیا۔ ان میں ہی سے یہ سکہ ہے۔[2]

یہ نویں صدی کی بات ہے، ہمارے زمانے میں ۱۳۹۱ھ میں ہندوستان میں اموی
سکے پائے گئے ہیں۔ اخبارات میں یہ خبر چھپی تھی کہ کیرالہ میں بنو امیہ کے عہد کے چار طلائی
سکے (دینار) ملے ہیں۔ یہ چاروں سکے ایک صندوقچہ میں تھے۔ جو کیلے کی کاشت کے
لئے زمین جوتتے اور کھودتے وقت ملا ہے۔ برطانوی عجائب خانہ میں بھی اسی قسم کا ایک
سکہ موجود ہے۔ فرق یہ ہے کہ ان چاروں سکوں میں ایک طرف ایک ہی قسم کی چھاپ ہے اور
دوسری طرف ہر ایک میں الگ الگ چھاپ ہے۔ ان سکوں میں ۱۰۲ہجری درج ہے۔ مگر
ٹکسال (دارالضرب) کا نام نہیں ہے۔ برطانوی عجائب خانہ کے منتظم کا خیال ہے کہ کیرالہ

[1] فتوح البلدان ص ۴۵۱ تا ص ۴۵۵، امر النقود [2] صبح الاعشیٰ ج ۱ ص ۴۴۴ قاہرہ ۱۳۸۳ھ

کے یہ اموی سکے اصلاحات کے بعد جاری ہوئے تھے۔ یہ سکے آخری اموی خلیفہ مروان بن محمد کے دور کے ہیں۔ اس زمانہ میں ہندوستان میں منصور بن جمہور کلبی، اور اس کے بھائی منظور نے شورش برپا کر رکھی تھی اور عملاً ان ہی کا عمل دخل تھا۔ عرب اور کیرالا کے درمیان اس زمانہ میں تجارتی کاروبار کے سلسلے میں یہ سکے یہاں رائج تھے اور عربوں کی تجارت ہندوستان سے گذر کر چین تک عام تھی۔

منصور بن جمہور کلبی نے اموی دور کے آخر میں تقریباً ۱۳۱ھ میں سندھ پر قبضہ کر کے خود مختار حکومت قائم کی جو عباسی دور کی ابتداء میں ۱۳۲ھ میں ختم ہوئی۔ اس مدت میں منصور نے سندھ میں اپنا دار الضرب جاری کر کے اس میں اپنے نام کے سکے ڈھالے جو وہاں جاری ہوئے۔ یہ دار الضرب منصورہ میں تھا۔ چنانچہ ۱۹۵۸ء میں بھنبور (دیبل) کی دربار کی کھدائی کے درمیان یہاں بھی دوسری چھوٹی بڑی چیزوں کے ساتھ عربی خط نسخ میں لکھے ہوئے کتبے اور منصور بن جمہور کے سکے پائے گئے ہیں۔

(روزنامہ ڈان کراچی ۲۹ر اپریل ۱۹۶۱ء بحوالہ فتح نامہ سندھ ص ۳۸۳۔)

# برید اور ڈاک

اموی خلافت میں شروع ہی سے برید یعنی ڈاک کا نہایت معقول اور بہترین انتظام تھا۔ اس کے پہلے ہی خلیفہ حضرت معاویہؓ نے سب سے پہلے اس کا انتظام کیا۔ عبد الملک بن مروان نے اس میں ہر قسم کی خوبی پیدا کر کے پورے قلمرو میں نہایت منظم طریقہ سے عام کیا تاکہ دور دراز بلاد و امصار سے جلد سے جلد خط و کتابت ہو سکے۔ قلقشندی نے مآثر الانافہ فی معالم الخلافہ میں تصریح کی ہے۔

(معاویۃ) ھو اول من وضع      حضرت معاویہؓ نے اسلام میں سب سے

---

اخبار دعوت دہلی ۱۶ر اپریل ۱۹۷۱ء

البريد في الاسلام نقله من ملوك الفرس، واحكمه بعد ذلك عبد الملك بن مروان [1]۔

پہلے ڈاک کا انتظام کیا انھوں نے اسے شاہانِ ایران سے لیا۔ پھر بعد میں عبد الملک بن مروان نے اس کا نظام مضبوط کیا۔

عبد الملک بن مروان (۶۶ھ تا ۸۶ھ) نے ڈاک کا کس قدر بہتر اور معقول انتظام کیا تھا؟ اس کا اندازہ اس سے ہو سکتا ہے کہ اس کے بعد ہی ولید بن عبد الملک (۸۶ھ تا ۹۶ھ) کے زمانہ میں ہر تیسرے دن ہندوستان اور عراق کے درمیان ڈاک آتی جاتی تھی۔ بلاذری نے محمد بن قاسم اور حجاج بن یوسف کی خط وکتابت کے سلسلے میں تصریح کی ہے:-

وكانت كتب الحجاج ترد على محمد، وكتب محمد ترد عليه بصفة ما قبله، واستطلاع رأيه فيما يعمل في كل ثلاثة ايام [2]۔

ہر تیسرے دن حجاج کے خطوط محمد بن قاسم کے پاس اور محمد بن قاسم کے خطوط حجاج کے پاس آتے جاتے تھے جن میں وقتی حالات اور ان کے بارے میں رائے مشورہ ہوا کرتا تھا۔

اسی حسن انتظام کا نتیجہ تھا کہ یہاں کے ہنگامی حالات میں فوری طور سے مرکز سے ہدایت یا مدد حاصل کر لی جاتی تھی۔ چنانچہ محمد بن قاسم میدانِ جنگ سے خط لکھ کر حجاج بن یوسف سے مناسب ہدایت حاصل کر لیا کرتے تھے۔ نیز عمرو بن محمد بن قاسم کے زمانہ میں دشمنوں نے دار الامارہ منصورہ کا محاصرہ کر لیا تو انھوں نے عراق خط لکھ کر

---

[1] مآثر الانافہ ج ۳ ص ۳۴۲ (کویت)

[2] فتوح البلدان ص ۴۲۴

Marfat.com

کی مدد طلب کرلی ۔

برید کے اس حسنِ انتظام سے خلفاء، اُمراء اور عمال کی طرح عوام بھی پورا فائدہ اٹھاتے تھے ۔ بلادِ مشرق کی بری ڈاک عام طور سے بصرہ سے خراسان آتی تھی پھر وہاں سے مختلف علاقوں کے لئے روانہ کی جاتی تھی ۔ چنانچہ سندھ کی ڈاک فہرج کی چوکی سے بھیجی جاتی تھی جو طابران، یاسورجان، قریہ یحیٰ بن عمرو، ہذار، مدر، موسارہ، کک بامویہ، بجین، علاقہ پلوص، جبل مالح، نخل، قلمان، سرائے خلفت، نثر بوپ، جیشہ، قصدار، جور، ابروسان، قریہ سلیمان بن سمیع کو طے کر کے منصورہ تک پہونچتی تھی ۔ طابران (مکران) اور منصورہ کی درمیانی مسافت ۳۵۸ فرسخ تھی[1]

ان تمام ڈاک چوکیوں پر تیز رفتار گھوڑے ہوتے تھے ۔ جو ایک چوکی سے دوسری چوکی تک ڈاک پہنچاتے تھے ۔ بعض اوقات بحری ڈاک بھی روانہ کی جاتی تھی مگر اس کی حیثیت عام طور سے دستی خط کی ہوا کرتی تھی ۔

[1] المسالک والممالک ص ۵۵ ۔

Marfat.com

# (۴)

# حربی اور فوجی نظام

مکران و سندھ کا علاقہ فوجی مبصروں کے نقطۂ نظر سے نہایت خطرناک مانا جاتا تھا۔ یہاں کے جغرافیائی و طبعی حالات جنگی نقطۂ نظر سے سخت ناہموار تھے۔ باہر کی فوجوں کی کامیابی کے لئے بڑے جتن کی ضرورت تھی۔ عام طور سے یہاں کھانے پینے کی شدید قلت و نایابی تھی۔ راستے پہاڑی، ریگستانی اور دشوار گذار تھے۔ فوج زیادہ ہوتی تو غذائی قلت کی وجہ سے مرجانے کا ڈر تھا اور کم ہوتی تو دشمن کی کثرت و طاقت کی وجہ سے ختم ہوجانے کا اندیشہ تھا۔ ان حالات کے پیش نظر یہاں کے حربی و عسکری انتظام میں سخت دشواری درپیش تھی۔ ان تمام باتوں کا لحاظ کر کے کوئی قدم اٹھایا جاتا تھا اسی لئے بہت سے سپاہی یہاں آنے سے گھبراتے تھے اور دوسری مہمات کو یہاں کی مہم پر ترجیح دیتے تھے۔ چنانچہ ۱۱۹ھ میں نبو قین کی ایک فوج شام سے عامل سندھ کی مدد کے لئے روانہ ہوئی جب حیرہ پہونچی تو خالد بن عبد اللہ قسری نے اس کے امیر کو بلا کر کہا کہ اگر تم لوگ بہلول بن بشر خارجی سے مقابلہ کرو تو میں تم میں سے ہر ایک کو شام کی ملکیت و دولت کے علاوہ انعام دوں گا اور خاص بات یہ کہ :-

| | |
|---|---|
| واعفیتہ من الخروج الی ارض الهند شاقاً علیهم - (تاریخ طبری ج ۷ ص ۱۳۱) | اسے سرزمین ہند کی طرف جہاد کے لئے جانے سے معاف کر دوں گا۔ یہ بات اس لئے کہی کہ وہاں کا جانا ان لوگوں پر

شاق تھا۔

یہ سنتے ہی ان سپاہیوں نے سندھ آنے کے بجائے عراق میں بہلول بن بشر خارجی سے جنگ کی اس واقعہ سے اندازہ ہوتا ہے کہ اسلامی فوج کے لئے ہندوستان میں کس قدر مشکلات اور شدائد تھیں۔ اسی لئے حجاج بن یوسف نے محمد بن قاسم کو یہاں روانہ کیا تو ہر قسم کی چیزیں وافر مقدار میں روانہ کیں۔ بلاذری نے لکھا ہے۔

| | |
|---|---|
| وضم الیہ ستۃ آلاف من | حجاج نے محمد بن قاسم کے ہمراہ چھ ہزار |
| جند اہل الشام و خلقاً من | شامی فوج کے علاوہ مزید فوجیں |
| غیرھم، وجھزہ بکل | کر دیں اور تمام ضروریات کو مہیا کیا |
| مایحتاج الیہ حتی الخیوط | حتی کہ دھاگے اور رسال (سل بٹے) |
| والمال (المسال)[1] | ساتھ کئے۔ |

ابن اثیر نے بھی لکھا ہے۔

| | |
|---|---|
| وجھزہ بکل مایحتاج | حجاج نے محمد بن قاسم کے ساتھ ضرورت |
| الیہ حتی المسال والابر | کی تمام چیزیں روانہ کیں حتی کہ سوئی |
| والخیوط[2] | اور دھاگے ساتھ کر دیئے۔ |

نیز حجاج نے روئی کو سرکہ میں بھگو کر سایہ میں اسے خشک کیا اور محمد بن قاسم کو یہ کہہ دیا کہ سندھ میں سرکہ کی کمی ہے اس لئے بوقت ضرورت اسے پانی میں بھگو کر سرکہ نکال لینا۔ ایک روایت میں ہے کہ محمد بن قاسم نے سندھ سے سرکہ کی قلت کی شکایت لکھی تو حجاج نے اس ترکیب سے سرکہ روانہ کیا۔

الغرض یہاں کے ناگوار حالات کے پیش نظر جنگی مہمات میں فوج کی زیادتی کے ساتھ سامانِ رسد اور دیگر اشیائے ضروریہ کی زیادتی کا خاص اہتمام کیا جاتا تھا۔ اسکے باوجود اسلامی

---

[1] فتوح البلدان ص ۴۲۴ [2] کامل ابن اثیر ج ۴ ص ۵۳۷۔

Marfat.com

فوج کو بار بار سپاہیوں اور سامان رسد کی کمی کا سامنا کرنا پڑتا تھا، اور ان کے دشمن اس حال سے عموماً فائدہ اٹھایا کرتے تھے۔

# جیش اور سریّہ

اموی دور کے فوجی نظام، افواج کی تعداد اور سامان جنگ کے بارے میں یکجا معلومات بہت کم ملتی ہیں اور غزوات و فتوحات کے بیان کے ضمن میں اس سلسلہ کی باتیں معلوم ہوتی ہیں اس دور میں اسلامی فوج کے دو حصے ہوتے تھے، ایک جیش یعنی بڑی فوج جس کی تعداد عام حالات میں چار ہزار سے لے کر بارہ ہزار تک ہوا کرتی تھی اور دوسرا سریّہ یعنی فوجی دستہ جو کسی خاص علاقہ کی مہم پر روانہ کیا جاتا تھا، اس میں عموماً چار سو سپاہی ہوتے تھے، اس بارے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ قول پیش نظر ہوتا تھا:۔

خیر الصحابۃ اربعۃ وخیر السرایا اربعمائۃ، وخیر الجیوش اربعۃ الاف ولن یغلب اثنا عشر الفا من قلۃ (ابوداؤد)

بہترین ساتھی چار ہیں، اور بہترین سریّہ چار سو ہیں اور بہترین جیش چار ہزار ہیں اور بارہ ہزار کی تعداد کی کمی کی وجہ سے مغلوب نہیں ہو سکتی۔

اموی دور میں ایک موقع پر خراسان کی اسلامی فوج میں اہل بصرہ سے چالیس ہزار، اہل کوفہ سے سات ہزار اور عجمی موالی سے سات ہزار سپاہی تھے (فتوح البلدان ص ۴۱۳)

حضرت احنف بن قیس نے صغانیاں پر حملہ کیا تو اس وقت ان کی ماتحتی میں پانچ ہزار مجاہدین تھے، جن میں چار ہزار عرب اور ایک ہزار عجمی مسلمان تھے۔ ( " ص ۳۹۸)

۱۱۲ھ میں خلیفہ ہشام نے جنید بن عبدالرحمن مری کو سندھ کی امارت کے بعد خراسان کا امیر بنایا اور بھرپور فوجی امداد دی، جنید نے پے در پے حملے کرکے فتوحات حاصل کیں اور ہشام کو مزید امداد کے لئے لکھا تو اس نے بصرہ کے دس ہزار مجاہد عمرو بن مسلم کی قیادت میں اور

Marfat.com

کوفہ کے دس ہزار مجاہد عبدالرحمٰن بن نعیم کی قیادت میں روانہ کئے، نیز تیس ہزار نیزے اور تیس ہزار ڈھال روانہ کر کے جنید بن عبدالرحمٰن مری کو اختیار دیا کہ وہ پندرہ ہزار باتنخواہ مجاہد اپنے ساتھ لیں۔ (رر ص ۴۱۸)

ایک مرتبہ کردوں نے بغاوت کی تو حجاج بن یوسف نے عمرو بن ہانی عبسی کو شامی فوجوں کا امیر بنا کر ان کے مقابلہ کے لئے بھیجا، جن میں صرف کوفہ کے بنی عجل اور ان کے موالی میں سے بارہ ہزار مجاہد شامل تھے، ان ہی میں محمد بن سنان عجلی بھی تھے۔ (رر ص ۳۱۹)

ہندوستان کے غزوات میں عام طور سے جیوش اور سرایا دونوں ہی قسم کی فوجیں ہوا کرتی تھیں، اس دور میں ہندوستان میں سب سے زیادہ فوجیں محمد بن قاسم کے ہمراہ تھیں، بعض اقوال کی رو سے ان کی تعداد بیس ہزار تھی جس میں چھ ہزار صرف شامی فوجیں تھیں، ان کے علاوہ بھاری تعداد میں فوجی سپاہی تھے، حضرت معاویہؓ کے دور میں ۴۲ھ میں قیقان کی جنگ میں ڈیڑھ ہزار اسلامی فوج مع اپنے امیر راشد بن عمرو حدیدی کے شہید ہوئی تھی، ۷۰ھ میں یہاں چار ہزار فوج عبداللہ بن سوار عبدی کی امارت میں آئی تھی، اور اپنے امیر کے ساتھ شہید ہو گئی تھی، ایک مرتبہ ایک راجہ نے دارالامارہ منصورہ کا محاصرہ کیا تو عمرو بن محمد بن قاسم کے لکھنے پر عراق سے چار ہزار فوج آئی، جس نے راجہ اور اس کی فوج کو شکست فاش دی، ان اعداد و شمار سے اندازہ ہوتا ہے کہ عام حالات میں جیش کی تعداد چار ہزار ہوا کرتی تھی، اسی کے ساتھ سریہ بھی ہوا کرتی تھی جو بوقت ضرورت اطراف و جوانب کی مہمات پر امیر کی ماتحتی میں روانہ کی جاتی تھی، چنانچہ منذر بن جارود عبدی نے بوقان و قیقان وغیرہ فتح کر کے دوسرے علاقوں میں سرایا روانہ کی تھیں بلاذری نے لکھا ہے:

وَبَثَّ السرایا فی بلادھم[1] — منذر بن جارود نے مختلف شہروں میں فوجی دستے روانہ کئے۔

[1] فتوح البلدان ص ۴۲۲۔

محمد بن قاسم نے اپنی فتوحات کے سلسلے میں سدوسان اور سیلمان وغیرہ میں امراء کی ماتحتی میں فوجی دستے روانہ کئے، جنید بن عبدالرحمٰن مری نے بھی مرمد، مندل، دھنج، بھروچ وغیرہ میں فوجی امراء و عمال روانہ کئے جنھوں نے فتوحات کیں، نیز حبیب بن مرہ کو ایک جیش کے ساتھ اجین اور مالوہ کی طرف روانہ کیا، اسی ضمن میں حبیب نے بہریمد کو بھی فتح کیا تھا، اسی طرح حکم بن عوانہ کلبی اپنی امارت کے ایام میں عمرو بن محمد بن قاسم کو سرایا کا امیر بنا کر غزوات میں روانہ کیا کرتے تھے، جیسا کہ خلافت راشدہ کے بیان میں معلوم ہو چکا ہے، فارس، خراسان سندھ اور مکران اور دیگر مشرقی جنوبی ممالک کا تعلق عراق کے ادارتی اور فوجی مرکز سے تھا، عام طور سے یہیں کی فوجیں ہندوستان میں آتی تھیں، البتہ بوقت ضرورت شام کے فوجی مرکز سے بھی فوجی امدادیں آتی تھیں، چنانچہ حجاج بن یوسف نے محمد بن قاسم کے ساتھ چھ ہزار شامی فوج روانہ کی تھی اور ایک موقع پر شام سے بنو فتین کی ایک فوج اپنے امیر کی ماتحتی میں ہندوستان کے امیر کی مدد کے لئے روانہ کی گئی تھی، بہرحال اموی دور میں سندھ اور ہندوستان کی مہمات میں عام طور سے بڑا لشکر روانہ کیا جاتا تھا جو یہاں کی حربی ضروریات کے لئے کافی ہو، روبہ بن عجاج نے خلیفہ ولید بن عبدالملک یا حجاج بن یوسف کے بارے میں کہا ہے:[1]

اهدى الى السند لهاما حاشدا     حتى استباح السند والاهاندا

اس نے سندھ کی طرف بہت بڑا لشکر بھیجا     یہاں تک کہ سندھ اور ہند کو فتح کر لیا۔[1]

## فدائیوں اور رضاکاروں کی جماعت

اموی دور میں ہر فوجی مہم کے ساتھ سرکاری فوجوں کے علاوہ رضاکاروں اور فدائیوں کی جماعت ہوا کرتی تھی جسے متطوعہ کے لقب سے یاد کیا جاتا تھا، اس میں عام طور سے عُبّاد و زہاد اور صلحاء و اتقیاء اجر و ثواب کی نیت اور خدمت اسلام کے جذبہ سے شریک ہوتے تھے اور خلاف

[1] تاج العروس ج ۱ ص ۳۴۹ (کویت)

سے کوئی تنخواہ یا وظیفہ قبول نہیں کرتے تھے، ان میں خلوص وللہیت اور دینی و ایمانی جوش وجذبہ کی حرارت کام کرتی تھی، جس سے اسلامی مہمات کو فتح و کامرانی نصیب ہوتی تھی، علامہ ابن کثیر کی یہ تصریح گذر چکی ہے کہ اموی دور خلافت میں ہر وقت جہاد کا بازار گرم رہتا تھا۔ اموی خلفاء امراء کو گویا اس کے علاوہ کوئی کام ہی نہیں رہتا تھا، ان کے دور میں مشرق و مغرب میں اسلام کا کلمہ بلند تھا، مسلمانوں کے رعب و داب سے مشرکوں کے دل کانپ رہے تھے وہ جس طرف نکل جاتے تھے قابض و دخیل ہوجاتے تھے، اور یہ کہ:۔

| | |
|---|---|
| وکان فی عساکرھم وجیوشھم | ان کی فوجوں کے ساتھ اجلۂ تابعین میں |
| فی الغزو، الصالحون والاولیاء | سے صلحاء، اولیاء، علماء بڑی تعداد میں |
| والعلماء من کبار التابعین فی | موجود رہا کرتے تھے، جن کے خلوص و برکت |
| کل جیش منھم شرذمۃ عظیمۃ | اور خدمت سے اللہ تعالیٰ اپنے دین کی |
| ینصر اللہ بھم دینہ[1] | نصرت فرماتا تھا، |

ہندوستان کے غزوات و فتوحات میں بھی اموی دور کے ان عباد و زہاد فدائیوں اور رضاکاروں کے نام ملتے ہیں جن کے انفاس گرم کی برکتیں مجاہدین اسلام میں ہمت و حرارت پیدا کرتی تھیں، سنان بن سلمہ ہذلی، کرز بن ابو کرز دہرہ حارثی، کہمس بن حسن بصری، ابوالیمان نبالی ہذلی، معاویہ بن قرہ مزنی وغیرہ رحمہم اللہ انھیں فدائیان اسلام میں سے ہندوستان میں آئے تھے راتوں کو اللہ تعالیٰ سے رو رو کر دعائیں مانگتے تھے اور دنوں کو میدان جہاد میں داد شجاعت دیتے تھے۔

## سرکاری فوج کے ساتھ دوسرے سپاہی

ہندوستان اور دیگر مشرقی ممالک کی فوج میں عام طور سے یمن، بحرین، عمان، عراق

[1] البدایہ والنہایہ ج ۹ ص ۸۷ ۔

Marfat.com

وغیرہ کے قبائل ہوا کرتے تھے، جو زیادہ تر بنو ازد، بنو تمیم، بنو عبد القیس، بنو سامہ پر مشتمل ہو
تھے، بعض اوقات امیر فوج اپنی صوابدید سے اپنے قبیلہ یا علاقہ کے سپاہیوں کو زیادہ تعد
میں ساتھ لیا کرتا تھا، عام طور سے خلافت کی فوجیں غزوات میں روانہ کی جاتی تھیں، دوسر
افراد پر جہاد کے لئے جبر نہیں کیا جاتا تھا، البتہ بعض امراء شخصی طور سے کچھ سپاہیوں کو منتخب کر
کرتے تھے، مگر اس کی صورت جبر اور زبردستی کی نہیں ہوتی تھی بلکہ یہ ایک قسم کی تشجیع و ترغیب
ہوتی تھی، چنانچہ تمیم بن زید قینی جب سندھ کے امیر بنائے گئے تو انھوں نے یہاں آنے سے پہلے
بصرہ جاکر جسے چاہا اپنی فوج میں شامل کیا، مبرد نے کامل میں ان کا ایک واقعہ درج کیا ہے جس میں
تصریح ہے کہ :-

دخل البصرة فجعل یخرج — تمیم بن زید نے بصرہ جاکر باشندوں میں سے
من اهلها من شاء[1] — جسے چاہا اپنے ساتھ لے لیا۔

اسی سلسلے میں اسلامی فوج میں بصرہ کا ایک جوان خنیس یربوعی سندھ آگیا تھا، جس کی بوڑ
ماں نے فرزدق شاعر سے سفارش کرا کے واپس بلا لیا تھا، اسی طرح حجاج بن یوسف نے مشہو
شاعر اعشیٰ ہمدان کو مکران کی جنگ میں بھیج دیا تھا، ابو الفرج اصفہانی نے کتاب الاغانی میں
لکھا ہے،

ثم ضرب البعث علی جیش — کوفہ کی فوجوں کو مکران کی مہم پر نکلنے کا
اهل الکوفة مکران فاخرجه — حکم دیا گیا تو حجاج نے اعشیٰ ہمدان کو ان کے
الحجاج معهم[2] — ساتھ یہاں بھیجا،

اعشیٰ ہمدان کو یہاں کی آب و ہوا راس نہیں آئی اور کچھ دنوں کے بعد انھوں نے گھبر
یہاں ایک نظم کہی جو دوسری جگہ درج ہے۔

---

[1] کامل مبرد ج اص ۸۸، [2] کتاب الاغانی ج ۶ ص ۴۳۔

# فوج میں خواتین

عہدِ رسالت ہی سے اسلامی فوج میں خواتین شریک ہوا کرتی تھیں، ان میں بہت سی متطوعات یعنی رضا کار ہوتی تھیں، جو صرف اجر و ثواب کی نیت سے زخمیوں کی مرہم پٹی کرتی تھیں، فوجیوں کو پانی پلاتی تھیں اور اسی طرح کے دوسرے کام رضاکارانہ طور سے انجام دیتی تھیں، اور بہت سی عورتیں اپنے شوہروں کے ساتھ شریک جہاد ہوتی تھیں، اس زمانہ میں جہاد میں بیویوں کے ساتھ رکھنے کا عام رواج تھا، بوقت ضرورت یہ عورتیں بھی رضاکارانہ خدمات انجام دیا کرتی تھیں، اسلامی لشکر میں توالد و تناسل کا سلسلہ بھی جاری رہتا تھا، جن عورتوں کے شوہر شہید ہو جاتے تھے، وہ اسی حال میں دوسرا نکاح بھی کر لیا کرتی تھیں۔

امیر خراسان مسلم بن زیاد اپنی بیوی ام محمد بنت عبد اللہ بن عثمان بن ابو العاص ثقفی کو لے کر سغد کے جہاد پر گئے، وہاں ایک بچہ پیدا ہوا جس کا نام سُغد کی نسبت سے سُغدی رکھا گیا۔ (فتوح البلدان ص ۴۰۳)

اسی طرح مہلب بن ابو صفرہ جن دنوں کرمان میں خوارج سے جنگ کر رہے تھے، ایک سپاہی کے یہاں بچہ پیدا ہوا جس کا نام جدیع بن علی ازدی تھا، مگر وہ کرمانی کے نام سے مشہور ہوا۔ (الاخبار الطوال ص ۳۲۵)

ہندوستان میں اموی دور کے غزوات و فتوحات میں بھی دونوں قسم کی خواتین شریک ہوتی تھیں، بعض واقعات سے اس کا ثبوت ملتا ہے، چنانچہ امیر سندھ عبد اللہ بن سوار عبدی نے ایک رات اپنے فوجی پڑاؤ میں دیکھا ایک جگہ آگ روشن ہے، چونکہ وہ اپنے زمانہ کے مشہور سخی تھے اور پوری فوج میں صرف ان ہی کے یہاں کھانا تیار ہوتا تھا اور تمام سپاہیوں کو کھلایا جاتا تھا اسی لئے انھوں نے تعجب سے دریافت کیا کہ یہ کیا ہے، لوگوں نے بتایا کہ :-

Marfat.com

امرأۃ نفساء یعمل لھا خبیصٌ فامران یطعم الناس الخبیص ثلاثاً[1]۔ — ایک عورت کے بچہ پیدا ہوا ہے اسی لئے حلوہ پکایا جا رہا ہے، یہ سن کر انھوں نے حکم دیا کہ تین دن تک تمام لوگوں کو حلوہ کھلایا جائے۔

ایک روایت میں ہے کہ یہ جواب دیا گیا :۔

رجل ولدت امرأتہ فی ھذہ اللیلۃ فعمل لھا خبیصًا فامر صاحب طعامہ ان یطعم الناس مع الطعام الخبیص[2]۔ — آج رات ایک آدمی کی بیوی کے یہاں بچہ پیدا ہوا ہے وہ اسی کے لئے حلوہ بنا رہا ہے یہ سن کر عبداللہ بن سوار نے اپنے داروغۂ مطبخ کو حکم دیا کہ وہ لوگوں کو عام کھانے کے ساتھ حلوہ بھی کھلائے۔

اسی طرح دوسری فوجوں میں مجاہدات کی جماعت رہا کرتی تھی، جس میں متطوعات اور زوجات دونوں ہی طبقوں کی خواتین شامل تھیں، چونکہ یہ دستور عام تھا اس لئے کتابوں میں اس کا خصوصی تذکرہ نہیں ملتا ہے،

# سپاہیوں کے نام اور فوجی حساب و کتاب کے دفاتر

ہر امیر لشکر کے پاس اپنی فوجوں کا دفتر ہوتا تھا جس میں ان کے نام، مقام، قبیلہ اور وظیفہ کی تفصیلات درج ہوتی تھیں، اور بوقت ضرورت اس سے کام لیا جاتا تھا، ہندوستان کے امراء و عمال کے یہاں بھی یہ دفتر موجود رہتا تھا، چنانچہ جب امیر سندھ تمیم بن زید کے پاس مشہور شاعر فرزدق نے ایک فوجی سپاہی کے بارے میں سفارشی خط لکھا اور اس کا نام صحیح طور سے نہیں پڑھا جا سکا تو ان کے کاتب اور منشی نے کہا کہ اس بارے میں فرزدق

[1] فتوح البلدان ص ۴۲۱، [2] کتاب المحبر ص ۱۵۴۔

Marfat.com

سے مراجعت کی جائے مگر انھوں نے فوجی دفتر نکال کر اس نام سے جس قدر نام ملتے چلتے تھے، سب کو فرزدق کے پاس روانہ کر دیا، اغانی میں فرزدق کے ذکر میں ہے:-

| | |
|---|---|
| فلما اتاہ کتابہ لم یدر | فرزدق کا خط ملا تو تمیم یہ نہ سمجھ سکے کہ اس |
| ما اسمہ خُنیس او حُبیس | شخص کا نام خنیس یا حبیس ہے اس لئے اپنا |
| فاخرج دیوانہ واقتفل | دفتر اور رجسٹر نکال کر اس میں دیکھا اور |
| کل خنیس وحبیس من | خنیس وحبیس کے نام کے جتنے سپاہی ان کی |
| جیشہ وانفذ ھم | فوج میں تھے سب کو فرزدق کے پاس روانہ |
| الی الفرزدق[1] | کر دیا ـــــ |

اسی طرح حربی شعبوں کے دیگر امور و معاملات کے لئے دفاتر ہوتے تھے جن میں آمد و خرچ کا حساب، قیدیوں کی تعداد، غنائم و سبایا کی تفصیلات اور مختلف قسم کی رقموں کے بارے میں مکمل معلومات ہوا کرتی تھیں، ایک موقع پر ایسے ہی دفتر سے جنید بن عبد الرحمٰن مری نے ہندوستان کے غنائم و سبایا کی تفصیل خلیفہ کو لکھ بھیجی تھی، جس میں یہ بھی لکھا تھا:-

انی نظرت فی دیوانی الخ[2] میں نے اپنے دفتر میں دیکھا ہے۔

# فوجوں کی ترتیب

میدانِ جنگ میں اسلامی فوج کے الگ الگ حصّے ہوتے تھے اور سب مل کر جیش بن جاتے تھے، ان کی ترتیب یہ ہوتی تھی۔ مقدمۃ الجیش یعنی ہراول دستہ، یہ فوج کے آگے آگے چلتا تھا میمنہ اور میسرہ یعنی دائیں بائیں دستے، ان کے درمیان میں قلب ہوتا تھا، ان تمام ٹکڑوں پر الگ الگ امیر ہوتے تھے اور امیر الجیش ان سب کا امیر ہوتا تھا، نیز فوج میں فُرسان یعنی سوار اور رجالہ یعنی پیدل سپاہی ہوتے تھے، ان کے لئے بھی الگ الگ امراء ہوتے تھے۔

---

[1] کتاب الاغانی ج ۲۱ ص ۳۷۷، [2] تاریخ یعقوبی ج ۲ ص ۳۸۰۔

Marfat.com

عام طور سے ہر دستہ کے امیر کا علیحدہ جھنڈا ہوتا تھا جسے رایت کہتے تھے لبعض اوقات قبی
قبیلہ کے سپاہیوں کے رایات علیحدہ علیحدہ ہوتے تھے اور امیرالجیش کا جھنڈا سب سے بڑ
ہوتا تھا جسے عَلَم کہتے تھے۔

ایران، فارس اور ہندوستان وغیرہ مشرقی ممالک کے مجاہدین کو یہاں زیب وزین
اور رنگین زندگی کے نتائج سے ڈرایا جاتا تھا اور ان کو سادگی، تقویٰ اور بلند کردار کی تعلی
دی جاتی تھی، علاقہ جوزجان میں جہاد کے موقع پر امیر لشکر حضرت اقرع بن حابس تمیمی رضی اللہ
عنہ نے اپنی فوج کے سامنے یہ تقریر کی تھی:۔

| | |
|---|---|
| یا بنی تمیم تحابوا تبادلوا تعتدل | اے بنی تمیم! آپس میں محبت رکھو اور ایک |
| امورکم وابدؤا بجهاد بطونکم | دوسرے کی خیر خواہی کرو، اس سے تمہارے |
| وفروجکم یصلح لکم دینکم | معاملات درست ہوں گے، تم پہلے اپنے شکم |
| ولا تغلوا یسلم لکم | اور شرمگاہ سے جہاد کرو اس سے تمہاری |
| جهادکم۔[1] | دینی اصلاح ہوگی اور غلول نہ کرو اس سے |
| | تمہارا جہاد صحیح وسالم اور کامیاب رہے گا۔ |

لبعض اوقات دشمن کی طاقت وشوکت کے مقابلہ میں مجاہدین اسلام میں جوش وولو
پیدا کرنے کے لئے امیرِ لشکر ان سے قسم لیا کرتا تھا چنانچہ فتح مکران کے موقع پر اسلامی لشکر
کے امیر حضرت سنان بن سلمہ ہذلیؓ نے اپنی فوج سے طلاق کی قسم لی تھی جو اسلامی فوج کیلئے
پہلی چیز تھی:۔

| | |
|---|---|
| وهو اول من احلف الجند | سنان بن سلمہؓ پہلے امیر لشکر ہیں جنھوں نے فوج |
| بالطلاق فاتی الثغر ففتح | سے طلاق کی قسم لی، پھر ہندوستان کی حدود |
| مکران[2] | میں آکر مکران فتح کیا۔ |

[1] فتوح البلدان ص ۳۹۸، [2] ،، ص ۴۲۱۔

غزوۂ قیقان کے موقع پر جبکہ دشمن کا دباؤ بہت ہی شدید تھا حضرت سنانؓ نے اسلامی فوج کو جوش دلاتے ہوئے فرمایا تھا :-

| | |
|---|---|
| ابشروا فأنتم بین خصلتین الجنة والغنیمة [1] | تم لوگوں کو بشارت ہو کہ اس وقت تم دو کامیابیوں کے درمیان میں ہو جنت اور غنیمت ۔ |

نیز اسلامی فوج کے سامنے بوقت ضرورت ہمت افزا رجز یہ اشعار اور ایمان افروز آیات سنائی جاتی تھیں ۔ اور ہر فوج کے شعار کے طور پر ان کے مخصوص کلمات اور جملے ہوتے تھے ، جن کو ہر فوجی کہتا رہتا تھا ۔ اس سے اپنی شناخت کے علاوہ وحدتِ کلمہ کا بھی کام لیا جاتا تھا ۔ اسلام کی سربلندی اور موت سے بے خوفی ہر مجاہد کا شیوہ ہوتا تھا ۔ اور ان ہی ہر دو عناصر سے مسلمان غازی و شہید بنتا تھا ۔ حجاج بن یوسف کے دورِ امارت میں والیٔ سجستان حضرت عبیداللہ بن ابی بکرہ نے راجہ رتبیل سے ایک موقع پر دب کر صلح کی تو حضرت شریح بن ہانی حارثی نے ان کو یوں للکارا :-

| | |
|---|---|
| اتق الله، وقاتل هؤلاء القوم فانك ان نعلت ما تریدا ان تفعله او هنت الاسلام بهذا الثغر وکنت قد فررت من الموت الذی الیه مصیرك ۔ | تم اللہ سے ڈرو اور ان دشمنوں سے جنگ کرو کیونکہ اگر تم جو چاہتے ہو وہی کرو گے تو اس علاقہ میں اسلام کو کمزور کردو گے اور تم اس موت سے بھاگتے ہو جس سے تم کو مفر نہیں ہے ۔ |

ان الفاظ نے اسلامی فوج میں گرمی پیدا کر دی اور راجہ رتبیل پر حملہ کیا گیا ۔ خود حضرت شریح بن ہانی نے بھی حملہ کیا اور شہادت پائی ۔ [2]

---

[1] تاریخ خلیفہ ج ۱ ص ۲۴۹ [2] فتوح البلدان ص ۳۹۱ ۔



Marfat.com

# میدانِ جہاد

ہندوستان میں مسلمانوں کے جہاد کا کیا نقشہ ہوتا تھا اور وہ کس طرح اپنے دشمنوں سے مقابلہ کرتے تھے؟ اس کے سمجھنے کے لئے ہم عہدِ معاویہ میں غزوۂ قیقان کا نقشہ پیش کرتے ہیں خلیفہ بن خیاط نے حضرت ابو الیمان معلّی بن راشد نبالی ہذلی رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کی ہے کہ ۳۸ھ میں ہم لوگ حضرت سنان بن سلمہؓ کی امارت میں غزوۂ قیقان میں شریک ہوئے۔ اس جنگ میں دشمنوں کی ایک بہت بڑی جماعت سے ہمارا مقابلہ ہوا۔ سب سے پہلے امیر لشکر سنانؓ بن سلمہ نے اسلامی فوج کے سامنے خطبہ دیا جس میں فرمایا کہ تم لوگوں کے لئے بشارت ہو کہ آج تم جنت اور غنیمت کے درمیان ہو۔ پھر کہا کہ جب تم دیکھ لینا کہ میں نے دشمن پر حملہ کر دیا تو تم بھی حملہ کرنا۔ اس سے پہلے کوئی اقدام نہ کرنا۔ چنانچہ اسلامی فوج انکے حکم وحملہ کی منتظر رہی یہاں تک کہ جب سورج آسمان کے وسط میں پہونچ گیا تو سنان نے نعرۂ تکبیر کے ساتھ ایک پتھر دشمن کی فوج کی طرف پھینکا۔ پھر اسی طرح تکبیر کے ساتھ یکے بعد دیگرے چھ پتھر پھینکے۔ جب سورج ڈھل گیا تو ساتواں پتھر بھی پھینکدیا۔ اور حٰمٓ لَا یُنْصَرُوْنَ پڑھ کر نعرۂ تکبیر بلند کیا پھر دشمن پر حملہ کر دیا اور حسبِ ہدایت ہم نے بھی ان کے ساتھ ہی حملہ کر دیا اور وہ ہمت دلیری دکھائی کہ گویا دشمنوں نے اپنے دست وبازو ہمارے حوالہ کر دئیے اور چار فرسخ تک ان کو مارتے اور تعاقب کرتے رہے، حتّٰی کہ وہ ایک قلعہ میں روپوش ہو گئے۔ جب ہم اس قلعہ کے پاس پہونچے تو انھوں نے ہم سے کہا کہ خدا کی قسم آپ لوگوں نے ہم سے جنگ نہیں کی ہے اور نہ ہم نے آپ سے جنگ کی ہے بلکہ وہ اور تھے ان کو ہم اس وقت نہیں دیکھ رہے ہیں وہ ابلق گھوڑوں پر سوار تھے ان کے سروں پر سفید عمامے تھے۔ ہم نے ان کو بتایا کہ یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہمارے لئے فرشتوں کی مدد آئی تھی۔ اس جنگ میں ہمارا صرف ایک سپاہی کام آیا اور ہم فاتح بن کر واپس ہوئے۔ پھر ہم نے باتوں باتوں میں سنان بن سلمہؓ سے کہا کہ آپ دشمن کے مقابلہ میں چپ چاپ

پڑے رہے یہاں تک کہ جب سورج ڈھل گیا تو ان پر حملہ آور ہوئے۔ انہوں نے اس کا سبب یہ بتایا کہ:۔

| | |
|---|---|
| کذلک کان یصنع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم [1] | رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایسا ہی کیا کرتے تھے۔ |

# رسد کا انتظام

ہندوستان کے غزوات میں یہاں کے ناگفتہ بہ حالات اور اشیائے خورد و نوش کی شدید قلت کی وجہ سے فوج کے لئے غذا کا انتظام بہت معقول کیا جاتا تھا۔ پھر بھی کبھی کبھی سخت تکلیف ہو جاتی تھی۔ حضرت عبید اللہ بن سوار کے ساتھ چار ہزار فوج تھی اور رسد کو پکا پکایا کھانا ملتا تھا۔ کسی سپاہی کو خود پکانے کی زحمت گوارا نہیں کرنی پڑتی تھی۔ ایک رتبہ عبید اللہ بن سوار نے دیکھا کہ فوجی کیمپ میں آگ جل رہی ہے تو دریافت کیا کہ کیا ماجرا ہے؟ معلوم ہوا کہ کسی فوجی کی بیوی کے یہاں بچہ پیدا ہوا ہے۔ اسی لئے خبیص (کھجور اور گھی کا حلوہ) تیار کیا جا رہا ہے۔ یہ سن کر ابن سوار نے حکم دیا کہ تین دن تک تمام فوجیوں کو عام کھانے کے ساتھ خبیص (حلوہ) بھی دیا جائے۔ اس سے معلوم ہوا کہ سامان خورد و نوش کی وافر مقدار ہر وقت موجود رہتی تھی۔ ورنہ چار ہزار فوجیوں کو تین دن تک کھجور اور گھی کا حلوہ نہیں کھلایا جا سکتا تھا۔ محمد بن قاسم کے ساتھ حجاج نے غذائی ضرورت کے پیش نظر سرکہ کا یوں انتظام کیا تھا کہ روئی سرکہ میں تر کر کے سایہ میں خشک کرائی اور اس کو روانہ کیا تاکہ بوقت ضرورت اسے جوش دے کر سرکہ نکال لیا جائے۔ اس کے باوجود ان کی فوج میں محاصرۂ ملتان کے طول پکڑنے پر سخت غذائی قلت کا سامنا کرنا پڑا۔

| | |
|---|---|
| ونفدت ازواد المسلمین فاکلوا الحمر۔ (فتوح البلدان ص ۴۲۸) | مسلمانوں کے توشے ختم ہو گئے تو انہوں نے گدھے کا گوشت کھایا۔ |

[1] تاریخ خلیفہ ج ۱ ص ۲۲۶، ۲۰۵ھ

جنید بن عبدالرحمٰن مری کے دورِ امارت میں سندھ میں نہایت شدید قحط پڑا تھا اور عوام نے بڑی تباہی کا مقابلہ کیا تھا۔ اس وقت امارت کی طرف سے فوجوں کے لئے بھی معقول انتظامات کئے گئے۔

# آرام و آسائش

ہندوستان میں اسلامی افواج کے آرام و اطمینان پر خصوصی توجہ دی جاتی تھی اور یہاں کے ناگفتہ بہ حالات کا لحاظ کر کے ان کے لئے مراعات اور آسائیاں حاصل تھیں۔ اس علاقہ میں زیادہ دنوں تک قیام کرنے سے سپاہیوں کی صحت پر برا اثر پڑتا تھا اور وہ گھبرانے لگتے تھے۔ مشہور شاعر اعشیٰ ہمدان کو حجاج بن یوسف نے مکران کی جنگ پر بھیجا تو وہ زیادہ دنوں تک یہاں رہنے کی وجہ سے بیمار پڑ گئے۔ کتاب الاغانی میں ہے:

فخرج الیہا و طال مقامہ بہا و مرض فاجتواھا۔[1]

اعشیٰ مکران میں زیادہ دن تک قیام کی وجہ سے بیمار پڑ گئے اور وہاں سے گھبرا گئے۔

اسی سلسلہ میں انھوں نے ۷۵ اشعار کا ایک قصیدہ کہا ہے جس میں مکران کے مصائب کا ذکر کیا ہے۔

امیر لشکر کو جس سپاہی کے متعلق معلوم ہو جاتا کہ وہ یہاں سے اکتا گیا ہے اس کے گھر والے پریشان ہیں اسے فوراً رخصت دیدیتا تھا۔ اس سلسلہ میں یہ واقعہ بہت مشہور ہے کہ ایک بوڑھی عورت نے فرزدق کے پاس آکر کہا کہ میرا بیٹا تمیم بن زید قینی کے ساتھ سندھ میں ہے اور اس کے علاوہ کوئی میری دیکھ بھال کرنے والا نہیں ہے فرزدق نے تمیم بن زید کے پاس منظوم سفارش روانہ کی جس میں اس جوان کا نام مشتبہ تھا اصل میں اس کا نام خنیس تھا مگر تحریر میں کچھ اس طرح تھا کہ خنیش، حبیش، جشیش، خشیش سب پڑھ

[1] کتاب الاغانی ج ۶ ص ۳۴۔

جا سکتا تھا۔ چنانچہ اس وزن پر جن جن سپاہیوں کے نام نکلے تمیم بن زید نے سب کو وطن جانے کی اجازت دیدی۔ جن کی مجموعی تعداد اسّی تھی[1]۔

## جوائز اور انعامات

اسلامی قانون کی رو سے مال غنیمت سے اسلامی فوج کو اس کا مقررہ حصہ ملتا تھا۔ اس کے علاوہ موقعہ بہ موقعہ امیر کی طرف سے جائزہ اور انعام کے طور پر سپاہیوں میں بڑی بڑی رقمیں اور جنگی قیدی تقسیم کیے جاتے تھے یہ مجاہدین کی تشجیع اور ہمت افزائی کا ایک طریقہ تھا جس کے لیے امیر لشکر آزاد اور مختار ہوتا تھا۔ اس قسم کے وقتی عطایا و انعامات کو جائزہ کہا جاتا تھا۔ اس سلسلہ میں یہ واقعہ دلچسپ ہے کہ حجاج بن یوسف کے دور امارت میں حضرت قطن بن قبیصہ بن مخارق ہلالی فارس اور کرمان کے امیر ہوئے اور وہ یہاں آکر ایک دریا پر گذرے جسے ان کی فوج کا کوئی سپاہی پار کرنے کے لیے تیار نہیں تھا اور جب حضرت قطن بن قبیصہ نے اعلان کیا کہ :۔

| | |
|---|---|
| من جاز فلہ الف درھم۔ | ہر پار کرنے والے کو ایک ہزار درہم دیے جائیں گے۔ |

تو لوگ دریا پار ہونے لگے اور انھوں نے وعدہ کے مطابق سب کو ایک ایک ہزار درہم دیا۔ اسی تاریخ اور اسی واقعہ کے بعد انعام کو جائزہ کہا جانے لگا۔ بعض شعراء نے اس کا تذکرہ اپنے اشعار میں کیا[2]۔ سندھ مکران کے غزوات میں اس طرح کے جوائز و انعامات اکثر تقسیم کیے جاتے تھے۔ خاص طور سے اجواد و اسخیاء کی امارت میں بھی رقمیں فوجیوں کو زیادہ ملتی تھیں چنانچہ حارث بن عبد اللہ مری، عبد اللہ بن سوار عبدی، مہلب بن ابی صفرہ ازدی، منذر بن جارود عبدی، حکم بن منذر بن جارود

---

[1] الاضداد فی اللغۃ ص ۲۵۶۔ ۲۵۷۔ [2] فتوح البلدان ص ۳۸۴۔

عبدی، محمد بن قاسم ثقفی، جنید بن عبد الرحمٰن مری، تمیم بن زید قینی کے زمانہ میں داد و دہش کی خوب گرم بازاری رہی۔ حارث بن عبد اللہ مری نے ایک بار ایک دن میں ایک ہزار غلام اپنی فوج میں تقسیم کئے۔ ایک موقع پر جنید بن عبد الرحمٰن مری نے یہ خلیفہ ہشام کو لکھا کہ:۔

وحملت ثمانین الف الف درھم — اسی لاکھ درہم روانہ کرچکا ہوں اور
وفرقت فی الجند امثالھا — متعدد بار اتنی ہی رقم فوجوں میں تقسیم
مرارا[1] — کی ہے۔

غزوۂ دیبل میں محمد بن قاسم نے حجاج بن یوسف کے حکم ومشورہ سے عروس نامی منجنیق نصب کرکے بت خانہ کا مینار اور جھنڈا گرایا تو حجاج نے اس کے چلانے والے کو خصوصی انعام واکرام سے نوازا۔

جائزہ اور انعام صرف لشکر کے سپاہیوں تک محدود نہیں تھا۔ بلکہ بعض اوقات امرائے لشکر کو بھی نوازا جاتا تھا اور ان کی ہمت افزائی اور تشجیع کی خاطر مفتوحہ علاقوں کی امارت وریاست کی پیشگی پیش کش کردی جاتی تھی۔ چنانچہ ایک مرتبہ حجاج بن یوسف نے سندھ کے امیر محمد بن قاسم اور خراسان کے امیر قتیبہ بن مسلم باہلی کو لکھا کہ

ایکما سبق الی الصین فھو — تم دونوں میں سے جو بھی چین کی طرف
عامل علیھا وعلی صاحبھا[2] — بڑھ جائے گا وہ وہاں کا امیر ہوگا۔

الغرض اسلامی فوج کے آرام وآسائش کا پورا پورا انتظام کیا جاتا تھا اور ان کی ہر چھوٹی بڑی ضرورت اور جائز خواہش پوری کرنے کے ساتھ عیش وتنعم اور ہر قسم کی اخلاقی وقومی برائیوں سے محفوظ رکھنے کی ہر امکانی تدبیر کی جاتی تھی۔ ان کے خلاف بیرکڑی نظر رکھی جاتی تھی اور ان کو ہر اعتبار سے صاف ستھرا اور خوش وخرم رکھا جاتا تھا

[1] تاریخ یعقوبی ج ۲ ص ۳۸۰۔ [2] تاریخ یعقوبی ج ۲ ص ۳۴۷۔

Marfat.com

# جنگی آلات اور سامان

جنگی آلات اور جنگی سامان کی فراہمی میں پوری کوشش کی جاتی تھی اور ناگہانی ضرورت کے وقت جن چیزوں کی ضرورت پڑتی تھی یا پڑ سکتی تھی ان کو خاص طور پر مہیا کیا جاتا تھا۔ فوج کی عدت کے ساتھ آلات کی عدت کا بھی پورا اہتمام رہتا تھا۔ آلاتِ حرب و ضرب میں تلوار، ڈھال، نیزہ، برچھا، زرہ، خود، سنہ بند وغیرہ اس دور کے آلات کے علاوہ عربوں کے کچھ خاص آلات بھی ہوا کرتے تھے جن سے عجم کے لوگ ناواقف تھے۔ ان کو بوقت ضرورت استعمال کر کے فتح حاصل کی جاتی تھی۔

## منجنیق

منجنیق ایک زبردست کلدار آلہ جنگ ہوتا تھا جس کے ذریعہ بھاری بھاری پتھر قلعوں پر پھینکے جاتے تھے اور ان کی سنگین اور مستحکم دیواریں توڑی جاتی تھیں۔ اسلام میں سب سے پہلے منجنیق کا استعمال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ۸ھ میں غزوہ طائف کے موقع پر فرمایا جبکہ اہل طائف قلعہ بند ہو کر اسلامی لشکر سے مقابلہ کر رہے تھے۔ سیرت ابن ہشام میں ہے:۔

ورماهم رسول الله صلی الله علیہ وسلم بالمنجنیق حدثنی من اثق به ان رسول الله صلی الله علیہ وسلم اول من رمی فی الاسلام بالمنجنیق رمی به اهل الطائف[1]

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اہل طائف پر منجنیق سے حملہ کیا۔ (حدیث) اسلام میں سب سے پہلے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے طائف والوں پر منجنیق استعمال فرمایا۔

---

[1] سیرت ابن ہشام ج ۲ ص ۴۸۳۔

Marfat.com

ان منجنیقوں کی مختلف قسمیں اور ان کے علیحدہ علیحدہ نام ہوتے تھے۔ان کے چلانے والے خاص خاص ماہرین ہوا کرتے تھے۔محمد بن قاسم کے ساتھ پانچ منجنیقیں تھیں اور دیبل کی جنگ میں جو منجنیق استعمال کی تھی اس کا نام عروس تھا وہ اتنی بڑی اور زبردست تھی کہ پانچ سو آدمی اس کو چلاتے تھے۔بلاذری نے لکھا ہے

| | |
|---|---|
| ونصب منجنیقا تعرف | محمد بن قاسم نے منجنیق نصب کی جو |
| بالعروس کان یمد فیها خمس | عروس کے نام سے مشہور تھی اسے پانچ سو |
| مائة رجل۔[1] | آدمی کھینچنے اور چلاتے تھے۔ |

اس کے خصوصی ماہر جعونہ بن عقبہ سلمی تھے۔جب دیبل کا حصار طول پکڑ گیا اور عروس کے استعمال کی ضرورت محسوس ہوئی تو محمد بن قاسم نے حجاج بن یوسف کو لکھ کر اس کے بارے میں ہدایت حاصل کی۔حجاج نے لکھا کہ تم عروس کو اس طرح نصب کرو کہ اس کا دہانہ کھڑا رہے تاکہ بت خانہ کے مینار پر زد پڑے۔مشرقی جانب نصب کرو اور اس کے چلانے والے سے کہو کہ بت خانہ کے مینار اور جھنڈے کا ارادہ کرے۔ چنانچہ محمد بن قاسم نے جعونہ بن عقبہ سلمی کو بلا کر ہدایت کی اور کہا کہ اگر تم اس مینار اور جھنڈے کو گرا دو گے تو میں تم کو انعام دوں گا۔انھوں نے کہا کہ عروس سے ان کو گرا سکتا ہوں۔چنانچہ ایسا ہی ہوا اور اس ایک آلہ کی وجہ سے دیبل کا حصار ٹوٹا اور مسلمانوں کو فتح حاصل ہوئی[2] اس واقعہ سے غزوات میں منجنیق کی ضرورت و افادیت کا اندازہ ہو جاتا ہے۔قلعہ کشائی کے لئے دیگر اسباب و آلات بھی ہوتے تھے۔

سوراشٹر کے قریب سندھ کی سرحد میں عمر کوٹ مشہور مقام ہے یہاں کے قلعہ میں کھدائی کے بعد منجنیق کے گولے نکلے ہیں جو وزن میں ڈوڈو من لوہے کے برابر ہیں اور تربوز کے سائز میں اندر سے جوف دار ہیں (ازمکتوب مولانا سید محمد سلیم صاحب پرنسپل شاہ ولی اللہ کالج منصورہ سندھ)

[1] فتوح البلدان ص ۴۲۵، تحفۃ الکرام ج ۲ ص ۴۲ (قلمی)، [2] فتوح البلدان ص ۴۲۹

## کبّاش

کباش بھی قلعہ کی سنگین دیوار اور فصیل توڑنے کا ایک آلہ تھا جو قریب سے دھکا دیکر اپنا کام کرتا تھا۔ جنید بن عبد الرحمٰن مری نے کیرج کی جنگ میں اسی آلہ سے کام لے کر قلعہ فتح کیا تھا۔ کیرج والوں نے سابقہ عہد و پیمان سے روگردانی کر کے بد عہدی کی اس لئے جنید نے ان کی تادیب کرنی چاہی مگر راجہ اور مقامی باشندے قلعہ بند ہو کر آمادۂ جنگ ہو گئے اس وقت کباش استعمال کیا گیا۔ بلاذری نے لکھا ہے:۔

| | |
|---|---|
| فاتخذ واکبّاشًا نطاحۃً فصلت | جنید نے دھکا مارنے والا کباش استعمال |
| بھا حائط المدینۃ حتی ثلمہ | کر کے شہر پناہ میں سوراخ کر دیا پھر |
| ودخلھا عنوۃً[1] | زبردستی شہر میں داخل ہو گئے۔ |

منجنیق اور کباش محاصرہ کے طول پکڑ جانے کے بعد آخری حربہ کے طور پر استعمال کئے جاتے تھے اس ترکیب سے عام طور سے حصار ختم ہو جاتا تھا۔ ان کی حیثیت اس زمانہ میں توپ یا ٹینک کی تھی۔

## نفط و نار

نفط یعنی تارکول یا مٹی کا تیل گرم کر کے دشمن کی فوج پر پھینکا جاتا تھا جس سے آگ لگ جاتی تھی۔ یہ ایک آتشیں آلہ تھا۔ جس میں تیل رکھ کر آگ لگا دی جاتی تھی۔ پھر اسے دشمن کی صف میں پھینک دیا جاتا تھا اور بڑی مشکل سے بجھتا تھا گویا ہوائی جہاز کی طرح ایک آتشیں آلہ تھا جسے بم کی ابتدائی شکل سے بھی تعبیر کیا جا سکتا ہے۔ جنید بن عبد الرحمٰن مری نے اپنی جنگوں میں جہاں دشمنوں نے قلعہ بند ہو کر شدید مزاحمت کی اسے استعمال کیا۔ یہ عربوں کا خاص آلۂ حرب تھا جس کے جلانے بجھانے سے یہاں کے لوگ ناواقف تھے۔ جنید نے ارضِ جین پر فوج کشی کر کے اس کے راجہ کو دعوتِ اسلام دی مگر راجہ قلعہ بند ہو کر آمادۂ جنگ ہوا اور کئی دن تک شدید مزاحمت کے

---

[1] فتوح البلدان ص ۴۲۹۔

باوجود قلعہ فتح نہ ہوسکا تو جنید نے اس آلہ کو آخری حربہ کے طور پر استعمال کیا۔ مؤرخ یعقوبی کا بیان ہے:۔

| | |
|---|---|
| ورمی حصنہ بالنفط والنار[1] | جنید نے راجہ کے قلعہ پر نفط و نار سے حملہ کیا۔ |

اس کے بعد بھی قلعہ فتح نہیں ہوا اندر کچھ لوگ تھے جو اس کے بجھانے کی ترکیب سے واقف تھے۔ جنید نے کہا کہ قلعہ کے اندر کچھ عرب معلوم ہوتے ہیں جو اسے بجھا دیتے ہیں۔ چنانچہ فتح کے بعد یہ بات صحیح نکلی اور دو عرب ملے جن کو قتل کر دیا گیا۔

## سیڑھی اور پل

اسلامی فوج کے ساتھ ایسے سامان بھی ہوتے تھے جو ہنگامی ضرورت میں کام آسکیں مثلاً دریا پار کرنے کے لئے وقتی پل، اور قلعوں کی دیواروں پر چڑھنے کے لئے وقتی سیڑھی اور اسی قسم کے دوسرے سامان تیار رکھے جاتے تھے۔ فتح دیبل کے وقت پر سیڑھیاں استعمال کی گئیں جن کے ذریعہ اسلامی فوج فصیل پر چڑھ کر شہر میں داخل ہوئی یعقوبی نے لکھا ہے:۔

| | |
|---|---|
| ثم وضع السلالیم علی السور واصعد الرجال[2] | محمد بن قاسم نے شہر پناہ پر سیڑھیاں لگائیں اور لوگوں کو اوپر چڑھایا۔ |

بلاذری نے مزید تصریح کی ہے:۔

| | |
|---|---|
| وامر بالسلالیم فوضعت وصعد علیها الرجال وکان اول صعودا رجل من مراد من اهل الکوفة[3] | محمد بن قاسم نے حکم دیا اور سیڑھیاں لگائی گئیں تو لوگ اوپر چڑھے۔ سب سے پہلے کوفہ کے قبیلہ بنو مراد کا ایک شخص چڑھا تھا۔ |

[1] تاریخ یعقوبی ج ۲ ص ۳۷۹ [2] تاریخ یعقوبی ج ۲ ص ۳۴۵ [3] فتوح البلدان ص ۴۳۵

Marfat.com

سب سے پہلے سیڑھی کے ذریعہ شہر کے اندر اترنے والے احمد بن خزیمہ مرادی کوفی تھے۔ ان کے بعد عجل بن عبدالملک بن قیس دینی بصری اترے۔

ہنگامی حالات اور وقتی ضرورت کے لئے پل کا سامان بھی فوج کے ساتھ رہا کرتا تھا اور فوجیں چھوٹے بڑے دریا پر پل تیار کر کے پار ہو جاتی تھیں۔ اس میں بعض اوقات بڑی مشکل پیش آجاتی تھی۔ چنانچہ ایک مرتبہ امیر فارس و کرمان حضرت قطن بن قبیصہ ہلالی نے اپنے سپاہیوں کو ایک ایک ہزار درہم دے کر دریا پار کرایا تھا۔ اس کے بعد خاص طور سے وقتی پل کا سامان فوجوں کے ساتھ رکھا جانے لگا۔

محمد بن قاسم نے دریائے سندھ کو عبور کر کے کچھ کے راجہ راسل کے علاقہ میں جانا چاہا تاکہ راجہ داہر اور اس کی فوج سے مقابلہ کریں۔ اس موقعہ پر دریائے سندھ پر وقتی پل بنایا گیا جس سے تمام فوج پار ہو گئی۔ بلاذری نے لکھا ہے:۔

| | |
|---|---|
| ثم ان محمداً احتال لعبور | محمد بن قاسم نے دریائے سندھ پار |
| مهران، حتی عبره مما یلی | کرنے کی ترکیب کی اور پل بنا کر اسی |
| بلاد راسل ملك قصة من | سے کچھ کے راجہ راسل کے دریا |
| الهند علی جسر عقده | میں پہونچے۔ |

دریائے سندھ کی چوڑائی سے اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ یہ وقتی پل کتنا بڑا رہا ہوگا اور اس کے لئے کس قسم کے اور کتنے زیادہ ساز و سامان کی ضرورت پڑی ہوگی جو اسلامی فوج کے ساتھ تھے۔ نیز محمد بن قاسم نے ایک موقع پر پنجاب کے دریائے بیاس کو عبور کیا تھا۔ غالباً اس موقع پر بھی وقتی پل بنایا گیا تھا۔

ح البلدان ص ۴۲۶۔

Marfat.com

# گھوڑے، اونٹ، خچر، گدھے

بار برداری اور سواری کے لئے فوج میں جانوروں کی تعداد بہت زیادہ ہوتی تھی
جنگ میں گھوڑے عربوں کے خاص ساتھی اور معاون تھے۔ ان کے پاس اصیل اور بہترین
گھوڑے ہوتے تھے۔ فُرسان یعنی سواروں کی فوج اپنی جداگانہ شان رکھتی تھی۔ باربرداری
کے لئے گدھے اور خچر اور اونٹ بھاری تعداد میں ہوتے تھے۔ **عمرو بن محمد بن قاسم کی امارتِ سندھ**
کے زمانہ میں اسلامی فوج میں مروان بن یزید بن مہلب ازدی نے بغاوت کردی تھی
اور فوجیوں کی ایک جماعت نے بہت سا سامان اور جانور لوٹ لئے تھے یعقوبی نے اس سلسلہ میں لکھا ہے:

حتی انتھب متاعہ واخذ دوابہ[1] — مروان بن یزید ازدی نے عمرو بن محمد بن قاسم کی فوج کے سامان اور جانور لے لئے۔

محمد بن قاسم نے محمد بن مصعب بن عبدالرحمن ثقفی کے ساتھ ہندوستان پر جو مہم روانہ کی تھی اس میں اونٹوں
اور گھوڑوں کی تعداد بہت زیادہ تھی۔ فوجیں گھوڑوں پر سوار تھیں اور سامان اونٹوں پر لدے ہوئے تھے
اس موقع پر بلاذری نے خاص طور پر تصریح کی ہے:-

فی خیل وجمالات[2] — اس مہم میں گھوڑے اور اونٹ تھے۔

ایک مرتبہ حجاج بن یوسف کو خبر ملی کہ محمد بن قاسم کی فوج میں گھوڑوں کی شدید
قلت ہوگئی ہے تو عراق سے دو ہزار گھوڑے روانہ کئے اور تاکید کی کہ جنگ داہر میں کسی
قسم کی سستی اور دیر نہ ہونے پائے (تحفۃ الکرام ج ۲ ص ۳۲ قلمی)۔

ملتان کی جنگ میں محمد بن قاسم کی فوج میں سخت غذائی قلت ہوگئی تھی اور اسلامی
فوج نے مجبوراً گدھے کا گوشت کھا کر سدِ رمق کیا۔

و نفدت ازواد المسلمین — مسلمانوں کے توشے ختم ہوگئے تو انھوں

---

[1] تاریخ یعقوبی ج ۲ ص ۳۹۰ [2] تاریخ یعقوبی ج ۲ ص ۴۰۷

فاکلوا الحمر[1] نے گدھے کا گوشت کھایا۔

یزید بن عرار کی امارت کے زمانہ میں منصور بن جمہور کلبی نے عراق سے آکر سندھ میں ان سے مقابلہ کیا اور مقام سدوسان میں جنگی کشتیاں تیار کر کے اونٹوں پر دریائے سندھ تک لایا۔ یعقوبی نے لکھا ہے:

| | |
|---|---|
| ثم عمل المراکب بسدوسان | منصور نے سدوسان میں کشتیاں تیار |
| وحملها علی الابل حتی القاها | کیں، اور ان کو اونٹوں پر لاد کر |
| فی مهران۔[5] | دریائے سندھ میں ڈالا۔ |

ان چند واقعات سے اندازہ ہو سکتا ہے کہ یہ سفینۃ البر جنگی ضروریات کے سلسلہ میں کس قدر افادیت و اہمیت رکھتا تھا۔

# بحری بیڑا

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ۲۳ھ میں ایران کی فتوحات کے سلسلہ میں بحری مہمات کی اجازت دی تھی اور بیک وقت سات مقامات پر براہ سمندر حملہ ہوا تھا۔ اسی سلسلہ میں مسلمانوں کے بحری بیڑے تھانہ بھڑوچ اور دیبل تک آئے تھے مگر اس کی حیثیت اسلامی فوج کے بحری سفر کی تھی۔ البتہ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے باقاعدہ جنگی بیڑا تیار کر کے ۲۸ھ یا ۲۹ھ میں حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی اجازت سے جزیرۂ قبرص کو فتح کیا بلاذری کا بیان ہے:

| | |
|---|---|
| فرکب البحر من عکا و معه مراکب | حضرت معاویہؓ بہت سے جہاز لے کر |
| کثیرة۔ | عکا سے بحری مہم کے لئے روانہ ہوئے۔ |

بعد میں قبرص والوں نے رومیوں کی شہ پر بدعہدی کی تو حضرت معاویہ نے دوبارہ

---

[5] تاریخ یعقوبی ج ۲ ص ۴۰۷۔

سنہ ۳۳ھ میں پانچ سو جہازوں کا بحری بیڑا تیار کر کے اسے فتح کیا۔

| | |
|---|---|
| فغزاھم معاویۃ سنۃ ثلاث وثلاثین فی خمسمائۃ مرکب[1] | حضرت معاویہؓ نے ۳۳ھ میں پانچ سو جہازوں کا بیڑا تیار کر کے اہل قبرص سے جہاد کیا۔ |

سندھ ومکران اور ہندوستان میں اسلامی فوج عام طور سے خراسان وسجستان کے بری راستہ سے آئی تھی۔ بوقت ضرورت بحری راستہ سے بھی آمد ہوئی تھی اور چونکہ اموی دور میں مکران وسندھ سے لے کر سوراشٹر اور گجرات تک کے ساحلی اور اندرونی علاقوں پر مسلمانوں کا قبضہ تھا۔ اس لئے یہاں بحری بیڑے کا باقاعدہ انتظام رہتا تھا۔ ہماری تحقیق میں یہاں سب سے پہلے عبدالملک بن مروان کے دور خلافت میں محمد بن ہارون بن ذراع نمری نے جنگی جہازوں کا استعمال کیا جبکہ سرندیپ کے اسلامی جہاز کے حادثہ کے بعد انھوں نے دیبل پر حملہ کیا تھا۔ یعقوبی نے لکھا ہے:۔

| | |
|---|---|
| فخرج یرید الدیبل فی عدۃ سفن[2] | محمد بن ہارون متعدد کشتیوں میں دیبل کے ارادے سے نکلے |

اس کے بعد محمد بن قاسم نے بری فوج کے ساتھ زبردست بحری بیڑا بھی ساتھ رکھا اور پورے غزوات وفتوحات میں حسب ضرورت اس سے کام لیا۔ شیراز سے سندھ کی طرف سے روانگی کے وقت منجنیق اور دوسرے جنگی آلات وسامان جہازوں میں رکھے اور ابن مغیرہ اور خریم بن عمر ومُرّی کو اس بیڑے کا ناظم الامور بنایا۔ راور کے محاصرہ کے موقع پر توبہ بن دارس کو جنگی جہازوں کی آمد ورفت کا افسر اعلیٰ مقرر کیا اور قلعۂ دھلیلہ کے فتح کے بعد ودھاتیہ کی مہم چلے تو یہ خدمت توبہ بن ہارون کو سپرد کی[3]۔ ان جہازوں میں فوج، اسلحہ اور دوسرے

---

[1] فتوح البلدان ص ۱۵۷، ۱۵۸ [2] تاریخ یعقوبی ج ۲ ص ۳۳۱ [3] چچ نامہ۔

جنگی سامان موجود رہتے تھے۔ محمد بن قاسم کے دیبل پہونچنے کے بعد جنگی جہاز بھی اس کی بندرگاہ پر لنگر انداز ہو گئے۔ جن میں عروس نامی منجنیق اور دوسرے آلات کے ساتھ فوج بھی تھی۔ بلاذری نے لکھا ہے:۔

| | |
|---|---|
| ثم سار محمد بن القاسم من | محمد بن قاسم ارمائیل سے جمعہ کے دن |
| ارمائیل ومعہ جہم بن زحر | دیبل آئے ان کے ساتھ جہم بن زحر |
| الجعفی فقدم الدیبل یوم جمعہ | جعفی بھی تھے۔ نیز وہ کشتیاں بھی پہونچ |
| ووافتہ سفن کان حمل | گئیں جن میں سپاہی اسلحہ اور دوسرے |
| فیھا الرجال والسلاح والأداة[1] | سامان لدے ہوئے تھے۔ |

ان جنگی جہازوں کی ساخت، مضبوطی اور طول وعرض کا اندازہ اس سے ہو سکتا ہے کہ ان ہی میں سے کسی جہاز میں عروس نامی منجنیق لائی گئی تھی۔ جسے پانچ سو سپاہی مل کر چلاتے تھے۔

ہشام بن عبد الملک کے زمانہ میں جنید بن عبد الرحمن مری نے بھی ہندوستان کی فتوحات میں جنگی جہازوں کا استعمال کیا ہے۔ چنانچہ جب راجہ جے سیہ نے ان کے مقابلہ کے لئے جنگی کشتیاں تیار کیں تو انھوں نے بھی جنگی کشتیاں استعمال کیں بلاذری نے راجہ جے سیہ اور جنید کے بارے میں لکھا ہے:۔

| | |
|---|---|
| فاتی الھند فجمع جموعا | راجہ جے سیہ نے ہندوستان آکر |
| واخذ السفن واستعد | فوجیں جمع کیں اور کشتیاں بنائیں پھر |
| للحرب فسار الیہ الجنید | مستعد جنگ ہوا تو اس کے مقابلہ کے |
| فی السفن فالتقوا فی بطیحۃ | لئے جنید بھی کشتیوں کے ذریعہ گئے |
| الشرقی فاخذ حلیشۃ | اور دریائے سندھ کے مشرقی ریگستان |

[1] فتوح البلدان ص ۴۴۲۔

(جبيسة) اسيراً وقد جنحت | میں مقابلہ ہوا۔ جسے گرفتار ہوا اس
سفينته فقتله [1] | کی کشتی ڈگمگائی تو جنید نے اسے قتل کردیا۔

اموی خلافت کے باغی منصور بن جمہور کلبی نے امیر سندھ یزید بن عرار کے مقا
کے لئے جنگی جہاز تیار کئے۔ ان کو اونٹوں کی مدد سے دریائے سندھ میں ڈالا ا
منصورہ پر حملہ آور ہوا۔ یعقوبی نے لکھا ہے:۔

ثم عمل المراكب بسدوسان | اس نے سدوسان میں جہاز تیار
وحملها على الابل حتى القاها | کرکے ان کو اونٹوں پر لادا اور
في مهران [2] | دریائے سندھ میں لاکر ڈالا۔

الغرض اس دور میں ہندوستان کے غزوات وفتوحات میں عام طور سے
جنگی جہازوں اور کشتیوں کا استعمال ہوتا تھا۔ بڑے جنگی جہاز مکران سے گجرات
تک براہ سمندر آتے جاتے تھے اور کشتیاں دریائے سندھ وغیرہ میں چلتی تھ

## شہادتیں اور قربانیاں

مسلمانوں نے اس ملک میں بڑی بڑی قربانیاں دے کر اپنے جان و مال کو ا
کی راہ میں بے دریغ لٹایا ہے۔ اسی کا نتیجہ ہے کہ یہاں اسلام کا گلشن سدا بہار
۴۲ھ میں غزوۂ قیقان میں حضرت حارث بن مرہ عبدی کم از کم ڈیڑھ ہز
مجاہدین اسلام کے ساتھ شہید ہوئے۔ اسی سال راشد بن عمرو جدیدی عبدی او
کی فوج کا زبردست جانی نقصان ہوا۔ ۴۷ھ میں عبداللہ بن سوار عبدی نقر
چار ہزار فوج کے ساتھ قیقان کے اطراف میں شہید ہوئے۔ ۵۳ھ میں عباد بن
نے گجرات پر حملہ کیا۔ جہاں کئی ہزار مجاہدین اسلام میدان جنگ میں کام آئے اور آخ

[1] فتوح البلدان ص ۴۲۹ [2] تاریخ یعقوبی ج ۲ ص ۴۰۷۔

Marfat.com

مسلمانوں کو فتح نصیب ہوئی۔ یعقوبی کی روایت کے مطابق محمد بن ہارون نمری کی فوج میں سے خلق عظیم دیبل کے معرکہ میں شہید ہوئی۔ اس کے بعد دیبل کے معرکہ میں عبیداللہ بن نبہان سلمی اور بدیل بن طہفہ بجلی کی شہادت ہوئی۔ ان دونوں امراء کے ساتھ تین چار ہزار مجاہدین نے بھی شہادت پائی، یہ اجتماعی طور پر جانی نقصان کی چند مثالیں ہیں ان کے علاوہ پورے اموی دور میں وقتاً فوقتاً اسلامی فوج کو نقصانات سے دوچار ہونا پڑا ہے اور اس ملک میں گلشن اسلام کی آبیاری کے لیے بارہا خون دینے کی ضرورت پڑی ہے۔

## سبایا اور غنائم

غزوات و فتوحات میں مسلمانوں کو سبایا و غنائم یعنی قیدی اور اموال غنیمت بھی حاصل ہوئے۔ ۳۶ھ میں یا اس سے پہلے حارث بن مرہ عبدی نے یہاں ایک ہزار جنگی قیدی اور غلام صرف ایک دن میں تقسیم کیے ان کی شہادت کے بعد ۴۲ھ میں راشد بن عمرو جدیدی نے قیقان میں جہاد کر کے فتح و کامرانی کے ساتھ مالِ غنیمت بھی حاصل کیا ان کی شہادت کے بعد ۴۵ھ میں پہلی بار عبداللہ بن سوار عبدی امیر بن کر آئے اور انھوں نے بھی قیقان فتح کر کے بہت سا مالِ غنیمت پایا اور یہاں کے قیقانی گھوڑے حضرت معاویہؓ کی خدمت میں پیش کیے۔ ۵۵ھ میں حری بن حری باہلی نے ان علاقوں میں جہاد کر کے مالِ غنیمت حاصل کیا۔ ۶۲ھ میں منذر بن جارود بن عبدی نے بوقان اور قیقان کی فتح کے بعد غنیمت پائی۔ نیز انھوں نے قصدار کی فتح میں جنگی قیدی اور غلام گرفتار کیے ۸۰ھ میں مجاعہ بن سعر تمیمی نے غنائم حاصل کیے۔ ۹۲ھ تا ۹۶ھ محمد بن قاسم نے اس ملک سے اموال غنیمت اور قیدی پائے اور ایک کروڑ بیس لاکھ درہم یہاں سے حجاج بن یوسف کے پاس روانہ کیے۔

خلیفہ ہشام کے زمانہ میں جنید بن عبدالرحمٰن مری کو یہاں سے بہت زیادہ قیدی اور مالِ غنیمت ہاتھ آئے۔ ایک موقع پر انھوں نے خلیفہ کو لکھا کہ میں نے یہاں کی فتوحات



Marfat.com

ہیں چھ لاکھ پچاس ہزار قیدی بنائے اور اسّی لاکھ درہم خلافت کو روانہ کر چکا ہوں

متعدد بار اتنی ہی رقم فوج میں تقسیم کر چکا ہوں۔ اور جنید یہاں سے گئے تو ان کے

بیت المال میں اٹھارہ لاکھ طاطری درہم پڑے ہوئے تھے۔ ایک روایت کے مطا

یہ رقم چالیس لاکھ تھی۔

# مجاہدین کا کردار اور چند شبہات کا ازالہ

پورے اموی دور میں مسلمانوں نے کسی موقع پر مفتوح و مغلوب قوم اور بستی پر ظلم و زیادتی اور دست درازی نہیں کی اور نہ ہی اسلامی ذہن و مزاج کے برخلاف کوئی اقدام کیا۔ ان میں یہ جذبہ کارفرما تھا کہ یہ جنگ نہیں مقدس جہاد ہے اور اس مقدس کردار میں کسی قسم کی خرابی نہیں آنی چاہیئے۔

اسلام کے اصولِ جہاد کی رو سے جہاد یا فتح کے موقع پر دشمن کے بچّوں، عورتوں بوڑھوں، مزدوروں اور مذہبی لوگوں سے تعرض اور ان کے ساتھ کسی قسم کی زیادتی سراسر غلط ہے۔ بشرطیکہ یہ مذہبی پیشوا وغیرہ مسلمانوں کے مقابلہ میں آکر جنگ نہ کریں لیکن اگر یہ لوگ جنگ میں شریک ہوں گے تو فتحیاب ہونے کے بعد ان کے ساتھ وہی معاملہ کیا جائے گا جو عام دشمنوں کے ساتھ ہوگا۔ وہ جنگی قیدی بنائے جائیں گے پھر حسبِ صلح فدیہ دے کر رہائی حاصل کرلیں گے۔ یا غلام بنائے جائیں گے یا پھر ان کو سخت مُضر قرار دے کر قتل کر دیا جائے گا۔ چنانچہ بعض غزوات میں یہاں کے مذہبی پیشواؤں نے اسلامی فوج سے مقابلہ کیا اور فتح کے بعد ان پر حربی قانون جاری ہوا) اس لئے اگر ایسا کوئی واقعہ نظر آئے تو وہ ظلم و زیادتی نہیں بلکہ جنگی قانون کا مظاہرہ ہوگا۔ مثلاً بلاذری نے لکھا ہے کہ محمد بن قاسم نے فتح دیبل کے بعد بت خانہ کے پجاریوں اور پنہتوں کو قتل کیا الفاظ یہ ہیں:

Marfat.com

وقتل سادنی بیت الھتھم[1]

اور یعقوبی نے پجاریوں کے نام لئے بغیر لکھا ہے :-

فقتل المقاتلۃ[2] محمد بن قاسم نے لڑنے والوں کو قتل کیا۔

اس کا مطلب یہ ہے کہ دیبل کی جنگ میں یہاں کے مذہبی پیشواؤں نے کھل کر مسلمانوں کا مقابلہ کیا اور اس میں پورا حصہ لیا جس کی وجہ سے وہ بھی عام قیدیوں میں شمار کئے گئے اور جو حکم عام جنگ کرنے والوں کے حق میں ہوا وہی ان لڑنے والے جھنئوں اور پجاریوں پر بھی جاری کیا گیا۔

بلاذری نے یہ بھی لکھا ہے کہ محمد بن قاسم نے فتح ملتان کے بعد وہاں کے پجاریوں کو گرفتار کیا جن کی تعداد چھ ہزار تھی۔

وسبی سدنۃ البد، وھم ستۃ آلاف[3] انھوں نے بت خانہ کے پجاریوں کو قید کیا، وہ چھ ہزار تھے۔

مگر یعقوبی یا کسی دوسرے مؤرخ نے ان کی گرفتاری کا کوئی تذکرہ نہیں کیا ہے۔ اگر یہ واقعہ ہوا ہے تو صرف اس وجہ سے کہ ملتان کے چھ ہزار پجاریوں کی فوج نے کھل کر اسلامی لشکر کا مقابلہ کیا تھا۔ ایسے لوگوں کو قتل یا قید کرنا تادیبی کارروائی اور حربی سیاست ہے۔

بعض کتابوں میں محمد بن قاسم کے کردار و شخصیت کے بارے میں ایک افسانہ درج ہے جو ایک عام مسلمان سپاہی کے کردار سے بھی بعید ہے اور جسے مستشرقین صحیح ثابت کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ معلوم نہیں پانچ سو سال کے بعد چچ نامہ میں یہ افسانہ کہاں سے لکھا گیا ہے کہ محمد بن قاسم نے راجہ داہر کی دو بیٹیوں سریا دیو اور پرمل دیو کو خلیفہ ولید کی خدمت میں بغداد بھیجا۔ انھوں نے خلیفہ سے کہا کہ ہم سے محمد بن قاسم نے تعلق پیدا کیا ہے۔ ہم خلیفہ کے قابل نہیں رہ گئی ہیں۔ اس کو سنتے ہی ولید نے محمد بن قاسم کی گرفتاری کا حکم دیا اور جب ان کی لاش دربار میں پہونچی تو سریا دیو نے کہا کہ ہم نے اپنے باپ راجہ

[1] فتوح البلدان ص ۴۲۵ [2] تاریخ یعقوبی ج ۲ ص ۳۴۵ [3] فتوح البلدان ص ۴۲۷ ۔

داہر اور دوسرے راجوں کا بدلہ لے لیا۔ خلیفہ کو دور اندیشی سے کام لینا چاہیئے تھا۔ یہ سن کر خلیفہ نے ان دونوں کو دیوار میں چنوا دیا[1] چچ نامہ میں یہ افسانہ مدائنی کے حوالہ سے درج ہے حالانکہ بلاذری، یعقوبی اور خلیفہ بن خیاط سندھ کی فتوحات کو عموماً مدائنی ہی کی روایت سے بیان کرتے ہیں مگر کسی نے اس کی طرف اشارہ تک نہیں کیا ہے۔ چچ نامہ کے بعد یہ غلط روایت چل پڑی اور فارسی تاریخوں میں آنکھ بند کر کے اسے نقل کر دیا گیا یہ روایت سراسر جھوٹ ہے نہ اس زمانہ میں بغداد کا وجود تھا۔ جہاں محمد بن قاسم کے ان دونوں کے بھیجنے کا ذکر ہے اور نہ ہی محمد بن قاسم کی لاش خلیفہ ولید کے پاس گئی کیونکہ بغداد کو عباسی خلیفہ منصور نے ۱۴۵ھ میں بسایا اور محمد بن قاسم کی موت واسط کے جیل خانہ میں ہوئی تھی جو عراق میں ہے اس وقت خلیفہ ولید دمشق (شام) میں تھا۔

---

[1] چچ نامہ ص ۲۴۴ -

(۵)

# ملکی اور شہری نظام

اسلام کی تشریف آوری دو قدیم استعماری شہنشاہیتوں کے درمیان ہوئی۔ روم میں قیاصرہ کی شہنشاہیت اپنی پوری طاقت وشوکت سے سارے مغربی ممالک پر قابض تھی اور ایران میں اکاسرہ کی شہنشاہیت اپنے آبائی کروفر کے ساتھ پورے مشرق کو اپنی گرفت میں لئے ہوئے تھی۔ ان دونوں کے وسط میں ملک عرب خصوصاً حجاز کا وسیع وعریض علاقہ آزاد تھا۔ اسی خطہ سے اللہ تعالیٰ کی حاکمیت اور انسانیت کی برتری کا سرچشمہ جاری ہوا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان دونوں شاہی بلاکوں کے سربراہوں کو دعوت نامہ روانہ فرمایا جس میں اللہ تعالیٰ کی توحید اور انسانوں کی آزادی کا پیغام دیا گیا تھا۔ مگر جب انھوں نے اپنی روایاتی شان وشوکت کے پیش نظر اس پر توجہ نہیں دی تو ان کے عوام اور رعایا کو براہ راست یہی دعوت دی گئی۔

اس دعوت سے اسلام کا منشا بندوں کو بندوں کی غلامی سے نجات دلاکر ان سب کو اللہ تعالیٰ کی حاکمیت کے جھنڈے کے نیچے جمع کرنا اور انسانی مجد وشرف کو ابھارنا تھا۔ اسی مقصد کے حصول کے لئے آخری اقدام کے طور پر جہاد تک کو گوارا کرنا پڑا۔ مسلمانوں کا منشا جہاد سے یہ ہرگز نہیں تھا کہ وہ رومی اور عجمی بالادستی کو ختم کر کے عربی شہنشاہیت قائم کریں۔ اسی لئے وہ مفتوحہ ممالک کے باشندوں میں عبد ومعبود کی

Marfat.com

فضا ہموار کر کے خود درمیان سے ہٹ گئے ابتداءً عربوں نے خلافت اور اسلامی حکومت کے خاکہ میں عملی رنگ بھرا۔ مگر بعد میں ہر ملک کے جوہر قابل نے آگے بڑھ کر امامت وسیادت کی باگ ڈور سنبھالی اور ہر ملک و قوم اور ہر رنگ ونسل کے انسانوں نے اسلام کے سایہ میں آکر کرامت وشرافت سے اپنا حصہ لیا۔ یعنی امویوں اور عباسیوں کی طرح ایرانیوں دیلمیوں، صفاریوں، سلجوقیوں، غزنویوں، غوریوں، عثمانیوں نے شاندار حکومتیں قائم کر کے مدتوں عالم اسلام کی سربراہی کی اور مکہ، مدینہ، کوفہ، بصرہ، دمشق وغیرہ کی طرح عجم میں سمرقند، بخارا، اصفہان، غزنہ، نیشاپور، ملتان، دیبل، اور منصورہ وغیرہ مسلم تہذیب ثقافت اور اسلامی علوم وفنون کے گہوارے بنے رہے۔

واقعہ یہ ہے کہ مسلمانوں نے مفتوحہ ممالک کو اپنے دم قدم سے جنت ارضی بنایا۔ اور ان کے باشندوں کو بلا امتیاز قوم ونسل آگے بڑھایا۔ امام ابن تیمیہؒ نے السیاسۃ الشرعیہ میں استعمال الاصلح کے زیر عنوان مسلمان امیر و حاکم کے وظیفہ کو بیان کرتے ہوئے لکھا ہے

| | |
|---|---|
| فان عدل عن الاصلح الی | اگر امیر و خلیفہ اس وجہ سے اہل کو چھوڑ کر |
| غیرہ لاجل قرابۃ بینہما | نااہل کو حاکم اور ذمہ دار بنائے کہ ان |
| او ولاء عتاقۃ، او صداقۃ | دونوں میں قرابت ہے۔ یا دلار ہے، یا دوستی |
| او موافقۃ فی بلد، او مذھب | ہے، یا دونوں ہم وطن، یا ہم مذہب، یا ہم مشرب |
| او طریقۃ او جنس کالعربیۃ | ہیں، یا قومیت کا پاس کر کے ایسا کرے |
| والفارسیۃ والترکیۃ والرومیۃ | جیسے عربی، فارسی، ترکی، رومی ہونا |
| او لرشوۃ یاخذھا من مال | یا رقم اور نفع کی رشوت لے یا پھر لائق |
| او منفعۃ، او غیر ذلک من الاسباب | شخص کے بارے میں دل میں کینہ ہے |
| او لضغن فی قلبہ علی الاحق، او | یا دونوں میں عداوت ہے، ان تمام صورتوں |
| عداوۃ بینہما فقد خان اللہ و | میں اگر قابل کو چھوڑ کر ناقابل کو عہدہ دیگا |

Marfat.com

رسولہ والمومنین[1] تو وہ اللہ و رسول اور مسلمانوں کے ساتھ
خیانت کرے گا۔

اموی خلفاء اور ان کے امراء اسلامی احکام پر عمل کرنے میں بڑی شدت سے کام
لیتے تھے اور مفتوحہ علاقوں میں انھوں نے خالص اسلامی ذہن و مزاج کے مطابق کام کرکے
ہر قوم کو اس کی صلاحیت و استعداد کے مطابق آگے بڑھایا۔ چنانچہ ہندوستان میں بھی
وہ اور ان کے عمّال و امراء اسی اصول پر کاربند رہے اور قوم و مذہب سے صرف
نظر کرتے ہوئے یہاں کے ہر طبقہ کو زمین سے اٹھا کر آسمان پر بٹھایا۔

امراء دُوَل اور امرائے عساکر کے وظائف مفتوحہ ممالک کی سیاست و قیادت
میں کیا ہیں؟ اس کے اصول و فروع قرآن حکیم احادیث نبویہ اور کتب فقہیہ میں تفصیل
کے ساتھ موجود ہیں۔ نیز اس خاص موضوع پر علمائے اسلام کی تصانیف موجود ہیں۔ جن
میں ولاۃ و حکام کے اعمال و وظائف کو بیان کیا گیا ہے۔ مثلاً خلیفہ مامون عباسی کے معلم
عالم ہرثمی متوفی بعد ۲۴۳ھ کی کتاب مختصر سیاسۃ الحروب، ابوالحسن علی بن محمد بن حبیب
بغدادی ماوردی متوفی ۴۵۰ھ کی کتاب الاحکام السلطانیہ، قاضی ابومحمد بن حسین فراء حنبلی
متوفی ۴۵۸ھ کی کتاب الاحکام السلطانیہ، شیخ امام ابن تیمیہ کی کتاب السیاسۃ الشرعیہ
فی اصلاح الراعی والرعیۃ، محمد بن منکلی متوفی بعد ۷۸۰ھ کی کتاب الادلۃ الرسمیہ فی التعابی
الحربیہ نیز امام قاضی ابو یوسف کی کتاب الخراج، یحییٰ بن آدم قرشی کی کتاب الخراج اور
عبید بن سلّام کی کتاب الاموال وغیرہ اس موضوع پر مستند کتابیں ہیں۔

## غیر مسلموں کا طبقاتی اور معاشرتی پس منظر

اموی دور میں ہندوستان میں طبقاتی کشمکش اور معاشرتی بدحالی کس قدر عام

[1] السیاسۃ الشرعیہ فی اصلاح الراعی والرعیۃ ص ۱۵ (بیروت)۔

تھی؟ اور یہاں کے راجے مہاراجے اپنی رعایا کو کس حال میں رکھتے تھے؟ اس کا اندازہ اس تفصیل سے ہوتا ہے جسے یہاں کے ایک وزیر نے ایک مسلمان فاتح سے بیان کیا تھا۔ فتح برہمن آباد کے بعد محمد بن قاسم نے راجہ داہر کے وزیر سیاکر اور موکہ بسایہ سے دریافت کیا کہ راجہ چچ اور داہر کے معاملات جاٹوں کے ساتھ کیسے تھے؟ اور یہاں کے راجوں مہاراجوں نے اپنی رعایا کو کیا حقوق دیئے ہیں اور ان کے ساتھ کیا مراعات کی ہیں تاکہ ہم بھی اسی کی روشنی میں معاملات کریں اور ان کے ملکی اور وطنی حقوق میں کسی قسم کا فرق نہ آنے پائے۔ وزیر مذکور نے بتایا کہ راجہ کی طرف سے لوہانہ اور سمہ قبائل کے جاٹوں کو حق حاصل نہیں تھا کہ وہ اچھے لباس پہن سکیں ان میں سے جو شخص لباس فاخرہ استعمال کرتا تھا راجے اس پر جرمانہ کرتے تھے۔ ان کو حکم تھا کہ وہ اپنے سر اور پاؤں کو برہنہ رکھیں۔ سیاہ رنگ کا کمبل پہنیں اور ایک موٹی سی چادر کاندھے پر رکھیں باہر نکلیں تو اپنے ساتھ ایک کتا ضرور رکھیں تاکہ اس سے ان کی شناخت ہو سکے کسی سردار اور چودھری کو گھوڑے کی سواری کا حق نہیں تھا۔ اگر کوئی رانا اور سردار گھوڑے کی سواری کرتا تو زین اور لگام کے بغیر گھوڑے کی پشت پر صرف کمبل رکھ سکتا تھا جن مقامات میں راجوں یا ان کے آدمیوں کو رہبری کی ضرورت پڑتی جاٹوں کے ذمہ ان کی رہنمائی ہوتی۔ قافلوں کو ایک قبیلہ سے دوسرے قبیلہ تک اپنی ذمہ داری اور حفاظت میں پہونچانا بھی ان کے لئے ضروری تھا۔ اگر کسی قافلہ یا مسافر کو راستہ میں حادثہ پیش آتا تو مجرموں کو گرفتار کرکے ان کے سردار کی نگرانی میں دیدیا جاتا تھا اور ڈاکو اور چور کو اس کی اولاد سمیت نذر آتش کردیا جاتا تھا۔ ویسے بھی عام قافلے ان ہی کی نگرانی اور ذمہ داری میں راتوں اور دنوں میں چلتے تھے بادشاہ اور حاکم کی دربانی اور ان کے مطبخ کے لئے ایندھن جمع کرنا بھی ان کے ذمہ تھا نیز اس قسم کی دوسری خدمات اور بے گاریاں ان کے لئے ضروری تھیں۔ ان کے چھوٹوں اور

Marfat.com

...دوں میں کوئی فرق نہیں کیا جاتا تھا بلکہ ہر معاملہ میں سب کو ایک درجہ پر رکھا جاتا تھا
...لوگ وحشی مزاج کے ہیں اور اپنے حاکموں سے سرکشی کرتے ہیں۔ لوٹ مار بھی ان کا کام
ہے۔ چنانچہ دیبل میں سرندیپ کے جہاز کے لوٹنے میں انھوں نے ڈاکوؤں کا ساتھ دیا تھا[1]
اس بیان سے معلوم ہوتا ہے کہ یہاں کے اونچے طبقے نے عام باشندوں کو کھلونا بنا کر ان کی
زندگی کا معیار کس قدر پست کر دیا تھا، اس کے ساتھ اس دور میں وسائل رزق کی
نایابی، قحط، بھوک اور تنگ حالی کا نقشہ سامنے آتا ہے تو معلوم ہوتا ہے کہ یہاں کے
انسان انسان نہیں بلکہ کوئی دوسری مخلوق تھے جو مدت دراز سے انسانیت سے محروم
ہو کر زندگی بسر کر رہے تھے اور ایسے معاشرہ کی سخت ضرورت تھی۔ جو ان کو انسانی حقوق سے
نوازے اور ان کی خبر گیری کرے۔ یہی وجہ ہے کہ انھوں نے ابتدا میں شخصیت پرستی
کے قدیم ذہن کے مطابق اپنے راجوں مہاراجوں کے جاں نثار بن کر مسلمانوں سے
مقابلہ کیا، مگر جب ان کو مسلمانوں سے براہ راست واسطہ پڑا اور ان میں امن و انسانیت
کا عملی نمونہ دیکھا تو ان کا رجحان یکسر بدل گیا اور وہ مسلمانوں کے ہمنوا بن گئے۔

## آزاد فضا میں آزاد زندگی

یہاں کے ذمیوں اور غیر مسلم رعایا کو مسلمان حکمرانوں نے وہ تمام حقوق عطا
کئے جو اللہ کی زمین پر اس کے بندوں کے لئے ثابت ہیں۔ اموی دور کے فاتحوں
اور حاکموں میں اسلامی تعلیمات کے مقابلہ میں حُبّ جاہ کا عیب نہیں تھا۔ اور وہ
ذمیوں کے ساتھ وہی برتاؤ کرتے تھے جس کی تعلیم کتاب و سنت اور خلفائے راشدین
کے تعامل سے دی گئی تھی اور ہر معاملہ میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا دورِ خلافت معیار
تھا۔ چنانچہ یہاں کے مجبور و بدحال غیر مسلموں کے ساتھ وہی معاملہ کیا گیا جو عہد فاروقی

[1] ...نامہ ص ۲۱۵۔

میں شام و فارس وغیرہ کے غیر مسلموں کے ساتھ کیا گیا۔ عام حالات میں زمینوں پر خراج و جزیہ کے علاوہ کوئی ایسی پابندی نہیں تھی جو ان کے حق میں بے اطمینانی اور پریشانی کا باعث ہو یعنی سال میں ایک بار اونچے طبقہ کے مالداروں سے ۴۸ درہم، متوسط طبقہ والوں سے ۲۴ درہم اور معمولی طبقہ کے لوگوں سے ۱۲ درہم وصول کئے جاتے تھے۔ اور بچے، بوڑھے، عورتیں، اپاہج، مجبور، مذہبی پیشوا وغیرہ اس سے مستثنیٰ تھے بلکہ بوقت ضرورت بیت المال سے ان کی مدد کی جاتی تھی۔ اس کی تفصیل "خلافت راشدہ اور ہندوستان" میں گذر چکی ہے۔ اس مختصر سی سالانہ رقم کی ادائگی کے بعد یہ ذمی آزادی اور بے فکری کے ساتھ پورے انسانی حقوق کے یوں مالک بن گئے کہ گھر میں اجنبی بن کر زندگی بسر کرنے کی قدیم رسم ختم ہو گئی۔

ساتھ ہی ایک اخلاقی ذمہ داری ضیافت مسلمین کی تھی۔ یعنی اگر مسلمان ان کی بستی میں رات بسر کریں تو وہ ان کے قیام و طعام کا انتظام کریں۔ نیز مسلمان کے قافلوں کی رہنمائی ان کے ذمہ تھی اور یہ خدمت جیسا کہ گذر چکا ہے راجول مہاراجوں کی طرف سے قدیم زمانہ سے ان کے سپرد تھی۔ پھر ضیافت کی اخلاقی ذمہ داری خود مسلمانوں پر بھی ڈالی گئی ہے اس سلسلے میں یہاں تک ہے کہ اگر مسلمانوں کو کسی مسلمان بستی میں رات بسر کرنی پڑے اور وہاں کے لوگ ان کی ضیافت نہ کریں تو ان سے جبراً دعوت و ضیافت وصول کی جاسکتی ہے۔

## مذہبی آزادی

مسلمانوں نے کسی قوم پر مذہب کے بارے میں جبر نہیں کیا بلکہ جہاں گئے اسلامی اصول کے مطابق سب سے پہلے اسلام قبول کرنے کی پیش کش کی، تاکہ وہاں کے باشندے اخوت اسلامیہ میں داخل ہو کر ان حقوق سے فائدہ اٹھائیں جو مسلمانوں

Marfat.com

کے لئے ہیں اور ان ذمہ داریوں کو قبول کریں جو مسلمانوں پر ہیں۔ بصورت انکار جزیہ ادا کرکے خلافتِ اسلامیہ کی حفاظت میں آجائیں اور اگر یہ دونوں صورتیں منظور نہ ہوں تو بدرجۂ مجبوری آخری صورت یہ ہے کہ جنگ کے ذریعہ غالب و مغلوب کا فیصلہ ہوگا چونکہ ذمیوں اور معاہدوں کی مذہبی آزادی بالکل عام بات ہے۔ اس لئے سندھ وغیرہ کی فتوحات میں اس کا تذکرہ بہت کم ملتا ہے پھر بھی بعض مواقع پر اس کی تصریح موجود ہے۔ مثلاً آور کے باشندوں نے محمد بن قاسم کے سامنے صلح کی پیش کش کرتے ہوئے جو شرائط اپنی طرف سے رکھے تھے اُن میں سے ایک شرط یہ بھی تھی:

| | |
|---|---|
| علی ان لا یقتلھم، ولا یعرض لبدّھم[1] | محمد بن قاسم نہ الور کے باشندوں کو قتل کریں گے اور نہ ان کے بت خانہ سے کوئی تعرض کریں گے۔ |

چنانچہ محمد بن قاسم نے ان کی شرط منظور کرکے نہ ان پر ہاتھ اٹھایا اور نہ ان کے بت کو ہاتھ لگایا۔ فتح برہمن آباد کے موقع پر خود محمد بن قاسم نے شہر کے اعیان واکابر اور برہمنوں کو بلاکر کہا کہ تم لوگ بت خانوں کو آباد رکھو۔ مسلمانوں کے ساتھ خرید وفروخت کا معاملہ کرو۔ امن وامان سے رہ کر اپنی اصلاح میں لگے رہو۔ اپنے آباء واجداد کے طور وطریقہ کے مطابق مذہبی رسمیں اور تہوار باقی رکھو۔ جو برہمن محتاج ہیں ان کی خبرگیری کرتے رہو۔ اور پہلے جو خیرات تم لوگ دیا کرتے تھے دیتے رہو۔ سو درہم میں سے تین درہم ان کے لئے نکالا کرو۔ نیز برہمن اپنے مذہبی حق کے لئے بھیک مانگ سکتے ہیں تاکہ ان کا حق ملتا رہے اور ان کا نقصان نہ ہو۔ یہ تمام باتیں محمد بن قاسم نے اپنے امراء اور ذمیوں کے مجمع میں طے کیں۔[2]

پوری اموی تاریخ میں یہاں کسی موقعہ پر مسلموں اور غیر مسلموں میں مذہبی معاملات

---

[1] فتوح البلدان ص ۴۲۷ [2] چچ نامہ ص ۱۲۴۔

میں کسی قسم کے تصادم اور ٹکراؤ کا پتہ نہیں چلتا ہے نہ کسی بت خانہ کو توڑا گیا۔ نہ کسی بت خانہ کو نقصان پہنچایا گیا اور نہ ہی کسی شخص کو زبردستی مسلمان بنایا گیا اور اگر زمانۂ جنگ میں اس قسم کی کوئی بات ملتی ہے تو وہ ہنگامی اور حربی سیاست کا نتیجہ ہے جس کے جواز کے اسباب و وجوہ ہیں۔ اسلامی نقطۂ نظر سے زمانۂ امن ہو یا زمانۂ جنگ بہرحال مذہبی تشدد، ظلم و جبر اور بدعہدی جائز نہیں ہے۔

## شدھی کی آزادی

اگر کوئی غیر مسلم سپاہی مسلمانوں کی قید میں پہونچ کر اسلام قبول کر لیتا تو اس کی قوم کے لوگ اسے اپنے مذہب میں واپس لانے کی پوری کوشش کرتے اور کامیابی کے بعد اسے دوبارہ اپنے مذہب میں داخل کر لیتے تھے۔ اور اس معاملہ میں وہ آزاد تھے حالانکہ اسلامی قانون کی رو سے "قتال مرتدین" ضروری ہے۔ کیونکہ اسلام سے برگشتہ ہو جانے کی صورت میں اسلام کے حق میں بہت سے مفاسد و فتن کھل کر سامنے آ جاتے ہیں۔ مگر یہاں کے باشندوں کو اس کی بھی آزادی حاصل تھی۔ ہندوؤں کے شدھی ہونے کی دلچسپ کہانی کتاب البدء والتاریخ" میں یوں درج ہے:

| | |
|---|---|
| ومن ارتد منهم اذا سباه | ان میں سے جو مسلمانوں کی قید میں آکر پھر |
| المسلمون لم یقتلوه حتی یزکوه | مسلمان ہو جاتا ہے اور پھر مرتد ہو جاتا ہے تو اسے قتل |
| ویطهروه، ان تحلق کل | نہیں کرتے بلکہ اسے خوب خوب پاک وصاف |
| شعرة من راسه وجلده | کرتے ہیں۔ اس کے سر اور بدن کے |
| ثم یجمع ابوال البقر واخثائها | تمام بال مونڈ دیئے جاتے ہیں۔ پھر گائے |
| وسمنها ولبنها، فیسقی منها | کا پیشاب، گوبر، دودھ، گھی سب کو اکٹھا |
| ایاماً، ثم یذهب الی البقرة | کر کے کئی دن تک اس شخص کو پلایا جاتا |

Marfat.com

فیصلہ کیا ہے۔ ہے پھر اسے گائے کے پاس لے جایا جاتا ہے۔
اور وہ اسے سجدہ کرتا ہے۔

مذہبی آزادی کی مثال اس سے بڑھ کر اور کیا مل سکتی ہے کہ مسلمان ہو جانے والے شخص کو دوبارہ اپنے مذہب میں علی الاعلان لایا جائے اور اسلامی خلافت وامارت طاقت وشوکت کے باوجود اس میں کسی قسم کا دخل نہ دے۔

# رسم ورواج کی آزادی

ہندوستان کے باشندے آبائی رسم ورواج اور قومی ووطنی تقالید وعادات میں بالکل آزاد تھے اور اس بارے میں بھی ان پر کوئی پابندی یا نکیر نہیں تھی۔ محمد بن قاسم نے خود بعض مواقع پر مقامی باشندوں سے کہا کہ وہ اپنے قدیم رسم ورواج کو باقی رکھیں۔ ایک مرتبہ محمد بن قاسم کے سامنے سندھ کی قوم سمہ کے لوگوں نے گانا بجانا اور ناچنا شروع کر دیا۔ اس حرکت سے ان کو سخت حیرت ہوئی لوگوں نے بتایا کہ اس قوم کی یہ قدیم عادت ہے اور یہ لوگ نئے بادشاہ اور حاکم کے سامنے اپنی خوشی اور رضامندی کا اجتماعی مظاہرہ اسی انداز میں کرتے ہیں۔ چنانچہ آپ کے سامنے بھی اپنی خوشی کا اظہار کر رہے ہیں۔ اس پر ایک زندہ دل بزرگ حضرت خریم الناعم نے کہا کہ تب تو ہمیں اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنا چاہیئے کہ اس نے قوم سمہ کو ہمارا مطیع بنا دیا ہے محمد بن قاسم نے مسکراتے ہوئے کہا کہ میں نے تم کو اس قوم کا حاکم وامیر بنایا۔ اس کے بعد خریم الناعم نے ان سے کہا کہ اچھا اب تم لوگ اپنے امیر کے سامنے خوشی کا مظاہرہ کرو۔ پھر خریم الناعم نے ان کو بہت بڑی رقم انعام کے طور پر عنایت کی۔[۱]

یہ درحقیقت سنت فاروقی کے مطابق ہندوستان کے غیر مسلموں کو ان کے

---

[۱] کتاب البدء والتاریخ ج ۴ ص ۲ طبع پیرس ۱۸۹۹ء۔ چچ نامہ ص ۲۴۰۔

Marfat.com

قدیم اور آبائی عادات و رسوم میں آزادی دی گئی تھی اور اسی قسم کا واقعہ سفرِ شام کے موقع پر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو پیش آیا تھا۔ کتاب الاموال میں ہے کہ حضرت عمر ملک شام کے سفر پر تھے۔ راستہ میں مقام ذرعات کے مقلسین کی ایک جماعت نے آپ کا استقبال تلواروں اور پھولوں سے کیا۔ حضرت عمرؓ نے حضرت عبیدہ بن جراح سے فرمایا کہ ان کو اس حرکت سے روکو اور واپس کر دو۔ حضرت ابو عبیدہ نے عرض کیا کہ امیرالمومنین! یہ عجم کی رسم ہے اگر آپ ان کو اس مظاہرہ سے روک دیں گے تو یہ خیال کریں گے کہ آپ کے دل میں دغدغہ ہے اور ان کا عہد و پیمان آپ کو منظور نہیں ہے۔ حقیقت حال معلوم ہو جانے کے بعد حضرت عمرؓ نے فرمایا:۔

دعوھم عمر و آل عمر فی طاعۃ ابی عبیدۃ ۔ — تب ان کو ان کے حال پر چھوڑ دو۔ اس بارے میں عمر اور آل عمر ابو عبید کے تابع ہیں

اس کے بعد قاسم بن سلام نے لکھا ہے کہ مقلس ایک قوم تھی جو امرار و حکام کے سامنے اپنے خاص کھیل کا مظاہرہ کرتی تھی۔ پہلے حضرت عمرؓ نے اس کے اس فعل کو ناپسند فرمایا۔ مگر بعد میں اس لئے باقی رکھا کہ یہ رسم صلح سے پہلے سے رائج تھی اور اسی پر کیا موقوف ہے؟ صلح سے پہلے غیر مسلموں کے جو گرجے اور بت خانے وغیرہ ہوں گے باقی رکھے جائیں گے۔[1]

# مرکز سے تعلقات کی آزادی

یہاں کے اموی امرار و حکام پوری ذمہ داری سے جملہ معاملات بحسن و خوبی انجام دیتے تھے۔ اس کے باوجود یہاں کے غیر مسلم عوام و خواص کو پورا پورا حق حاصل تھا۔ کہ وہ اپنے معاملات کو آزادی کے ساتھ مرکز سے طے کریں کہ انہیں خلیفہ

[1] کتاب الاموال ص ۱۵۲۔

حضرت بدیل بن طہفہ بجلیؒ کی شہادت کے بعد قلعۂ نیرون کے حاکم سندر راور دوسرے لوگوں نے راجہ داہر کے علم و اجازت کے بغیر حجاج بن یوسف کے پاس اپنے آدمی روانہ کئے اور یہاں پر اسلامی فوج اور حضرت بدیل کی شہادت کے سلسلے میں اپنی براءت ظاہر کر کے متعلقہ امور و معاملات طے کر لئے جس کے نتیجہ میں محمد بن قاسم کی فتوحات کے دور میں ان کا معاملہ صلح و مصالحت سے طے ہو گیا۔ بلاذری کا بیان ہے:

| | |
|---|---|
| واتی محمد بن القاسم النیرون و | محمد بن قاسم نیرون آئے جہاں کے باشندوں |
| کان اھلھا ..... بعثوا سمنیین | نے عراق میں حجاج کے پاس اپنے آدمیوں |
| منھم الی الحجاج فصالحوہ | کو بھیج کر صلح کر لی تھی۔ ان لوگوں نے محمد بن |
| فاقاموا لمحمد العلوفۃ | قاسم کی دعوت و مدارت کی اور اپنے شہر |
| وادخلوہ مدینتھم ووفوا بالصلح[1] | کے اندر لے گئے اور سابقہ شرائط پوری کیں۔ |

اور حضرت عمر بن عبدالعزیز کی دعوت اسلام پر راجہ جے سیہ بن داہر مسلمان ہو گیا مگر ہشام بن عبدالملک کے زمانے میں جنید بن عبدالرحمن مری نے حربی سیاست میں پکڑ کر اسے گرفتار کر لیا تو اس کے بھائی چچ بن داہر نے عراق جا کر اپنی شکایت پیش کرنے کا ارادہ کیا۔ مگر افسوس کہ ناکام ہوا۔ بلاذری نے لکھا ہے:

| | |
|---|---|
| وھرب صصہ بن داھر و | چچ بن داہر بھاگا اور ارادہ کیا کہ |
| ھو یرید ان یمضی الی العراق | عراق جا کر جنید کی بدعہدی کا شکوہ |
| فیشکو غدر الجنید[2] | کرے۔ |

بلاذری کے بیان کے مطابق جنید نے اسے بہلا پھسلا کر اپنے قبضہ میں کیا۔ پھر قتل کر دیا۔ دوسری روایتوں سے اس کی تصدیق نہیں ہوتی ہے۔

---

[1] فتوح البلدان ص ۴۲۵، چچ نامہ ص ۹۷ [2] فتوح البلدان ص ۴۲۹۔

# شکایت پر امیر کی معزولی

نہ صرف یہ کہ غیر مسلم عوام و خواص اپنی شکایات و معاملات کو مقامی امیر سے ہٹا کر مرکز میں لے جاتے تھے اور ان کی ہر بات پر غور کر کے شکایت دور کی جاتی تھی۔ بلکہ ان کی شکایات پر یہاں کے امرا کو معزول بھی کر دیا جاتا تھا۔ چنانچہ بامیان کے راجہ رتبیل نے حجاج کے پاس اپنے یہاں کے مسلمان امیر کی شکایت لکھی اور حجاج نے اسے معزول کر دیا۔ اس کا معاملہ یہ تھا کہ عبدالرحمٰن بن محمد بن اشعث نے حجاج اور عبدالملک کے مقابل میں شکست کھانے کے بعد راجہ رتبیل کے یہاں پناہ لی۔ جب حجاج کو اس کی خبر لگی تو اس نے آدمی بھیج کر ابن اشعث کو راجہ سے طلب کیا اس نے ابن اشعث کو حجاج کے آدمیوں کے حوالہ کر دیا۔ اس کے نتیجہ میں حجاج نے راجہ رتبیل سے سات یا نو سال تک جنگ نہ کرنے پر صلح کر لی اور یہ شرط رکھی کہ راجہ رتبیل نو لاکھ درہم کا سامان سالانہ ادا کرتا ہے چنانچہ اس پر عمل درآمد ہوتا رہا۔ اسی درمیان میں حجاج نے اشہب بن بشر کلبی کو وہاں کا امیر بنا کر بھیجا۔ اس نے سالانہ رقم کے سامان کی ادائیگی کے سلسلہ میں راجہ رتبیل کے ساتھ سختی کا معاملہ کیا تو اس نے حجاج کو خط لکھ کر اس کی شکایت کی اور حجاج نے اسے معزول کر دیا فتوح البلدان میں ہے:-

فعاسر رتبيل في العرض التي اداها، فكتب الى الحجاج يشكوه اليه فعزله الحجاج [1]

اشہب بن بشر نے سامانوں کی ادائیگی کے سلسلہ میں رتبیل پر سختی کی تو اس نے حجاج کے پاس اس کی شکایت لکھی اور حجاج نے اشہب کو معزول کر دیا۔

[1] فتوح البلدان ص ۳۹۱۔

# امراء و حکام اور مسلمانوں پر تنقید

یہاں کے غیر مسلم عوام و خواص اپنے مسلمان امراء و حکام اور عربوں کے بارے میں اظہار رائے کی پوری آزادی سے بہرہ مند تھے اور ان کے منہ پر نہایت آزادی و بے باکی کے ساتھ ان پر سخت تنقید کرتے تھے۔ جیسے مسلمان نہایت خندہ پیشانی اور حوصلہ مندی سے برداشت کر کے اپنی کوتاہیوں کو دور کرتے تھے چنانچہ جب عمرو بن مسلم باہلی نے راجہ رتبیل سے نولاکھ درہم کی قیمت کے سامان کے بجائے نقد رقم کا مطالبہ کیا تو راجہ نے صاف طور سے کہدیا کہ یہ ممکن نہیں ہے اور حجاج سے جو معاملہ طے ہوا ہے اسی پر عمل ہو گا۔ عمرو بن مسلم نے اپنے بھائی قتیبہ بن مسلم باہلی امیر خراسان کو سارا ماجرا لکھا اور انھوں نے راجہ پر چڑھائی کی جس وقت قتیبہ بن مسلم باہلی فوج لے کر راجہ رتبیل کے مقابلہ کے لئے نکلے راجہ نے یہ پیغام بھیجا۔

| | |
|---|---|
| انا لم نخلع یداً من الطاعۃ | ہم نے اطاعت سے ہاتھ نہیں کھینچا ہے بلکہ |
| وانما فارقتمونا علی عروض | آپ لوگ ہم سے اس لئے الگ ہو گئے |
| فلا تظلمونا۔ | ہیں کہ سامان کے بجائے رقم طلب کر رہے ہیں۔ اس لئے ہم پر ظلم و زیادتی نہ کریں۔ |

راجہ کی جرأت مندانہ تنقید اور قتیبہ کی دور اندیشی اور حق پسندی دونوں کے لئے یہ نازک مرحلہ تھا۔ مگر دونوں نے اپنا اپنا کام کیا اور بات بن گئی۔ راجہ نے حق کی بات کہدی اور قتیبہ نے اسے تسلیم کر کے اپنی فوج سے کہا کہ راجہ رتبیل سے سامان ہی قبول کر لو۔ اسی طرح ایک مرتبہ عربوں نے راجہ رتبیل سے پوچھا کہ تم جو رقم حجاج کو دیا کرتے تھے ہمیں کیوں نہیں دیتے ہو؟ اس کے جواب میں رتبیل نے حجاج میں اور ان عربوں میں مقابلہ کرتے ہوئے نہایت سخت تنقید کی اور کہا۔

| | |
|---|---|
| كان الحجاج رجلاً لا ينظر فيما | حجاج مرد تھا۔ جب وہ اپنے مقصد میں |
| انفق اذا ظفر ببغيته ولو لم | کامیاب ہو جاتا تو یہ نہیں دیکھتا تھا کہ کتنا مال |
| يرجع اليه درهم، وانتم | خرچ ہوا ہے چاہے اسے ایک درہم بھی واپس |
| لا تنفقون درهماً الا اذا طمعتم | نہ ملے اور تم لوگ ایک درہم بھی خرچ کرتے |
| في ان يرجع اليكم مكانه عشرة۔[1] | ہو تو اس امید پر کہ تمہارے پاس دس درہم آئیں گے |

یہ سخت تنقید وہ بھی عربوں کے منہ پر راجہ کی جرأت مندی تھی اور راسے مان لینا عربوں کی حاکمانہ حوصلہ مندی کی بات تھی۔ بعد میں راجہ نے سامان دینا بھی بند کر دیا۔ چنانچہ یزید بن عبدالملک کے زمانے میں کچھ نہیں دیا اور یہاں کے عربوں سے پوچھا کہ وہ لوگ کیا ہوئے جو ہمارے پاس آیا کرتے تھے۔ ان کے شکم دبے ہوتے تھے ان کی پیشانیوں پر نماز کا سیاہ نشان ہوتا تھا۔ ان کے پیروں میں نہایت معمولی قسم کے جوتے ہوتے تھے۔ لوگوں نے بتایا کہ وہ دنیا سے گذر گئے۔ راجہ نے کہا اگرچہ تم لوگ ان سے زیادہ خوبصورت ہو مگر وہ تم سے زیادہ وفادار اور تم سے زیادہ بہادر تھے[2] یہاں کے مسلم حکمرانوں اور مسلمانوں کا عقامی لوگوں سے اپنے بارے میں اس قسم کی تنقید سننا ان کی وسعت ظرفی کی دلیل ہے اور اس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہاں کے لوگ اپنے مسلم حکمرانوں کے بارے میں کھل کر اظہار رائے کیا کرتے تھے۔ جو پہلے اپنے راجوں کے سامنے گونگے بہرے رہا کرتے تھے۔

## امارت وحکومت میں حصہ

مسلمانوں نے یہاں کے غیر مسلموں کو اپنی امارت وحکومت میں شریک کرکے ان کی قدر دانی اور ہمت افزائی کی اور ان کی صلاحیت وقابلیت سے پورا پورا فائدہ

[1] فتوح البلدان ص ۳۹۲ [2] فتوح البلدان ص ۳۹۲۔

اٹھایا۔ اموی دور میں سب سے پہلے اس قسم کی پیش کش حجاج بن یوسف نے راجہ داہر کے لئے کی اور دیبل کے بحری قزاقوں سے جنگ میں اس کو اپنی طرف سے امیر بنانا چاہا یاقوت کا بیان ہے۔

| | |
|---|---|
| فارسل الی داهر ملك الديبل | حجاج نے دیبل کے راجہ داہر کو لکھا |
| وامرہ علی الغز ولھولاء الذین | اور جن لٹیروں نے مسلم خواتین کو قید |
| سبوا النسوۃ فحلف انہ لاطاقۃ | کیا تھا ان سے لڑنے کے لئے اس کو امیر |
| لہ علی الذین اخذوھن[1] | بنایا مگر اس نے قسم کھائی کہ میں ان کے |
| | مقابلہ کی طاقت نہیں رکھتا۔ |

اس کا مطلب یہ ہے کہ حجاج نے خلافت کی فوجوں کی امارت راجہ داہر کو دینی چاہی تھی تاکہ اس کی سلطنت وحکومت میں اس کا اقتدار بھی باقی رہے۔ اور مجرموں کو سزا بھی دیدی جائے۔ مگر داہر نے مصلحت آمیز مجبوری ظاہر کردی بعد میں محمد بن قاسم نے اپنے دور امارت میں مقامی لوگوں کو یہاں کے سرکاری انتظامات میں دخیل بنایا جگہ جگہ مالیات وغیرہ کی وصولی اور دوسرے کاموں پر ان کو مقرر کیا۔ مسلمان حکام وامراء کے ساتھ ان کو بھی اکثر مقامات پر متعین کر کے حاکمانہ شان وشوکت کا مالک بنایا۔ چنانچہ برہمن آباد کی فتح کے بعد بقول صاحب چچ نامہ:۔

| | |
|---|---|
| پس دھقان ورئیسان را بر | محمد بن قاسم نے سرداروں اور چودھریوں |
| تحصیل مال معاملہ نصب فرمود | کو مالیات کی وصول وتحصیل پر مامور کیا |
| تا از شہر وروستا اموال در ضبط | تاکہ وہ شہر اور دیہات سے مالیات کی |
| آرند وایشان را قوتے واستظہارے | وصول کریں اور ان کی شان وشوکت |
| پیا شد[2]۔ | کا مظاہرہ بھی ہو۔ |

[1] معجم البلدان ج ۸ ص ۲۰۲ [2] چچ نامہ ص ۲۰۹۔

Marfat.com

محمد بن قاسم کی فتوحات میں جگہ جگہ غیر مسلموں کو امارت و حکومت میں شریک کرنے کے بہت سے واقعات موجود ہیں اس کے بعد حضرت عمر بن عبد العزیز نے یہاں کے نو مسلم راجوں مہاراجوں کو ان کی سلطنت کا قانونی حکمراں تسلیم کر کے اپنی طرف سے ان کو یہاں کی حکومت دی تھی۔

## فوجی ملازمت

مسلمانوں نے ہندوستانیوں کو اپنی فوج میں بھی شامل کر کے ان کی خدمات حاصل کیں اور انھوں نے بھی پوری ذمہ داری سے مسلمانوں کا ساتھ دیا۔ اس کی سب سے پہلی مثال محمد بن قاسم کے دور امارت میں ملتی ہے جب کہ انھوں نے محمد بن مصعب بن عبد الرحمٰن ثقفی کو سدوسان کی مہم پر روانہ کیا اور مقامی باشندوں نے اپنا آدمی بھیج کر صلح و مصالحت پر معاملہ طے کر لیا پھر جب محمد بن مصعب واپس چلے تو ان کے ہمراہ چار ہزار جاٹ بھی فوج میں شامل ہو گئے جنھوں نے محمد بن قاسم کی فتوحات میں پورا پورا حصہ لیا علامہ بلاذری کا بیان ہے:-

| | |
|---|---|
| وانصرف الی محمد، و معہ | محمد بن مصعب چار ہزار جاٹوں کو لے کر |
| من الزط اربعۃ آلاف | محمد بن قاسم کے پاس آئے اور یہ جاٹ |
| فصاروا مع محمد[1] | محمد بن قاسم کی فوج میں شامل ہو گئے۔ |

چنانچہ یہ لوگ جنگ داہر اور برہمن آباد، الرور، بغرور، سکہ، ملتان، بھیلمان، سوراشٹر، کھیڑا وغیرہ کی مہمات میں اپنی فوجی خدمات پیش کر کے اسلامی فوج کے شانہ بشانہ دشمنوں کے مقابلہ میں ڈٹے رہے۔ اسی طرح خلیفہ ہشام بن عبد الملک کے زمانے میں امیر سندھ جنید بن عبد الرحمٰن مری کی فوج میں اشتدرابید نامی کوئی راجہ تھا جو کھیڑا

[1] فتوح البلدان ص ۴۲۵۔

لڑائی میں مسلمانوں کی طرف سے لڑ رہا تھا۔ یعقوبی کا بیان ہے:

| | |
|---|---|
| ثم غزا الكيرج ومعه اشند رابيد | جنید نے کیرج میں جنگ کی تو ان کے |
| الملك في مقاتلته، فهرب الراء ملك | ساتھ راجہ اشند رابید بھی لڑنے والوں |
| الكيرج۔[1] | میں تھا اور رائے کیرج کا بادشاہ بھاگ لیا۔ |

ان غیر مسلم فوجیوں کو وہی حقوق حاصل تھے جو سرکاری طور سے اسلامی فوج کے افراد کو حاصل تھے اور ان کی طرح یہ بھی فوجی اعزاز سے نوازے جاتے تھے۔ البتہ ان کو مال غنیمت سے حصہ نہیں ملتا تھا۔ جو خالص اسلامی فوج کا حصہ تھا۔ اس کے علاوہ مشاہرہ اور انعام وغیرہ میں کوئی امتیاز نہیں تھا۔

## آراضی کا انتظام

سندھ و مکران، فارس و خراسان وغیرہ مشرقی ممالک کے بلاد وامصار سواد عراق میں شمار ہوتے تھے اور ان کی آراضی کے بارے میں وہی احکام جاری تھے جو پورے سواد عراق میں نافذ تھے۔ یعنی جو زمینیں جہاد کے بعد عنوۃً و قہراً فتح ہوئیں ان پر خراج اور ان کے مالکوں پر جزیہ عائد کیا گیا اور جو زمینیں صلح و معاہدہ کے ذریعہ فتح ہوئیں ان کے بارے میں شرائط صلح کی رو سے عمل درآمد کیا گیا۔ عام حالات میں ایسی صورت میں بھی آراضی پر خراج اور مالکوں پر جزیہ لگایا گیا۔ ان دونوں صورتوں میں حسب سابق مفتوحہ اراضی اپنے مالکوں کے قبضہ و تصرف میں رہیں اور ان کی ملکیت پر کوئی اثر نہیں پڑا۔ تیسری صورت یہ ہوئی کہ کسی شہر اور علاقہ کے تمام باشندے مسلمان ہو گئے اس صورت میں بھی وہ اپنی زمینوں کے مالک رہے ان پر صرف عُشر مقرر کیا گیا امام قاضی ابو یوسف نے کتاب الخراج میں ان ہی صورتوں کو معمول بہا اور ان ہی پر خلفاء کی سنت جاریہ بتایا ہے چنانچہ خلیفہ ہارون رشید کو مخاطب کر کے لکھتے ہیں:

---

[1] تاریخ یعقوبی ج ۲ ص ۳۸۰۔

Marfat.com

| | |
|---|---|
| واما ارض البصرۃ وخراسان | بصرہ اور خراسان سے متعلق زمینیں میرے |
| فانها عندی .... بمنزلۃ السواد | نزدیک سواد عراق کی طرح ہیں ان میں سے |
| ما افتتح من ذلك عنوۃ فهو | جو زمین جہاد کر کے عنوۃً وقہراً فتح ہوئی وہ |
| ارض خراج وماصولح علیہ اھلہ | خراجی زمین ہے اور جس زمین کے مالکوں سے |
| فعلی ماصولحوا علیہ ولا یزاد علیھم | صلح کی گئی تو اس کا معاملہ شرائط صلح کے |
| واما اسلم علیہ اھلہ فهو عشر | مطابق ہے اور جس زمین کے مالک مسلمان ہو گئے |
| ولست افرّق بین السواد وبین | وہ عشری زمین ہے۔ میں سواد عراق میں اور |
| ھذہ فی شیٔ من امرھا ولکن | بصرہ و خراسان کی زمینوں میں کسی چیز میں |
| قد جرت علیها سنۃ وامضی | فرق نہیں کرتا ہوں۔ کیونکہ اس پر تعامل اور |
| ذلك من کان من الخلفاء | سنت جاری ہے اور اسی کو سابق خلفاء نے |
| فرأیتُ ان تُقرّھا علی حالها | برقرار رکھا ہے۔ میں مناسب سمجھتا ہوں کہ |
| وذالك الامر وعلیہ | تم بھی اسی صورت کو بحالہ برقرار رکھو اور |
| العمل[1] | اسی پر آج تک عمل درآمد ہے۔ |

ان مفتوحہ ممالک کی اراضی میں اگر کوئی زمین ایسی تھی کہ اس پر کسی شخص کا مالکانہ قبضہ و تصرف نہیں تھا تو اسے امیر و خلیفہ اپنی صوابدید سے کسی کو جاگیر و عطیہ میں دیدیتا تھا۔ ایسی زمین اگر خراجی اراضی میں واقع ہوتی تو اس کا خراج دینا پڑتا تھا اور عشری اراضی میں ہوتی تو عشر ادا کرنا پڑتا تھا قاضی ابو یوسفؒ نے لکھا ہے:

| | |
|---|---|
| وکل ارض بین ارض العراق | عراق، حجاز، یمن اور عرب وغیرہ کی تمام |
| والحجاز والیمن وارض العرب | ایسی اراضی جو قابل استعمال ہیں مگر وہ |
| وغیرھا عامرۃ ولیست لاحد، | نہ کسی شخص کی ہیں نہ کسی کے قبضہ میں ہیں |

[1] کتاب الخراج امام ابو یوسف ص ۷۰۔

Marfat.com

| | |
|---|---|
| ولا فی ید احد ولا وراثۃ، ولا | اور نہ کسی کی وراثت میں ہیں اور نہ ہی |
| علیھا عمارۃ فاقطعھا الامام رجلا | ان پر کوئی عمارت ہے اگر خلیفہ نے اپنے کسی |
| فعمّرھا، فان کانت فی ارض | آدمی کو جاگیر وعطیہ میں دیا اور اس نے |
| الخراج ادّی عنھا الذی | اسے آباد کیا یعنی کاشت کی تو اگر وہ زمین |
| اقطعھا الخراج، والخراج ما | آراضیٔ خراجیہ میں سے ہے تو وہ اس کا |
| افتتح عنوۃً مثل السواد وغیرہ | خراج دے گا۔ خراجی زمین وہ ہے جو عنوۃً |
| وان کانت من ارض العشر ادی | دقہراً فتح ہوئی ہو جیسے سواد عراق وغیرہ |
| عنھا الذی اقطعھا العشر | اور اگر وہ آراضی عشریہ میں سے ہے تو |
| وارض العشر کل ارض اسلم | وہ اس کا عشر ادا کرے گا۔ اور عشری زمین |
| علیھا اھلھا فھی ارض | وہ ہے جس کا مالک مسلمان ہو جائے وہ |
| عشر[1] | اس کی ملکیت میں رہ کر عشری ہو گی۔ |

سندھ ومکران اور سواد عراق کی زمینوں میں ایک ہی قسم کے قوانین واحکام کی ایک وجہ یہ بھی تھی کہ شاہانِ ایران ان دونوں مشرقی اور مغربی علاقوں پر قدیم زمانے سے بالادستی رکھتے تھے اور یہاں کے باشندے ان کو خراج ادا کرتے تھے۔ جب اسلامی فتوحات کا دور آیا اور مفتوحہ ممالک کے باشندوں اور ان کی آراضی پر اسلامی قوانین جاری ہوئے تو دونوں علاقوں میں ایک ہی معاملہ کیا گیا۔ یعنی سواد عراق کی طرح سندھ، مکران اور دیگر مشرقی ممالک کی آراضی عام طور سے خراجی قرار پائیں یحییٰ بن آدم قرشی متوفی ۲۰۳ھ نے کتاب الخراج میں حسن بن صالح سے روایت کی ہے:۔

| | |
|---|---|
| واما سوادنا ھذا فانا سمعنا | ہم نے اپنے سواد عراق کے بارے میں |
| انہ کان فی ایدی النبط فظھر علیھم | سنا ہے کہ یہاں کی اراضی نبطی قوم کے |

[1] کتاب الخراج قاضی ابو یوسف ص ۷۱۔

Marfat.com

اهل فارس، فكانوا يؤدون اليهم الخراج، فلما ظهر المسلمون على اهل فارس تركوا السواد ومن يقاتلهم من النبط والدهاقين على حالهم، ووضعوا الجزية على رؤس الرجال ومسحوا عليهم ما كان في ايديهم من الارض ووضعوا عليها الخراج، وقبضوا على ارض ليست في يد احد، فكانت صوافي الى الامام[1]

قبضہ میں تھیں۔ جب اہل فارس نے ان پر غلبہ پایا تو ان کو خراج دینے لگے۔ اس کے بعد جب مسلمان اہل فارس پر غالب آگئے تو انھوں نے اراضی عراق اور وہاں کے جنگجو نبطیوں اور مقامی حاکموں کو ان کے حال پر باقی رکھکر ان کے مردوں پر جزیہ عائد کیا اور انکی مقبوضہ اراضی کی پیمائش کر کے ان پر خراج مقرر کیا اور ایسی تمام اراضی جو کسی کی ملکیت میں نہیں تھیں ان پر قبضہ کر لیا جو خلیفہ (بیت المال) کی صوافی (خالص زمینیں) ہوئیں۔

اور اگر یہاں کے کسی راجہ کی زمین کو جہاد کے ذریعہ عنوۃً وقہراً فتح کیا گیا تو اس کی مقبوضہ آراضی کو بیت المال میں داخل کر دیا گیا جیسا کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے سواد عراق میں کسریٰ کے شاہی مقبوضات میں کیا اور راجہ کی شاہی اراضی کے علاوہ جو زمینیں تھیں ان کو ان کے مالکوں کے قبضہ و تصرف میں دے کر ان پر جزیہ و خراج عائد کیا گیا اور جو زمینیں مفتوح حکمرانوں کی ذاتی ملکیت تھیں یا کسی خاص فرد یا خاندان کی ملکیت میں نہیں تھیں وہ بیت المال کی ملکیت میں آئیں اور ان دونوں قسم کی اراضی سے خلفاء اور ان کے امراء نے خطط و قطائع یعنی جاگیریں اور عطیے دیئے۔ اگر وہ خراجی تھیں تو پانے والوں پر خراج لگایا گیا اور اگر عشری تھیں تو عشر عائد کیا گیا اور اگر نہ خراجی تھیں نہ عشری بلکہ بیت المال کے صوافی میں سے تھیں تو ان پر کوئی رقم نہیں لگائی گئی ان بلاد و امصار اور آراضی کی تفصیلات فتوحات کے بیان میں گذر چکی ہیں۔ جو جنگ و جہاد سے

[1] کتاب الخراج یحییٰ بن آدم ص ۲۲۔

Marfat.com

عنوۃً و قہراً فتح ہوئے یا صلح و معاہدہ کے ذریعہ اسلامی فوج نے ان پر قبضہ کیا اور ان پر خراج و جزیہ عائد ہوا۔ اس طرح یہاں کی عام آراضی خراجی ہیں۔ ان کے مقابلہ میں عشری زمینیں بھی ہیں۔ جن کے مالک برضاء و رغبت مسلمان ہو گئے مگر یہ کم ہیں۔ بعض روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ قیقان کے باشندے سب سے پہلے اسلام لائے اور ان کی زمینیں عشری قرار پائیں اور محمد بن قاسم کی فتوحات کے دوران سندھ و مکران کی متعدد قومیں اسلام لائیں اور ان کی زمینیں عشری رہیں۔ چنانچہ سندھ کی قوم چنہ اور نیرنکوٹ کے باشندے اجتماعی طور پر مسلمان ہوئے اور ان کی زمینوں سے عشر وصول کیا گیا تحفۃ الکرام میں تصریح ہے کہ:۔

فقہائے اسلام زمین آں روئے آب کہ در تصرف مردم چنہ بود، بنابرآں عشری نویسند وہم چنیں برزمین نیرنکوٹ کہ خود بہ اطاعت آمدہ نسبت بہ دیگر زمینہا الخ[1]

فقہائے اسلام نے قوم چنہ کی زمین کو ان کے مسلمان ہو جانے کی بناء پر عشری لکھا ہے اسی طرح نیرن کوٹ کی زمین کو عشری مانا ہے کیونکہ یہاں کے باشندوں نے بھی اطاعت قبول کی تھی۔

حضرت عمر بن عبد العزیز نے یہاں کے راجوں مہاراجوں کو دعوتِ اسلامی دی اور متعدد راجے مہاراجے مسلمان ہوئے:

• يدعوهم الى الاسلام والطاعة على ان يملكهم ولهم ما للمسلمين وعليهم ما على المسلمين ...... فاسلم جليسه والملوك[2]

حضرت عمر بن عبد العزیز نے اس شرط پر راجوں کو دعوت اسلام دی کہ وہ ان کو ان کے علاقوں کا مالک بنائیں گے اور ان کے وہی حقوق ہوں گے جو عام مسلمانوں کے ہیں اور ان پر وہی ذمہ داریاں ہوں گی جو سب مسلمانوں پر ہیں چنانچہ اس شرط پر جے سیہ اور دوسرے راجے مسلمان ہو گئے

[1] تحفۃ الکرام ج ۳ ص ۳۰ [2] فتوح البلدان ص ۴۲۵۔

Marfat.com

اور ان سب کو حضرت عمر بن عبدالعزیز ؒ نے ان کے ملکوں اور شہروں اور آراضی کا مالک رکھا۔ چنانچہ کچھ دنوں کے بعد خلیفہ ہشام بن عبدالملک کے زمانہ میں جب امیر سندھ جنید بن عبدالرحمن مری نے راجہ جے سیہ سے چھیڑ چھاڑ کی تو اس نے کہا کہ:-

| | |
|---|---|
| انی اسلمت وولانی الرجل الصالح بلادی [1] | میں مسلمان ہو چکا ہوں اور نیک آدمی (عمر بن عبدالعزیز) نے میرے شہروں کا مجھے حاکم بنایا ہے |

ان تمام نومسلم راجوں کی زمینیں عشری قرار دی گئیں۔

اموی دور میں جو مسلمان یہاں آباد کئے گئے ان کو مفتوح راجوں کی ذاتی آراضی سے قطائع اور جاگیریں دی گئیں یا پھر ایسی زمینیں دی گئیں جو پہلے سے نہ کسی کی ملکیت و وراثت میں تھیں اور نہ ان میں پہلے سے آبادی وغیرہ تھی۔ مثلاً فتح دیبل کے بعد محمد بن قاسم کے بارے میں بلاذری نے تصریح کی ہے:-

| | |
|---|---|
| واختط محمد للمسلمین بھا وبنی مسجداً وانزلھا اربعۃ آلاف [2] | محمد بن قاسم نے دیبل میں مسلمانوں کو قطائع و خطط عطا کئے اور مسجد تعمیر کی اور وہاں چار ہزار مسلمانوں کو بسایا۔ |

اسی طرح جہاں جہاں مسلمان آباد ہوئے ان کو خلافت کی صوافی آراضی یا مفتوح راجوں کی آراضی دی گئیں۔ محمد بن قاسم کی عام فتوحات سے پہلے عشر و خراج اور جزیہ کے لئے الگ امیر رکھنے کا عام رواج نہیں تھا۔ بلکہ سندھ کے امیر کے اعوان و انصار اس میں ہاتھ بٹاتے تھے۔ البتہ محمد بن قاسم نے اپنے زمانے میں مالیات کے تحصیل و وصول کا مستقل شعبہ قائم کیا اور ان کے بعد یہ سلسلہ جاری رہا۔ چنانچہ خلیفہ سلیمان بن عبدالملک (۹۶ھ تا ...) نے خراج کے لئے یہاں یزید بن ابی کبشہ سکسکی کو مقرر کیا۔ ان کے مرنے پر ان کے بھائی عبیداللہ بن ابی کبشہ سکسکی نے یہ عہدہ سنبھالا۔ پھر عمران بن نعمان کلاعی کو یہ خدمت سپرد ...

[1] فتوح البلدان ص ۴۲۹ [2] فتوح البلدان ص ۴۲۹ ۔

ہوئی اور آخر میں امیر حرب حبیب بن مہلب کو جہاد کے ساتھ خراج کا عہدہ بھی دیدیا گیا[1]

## قیام امن و امان

کسی کامیاب حکومت کے لیئے عدل و انصاف اور امن و امان بنیاد ہیں۔ عرب قوم اپنے ماضی میں جنگ جو اور غارت گر تھی۔ مگر اسلام نے اس میں امن و امان اور عدل و انصاف کا وہ جوہر پیدا کر دیا کہ دنیا اس کے کارناموں پر انگشت بدنداں ہو گئی۔ انھوں نے اپنے اسلامی اخلاق و کردار کی تلوار سے دلوں کو فتح کر کے ان کی کجی اور کدورت دور کی۔ ایک مرتبہ امیر خراسان جراح بن عبد اللہ حکمیؒ نے اموی خلیفہ عمر بن عبد العزیزؒ کو لکھا کہ یہاں کے عوام بہت ہی شرارت پسند اور بد اطوار ہو گئے ہیں ان کی اصلاح تلوار اور درّے ہی سے ہو سکتی ہے۔ اگر امیر المومنین مناسب سمجھیں تو مجھے اس کی اجازت دیں۔ حضرت عمرؒ نے اس کے جواب میں جراح کو لکھا۔

| | |
|---|---|
| اما بعد فقد بلغنی کتابك تذکران اهل خراسان قد ساءت رعیتهم وانه لا یصلحهم الا السیف والسوط فقد کذبت بل یصلحهم العدل والحق فابسط علیهم والسلام[2] | تمہارا خط مجھے ملا تم نے ذکر کیا ہے کہ خراسان کی رعایا بگڑ گئی ہے جسے تلوار اور کوڑا ٹھیک کر سکتا ہے تم نے یہ جھوٹ لکھا ہے بلکہ ان کو عدل اور حق کی طاقت درست کر دے گی۔ اس لیئے وہاں کے عوام میں عدل و انصاف اور حق سے کام لو۔ |

اس تحریر سے معلوم ہوتا ہے کہ مفتوحہ ممالک میں اموی خلافت نے عدل و حق کا نہایت اعلیٰ نظام قائم کر کے اسی بنیاد پر امن و امان کی فضا پیدا کی۔ معلوم ہو چکا ہے کہ مکران و سندھ کے علاقے وحشت و بربریت میں مشہور تھے اور عربوں میں یہاں کے متعلق غدر،

[1] تاریخ خلیفہ ج ۱ ص ۲۹۹ م (ص ۳۰۴) [2] تاریخ الخلفاء ذکر عمر بن عبد العزیز ص ۱۶۵۔

Marfat.com

بے وفائی اور قتل و غارت گری کی روایات مشہور تھیں۔ اندرون ملک بدامنی عام تھی بحری ڈاکوؤں اور لٹیروں نے ساحلی اور بحری امن و امان غارت کر رکھا تھا۔ سمندر میں دور دور تک تجارتی جہاز ان کی زد پر رہا کرتے تھے۔ مگر مسلمانوں نے یہاں اپنے حسن انتظام سے اطمینان و سکون اور بے خوفی کی نئی فضا پیدا کر دی اور ان کے مقبوضہ علاقوں کے چور ڈاکو اور غارت گر محافظ امن و امان بن گئے۔ خاص طور سے حضرت عمر بن عبد العزیز کے دور خلافت میں دیگر مشرقی ممالک کی طرح یہاں بھی عدل و حق کی فضا قائم ہوئی۔ یعقوبی نے حکم بن عوانہ کے دور امارت میں یہاں کے امن و امان اور اطمینان و سکون کا نقشہ ان الفاظ میں کھینچا ہے:۔

| | |
|---|---|
| واجلی القوم المتغلبین بعد حرب شدیدۃ و هدأت البلاد و سکنت [1] | انہوں نے زبردستی قبضہ کرنے والوں کو سخت جنگ کے بعد نکال باہر کیا جس سے شہروں میں اطمینان و سکون پیدا ہو گیا۔ |

ان کے دور میں عوام نہایت پرسکون اور پرامن زندگی بسر کر کے اپنے امیر سے مطمئن اور خوش تھے بلاذری کا بیان ہے:۔

| | |
|---|---|
| وتخلص الحکم ما کان فی ایدی العدو و مما غلبوا علیه و رضی الناس بولایته، وکان یقول خالد و اعجبا ولیت فتی العرب فرفض یعنی تمیما و ولیت ابخل الناس فرضی به [2] | حکم بن عوانہ نے دشمنوں سے تمام مقبوضہ علاقہ واپس لے لئے اور ان کی امارت سے لوگ بہت خوش ہوئے۔ حتیٰ کہ امیر عراق خالد قسری تعجب سے کہا کرتا تھا کہ میں نے تمیم بن زید قینی جیسے شریف و سخی آدمی کو وہاں کا امیر بنایا تو لوگ ان سے ناراض رہے اور بعد میں سب سے زیادہ بخیل (حکم بن عوانہ) |

[1] تاریخ یعقوبی ج ۲ ص ۳۸۸ [2] فتوح البلدان ص ۴۳۲۔

Marfat.com

کو امیر مقرر کیا تو ان سے خوش ہوئے۔

اگر امن و امان نہ ہو تو مال و دولت کی بارش بھی بیکار ہے اور اگر مال و دولت
کی ہو اور امن و امان ہو تو سب کچھ حاصل ہے۔ یہی وجہ ہے کہ بدامنی کے دور میں
م بن زید قینی کی داد و دہش مفید ثابت نہیں ہوئی اور امن و سکون کے زمانہ میں
م بن عوآنہ کی محتاط روش نے عوام کو راضی رکھا۔

محمد بن قاسم نے اپنے دور میں امن و امان اور عدل و انصاف کی دولت سے
رے ملک کو معمور و آباد کر دیا تھا اور ان کے حق میں بچے بچے کے دل سے دعا نکلتی تھی
ن کی وفات پر اہل ہند اس لئے نہیں روتے تھے کہ وہ عظیم فاتح تھے۔ بلکہ ان کے عدل و
صاف اور امن و امان کی موت پر روتے تھے اور ان کے دور امن کو یاد کرتے۔ ان
تصویر سے اپنے کو تسلی دیتے تھے۔ الغرض پورا اموی دور امن و امان اور عدل و
صاف کی بحالی و برقراری میں گذرا اور مسلمان امراء نے عوام کے دلوں پر اپنی
مت کے تخت بچھائے۔

## بحری ڈاکوؤں کا صفایا

ہندوستان کے میدلینی سمندری ڈاکو عالمی فتنہ تھے ان کی غارت گری کی وجہ
یہاں کی عالمی شاہراہ ہمیشہ پرخطر رہا کرتی تھی۔ مشرق اور مغرب سے آنے جانے
لے تجارتی جہاز اور تاجر ان کی غارت گری اور تاراجی کا نشانہ رہا کرتے تھے۔
کے بڑے بڑے راجے ان کی تادیب سے عاجز تھے۔ حتی کہ اسلامی جہاز کی غارت گری
موقع پر راجہ داہر نے حجاج کو جواب دے دیا کہ ڈاکو میرے بس میں
یں ہیں۔ یہ قوم مکران و ملتان سے لے کر سوراشٹر اور گجرات تک کے ساحلی
نے میں آباد تھی۔ نیز سواحل کے پیچھے میدانوں پر اس کا قبضہ تھا یہ لوگ

خشکی اور تری میں ڈاکہ زنی کرکے امن و امان کو غارت کرتے تھے۔ ان کی لوٹ مار اور غارت گری سے اس ملک کے باشندے ہی نالاں نہیں تھے بلکہ غیر ممالک کے تاجر و مسافر بھی پریشان رہا کرتے تھے۔ سندھ میں دیبل کے سواحل اور سوراشٹر میں پالی تھانہ کی پہاڑیاں ان کے اہم مرکز تھے۔ ان کمین گاہوں کے ڈاکو عرب، ہندوستان اور چین کے درمیان آنے جانے والے تجارتی جہازوں کو لوٹا کرتے تھے۔ ان سے جنگ اور مقابلہ کے لئے تاجروں اور جہازرانوں کو پورے انتظام کے باوجود رات دن خطرہ ہی رہا کرتا تھا۔ ایسی شریر و سرکش قوم کو زیر کرنے کے لئے اولین فرصت میں کوشش کی گئی اور حضرت معاویہ کے امیر راشد بن عمرو جدیدی نے ۴۲ھ میں اس کی طاقت توڑی جس سے ملک کے عوام اور بیرونی تجار نے سکون و اطمینان کا سانس لیا کتابوں میں ان کے بارے میں تصریح ہے کہ:۔

دوغل فی بلاد السند ثم المیں، فقتل[1]

راشد بن عمرو نے سندھ کے علاقوں اور مید قوم کی آبادیوں میں گھس کر جنگ کی اسکے بعد شہید ہو گئے

ہندوستان کے لٹیروں اور ڈاکوؤں سے مسلمانوں کی یہ پہلی مڈبھیڑ تھی جو سینکڑوں سال سے لوٹ مار اور قتل و غارت کا آبائی پیشہ اختیار کئے ہوئے تھے اور جن سے یہاں کے راجے مہاراجے تک عاجز رہا کرتے تھے۔ اس چھیڑ چھاڑ نے گویا بھڑ کے چھتے میں ہاتھ لگا دیا۔ اور یہ لوگ انتقام پر اتر آئے۔ جس کا نتیجہ ایک بہت بڑے بین الاقوامی جرم کی صورت میں ظاہر ہوا۔ یعنی انھوں نے ۸۸ھ میں حدود سرندیپ سے آنے والے اسلامی جہاز کو لوٹ کر مسلم خواتین کو گرفتار کر لیا۔ جسے کوئی غیرت مند قوم اور ذمہ دار حکومت برداشت نہیں کر سکتی۔ چنانچہ ان کی تادیب کے لئے عراق سے حجاج بن یوسف غیرت مند بلند حوصلہ اور منتظم حکمراں نے راجہ داہر کو لکھ کر ہر قسم کی امداد کی یقین دہانی

[1] فتوح البلدان ص ۴۲۲، العبر ج ۱ ص ۵۱، شذرات الذہب ج ۱ ص ۳ ۔

Marfat.com

مگر جب راجہ نے صاف انکار کر دیا۔ تو عراق سے دو دو مہمات آئیں جو ان ڈاکوؤں کی طاقت کے سامنے ناکام ہوگئیں۔ بالآخر محمد بن قاسم نے آکر نہ صرف ان کو زیر کیا بلکہ ان کی سرپرست طاقتوں کو بھی توڑ کر رکھ دیا۔ یہاں تک کہ جب محمد بن قاسم سندھ کو فتح کرتے ہوئے گجرات کی سمت بڑھے تو سوراشٹر (سورٹھ) کے باشندوں نے جو مید قوم سے تھے اور بحری قزاقی ان کا قدیم پیشہ تھا خود بخود آگے بڑھ کر صلح کی پیش کش کی اور بلا چون و چرا اطاعت قبول کر لی۔ بلاذری کا بیان ہے:۔

| | |
|---|---|
| وسالمہ اہل سرست، وھی مغزی | سورٹھ (سوراشٹر) والوں نے محمد بن قاسم |
| اھل البصرۃ الیوم واھلھا المید | سے صلح کر لی سورٹھ والے مید تھے جو |
| الذین یقطعون بالبحر[1]۔ | سمندر میں ڈاکہ ڈالتے تھے۔ |

بالفاظ دیگر یہ جرائم پیشہ قوم خود امن سے رہنے اور دوسروں کو امن سے رہنے دینے پر آمادہ ہوگئی۔ اس کے بعد پورے اموی دور میں یوں پر امن رہی کہ بعد میں ہندوستان اور گجرات کے متعدد مقامات پر بد امنی اور بد عہدی پھیلی جسے جنید بن عبدالرحمٰن مری اور حکم بن عوانہ کلبی نے فرو کیا مگر بلاد راسل جن میں کچھ اور سوراشٹر واقع تھے، ہر طرح محفوظ رہے اور یہاں کے باشندوں نے کوئی گڑبڑ نہیں کی۔ بلکہ مید قوم اس دور میں بھی پر امن رہی۔

الغرض اموی عمال و حکام نے اس ملک میں امن و امان کی وہ فضا پیدا کر دی کہ یہاں زندگی کی قدریں ہر طرح محفوظ و مامون ہوگئیں اور آبادی کے ہنگاموں سے لے کر راستوں کی خاموشیوں تک سے ہر قسم کے خطرات دور ہوگئے

---

[1] فتوح البلدان ص ۴۲۷۔

# قحط وگرانی کا مقابلہ

سندھ و مکران کا علاقہ یوں بھی وسائل زندگی سے بڑی حد تک محروم تھا۔ قحط وگرانی غذا کی قلت، پانی کی کمی اور اجناس کی نایابی عام تھی۔ اکثر علاقے پہاڑی اور ریگستانی تھے دریا، ندیاں اور چشمے گویا مفقود تھے۔ لے دے کے دریائے سندھ اور اس کے بعض معاون دریا یہاں کے باشندوں کے لئے سب کچھ تھے۔ بارش بھی بہت کم ہوتی تھی۔ پورا ملک خشک وگرم تھا۔ مقامی باشندے روکھی پھیکی زندگی بسر کرتے تھے۔ ان پر بداوت اور وحشت کا غلبہ تھا۔ مگر اس بنجر علاقے کو مسلمانوں نے گلستان بنا دیا اور عالم اسلام کے ایک حصہ کی حیثیت سے یہاں پر بھی انھوں نے راحت رسانی اور وسائل رزق کی فراوانی کا نہایت معقول انتظام کیا اور جب کبھی آفات ارضی و سماوی کی وجہ سے قحط وگرانی اور نایابی کا دور آیا تو اپنے حسن انتظام سے اس کا مقابلہ کر کے ناگوار حالات کے خوشگوار بنانے میں پوری کوشش کی۔ باہر سے غلہ منگایا اور یہاں کے ننگوں بھوکوں کو عالم اسلام کے دوسرے علاقوں میں لے جاکر آباد کیا۔

خلیفہ ہشام بن عبدالملک کے ابتدائی دور خلافت میں جب کہ جنید بن عبدالرحمٰن مری یہاں کے امیر تھے۔ نہایت سخت اور مہلک قحط پڑا جس میں غلہ کی نایابی کا یہ حال تھا کہ ایک درہم میں ایک مٹھی غلہ ملتا تھا۔ مگر جنید نے اپنی صلاحیت سے کام لے کر صورت حال پر قابو پایا۔ غذا کا انتظام کیا اور یہاں کی بہت بڑی آبادی دوسرے ملکوں میں منتقل کر دی۔ طبری ۱۱۵ھ کے واقعات میں لکھا ہے کہ جس زمانے میں خراسان کے امیر جنید بن عبدالرحمن مری تھے۔ وہاں شدید قحط تھا ایک مرتبہ جنید نے ایک شخص کو ایک درہم دیا تاکہ روٹی خرید لائے۔ وہ شخص ایک درہم کی صرف ایک روٹی لایا۔ یہ حال دیکھ کر جنید نے لوگوں سے کہا:۔

Marfat.com

أتشكون الجوع، ورغيف بدرهم، لقد رأيت بالهند أن جفنة من الحبوب تباع عدداً بدرهم۔[1]

ایک درہم کی ایک روٹی مل رہی ہے پھر بھی تم لوگ بھوک کی شکایت کرتے ہو؟ میں نے ہندوستان میں دیکھا ہے کہ ایک درہم کا صرف ایک مٹھی غلہ گن کر بکتا تھا۔

اس مہلک قحط میں ہندوستان کے لوگ دانے دانے کے محتاج تھے۔ مگر جنید نے ان کے لیے اَن داتا بن کر ان کے لئے غلہ فراہم کیا اور ایک بہت بڑی تعداد کو باہر لے جا کر بسایا چنانچہ اسی زمانہ میں ہندوستان کے جاٹوں کی ایک معتدبہ تعداد کرمان، فارس اہواز اور عراق کے شہر بصرہ، کوفہ اور کسکر وغیرہ میں بسائی گئی۔ مسعودی نے کتاب التنبیہ والاشراف میں لکھا ہے:

وكانوا خلقاً عظيماً كثيراً ناقلة من ناحية الهند لغلاء وقع هنالك، فتنقلوا في بلاد كرمان وفارس وكور الأهواز، إلى أن صاروا إلى هذه المواضع فسكنوها وغلبوا عليها۔[2]

جاٹوں کی ایک عظیم تعداد ہندوستان سے عرب منتقل ہو گئی تھی۔ وہاں ایک مرتبہ گرانی ہوئی تو یہ لوگ کرمان، فارس، کور اہواز وغیرہ کے علاقوں میں چلے گئے یہاں تک کہ کوفہ اور واسط کے نشیبی علاقوں میں آ کر ان پر قابض و دخیل ہو گئے۔

افسوس کہ ہندوستان کے یہ ننگے بھوکے فارس و عرب میں جا کر عیش و عشرت کی زندگی میں جرائم پیشہ بن گئے اور اموی حکومت ہی سے ٹکر لینے لگے یہاں تک کہ عباسی دور میں ان کے خلاف مستقل تادیبی کارروائی کرنی پڑی۔ ان میں جاٹوں کی اکثریت تھی ان لوگوں نے بصرہ اور واسط کے درمیانی علاقہ پر قبضہ کر کے اموی دور میں لوٹ مار شروع کر دی۔ سندھ کے مید یعنی بحری ڈاکوؤں کی طرح یہ لوگ عرب میں قزاقی کرنے لگے۔

۱؎ تاریخ طبری ج ۷، ص ۹۹ ۲؎ کتاب التنبیہ والاشراف ص۔



Marfat.com

اور ایسا معلوم ہونے لگا کہ عراق کے ایک حصہ میں ان کی حکومت قائم ہو جائے گی۔ اس
لئے عباسی خلفاء کو ان کے خلاف سخت کارروائی کرنی پڑی۔

## اسلامی شہروں اور بستیوں کی تعمیر

مسلمانوں نے فن تعمیر کو اپنے جمالیاتی ذوق کی بدولت کہاں سے کہاں پہونچا دیا اور فنونِ لطیفہ کی ساری نزاکتیں تعمیرات کے لئے وقف کر دیں انھوں نے جس ملک میں قدم رکھا نئے اسلامی شہر بسائے پرانے شہروں کی جدید تعمیر و توسیع کی اور اپنے ذوق کے مطابق حسین و جمیل قصور و محلات تعمیر کئے۔ الغرض مسلمانوں نے مفتوحہ بلاد و امصار کو اسلامی فن تعمیر کا ترجمان و نشان بنایا۔ وہ عام طور سے کھلی آب و ہوا کو پسند کرتے تھے۔ ان کے مکانات کشادہ اور ہوادار ہوتے تھے۔ مکان کی وسعت ان کے نزدیک سعادت مندی و خوش نصیبی کی علامت مانی جاتی تھی۔ سمندر اور دریا کے قریب آباد ہوتے تھے۔ شہروں کے آس پاس نخلستانوں، میدانوں اور چراگاہوں کا خاص خیال رکھتے تھے۔ بری و بحری مواصلات کی آسانیاں پیش نظر ہوتی تھیں۔ پانی کا انتظام نہایت معقول ہوتا تھا۔ کنوؤں کے بجائے دریاؤں چشموں اور تالابوں سے زیادہ کام لیتے تھے۔ تعمیرات میں عام طور سے پتھر پختہ اینٹ، بانس اور ساگوان کی لکڑی استعمال کرتے تھے۔ مٹی کے کچے مکانوں کا بھی رواج تھا۔ پختہ عمارتیں کئی کئی طبقے کی ہوتی تھیں اور دروازے کشادہ رکھے جاتے تھے اندرون شہر راستے اور گلیاں چوڑی ہوتی تھیں۔ گھروں کے سامنے صحن رکھا جاتا تھا۔ جوامع و مساجد اور قصور و محلات کے بام و در کمانی دار ہوتے تھے۔ عام طور سے پختہ عمارتیں ستونوں اور کمانوں پر بنائی جاتی تھیں، الغرض اموی دور کے ہندوستان میں عربوں اور مسلمانوں نے فن تعمیر میں اسی ذوق سے کام لیا جو اس دور میں پورے عالم اسلام میں عام تھا۔ اس ملک میں

Marfat.com

جو نئے اسلامی شہر تعمیر کئے گئے یا جن قدیم شہروں کی جدید تعمیر ہوئی ان میں مسلمانوں نے اپنے تعمیری ذوق سے کام لے کر اس ملک میں مسلم طرز تعمیر کو رواج دیا اور اس میں مذکورہ بالا اوصاف کا خیال رکھا۔ اس دور میں یہاں جو جدید شہر تعمیر کئے گئے یا جن قدیم شہروں کی اسلامی طرز تعمیر پر توسیع کی گئی۔ ان میں سے چند شہروں کے بارے میں ہم تفصیل سے کام لیتے ہیں۔ اس سے مسلمانوں کے ذوقِ تعمیر کا پتہ چل جائے گا۔

## کیز مکران

ہندوستان وہ خوش نصیب ملک ہے جس میں ایک جلیل القدر صحابی کے دورِ خلافت اور ایک صالح اور خدا پرست صحابی کی امارت میں پہلا اسلامی شہر آباد کیا گیا یعنی حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے زمانے میں حضرت سنان بن سلمہ ہذلی رضی اللہ عنہ نے مکران میں کیز نامی شہر تعمیر کر کے اسے دار الامارۃ اور مسلمانوں کا مرکز قرار دیا۔ ۴۲ھ سے ۴۷ھ تک مکران و قیقان کے علاقوں میں مسلسل تین اسلامی مہمات ناکام ہوئیں اور حارث بن مرہ عبدیؓ، راشد بن عمرو جدیدی عبدیؓ اور عبداللہ بن سوار عبدی یکے بعد دیگرے شہید ہوئے۔ ان حالات میں شدید ضرورت محسوس ہوئی کہ علاقہ مکران میں مسلمانوں کا کوئی مضبوط اور طاقتور مرکز بنایا جائے۔ جہاں ہر قسم کے حالات کے مقابلہ کا سامان مہیا ہو۔ اس لئے حضرت سنان بن سلمہ ہذلیؓ نے ۴۸ھ میں مکران کی امارت پا کر یہاں ایک شہر آباد کیا اور اسے اپنی حکومت اور فوج کا مستقر قرار دے کر اطراف و جوانب میں اسی مرکز سے فتوحات حاصل کیں۔ گذشتہ شکستوں کا انتقام لیا اور پورے اسلامی قلمرو میں بہترین انتظام کر کے امن و امان قائم کیا۔ علامہ بلاذری کا بیان ہے:

| | |
|---|---|
| فاتی الثغر ففتح مکران عنوۃ | سنانؓ بن سلمہ نے مکران فتح کر کے اسے |
| و مصّرھا واقام بھا وضبط | آباد کیا اور وہیں مقیم ہو کر یہاں کے شہروں |

Marfat.com

البلاد[1] پر قابو پایا۔

اس ملک میں یہ پہلا اسلامی شہر آباد کیا گیا۔ جہاں مسلمان کثیر تعداد میں رہتے تھے اور پورے علاقہ مکران پر اسی طاقتور مرکز سے قابو رکھتے تھے۔ مکران کسی خاص شہر کا نام نہیں تھا بلکہ پورے علاقہ کو مکران کہتے تھے۔ جس میں شہر کیز جسے کیج بھی کہتے تھے مرکز کی حیثیت رکھتا تھا۔ ابتدا میں یہیں امراء و حکام قیام کرتے تھے حضرت سنان بن سلمہ نے علاقہ مکران کو فتح کرنے کے بعد اسی شہر کیز کو از سر نو تعمیر کیا اور اسے مستقل دار الامارۃ قرار دے کر مسلمانوں کا مرکز بنایا۔ یاقوت حموی کا بیان ہے۔

| | |
|---|---|
| كيز و بعض يقول كيج من اشهر مدن مكران و بها كان مقام الوالي، وهي فرضة مكران و بها نخيل كثيرة[2] | کیز جسے بعض لوگ کیج بھی کہتے ہیں مکران کے مشہور شہروں میں سے ہے یہیں والی و امیر کا قیام رہتا تھا۔ یہ مکران کی بندرگاہ ہے اور یہاں پر نخلستان بہت زیادہ ہیں۔ |

اس شہر کا محل وقوع عربوں کے ذوق کے مطابق نہایت مناسب تھا۔ سرکاری ضروریات کے اعتبار سے بھی بہت مفید تھا۔ مکران کی بندرگاہ ہونے کی وجہ سے بری و بحری حمل و نقل کا مرکز تھا۔ براہ سمندر سفر آسان تھا۔ نخلستانوں کی کثرت عربوں اور ان کے اونٹوں اور جانوروں کے لئے بڑی پرکشش تھی۔ پھر علاقہ مکران گرم و خشک ہونے کی وجہ سے عربی زندگی کے لئے بڑی حد تک موزوں تھا۔ ہندوستان کا یہ پہلا اسلامی شہر ۲۸ھ سے ۱۰۵ھ تک مکران و سندھ کے اموی امراء کا دار الامارۃ اور مسلمانوں کا سب سے بڑا مستقر تھا اور کم و بیش پچاس سال تک اسلامی تہذیب و ثقافت، دینی علوم و معارف اور مسلم شان و شوکت کا مرکز بنا رہا۔ اس میں وہ تمام باتیں پائی جاتی ...... تھیں۔ جو اس دور کے اسلامی شہروں میں موجود تھیں۔

---

[1] فتوح البلدان ص ۴۳۲ [2] معجم البلدان ج ۷ ص ۳۰۵۔

# محفوظہ

اس ملک میں دوسرا اسلامی شہر محفوظہ آباد کیا گیا اور جنوب میں سندھ کے آخری سرے پر کچھ اور سوراشٹر سے قریب ہونے کی وجہ سے اسلامی قلمرو کے وسط میں اسے مرکزی حیثیت حاصل ہوئی۔ اس کی تعمیر کے اسباب و وجوہ تقریباً وہی تھے جو مکران میں مرکیز کی تعمیر کے تھے۔

اس کی صورت یہ ہوئی کہ خلیفہ ہشام بن عبد الملک (۱۰۵ھ تا ۱۲۵ھ) نے جنید بن عبد الرحمٰن مری کو یہاں کا امیر مقرر کیا۔ انھوں نے مکران و سندھ سے آگے کچھ، سوراشٹر گجرات اور اس کے آگے مشرق میں مالوہ، اجین اور ارض چین تک فتوحات کیں اور ان تمام علاقوں میں مسلمان آباد ہوئے۔ مگر اس کے بعد تمیم بن زید قینی کی امارت میں ان تمام مقامات کے حالات نہایت ابتر ہوگئے۔ بدعہدی، سرکشی عام ہوگئی۔ حرب و ضرب اور قتل و غارت کا بازار ایسا گرم ہوا کہ ان علاقوں میں مسلمانوں کا امن و امان سے رہنا مشکل ہوگیا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ اسلامی شان و شوکت سمٹ کر پھر اپنے سابقہ حدود میں آگئی۔ نیز جلد ہی تمیم بن زید کا انتقال ہوگیا۔ اس کے بعد خلیفہ ہشام نے حکم بن عوانہ کلبی جیسے صاحب عزم و ارادہ اور دور اندیش و منتظم امیر و مجاہد کو یہاں کی امارت دی انھوں نے یہاں آتے ہی فتوحات کا سلسلہ تیزی سے جاری کیا اور ایسے تمام علاقوں کو جو جنید کے زمانہ میں فتح ہوئے تھے مگر تمیم کے زمانہ میں نکل گئے تھے، واپس لے لیا ہندوستان کے ان سرکش علاقوں میں صرف علاقہ کچھ اپنی سابقہ روایت پر قائم رہا۔ یہاں نہ کسی قسم کی بدعہدی و بدامنی ہوئی اور نہ یہاں کے مسلمان ترک وطن کرکے باہر گئے۔ اس لئے کچھ کے قریب محفوظہ کے نام سے مسلمانوں کے لئے ایک شہر آباد کیا گیا جو ان کی پناہ گاہ ہونے کے ساتھ ساتھ کیزر کے بعد دوسرا دارالامارۃ قرار پایا۔ مکران و سندھ

Marfat.com

کے آ گئے نئے مفتوحہ مقامات میں بغاوت و بدامنی کی وجہ سے مسلمان سخت مضطرب تھے
ان کے لئے ان علاقوں میں کوئی محفوظ مقام نہیں رہ گیا تھا اور وہ بے اطمینانی اور
لامرکزیت کی زندگی بسر کر رہے تھے۔ اس لئے حکم بن عوانہ کلبی کے آتے ہی انھوں نے اپنے
لئے ایک ماویٰ و ملجا بنانے کی گذارش کی اور حکم نے شہر محفوظہ تعمیر کیا۔ یعقوبی کا بیان ہے:

| | |
|---|---|
| فقالوا ابن لنا حصنا یکون | مسلمانوں نے حکم بن عوانہ سے کہا کہ ہمارے |
| للمسلمین یلجئون الیہ فبنی | لئے کوئی قلعہ تعمیر کرو جہاں مسلمان پناہ |
| المحفوظۃ، واخلی القوم | پائیں۔ چنانچہ حکم نے محفوظہ کی بنیاد رکھی۔ |
| المتغلبین بعد حرب شدید | اور شدید جنگ کے بعد غلبہ حاصل کرنے |
| وھدأت البلاد وسکنت[1] | والوں کو نکال باہر کیا۔ جس سے شہروں میں |
| | سکون و اطمینان ہو گیا۔ |

اور بلاذری نے لکھا ہے:۔

| | |
|---|---|
| فلم یر للمسلمین ملجأ | حکم بن عوانہ نے یہاں مسلمانوں کے لئے |
| یلجئون الیہ فبنی وراء البحیرۃ | کوئی محفوظ و مامون مقام نہیں دیکھا۔ اس |
| مما یلی الھند مدینۃ سماھا | لئے ہندوستان کے متصل بحیرہ کے پیچھے ایک |
| المحفوظۃ وجعلھا ماویٰ | شہر آباد کر کے اس کا نام محفوظہ رکھا اور |
| لھم ومعاذاً و مصّرھا[2] | اسے مسلمانوں کے لئے جائے پناہ بنا کر نہایت |
| | اعلیٰ پیمانہ پر تعمیر کیا۔ |

اس نئے شہر کی ضرورت اور اہمیت کے پیش نظر حکم بن عوانہ نے اس کی تعمیر میں بڑا
اہتمام کیا اور اس سلسلہ میں ہر بات کو اہمیت دی چنانچہ اس کا نام رکھنے کے لئے بھی خصوصی مجلس
منعقد کر کے اعیان و اشراف اور مشائخ سے مشورہ کیا۔ حکم کے ساتھ ملک شام کے

---

[1] تاریخ یعقوبی ج ۲ ص ۳۸۸ [2] فتوح البلدان ص ۴۳۱۔

...لب کے مشائخ رہا کرتے تھے جن سے وہ رائے مشورہ لیتے تھے۔ ان سے حکم نے دریافت ...کہ اس شہر کا کیا نام رکھا جائے؟ انھوں نے اپنے اپنے ذوق کے مطابق مختلف نام ...ئے۔ کسی نے حمص تجویز کیا، کسی نے دمشق بتایا، ایک آدمی نے تدمر کا نام لیا تو حکم کو ...الی کے تصور سے انقباض پیدا ہو گیا کیونکہ اس میں دمار و ہلاکت کا معنی پایا جاتا ہے ...ی پر انھوں نے اپنی شدید ناراضگی کا اظہار کرتے ہوئے خود اپنے شہر کا نام "محفوظہ" ...ا جس میں امن و امان اور حفاظت و صیانت کے لیے نیک فالی تھی۔ اس کے بعد حکم نے ...ی شہر کو اپنا دار الامارۃ بنا کر یہیں مستقل قیام کیا۔ اور اسی مرکز سے اطراف و جوانب ...ی خود فتوحات کیں اور فوجی امرا کی ماتحتی میں مہمات روانہ کیں۔ چنانچہ اپنے دست ...است عمرو بن محمد بن قاسم ثقفی کو یہیں سے جہاد پر روانہ کیا اور وہ فتوحات کے بعد ...ہیں واپس آئے۔

شہر محفوظہ خلیج کچھ کے اس پار سندھ کے شہر بہمناباد سے تھوڑی دور پر واقع تھا۔ ...جسے عرب برہمن آباد اور بہمنوا کہتے تھے۔ ایک روایت کے مطابق اسے شاہ ایران بہمن ...پسر گشتاسپ کیانی نے اپنے نام پر آباد کیا تھا۔ بعد میں یہ شہر بالکل ویران ہو گیا۔ خلیج کچھ ...کے قریب ہونے کی وجہ سے یہاں جنگلی جھاڑیاں تھیں یہاں سے تقریباً دو فرسخ کی دوری ...پر شہر محفوظہ بسایا گیا تھا۔ اس مرکز سے شمال میں سندھ پر اور جنوب میں سورا شٹرا اور ...گجرات وغیرہ پر قبضہ و تصرف آسان تھا۔ یہ ۱۲۰ھ کے بعد کا واقعہ ہے اس وقت عراق ...کا امیر خالد بن عبد اللہ قسری تھا۔ خلیفہ ہشام اور امیر عراق خالد کے علم و مشورہ کے ...بعد حکم بن عوانہ کلبی نے سندھ میں یہ دوسرا اسلامی شہر بسایا تھا۔

## منصورہ

...ایسا معلوم ہوتا ہے کہ محفوظہ کا محل وقوع کچھ زیادہ مناسب نہ تھا یا یہ شہر ضرورت

کے لئے ناکافی تھا۔ اس لئے حکم بن عوانہ نے تھوڑے ہی دنوں کے بعد اس کے قریب منصورہ نام کا ایک بہت بڑا شہر آباد کیا۔ جہاں محفوظہ کی ساری رونق سمٹ آئی۔ اس شہر کو حکم بن عوانہ کے حکم سے ان کے فوجی امیر اور دست راست عمرو بن محمد بن قاسم ثقفیؒ نے آباد کیا تھا۔

صورت یہ ہوئی کہ حکم بن عوانہ کے ساتھ عمرو بن محمد بن قاسم یوں شریک کار تھے کہ حکم ان سے یہاں کی حکومت و امارت کے بڑے بڑے کام لیتے تھے اور محفوظہ کے مرکز سے ان کو فوجی مہمات پر روانہ کرتے تھے۔ اسی سلسلہ میں ایک بار عمرو بن محمد بن قاسم مظفر و منصور ہو کر محفوظہ واپس آئے تو حکم بن عوانہ نے ان کو محفوظہ کے قریب منصورہ آباد کرنے کا حکم دیا۔ اور انھوں نے اس شہر کی بنیاد رکھی۔ بلاذری نے لکھا ہے:۔

| | |
|---|---|
| فاغزاہ من المحفوظة | حکم نے عمرو بن محمد بن قاسم کو محفوظہ سے |
| فلما قدم علیہ وظفر امرہ | جہاد پر روانہ کیا۔ جب وہ مظفر و منصور |
| ان یبنی دون البحیرۃ | واپس آئے تو ان کو حکم دیا کہ بحرہ کے پیچھے |
| مدینة وسماھا | یہاں شہر بسائیں اور اس کا نام |
| المنصورۃ فھی التی | منصورہ رکھا۔ اس کے بعد |
| ینزلھا العمال الیوم۔ | سے آج (۲۵۵ھ) تک |
| | امراء و عمال یہیں رہتے ہیں۔ |

محفوظہ کے بعد منصورہ بھی بہنوا (برہمن آباد) سے دو فرسخ پر بسایا گیا۔ اس سے پہلے ۹۳ھ میں جب محمد بن قاسم کے مقابلہ میں راجہ داہر مارا گیا۔ تو اس کی بچی کھچی فوجیں بہنوا کی جھاڑیوں میں چھپی تھیں۔ جن کو محمد بن قاسم نے تلاش کر کے سزا دی

لہ فتوح البلدان ص ۴۳۱۔

اس واقعہ کے چند سالوں کے بعد ان کے بیٹے عمرو بن محمد بن قاسم نے اسی مقام پر یہ عظیم الشان اسلامی شہر آباد کیا۔ جو کئی صدیوں تک اسلام اور مسلمانوں کا گہوارہ رہا۔ منصورہ کو خلیفہ ہشام بن عبد الملک کے دور خلافت میں امیر سندھ حکم بن عوانہ کے حکم سے عمرو بن محمد بن قاسم نے آباد کیا۔ اس وقت عراق میں خالد بن عبد اللہ قسری کی امارت تھی۔ اس میں دار الامارۃ، دار القضاء، بیت المال، معسکر اور مساجد و جوامع کے علاوہ دیگر لوازم بھی تھے۔ اس کی تعمیر ۱۲۲ھ سے پہلے ہوئی تھی۔ مگر اس پر بارہ سال گذرتے گذرتے تباہی اور ویرانی آگئی۔ آخری اموی دور میں منصور بن جمہور کلبی نے سندھ پر قبضہ کیا اور ابتدائی عباسی دور میں مغلس عبدی اور موسیٰ بن کعب تمیمی نے آکر مقابلہ کیا۔ جس میں شہر منصورہ تباہ ہو گیا۔ پھر ۱۳۴ھ میں موسیٰ بن کعب نے سندھ پر قبضہ کر کے اسے عباسی خلافت کے ماتحت کیا اور منصورہ کی مرمت کر کے اس کی مسجد میں اضافہ کیا اور اس کی رونق واپس آگئی۔ یہ شہر قدیم جغرافیہ نویسوں کی مساحت کے اعتبار سے اقلیم سوم میں واقع تھا۔ مغربی سمت سے اس کا طول البلد ترانوے درجہ اور جنوبی سمت سے عرض البلد بائیس درجہ تھا۔ دریائے سندھ سے نکلی ہوئی ایک خلیج اس شہر کو تین طرف سے یوں گھیرے ہوئے تھی کہ جزیرہ نما بن گیا تھا۔ پینے کا پانی اسی خلیج سے حاصل کیا جاتا تھا۔ اگرچہ اطراف و جوانب کی آب و ہوا معتدل تھی۔ مگر خود منصورہ بہت گرم تھا۔ یہاں سے ایک طرف پنجاب کا شہر ملتان بارہ مرحلہ پر اور دوسری طرف مکران کا علاقہ طوران پندرہ مرحلہ پر تھا۔ آگے چل کر اس شہر کو بڑی ترقی ہوئی۔ اموی اور عباسی امراء اسی میں قیام کرتے تھے۔ اس کے بعد ہباریوں نے سندھ میں اپنی حکومت قائم کی اور اسے اپنا دار الامارۃ قرار دے کر ۲۴۰ھ سے ۴۱۶ھ تک نہایت شاندار اور کامیاب حکومت کی۔ مقدسی نے اس شہر کے بارے میں لکھا ہے کہ منصورہ سندھ کا دار السلطنت اور اس اقلیم کا سب سے بڑا

Marfat.com

شہر ہے اس کی وسعت دمشق کے برابر ہے۔ مکانات لکڑی اور مٹی کے ہیں۔ یہاں کی جامع مسجد وسط بازار میں واقع ہے جو پتھر اور اینٹ سے بنی ہوئی ہے اور اس کے ستون ساگوان کے ہیں۔ یہ لمبائی اور چوڑائی میں عمان کی جامع مسجد کے برابر ہے۔ شہر کے چاروں طرف فصیل اور چار دروازے ہیں باب البحر، باب طوران، باب سندان، باب ملتان[1] یہ شہر کسی نہ کسی شکل میں ۴۲۳ھ تک باقی رہا اس مدت تک اس کا نام کتابوں میں ملتا ہے۔ بعض تحقیقات کی رو سے سندھ کے ضلع سانگھڑ میں شہر شہداد پور سے نو میل دور مشرق میں جمڑاؤ نہر ہے اس نہر سے دو میل پر منصورہ اور محفوظہ واقع تھے اور یہاں پر منصورہ کے وسیع و عریض کھنڈر پڑے ہیں۔ چند سال ہوئے محکمہ آثار قدیمہ نے یہاں کھدائی کی ہے آج کل اس کو ڈاڈر کہتے ہیں۔

## دیبل

دیبل سندھ کا قدیم اور مشہور شہر تھا ۹۳ھ میں محمد بن قاسم نے اسے فتح کیا اور اسی سے متصل ایک علاقہ انتخاب کرکے چار ہزار مسلمانوں کو آباد کیا۔ اس لئے مشہور شہر دیبل کا یہ نو تعمیر حصہ بھی یہاں کی اسلامی تعمیرات میں شامل ہے اسلامی فن تعمیر میں محمد بن قاسم بہت ستھرا مذاق رکھتے تھے۔ دیبل سے پہلے انھوں نے فارس کی گورنری کے زمانہ میں شیراز کو عربی طرز تعمیر پر آباد کیا تھا یاقوت حموی نے لکھا ہے:۔

| | |
|---|---|
| شیراز وھی مما استجد عمارتھا | شیراز ان شہروں میں سے ہے جن کی |
| واختطا طھا فی الاسلام قیل | جدید تعمیر اور حد بندی عہد اسلام میں ہوئی |
| اول من تولی عمارتھا محمد | ہے۔ ایک قول کے مطابق سب سے پہلے محمد بن |
| بن القاسم[2] | قاسم اس کی تعمیر جدید کے منتظم و نگراں تھے۔ |

---

[1] احسن التقاسیم ص ۴۷۹ [2] معجم البلدان ج ۵ ص ۳۲۰۔

اسی حسن ذوق اور تجربہ کی روشنی میں انھوں نے دیبل میں مسلمانوں کے لئے الگ علاقہ اور خطہ آباد کیا جس میں چار ہزار مسلمانوں کو بسا کر مساجد، امامت، خطابت اور قضا روغیرہ کا انتظام کیا۔ بلاذری کا بیان ہے:۔

| | |
|---|---|
| واختط محمد للمسلمین بھا | محمد بن قاسم نے دیبل میں مسلمانوں کے لئے |
| وبنی مسجدا وانزلھا اربعۃ | ایک خطہ کا انتخاب کرکے وہاں مسجد بنائی اور |
| آلاف لہ | چار ہزار مسلمانوں کو آباد کیا۔ |

یوں تو اموی دور میں ہندوستان میں مسلمانوں کی چھوٹی بڑی بہت سی آبادیاں تھیں مگر ہمارے علم و تحقیق میں چار خالص اسلامی شہر تھے جن کو اموی امراء و عمال نے بسایا تھا

## الور، ملتان، برہمن آباد، سیوستان وغیرہ

محمد بن قاسم کی فتوحات کے بعد تقریباً تمام مفتوحہ علاقوں اور شہروں میں مسلمان آباد ہوئے۔ ان کے لئے مساجد تعمیر ہوئیں ائمہ، قضاۃ اور امراء و حکام مقرر کئے گئے اور ہر بڑے شہر میں مسلمانوں کی اچھی خاصی آبادی ہوگئی۔ چنانچہ محمد بن قاسم نے الور فتح کرکے وہاں مسجد تعمیر کی اور اس کی خطابت و امامت موسیٰ بن یعقوب ثقفی کو دی جس کا مطلب یہ ہے کہ وہاں مسلمانوں کو آباد کیا گیا تھا۔ اسی طرح ملتان فتح کرکے وہاں بھی مسجد تعمیر کی اور داؤد بن نصر عمانی کو امیر مقرر کیا۔ برہمن آباد کے شہریوں کو تاکید کی وہ مسلمانوں کے ساتھ خرید و فروخت کا معاملہ کریں اور نفرت و عداوت پیدا نہ ہونے دیں، سیوستان میں مسلمانوں کی بہت بڑی آبادی تھی حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ نے وہاں ایک شیبانی خاندان کو امامت و خطابت کی سند عطا کی تھی۔ اسی طرح دیگر مفتوحہ علاقوں میں مسلمانوں کی بستیاں تھیں۔ جن میں وہ نہایت امن و عافیت سے

---

لہ فتوح البلدان ص ۴۲۵۔

زندگی بسر کرتے تھے اور ان میں مسلمانوں کے مکانات اور علاقہ جات مسلم طرز تعمیر کی ترجمانی کرتے تھے۔

## مسلمانوں کے نام پر آبادیاں

تاریخوں سے پتہ چلتا ہے کہ سندھ مکران کے بعض علاقوں میں مسلمانوں کے نام سے آبادیاں مشہور تھیں۔ اس کی صورت یہ تھی کہ کسی قبیلہ کے سردار یا کسی صاحب حیثیت مسلمان نے جس قریہ یا بستی کو آباد کیا، اس میں سکونت کی، وہ اسی کے نام سے مشہور ہوگئی چنانچہ مکران اور منصورہ کے درمیان سرائے خلف اور قریہ سلیمان بن سمیع[1] غالباً اسی قسم کی آبادیاں تھیں جو اپنے مسلمان بانیوں یا باشندوں کے نام سے مشہور ہوئیں۔

## خانات اور سرائیں

اموی دور کی تعمیرات میں سراؤں کا بھی پتہ چلتا ہے اس دور میں مشرقی ممالک میں باقاعدہ سرائیں تعمیر کرائی گئیں تھیں۔ چنانچہ حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ نے خراسان کے راستوں میں ان کی تعمیر کا سرکاری حکم جاری کیا تھا۔ جیسا کہ طبقات ابن سعد میں اس کی تصریح موجود ہے۔

| | |
|---|---|
| کتب عمر بن عبد العزیز ان تعمل الخانات بطریق خراسان[2] | حضرت عمر بن عبدالعزیز نے فرمان جاری کیا کہ خراسان کے راستوں میں سرائیں بنائی جائیں |

خراسان مشرقی ممالک کا مرکزی خطہ تھا۔ جہاں عراق سے براہ راست ہر قسم کے تعلقات اور آمد و رفت کا سلسلہ جاری تھا۔ پھر وہاں سے ایک طرف جنوب میں فارس، سندھ و مکران تک اور دوسری طرف شمال میں بلاد ماوراءالنہر تک

[1] کتاب المسالک والممالک ص ۵۵ [2] طبقات ابن سعد ج ۵ ص ۲۴۵۔

سلسلہ جاری رہتا تھا اس لئے خراسان کی ان شاہراہوں پر سرائیں اور خانات تعمیر کرائی گئیں جو عرب، ہندوستان اور ترکستان وغیرہ کو جاتی تھیں۔ بظاہر سراؤں کا یہ سلسلہ ہندوستان آنے والے راستوں میں بھی رہا ہوگا اور خراسان سے ہندوستان تک جگہ جگہ سرائیں تعمیر ہوئی ہوں گی۔ چنانچہ جغرافیہ کی کتابوں میں مکران اور منصورہ کے درمیان سرائے خلف نامی ایک سرائے کا ذکر موجود ہے۔

# تجارتی تعلقات

عرب و ہند کے درمیان تجارتی تعلقات و اسفار کی تاریخ بہت قدیم ہے اور اس موضوع پر بہت کچھ لکھا جا چکا ہے۔ اسلام کے بعد دونوں ملکوں میں جس قدر تعلقات بڑھتے گئے اسی قدر تجارت میں اضافہ ہوتا گیا۔ چنانچہ اموی دور میں یہاں کے تمام مقبوضہ علاقوں کے علاوہ دوسرے علاقوں میں مسلمان تاجروں کی آمد و رفت یوں بڑھ گئی کہ ایک طرف مکران، سندھ، سوراشٹر، کاٹھیاواڑ اور گجرات کے سواحلی مقامات کے آگے جنوب میں جزیرۂ سرندیپ (سیلون) تک عرب تاجروں کے قافلے آنے جانے لگے اور دوسری طرف اندرون ملک وہ شمال مشرق میں ارض چین تک پہونچ گئے۔ اسی طرح ملک عرب میں یہاں کے تاجر اور سامان تجارت اس کثرت سے پہونچے کہ ایک شہر میں صرف مشک ہندی کے کئی سو تاجر نظر آنے لگے چنانچہ ۶۳ھ میں حرّہ کی لڑائی کے موقع پر مدینہ منورہ میں مقام دارین کے چارسو عطّار موجود تھے جو مشک داری کے تاجر تھے علامہ بلاذری نے انساب الاشراف میں تصریح کی ہے:۔

| | |
|---|---|
| واُخرج جمیعُ اھل المدینۃ | تمام اہل مدینہ کو شامی فوج کے مقابلہ کے |
| حتی اربع مائۃ رجل من اھل | لئے باہر لایا گیا۔ یہاں تک کہ مقام دارین کے |
| البحرین من اھل دارین، کانوا | چارسو عطر فروش بھی باہر لائے گئے۔ حالانکہ |

Marfat.com

عطارين فقالوا مالنا وهذا؟ وانما نحن تجارنا بوا الا اخراجهم[1]

انھوں نے کہا کہ ہم کو اس لڑائی سے کیا مطلب؟ ہم تو تاجر ہیں پھر بھی ان کو نکالا گیا۔

مشک داری بحرین کے مقام دارین میں پیدا نہیں ہوتی تھی۔ بلکہ اس بندرگاہ پر ہندوستان سے مشک لے جانے والی کشتیاں ٹھہرتی تھیں اس لئے ہندوستانی مشک کو اہل عرب "داری" اور مشک داری" کہتے تھے[2] اس ایک مثال سے اندازہ ہو سکتا ہے کہ اس زمانہ میں ہندوستان کے تجارتی سامان عرب میں کس قدر زیادہ رہتے تھے اور ان کے تاجروں کی کتنی بڑی تعداد جس میں عربی اور ہندی سب ہی شامل ہوتے تھے رہتی تھی۔ اس کے مقابلہ میں عرب کے تاجر اور سامان تجارت ہندوستان میں کثیر تعداد اور بھاری مقدار میں پائے جاتے تھے چنانچہ سنہ ھ سے پہلے جزیرہ یاقوت (سرندیپ) میں عرب تاجروں کی بہت بڑی تعداد مستقل طور سے اہل وعیال کے ساتھ موجود تھی جس میں توالد وتناسل کا سلسلہ جاری تھا۔ عبدالملک بن مروان کی خلافت اور حجاج بن یوسف کی امارت کے زمانہ میں وہاں کے راجہ نے کئی مسلم خواتین بذریعہ جہاز عراق روانہ کیا تھا جو سرندیپ میں پیدا ہوئی تھیں۔ ان کے باپ دادا تاجر تھے اور وہیں انتقال کر گئے تھے علامہ بلاذری نے لکھا ہے:

فاهدى فى ولاية ملك جزيرة الياقوت نسوة ولدن فى بلاده مسلمات ومات آباؤهن وكانوا تجارا[3]

حجاج کے دور امارت میں جزیرۂ یاقوت (سرندیپ) کے بادشاہ نے ہدیہ کے طور پر ان مسلم خواتین کو روانہ کیا جو اس کے ملک میں پیدا ہوئی تھیں اور ان کے تاجر باپ وہیں انتقال کر گئے تھے۔

بحرین کے قبائل عبدالقیس اور بنو تمیم وغیرہ کا تجارتی تعلق سرندیپ سے بہت

[1] انساب الاشراف ج ۴ قسم ۲ ص ۳۴ [2] لسان العرب ج ، ص ۲۹۰ [3] فتوح البلدان ص ۴۳

Marfat.com

قدیم تھا یہی لوگ یہاں زیادہ آتے جاتے اور رہتے تھے۔ قبیلہ بنی بر بوع کے تاجر بھی رہتے تھے چنانچہ اس جہاز میں اس قبیلہ کی بھی ایک عورت تھی جس نے حجاج کے نام کی دہائی دی تھی۔

ان چند واقعات سے اندازہ ہو سکتا ہے کہ اس دور میں عرب و ہند کے درمیان تجارت کس قدر ترقی پذیر تھی اور دونوں ملک کے تجار آپس میں تجارتی لین دین کرتے تھے۔ یہاں اسی پر اکتفا کیا جاتا ہے۔

Marfat.com

(۶)

# اموی خلفاء و امراء اور راجے مہاراجے

اموی دور میں ہندوستان کے راجوں کا معاملہ خلافتِ راشدہ کے دور سے بالکل جداگانہ تھا۔ پہلے یہ لوگ شاہانِ ایران کے ماتحت اور ان کے باج گذار تھے اور کابل سے سرندیپ تک ایرانیوں کے اثر و اقتدار کا جال پھیلا ہوا تھا۔ اس لئے خلافتِ راشدہ میں ایرانیوں اور مسلمانوں کی نبرد آزمائی میں یہاں کے راجے ایرانی شہنشاہیت کے وفادار یا حلیف اور دوست کی حیثیت سے ان کی مدد میں پیش پیش تھے۔ انھوں نے ایران میں مسلمانوں کے خلاف ایرانیوں کی مالی اور فوجی مدد کی اور ہندوستان میں خود مسلمانوں سے مقابلہ کیا۔ مگر اموی خلافت میں صورت حال یکسر یوں بدل چکی تھی کہ ایران کی شہنشاہیت کے خاتمہ کی وجہ سے ہندوستان کے راجوں کو ان کی قدیم بالادستی سے نجات مل گئی اور ان کو اپنے سیاہ و سفید کا مالک بن کر آزاد فضا میں کھلے دل و دماغ سے نئے حالات پر سوچنے کا موقع ملا اور ہزاروں سال کی فکری و سیاسی غلامی کے بعد آزادی ملی، اس اعتبار سے مسلمان ان راجوں کے نجات دہندہ ثابت ہوئے کہ انھوں نے قدیم ایرانی شہنشاہیت کی گرفت سے ان کو آزادی دلائی۔ اس لئے تمام نامی گرامی اور خاندانی راجے مہاراجے اموی خلافت و حکومت کے اطاعت گذار بن کر رہے اور مجموعی اعتبار سے جانبین میں اعتماد و تعلق کی راہیں ہموار

یں۔ صاحب تحفۃ الکرام نے لکھا ہے:۔

پوشیدہ نماند کہ چوں گماشتگانِ بنوامیہ
سِند تصرف کروند برخی وجوہ ملوکِ سند
زبقدم ظاہر داری اطاعت صاحب حشمت
ی بودند منجملہ دلو رائے از نژادِ رایان
زشہور و تور کہ بنامش مشتہر بودہ بہنبو
رائے کہ آں شہر را بانی ہو بود۔ [1]

اموی امرار کے زمانے میں سندھ کے نامی
گرامی راجے مہاراجے ان کے اطاعت گذار
تھے اور ان کا جاہ و جلال باقی تھا منجملہ ان
کے دلورائے تھا جو کہ شہور اور تور کے
رایوں کے خاندان سے تھا۔ یہ شہر اس
کے نام سے مشہور تھا اور بہنبورائے بھی
تھا جس نے بہنبور آباد کیا تھا۔

ان تصریحات سے اندازہ ہوتا ہے کہ جب بڑے بڑے اور خاندانی راجگانِ سندھ اموی خلفار و امرار کے مطیع و فرماں بردار بن کر شان و شوکت کے مالک تھے۔ تو ان سے کم درجہ کے سندھی اور ہندی حکمراں بدرجۂ اولیٰ ان کے مطیع تھے اور نئے نظام کے ماتحت ایران کی دیرینہ زیر باری سے آزاد ہو کر حکمرانی کرتے تھے۔

مشرقی ممالک اور ہندوستان میں آزاد زندگی کا یہ نیا دور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے زمانے میں شروع ہو گیا تھا۔ اسی حال میں خلافت امویہ کا دور آیا۔ مگر یہاں کے بعض راجوں کے نقطۂ نظر سے ایرانیوں کے بعد مسلمانوں کا عمل دخل اور اثر و اقتدار شروع ہو گیا اور انھوں نے سوچا کہ یہ تو ایرانی طاقت کی جگہ ایک نئی اور زبردست طاقت آرہی ہے جس نے ایران کی قدیم اور طاقتور شہنشاہیت ختم کر دی ہے اس خیال کے تحت یہاں کے بعض راجوں نے ابتدار میں مقابلہ کی سیاست اختیار کی مگر عام راجوں مہاراجوں کی روش یہ نہ تھی بلکہ اس کے برخلاف حضرت معاویہؓ کے دور میں ایک راجہ نے خود ان سے خط و کتابت کی. ہدیہ و تحفہ پیش کیا اور ان کو

---

[1] تحفۃ الکرام ج ۳ ص ۴۶۔



Marfat.com

موحد تسلیم کرکے اسلام فہمی کے لئے کسی معتبر آدمی کا مطالبہ کیا۔ اسی طرح ان کے امیر عب
بن سوار عبدی کی خدمت میں قیقان کے راجہ نے ہدایا و تحائف پیش کئے۔ جن ک
بعض نادر و نایاب چیزیں بھی حضرت معاویہؓ کی خدمت میں روانہ کی گئیں۔ ایسا معلو
ہے کہ اموی دور کی ابتدا میں یہاں کے راجوں مہاراجوں کا عام رویہ مصالحانہ اور ذمہ دارانہ
ہوا ایران کے سقوط کے بعد آزاد ہو کر مسلمانوں کی طرف سے مطمئن تھے۔ مگر بعد میں
صورت عام طور سے باقی نہیں رہی۔ اور بعض راجوں مہاراجوں کی معاندانہ و مخالف
سرگرمیاں شروع ہوگئیں۔ اس سلسلہ میں ان کمزوریوں پر بھی نظر رکھنی چاہیے جو بع
اموی امراء کی طرف سے پیدا ہوئیں اور جن سے یہاں کے راجوں مہاراجوں نے فائ
اٹھایا۔ یہ درست ہے کہ سیاسی اور ملکی اعتبار سے ان کو اس کا حق حاصل تھا۔ مگر دیکھنا یہ ہے کہ و
کون سے اسباب و وجوہ پیدا ہوئے جن کی وجہ سے ان کے اس حق میں زور پیدا ہوا۔ اور ج
سے انہوں نے فائدہ اٹھایا۔ سب سے پہلے سندھ کا راجہ داہر اموی دور کے تقریباً پچیس سال
سامنے آیا۔ اس کے بعد بامیان کے راجہ رتبیل وغیرہ نے اس کی اقتدار کی۔ خلیفہ عبدالملک بن مروان کا زما
۸۶ھ) تھا جو طرح طرح کی مخالفانہ تحریکوں اور فتنوں سے پر تھا۔ مرکز شدید اضط
میں مبتلا تھا۔ جگہ جگہ عربوں کی قبائلی عصبیت بدنظمی کا باعث بنی ہوئی تھی۔ اندرون
اور باہر حضرت عبداللہ بن زبیر اور ان کے بھائی مصعب بن زبیر کی طاقت کام کر
تھی۔ مختار ثقفی نے کشت و خون کا بازار گرم کر رکھا تھا۔ ابن اشعث کی تحریک قر
علماء اور عباد و زہاد کو لے کر الگ مقابلہ کر رہی تھی اور خوارج نہایت منظم
طریقہ پر اموی خلافت کے مقابلہ میں ڈٹے ہوئے تھے۔ ان حالات میں خود عربو
قبائلی عصبیت اور اندرونی کشمکش نے مشرقی ممالک میں خود مختاری اور
سے علیحدگی کا راستہ پیدا کر دیا۔ ہندوستان میں عمان کے علافیوں نے اپنا اق
جمایا اور خراسان میں عبداللہ بن ابی حازم سلمی نے حضرت عبداللہ بن زبیر کی ماتحتی

اپنی حکومت قائم کی۔ اسی زمانہ میں سجستان میں قبائلی عصبیت نے نہایت نازک صورت اختیار کرلی اور ہر قبیلہ کے سردار نے ایک ایک علاقہ پر قبضہ کرلیا۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ سندھ میں راجہ داہر کو اور بامیان میں راجہ رتبیل کو مسلمانوں کے خلاف اقدام کرنے کا زریں موقع ہاتھ آگیا۔ علافیوں کی سندھ میں آمد کے وقت راجہ داہر اور راجہ رن مل میں جنگ ہو رہی تھی۔ داہر نے علافیوں سے مدد چاہی اور انھوں نے بھرپور مدد کرکے راجہ رن مل کو شکست دی۔ نتیجہ یہ ہوا کہ راجہ داہر نے بھی علافیوں کی مدد کی اور ان کے لئے اقتدار و غلبہ کے امکانات پیدا کئے۔ حتیٰ کہ جب ان کو اموی امیر کے مقابلہ میں شکست ہوئی تو داہر نے ان کو پناہ دی، اس کو یہ موقع خود عربوں کی سیاست کی وجہ سے ملا۔ اسی طرح راجہ رتبیل نے ان کی غیر متوازن سیاست سے فائدہ اٹھایا۔ صورت یہ ہوئی کہ کابل و سجستان میں اموی اقتدار کے خلاف زبردست بغاوت ابھری تھی کہ مسلمانوں کی دو مہمات ناکام ہو گئیں اور ایک شدید لڑائی کے بعد وہاں کے حالات قابو میں آئے مگر خلافت کے امیر کے مرنے پر وہاں کے ہی لشکر نے اپنے ایک آدمی کو امیر بنا دیا جسے بڑھ کر والوں نے نکال باہر کیا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ ان علاقوں کے عرب قبائل میں عصبیت کی آگ بھڑک اٹھی اور ہر قبیلہ نے ایک علاقہ پر قبضہ کرلیا جس سے راجہ رتبیل نے پورا پورا فائدہ اٹھایا۔ بلاذری نے لکھا ہے۔

| | |
|---|---|
| ووقعت العصبیۃ وغلب کل قوم | عربوں میں عصبیت پیدا ہوگئی اور ہر قبیلہ |
| علی من بینھم فطمع فیھم | نے اپنے شہر کے علاقہ پر قبضہ کرلیا جس کی |
| رتبیل[۱] | وجہ سے رتبیل نے ان پر غلبہ کی خواہش کی۔ |

بعد میں یہ رتبیل ایک جنگ میں مارا گیا اور اس کے ساتھی بھاگ گئے اور جب دوسرے رتبیل کا دور آیا تو ابن اشعث کے فتنہ سے اس نے فائدہ اٹھانا چاہا۔ ابن اشعث

[۱] فتوح البلدان ص ۳۸۹۔

Marfat.com

ناکامی کے بعد اس رتبیل کی پناہ میں گئے اس کے خاندان کا ایک رتبیل مسلمانوں کی جنگ
میں مارا جاچکا تھا۔ یہ رتبیل اس کا بدلہ لے سکتا تھا۔ اور خلافت کے مخالف شخص یا گروہ
کا ساتھ دے سکتا تھا۔ چنانچہ اس نے ابتدا میں یہ فائدہ اٹھانا چاہا مگر بعد میں دور
اندیشی سے کام لے کر اور ابن اشعث کو حجاج بن یوسف کی طلب پر واپس کر کے
ناجنگ معاہدہ کر لیا۔ اور راجہ رتبیل کی طرف سے ایک گونہ اطمینان ہو گیا۔ مگر راجہ
داہر کا معاملہ اس سے جداگانہ رہا۔ اس نے رتبیل کی طرح دور اندیشی سے کام نہیں لیا
بحری ڈاکوؤں کے سلسلے میں حجاج نے ابتدا میں اس کے خلاف نہ اعلان جنگ
کیا اور نہ ہی کوئی تعرض کیا مگر داہر نے اس معاملہ میں اپنی ذمہ داری کا کچھ اچھا
ثبوت نہیں دیا نتیجہ یہ ہوا کہ حجاج کو آخری حربہ استعمال کرنا پڑا اور محمد بن قاسم کے
ہاتھوں راجہ مارا گیا۔ اگر حجاج بن یوسف کی سخت گیر سیاست و تادیب نہ ہوتی تو
شاید رتبیل اور داہر کے ہاتھوں اسی زمانہ میں سجستان، کابل، سندھ مکران اور ہندوستان
اسلامی قلمرو سے علیحدہ ہو چکے ہوتے۔ مگر حجاج کے اقدام کے بعد سندھ اور بامیان
دونوں مقامات پر امن و سکون کی فضا قائم ہو گئی۔ بامیان کا راجہ رتبیل
سات یا نو سال کے ناجنگ معاہدہ کے ساتھ ہر سال نو لاکھ درہم کا سامان دیتا
رہا۔ اسی طرح سندھ کے راجہ داہر کے بعد یوں امن و امان رہا کہ اس کے دونوں
بیٹے جے سیہ اور چچ حکومت کا کاروبار چلاتے رہے۔ محمد بن قاسم کی فتوحات کے سلسلے
میں راجہ داہر کے علاوہ اور کسی راجہ سے براہ راست تعرض نہیں کیا گیا بلکہ ان سے
صلح و مصالحت کی بات چیت ہوئی اور بعض راجوں سے انکار کی صورت میں مقابلہ بھی ہوا
مگر اصل مہم راجہ داہر کے خلاف تھی۔ پھر اس کے چند سال بعد حضرت عمر بن عبد العزیز نے
ہندوستان کے راجوں مہاراجوں کو اسلام کی دعوت دی اور وہ عام طور سے اس
پر لبیک کہہ کر انشراح صدر کے ساتھ مسلمان ہو گئے۔ مگر چند ہی سالوں کے بعد یہاں

ایسے حالات پیدا ہوگئے کہ پھر بغاوت و سرکشی کی ہوا چل پڑی۔ اب نہ حجاج بن یوسف جیسا کوئی بہادر اور سخت گیر امیر تھا نہ محمد بن قاسم جیسا کوئی جوان سال فاتح تھا اور نہ ہی عمر بن عبدالعزیز جیسا کوئی عادل اور خدا پرست و خدا ترس خلیفہ پیدا ہوا۔ اس لئے حالات پر پوری طرح قابو حاصل نہ ہو سکا اور معاملات بنتے بگڑتے رہے یہاں تک کہ امویوں کے دن پورے ہوگئے اور عباسیوں کا دور آگیا۔

یہاں کے راجے مہاراجے اموی خلافت و حکومت کے مطابق کام کرتے رہے چنانچہ راجہ رتبیل سابقہ معاہدہ کے مطابق سالانہ نو لاکھ درہم کا سامان دیتا رہا اور جب اس سے نقد رقم کا مطالبہ کیا گیا تو صاف انکار کر دیا۔ بعد میں حسب سابق سامان دینا شروع کر دیا پھر بند کر دیا حتیٰ کہ آخر میں سب کچھ بند کر کے صاف کہہ دیا کہ جن عربوں نے ہم سے معاملہ کیا تھا وہ اور تھے اور تم لوگ اور ہو۔ ان کے چہرے بشرے سے خدا پرستی و خدا ترسی ظاہر ہوتی تھی اور تمہارے چہرے تو بہت حسین ہیں مگر تم میں وہ بات نہیں ہے۔

ادھر سندھ کے نومسلم راجوں مہاراجوں کا معاملہ یہ ہوا کہ ہشام بن عبدالملک (۱۰۵ھ تا ۱۲۵ھ) کے ابتدائی دور میں جنید بن عبدالرحمن مری نے راجہ داہر کے دونوں نومسلم بیٹوں جے سیہ اور ججّ کو ایک روایت کے مطابق قتل کر دیا۔ وہ کہتے رہے کہ ہم مسلمان ہو چکے ہیں۔ عمر بن عبدالعزیز نے ہمیں یہاں کا حاکم و امیر بنایا ہے مگر جنید کو سرکشوں کی تادیب کی مہم پر راجہ جے سیہ کے علاقہ سے گذرنا تھا۔ اس کے لئے آپس میں جنگ کی نوبت آئی اور جے سیہ اور اس کا بھائی ججّ دونوں جنید کے ہاتھوں مارے گئے۔ اس واقعہ نے یہاں کے حالات پر نہایت برا اثر ڈالا اور دوسرے نومسلم راجے بھی خلاف ہوگئے چنانچہ جنید کے بعد تمیم بن زید قینی یہاں کے امیر بن کر آئے تو حالات کا رخ یکسر بدل گیا۔ قتل و غارت اور سرکشی و بغاوت کی عام ہوا چل پڑی اور مسلمانوں کا اپنی بستیوں میں رہنا

Marfat.com

بحال ہو گیا۔ اس کے بعد حکم بن عوانہ کلبی اور عمرو بن محمد بن قاسم ثقفی نے اپنے دور میں بڑی حد تک حالات درست کئے مگر وہ بات پیدا نہ ہو سکی چنانچہ حکم بن عوانہ کلبی سندھ میں ایک جہاد میں شہید ہو گئے اور عمرو بن محمد بن قاسم کے زمانے میں ایک راجہ نے دارالامارۃ منصورہ پر حملہ کر کے اس کا شدید محاصرہ کیا اور بڑی مشکل سے اسے شکست ہوئی۔ اس کے بعد اموی دور خود ہی زوال و انحطاط میں پڑ گیا اور آخر میں علافیوں کی طرح منظور بن جمہور کلبی اور منصور بن جمہور کلبی نے سندھ میں اپنی حکومت قائم کر لی اور راجے ایک طرف رہے خود عربوں نے خلافت کے قلمرو پر قبضہ کر لیا حتیٰ کہ اس حال میں اموی خلافت کا خاتمہ ہوا۔ بامیان کے راجہ رتبیل اور سندھ کے راجہ داہر اور اموی خلافت کے حالات کی ان تفصیلات سے اندازہ ہوتا ہے کہ یہاں کے راجاؤں کو بدعہدی اور بغاوت میں خود عربوں کے اندرونی خلفشار اور ناہموار سیاست کو بھی بہت زیادہ دخل ہے۔

## راجاؤں کو دعوتِ اسلام

اہل ہند کو اسلام کی طرف رغبت شروع ہی سے رہی۔ عہد رسالت میں سرندیپ سے ایک مذہبی وفد اس لئے عرب روانہ کیا گیا کہ وہ براہ راست اسلام کے بارے میں معلومات حاصل کرے۔ یہاں کے ایک راجہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ہدیہ و تحفہ بھیجا تھا اور خلافت امویہ کی ابتداء ہی میں یہاں کے علاقہ الرہ چین کے راجہ نے خود حضرت معاویہ کو خط لکھ کر ایسے عالم کو طلب کیا جو اسے اسلامی تعلیمات سے آگاہ کرے۔ اس نے اپنے خط میں لکھا تھا۔

| | |
|---|---|
| فابعث الیّ بما جاء بہ نبیکم من حرام وحلال وابعث | آپ میرے پاس ان حلال و حرام چیزوں کی تفصیل بھیجیے جن کو آپ کے نبی نے بیان |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| الیٰ من یبیّنہ لی۔ | کیا ہے اور یہ بھی کہ آپ ان کسی ایسے آدمی کو |
| والسلام[1] | روانہ کیجئے جو ان باتوں کو مجھ سے صاف |
| | صاف بیان کرسکے۔ |

اس طلب و خواہش کے باوجود اس وقت کسی ایسے اقدام کا پتہ نہیں چلتا جس میں یہاں کے راجوں مہاراجوں کو اسلام کی دعوت دی گئی ہو۔

البتہ پہلی صدی کے گذرتے گذرتے یہاں کے عوام اور راجے مہاراجے اسلام اور مسلمانوں سے بہت قریب ہوگئے تھے اور یہاں کی فضا دعوت و تبلیغ کے حق میں بڑی حد تک ہموار ہو چکی تھی۔ سلیمان بن عبدالملک کے بعد حضرت عمر بن عبدالعزیز جیسے نیک سیرت نیک دل اور نیک نیت انسان خلیفہ ہوئے آپ کا دورِ خلافت ۹۹ھ تا ۱۰۱ھ اگرچہ بہت مختصر رہا مگر عدل و انصاف، نیک نامی اور حسن انتظام میں خلافت راشدہ کی آئینہ داری کر رہا تھا۔ آپ نے تخت خلافت پر متمکن ہوتے ہی ہندوستان کے راجوں مہاراجوں کو دعوتِ اسلام دی جس کا نتیجہ نہایت خوشگوار نکلا۔ یہاں کے اکثر حکمران اسلام لے آئے جس میں بڑا دخل حضرت عمر بن عبدالعزیز کی پرکشش شخصیت کو تھا۔ بلاذری کا بیان ہے:۔

| | |
|---|---|
| فکتب عمر بن عبد العزیز | عمر بن عبدالعزیز نے یہاں کے راجوں مہاراجوں |
| الی الملوک یدعوھم | کو خطوط لکھے جن میں ان کو اسلام اور اطاعت |
| الی الاسلام والطاعۃ | کی دعوت دی اور یقین دلایا کہ وہ ان کو حکمران |
| علی ان یملکھم، ولھم | باقی رکھیں گے اور ان کے وہی حقوق ہوں گے |
| ما للمسلمین وعلیھم ما | جو مسلمان کے ہیں اور ان پر وہی ذمہ داریاں |
| علی المسلمین، وقد کانت | ہوں گی جو مسلمانوں پر ہیں ان راجوں کو پہلے ہی |
| بلغتھم سیرتہ ومذھبہ | سے حضرت عمر عبدالعزیز کی سیرت اور دینداری |

[1] کتاب الذخائر و التحف ص ۹، ۱۰۔

Marfat.com

| | |
|---|---|
| فاسلم جیسیه والملوك وتسموا باسماء العرب[1] | معلوم ہو چکی تھی اس لئے جے سیہ اور دوسرے راجے اسلام لائے اور انھوں نے عربوں کے نام اختیار کئے۔ |

علامہ ابن اثیر نے ۱۰۰ھ کے واقعات میں اس کا ذکر کیا ہے۔ آپ نے ان کو پورے اسلامی حقوق سے نوازا اور اپنے نائب کی حیثیت سے ان کو ان کی عمل داری میں باقی رکھا۔ اس زمانہ میں ہندوستان میں اسلامی دعوت کا بڑا زور ہوا۔ راجوں مہاراجوں کے ساتھ ان کی رعایا بھی مسلمان ہوئی اور انھوں نے قدیم نام ترک کر کے عربی اور اسلامی نام اختیار کئے۔ ان نومسلم راجوں میں راجہ داہر کے بیٹے جے سیہ کا نام خاص طور سے آیا ہے۔ دوسرے راجوں کے مقابلہ میں اسی خاندان نے ابتدا ہی سے مسلمانوں کے ساتھ مقابلہ و مبارزہ کی سیاست سے کام لیا تھا۔ اور مسلمانوں سے اس کی ان بن ہمیشہ سے رہتی تھی۔ حتیٰ کہ راجہ داہر اسی میں جان سے ہاتھ دھو بیٹھا۔ مگر مسلمانوں نے اب اس کی حکومت پر نہ قبضہ کیا اور نہ اسے ختم کیا بلکہ اس کے بعد راجہ جے سیہ اور راجہ چچ دونوں بیٹے گدی کے مالک رہے۔ اس کے ساتھ یہاں کے اور کئی حکمرانوں نے دعوت اسلام پر انشراح صدر کے ساتھ لبیک کہا مگر تاریخوں میں ان کے نام نہیں ملتے بلکہ بعض راجوں نے خود حضرت عمر بن عبدالعزیز کی خدمت میں خط لکھ کر اسلام فہمی کی خواہش اور اس کے لئے آدمی طلب کئے۔ چنانچہ ابن عبد ربہ نے العقد الفرید میں لکھا ہے:

| | |
|---|---|
| بعث ملك الهند الی عمر بن عبد العزیز کتابا فیه[2] الخ | ہندوستان کے ایک راجہ نے حضرت عمر بن عبدالعزیز کو خط لکھا جس میں اسلام فہمی کے لئے آدمی طلب کیا تھا۔ |

افسوس کہ اموی خلفاء و امراء بجائے اس کے کہ ان نومسلم حکمرانوں کی تالیف

---

[1] فتوح البلدان ص ۴۲۹ [2] العقد الفرید ج ۲ ص ۲۰۲۔

Marfat.com

[..]ب کرتے اور ان میں اپنا اعتماد بڑھاتے انہوں نے اپنی داخلی سیاست، قبائلی عصبیت [با]ہمی برادرکشی اور اندرونی خلفشار سے ان کو سرکشی پر آمادہ کر دیا۔ اور ان [می]ں سے کتنے اسلام سے برگشتہ ہوگئے اور کتنے خراج وغیرہ کی ادائیگی سے مانع ہوئے [ح]ضرت عمر بن عبدالعزیز کی دعوت پر اسلام لانے والے راجے مہاراجے سات سال کے [ب]عد عام طور سے مرتد ہو گئے۔ ابن اثیر نے ۱۰۰ھ میں ان کے اسلام قبول کرنے اور [۱]۰۷ھ میں مرتد ہونے کی یوں تصریح کی ہے:۔

| | |
|---|---|
| و بقی ملوک الھند مسلمین علی | ہندوستان کے راجے حضرت عمر بن |
| بلادھم ایام عمر و یزید بن عبدالملک | عبدالعزیز اور یزید بن عبدالملک کے |
| فلما کان ایام ھشام ارتدوا عن | زمانہ تک مسلمان رہ کر اپنے اپنے ملکوں کے |
| الاسلام وکان سببہ ما نذکرہ | حکمراں رہے مگر ہشام کے دور خلافت میں |
| انشاء اللہ تعالیٰ۔ | مرتد ہو گئے۔ اس کا سبب ہم عنقریب بیان کرینگے |

پھر آگے چل کر ۱۰۷ھ میں جنید بن عبدالرحمن مری اور راجہ جے سیہ کا واقعہ درج کیا ہے[2]

رتبیل اور داہر کے علاوہ عام رایوں اور راجوں سے اموی خلفاء و امراء سے تعلقات عام طور سے خوشگوار و استوار رہے۔ اگر کبھی زمانہ جنگ میں یا سیاسی و ملکی مصالح کی وجہ سے کچھ ناگواریاں اور تلخیاں پیدا ہوئیں تو بہت جلد ان کا ازالہ ہو گیا اور وقتی غلط فہمیاں اور ہنگامی تلخیاں دور ہو جانے کے بعد باہمی اعتماد قائم رہا۔ اموی دور میں جن بڑے اور نامی گرامی راجاؤں، مہاراجوں اور رایوں کے نام کتابوں میں ملتے [ہ]یں یہ ہیں۔ سندھ کا راجہ داہر، کچھ کا راجہ راسل، بامیان کا راجہ رتبیل، قیقان کا راجہ [ا]رمن چین کا راجہ، کیرج کا راجہ رائے، قنوج کا راجہ، ان کے علاوہ اور بھی چند راجے [او]ر رائے سندھ اور ہندوستان میں موجود تھے اور ان سے مسلمانوں کو سابقہ

---

[1] کامل ابن اثیر ج ۵ ص ۲۱ [2] کامل ابن اثیر ج ۵ ص ۷۴۔

Marfat.com

پڑا تھا۔ مگر ان کے نام و مقام کی تصریح نہیں ملتی ہے۔

## علاقہ کچھ کا راجہ راسل

ہندوستان کے راؤں اور راجوں کے عام رواج کے مطابق راسل کسی خاص راجہ کا نام نہیں ہے بلکہ علاقہ کچھ کے موروثی حکمرانوں میں سے ہر ایک کو راسل کے لقب سے یاد کرتے تھے اور اس کا ذاتی و شخصی نام کچھ اور ہوتا تھا۔ چونکہ قدیم تقسیم کی رو سے سندھ کا شمار سوراشٹر اور گجرات تک ہوتا تھا۔ اس لئے طبری وغیرہ نے اسے راجہ سندھ بتایا ہے اور ہم نے بھی "خلافت راشدہ اور ہندوستان" میں اسے راجہ سندھ ہی لکھا ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ یہ سندھ کے علاقہ کچھ کا حکمراں تھا۔ عہد فاروقی میں سب سے پہلے اس نے مکران پہونچ کر مسلمانوں کے خلاف مکرانیوں کی مدد کی تھی اور اپنے لاؤ لشکر سمیت کچھ سے نکل کر دریائے سندھ کو عبور کرتے ہوئے مسلمانوں سے مقابلہ کیا تھا۔ اس معرکہ میں راجہ کو ہزیمت ہوئی اور اسلامی فوج کا بول بالا رہا۔ یہ پہلا موقع تھا کہ اس ملک کے ایک راجہ نے اسلامی فوج کے مقابلہ میں شکست کھائی۔ اس کے بعد اس نے مسلمانوں سے کبھی تعرض نہیں کیا اور نہ اس خاندان کے دوسرے حکمرانوں نے معاندانہ روش اختیار کی بلکہ واقعات سے اندازہ ہوتا ہے کہ بعد میں اس خاندان کا رویہ نہایت مصالحانہ اور شریفانہ رہا۔ حتیٰ کہ جب راجہ داہر محمد بن قاسم کے مقابلہ میں شکست کھا کر راجہ راسل کے علاقہ میں بھاگ گیا اور محمد بن قاسم اس کا تعاقب کر کے علاقہ کچھ میں فوج لے کر گئے تو نہ راجہ نے کوئی تعرض کیا اور نہ محمد بن قاسم نے اسے چھیڑا۔ جیسا کہ بلاذری نے تصریح کی ہے۔

| | |
|---|---|
| ثم ان محمدا احتال لعبور مهران حتی عبره مما یلی بلاد | محمد بن قاسم نے دریائے سندھ کو عبور کرنے کی ترکیب نکالی اور پل باندھ کر اس |

Marfat.com

راسل ملك قصة من الهند — جگہ سے پار کیا جو ہندوستان کے راجہ کچھ
على جسر عقده وداهر — راسل کے شہروں سے متصل تھی جہاں راجہ
مستخف فيه لاهٍ عنه[1] — داہران سے غافل ہو کر روپوش تھا۔

حالانکہ راجہ راسل کو حق حاصل تھا کہ محمد بن قاسم اور ان کی فوج کو اپنی حدود در داخل ہونے سے روکے اور اپنے علاقہ میں پناہ گزین راجہ داہر کی طرف داری ے۔ نیز اس واقعہ کے دس بارہ سال کے بعد ہشام بن عبد الملک کے دور خلافت ہندوستان کے تمام مقبوضہ علاقوں میں سرکشی و بغاوت کی وبا پھوٹی اور ہر جگہ مسلمانوں کو ترک وطن کرنا پڑا مگر راجہ راسل کی طرف سے نہ کسی بغاوت و سرکشی پتہ چلتا ہے اور نہ ہی یہاں کے مسلمانوں میں ابتری و بے چینی پھیلی یہی وجہ ہے کہ ب حکم بن عوانہ کلبی یہاں کے امیر بن کر آئے تو ہر جگہ ان کو ناگوار حالات سے مقابلہ نا پڑا۔ مگر کچھ کے علاقہ کی طرف سے بے فکری رہی یعقوبی نے تصریح کی ہے۔

فقدم الحكم وبلاد الهند — حکم بن عوانہ کی آمد کے وقت ہندوستان
كلها قد غُلب عليها الا — کے تمام اسلامی علاقوں پر غیروں کا قبضہ
قصة[2] — تھا مگر کچھ میں یہ صورت نہیں تھی۔

بلاذری نے اس سے زیادہ واضح الفاظ میں بتایا ہے کہ راجہ کے علاوہ یہاں کے عام باشندوں نے بھی سرکشی نہیں کی۔

فقد كفر اهل الهند الا — اہل کچھ کے علاوہ اہل ہند نے کفر و
اهل قصة[3] — بدعہدی کا رویہ اختیار کیا تھا۔

یہ عجیب بات ہے کہ یہاں کے جس راجہ نے سب سے پہلے مسلمانوں سے مقابلہ کیا ن کا خاندان بعد میں سب سے زیادہ بے ضرر ثابت ہوا اور ۲۲ھ کے بعد سے

---

[1] فتوح البلدان ۴۲۶ [2] تاریخ یعقوبی ج ۲ ص ۳۸۸ [3] فتوح البلدان ص ۴۳۰۔

پورے اموی دور تک اس کی سلامت روی میں فرق نہیں آیا۔

## رُخجّ اور بامیان کا راجہ رتبیل

سجستان اور مکران کے درمیان مائل بہ مشرق بامیان، رخج، بست اور غور کا علاقہ مسلا
کے اداری نظام میں سجستان کے ماتحت تھا۔ یہاں رتبیل خاندان کے راجے حکمراں تھے اور
ان میں سے ہر ایک راجہ اسی خاندانی لقب سے یاد کیا جاتا تھا۔ بامیان ہی وارق۔ کوہ ہندوکش
کو کاٹ کر گوتم بدھ کا چالیس فٹ بلند بت بنایا گیا تھا۔ جو کابل کے شمال نوب میں، ۲۵۰ کلومیٹر
پر واقع ہے۔ تازہ خبر میں بتایا گیا ہے کہ ان دنوں ہندوستان کا محکمہ آثار قدیمہ یہاں کی گوتم
بدھ کی دو مورتیوں کو محفوظ کرنے اور موجود جگہ سے منتقل کرنے میں مصروف ہے۔ خلافت
راشدہ ہی میں ان سے مسلمانوں کے تعلقات قائم ہوچکے تھے اور اس دور کی سجستان و
خراسان اور کرمان و مکران وغیرہ کی فتوحات میں راجہ رتبیل سے واسطہ پڑتا تھا۔ ابتدا
میں فاتح و مفتوح کی کشمکش جاری رہی مگر بعد میں اس خاندان سے مسلمانوں کے تعلقات
بہت خوشگوار اور پائدار ہوگئے اور دونوں جانب سے ذمہ دارانہ برتاؤ ہوتا رہا۔
ایک گونہ بے تکلفی پیدا ہوگئی امیر سجستان عبدالرحمٰن بن محمد بن اشعث نے اپنی تحریک
خروج سے پہلے علاقہ رتبیل میں شاندار فتوحات کی تھیں پھر ۸۲ھ میں اپنی تحریک
ناکامی کے بعد اسی راجہ کی پناہ میں آگئے۔ اس نے ان کے ساتھ بہت اچھا برتاؤ کیا
یہ راجہ عربی زبان سے اچھی طرح واقف تھا۔ جس زمانہ میں ابن اشعث اس کے یہاں
پناہ گزین تھے ایک موقع پر اس نے تعریف کے طور پر حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ
کا یہ شعر سنایا۔ جسے انھوں نے حارث بن ہشام کے بارے میں کہا تھا۔

ترك الاحبة ان يقاتل دونهم ونجا براس طمرة ولجام

اس نے دوستوں کو میدان جنگ میں چھوڑ کر اور اپنے گھوڑے اور لگام کو لے کر نجات حاصل کی

راجہ کی زبان سے یہ شعر سن کر ابن اشعث نے کہا کہ تم نے یہ اشعار نہیں سنے جنہیں
رث بن ہشام نے حسان کے جواب میں کہا ہے :۔

الله یعلم ما ترکت قتالھم ۔ حتی رموا فرسی باشقر مزبد

اللہ جانتا ہے کہ میں دشمنوں سے جنگ کرتا رہا یہاں تک کہ انھوں نے میرے گھوڑے کو بری طرح زخمی کر دیا۔

وعلمت انی ان اقاتل واحداً ۔ اُقتل ولا یضرر عدوی مشھدی

اور میں سمجھ گیا کہ اگر میں ایک دشمن کو ماروں گا تو خود مارا جاؤں گا اور دشمنوں کو مجھ سے کوئی نقصان نہیں پہونچے گا۔

فصددت عنھم والاحبۃ فیھم ۔ طمعاً لھم بعقاب یوم مرصد

میں نے دشمنوں سے اس لئے کنارہ کشی کرلی کہ کسی دن ان کو مزا چکھاؤں گا۔

راجہ رتنبیل نے ان اشعار کو سن کر کہا کہ اے جماعت عرب! آپ لوگوں نے ہر چیز میں
ن و خوبی کا پہلو نمایاں کیا ہے حتیٰ کہ میدان جنگ سے فرار کو حسین و جمیل بنا دیا ہے[1]
خلیفہ عبد الملک بن مروان نے راجہ کو لکھا کہ ابن اشعث نے ہمارے خلاف خروج و
غاوت کرکے تمہارے یہاں پناہ لی ہے اسے واپس کر دو۔ اس نے مصاحبوں سے کہا
ہ ابن اشعث بادشاہوں کا مخالف ہے میرے یہاں اس کا رہنا مناسب نہیں ہے۔ اس
ے بعد ایک سو معتمدوں کی معیت و حفاظت میں ابن اشعث کو ملک شام کی طرف روانہ
ردیا۔ مگر راستہ ہی میں ان کا کام تمام ہو گیا[2] ایک روایت یہ ہے کہ حجاج بن یوسف نے
بن اشعث کو حیلہ بہانہ سے راجہ رتنبیل ہی کے یہاں قتل کرا کر اس کا سر عراق منگوایا
ور عام روایت کے مطابق ابن اشعث نے خلع و خروج کے بعد راجہ رتنبیل سے صلح
ی مگر اس نے حجاج کے خوف سے ابن اشعث کو اس کے حوالہ کر دیا۔ صورت یہ ہوئی

---

[1] ب الاغانی ج ۴ ص ۱۷ [2] الاخبار الطوال ص ۳۰۹۔

Marfat.com

کہ حجاج نے اپنے آدمی بھیج کر ابن اشعث کو گرفتار کرا لیا۔ راستہ میں انھوں نے ا
کو بلندی سے گرا کر مار ڈالا اور ان کا سر حجاج کے پاس لایا گیا۔ راجہ رتبیل نے اپنے
مصالح کا خیال کر کے اموی حکومت کے مخالف کو اس کے حوالہ کر دیا۔ جبکہ اس سے
سال پہلے سندھ کے راجہ داہر نے عبدالملک کے باغی علافیوں کو پناہ دے کر
کی بھر ان پر دوسری زیادتیوں کا ارتکاب کرتا رہا۔ حجاج بن یوسف نے رتبیل کے مصالح
روبہ سے خوش اور مطمئن ہو کر سات یا نو سال تک اس سے جنگ نہ کرنے کے معاہدہ
صلح کر لی۔ ساتھ ہی یہ شرط رکھی کہ رتبیل سالانہ نو لاکھ درہم کا سامان خلافت کو ادا ک
رہے راجہ نے بخوشی اسے منظور کر کے پورے طور سے عمل کیا۔ مدت معاہدہ گذر جا
کے بعد حجاج نے اشہب بن بشر کلبی کو علاقہ سجستان کا والی بنایا۔ اس نے رتبیل کے سا
سخت رویہ اختیار کیا۔ سامانوں کے بارے میں شدت سے کام لیا۔ رتبیل نے حجاج
پاس اس کی شکایت لکھی۔ جس کے نتیجہ میں حجاج نے اشہب بن بشر کو معزول کر دیا۔ اس
واقعہ سے راجہ رتبیل اور حجاج کے درمیان اعتماد کا اندازہ ہوتا ہے۔ اس کے بعد
ایسا موڑ آیا جس میں جانبین کے تعلقات میں تلخی پیدا ہونے کی صورت ہو گئی تھی۔
رتبیل کی صاف گوئی اور جرأت اور امیر خراسان کی دور اندیشی سے معاملہ رفع د
ہو گیا۔ بات یہ ہوئی کہ ولید بن عبدالملک کے آخری زمانہ میں قتیبہ بن مسلم باہلی خرا
اور سجستان کے امیر ہوئے اور انھوں نے اپنے بھائی عمرو بن مسلم باہلی کو سجستان میں ا
نائب مقرر کیا۔ عمرو بن مسلم نے یہاں آ کر رتبیل سے گذشتہ شرائط کی رو سے درہم کی
رقم کا مطالبہ کیا اور سامان کے بجائے نقدی لینا چاہا۔ رتبیل نے جواب دیا کہ حجاج
سامان پر صلح ہوئی ہے۔ اس کے علاوہ دوسری صورت پر عمل کرنا ممکن نہیں ہے
عمرو بن مسلم نے یہ بات اپنے بھائی قتیبہ بن مسلم کو لکھی۔ قتیبہ یہ خبر پاتے ہی خراسا
سے فوج لے کر سجستان پر چڑھائی کر دی۔ جب رتبیل کو اس کی خبر لگی تو اس نے کہلا

کہ ہم نے اطاعت سے دست برداری نہیں کی ہے کہ ہم پر فوج کشی کی جائے۔ ہمارا آپ کا معاملہ سامان کی ادائیگی پر طے ہوا تھا۔ اس لئے آپ لوگ ہم پر ظلم نہ کریں۔ قتیبہ نے اپنی فوج سے کہا کہ یہ سرحد غیر محفوظ ہے اس لئے سامان ہی لے لینا چاہیئے۔ چنانچہ سابقہ معاہدہ قائم رہا اور دونوں طرف سے رضامندی ہوگئی۔ اس کے بعد سلیمان بن عبدالملک کے دور خلافت میں امیر عراق یزید بن مہلب نے اپنے بھائی مدرک بن مہلب کو سجستان کی ولایت دی تو رتبیل نے نہ نقد درہم دیا اور نہ ہی اس کا سامان دیا۔ اور جب معاویہ بن یزید بن مہلب یہاں کا امیر ہوا تو تھوڑا سا سامان دیا۔ پھر یزید بن عبدالملک کے دور خلافت میں کچھ بھی نہیں دیا اور عربوں سے کہا کہ وہ لوگ کیا ہوئے جو اس حال میں ہمارے یہاں آتے تھے کہ ان کے شکم تنے ہوئے تھے۔ ان کے چہروں پر نماز کا سیاہ نشان ہوتا تھا اور کے جوتے کھجور وغیرہ کے پتوں کے ہوتے تھے۔ جب لوگوں نے بتایا کہ وہ حضرات دنیا سے رخصت ہوگئے تو رتبیل نے کہا کہ تمہاری شکلیں اور صورتیں اگرچہ ان سے اچھی ہیں مگر وہ تم سے زیادہ وفادار اور تم سے زیادہ بہادر تھے۔ لوگوں نے رتبیل سے پوچھا کہ کیا بات ہے کہ تم حجاج کو خراج دیتے تھے اور ہم کو نہیں دیتے ہو۔ اس نے جواب دیا کہ حجاج کا حال یہ تھا کہ وہ جس مقصد کے لئے دولت خرچ کرتا تھا۔ جب حاصل ہو جاتا تھا تو چاہے اسے ایک درہم نہ ملے اخراجات کو نہیں دیکھتا تھا اور تم لوگوں کا حال یہ ہے کہ ایک درہم اس وقت خرچ کرتے ہو جب تم کو امید ہو کہ ایک کے بجائے دس درہم مل جائیں گے۔ حضرت معاویہ کے زمانہ میں رتبیل خاندان میں اور سجستان و کابل کے مسلم امراء میں معرکہ آرائی ہوئی تھی[1] اور اس خاندان کا ایک راجہ میدان جنگ میں کام آیا تھا۔ مگر عبدالملک بن مروان کے زمانہ میں کئی معرکے ہوئے جن میں دوسرے رتبیل نے صلح و مصالحت کی شرائط خود ہی پیش کیں حتی کہ حجاج کے دور امارت میں اس نے یوں سالانہ خراج پر صلح کر لی کہ اس کی شان

[1] فتوح البلدان ص ۳۹۱، ص ۳۹۲۔

بڑی حد تک باقی رہی۔ راجہ رتبیل اور مسلمانوں کے درمیان جو معاملات ہوئے اس سے اس کی شان اور مسلمان کے رکھ رکھاؤ کا اندازہ ہوتا ہے۔ بعض وقت اس کے رویہ اور تنقید سے تعلقات بگڑنے کا خطرہ ہو جاتا تھا۔ مگر مسلمان بڑی حوصلہ مندی اور وسعت ظرفی سے کام لیتے تھے۔ علاقہ کچھ کے راجہ راسل کی طرح بامیان کے راجہ رتبیل نے بھی ابتدا میں مسلمانوں سے بزد آزمائی کی مگر بعد میں دوستی کرکے بہر حال تعلقات قائم رکھے۔

## سندھ کا راجہ داہر

اموی خلفاء و امراء کے معاصر والیوں اور راجوں مہاراجوں میں سندھ کے راجہ داہر کا طرز عمل سب سے جداگانہ اور معاندانہ رہا۔ اس نے شروع سے آخر تک مقابلہ و مبارزہ کا رویہ جاری رکھا۔ دوسرے راجوں نے ابتدا میں مقابلہ مگر ہوا کا رخ دیکھ کر بعد میں سب نے دوستی کی روش اختیار کی یا کبھی صلح اور کبھی جنگ کی پالیسی پر عمل کیا۔ مگر راجہ داہر نے ان سب کے برخلاف شروع سے مخالفت کی اور آخر تک اس پر اڑا رہا۔ درمیان میں جب مسلمانوں کی طرف سے دوستانہ اقدام ہوا تو اس نے اسے بھی ٹھکرا دیا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ داہر اور اموی امراء سے ہمیشہ ان بن رہی۔ اس کی مخالفانہ روش کا ظہور پہلی بار ۶۵ھ میں عبدالملک بن مروان کے ابتدائی دور میں ہوا جبکہ مرکز کے ناگفتہ بہ حالات کی وجہ سے علافیوں نے پورے مکران پر قبضہ کرکے بارہ تیرہ سال تک اسے دبائے رکھا اور راجہ داہر نے کھل کر ان کا ساتھ دیا اور مرکز کی طرف سے علافیوں کے خلاف تادیبی کارروائی کی گئی تو ان کو پناہ دی۔ ابتدا میں صورت یہ ہوئی کہ محمد بن حارث علافی پانچ سو آدمیوں کے ساتھ عمان سے سندھ پہونچا اس زمانہ میں راجہ داہر اور راجہ رن مل میں جنگ ہو رہی تھی۔ راجہ داہر کی خواہش پر علافیوں نے

ان کی فوج پر شب خون مارا جس سے اس کی فوج منتشر ہوگئی۔ اس کامیابی پر راجہ داہر خوش ہوکر علافیوں کو اپنا ایک علاقہ دیدیا جو مکران سے قریب تھا۔ اس کے بعد یہاں ان کے پاؤں جم گئے۔ اور انھوں نے اموی امیر کی موجودگی میں پورے مکران پر قبضہ کر لیا حتیٰ کہ خلافت کی طرف سے ان کے خلاف مہم روانہ کی گئی تو انھوں نے باقاعدہ مقابلہ کرکے اسے شکست دی اور جب ۸۵ھ میں ان کی گرفتاری کا اعلان ہوا تو وہ بھاگ کر راجہ داہر کی پناہ میں چلے گئے۔ اس نے ان کو اپنی پناہ میں لے کر ہر طرح ان کی مدد کی۔ اس کے بعد ہی سندھ میں ایک اور حادثہ رونما ہوا۔ جو اموی خلافت کے لئے وقت آزمائش کا تھا اور جس میں راجہ داہر نے غیر ذمہ داری کا ثبوت دیا۔ سرندیپ کے راجہ نے تحائف و ہدایا اور مسلم خواتین کا ایک جہاز عراق روانہ کیا۔ یہ جہاز جب دیبل کے حدود میں پہونچا تو یہاں کے سمندری ڈاکوؤں نے نہ صرف جہاز کے سامان اور مال و دولت کو لوٹا بلکہ ان میں سوار خواتین کو بھی قید کیا۔ راجہ داہر کی علافیوں کی سرپرستی کے بعد اس کے ملک میں یہ دوسرا واقعہ تھا جس میں اس کا رویہ غیر ذمہ دارانہ تھا۔ ضرورت تھی کہ راجہ داہر اپنی ذمہ داری محسوس کرتے ہوئے کم از کم اس بین الاقوامی غلطی کے تدارک کی فوری کوشش کرتا مگر اس نے کوئی توجہ نہیں کی اور جب حجاج بن یوسف نے اس کے خلاف احتجاج کرکے ڈاکوؤں کی تادیبی کارروائی کے لئے لکھا تو اس نے صاف جواب دیا کہ یہ ڈاکو میرے بس میں نہیں ہیں۔ اور میں ان کے خلاف اقدام کی طاقت نہیں رکھتا۔

| | |
|---|---|
| انما اخذھن لصوص لا اقدر علیھم[1]۔ | ان عورتوں کو جن لٹیروں نے پکڑا ہے میں ان پر قدرت نہیں رکھتا۔ |

بلکہ حجاج نے کمال دور اندیشی سے راجہ داہر کے احترام کو ملحوظ رکھ کر اسے ہی

[1] فتوح البلدان ص ۴۲۳۔



Marfat.com

ڈاکوؤں سے جنگ کا امیر بنایا تاکہ راجہ کے ملک میں اسلامی فوج اسی کی کمان میں رہ کر قیام امن میں اس کی مدد کرے مگر داہر نے اس پیش کش کو بھی ٹھکرا دیا۔ یاقوت حموی نے لکھا

| | |
|---|---|
| فارسل الی داهر ملك الديبل | حجاج نے دیبل کے راجہ داہر کو خط لکھا |
| وامّره على الغزو لهؤلاء | اور اسے عورتوں کو قید کرنے والوں کے |
| الذين سبوا النسوة، فحلف | خلاف جنگ کا امیر بنایا مگر راجہ نے قسم |
| انه لا طاقة له على الذين | کھائی کہ اس کو ڈاکوؤں سے جنگ کی طاقت |
| اخذوهن[1] | نہیں ہے۔ |

بلکہ یعقوبی کی روایت کے مطابق اس جواب کے بعد جب امیر سندھ محمد بن ہارون نمری خلافت کی طرف سے فوج لے کر ڈاکوؤں سے جنگ کے لئے دیبل پہونچے تو راجہ داہر یا اس کے حاکم نے ایک بھاری فوج سے ان کا مقابلہ کر کے اسلامی فوج کی بہت بڑی تعداد کو شہید کر دیا۔ بالفاظ دیگر راجہ کی جو فوج ڈاکوؤں کا مقابلہ نہیں کر سکتی تھی اسلامی فوج کے مقابلہ میں ڈٹ گئی اور پوری طاقت سے مسلمانوں کا قتل عام کیا۔ یعقوبی کے الفاظ یہ ہیں:۔

| | |
|---|---|
| فخرج يريد الديبل فى عدة | محمد بن ہارون غزوۂ دیبل کے ارادے |
| سفن و..... ملك الديبل فعارضه | سے چند کشتیوں میں نکلے اور دیبل کے راجہ |
| فى خلق عظيم فقتل محمد بن | نے ایک بھاری فوج سے ان کا مقابلہ کیا |
| هارون وخلق عظيم ممن | جس کے نتیجہ میں محمد بن ہارون اور ان کی |
| كان معه[2] - | فوج کا ایک بہت بڑا حصہ شہید کر دیا گیا۔ |

دوسری روایت میں ہے کہ محمد بن ہارون نمری کی وفات بعد میں اس وقت ہوئی جب وہ محمد بن قاسم کے ہمراہ ارمائیل سے چلے۔ بہر حال اس روایت سے ان کا ڈاکوؤں

[1] معجم البلدان ج ۵ ص ۲۰۲ [2] تاریخ یعقوبی ج ۲ ص ۳۳۱، منقوط جگہ میں بیاض ہے۔

Marfat.com

کی سرکوبی کے لئے دیبل پر فوج کشی کرنا اور راجہ داہر یا اس کے کسی حاکم کا مقابلہ میں آکر اسلامی فوج کو شکست دینا ظاہر ہے۔ پھر معاملہ یہیں ختم نہیں ہوا بلکہ اس کے بعد حجاج نے دو فوجی مہمات ڈاکوؤں سے جنگ کے لئے روانہ کیں۔ ان میں بھی راجہ کی سیاست اور پالیسی یہی رہی اور اس نے اسلامی فوج سے پورا مقابلہ کیا کرایا، جس کے نتیجہ میں دونوں مہمات کے امراء شہید ہوئے اور کم از کم تین ہزار اسلامی فوج کا جانی نقصان ہوا بلکہ دوسری مہم میں راجہ داہر نے اپنے لڑکے جے سیہ کو چار ہزار فوج دے کر مسلمانوں کے مقابلہ میں بھیجا اور حضرت بدیل بن طہفہ بجلی کی شہادت ہوئی۔ ان حالات نے حجاج بن یوسف کو مجبور کر دیا کہ وہ زبردست فوجی اقدام کرے اور ایک ایسا فیصلہ کن معرکہ ہو جو راجہ داہر کی طرف سے مسلمانوں کو آئندہ کے لئے مطمئن کر دے۔ چنانچہ اس نے محمد بن قاسم کو ایک لشکر جرار دیکر روانہ کیا گویا اپنے ترکش کے آخری تیر کو داؤ پر لگا دیا۔ مگر اب بھی راجہ داہر کی روش نہیں بدلی بلکہ وہ اپنے پورے لشکر کے ساتھ میدان جنگ میں اتر آیا۔ جانبین سے متعدد خونی معرکے ہوئے۔ آخر کار راجہ نے میدان جنگ سے راہِ فرار اختیار کی اور حدود سندھ سے نکل کر سوراشٹر کے علاقہ کچھ میں پناہ لی اور ۹۳ھ میں ایک خونی معرکہ کے بعد میدان جنگ میں کام آگیا۔ اس طرح تقریباً چالیس سالہ پریشانی کا دور ہمیشہ کے لئے ختم ہو گیا۔

راجہ داہر کے قتل ہو جانے کے بعد اس کی بیوی کے بارے میں عرب مورخوں کے بیانات مختلف ہیں۔ بلاذری کی روایت کی رو سے جب محمد بن قاسم نے الور فتح کیا، جہاں داہر کی بیوی موجود تھی۔ تو اس نے گرفتاری کے ڈر سے اپنی تمام دولت اور باندیوں کے ساتھ اپنے کو بھی نذر آتش کر دیا، مگر یعقوبی کا بیان اس کے بالکل خلاف یعنی یہ کہ محمد بن قاسم نے داہر کی بیوی سے الور کے محاصرہ میں بڑا کام لیا اور اس وجہ سے اہل الور مامون و محفوظ رہے۔ اس موقعہ پر یعقوبی کے الفاظ یہ ہیں:۔

Marfat.com

| | |
|---|---|
| فحاصرهم حصاراً شديداً | محمد بن قاسم نے باشندگانِ الور کا سخت |
| وهم لا يعلمون ان داهراً | محاصرہ کیا۔ اس وقت تک ان لوگوں |
| قد قتل فلمّا اَملّهم | کو داہر کے قتل ہونے کی خبر نہیں تھی۔ |
| بعث اليهم محمد بن القاسم | جب وہ محاصرہ سے پریشان ہو گئے تو |
| بامرأة داهر فقالت | محمد بن قاسم نے راجہ داہر کی بیوی کو |
| أن الملك قد قتل فاطلبوا | ان کے پاس بھیجا جس نے کہا کہ راجہ قتل |
| الامان فطلبوه ونزلوا | ہو چکا ہے اب تم لوگ امان طلب کر لو |
| على حكم محمد وفتحوا | چنانچہ انہوں نے محمد بن قاسم سے امان طلب کر کے |
| الباب له[1] | اور ان کے فیصلہ پر راضی ہو کر شہر کا دروازہ کھول دیا۔ |

ان دونوں روایتوں میں سے کسی روایت سے یہ پتہ نہیں چلتا کہ محمد بن قاسم نے راجہ داہر کی بیوی پر کسی قسم کی زیادتی کی تھی۔ بلکہ دوسری روایت جو صحت سے زیادہ قریب معلوم ہوتی ہے بتا رہی ہے کہ محمد بن قاسم نے اس کے ساتھ عزت و احترام کا معاملہ کیا تھا۔ راجہ داہر کے دونوں بیٹے راجہ جے سیہ اور راجہ ہَچ بعد میں مسلمان ہو گئے حضرت عمر بن عبد العزیز نے ۹۹ھ کے بعد ہندوستان کے راجوں کے نام دعوتی خطوط روانہ کئے اور اکثر راجوں نے اسلام قبول کر لیا۔ اسی موقع پر ان دونوں بھائیوں نے بھی دعوتِ اسلام پر لبیک کہا جے سیہ کے بارے میں بلاذری نے تصریح کی ہے :۔

فاسلم جيسيه والملوك — جے سیہ اور دوسرے راجے اسلام لائے۔

قرائن سے راجہ ہچ کا مسلمان ہونا بھی معلوم ہوتا ہے۔ مگر اس کے چھ سات سال بعد ان دونوں کے ساتھ بڑا المیہ پیش آیا جس میں دونوں جنید بن عبد الرحمٰن مری کے ہاتھوں مارے گئے بلاذری کی روایت کے مطابق جنید بن عبد الرحمٰن مری نے دریائے سندھ

[1] تاریخ لیعقوبی ج ۲ ص ۳۴۷۔

کو عبور کر کے ہندوستانی علاقوں کے سرکشوں اور دشمنوں کی سرکوبی کرنی چاہی مگر راجہ جے سیہ نے جنید کو اپنے علاقہ میں فوج لے کر آنے سے روکا اور کہلا بھیجا کہ میں مسلمان ہو چکا ہوں اور خود عامل عمر بن عبدالعزیز نے مجھے میرے علاقہ کا والی بنایا ہے اور تمہاری طرف سے میں مطمئن نہیں ہوں. اس پر جنید نے جنگ نہ کرنے کا معاہدہ کر کے جے سیہ کے پاس ابطور ضمانت رہن رکھی اور خراج کی ادائیگی کے لئے اس سے رہن لی مگر درمیان میں حالات بدل گئے اور دونوں نے اپنی اپنی رہن واپس لے لی اُس کے بعد جے سیہ نے ہندوستانی علاقہ میں فوج جمع کی اور کشتیاں بنوا کر جنگ کی تیاری کی جنید نے بھی کشتیاں جمع کر کے مقابلہ کی تیاری کی. نتیجہ کے طور پر دریائے سندھ کے مشرقی کنارے پر جانبین میں مقابلہ ہوا جس میں راجہ جے سیہ گرفتار ہوا. اور اس کی کشتی ایک طرف جھکی تو جنید نے اسے قتل کر دیا۔ اس کا بھائی راجہ ننج بھی اس جنگ میں موجود تھا وہ بھاگ نکلا اور چاہا کہ عراق جا کر جنید کی بیوفائی اور فریب کاری کا شکوہ کرے۔ مگر جنید نے بہلا پھسلا کر اس کا ہاتھ اپنے ہاتھ میں لیا اور اسے بھی قتل کر دیا۔ اس واقعہ کے ضمن میں بلاذری نے لکھا ہے:

| | |
|---|---|
| وکفر جیسیه وحارب و | راجہ جے سیہ نے کافر ہو کر جنگ کی. ایک |
| قیل انه لم یحارب ولکن | قول ہے کہ اس نے جنگ نہیں کی بلکہ جنید |
| الجنید تجنی علیه[1] | نے اس پر زیادتی کی۔ |

ایسا معلوم ہوتا ہے کہ جے سیہ کو خطرہ تھا کہ جنید میری عملداری سے گذرنے کے بہانے اس پر قبضہ کرنا چاہتا ہے اور کسی وجہ سے اس کا یہ گمان قوی ہو گیا' اس لئے جب وہ آگے آیا تو جنید نے اسے اپنی فتوحات میں رکاوٹ سمجھ کر گذرنے پر اصرار کیا نتیجہ یہ ہوا کہ طرفین میں جنگ کی نوبت آگئی اور جے سیہ مارا گیا اس سلسلہ میں بلاذری کا یہی ایک بیان ہے جس کی رو سے جنید کے کردار کا کچھ اچھا مظاہرہ نہیں ہوتا' خاص طور سے

---

[1] فتوح البلدان ص ۴۲۹۔

Marfat.com

جب جے سیہ نے اپنے اسلام کا واسطہ دیا اور حضرت عمر بن عبدالعزیز کا تذکرہ کیا تو جنیہ کوئی دوسری راہ اختیار کرنی چاہیئے تھی۔ پھر راجہ چچ کے ساتھ فریب کاری کسی طرح جائز نہیں تھی۔ اس بارے میں دوسری روایات ہوتیں تو شاید کچھ مزید باتیں معلوم ہوتیں

## قیقان کا راجہ

مکران سے متصل شمالی سندھ کے علاقہ قیقان کے راجہ کو شاہان ایران نے قیقان شاہ کا لقب دیا تھا۔ ابتدا میں اس علاقہ میں مسلمانوں کو سخت جانی و مالی نقصان اٹھانا پڑا تھا۔ ۳۸ھ میں حارث بن مرہ عبدی اپنی فوج کے ساتھ شہید ہوئے۔ پھر اسی سال راشد بن عمرو جدیدی عبدی آئے اور وہ بھی شہید ہوگئے۔ اس کے بعد ۴۵ھ میں عبداللہ بن سوار عبدی نے یہاں شاندار فتوحات حاصل کیں اور کرز بن ابوکرز حارثی کو اپنا نائب مقرر کر کے حضرت معاویہ کی خدمت میں شام گئے مگر ۴۷ھ میں واپس آکر وہ بھی اسلامی لشکر کے ساتھ شہید ہوگئے اور ۴۸ھ میں سنان بن سلمہ نے عام فتوحات کر کے ہر طرف امن و امان قائم کیا۔ اس پورے دور میں صرف ۴۵ھ کی فتوحات کے سلسلہ میں راجہ قیقان کا نام ملتا ہے حالانکہ اس کے ملک میں مسلمانوں کو متعدد بار ناکام ہونا پڑا تھا۔ ظاہر ہے کہ راجہ قیقان ان مہمات میں شریک رہا ہوگا اور جس طرح ابتدا میں دیگر مقامات کے راجوں نے اسلامی فوج سے مقابلہ کیا اس نے بھی مقابلہ کیا ہوگا مگر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ وہ کھل کر سامنے نہیں آتا تھا اس لئے تاریخ میں اس کا تذکرہ نہیں ملتا۔ البتہ ۴۵ھ کی فتوحات میں سامنے آیا اور اپنی شکست مان کر عبداللہ بن سوار کو جزیہ کی رقم دی۔ ساتھ ہی ابن سوار کی خدمت میں بیش بہا اشیاء کا ہدیہ و تحفہ پیش کیا۔ قاضی رشید بن زبیر نے لکھا ہے:۔

وان ملك القيقان تفادى منه باداء    قیقان کے راجہ نے جزیہ ادا کر کے ابن سوار

الجزية وحمل اليه من — کو اپنا فدیہ دیا اور سندھ کے ایسے ایسے
الهدايا وطرائف مافي بلاد — ہدایا و نوادر پیش کئے کہ ان کی مثال
السند مالم ير مثله[1] الخ — دیکھنے میں نہیں آئی۔

اس ہدیہ کی بعض اہم چیزوں کو ابن سوّار نے حضرت معاویہؓ کی خدمت میں پیش کیا جیسا کہ اس کی تفصیل دوسری جگہ موجود ہے۔ اس طرح راجہ قیقان نے بھی ہوا کا رخ دیکھ کر مسلمانوں کے بارے میں اپنی روش بدل دی اور مجادلہ کے بجائے معاملہ کی راہ اختیار کی۔ مگر اس کے دو سال کے بعد ۴۷ھ میں ابن سوّار اور ان کی بیشتر فوج کی قیقان میں شہادت سے پتہ چلتا ہے کہ اس کے رویّہ میں تبدیلی آگئی تھی۔ اس کے بعد پھر کسی دفعہ پر اس کا تذکرہ نہیں ملتا جب کہ قیقان پر مسلمان پوری طرح قابض رہے اس کا مطلب یہ ہے کہ اب وہ پوری طرح وفادار اور صلح پسند بن گیا تھا۔

## راجہ اشتند رابید وغیرہ

اس راجہ کا تذکرہ صرف یعقوبی نے کیا ہے۔ غالباً یہ سوراشٹر یا گجرات کے کسی علاقہ کا حکمراں تھا، گجرات کی فتوحات کے سلسلہ میں جنید بن عبدالرحمن مری کی فوج میں لڑائی جنگ میں موجود تھا یعقوبی نے لکھا ہے:۔

ثم غزا الكيرج ومعه اشتند — جنید نے کیرج میں جہاد کیا۔ اس وقت
رابيد الملك في مقاتلته[2] — ان کے ساتھ لڑنے والے سپاہیوں میں
راجہ اشتند رابید بھی تھا۔

اس جنگ میں کھیڑا کے راجہ رائے کو شکست ہوئی اور وہ بھاگ کھڑا ہوا اس سے زیادہ اس کے بارے میں کچھ نہیں معلوم کہ وہ جنید کی فوج میں شامل ہو کر مسلمانوں کی طرف

[1] الذخائر والتحف ص ۱۶۷ [2] تاریخ یعقوبی ج ۲ ص ۳۷۹۔

سے جنگ کرتا تھا۔

## سرزمینِ چین کا راجہ

مشرقی ہندوستان میں ایک علاقہ عربوں کے یہاں ارض الصین کے نام سے مشہور تھا. جہاں مشرق اور ایشیائے کوچک اور ملک عرب کے تاجر آتے جاتے تھے گویا یہ مقام عالمی تجارت کا مرکز تھا یہاں کے راجہ نے سب سے پہلے خود اسلام اور مسلمانوں سے تعلق پیدا کرنے کی کوشش کی اور حضرت معاویہؓ کو خط لکھ کر ایسے عالم کو طلب کیا جو اسے اسلام کی بنیادی تعلیمات اور حلال وحرام کو تفصیل سے بتائے۔ ساتھ ہی اس نے ایک کتاب بطور تحفہ کے روانہ کی جس میں اس کے ملک کے علماء وحکماء کے اسرار وحِکم درج تھے۔ اس کے بعد کچھ پتہ نہ چلا کہ حضرت معاویہؓ نے کیا جواب دیا اور کیا نتیجہ ہوا۔ البتہ اتنا معلوم ہے کہ وہ مسلمان نہیں ہوا۔ چونکہ وہ عالمی تجارت کے مرکز کا راجہ تھا۔ اس لئے عرب تاجروں سے اس کے تعلقات تھے اور اس کے دربار میں بھی عرب مسلمان رہا کرتے تھے۔ خلیفہ ہشام بن عبدالملک کے دور خلافت میں جنید بن عبدالرحمن مری سندھ اور ہندوستان میں شاندار فتوحات حاصل کرنے کے بعد ارض چین پہونچے۔ چونکہ پہلے سے اس خاندان میں اسلام فہمی کا ذوق کام کر رہا تھا اس لئے جنید نے یہاں آکر راجہ کو اسلام دعوت دی۔ مگر افسوس کہ حالات کا رخ بدل چکا تھا اور راجہ سنجیدگی سے اس دعوت پر غور کرنے کے بجائے آمادۂ جنگ ہوگیا۔ یعقوبی نے جنید کی فتوحات کے سلسلہ میں لکھا ہے:۔

| | |
|---|---|
| حتیٰ صار الی ارض الجزر ثم الی ارض الصین ودعا ملکھا الی الاسلام | جنید ارض جزر اور وہاں سے ارض چین گئے اور راجہ کو دعوتِ اسلام |

ل فتوح البلدان ص ۳۹۱، ص ۳۹۲

Marfat.com

فقاتل[1] — دی مگر اس نے ان سے جنگ کی۔

جنید نے بھی مقابلہ کیا یہاں تک کہ راجہ نے خود صلح کا مطالبہ کیا اور جنید نے صلح کے چند دنوں یہاں قیام کیا۔

## راجہ کاکہ کوٹک

ان رایوں اور راجوں کے علاوہ بہت سے مقامی اور علاقائی رائے اور راجے تھے جن سے مسلمانوں کے تعلقات تھے۔ ان میں سے بعضوں نے صلح ومصالحت کی روش اختیار کی اور بعضوں نے مقابلہ ومبارزہ سے کام لیا۔ محمد بن قاسم کی فتوحات کے زمانہ میں ایسے کئی راجوں کے نام ملتے ہیں۔ چنانچہ سیوستان کی فتح کے بعد راجہ کاکہ کوٹک اپنے حشم وخدم کے ساتھ محمد بن قاسم سے ملنے کے لئے چلا۔ جب ان کو اس کی آمد کی خبر ملی تو پورے اعزاز واحترام کے ساتھ اس کا استقبال کیا کرایا۔ نبانہ بن حنظلہ کلبی کو اس کے شایانِ شان استقبال کے لئے روانہ کیا۔ وہ راجہ کو محمد بن قاسم کی خدمت میں لائے۔ پھر راجہ اور محمد بن قاسم کے درمیان پڑکر صلح ومصالحت کی بات چیت کاکرائی جس کے نتیجہ میں نہایت اطمینان بخش طریقہ پر معاملہ طے ہوگیا۔[2]

## قنوج کا راجہ ہر چند

قنوج کے راجہ ہر چند پسر جھتل نے محمد بن قاسم کی پیش کش قبول نہیں کی اور جنگ و مقابلہ کی روش اختیار کی تو انھوں نے زید بن عمرو کلابی کو روانہ کیا۔ زید نے راجہ کو دعوتِ اسلام دی اور کہا کہ ساحل سمندر سے لے کر کشمیر تک کے تمام راجے مہاراجے اور رائے محمد بن قاسم کے مطیع ہوچکے ہیں اور بعضوں نے صلح کرلی ہے تم بھی بدلتے ہوئے

[1] تاریخ یعقوبی ج ۲ ص ۳۷۹ [2] چچ نامہ ص ۱۰۶۔

Marfat.com

حالات پر غور کر کے ان کی ماتحتی قبول کر لو۔ راجہ نے جواب دیا کہ یہ حکومت ہمارے خاند
میں نسلاً بعد نسلٍ چلی آرہی ہے اس مدت میں کسی نے ہمارا مقابلہ نہیں کیا ہے لہٰذا پ
جنگ ہوگی اس کے بعد کوئی فیصلہ ہوگا۔ راجہ کے اس جواب پر محمد بن قاسم نے جنگ ک
تیاری کی اور شدید معرکہ کے بعد راجہ ہر چند مطیع ہوا[1]

## راجہ رائے

ہشام بن عبدالملک کے ابتدائی دورِ خلافت میں ہندوستان کے حالات مسلمانو
کے حق میں ابتر ہو گئے تھے۔ اور علاقہ کچھ کے علاوہ پورے مقبوضہ علاقہ میں قتل و غارت
بے اطمینانی اور بدعہدی کی وبا پھوٹ پڑی تھی۔ جیسے حکم بن عوانہ کلبی اور عمرو بن محمد بن قا
نے مل کر فرو کیا عمرو بن محمد بن قاسم اپنی امارت سے پہلے حکم بن عوانہ کی امارت میں کام کر
تھے اور ان کی شہادت کے بعد مستقل امیر و حاکم ہوئے۔ اسی زمانہ میں رائے نامی کسی را
نے دارالامارۃ منصورہ پر چڑھائی کر دی یہ حملہ اتنا شدید اور بھرپور تھا کہ مقامی اسلا
فوج مقابلہ سے عاجز رہی اور راجہ منصورہ کا محاصرہ کئے پڑا رہا حتیٰ کہ عمرو بن محمد
نے امیر عراق کو صورتِ حال لکھ کر مدد طلب کی اور عراق سے چار ہزار تازہ دم فو
آئی جس کے بعد راجہ کو شدید قسم کی شکست ہوئی اور اپنی فوج سمیت بھاگ کھڑا
جیسا کہ دوسری جگہ تفصیل موجود ہے اس کے بعد پھر کسی راجہ نے سر نہیں اٹھایا[2]

## ایک راجہ

ہشام بن عبدالملک کے زمانہ میں یہاں کے حالات حد درجہ خراب ہو گئے او
بن عبدالرحمن مری نے آکر ہر طرف امن و امان قائم کیا۔ اسی زمانہ میں یہاں کے کسی را

[1] تاریخ نامہ ص  [2] تاریخ یعقوبی ج ۲ ص ۳۸۹۔

جنید بن عبدالرحمن مری کی خدمت میں گراں قدر ہدایا و تحائف پیش کئے جن میں نہایت عجیب و غریب مرصع اونٹنی بھی تھی۔ جنید نے اسے ہشام کی خدمت میں روانہ کیا تھا۔ جیساکہ تفصیل اپنی جگہ موجود ہے [۱]

## خط و کتابت، ہدایا و تحائف اور سفارتیں

اموی خلفاء و امراء اور ہندوستان کے راجوں مہاراجوں میں تعلقات کی خوشگواری کے نتیجہ میں جانبین سے سفارتی تعلقات، خط و کتابت اور ہدایا و تحائف کا سلسلہ جاری رہتا تھا اور اس معاملہ میں عام طور سے راجے مہاراجے بلند حوصلہ اور دست نواز تھے۔

**راجہ چین کا خط اور ہدیہ حضرت معاویہؓ کے نام** پہلے اموی حکمراں حضرت معاویہؓ کی خدمت میں ارض چین کے راجہ نے نہایت عقیدت اور خلوص کے ساتھ خط اور ہدیہ روانہ کیا جس سے اس کے اندر اسلام فہمی کی طلب اور ثقافتی تعلقات پیدا کرنے کا داعیہ معلوم ہوتا ہے قاضی رشید بن زبیر نے کتاب الذخائر والتحف میں لکھا ہے:۔

| | |
|---|---|
| كتب ملك الصين الى معاوية | چین کے بادشاہ نے معاویہ بن ابوسفیان |
| بن ابی سفیان ۔ من ملك | کے نام یہ خط لکھا اُس شہنشاہ کی طرف |
| الأملاك، الذی تخدمه | سے کہ ایک ہزار بادشاہوں کی بیٹیاں جس |
| بنات الف ملك، والذی | کی خادمہ ہیں۔ جس کا محل سونے کی اینٹوں |
| بنيت داره بلبن الذهب | سے بنایا گیا ہے جس کے اصطبل میں ایک |
| والذی فی مربطه الف فيل | ہزار ہاتھی ہیں، جس کے ملک میں دو |
| والذی له نهران يسقيان | دریا عود اور کافور کو سیراب کرتے ہیں۔ |

---

[۱] الذخائر والتحف ص ۱۵۔

Marfat.com

| | |
|---|---|
| العود والکافور، الذی | جس کی خوشبو بیس میل دور سے پائی جاتی |
| یوجد ریحہ من عشرین | ہے عرب بادشاہ کے نام جو صرف اللہ کی |
| میلا، الی ملک العرب الذی | عبادت کرتا ہے اور کسی چیز کو اس کا شریک |
| یتعبد اللہ ولا یشرك بہ | نہیں ٹھہراتا ہے۔ اس کے بعد معلوم ہو کہ |
| شیئا، اما بعد - فانی ارسلت | میں آپ کی خدمت میں ہدیہ روانہ کر رہا |
| الیك ھدیۃ ولیست بھدیۃ | ہوں۔ یہ ہدیہ نہیں بلکہ تحفہ ہے۔ آپ میرے |
| ولکنھا تحفۃ فابعث الیّ بما جاءبہ | پاس اپنے نبیؐ کے لائے ہوئے حرام و حلال |
| نبیکم من حرام وحلال، وابعث | کی تفصیل روانہ کیجئے اور کوئی ایسا آدمی |
| الیّ من یبینہ لی والسلام۔ | بھیجئے جو ان باتوں کو میرے سامنے بیان کرے |

پھر رشید بن زبیر نے اس ہدیہ کے بارے میں تصریح کی ہے کہ یہ تحفہ ایک کتاب کی شکل میں تھا۔ جس میں وہاں کے علمی اسرار و حِکَم کا بیان تھا۔ کہا جاتا ہے کہ بعد میں یہ کتاب خالد بن یزید بن معاویہ کے ہاتھ لگی۔ جس سے وہ کیمیاگری کے بڑے بڑے کام لیتے تھے[1]
جاحظ نے اس خط کا ابتدائی حصہ کتاب الحیوان میں اپنی سند کے ساتھ عبدالملک بن عمیر کی روایت سے نقل کیا ہے جس نے اس کو بچشم خود دیکھا تھا۔ اس میں معمولی طور سے الفاظ کا اختلاف ہے۔ ملاحظہ ہو:۔

| | |
|---|---|
| .....عن عبد الملک بن عمیر قال: | عبد الملک بن عمیر کا بیان ہے کہ میں نے حضرت |
| رأیت فی دیوان معاویۃ کتابا | معاویہ کے دفتر میں ایک خط دیکھا جس |
| من ملك الصین الذی علی مربطہ | میں تھا کہ شاہ چین کی طرف سے جس کے |
| الف فیل وبُنیت دارہ بلبن | اصطبل میں ایک ہزار ہاتھی ہیں جس کا محل سونے |
| الفضۃ والذھب، والذی | اور چاندی کی اینٹ سے بنا ہے۔ ایک ہزار |

[1] کتاب الذخائر والتحف ص ۹ و ص ۱۰۔

Marfat.com

| | |
|---|---|
| تخدمہ بنات الف ملک، والذی | نناسزادیاں جس کی خدمت کرتی ہیں اور |
| لہ نہران ینشفان اللؤلؤ، | اس کے یہاں دو دریا ہیں جو موتیوں کو |
| الی معاویة[1] | جلا دیتے ہیں۔ |

اس راجہ نے خط وکتابت میں سبقت کرکے مسلمانوں کے بادشاہ لیفہ کو موحد اور خدا پرست سے یاد کیا اور اپنے یہاں کے رسم ورواج مطابق اپنے تعارف میں خاندانی محاسن ومفاخر کا تذکرہ کیا۔ ہماری تحقیق میں یہ من چین کا راجہ ہے جو ہندوستان کے مشرقی علاقہ میں ایک بین الاقوامی تجارتی مقام جہاں ہندوستان، چین اور ترکستان کے تجار جمع ہوتے تھے۔ خلیفہ ہشام بن عبدالملک زمانہ میں اس کے دربار میں عرب رہا کرتے تھے اور جنید بن عبدالرحمن مری نے دعوتِ اسلام دی۔ راجہ نے انکار کرکے دعوتِ جنگ دی اور بعد میں صلح کرلی یعقوبی لکھا ہے:۔

| | |
|---|---|
| ..... ثم الی ارض الصین ودعا | جنید گجرات سے سرزمین چین کی طرف گئے |
| ملکها الی الاسلام[2] | اور اس کے راجہ کو دعوتِ اسلام دی۔ |

اس کی تفصیلات پہلے گذر چکی ہیں۔

**اجہ قیقان کا ہدیہ عبداللہ بن سوار اور حضرت معاویہؓ کی خدمت میں**

راجہ قیقان نے ۴۵ھ میں امیر سندھ عبداللہ بن سوار عبدی کے پاس نہایت عمدہ عمدہ اشیاء ہدیہ میں بھیجیں ن میں ایک عجیب وغریب آئینہ کا ٹکڑا بھی تھا۔ اسے ابن سوار نے ملک شام حضرت معاویہ خدمت میں روانہ کردیا۔ قاضی رشید بن زبیر نے واقدی کے حوالہ سے اس کا تذکرہ ن الفاظ میں کیا ہے:۔

| | |
|---|---|
| وانہ غزا بلاد القیقان فاصاب منہ | عبداللہ بن سوار نے قیقان پر چڑھائی کی اور |

---

اب الحیوان ج ۷ ص ۲۲۳ [2] تاریخ یعقوبی ج ۲ ص ۳۸۰۔

غنائم، وان ملك القيقان تفادى
منه باداء الجزية، وحمل
اليه من الهدايا وطرائف
ما في بلاد السند ما لم ير مثله
وكان في الهدية قطعة من
مرآة، يذكر اهل العلم ان الله
عزوجل انزلها على آدم لما
كثر ولده وانتشروا في الارض
وكان ينظر فيها فيرى من
يريده منهم على الحال التي
هو عليها من خير و شر
فانفذها عبد الله بن سوار
الى معاوية، فلم تزل عنده
مدة حياته ثم صارت الى ملوك
بني امية وكانت في خزائنهم
الى ايام بني العباس، فاخذوها
فيما اخذوا من اموالهم[1]

وہاں سے بہت سامان غنیمت حاصل کیا قیقان کے راجہ نے جزیہ کی رقم ادا کر کے فدیہ ادا کیا نیز اس نے ابن سوار کے پاس ہدایا اور سندھ کی عمدہ عمدہ چیزیں روانہ کیں جن کی مثال دیکھنے میں نہیں آئی۔ ان ہی میں ایک آئینہ کا ٹکڑا تھا جس کے بارے میں اہل علم کہتے ہیں کہ جب حضرت آدم علیہ السلام کی اولاد بہت زیادہ ہو کر زمین میں پھیل گئی تو اللہ تعالیٰ نے اس آئینہ کو نازل کیا حضرت آدم اس آئینہ میں اپنی جس اولاد کو دیکھنا چاہتے اچھے برے حال میں دیکھ لیا کرتے تھے۔ اس کو عبداللہ بن سوار نے حضرت معاویہؓ کی خدمت میں روانہ کر دیا جو ان کی زندگی میں ان کے پاس رہا پھر اموی خلفاء کے پاس بنو عباس کے قبضہ تک ان کے خزانہ میں محفوظ رہا بعد میں عباسیوں نے دوسرے اموال کی طرح اس پر قبضہ کر لیا۔

ان ہی ایام میں ابن سوار، کرز بن ابو کرز و برہ حارثی کو اپنا قائم مقام بنا کر حضرت معاویہؓ کی خدمت میں گئے اور ان کو قیقانی گھوڑوں کا تحفہ ہدیہ پیش کیا۔

[1] کتاب الذخائر والتحف ص ۱۶۶ و ص ۱۶۷۔

**حجاج بن یوسف کی سفارت راجہ رتبیل کے دربار میں** ابن اشعث اور ان کے رفقا ناکامی کے بعد بامیان کے راجہ رتبیل کے یہاں پناہ گزین ہوئے اور معلوم ہوا کہ جس طرح راجہ داہر نے علافیوں کو پناہ دے کر مسلمانوں کے لئے مشکل پیدا کر دی ہے، راجہ رتبیل بھی اسی طرح دوسری مشکل پیدا کر دے گا۔ مگر حجاج بن یوسف نے کمال دور اندیشی سے کام لیا اور راجہ رتبیل کے پاس اپنے سفرا بھیج کر بات چیت کی۔ اس سفارت کے امیر حضرت امام شعبیؒ تھے۔ ان کا بیان ہے۔

| | |
|---|---|
| ا؎ سلنی الحجاجُ الی رتبیل، | حجاج نے مجھے راجہ رتبیل کے پاس بھیجا اور |
| فاجازنی، وقال لی:۔ ما | اس نے مجھے انعام دیا۔ اس موقع پر اس نے کہا کہ |
| ھذا الصبغ، انما الشعر | ڈاڑھی میں یہ رنگ کیا ہے۔ بال سفید یا |
| ابیض واسود قلت:۔ سنة | سیاہ ہوتا ہے؟ میں نے کہا یہ سنت ہے۔ |

اس سفارت کے نتیجہ میں رتبیل نے ابن اشعث کو مسلمانوں کے حوالہ کر کے حجاج بن یوسف سے چند شرائط پر نا جنگ معاہدہ کیا۔

**حجاج بن یوسف کی سفارت راجہ داہر کے دربار میں** اس واقعہ کے بعد جب دیبل کے بحری قزاقوں نے سرندیپ سے عرب جانے والے اسلامی جہاز کے ساز و سامان اور مسلمان عورتوں کو لوٹا اور قید کیا تو حجاج بن یوسف نے راجہ داہر کے پاس ایک سفارت روانہ کی اور اس کے ذریعہ کہلایا کہ راجہ ان قزاقوں سے لڑ کر مسلمان عورتوں کو ان کی قید سے نجات دے بلکہ اس کے لئے حجاج نے راجہ داہر کو امیر مقرر کیا۔ بلاذری نے لکھا ہے:۔

| | |
|---|---|
| فارسل الی داھر یسأله تخلیة | حجاج نے داہر کے پاس آدمی بھیجا کہ وہ |
| النسوة، فقال انما اخذھن | عورتوں کی رہائی کا مطالبہ پیش کرے۔ مگر |
| لصوص لا اقدر | داہر نے کہا کہ ان کو چوروں نے گرفتار |

ا؎ طبقات ابن سعد ج ۶ ص ۲۴۸ و ص ۲۴۹۔

Marfat.com

علیهم[1] — کیا ہے۔ میں ان پر قدرت نہیں رکھتا ہوں۔

یاقوت حموی نے اس سے صاف و صریح الفاظ میں لکھا ہے:۔

| | |
|---|---|
| فارسل الی داهر ملك الدبيل وامّره علی الغزو لهؤلاء الذين سبوا النسوة[2] | حجاج نے راجہ داہر کے پاس آدمی بھیجا اور ڈاکوؤں سے جنگ کے لئے امیر بنایا۔ |

اسی راجہ داہر نے چند سال پہلے علافیوں کو مدد دے کر ہندوستان میں اموی اقتدار پر ضرب لگانے کی کوشش کی تھی۔ اب کے بار اس نے خلافت کے مجرموں کے ساتھ اپنے ملک کے بحری ڈاکوؤں کو بھی شہ دی۔ مگر حجاج نے اب کے بھی کمال ہوشمندی سے کام لے کر بات بنانی چاہی تھی۔

**نیرون کے حکام اور عوام کی سفارت حجاج کے دربار میں**

دیبل میں حضرت بدیل بن طہفہ بجلی کی شہادت کے بعد قلعۂ نیرون کے حکام و عوام بہت ڈر گئے اور مقامی حاکم سندر راجہ داہر کی اجازت و مشورہ کے بغیر عوام کی طرف سے حجاج بن یوسف کے پاس دو سمنیوں کو سفیر بنا کر بھیجا اور عذر و معذرت کر کے امن چاہا اور سالانہ معتدبہ رقم ادا کرنے کا وعدہ کیا۔ حجاج نے ان کی معذرت اور پیشکش قبول کی[3] بلاذری نے اس سفارت کا تذکرہ مختصر طور سے کیا ہے:۔

| | |
|---|---|
| وكان اهلها بعثوا سمنيين منهم الی الحجاج فصالحوه[4] | نیرون والوں نے اپنے آدمیوں میں سے دو سمنیوں کو حجاج کے پاس بھیج کر صلح کرلی تھی۔ |

اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ جب ۹۳ھ میں محمد بن قاسم نیرون پہونچے تو تمام اہل شہر نے بڑھ کر ان کا اور اسلامی لشکر کا استقبال کیا۔ خاطر مدارات کر کے تمام طے شدہ شرائط پورا کیں۔

**ہندوستان کے ایک راجہ کا خط حضرت عمر بن عبدالعزیز کے نام**

حضرت عمر بن عبدالعزیز کا زمانہ دین و دیانت کے اعتبار سے خلافت راشدہ کا دور معلوم ہوتا تھا۔ ان کے زمانہ

---

[1] فتوح البلدان ص ۴۳۳ [2] معجم البلدان ج ۸ ص ۲۰۲ [3] چچ نامہ ص ۹۷ [4] فتوح البلدان ص ۴۳

وستان سے دینی خط و کتابت ہوئی اور بہت سے راجے مہاراجے اسلام لائے، سب سے پہلے یہاں کے ایک راجہ نے آپ کو اسلام فہمی کے لئے خط لکھا، ابن عبد ربہ اندلسی نے العقد الفرید میں لکھا ہے:-

بعث ملك الهند الى عمر بن عبد العزيز كتاباً فيه من ملك الاملاك الذى هو ابن الف ملك، والذى تحته ابنة الف ملك، والذى فى مربطه الف فيل، والذى له نهران ينبتان العود، والألوة، والجوز والكافور، والذى يوجد ريحه على مسيرة اثنى عشر ميلاً، الى ملك العرب الذى لا يشرك بالله شيئاً اما بعد، فانى قد بعثت اليك بهدية، وما هى بهدية ولكنها تحية، واحببت ان تبعث الىّ رجلاً يعلمنى ويفهمنى الاسلام والسلام، يعنى بالهدية الكتاب ۱؎

ہندوستان کے راجہ نے عمر بن عبد العزیز کے پاس یہ خط بھیجا، اس شہنشاہ کی طرف سے جس کے آباؤ اجداد میں ایک ہزار بادشاہ گذرے ہیں، جس کی زوجیت میں ایک ہزار بادشاہوں کی بیٹیاں ہیں، جس کے اصطبل میں ایک ہزار ہاتھی ہیں، جس کے ملک میں دو دریا ہیں جن سے عود، اگر، نارجیل اور کافور کی پیداوار ہوتی ہے، اس کی خوشبو بارہ میل دور سے پائی جاتی ہے، عرب کے بادشاہ کے نام جو اللہ تعالیٰ کا شریک نہیں ٹھہراتا ہے، میں آپ کی خدمت میں ایک ہدیہ بھیج رہا ہوں، درحقیقت یہ ہدیہ نہیں بلکہ تحیہ اور مبارکبادی ہے، میں چاہتا ہوں کہ آپ میرے پاس کسی آدمی کو روانہ کریں جو مجھے اسلام کو سکھائے سمجھائے۔ والسلام، یہ ہدیہ ایک کتاب تھی۔

الفاظ کے معمولی فرق کے ساتھ اسی قسم کا ایک خط ارضِ چین کے راجہ کا حضرت معاویہ

۱؎ العقد الفرید ج ۲ ص ۲۰۲، قاہرہ۔

کے نام گذر چکا ہے، ایسا معلوم ہوتا ہے کہ حضرت عمرؒ بن عبد العزیز کے نام یہ خط اسی را
اس کے خاندان کے کسی راجہ کا ہو، جس نے بعینہٖ وہی مضمون تحریر کیا ہے جو حضرت معاو
لکھا تھا،

**ہندوستان کے راجوں کے نام حضرت عمرؒ بن عبد العزیز کے دعوتی خطوط** حضرت عمرؒ بن عبد العزیز نے اپنے دورِ خلافت (
تا ۱۰۱ھ) میں ہندوستان کے متعدد راجوں مہارا
کے نام دعوتی خطوط ارسال فرمائے جن میں صرف راجہ داہر کے بیٹے راجہ جے سیہ کے نام کی
ملتی ہے، بلاذری نے لکھا ہے:۔

فکتب عمر بن عبد العزیز الی الملوک (ملوک الھند) یدعوھم الی الاسلام و الطاعۃ علی ان یملکھم و لھم ما للمسلمین وعلیھم ما علی المسلمین۔ وکانت بلغتھم سیرتہ ومذھبہ فاسلم جیسیہ والملوک وتسموا باسماء العرب[۱]۔

حضرت عمر بن عبد العزیز نے ہندوستان کے راجوں کے نام خطوط لکھے جن میں ان کو اسلام اور اطاعتِ امیر کی دعوت دی، اور یہ کہ اسلام لانے کی صورت میں وہ اپنی حکومت اور ملک کے مالک رہیں گے اور ان کے د حقوق ہوں گے جو تمام مسلمانوں کے ہیں، اسی طرح ان پر وہی ذمہ داریاں ہوگی جو تمام مسلمانوں پر ہیں، اور چونکہ ان کے حالا اور دینداری کی خبریں ان راجوں کو مل چکی تھیں اس لئے راجہ جے سیہ اور دوسرے راج مسلمان ہو گئے اور انھوں نے عربوں کے نام رکھ لئے۔

افسوس کہ اس سے زیادہ نہ ان دعوتی خطوط کے مضامین ملتے ہیں اور نہ جیسیہ کے

[۱] فتوح البلدان ص ۴۲۹،

راجہ کا نام ملتا ہے۔

**بن عبد الرحمن مری اور خلیفہ ہشام خدمت میں ایک راجہ کا ہدیہ و تحفہ**

قاضی رشید بن زبیر نے مدائنی کے حوالہ سے اس ہدیہ کا ذکر ان الفاظ میں کیا ہے:۔

ان ملك الهند اهدى الى الجنيد بن عبد الرحمن ايام ولايته السند فى خلافة هشام بن عبد الملك ناقةً مرصعةً قد ملئت اخلافها لولوءًا، ونحرها ياقوتًا احمر على عجل من فضة اذا تركت على الارض تحركت العجل فمشت الناقة فبعث بها الجنيد الى هشام فاستحسنها، ثم ان الذى جاء بها يزل اخلافها فانتثر اللولؤ فى علبة ذهب كانت معه، وفك عنقها فسال الياقوتُ منه كانه الدم فاعجب بها هشام وجميع من كان فى مجلسه، ولم تزل فى خزائن بنى امية حتى صارت الى بنى العباس [1]

ہشام بن عبد الملک کے دور خلافت میں والی سندھ جنید بن عبد الرحمن کے پاس ہندوستان کے راجہ نے ایک مرصع اونٹنی ہدیہ میں بھیجی، اس کے تھن میں موتی اور گردن میں یاقوت سرخ بھرے ہوئے تھے، یہ اونٹنی چاندی کی گاڑی پر تھی، جب وہ زمین پر رکھدی جاتی تھی تو خود بخود حرکت کرنے لگتی تھی، جنید نے یہ تحفہ ہشام کی خدمت میں بھیج دیا، جسے اس نے بہت پسند کیا، جو شخص اسے لے کر آیا تھا اس نے تھن میں سوراخ کیا تو اندر کے تمام موتی سونے کے ایک ڈبہ میں گر گئے جسے وہ ساتھ لایا تھا، اور جب اس کی گردن توڑی تو خون کی طرح یاقوت سرخ بہنے لگا۔ ہشام اور حاضرین دربار یہ تماشا دیکھکر بہت خوش ہوئے، یہ اونٹنی بنو امیہ کے خزانہ میں رہی یہاں تک کہ بنی عباس کے پاس چلی گئی۔

[1] کتاب الذخائر والتحف ص ۱۴ و ۱۵۔

Marfat.com

اس بیان میں راجہ کا نام نہیں ہے، غالباً یہ سرزمین جَیِن کا راجہ تھا جس کو جنید بن
نے پہلے دعوتِ اسلام دی، اور راجہ کے انکار پر جنگ کی پھر اس نے صلح کرلی، اور کئی دن
جنید نے وہاں قیام کر کے معاملات درست کئے۔

Marfat.com

(۷)

# ہندوستان کے مسلمان

اموی دور میں یہاں دو قسم کے مسلمان تھے، ایک جو عرب سے یہاں آکر آباد ہو گئے اور
ول نے اس ملک کو اپنا وطن بنا لیا دوسرے جو ہندوستان کے قدیم باشندے تھے، اور اسلام
ئے، ان میں دو طبقے تھے کچھ لوگ مسلمان ہو کر اپنے ملک ہی میں رہے سہے اور کچھ لوگ یہاں
عرب چلے گئے اور وہیں سکونت اختیار کر لی یا جنگی قیدی بنا کر عرب لے جائے گئے، اور وہاں
لمان ہو کر اسلامی معاشرہ میں شامل ہو گئے، ہندوستانی مسلمانوں کے یہ دونوں طبقے
ایت عزت واحترام کی نظر سے دیکھے جاتے تھے اور انھوں نے اسلامی علوم وفنون اور مسلم
ہذیب وثقافت سے حصۂ وافر پایا، جو لوگ مسلمان ہو کر یہیں رہے انھوں نے یہاں کے اپنے
رب بھائیوں کے ساتھ میل جول رکھا، ان میں رشتۂ مناکحت قائم ہوا اور دو ملکوں کے باشندوں کے
ختلاط سے تیسری نسل پیدا ہوئی جو بَیَسَر اور بَیَاسَرَہ کے لقب سے مشہور ہوئی، اور جو
گ عرب کے مختلف علاقوں میں رہے انھوں نے وہاں کے مسلمانوں سے تعلقات قائم
ئے اور باوقار مقام حاصل کیا، ان کے علاوہ ہندی مسلمانوں کا ایک طبقہ عرب میں موجود تھا
قدیم زمانہ سے عرب وہند کے درمیان آمد ورفت رکھتا تھا اس میں جاٹ، سیابجہ وغیرہ
جو معاشی اور تجارتی سلسلے میں پرانے زمانہ سے عرب میں رہتے تھے، اسلامی دور میں اس
قہ نے خوب ترقی کی، بلکہ اس میں سے ایک گروہ بغاوت وسرکشی پر آمادہ ہو گیا۔

# ہندی الاصل مسلمان

یہاں عرب مسلمانوں کی طرح مقامی مسلمانوں کی بھی اچھی خاصی تعداد تھی، یہ لوگ نہا
آزادی اور بے فکری کی زندگی بسر کرتے تھے، اور امت مسلمہ کے فرد کی حیثیت سے عزت
احترام کی نظر سے دیکھے جاتے تھے، یہ عجیب بات ہے کہ ہندوستانیوں کے اسلام کے سلسلے میں
سے پہلے یہاں کے راجوں مہاراجوں کے نام ملتے ہیں اور ان ہی کی طرف سے رغبت و رج
کا ثبوت پایا جاتا ہے، چنانچہ پہلے اموی خلیفہ حضرت معاویہؓ کی خدمت میں ارضِ چین کے
نے خط لکھ کر خواہش کی کہ کسی مسلمان عالم کو اس کے یہاں بھیجا جائے جو اسے اسلام کی تع
دے، اس خط میں اس نے اسلامی توحید کا بطورِ خاص ذکر کیا ہے، قاضی رشید بن زبیر
کتاب الذخائر والتحف میں لکھا ہے کہ: كتب ملك الصين الى معاويةؓ[1]

من ملك الاملاك الذی تخدمه بنات الف ملك، والذی بنيت داره بلبن الذهب، والذی فی مربطه الف فيل، والذی له نهران يسقيان العود والكافور، الذی يوجد ريحه من عشرين ميلا الى ملك العرب الذی يتعبد الله ولا يشرك به شيئا، اما بعد فانی قد ارسلت اليك هدية

اس شہنشاہ کی طرف سے جس کی خدمت میں ہزاروں بادشاہوں کی شہزادیاں ہیں، جس کا محل سونے کی اینٹوں سے بنایا گیا ہے جس کے اصطبل میں ہزاروں ہاتھی ہیں، جس کے ملک میں دو دریا عود اور کافور کو سیراب کرتے ہیں جس کی خوشبو بیس میل دور سے پائی جاتی ہے، عرب کے بادشاہ کے نام جو ایک اللہ کی عبادت کرتا ہے اور کسی کو اس کا شریک نہیں ٹھہراتا، اسکے بعد معلوم ہو کہ میں آپ کی خدمت میں ایک ہدیہ روانہ کر رہا ہوں، یہ ہدیہ نہیں بلکہ

[1] چین کے بادشاہ نے حضرت معاویہؓ کو لکھا۔

Marfat.com

| | |
|---|---|
| ولیست بھدیۃ ولکنھا تحفۃ | درحقیقت تحفہ ہے، آپ میرے پاس اپنے نبیؐ |
| فابعث الیّ بما جاء بہ نبیکم | کے لائے ہوئے حرام وحلال کی تفصیل روانہ |
| من حرام وحلال وابعث الیّ | کریں اور کوئی ایسا آدمی بھیجیں جو اس دین کو |
| من یبیّنہ لی والسلام[1] | میرے سامنے کھول کھول کر بیان کرے۔ |

معلوم نہیں حضرت معاویہؓ نے اس کا جواب دیا، یا نہیں؟ قرائن سے معلوم ہوتا ہے کہ اس نے اسلام قبول نہیں کیا، البتہ عربوں اور مسلمانوں سے اس کے خاندانی تعلقات تھے۔

الغرض اس روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ ۵۰ھ اور ۶۰ھ کے درمیان ہندوستان کے انتہائی مشرقی شمالی علاقہ کے راجہ کو اسلام فہمی کا شوق ہوا اور اس نے خود ہی حضرت معاویہؓ کو اس سلسلے میں خط لکھا اور ہدیہ وتحفہ بھیج کر اپنی نیازمندی کا ثبوت پیش کیا، عہد اموی میں اس ملک میں اسلام کی طرف رغبت کی یہ پہلی دستاویز ہے جو ایک بہت بڑے حکمراں اور خاندانی مہاراجہ کی جانب سے دارالخلافہ شام کو روانہ کی گئی، اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ اس دور میں اسلام کا اجمالی تعارف یہاں کے انتہائی دور دراز مقامات میں ہو چکا تھا، خصوصاً اسلامی توحید کی آواز یہاں کے بت پرست حلقہ میں استفہامی انداز میں سنی گئی، اور اسلام کے بارے میں تفصیلی معلومات کا داعیہ پیدا ہوا، ابن عبدربہ اندلسی کی روایت کے مطابق کسی ملک سندھ نے حضرت عمر بن عبدالعزیز کی خدمت میں بھی اسلام فہمی کے لئے بعینہ اسی مضمون کا خط لکھا تھا[2]

## مختلف اوقات اور مختلف مقامات کے مسلمان

ہماری تحقیق میں اس ملک کے باشندوں میں سب سے پہلے اہلِ قیقان اجتماعی طور سے مشرف باسلام ہوئے، ان کو دیگر علاقوں کے باشندوں کے مقابلے میں اسلام اور مسلمانوں سے ابتدا میں واسطہ پڑا، جس کے نتیجہ میں اسلام اور مسلمانوں کو قریب سے دیکھنے اور سمجھنے کا موقع ملا۔

---

[1] کتاب الذخائر والتحف ص ۹ و ۱۰، [2] العقد الفرید ج ۲ ص ۲۰۲،

Marfat.com

یہ واسطہ اور موقع اگرچہ جنگی حالات کی وجہ سے میسر آیا اور اہل قیقان اور مسلمانوں میں متعدد شدید معرکے ہوئے جن میں مسلمانوں کو اپنے جان و مال کی قربانی بہت زیادہ دینی پڑی اور باشندے عام طور سے ان کے سب سے بڑے دشمن تھے، لیکن ان ہی پُرخطر حالات اور شدید محاربوں میں ایک دوسرے کو قریب سے دیکھ سکے اور قیقانیوں کا ایک طبقہ ان ہی ایام میں مسلمان ہو گیا، علی بن حامد نے چچ نامہ میں لکھا ہے کہ حضرت حارث بن مرہ عبدی ۳۸ھ میں عہد علوی سے لے کر عہد معاویہ تک مکران و سندھ میں جنگ کرتے رہے، انھوں نے ایک بار قیقان پر فوج کشی کی بیس ہزار قیقانی آمادۂ جنگ ہو گئے، نتیجہ کے طور پر مسلمان غالب آئے، مگر قیقانیوں نے پھر میں اپنی طاقت جمع کر کے پہاڑوں میں اسلامی فوج پر حملہ کر دیا، مسلمانوں نے بھی مقابلہ کی تیاری کی اور ان کی صدائے تکبیر سے پہاڑ گونج اُٹھے جس سے اہل قیقان کے کلیجے منھ کو آنے لگے، کچھ بھاگ کھڑے ہوئے اور کتنے مسلمان ہو گئے[1]، یہ روایت کسی عربی تاریخ میں نظر سے نہیں گذری مگر معتبر و مستند روایات و واقعات سے پتہ چلتا ہے کہ ان ہی ایام میں قیقان کے باشندوں کی ایک بڑی تعداد مسلمان ہو گئی تھی، اور یہ لوگ تیر اندازی میں ملک عرب تک شہرت رکھتے تھے حتی کہ ۱۲۲ھ میں ہشام بن عبد الملک کے دور میں جب حضرت زید بن علیؓ کے مقابلہ میں اموی فوج ناکام نظر آنے لگی تو قیقان اور بخارا کے تیر انداز مسلمان جو اس فن میں ماہر و مشہور تھے بلائے گئے، اور انھوں نے یہاں سے عراق جا کر حضرت زید بن علی اور ان کے آدمیوں کو شکست دی جیسا کہ امام طبری نے ۱۲۲ھ کے واقعات میں لکھا ہے[2]۔

قیقان کا علاقہ شروع ہی سے بہت ہی خطرناک تھا، اور مسلمانوں کو یہاں متعدد بار جانی قربانیاں دینی پڑیں، ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ان علاقوں میں اسلامی فوج نے بھی اپنی پوری طاقت خرچ کی تاکہ اس پر فتح یابی کے بعد سندھ کا معاملہ صاف ہو جائے، چنانچہ اس کی باری ۳۸ھ میں حضرت سنان بن سلمہ ہذلیؓ کے دورِ امارت میں آئی، انھوں نے کھلی فتح کے ذریعہ اہلِ قیقان

[1] چچ نامہ ص ۷۷ و ۷۸، [2] تاریخ طبری ج ۷، ص ۱۸۶،

گذشتہ شکستوں کا پورا پورا بدلہ لیا، اور ایسا انتظام کیا کہ آئندہ بغاوت وسرکشی نہ ہو، مکران میں دارالامارہ تعمیر کر کے اسے مضبوط فوجی اور انتظامی مرکز بنایا، الغرض ۳۸ھ سے ۴۸ھ تک قیقانیوں اور مسلمانوں میں نبرد آزمائی جاری رہی، انھوں نے اس مدت میں متعدد بار مسلمانوں کے عمل و دخل اور قبضہ کے ایام میں ان کو قریب سے دیکھا، ان کے بارے میں ذاتی اور شخصی طور سے معلومات حاصل کیں، پھر حضرت سنان کے دور میں قیقانیوں کی آخری شکست اور مسلمانوں کی فتح معجزانہ انداز میں ہوئی، جس سے مسلمانوں کے بارے میں ان کے اعتقاد و یقین میں خوشگوار انقلاب ہوا اور انھوں نے مسلمانوں کی روحانی اور مافوق الفطرت طاقت کا مشاہدہ کر کے اپنے سابقہ احساسات وخیالات میں تبدیلی پیدا کی، جیسا کہ حضرت ابوالیمان معلّٰی بن راشد نبّال ہذلی کا بیان گذر چکا ہے کہ غزوۂ قیقان میں یہاں کے لوگوں نے بچشم خود ملائکہ کی فوج کو اسلام اور مسلمانوں کی طرف سے جنگ کرتے ہوئے دیکھا تھا۔[1]

ہندوستان کی روحانیت پرستی سے بعید نہیں ہے کہ ایک واقعہ کو دیکھ کر بہت سے قیقانی مسلمان ہو گئے ہوں، نیز ہندوستانیوں میں سے بہت سے قیقانی پہلی بار عرب میں جا کر وہاں اسلامی معاشرہ میں بلند مقام و مرتبہ کے مالک ہوئے، بلاذری کی روایت کے مطابق حضرت حارث بن مرہ عبدیؓ نے ایک فتح کے موقع پر ایک دن میں ایک ہزار قیقانی قیدیوں کو مجاہدین اسلام میں تقسیم کیا تھا۔[2] اسی طرح دیگر فتوحات میں یہاں کے بہت سے جنگی قیدی مسلمانوں کے ہاتھ آئے، جو اپنے مالکوں کے ساتھ عرب گئے، ایسے ابتدائی قیقانی مسلمانوں میں بصرہ کا آل مقسم قیقانی بہت مشہور خانوادہ ہے جس میں علم، تجارت اور امارت کی شان عباسی دور تک باقی رہی، اس کے بعد محمد بن قاسم کے دور امارت اور ولید بن عبدالملک کے زمانہ خلافت میں ۹۲ھ سے ۹۶ھ تک ہندوستان کے بہت سے باشندے اور یہاں کی متعدد قومیں اسلام میں داخل ہوئیں اور مکران، سندھ، گجرات اور اس کے آگے ہندوستانی علاقوں کے لوگ کثرت سے مسلمان ہوئے

---

[1] تاریخ خلیفہ ج ۱ ص ۲۴۹ و ۲۵۰، [2] فتوح البلدان ص ۴۲۱،

Marfat.com

جن میں لوہانہ، سمہ اور چنہ قومیں زیادہ مشہور ہیں، محمد معصوم بھکری نے تاریخ سندھ میں لکھا ہے کہ محمد بن قاسم سندھ جاتے ہوئے سیوستان کے علاقہ سے گذرے تو چنہ قوم نے اپنے ایک مخبر کو بھیجا تاکہ وہ خفیہ طور سے مسلمانوں کے حالات معلوم کرے، وہ شخص جس وقت اسلامی لشکر کے قریب پہنچا محمد بن قاسم نماز کے لئے صف درست کر رہے تھے، اس کے بعد اسلامی لشکر نے محمد بن قاسم کی امامت میں نماز ادا کی، اس شخص نے یہ سب دیکھا اور واپس جاکر اپنی قوم سے ماجرا بیان کیا، مسلمانوں کے حالات سن کر قوم چنہ مسلمان ہونے کے ارادہ سے محمد بن قاسم کی خدمت میں حاضر ہوئی، اس وقت محمد بن قاسم اور ان کے ساتھی دستر خوان پر کھانا کھا رہے تھے، انھوں نے اس قوم کو آتے دیکھ کر "مرزوق" کے لفظ سے یاد کیا چنانچہ ان لوگوں کا لقب بعد میں "مرزوق" پڑ گیا، یہ سب کے سب برضاء و رغبت محمد بن قاسم کے ہاتھ پر مسلمان ہوئے، یہ واقعہ فتح ملتان ۹۵ھ سے پہلے کا ہے[1]

اس دور میں محمد بن قاسم کے حسنِ انتظام، عدل و انصاف اور ملکی و سیاسی تدبیر سے یہاں کے عوام کو بہت آرام و سکون نصیب ہوا اور مسلمانوں سے عقیدت و محبت کی ایسی فضا بن گئی کہ جگہ جگہ مقامی لوگوں نے برضاء و رغبت اسلام قبول کیا جس سے مسلمانوں کو اس قدر شان و شوکت حاصل ہوئی کہ مجموعی اعتبار سے اس سے پہلے کبھی حاصل نہیں تھی، ہماری تحقیق میں اس زمانہ میں مقامی مسلمانوں کی سب سے زیادہ آبادی بلادِ کچھ میں تھی جو راجہ راسل کا علاقہ تھا محمد بن قاسم نے اسی علاقہ میں راجہ داہر سے سخت جنگ کر کے اس کو شکست دی، اور اسی میں وہ کام آیا، غالباً یہاں کے لوگ اسی زمانہ میں مسلمان ہوئے اور اپنی کثرت کی وجہ سے ہر آفت سے محفوظ رہے، چنانچہ خلیفہ ہشام کے زمانہ میں جب ادھر کے تمام مفتوحہ علاقوں میں کفر و ارتداد کی ہوا چل پڑی اور ہر جگہ کے راجے اور عوام برگشتہ ہو گئے تو کچھ کے مسلمان نہایت امن و امان کے ساتھ اپنے دین پر قائم رہے اور ان کو کوئی پریشانی نہیں اٹھانی پڑی، اس کے بعد حصہ

[1] فتوح البلدان ص ۱۶، ۱۷۔

عمر بن عبدالعزیزؒ کے دورِ خلافت میں (۹۹ھ سے ۱۰۱ھ تک) ہندوستانیوں میں اسلام کے بارے میں تسلیم ورضا اور عقیدت ومحبت کا عام جذبہ پیدا ہوا، بات یہ ہوئی کہ آپ نے یہاں کے راجوں مہاراجوں کو دعوتی خطوط لکھے اور ان کو اسلام قبول کرنے کی تلقین فرمائی۔ اور لکھا کہ اگر وہ مشرف بہ اسلام ہو جائیں تو خلافت کی طرف سے ان کو ان کے علاقہ کا امیر وحاکم مان لیا جائے گا اور وہ قانوناً حسبِ سابق اپنے ملک ومال اور منصب واقتدار کے مالک ہوں گے خلافت ان کے معاملات میں دخل انداز نہیں ہوگی اور ان کے وہی حقوق تسلیم کئے جائیں گے جو ایک مسلمان کے ہیں کہ ان کی جان ومال اور عزت وآبرو کی حفاظت کی جائے گی، ساتھ ہی ان پر وہی ذمہ داریاں اور فرائض بھی ہوں گے جو ایک مسلمان پر عائد ہوتے ہیں، چونکہ راجوں مہاراجوں کو حضرت عمرؒ بن عبدالعزیزؒ کی خداترسی، خداپرستی، عدل وانصاف، خوش اخلاقی اور کردار کی بلندی کے بارے میں پہلے سے معلومات حاصل ہو چکی تھیں اسی لئے انھوں نے اس مردِ صالح کی دعوتِ اسلام پر عام طور سے لبیک کہی، مسلمان ہو کر حسبِ سابق اپنے منصب وجاہ کے مالک رہے، اسلامی تہذیب کو یوں قبول کر لیا کہ اپنے آبائی نام چھوڑ کر اسلامی نام اختیار کر لئے[1] اس کے نتیجہ میں ان نومسلم راجوں کی رعایا بھی اسلام کی طرف راغب ہوئی، اپنے بڑوں کے پیچھے پیچھے چلنا دنیا کا قدیم دستور ہے، اور اس معاملہ میں ہندوستان کے باشندے بہت آگے ہیں، ان کے یہاں قدیم عقائد کی رو سے راجے مہاراجے دیوتاؤں کی نسل سے ہوتے ہیں اور ان کی پوجا پاٹ اسی طرح ہوتی ہے جس طرح بت کی پرستش کی جاتی ہے حتیٰ کہ اپنے راجوں پر اپنی جان بھینٹ چڑھا دینا اور ان کے سامنے اپنی گردن کاٹ دینا فداکاری کا اعلیٰ ترین مظاہرہ ہے جو لوگ اپنے بادشاہوں کو یہ مرتبہ دیتے تھے وہ ان کی خواہش کے احترام میں کیا کچھ نہ کرتے رہے ہوں گے، یقیناً ہر راجہ کی رعایا اس کے مسلمان ہو جانے پر جوق در جوق مسلمان ہوئی ہوگی البتہ اس کے ثبوت میں تاریخوں میں تصریحات نہیں ملتی ہیں، افسوس کہ کتابوں میں ایسے نومسلم راجوں کے نام ومقامات کا کوئی تذکرہ نہیں ہے،

[1] فتوح البلدان ص ۴۲۹،

Marfat.com

ورنہ معلوم ہوجاتا کہ اس پُر بہار دور میں ہندوستان کے کس کس علاقہ میں اسلام کی اشاعت ہوئی اور کون کون سی قومیں مشرف بہ اسلام ہوئیں، بہرحال یہ تمام مقامی مسلمان عربی مسلمانوں کے ساتھ ان کی آبادیوں میں رہتے سہتے تھے اور دونوں طبقوں کے دینی و علمی اور تہذیبی و ثقافتی تعلقات کے ساتھ نسلی تعلقات قائم ہوئے اور دونوں نسلوں کے اختلاط اور میل جول سے ایک تیسری نسل پیدا ہوئی جسے عرب بیسر اور بیاسرہ کہتے تھے۔

عربوں اور ہندوستانیوں کی یہ مخلوط نسل کثرت سے پھیلی اور خوب پھولی پھلی، تیسری صدی میں مورخ مسعودی نے صرف ایک شہر چیمور (بمبئی) میں دس ہزار کے قریب بیاسرہ کی آبادی بتائی ہے جو عموماً تجارت کرتے تھے، ان میں علماء و محدثین بھی ہوئے ہیں اور علوم اسلامیہ کو انھوں نے ہندوستان میں پھیلایا ہے، اس دور میں عام طور سے عربوں نے ہندوستان کی مسلمان عورتوں سے شادیاں کیں اور زوجین سے ایسے مسلم گھرانے تشکیل پائے جن میں عربی ہندی کے حسین امتزاج نے آنکھ کھولی۔

## عرب کا طبقہ موالی

اس دور میں ان ہندی مسلمانوں کی کافی تعداد تھی جو اسلامی قانون جنگ کے ماتحت یہاں سے غلام بنا کر عرب لے جائے گئے اور مسلمان ہو کر عربوں کی وِلاء اور حمایت و ملکیت میں رہے یا بعد میں آزاد ہوگئے، ان ہندوستانی مسلمانوں نے نئی آب و ہوا اور کھلی فضا میں ہر اعتبار سے کامیاب ترین زندگی بسر کی۔ انکی کثرت کا اندازہ اس سے ہو سکتا ہے کہ حضرت حارث بن مرہ عبدی (سنہ ۳۸ھ تا سنہ ۴۲ھ) نے مکران و قندابیل اور قیقان وغیرہ کی جنگ کے سلسلے میں ایک بار ایک دن میں ایک ہزار قیدی مجاہدین میں تقسیم کئے، حضرت منذر بن جارود عبدی نے سنہ ۶۲ھ میں قصدار کو فتح کیا اور بہت سے قیدی ان کے ہاتھ آئے، محمد بن قاسم نے چھ سالہ شاندار فتوحات کے دوران فتح ملتان کے موقع پر لڑکوں بچوں پر رحم کھا کر ان کو زندہ قیدی بنایا، نیز

بت خانہ کے چھ ہزار پجاریوں کو قید کیا، خلیفہ ہشام کے زمانہ میں جنید بن عبد الرحمن مری نے کیرج کو فتح کرکے لڑنے والوں کو قید کیا، ایک مرتبہ جنید بن عبد الرحمن نے اپنے دفتر میں دیکھ کر حساب لگایا تو معلوم ہوا کہ انھوں نے یہاں کے پچاس ہزار جنگ بازوں کو قیدی بنایا، اسی طرح اموی دور میں متعدد مواقع پر یہاں کے جنگی اسیر مجاہدین میں تقسیم ہوئے اور عرب گئے اور بعد میں یہ سب کے سب مسلمان ہوکر عربی و اسلامی معاشرہ کے عنصر بن گئے، کتابوں میں ایسی کوئی روایت نہیں ملتی ہے جس سے پتہ چلے کہ یہ سب اپنے آبائی دین پر قائم رہے، بخلاف اس کے ان کے جو حالات درج ہیں ان سے ان کا مسلمان ہونا صریح طور پر معلوم ہوتا ہے، ان میں بڑے بڑے علماء و محدثین اور دوسرے علوم و فنون کے ماہرین پیدا ہوئے اور بہت سے زندگی کے مختلف امور و معاملات میں نمایاں حیثیت کے مالک بنے، عرب کے ان ہندی مسلمانوں میں جاٹ، سیابجہ، بیاسرہ وغیرہ سب ہی شامل ہیں، اپنے موقع پر تفصیل آئے گی۔

ہندوستان کے جو باشندے جنگی قانون کی رو سے قیدی اور غلام بناکر عرب بھیجے گئے اور خلفاء و امراء اور مجاہدوں نے ان کو اپنی ملکیت اور ولاء میں لے لیا، ان کو اس دور کی عربی تمدنی زندگی سے حصہ وافر ملا اور انھوں نے عربی معاشرہ میں رہ کر اس کی ایک ایک بات میں شرکت کی، کہنے کی حد تک یہ طبقہ غلام تھا مگر ہندوستان سے کہیں زیادہ اسے عرب میں ذہنی و فکری آزادی تھی، درحقیقت یہ لوگ اپنے آقاؤں کی نگرانی اور ماتحتی میں زندگی کی قدروں سے ہمکنار ہو رہے تھے، اس طبقہ کی عورتیں خلفاء، و امراء، اور اعیان و اشراف کی امہات الاولاد بنیں اور ان کے بطن سے شاہزادے، صاحبزادے، امیرزادے اور شریف زادے پیدا ہوئے علوم و فنون، ملازمت و تجارت اور تمدن و حضارت میں نمایاں کیفیت و کمیت کے مالک ہوئے، ہر اونچی مجلس میں عزت و احترام کی نظر سے دیکھے گئے اور عربی و اسلامی علوم و فنون میں امامت و مقتدیت کے مرتبہ کو پہنچے۔

Marfat.com

# غلاموں کی آقائی کی ایک مثال

اسلام نے اپنے جنگی قیدیوں اور غلاموں کو مجد و شرف اور دین و دیانت میں کیا مقام و مر[تبہ] بخشتا ہے، اور کس طرح گرے پڑے انسانوں نے مسلمانوں کے حلف و ولاء میں آکر پیشوائی کی ہے اسے معلوم کرنے کے لئے ایک مثال ملاحظہ ہو، مشہور عابد و زاہد حضرت ابو عبداللہ کرز بن ابو کرز وبرہ عبدی حارثی رحمۃ اللہ علیہ جو عہدِ معاویہ میں ۴۵ھ میں ہندوستان میں امیر تھے، ان کے تلامذہ میں ایک بزرگ حضرت ابوطیبہ عیسیٰ بن سلیمان بن دینار جرجانی متوفی ۱۵۳ھ رحمۃ اللہ علیہ ہیں، جن کے دادا نے کفر و شرک کی وادی سے نکل کر ایمان و ایقان کی راہ پائی اور کئی صدیوں تک ان کی اولاد علم و فضل، زہد و تقویٰ اور قیادت و سیادت سے سرفراز رہی۔ ان کے واقعہ میں امام سہمی نے تاریخ جرجان میں لکھا ہے کہ ابوطیبہ کے دادا دینار مرو شہر کے باشندے تھے، حضرت سعید بن عثمان بن عفانؓ نے خراسان میں جہاد کیا، جس میں دینار گرفتار ہو کر مسلمانوں کی قید میں آئے، اور جعفر بن خرفاش بن ضرار بن عمرو ضبیّ کے غلام ہوئے، کچھ دنوں کے بعد جعفر نے دینار کو آزاد کر دیا، اس کے بعد جعفر کا انتقال ہوا تو دینار کے علاوہ ان کا کوئی وارث نہیں تھا، چنانچہ دینار نے اپنے آقا کی تمام دولت پر قبضہ کر کے خوشحالی و فارغ البالی پائی، اسی زمانہ میں ان کے بیٹے سلیمان پیدا ہوئے، سلیمان نے مرو سے نکل کر جوزجان میں سکونت اختیار کی، اور یہیں پر طلحہ نامی ایک عورت [سے] شادی کی جس کے بطن سے موسیٰ اور ان کے بعد ابوطیبہ عیسیٰ پیدا ہوئے، جس زمانہ میں طلحہ حمل سے تھیں انھوں نے خواب دیکھا کہ ایک زنجیر آسمان سے زمین تک لٹک رہی ہے اور بہت سے لوگ اس کے ذریعہ آسمان پر جانا چاہتے ہیں مگر نہیں جا سکتے، اس کے شکم کے بچے نے بھی زنجیر کو پکڑ کر دو مرتبہ جست لگائی مگر ناکامی ہوئی تیسری مرتبہ پھر کوشش کی تو کامیاب ہو گیا اور تمام فضا غبار آلود ہو گئی، طلحہ نے صبح کو یہ خواب اپنے شوہر سلیمان سے بیان کیا، انھوں نے تعبیر بتائی کہ اگر تمہارا یہ خواب صحیح ہے تو تم سے ولد صالح پیدا ہوگا۔ اس کی نگہداشت کرنا، اور مجھے شہادت نصیب ہوگی۔

Marfat.com

ان ہی ایام میں جوزجان میں سخت قحط وگرانی کا دور آگیا، لوگ استسقاء اور طلب باران کے لئے نکلے۔ سلیمان بن دینار بھی عبّاد و نسّاک کی ایک جماعت لے کر نکلے، اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل وکرم سے قحط سالی دور کی، اس کے بعد اہل جوزجان سلیمان کی خدمت میں حصول برکت کے لئے آنے جانے لگے اور ان کے بارے میں یہ خیال عام ہوگیا کہ اسی بزرگ کی دعا سے اللہ تعالیٰ نے ہمیں قحط سے نجات دی ہے۔ جوزجان کے حاکم ابوالہفت نے اس صورت پر تشویش وشک ظاہر کر کے سلیمان کو گرفتار کیا، جس سے شہر میں زبردست ہنگامہ پیدا ہوگیا، لوگوں نے اپنے حاکم کو شہر بند کر کے سلیمان کو جیل خانہ سے نکال دیا، اور حاکم سے کہا کہ جس بزرگ ہستی کی دعا سے اللہ تعالیٰ نے ہم پر بارش بھیجی تم اسے گرفتار کر کے ہماری ہلاکت کا سامان فراہم کر رہے ہو؟ حاکم نے معذرت کر کے ضمانت دی کہ اب سلیمان کے ساتھ یہ معاملہ نہیں ہوگا تو اسے دوبارہ حاکم بنا دیا گیا۔

اس کے بعد سلیمان اپنے دس غلاموں کو لے کر صغانیان کے جہاد کی نیت سے چلے، راستہ میں دشمن سے مڈبھیڑ ہوئی جس میں سلیمان اور ان کے نو غلام شہید ہوگئے اور ایک غلام نے جوزجان واپس آکر سلیمان کی بیوی طلحہ کو اس حادثۂ فاجعہ کی خبر دی، اس وقت ابوطیبہ چلنے پھرنے لگے تھے، بچپن ہی میں ابوطیبہ کا حال یہ تھا کہ جمعہ کے دن مکتب کی چھٹی ہوتی تو شہر کے باہر جھاڑیوں میں جاکر عبادت کیا کرتے تھے، اور رات کو واپس آتے تھے، ان کی والدہ سخت پریشان رہا کرتی تھیں آخر ایک جمعہ کو پیچھے لگیں اور دیکھا کہ ابوطیبہ جھاڑی میں ہیں، چپ چاپ واپس چلی آئیں۔ جب شام کو ابوطیبہ آئے تو کہا کہ میں نے تمہاری جگہ دیکھ لی ہے، وہاں درندے آتے ہیں۔ ابوطیبہ نے کہا اچھا اب میں مکان کی چھت پر عبادت کیا کروں گا۔ چنانچہ اس کے بعد وہ یہیں عبادت میں مشغول رہتے تھے، جوانی میں طلب علم کے لئے نکلے اور جرجان پہنچ کر یزید بن مہلب کی فوج میں شامل ہوگئے، اور یہیں حضرت کرز ؒ وبرہ حارثی کی خدمت میں رہ کر کسب علم وفضل کیا، بلکہ اپنے شیخ حضرت کرز کی طرح انھوں نے بھی جرجان ہی میں مستقل قیام اختیار کر لیا۔[1]

---

[1] تاریخ جرجان ص ۱۴۴ تا ۱۵۲، ملخص،

Marfat.com

# اس طبقہ کے اربابِ علم وفضل

علامہ ابن خلدون نے مقدمہ میں لکھا ہے کہ علوم اسلامیہ کے حاملین اکثر موالی اور اہلِ عجم ہو
ہیں اور بتایا ہے کہ اس دور میں حکومت وامارت اور غزوات وفتوحات میں عرب مصروف ہو کر اس
کی عالمی اور سیاسی خدمات انجام دے رہے تھے، اور موالی اسلام علوم وفنون کے ذریعہ مسلمانو
کی ذہنی اور فکری خدمت میں مصروف تھے، اموی دور میں جو مشاہیر ائمۂ دین اور کتاب وسنت
اور فقہ کے اساطین گذرے ہیں، ان میں اکثریت ایسے ہی عجمی موالی کی ہے جن کے آباد اجداد یا وہ خو
غلام تھے، مگر ان کے آقاؤں نے ان کو نہ صرف آزادی دی بلکہ ان کو عزت واحترام کا مقام دے کر
خود تو غزوات وجہاد کے میدانوں اور امارات وحکومت کے ایوانوں میں رہے اور اپنے ان موالی
کو علم وفن کی مجلسوں کا صدر نشین بنایا، چنانچہ سندھ اور ہند کے موالی اور غلاموں میں بھی کتاب وسنت
شعر وادب، نحو ولغت اور سیر ومغازی کے علوم وفنون میں ائمہ وعباقرہ پیدا ہوئے، خاص طو
سے احادیث کی روایت اور تفقہ کے باب میں کئی ہندی شخصیتیں شہرت دوام کی مالک ہوئیں، ا
ان میں کئی خانوادے نسلاً بعد نسلٍ علم وفضل کے گہوارے بنے رہے۔ ایسے ہندی گھرانوں میں چ
بہت مشہور رہے ہیں، (۱) آل ابی معشر نجیح بن عبد الرحمن سندھی مدنی مولی بنی مخزوم میں عباسی دور
حدیث وتفسیر اور سیر ومغازی کے علماء وائمہ پیدا ہوتے رہے، سندھ کا یہ چراغ مدینہ منورہ میں
ہوا اور اس کی روشنی بغداد تک پہنچی، اس خاندان میں ابو معشر نجیح بن عبد الرحمن سندھی، محمد بن
ابو معشر نجیح مدنی، حسین بن محمد بن ابو معشر نجیح بغدادی، داؤد بن محمد بن ابو معشر نجیح بغدادی
ائمۂ حدیث گذرے ہیں۔ (۲) آل بیلمانی مولی عمر بن خطابؓ میں محدثین، رواۃ حدیث اور شع
نحو کے علماء پیدا ہوئے، اس میں عبد الرحمن بن ابو زید بیلمانی، حارث بیلمانی، محمد بن حارث
محمد بن عبد الرحمن بیلمانی کوفی، محمد بن ابراہیم بیلمانی مشہور اہل علم وفضل ہیں جنھوں نے اموی
میں دینی عزت حاصل کی اور حدیث کی روایت میں حصہ لیا۔ (۳) آل مقسم قیقانی میں امارت

Marfat.com

ت اور کتاب و سنت کا مشغلہ مدتوں تک جاری رہا اور کوفہ، بصرہ اور بغداد میں اسے بڑی مقبولیت
صل ہوئی، مقسم قیقانی کوفی، ابراہیم بن مقسم قیقانی کوفی، اسمٰعیل بن ابراہیم بن مقسم قیقانی بصری،
اہیم بن اسمٰعیل بن ابراہیم بن مقسم قیقانی بغدادی اور ربعی بن ابراہیم بن مقسم قیقانی بصری مشاہیر علم و
صل گذرے ہیں۔ ان علمی و دینی خانوادوں کی طرح موالی میں بہت سے ہندی الاصل افراد و اشخاص
یث و فقہ اور اسلامی علوم کے امام ہوئے ہیں چنانچہ امام ابو عبداللہ مکحول بن عبداللہ سندھی شامی
لی بنی ہذیل اور ایک قول کی بناء پر شیخ الاسلام امام ابو عمرو عبدالرحمٰن بن عمرو بن محمد اوزاعی دمشقی موالی
ھ میں سے اموی دور میں ائمۂ اسلام میں شمار کئے گئے، امام حافظ ابو معشر نجیح سندھی مدنی کی کتا
غازی اور کتاب التفسیر ان کے صاحبزادوں کی روایت سے ایک مدت تک علمائے اسلام میں دائر و
ائر رہی، سیر و مغازی اور تفسیر کی کتابوں میں حافظ ابو معشر نجیح کی روایات آج بھی پائی جاتی
ں۔ اس دور کے سندھی شعراء میں ابو عطاء سندھی شعرائے فحول میں گذرا ہے اور اس کے اشعار
ے شعر و ادب کی کتابیں مزین ہیں، اسی طرح عبدالرحمٰن بن ابو زید بیلمانی محدث ہونے کے ساتھ
شاعر مجید تھے اور خلیفہ ولید کے دربار میں نوازے گئے، ان کے صاحبزادے محمد بن عبدالرحمٰن
یلمانی نحوی کی نسبت رکھتے ہیں کیوں کہ علم نحو میں ان کو بلند مقام حاصل تھا۔

## جاٹ، سیابجہ، میدوغیرہ عرب میں

جیسا کہ پہلے معلوم ہو چکا ہے ہندوستانی نسل کے دو قسم کے لوگ عرب میں رہتے تھے، ایک
وہ جنگی قیدی کی حیثیت سے غلام بنا کر عرب بھیجے گئے، اور عرب کے افراد و قبائل کے ساتھ مل
کر زندگی بسر کرتے رہے، یہ لوگ ابتداء میں غلام تھے مگر ان کے آقاؤں نے آزاد زندگی
کے زیادہ سے زیادہ مواقع دئے جس سے یہ لوگ عرب کی کھلی فضاء اور دینی و علمی ماحول
نئے تمدن اور تازہ زندگی سے ہمکنار ہوئے، یہی وجہ ہے کہ ہندوستانیوں کے اس طبقہ
علماء فضلاء محدثین، شعراء، ادباء، ارباب علم و فن اور اہل فضل و کمال زیادہ پیدا ہوئے

ان کے کئی خانوادے نسلاً بعد نسلٍ علوم و فنون کے حامل رہے اور ان میں ائمۂ دین کی جماعت ہوئی۔ دوسرے وہ ہندوستانی جو قحط و گرانی یا معاش و معیشت کی تنگی کی وجہ سے ترکِ وطن کر کے عرب میں جا کر آباد ہوئے، اور اپنے طور پر آزاد زندگی کے مالک بنے، ان لوگوں نے اپنے لئے علیحدہ علیحدہ علاقے منتخب کر کے ان میں بستیاں بسائیں اور اپنی قدیم تہذیب اور وطنی و قومی عادات و تقالید کو قائم رکھا، ان میں کچھ لوگوں نے اپنے پیش رو ہندوستانیوں کی طرح اسلامی فوج میں بھرتی ہو کر خلافت سے عطیہ اور وظیفہ حاصل کیا، اور بعض نے آزادانہ پیشہ اختیار کر کے بدوی و شہری زندگی بسر کی، ان میں جاٹ، مید اور سیابجہ کی غالب اکثریت تھی، یہ لوگ عام طور سے عراق، بحرین اور شام کے ساحلی علاقوں میں رہتے تھے اور ان مقامات میں ان کی بڑی بڑی بستیاں تھیں، جو ان کے نام سے مشہور تھیں۔

خلافتِ راشدہ میں مید، سیابجہ اور جاٹوں کی زیادہ آبادی عراق کے شہر کوفہ اور بصرہ میں تھی، اموی دورِ خلافت میں جب ان مقامات میں ان کی آبادی بہت بڑھ گئی اور ہندو عرب کے تعلقات میں وسعت و کثرت کی وجہ سے یہ لوگ ہندوستان سے زیادہ تعداد میں عرب جانے لگے تو ان کو شام کے ساحلی شہروں میں منتقل کیا گیا، چنانچہ ۴۹ھ یا ۵۰ھ میں حضرت معاویہؓ نے جاٹوں اور سیابجہ کی ایک جماعت کو عراق کے شہر بصرہ سے سواحل شام کی طرف منتقل کر کے شہر انطاکیہ میں آباد کیا، بعد میں یہاں ان کی اتنی کثرت ہوئی کہ اطراف و جوانب میں یہ لوگ پھیل گئے، ضلع انطاکیہ میں ایک مقام بوقا تھا، یہاں بھی ان کی اولاد جا کر آباد ہوئی[1] ان کے ساتھ ان کے آل و اولاد کے علاوہ ہندوستانی بھینسوں کی بڑی تعداد بھی رہا کرتی تھی۔

ابتداء میں انھوں نے عربوں کی سیاست سے کنارہ کشی اختیار کی تھی اور ان کے باہمی جھگڑوں سے اپنے کو الگ رکھا تھا مگر ۸۲ھ میں ابن اشعث نے حجاج اور عبدالملک بن مروان کے خلاف خروج کیا تو ان لوگوں نے اس تحریک میں ابن اشعث کا ساتھ دے کر اموی خلافت

[1] فتوح البلدان ص ۱۶۶،

Marfat.com

ابلہ کیا، نتیجہ یہ ہوا کہ فتنہ فرو ہونے پر حجاج نے ان کے ساتھ سختی کی، مکانات گرائے، عطیات [ختم] کردی اور بعض خاندانوں کو جلاوطن کر کے دوسری جگہ بھیج دیا، حجاج نے اس کے جواز کیلئے [ان] کے عہد و پیمان کو حجت بنایا اور کہا کہ تم لوگوں نے جو شرطیں ابتداء میں رکھی تھیں ان میں [ایک] شرط یہ بھی تھی کہ تم لوگ ہم عربوں کے جھگڑوں میں ایک جماعت کے خلاف دوسری جماعت [کی مد]د نہیں کروگے [1] اس کے بعد محمد بن قاسم نے اپنی فتوحات کے زمانہ میں (۹۲ھ تا ۹۶ھ) [سن]دھ کے جاٹوں کی ایک جماعت حجاج بن یوسف کے پاس روانہ کی جسے حجاج نے مقام کسکر [میں] آباد کیا اور اس میں سے کچھ لوگوں کو عراق سے شام روانہ کر دیا اور ولید بن عبد الملک نے ان [می]ں سے بعضوں کو انطاکیہ کی طرف منتقل کر دیا جہاں پہلے ہی سے ان کی مستقل آبادی تھی [2] خلیفہ ہشام [بن] عبد الملک کے زمانہ میں ایک مرتبہ ہندوستان میں نہایت سخت قحط پڑا جس میں یہاں کے بہت [سے] جاٹ وغیرہ ترکِ وطن کر کے کرمان، فارس، اہواز، جالقین، جلولا، اور شامی علاقہ عین زربہ [میں] جاکر آباد ہو گئے، ان کے ساتھ ان کی بھینسیں بھی تھیں جن سے شامی علاقوں میں بھینسوں کی [کثر]ت ہوئی [3]

## مستقل بستیاں اور علاقے

اس دور میں ہندوستان سے عرب جانے والوں کو عرب میں نہایت آرام و سکون کی آزادانہ [ز]ندگی ملی، نئی دنیا اور نئی فضا میں پروان چڑھنے کا موقع نصیب ہوا، اور صرف یہی نہیں ہوا کہ [عر]بوں نے ہندوستان میں مستقل بود و باش اختیار کر کے یہاں اپنے شہر آباد کئے بلکہ انھوں نے [ہن]دوستانیوں کو اپنے ملک میں لے جاکر ان کے نام پر وہاں آبادیاں قائم کیں اور ان کی زندگی [کے] مناسب ماحول اور مقام کا انتخاب کر کے ہر طرح کی آسانیاں فراہم کیں، اس طرح اموی دور [می]ں شام اور عراق میں ہندوستانیوں کے کئی مشہور مقامات تھے۔

[1] فتوح البلدان ص ۲۶۷، [2] ایضاً ص ۱۶۶، [3] کتاب التنبیہ والاشراف ص ۷۔

بصرہ میں سیابجہ کی بہت بڑی آبادی تھی اور ان کا علاقہ "سیابجہ" ہی کے نام سے م
جہاں امراء و کبراء کے قصور و محلات اور غسل خانے اور حمام وغیرہ تھے، کتاب الاغانی
بن بدر کے ذکر میں ہے کہ:۔

| | |
|---|---|
| لما بنی فیل مولیٰ زیاد دارہ بالسیابجۃ | زیاد کے غلام فیل نے محلہ سیابجہ میں اپنا مکان |
| صنع طعاما ودعا اصحاب زیاد | بنوا کر کھانا تیار کرایا اور اپنے آقا زیاد کے |
| فدخلوا الحمام المعروف بحمام | دوست احباب کو دعوت دی جنھوں نے |
| فیل، ثم خرجوا فتغذوا عندہ۔[1] | آکر پہلے حمام فیل میں غسل کیا پھر اس کے |
| | یہاں کھانا کھایا۔ |

اس بیان سے معلوم ہوتا ہے کہ بصرہ میں سیابجہ کا مستقل علاقہ اور خطہ تھا جو ان ہی
نام سے مشہور اور اس دور کے تمدنی لوازم سے آراستہ تھا۔

**شام میں**

شام کے ساحلی شہروں میں خصوصاً شہر انطاکیہ میں جاٹوں کی بہت بڑی آبادی
یہاں بھی ایک محلہ زط ان کے نام سے موسوم تھا، نیز انطاکیہ کی عملداری میں ایک
بوقا تھا یہاں بھی انطاکیہ کے جاٹوں کی آل اولاد جاکر آباد ہوگئی، بلاذری نے لکھا

| | |
|---|---|
| قال ابو حفص فبانطاکیۃ | انطاکیہ میں ایک محلہ زط (جاٹ) کے نام |
| محلۃ تعرف بالزط دبوقا | سے مشہور ہے اور حدود انطاکیہ کے شہر |
| من عمل انطاکیۃ قوم | بوقا میں جاٹوں کی اولاد رہتی ہے جو جاٹ |
| من اولادھم یعرفون بالزط[2] | کے نام سے مشہور ہے۔ |

**کسکر میں**

اسی طرح عراق کے مختلف علاقوں میں یہ لوگ آباد تھے۔ خاص طور سے مقا
میں ان کی بہت بڑی جمعیت ہوگئی تھی، جس نے بعد میں بڑی تباہی مچائی او
اس کے خلاف سخت تادیبی کارروائی کرنی پڑی، بلاذری کا بیان ہے:۔

[1] کتاب الاغانی ج ۲۳ ص ۴۹۷، [2] فتوح البلدان ص ۱۶۶۔

| | |
|---|---|
| اتی الحجاج بخلق من زط السند واصناف ممن بھا من الامم معھم اھلوھم و اولادھم وجوامیسھم فاسکنھم باسافل کسکر[1] | حجاج بن یوسف کے پاس سندھ کے جاٹ اور دوسری بہت سی قومیں مع ان کے خاندان اولاد اور بھینس کے لائے گئے، جن کو حجاج نے کسکر کے نشیبی علاقوں میں آباد کیا۔ |

## فتنہ و فساد اور جرائم کا ارتکاب

عہدِ فاروقی میں ایران کے اساورہ کے بعد ہندوستان کے زط اور سیابجہ نے جن چند شرائط
اتھ برضا و رغبت اسلام قبول کیا تھا ان میں ایک شرط یہ بھی تھی کہ ہم لوگ عربوں کے اندرونی
رات و معاملات میں دخل نہیں دیں گے اور نہ کسی ایک جماعت کی طرفداری کریں گے، ہم پر کسی
ت کے زیادتی کرنے کی صورت میں مسلمان ہمارا ساتھ دیں گے، مگر حضرت علی رضی اللہ عنہ کے
ں حضرت عبداللہ بن زبیرؓ کے آدمیوں کے ذریعہ بصرہ میں جاٹوں کا قتل ہوا، اور حالات کچھ
تھے کہ ان کی کوئی مدد نہ کی جاسکی، اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ وہ دل سے حضرت علیؓ کے طرفدار بن کر
کے مخالفوں سے بدظن ہو گئے، مگر عملی طور سے اب بھی اپنے کو علیحدہ رکھا، چنانچہ جمل اور صفین
سے کسی جنگ میں کسی کی طرف سے شریک نہیں ہوئے، البتہ ۸۲ھ میں کھل کر سامنے آئے اور
ی خلافت کے مقابلہ میں ابن اشعث کی تحریک کا پورا پورا ساتھ دیا، کیوں کہ اب ان میں اپنی
ی طاقت کا احساس ہو گیا تھا، وہ اموی طاقت کے مقابلہ میں آنے کا حوصلہ پانے لگے تھے اور
ی خلفاء و امراء کو بھی ان کی جمعیت سے خطرہ محسوس ہونے لگا تھا، ویسے بھی ہندوستان کے جاٹ
، تنادتوش اور ڈیل ڈول سے خوفناک معلوم ہوتے تھے، اور عربوں کے نزدیک جناتی مخلوق
ے جاتے تھے، اس واقعہ کے بعد حجاج بن یوسف اور ولید بن عبدالملک نے ان کو عراق سے شام
رف منتقل کر دیا تاکہ ان کی آبادی یکجا نہ ہو اور نہ وہ طاقت پکڑ کر تباہی برپا کر سکیں، حضرت

[1] فتوح البلدان ص ۱۶۶،

معاویہ نے دور اندیشی سے کام لے کر ابتدا ہی میں جاٹوں کو انطاکیہ اور بوقا میں پھیلا دیا تھا
ان کی طرف سے جو خطرہ محسوس کیا جا رہا تھا ظاہر ہوا، اس درمیان میں عرب کے قدیم جاٹوں کے
نئے اور تازہ دم جاٹ بھی مل گئے جن میں زیادہ تر ننگے بھوکے اور معیشت کے مارے ہوئے ا
پورے خاندان اور مویشی سمیت عرب چلے آئے تھے، دوسری طرف بنوامیہ کے مخالفوں نے اُن
ہمت افزائی کرنی شروع کر دی اور کچھ جرائم پیشہ عرب بھی ان کی آبادی میں آ گئے، اور سب
مل کر سرکشی و بغاوت اختیار کی، جس میں ہندوستان کے جاٹ آگے آگے تھے، انھوں نے لوٹ
قدیم پیشہ وہاں بھی جاری کر دیا اور بصرہ اور واسط کے درمیان کسکر کے نشیبی علاقوں کو جہاں
نے ان کو بہت بڑی تعداد میں پورے خاندان اور لوازم کے ساتھ آباد کیا تھا مرکز بنا کر آنے جا
والی تجارتی کشتیوں اور قافلوں کو نہ صرف لوٹنا شروع کر دیا بلکہ اموی حکومت وطاقت کے
میں کھل کر زور آزمائی کی، مؤرخ بلاذری نے لکھا ہے:-

اتی الحجاج بخلق من زط السند
واصناف ممن بها من الامم
معهم اهلوهم واولادهم وجواميسهم
فاسكنهم باسافل كسكر قال روح
فغلبوا على البطيحة وتناسلوا بها
ثم انه ضوى اليهم قوم ممن
اباق العبيد وموالى باهلة وخولة
محمد بن سليمان بن على وغيرهم
فشجعوهم على قطع الطريق و
مبارزة السلطان بالمعصية، وانما
كانت غايتهم قبل ذلك ان

حجاج بن یوسف کے پاس بہت سے سندھ کے
جاٹ اور وہاں کی دوسری قوموں کے لوگ لائے
گئے، ان کے ساتھ ان کے خاندان، اولاد اور
بھینسیں بھی تھیں، حجاج نے ان تمام ہندوستانی
کسکر کے نشیبی علاقوں میں آباد کیا وہ لوگ تمام نشیبی
پر چھا گئے اور وہاں ان کے توالد و تناسل کا سلسلہ
جاری ہوا، اس کے بعد بھاگے ہوئے غلام،
باہلہ کے موالی اور محمد بن سلیمان بن علی کے نوکر
چاکر وغیرہ بھی جا کر ان سے مل گئے، پھر انھوں نے
ان ہندوستانیوں کو ڈاکہ زنی اور حکومت
مقابلہ میں نافرمانی کرنے پر برانگیختہ کیا، ا

| | |
|---|---|
| یسئلوا الشئ الطفیف ویصیبوا | سے پہلے ان ہندوستانیوں کا یہ طریقہ تھا کہ لوگوں |
| غرة من اهل السفینة فیتناولوا | سے معمولی چیز مانگا کرتے تھے اور کشتی والوں کی نظر |
| منها ما امکنهم اختلاساً[1] | سے بچ بچا کر جو کچھ ممکن ہوتا اچک |
| | لیا کرتے تھے۔ |

ہندوستان کے جاٹوں اور دوسری قوموں نے کسکر کے سنگلاخوں پر قبضہ کر کے اموی ...فت کے خلاف بدامنی اور غارت کا بازار گرم کیا مگر اموی خلفاء و امراء ناسازگار حالات کی وجہ ... ان کی تادیب نہ کر سکے، نتیجہ یہ ہوا کہ انھوں نے قلبِ عراق میں فتنہ و فساد کا ایک مضبوط مرکز ...م کر کے گویا اپنی حکومت قائم کر لی حتیٰ کہ عباسی دور میں ان کی طاقت و شوکت کا یہ حال ہو گیا ...تجارتی قافلے اور مسافر ان کے علاقہ سے گذرنے سے ڈرنے لگے اور براہ دریا بصرہ سے بغداد تک ...امان کا آنا جانا بند ہو گیا۔ آخر خلیفہ معتصم نے پوری طاقت سے ان کا قلع قمع کیا، اور زبردست ...ی طاقت کے استعمال کے بعد وہ رام ہو سکے، ان جاٹوں اور سیابجہ کی طرح عرب میں ہندوستان ... بحری ڈاکو بھی لوٹ مار اور قتل و غارت کرتے تھے، ان کو مید اور میذ کہتے ہیں جو مسلمانوں سے ...ندروں میں نبرد آزمائی کرتے تھے، یہ لوگ بھی اس زمانہ میں بصرہ کے آس پاس جرائم کا ارتکاب ...رتے تھے، زبیر بن بکار نے حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کے پڑپوتے حضرت عبداللہ بن عاصم بن منذر ...ن زبیرؒ کے حال میں میذ قوم کی یلغار اور پسپائی کا حال یوں درج کیا ہے:۔

| | |
|---|---|
| عبدالله بن عاصم کان بالبصرة و | حضرت عبداللہ بن عاصم بصرہ میں تھے اور وہیں |
| هلك بها وهو شیخ کبیر، و | بڑھاپے میں فوت ہوئے، اس زمانہ میں میذ |
| کان المیذ قد انتهوا الی (.....) | مقام سبذان میں آکر بصرہ کی طرف بڑھے تو |
| فجاوزوها الی البصرة فصادفوه | عبداللہ بن عاصم نے ان کو وہاں روکا اور جھنڈا |
| هنالك، فاعتقد رایة، و | بنا کر اپنے حشم و خدم اور دوسروں کو جمع کیا اور |

[1] فتوح البلدان ص ۳۶۸۔

Marfat.com

جمع الاکرۃ وقاتلھم حتیٰ اتاھم — میذ قوم سے جنگ کی، یہاں تک کہ بصرہ کے
اھل البصرۃ[1] — باشندے ان کے مقابلہ کے لئے آپہنچے۔

اس عبارت میں جو لفظ صاف پڑھا نہیں جاتا محشی نے اسے سبذان پڑھا ہے جو بقول یاقوت
بصرہ سے چار فرسخ پر دریائے دجلہ کے کنارے ایک مقام ہے۔

## معاشی، اخلاقی اور دینی حالات

یہ حال صرف ان جاٹوں اور سیابجہ اور سندھ کی دوسری قوموں کا تھا جو علاقہ کسکر میں جگہ پکڑ گئی تھیں، ان کے علاوہ دوسرے بہت سے ہندوستانی جو مختلف مقامات مثلاً کوفہ، بصرہ، سواد، شام، انطاکیہ اور لوقا وغیرہ میں آباد تھے، ان جرائم سے دور رہ کر عربوں کے ساتھ ملی جلی زندگی بسر کرتے تھے، ان کا ذریعۂ معاش امراء و خلفاء کے یہاں سرکاری ملازمت، راستوں اور مکانوں کی رکھوالی، تجارتی جہازوں کی قزاقوں اور لٹیروں سے حفاظت اور تعمیری کام تھا، اور ان میں سے کتنے شہری زندگی کے ہنگاموں سے الگ تھلگ رہ کر اپنے مخصوص دیہاتوں میں زندگی بسر کرتے تھے، یہ لوگ اپنی زبان و تہذیب، لباس و معاشرت اور رسم و رواج میں بالکل ہندوستانی معلوم ہوتے تھے اور عربوں سے اختلاط نہ ہونے کی وجہ سے ان میں تبدیلی نہیں آسکی تھی، یوں بھی ہندوستانیوں میں اپنے قدیم ذہن و مزاج اور پرانے رسم و رواج پر اڑے رہنے کی روایتی حقیقت عام ہے، جس کا مظاہرہ آج بھی مختلف ممالک میں آباد ہندوستانیوں کے طور و طریقہ اور رسم و رواج سے ہوتا ہے، ان ہندی اور سندھی قوموں کے بارے میں یہ تصریح نظر سے نہیں گذری کہ ان کا مذہب کیا تھا مگر حالات و قرائن سے یہی معلوم ہوتا ہے کہ یہ لوگ مسلمان تھے، خلفاء و امراء کا ان کی آبادکاری میں براہِ راست دلچسپی لینا، سرکاری اور ذاتی کاموں میں ان کا لیا جانا، اور مسلمانوں کی آبادیوں میں رہنا سہنا نیز ان کے پیش رو جاٹوں اور سیابجہ کا مسلمان ہو کر بصرہ کے عرب قبائل کی ولاء اور حلف میں آجانا، ان سب باتوں سے معلوم ہوتا ہے کہ ہندوستان کی جو قومیں اس دور میں

[1] جمہرۃ انساب قریش و اخبارھا ص ۲۵۶۔

Marfat.com

اہل وعیال کے ساتھ نقل مکانی کرکے عرب میں آباد ہوگئیں وہ سب مسلمان تھیں، ان میں
جو لوگ اسلامی فوج میں ملازمت کرکے عطیہ و وظیفہ یاب ہوئے ان کی زندگی عام مجاہدوں کی
دینی و اسلامی اعتبار سے معیاری رہی، کیوں کہ عام اسلامی فوجوں کی طرح ان ہندوستانی
وں کی دینی و اخلاقی حالت پر نظر رکھی جاتی تھی، اور ان کو وہی اعزاز و اکرام حاصل تھا جو عام
اہدوں کے لئے تھا۔

## بیاسرہ یعنی مخلوط النسل مسلمان

جیسا کہ معلوم ہوا عربی الاصل اور ہندی الاصل مسلمانوں کے علاوہ یہاں مسلمانوں کی ایک
م اور بھی تھی جسے بیسر، بیسری اور بیاسرو بیاسرہ کہتے ہیں، یہ طبقہ اس جدید تمدن کی پیداوار تھا جو
ربوں اور ہندوستانیوں کے درمیان اسلامی تعلقات کی بناء پر پیدا ہوا تھا، معلوم ہو چکا ہے کہ
لافت عثمانی میں عربوں کی اچھی خاصی آبادی بلوچستان میں آباد ہوگئی تھی، اور یہاں پر عربوں نے
کانات تعمیر کئے، کھیتی باڑی کی، کنویں کھودے اور اپنی پیداوار کا عُشر خلافت راشدہ کو روانہ
یا، اس وقت سے عربوں اور ہندیوں میں رشتۂ مناکحت قائم ہوا، اور اموی دور میں جب
کہ یہاں عربوں کی آبادی عام ہوگئی، دونوں قوموں میں شادی بیاہ کا رواج بالکل عام ہوگیا،
اس زمانہ میں عرب کے مرد عموماً ہندوستان کی عورتوں سے شادیاں کرتے تھے، اور ایسے زن و
شوہر سے جو اولاد پیدا ہوتی تھی اسے بیسر اور بیسری کہتے تھے، بسر کے معنی مخلوط کرنے اور ملانے
کے ہیں، چونکہ یہ لوگ مخلوط النسل ہوتے تھے اس لئے ان کو بیسر کہتے تھے۔

جاحظ نے لکھا ہے کہ بیسری وہ شخص ہے جو سفید نسل یعنی عربی مرد اور ہندی نسل یعنی
ہندی عورت سے پیدا ہوا ہے، ایسا آدمی جسامت اور طاقت میں اپنے والدین کی طرح تو
نہیں ہوتا البتہ حسن و جمال میں ان سے بڑھا ہوا ہوتا ہے، ہم نے بیاسرہ کو ایسا ہی پایا ہے،
کے لوگ اس پانی کو بیسر کہتے ہیں جس میں کھاری پن آجاتا ہے، اسی لئے سفید مرد اور ہندوستانی

عورت کے اختلاط سے پیدا ہونے والے کو بیسری کہا جاتا ہے، اسی طرح سفید مرغ اور سیاہ
مرغی کے اختلاط سے جو مرغی پیدا ہوتی ہے وہ بھی بیسری کہلاتی ہے اور مشہور مؤرخ و سیاح مسعودی
نے ہندوستان کے بلاد جیمور (بمبئی) میں بیاسرہ کی اچھی خاصی آبادی دیکھی تھی، اس نے ان کے
بارے میں تصریح کی ہے،

| | |
|---|---|
| ومعنی قولنا البیاسرة، یراد به | بیاسرہ سے مراد وہ مسلمان ہیں جو ہندوستان |
| من وُلِد من المسلمین بارض الهند | میں پیدا ہوئے ہوں، ان کو اس لقب |
| یدعون بهذا اللقب واحدهم | سے یاد کرتے ہیں، اس کا واحد بیسر اور |
| بیسر وجمعهم بیاسرة[1] | جمع بیاسرہ ہے۔ |

ایسے مخلوط النسل مسلمانوں کے لئے اموی دور میں یہی لقب مستعمل تھا، اور یہ لوگ اچھی خاصی تعداد
میں یہاں پائے جاتے تھے چنانچہ اسی دور کے ایک بزرگ ابوخالد یزید بن عبداللہ قرشی بیسری
سندی بصری ہیں، جو باپ کی طرف سے قرشی یعنی قریشی اور ماں کی طرف سے سندھی تھے، اور
بعد میں بصرہ میں مستقل قیام کرتے تھے، امیرِ سندھ محمد بن ہارون نمری جو حجاج کی طرف سے
علافیوں کی سرکوبی کے لئے آئے تھے اور محمد بن قاسم کے ساتھ سندھ کی لڑائی میں نکلے، اور
راستہ میں انتقال کر گئے۔ انھوں نے یہاں کی عورتوں سے شادی کی تھی، جن سے ان کی بہت
سی اولاد تھی، سندھ کی فارسی تاریخ تحفۃ الکرام میں لکھا ہے کہ ان کے یکے بعد دیگرے سات
بیویاں تھیں جن میں صرف حمیرا، حمیری، عائشہ، حوّار اور فاطمہ کے بطن سے پچاس لڑکے تھے
ان میں جمال الدین کی اولاد کو مکران اور سندھ میں خوب عروج ہوا، اور مکران کے ایک حصہ میں
ان کا غلبہ رہا جب کہ دوسرے حصہ میں دوسرے تمام بھائی اور ان کی اولاد غالب رہی، بعد
میں ان سب میں جھگڑا ہوا تو جمال الدین کی اولاد سندھ سے نکل کر علاقہ کچھ میں چلی آئی، یہ بھی
لکھا ہے کہ محمد بن ہارون کی نسل سے جاٹ اور بلوچ ہیں۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ اُن کی

[1] مروج الذہب ج ۱ ص ۲۱۰،

Marfat.com

کچھ اولاد ہیں ان کی مائیں جاٹ اور بلوچ نسل سے تھیں[1] اس دور میں ہندوستان میں عربی النسل مسلمانوں کی آبادیاں بہت زیادہ ہوئی ہیں جن کے مرد عموماً ہندی عورتوں سے شادیاں کرتے تھے اور ان سے اولاد کا سلسلہ چلا جو بیسر اور بیاسرہ کہلائی۔

## ہندوستان کے عربی الاصل مسلمان

قدیم زمانہ سے عرب کے باشندوں میں دو طبقے نمایاں تھے، ایک اصحاب وَبر جو صحرائی و ریگستانی زندگی بسر کرتے تھے اور خانہ بدوشی و بادیہ نشینی سے ان کو خاص دلچسپی تھی، ملک عرب کی آبادی کا غالب حصہ ایسے ہی لوگوں پر مشتمل تھا، دوسرے اصحاب مدر جو شہر دل میں مکانات بنا کر رہتے تھے، ان کی تعداد بہت کم تھی، اور جو لوگ چھوٹے چھوٹے قریات میں آباد تھے ان پر بھی بداوت وخشونت کا غلبہ تھا۔ ایک طرح سے وہ بھی اصحاب وَبر ہی میں شامل تھے، ان دونوں طبقوں کی معاش و معیشت اور طرز زندگی میں بہت زیادہ فرق نہیں تھا، اصحاب وَبر کا عام پیشہ گلہ بانی اور اصحاب مدر کا عام ذریعۂ معاش تجارت تھا، اسی وجہ سے ان کے تعلقات روم و فارس جیسے قدیم متمدن ممالک اور ان کے باشندوں سے تھے، ان میں مدنیت و شہریت کی خوبیاں پائی جاتی تھی، اور بادیہ نشینوں کو آبادیوں اور شہروں سے نہ کوئی دلچسپی تھی اور نہ وہ شہری زندگی کے لئے آمادہ تھے، مگر اسلام نے دیکھتے ہی دیکھتے دونوں طبقوں میں وہ تمدنی وثقافتی انقلاب برپا کر دیا کہ انھوں نے اللہ کی زمین پر مدنیت وشہریت کے گل بوٹے کھلائے، اور نہ صرف اپنے ملک میں بلکہ تمام بلاد اسلامیہ میں نئے نئے شہر آباد کئے، پرانے شہروں کو نیا رنگ روپ دیا۔ گری پڑی بستیوں میں نکھار اور سنگھار سے رونق پیدا کی اور ان میں آباد ہو کر ان کو اپنا وطن بنایا وہ کسی ملک میں صرف فاتح وغانم بن کر نہیں جاتے تھے کہ اپنا کام کر کے واپس آجائیں بلکہ اللہ کے یہ بندے اللہ کے ملک میں بود و باش اختیار کر لیتے تھے، اس بارے میں ان کا اسوہ یہ قول رسول تھا

[1] بحوالہ رجال السند والہند ص ۹۰ و ۹۱،

العباد عباد اللہ، والبلاد بلاد اللہ، تمام بندے اللہ کے بندے ہیں اور تمام شہر

فاعبد اللہ وکن حیث شئت اللہ کے شہر ہیں تم اللہ کی بندگی کرو اور جہاں چاہو رہو

مسلمان جس ملک میں جاتے وہاں کے لوگوں کے ساتھ مل کر زندگی بسر کرتے، ان کی بستیوں میں مکانات بنواتے، اپنے لئے مستقل شہر آباد کرتے، اور یہی نہیں کہ وہ دوسرے ممالک میں سکونت اختیار کر لیتے بلکہ دوسرے ممالک کے باشندوں کو اپنے ملک میں لاکر آباد کرتے، چنانچہ جس طرح انھوں نے ہندوستان کو اپنا وطن بناکر یہاں مستقل بودوباش اختیار کی، جدید شہر آباد کئے اور قدیم شہروں کو از سر نو آباد کیا، اسی طرح یہاں کے جاٹ، سیابجہ اور دوسری قوموں کو فارس اور عرب وغیرہ میں لے جاکر بسایا، ان کے لئے مستقل شہر تعمیر کئے اور ان کے نام پر بستیاں بسائیں

ہندوستان کے اسلامی شہروں کی تعمیر میں یہاں کے جن اموی امراء نے بطور خاص دلچسپی لی ان میں حضرت سنان بن سلمہ ہذلی، محمد بن قاسم ثقفی، حکم بن عوانہ کلبی اور عمرو بن محمد بن قاسم ثقفی قابل ذکر ہیں، اموی دور میں یہاں کے نو آباد اسلامی شہروں میں کنیز، محفوظہ اور منصورہ نمایاں حیثیت رکھتے ہیں اور عراق کے کوفہ، بصرہ اور واسط تینوں نو آباد شہروں کی طرح ہندوستان کے یہ تینوں نو آباد شہر اپنے زمانہ میں اسلامی ثقافت کے گہوارے تھے، ان میں مدتوں اسلامی علوم وفنون کا غلغلہ رہا، یہ شہر ہندوستان میں مسلم فن تعمیر کے ابتدائی نقوش تھے جو اسلامی وعربی طرز تعمیر اور ہندی طرز تعمیر کے امتزاج کا حسین نمونہ پیش کرتے تھے۔

اہل عرب چونکہ کھلی زندگی بسر کرنے کے عادی تھے اور نخلستانوں، چراگاہوں اور چشموں سے ان کو خاص تعلق تھا اس لئے وہ اپنی مستقل آبادی کے لئے کھلے مقامات کو پسند کرتے تھے جہاں ان کے مذاق زندگی کے مطابق ہر قسم کی اشیاء کی فراہمی وفراوانی ہو، ساتھ ہی ان کی وجہ سے مقامی باشندوں کو نہ کسی قسم کی تکلیف یا نقصان ہو، نہ وہ کسی پر بار ہوں، اور نہ مقامی باشندوں اور عربوں میں کسی قسم کی کشیدگی ہو، مثال کے طور پر ہم اموی دور میں عربوں کے مصر میں آباد ہونے کا واقعہ درج کرتے ہیں جس سے اندازہ ہو جائے گا کہ وہ جس ملک میں آباد ہوتے تھے وہاں کس طرح

Marfat.com

دوسروں کو بغیر تکلیف پہنچائے۔ اپنی زندگی جلد از جلد بنالیتے تھے اور مقامی باشندوں سے ان کے تعلقات کس قدر خوشگوار و استوار ہوا کرتے تھے۔

## مسلم آبادی کی ایک مثال

جن دنوں حکم بن عوانہ کلبی اور عمرو بن محمد بن قاسم ثقفی ہندوستان کی سرحد سے قریب سندھ کے آخری سرے پر محفوظہ اور منصورہ آباد کر رہے تھے اور خلیفہ ہشام بن عبد الملک کی مرضی و منشا کے مطابق یہاں عربوں کی آبادی کا انتظام کر رہے تھے ان ہی ایام میں خلیفہ ہشام بن عبد الملک ہی کی مرضی و اجازت سے مصر میں عربوں کو آباد کرنے کے لئے نیا شہر آباد ہو رہا تھا۔

علامہ تقی الدین احمد بن علی مقریزی مصری نے کتاب المواعظ والاعتبار بذکر الخطط والآثار میں لکھا ہے کہ ۱۰۹ھ میں قبیلہ قیس کے گھرانے مصر میں آباد ہوئے، اس سے پہلے قبیلہ فہم اور قبیلہ عدوان کے کچھ گھرانے وہاں آباد تھے، صورت یہ ہوئی کہ عبید اللہ بن حجاب نے ولایتِ مصر کے زمانہ میں ہشام بن عبد الملک سے کہا کہ ہمارے قبیلہ قیس کے افراد اور خاندان مصر میں آباد ہونا چاہتے ہیں۔ ہشام نے تین ہزار گھرانوں کو اس کی اجازت دی، ساتھ ہی ان کے وظائف و عطیات کا حساب و کتاب شام سے مصر منتقل کر دیا تاکہ اب ان کے وظائف مصر کے دفتر سے ملا کریں، البتہ ہشام نے یہ شرط لگا دی کہ یہ لوگ شہر فسطاط میں آباد ہوں جسے عہدِ فاروقی میں حضرت عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ نے آباد کیا تھا اور جہاں پہلے سے عربوں کی آبادی موجود تھی، چنانچہ اس شرط کے مطابق ابن حجاب نے ان کو مشرقی علاقہ میں مختلف جگہوں میں بسایا۔

دوسری روایت یہ ہے کہ خلیفہ ہشام بن عبد الملک نے عبید اللہ بن حجاب کو والی مصر بنایا تو انھوں نے ہشام سے کہا کہ مصر میں صرف جدیلہ، فہم اور عدوان قبائل کے چند عرب آباد ہیں، ان میں قبیلہ قیس کا کوئی شخص نہیں ہے حالانکہ مقامی باشندوں کے نقصان کے بغیر وہاں مزید آبادی کیلئے کافی جگہ خالی ہے اور سرکاری آمدنی میں بھی کوئی فرق نہیں پڑے گا۔

وفیھا کورۃ لیس فیھا احد — وہاں ایک علاقہ ہے جس میں کوئی عرب آباد نہیں

Marfat.com

| | |
|---|---|
| ولیس یضر باھلھا فزد لھم | ہے اور مقامی باشندوں کے ساتھ عربوں کا |
| معھم، ولا یکسر | رہنا سہنا ان کے حق میں نہ مضر ہے اور نہ ہی ان کی |
| ذالک خراجاً وھی بلبیس، | وجہ سے خراج میں کمی ہوگی یہ علاقہ بلبیس کا ہے۔ |

یہ سن کر ہشام نے ابن حبحاب سے کہا کہ تم اس بارے میں مختار ہو، اس کے بعد ابن حبحاب نے شام کے بادیہ اور صحرا میں آباد قبیلۂ قیس کے مختلف بطون کو دو سو کی تعداد میں مصر بلایا۔ پہلی کھیپ میں بنو نصر اور بنو سلیم کے ایک ایک خاندان منتقل ہوئے جن کو ابن حبحاب نے بلبیس کے علاقہ میں آباد کر کے ان کو کھیتی باڑی کرنے کا حکم دیا۔ ساتھ ہی عشر کی سرکاری رقم سے ان کی مالی امداد کی، وہ اس رقم سے اونٹ خرید کر مصر کا غلہ بحر قلزم کی بندرگاہ پر کرایہ پر پہنچانے لگے، نتیجہ یہ ہوا کہ ان میں سے ایک ایک آدمی مہینہ میں دس دس دینار بلکہ اس سے بھی زیادہ کمانے لگا، اس طرح جب ان کے پاس کافی رقم جمع ہوگئی تو ابن حبحاب نے ان کو گھوڑا خریدنے کا حکم دیا، چنانچہ انھوں نے گھوڑے خرید کر خوب خوب کمائی کی، ایک شخص گھوڑا خرید کر مزدوری پر غلہ لے جاتا اور مہینہ پورا نہیں ہوتا کہ وہ خود گھوڑے کی سواری کرنے لگتا، پھر لطف کی بات یہ کہ بلبیس کا علاقہ غیر آباد ہونے کے باوجود سرسبز و شاداب تھا اس لئے ان کے اونٹوں اور گھوڑوں کے چارے کے کچھ خرچ نہیں پڑتا تھا بلکہ خود رو گھاس اور چارے کافی تھے، جب ان دو سو گھرانوں کی خوشحالی اور کامیابی کی خبر شام کے دیگر قیسی خاندانوں کو ملی تو وہ لوگ بھی یہاں سے مصر منتقل ہونے لگے، چنانچہ جلد ہی پانچ سو خاندان کا ایک قافلہ بلبیس پہنچ کر کاروبار کرنے لگا۔ اور ایک سال گذرتے گذرتے پانچ سو خاندان کا دوسرا قافلہ بھی پہنچ گیا، اس درمیان میں بنی قیس کے کچھ اور خاندان بادیہ شام سے مصر روانہ ہوگئے، اس طرح تھوڑی مدت میں بلبیس میں بنو قیس کے ڈیڑھ ہزار خاندان مستقل طور سے آباد ہوگئے، اس کے بعد آخری اموی خلیفہ مروان بن محمد کے زمانہ میں حوثرہ بن سہیل باہلی والیٔ مصر ہوا تو قبیلۂ قیس کے مزید لوگ اس سے کہہ سن کر بلبیس گئے، مروان کے انتقال کے وقت تین ہزار خاندان آباد ہوچکے تھے اس درمیان میں ان کے دوسرے افراد و خاندان بھی بادیہ سے

یہاں آباد ہوئے اور ان کی آل اولاد پھلی پھولی [1]

ہندوستان میں بھی اس زمانہ میں عربوں کی آبادی اسی طریقہ سے ہوئی اور انھوں نے یہاں خود اعتمادی، محنت اور کوشش سے باوقار مقام حاصل کیا۔

## مختلف مقامات میں آبادی

مسلمانوں نے جس ملک میں قدم رکھا اسے اپنا وطن سمجھا، وہاں بود و باش اختیار کر کے امن وامان کی زندگی بسر کی، اور اپنے پاکیزہ کردار اور اسلامی اخلاق سے مقامی باشندوں کے دلوں کو موہ لیا، ان کا مقصد جلب منفعت اور استحصال نہیں تھا بلکہ تبلیغ اسلام ان کا فریضہ تھا اس کی ادائیگی میں انھوں نے کوتاہی نہیں کی، جس ملک کو فتح کیا اسے دار الاسلام بنایا، وہاں مسلمانوں کو آباد کیا، جوامع و مساجد تعمیر کیں، اسلامی علوم و فنون کی اشاعت کی، اوامر و نواہی کا اجراء کیا، اور اسلامی تہذیب و تمدن کی دنیا آباد کی، چنانچہ مشرقی ممالک یعنی خراسان، کرمان، سجستان، فارس، مکران، سندھ اور ہندوستان وغیرہ کے علاقے اسلامی فتوحات کے روز اول ہی سے اسلامی بلاد و امصار اور مسلمانوں کے شہر بنے، عہد فاروقی میں عثمان بن ابو العاص ثقفی نے ایران کے ساحلی مرکزی شہر توج کو فتح کر کے اسے دار الاسلام بنایا، قبائل عبد القیس کو آباد کیا، مساجد تعمیر کیں اور اسے مجاہدین اسلام کا مستقر قرار دیا، اسی دور میں کابل میں مسلمانوں کی بڑی تعداد آباد ہو گئی تھی، اور جب کابل کے راجہ نے سرکشی کر کے مسلمانوں کو نکال دیا تو ربیع بن زیاد حارثی نے اس سے جنگ کی، عبید اللہ بن زیاد نے شریک بن اعور حارثی کو کرمان کا حاکم بنایا اور مشہور شاعر یزید بن مفرغ حمیری کے بارے میں سفارش لکھی تو شریک نے یزید کو کرمان میں ایک قطعہ زمین جاگیر کے طور پر عطا کی جسے اس نے بعد میں فروخت کر ڈالا، حجاج بن یوسف نے حکم بن نہیک ہجیمی کو کرمان کا امیر بنایا تو انھوں نے ارجان میں مسجد اور دار الامارہ تعمیر کیا، اسی طرح سجستان کے

---

[1] کتاب الخطط والآثار مقریزی ج ۱ ص ۱۲۸ و ۱۲۹، مطبعۃ النیل مصر ۱۳۲۴ھ،

Marfat.com

ہر شہر میں عربوں کی آبادی ہوئی یزید بن معاویہ کے دور میں قبیلہ مضر والوں میں قبائلی عصبیت
اور انھوں نے وہاں کے غیر مضری امیر کو نکال باہر کیا اور ان کی ہر جماعت نے اپنے اپنے شہر
جما لیا، اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ ۶۴ھ کے حدود میں اس علاقہ میں قبیلہ مضر کے عرب کثیر تعـ
میں آباد تھے، قتیبہ بن بن مسلم باہلی نے سجستان کے شہر زرنگ میں آباد ہونے والے مسلمانوں سـ
کاشتکاری کرائی، قہستان میں قبیلۂ بکر بن وائل کے مسلمان اس قدر زیادہ تعداد میں آبا
کہ اس علاقہ کو دیارِ بکر بن وائل کہا جاتا تھا، مرو میں ۴۵ھ میں امیر بن احمر نے عربوں کو
آباد کیا۔

قتیبہ بن مسلم نے سمرقند فتح کرکے وہاں مسلمانوں کو آباد کیا، جب حضرت عمر بن عبدالعز
دورِ عدل و انصاف آیا تو اہلِ سمرقند نے اپنا ایک وفد ان کی خدمت میں روانہ کیا، ارکان
نے عرض کیا کہ قتیبہ نے عہد و پیمان کی خلاف ورزی کرکے ہمارے شہر میں مسلمانوں کو آبا
ہے۔ حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ نے امیر سمرقند کو لکھا کہ وفد کی شکایت رفع کرنے کی غرض
وہ ایک مستقل قاضی اور جج مقرر کرے جو ان کی شکایات پر غور کرے، اور اگر قاضی فیصلہ ک
کہ مسلمان وہاں سے نکل جائیں تو بلا تردّد ان کو نکال دیا جائے، چنانچہ امیر سمرقند نے جمیع
حاضر باجی کو قاضی مقرر کیا، اور انھوں نے اس شرط پر مسلمانوں کو وہاں سے منتقل ہوجانے
فیصلہ سنایا کہ مسلمان اہل سمرقند کو مقابلہ و مبارزہ کی دعوت دیں، مگر مقامی باشندوں
اس صورت کو ناپسند کرتے ہوئے مسلمانوں کو اپنے شہر میں رکھنا منظور کرلیا، اس کے بعد مسلـ
وہاں پر امن و امان سے رہنے لگے۔[1]

حضرت محمد بن سنان عجلیؒ نے خراسان کے علاقہ دستبی کے ایک گاؤں میں سکونت اخـ
مگر کچھ دنوں کے بعد وہاں سے نکل کر شہر قزوین کے باہر میدان میں گھر بنایا تو قزوین کے
نے ان سے آکر کہا کہ کسی دشمن سے نقصان پہنچنے کی صورت میں آپ اپنے کو ہلاکت میں ڈال

[1] فتوح البلدان ص ۱۴۱،

ارے لئے کمزوری اور رسوائی کا موقع فراہم کریں گے، اس لئے یہاں تنہا مکان نہ بنایئے،
اس کہنے پر محمد بن سنان عجلی نے اپنے لڑکے اور خاندان والوں کو حکم دیا کہ وہ بھی اسی جگہ اپنے
ت تعمیر کریں، چنانچہ ان سب لوگوں نے بھی محمد بن سنان کے مکان کے آس پاس اپنے مکانات
، اس کے بعد عام لوگ اسی علاقہ میں منتقل ہونے لگے یہاں تک کہ تھوڑے ہی دنوں میں تمام
باد ہوگیا۔[1]

امیرِ عراق زیاد بن ابوسفیان نے حضرت ربیع بن زیاد حارثی رضؓ کو خراسان کی طرف روانہ
ان کے ہمراہ کوفہ اور بصرہ کے پچاس ہزار افراد کو ان کے بال بچوں سمیت بھیجا جو وہاں آباد
۔ ان ہی میں حضرت ابو عبداللہ بریدہ بن حضیب اسلمی رضؓ اور حضرت عبداللہ بن نضلہ رضؓ بھی
یہ دونوں صحابہ مَرو میں فوت ہوئے، ان تمام مسلمانوں کو خراسان میں ایک دریا کے کنارے
گیا گیا۔[2]

مسلمانوں نے جس ملک یا شہر میں قدم رکھا روزِ اول ہی سے اسے اپنا وطن بنایا حتیٰ کہ وہاں
اہونے والے بچوں کے نام اسی ملک یا شہر کی نسبت پر رکھا، امیر خراسان مسلم بن زیاد کے
ان کی بیوی ام محمد بنت عبداللہ بن عثمان بن ابوالعاصی ثقفی تھیں، سلم بن زیاد ان کو لے کر
م سغد کے جہاد پر گئے، وہاں ایک بچہ پیدا ہوا جس کا نام سُغدی رکھا گیا۔[3]

جن دنوں مہلب بن ابوصفرہ کرمان میں خوارج سے برسرِپیکار تھے۔ ایک سپاہی کے یہاں
پیدا ہوا جس کا نام جدیع بن علی ازدی تھا مگر وہ کرمانی کے نام سے مشہور تھا، ایک مرتبہ خلیفہ ہشام
اس کی وجہ دریافت کی تو بتایا گیا کہ وہ خوارج سے جنگ کے زمانہ میں کرمان میں پیدا ہوا تھا
لئے "کرمانی" کے نام سے مشہور ہوگیا۔[4]

مشرقی ممالک میں مکران اور سندھ، کچھ، کاٹھیاواڑ، سوراشٹر، گجرات بھی شامل تھے،

---

[1] فتوح البلدان ص ۳۲۰، [2] ایضاً ص ۴۰۰، [3] ایضاً ص ۴۰۳،
[4] الاخبار الطوال ص ۳۲۵۔



Marfat.com

اوران مقامات میں مسلمانوں کی بستیاں اور آبادیاں تھیں، یہ آبادیاں دو قسم کی تھیں، ایک
جن میں عرب کے مسلمان اپنے دیار سے آکر مستقل طور سے آباد ہو گئے تھے اور مقامی باشن
کی طرح انھوں نے یہاں گھر بار، معاش و معیشت شادی بیاہ اور زندگی کے دیگر لوازم ا
کئے، دوسری وہ آبادیاں جن میں مقامی باشندے اسلام قبول کر کے سکونت پذیر تھے اور حس
سابق اپنے گھر بار اور معاش و معیشت سے تعلق رکھتے تھے، مقامی اور غیر مقامی کے امتیا
بالاتر ہو کر دونوں قسم کے مسلمانوں کے باہمی تعلقات نہایت استوار و خوش گوار تھے نیز ایک
ان کے تعلقات مقامی غیر مسلموں سے تھے، دوسری طرف عراق و شام، حجاز اور پورے
اسلام سے ان کے دینی و علمی روابط اور تہذیبی و ثقافتی تعلقات جاری تھے اور ان کی آفا
ان کی وطینت کو عالمی قدروں سے مالا مال کرتی تھی۔

وسائل معاش و معیشت کی فراوانی، آب و ہوا کی خوشگواری اور طبعی حسن و جمال کے ا
سے مکران و سندھ میں عربوں کے لئے کوئی خاص کشش نہیں تھی بلکہ یہاں بھی ملک عرب کی طرح خشک
بے کیف زندگی تھی، البتہ اس کے آگے ہندوستان کے علاقے ان مسلمانوں کے لئے پر کشش
کاٹھیاواڑ اور کچھ کے علاقہ کو عرب بلاد الذہب (سونے کا دیس) کہتے تھے، اس سے آگے ص
کافور، قرنفل اور توابل دگرم مسالے) کے دیس تھے، جن کا سلسلہ سرندیپ تک چلا گیا تھا
سرندیپ کو اس کے طبعی حسن و جمال اور اجار کریمہ کی بہتات کی وجہ سے عرب جزیرۃ الیاقو
لقب سے یاد کرتے تھے، اس لئے جب محمد بن قاسم کے زمانہ میں ان علاقوں میں فتوحات ہوئیں تو
ان میں مسلمانوں کی آبادیاں تیزی سے بڑھیں پھر جنید بن عبد الرحمن مری اور حکم بن عوانہ کلبی ک
دور امارت میں ان میں ان کی مستقل بستیاں قائم ہوئیں، ان علاقوں سے عربوں کی دلچسپی کا
اندازہ اس سے ہو سکتا ہے کہ ابن اشعث کی تحریک کی ناکامی کے بعد حجاج بن یوسف نے ابن القر
کو گرفتار کر کے مشرقی بلاد کے بارے میں سوالات کئے اور اس نے جوابات دیئے چنانچہ ان
کے بعد جب ہندوستان کے متعلق پوچھا تو ابن القریہ نے یہاں کے اوصاف یوں بیان کئے

بحرھا دُرٌّ، وَجبلھا یاقوتٌ، — ہندوستان کا سمندر موتی ہے۔ اس کا پہاڑ
وَ شجرُھا عودٌ، وورقھا — یاقوت ہے۔ اس کا درخت عود ہے، اور اس
عطرٌ[1] — کا پتا عطر ہے۔

ایک روایت میں ہے کہ اس نے یہ جواب دیا:۔

بحرھا در، وجبلھا یاقوت — اس کا سمندر موتی ہے۔ اس کا پہاڑ یاقوت
وشجرھا عطر[2] — ہے اور اس کا درخت عطر ہے۔

یہی وجہ ہے کہ جس زمانہ میں سندھ و مکران تک اسلام اور مسلمانوں کا عمل دخل تھا، عرب کے مسلمانوں کی ایک بڑی جماعت سرندیپ میں بہ سلسلۂ تجارت متاہل زندگی بسر کر رہی تھی۔ ان کے معاملات و اخلاق کی بلندی کی وجہ سے سرندیپ کے راجہ اور عوام مسلمانوں سے بے پناہ عقیدت و محبت رکھتے تھے۔ اس زمانہ میں سندھ اور سرندیپ کے درمیانی علاقوں میں وقتاً فوقتاً مسلمانوں کی تگ و تاز ہوا کرتی تھی اور اسلامی مہمات ہنگامی طور سے یہاں آتی رہتی تھیں، مگر ابھی ایسے حالات پیدا نہیں ہوئے تھے کہ مستقل طور سے مسلمان آباد ہوں بلکہ اس کا موقع ۹۲ھ کے بعد آیا، اور یہاں اسلامی بستیاں آباد ہوئیں، خاص طور سے کچھ اور کاٹھیاواڑ میں حالات زیادہ سازگار رہے، حتیٰ کہ دوسری صدی کی ابتدا میں جب اس علاقہ میں عام طور سے مسلمانوں کا رہنا مشکل ہو گیا اور وہ اپنی اپنی بستیاں چھوڑ کر سندھ و مکران اور عراق چلے گئے تو اس نازک دور میں بھی کچھ کا علاقہ پُرامن رہا، اور یہاں کے مسلمان اطمینان و سکون کے ساتھ پڑے رہے۔

اس دور کے ایک شاعر نے نہایت فخریہ انداز میں بیان کیا ہے کہ میرے لئے دو راہیں اور وادیاں ہیں ایک نجد میں اور دوسری بلاد سندھ میں، وہ لکھتا ہے:۔

انی سأبدی لك فیما ابدی — لی شجنان، شجنٌ بنجد

میں تم کو بتا رہا ہوں کہ میرے لئے دو وادیاں اور مقامات ہیں۔ ایک وادی نجد میں

[1] کتاب المعارف ص ۱۴۸۔ [2] الاخبار الطوال ص ۳۱۰۔

و شجنٌ لی ببلادِ السندِ[1]

اور ایک وادی بلادِ سندھ میں ہے۔

الغرض اموی دورِ خلافت میں مکران سے لے کر سرندیپ تک کے مغربی سواحل اور ان کے آگے مشرقی علاقہ جات میں مسلمان آباد تھے، اور کیز، مکران، محفوظہ، منصورہ، دیبل وغیرہ ان کے خاص خاص شہر تھے۔ جن میں ان کی اکثریت تھی اور اسلامی تہذیب و ثقافت پھل پھول رہی تھی۔

## مختلف قبائل

عربوں کا تعلق ہندوستان سے بہت قدیم ہے، مگر یہ عجیب بات ہے کہ عہدِ اسلام سے پہلے اس ملک میں ان کی کسی آبادی کا پتہ نہیں چلتا، خلافتِ راشدہ میں علاقہ بلوچستان میں مختلف قبائل کے عربوں نے مستقل طور سے آباد ہو کر کھیتی باڑی کی، اموی دور میں سرندیپ میں مسلمان تاجروں کی اچھی خاصی آبادی تھی۔ یہ لوگ خلافتِ راشدہ میں یا خلافتِ امویہ کی ابتدا میں یہاں مستقل طور سے رہنے لگے تھے اور توالد و تناسل کا سلسلہ جاری تھا، چنانچہ حدود ۸۰ھ میں سرندیپ کے راجہ نے دار الامارۃ عراق کو جو جہاز روانہ کیا تھا اور جسے دیبل کے قریب سندھی ڈاکوؤں نے لوٹا تھا، اس میں ایسی مسلمان لڑکیاں تھیں جن کے آباؤ اجداد سرندیپ میں تجارت کرتے تھے اور وہیں فوت ہو گئے تھے۔ بلاذری نے تصریح کی ہے:۔

| | |
|---|---|
| نسوۃ ولدن فی بلادہ مسلمات | وہ مسلمان عورتیں سرندیپ میں پیدا |
| ومات آباؤھن وکانوا | ہوئی تھیں اور ان کے باپ دادا جو |
| تجاراً[2] | تاجر تھے وہیں فوت ہو گئے تھے۔ |

اموی دور میں عرب مسلمانوں کی سب سے پہلی اور سب سے بڑی آبادی سرندیپ میں

[1] تفسیر طبری ج ۱ ص ۵۶۱ ۔ [2] فتوح البلدان ص ۴۲۳ ۔

تھی جسے عرب جزیرہ یاقوت کے نام سے یاد کرتے تھے۔

اس جہاز میں بنو یربوع کی ایک مسلمان خاتون تھی، جس نے اپنی گرفتاری پر حجاج بن یوسف دہائی دی تھی۔ ظاہر ہے کہ قبیلہ یربوع کے علاوہ دیگر قبائل کے تاجر بھی یہاں رہے ہوں گے ین وعمان کے قبائل، بنو عبد القیس اور بنو بکر بن وائل کا تعلق مکران وسندھ اور سرندیپ بہت قدیم تھا، ان قبائل کے خاندان اور افراد بھی ان مقامات میں رہے ہونگے۔

ہندوستان میں مکران وسندھ سے لے کر کچھ، سوراشٹر اور گجرات وغیرہ کے تمام مقبوضہ دوامصار میں مسلمانوں کی آبادیاں تھیں، جن میں ان کے مخصوص اور بڑے شہروں کے علاوہ بستیاں بھی شامل تھیں، جن میں قدیم وجدید باشندے مل جل کر زندگی بسر کرتے تھے، مرکزی شہروں میں امراء وحکام اور مجاہدین وفاتحین کے خاندان زیادہ آباد ہوئے، عموماً ہر امیر کے ساتھ اس کے قبیلہ کے اعیان واشراف اور اہل الرائے کی ایک جماعت ہوا کرتی تھی، اس میں بعض یہاں آباد ہوگئے، چنانچہ حکم بن عوانہ کلبی کے ساتھ منذر بن زبیر ہباری نے یہاں آکر سندھ میں بود وباش اختیار کی اور اس کی اولاد نے آگے چل کر اپنی حکومت قائم کرلی۔ بعض امرائے یہاں زیادہ دنوں تک رہنے کی وجہ سے شادی کرلی اور ان کی اولاد یہاں پھیلی پھولی۔ جیسے محمد بن ہارون نمری نے یہاں شادی کی اور کثرت سے اولاد ہوئی۔

**ثقیف**

مکران وسندھ وغیرہ میں طائف کے قبیلہ بنو ثقیف کے خاندان اور افراد بہت زیادہ آباد ہوئے۔ یہ لوگ عہدِ فاروقی میں طائف سے بصرہ منتقل ہو کر مشرقی ممالک کی غزوات وفتوحات میں پیش پیش رہے۔ عہدِ فاروقی میں آل ابو العاصی ثقفی نے ہندوستان میں متعدد غزوات وفتوحات کیے۔ محمد بن قاسم ثقفی اور حجاج بن یوسف ثقفی نے یہاں بنو ثقیف کے لیے بہت خوشگوار فضا پیدا کی۔ محمد بن قاسم ثقفی ان کے صاحبزادے عمرو بن محمد بن قاسم ثقفی، محمد مصعب بن عبد الرحمٰن ثقفی، موسیٰ بن یعقوب ثقفی اموی دور کے مشہور امراء ہیں، دیبل میں ثقفی خاندان آباد تھا جس میں اموی دور میں شیخ عبد الرحیم بن حماد ثقفی پیدا ہوئے اور یہاں

Marfat.com

سے عراق میں گئے۔ نیز الور میں ایک ثقفی خاندان تھا جس میں شیخ اسمٰعیل بن علی ثقفی الوری
ان کے آباؤ اجداد میں سے کسی بزرگ نے عربی زبان میں سندھ کی اسلامی تاریخ لکھی تھی

بنو عبدالقیس | بحرین کے قبیلہ عبدالقیس کے لئے مکران، سندھ اور سرندیپ وطن ثانی کی حیثیت رکھتے تھے۔ قدیم زمانہ سے اس قبیلہ کے لوگوں کو ہندوستان اور ہندوستانیوں سے تعلق تھا۔ خلافتِ راشدہ میں صحارِ عبدی اور حکیم بن جبلہ عبدی کے نام خصوصیت سے نظر آتے ہیں۔ خلافت امویہ میں حارث بن مرہ عبدی، راشد بن عمرو جدیدی عبدی، عبداللہ بن سوار عبدی، منذر بن جارود عبدی یہاں کے امرائے فوج اور فاتح گذرے ان کے ہمراہ اس قبیلہ کے اعیان و اشراف آئے جن میں سے بہت سے یہیں رہ بس گئے۔

بنو تمیم | قبیلہ بنو تمیم بھی بحرین و عمان کا تھا۔ اس قبیلہ کے متعدد حضرات یہاں کے مشہور فاتح امیر رہ چکے ہیں، ان کی آبادیاں قائم ہوئیں۔ سندھی تلفظ میں ان کو "تھیم" کے نام سے یاد کیا گیا۔ مکران میں بنو تمیم کے پہلے حکمراں مجاعہ بن سعر تمیمی ہیں ہلال بن احوز مازنی تمیمی نے قندابیل میں مہالہ کا قلعہ فتح کیا نیز یہاں پر عبداللہ بن سوید تمیمی اور خریم بن عبدالملک تمیمی وغیرہ نمایاں شخصیت کے مالک تھے۔ ان میں علم و فضل کا رواج نسبتۃً زیادہ ہوا اور ان کی اولاد خوب پھولی پھلی منصورہ کے بنو تمیم میں قاضی احمد بن محمد تمیمی منصوری مشہور محدث و مصنف گذرے ہیں

بنو سامہ | عمان کے قبیلہ بنو سامہ کو اموی دور میں یہاں بڑا فروغ حاصل ہوا، ان کی ایک جماعت نے ۸۵ھ میں مکران پر قبضہ کر لیا اور راجہ داہر کی مدد اور شہ پر اموی خلافت سے برسرپیکار ہو کر بغاوت کی۔ مکران سے چند سالوں کے بعد ان کا زور ٹوٹ گیا مگر کشمیر کے علاقہ میں ایک سامی امیر ایک راجہ کی عنایت سے موروثی سلطنت کا مالک بن گیا۔ دوسری صدی کے خاتمہ پر بنو سامہ کے ایک غلام فضل بن ماہان نے نواحِ بمبئی کے مقام سندان میں مستقل حکومت کی اور خود بنو سامہ نے تیسری صدی میں ملتان میں اپنی مستقل حکومت قائم کی، اس قبیلہ کے بہت سے خاندان سندھ و مکران میں مستقل طور سے آباد ہوئے

ں میں نامی گرامی اشخاص وافراد پیدا ہوئے، ان ہی کی اولاد میں عمرو بن نافع سامی اور
الجبار بن شجرہ سامی سندھ کے ممتاز افراد میں سے تھے۔

ش اور بنو ہبار — قبیلہ قریش کی مختلف شاخوں کے خانوادے اور افراد سندھ میں بکثرت موجود تھے اور ان کی نسلیں چلیں۔ قریش کی ایک شاخ بنو ہبار بن اسود سندھ میں بڑا عروج ہوا۔ اس کا مورث اعلیٰ منذر بن زبیر ہباری قرشی والی سندھ حکم بن عوانہ کلبی ساتھ آیا اور یہیں آباد ہوگیا، اس کی اولاد جو علم دوستی اور ترقی کی راہ پر چلتی رہی، یہاں تک کہ تیسری ی کے وسط میں منصورہ میں ان کی حکومت قائم ہوگئی۔ اس حکومت کے زوال کے بعد اس خاندان افراد ہندوستان میں رہے، چنانچہ حضرت زکریا ملتانیؒ اسی خانوادہ کے چشم و چراغ ہیں۔ اموی ر میں عبدالرحمٰن بن عباس بن ربیعہ بن حارث بن عبدالمطلب ہاشمی قرشی یہیں فوت ہوئے، عمر عبیداللہ بن معمر تیمی قرشی سندھ کے امیر تھے اور یزید بن عبداللہ قرشی بیسری سندھی مشہور محدث رہے ہیں۔

ازد اور بنو مہلب — عمان کے قبیلہ بنو ازد اور اس کی شاخ بنو مہلب کے افراد اور خاندان بڑی تعداد میں یہاں موجود تھے۔ مہلب بن ابی صفرہ ازدی نے یہاں متعدد فتوحات کی ہیں جن میں بنو ازد ان کے بہترین سپاہی تھے۔ بنو مہلب قندابیل میں بڑی تعداد میں قتل کئے گئے۔ اموی دور کے بعد بھی یہاں مہالبہ آباد تھے چنانچہ عباسی خلیفہ مہدی کے زمانہ میں سندھ کے ایک مہلبی سردار نے ایک سندھی غلام خریدا تھا جس کی ناکردنی کے بعد مہدی نے سندھی غلاموں کی خرید و فروخت کی ممانعت کردی تھی۔

و کلب اور بنو کلاب — اس دور میں بنو کلب اور بنو کلاب کے افراد اچھی خاصی تعداد میں سندھ میں موجود تھے اور ان کو نمایاں حیثیت حاصل تھی، حکام اور امراء میں سعید بن اسلم کلابی، حنظلہ بن نباتہ کلابی، حنظلہ بن اخی نباتہ کلابی، حکم بن عوانہ کلبی، سفیان بن کلبی، زید بن عمر کلابی، عبدالرحمٰن بن مسلم کلبی، عمرو بن حسین کلابی، خشیہ بن خفیف کلبی، محمد بن

Marfat.com

عزان کلبی، منصور بن جمہور کلبی اور منظور بن جمہور کلبی وغیرہ مشہور رہیں الحکم بن عوانہ کلبی کے
شام کے بنو کلب کے اعیان و مشائخ کی ایک جماعت سندھ میں تھی۔

**بنو نمر بن قاسط، یا بنو نمیر بن عامر**

اس قبیلہ کے بہت سے افراد مکران و سندھ میں موجود
محمد بن ہارون بن ذراع نمری یا نمیری مکران کے امیر تھے
یہاں مدتوں مقیم رہے اور یہیں شادی کر کے متاہل ہوئے۔ان کی ہندوستانی بیویوں کے
سے بہت سی اولاد ہوئی، ان میں سے ایک کا نام جمال بن محمد بن ہارون تھا، بعد میں اس کی او
نے حدود مکران میں حاکمانہ اقتدار کر لیا، اور دوسرے علاقہ پر اس کے بھائیوں کی اولاد نے
جمایا پھر باہمی اختلاف کے نتیجہ میں جمال بن محمد کی اولاد مکران سے ترکِ وطن کر کے سوراشٹر
علاقہ کچھ میں آباد ہو گئی۔ بلاذری نے محمد بن ہارون کی نسبت نمری لکھی ہے جس کا مطلب یہ
کہ وہ بنو کلاب بن ربیعہ کی شاخ بنو نمر بن قاسط سے تھے اور خلیفہ بن خیاط نے نمیری بتائی۔
اس صورت میں وہ ربیعہ کی شاخ بنو نمیر بن عامر سے تھے۔

**بنو شیبان**

یہاں بنو شیبان کو بھی نمایاں کثرت حاصل تھی اور اس کے افراد اور خاندان ع
حیثیت تھے ان میں معن بن زائدہ شیبانی بہادری میں خاص شہرت کے مالک
سیوستان میں بنو شیبان کا ایک خاندان آباد تھا، جس میں امامت وخطابت اور قضا کا عہ
حضرت عمر بن عبد العزیز کے زمانہ سے چلا آرہا تھا۔

**دیگر قبائل**

ان چند مشہور قبائل کے علاوہ اور بہت سے قبائل اور ان کے افخاذ و بطون یہا
کے مختلف علاقوں میں آباد تھے۔ مثلاً بنو مغیرہ جن کو سندھی زبان میں موریہ کہتے
بنو مرہ، بنو بکر بن وائل، بنو اسد، بنو باہلہ، بنو مازن، بنو ہذیل، بنو سکاسک، بنو بجیلہ، بنو
بنو سلم، بنو ہمدان، بنو قیس، بنو ہلال، بنو حارث، بنو علاف، بنو مزینہ، بنو جعفہ، بنو طے، بنو
بنو یربوع، بنو عنبر، بنو مراد، بنو خزاعہ، بنو کلاع، بنو قضاعہ وغیرہ کے بے شمار افراد اس
فوج کے ساتھ یا کسی اور سلسلہ میں یہاں آئے اور ان میں کتنے یہاں آباد ہو گئے

Marfat.com

## ہندوؤں اور مسلمانوں کے باہمی تعلقات

پورے اموی دورِ خلافت میں یہاں کے مسلمانوں اور مقامی باشندوں میں کسی قسم کی منافرت اور لڑائی جھگڑے کا پتہ نہیں چلتا، بلکہ ہر جگہ مسلمانوں اور غیر مسلموں کے تعلقات نہایت خوشگوار اور پائیدار رہے۔ اس میں جہاں مسلمانوں کے کردار و اخلاق اور حسنِ معاشرت کو دخل ہے۔ وہیں مقامی باشندوں کے اخلاق و عقیدت کو بھی دخل ہے کہ انھوں نے اپنے ملک میں ان نو وارد مسلمانوں کو کبھی آدھی بات نہیں کہی اور نہ ان پر کبھی کسی قسم کی زیادتی کی۔ واقعہ یہ ہے کہ دونوں قوموں کے حسنِ اخلاق اور وسعتِ ظرفی کی وجہ سے یہاں انسانیت ہر طرح مامون و محفوظ تھی۔ کسی موقع پر مسجد و مندر کا سوال کھڑا ہوا، نہ شیخ و برہمن میں آویزش ہوئی، نہ جانبین میں نفرت و حقارت کے جذبات ابھرے بلکہ آزادی کے ساتھ ناقوس و اذان کی صدائیں مسجد اور مندر سے بلند ہوتی رہیں اور لوگ اپنے اپنے مسلک کے مطابق ان پر لبیک کہتے رہے اور کوئی کسی کی راہ میں حائل نہیں ہوا۔

## مسلمانوں کی ضیافت

مقامی باشندوں اور مسلمانوں کے تعلقات کی خوشگواری و استواری کی ایک بڑی وجہ شرط بھی تھی جس کی رو سے اگر مسلمان ان کی بستی میں جاتے تھے تو وہ ان کی ضیافت اور مدارت کرتے تھے۔ محمد بن قاسم جب اپنی فوج لے کر بیرون پہنچے تو پورے شہر والوں نے باہر آکر ان کا استقبال کیا، شہر میں لے گئے اور ان کی طرح ان کی فوج کے جانوروں کو چارہ دیا۔

| | |
|---|---|
| فاقاموا لمحمد العلوفة، | اہلِ بیرون نے محمد بن قاسم کی فوج کے جانوروں |
| وادخلوہ مدینتھم[1]۔ | کے لئے چارہ حاضر کیا اور ان کو اپنے شہر میں لے گئے۔ |

[1] فتوح البلدان ص ۴۲۵۔

اس کے بعد جب مقام ساوندری سے گذرے تو مقامی لوگوں نے صلح و امان کا مطا
کیا۔ محمد بن قاسم نے ان کی پیش کش منظور کرتے ہوئے یہ کہا کہ:۔

| | |
|---|---|
| واشترط علیھم ضیافۃ المسلمین ودلالتھم[1] | ان پر مسلمانوں کی ضیافت اور ان کی رہنمائی کی شرط لگائی۔ |

مقامی باشندے اس شرط کو نہایت خندہ پیشانی سے تسلیم کر کے مسلمانوں کو بوقت ضرو
اپنے مکانوں میں ٹھہراتے تھے اور اپنی وسعت و حیثیت کے مطابق ان کی دعوت و ضیافت کر
تھے اور مسلمان بے تکلف اپنے غیر مسلم میزبانوں کا کھانا کھاتے تھے۔ واضح ہو کہ یہ ضیافت کی شر
صرف اخلاقی تھی اور اس کا مقصد صرف ایک دوسرے کی مدد تھی اور بعض اوقات رسول اللہ صلی ا
علیہ وسلم نے عرب کے بعض مسلمان ہونے والے قبائل کے لئے بھی یہ شرط لگائی ہے۔ چنانچہ طبقات
ابن سعد میں ہے کہ قبیلۂ بارق کے وفد نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر
اسلام قبول کیا اور آپؐ سے بیعت کی۔ آپؐ نے ان کو ایک تحریر دی جس میں یہ بھی تھا:۔

| | |
|---|---|
| ومن مرّ بھم من المسلمین فی عرکٍ او جدبٍ فلہ ضیافۃ ثلاثۃ ایام[2] | مسلمانوں میں سے جو شخص بہ سلسلۂ جہاد یا قحط میں ان کے یہاں سے گذرے وہ اس کی تین دن ضیافت کریں گے۔ |

یہ درحقیقت ایک قسم کی اخلاقی اور معاشرتی بات تھی، جو وقت اور ضرورت کی وجہ سے مشر
کر دی جاتی تھی۔

## مسلمانوں سے عقیدت ومحبت

مسلمانوں نے اپنے ایمان ویقین کی کشش اور اخلاق و کردار کی قوت سے عام ہندوستان
میں بے پناہ مقبولیت حاصل کر لی تھی۔ وہ نہ صرف مسلمانوں سے میل جول اور تعلق و محبت رکھتے تھ

---

[1] فتوح البلدان ص ۴۲۶۔ [2] طبقات ابن سعد ج ۱ ص ۳۵۲۔

ہت سے مسلمانوں کو مافوق الفطرۃ مخلوق قرار دے کر اپنے ذوق و روایت کے مطابق
ئوی حیثیت دے دی تھی۔ ان کے مرنے کے بعد ان کے بت اور مجسمے بنائے۔ یادگاریں
ئیں۔ اس عقیدت و محبت نے آگے چل کر غیر مسلموں میں یہ عقیدہ پیدا کر دیا کہ اس سے خیر و
ت ہوتی ہے اور عمریں بڑھ جاتی ہیں جیسا کہ مہاراجگان بلہرا (گجرات) کے بارے میں عام
ی تھا کہ عربوں سے محبت کی وجہ سے ان کی عمریں طویل ہوتی ہیں اور ان کے ملک میں خیر و برکت
ور ہوتا ہے۔

مسلمانوں سے عقیدت و محبت کی وجہ ان کی حاکمانہ بالادستی اور سیاسی برتری نہیں تھی بلکہ
انی و دینی زندگی کی وہ خوبیاں تھیں جنھوں نے ان میں بے پناہ کشش پیدا کر دی تھی۔ جس
تی میں ان کا گذر ہوتا لوگ ان کی دید و زیارت کے لئے ٹوٹ پڑتے تھے۔ خدا پرستی و خدا ترسی
دص و ایثار، اخلاق و کردار، امانت و دیانت، نصیحت و خیر خواہی، خدمت و محبت، سادگی
بے تکلفی اور روکھی پھیکی زندگی۔ جیسے صفاتِ عالیہ نے مسلمانوں میں شانِ محبوبی پیدا کر دی
ی۔ مقامی باشندے ان ہی صفات کی وجہ سے ان سے عقیدت و محبت رکھتے تھے اس سلسلہ
ں یہ واقعہ بہت ہی قابلِ عبرت ہے کہ یزید بن عبد الملک کے زمانہ (۱۰۱ھ تا ۱۰۵ھ) میں
یان کے راجہ رتبیل نے ایک موقع پر اموی امراء سے سوال کیا تھا۔

| | |
|---|---|
| ما فعل قوم کانوا یاتونا خماص | وہ لوگ کہاں گئے جو ہمارے یہاں اس |
| البطون، سود الوجوہ من الصلوٰۃ | حال میں آیا کرتے تھے کہ ان کے شکم سمٹے |
| نعالھم خوص، قالوا: | ہوئے تھے۔ نماز اور سجدوں کی کثرت کی |
| انقرضوا، قال: اولٰئک | وجہ سے ان کے چہروں پر سیاہ نشان تھے |
| اوفی منکم عھداً واشد | ان کے جوتے گھاس اور چھال کے تھے۔ لوگوں |
| باساً، وان کنتم احسن | نے جواب دیا کہ وہ دنیا سے چلے گئے اس پر اس نے |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| منهم وجوھًا۔ (فتوح البلدان ص ۳۶۲) | کہا کہ تمہارے چہرے بشرے ان سے اچھے ہیں مگر وہ لوگ تم سے زیادہ وفادار اور تم سے زیادہ بہادر تھے۔ |

راجہ رتبیل نے ان وفاداروں اور بہادروں کے بارے میں بتایا ہے کہ وہ دبلے پ
اور ہلکے شکم والے تھے۔ نماز اور سجدوں کی کثرت سے ان کی پیشانیوں پر سیاہ دھبے ہوتے
ان کی صورت دیکھتے ہی امانت و دیانت اور نیکی و شرافت کا اندازہ ہو جاتا تھا۔ ان ک
سادگی اور بے تکلفی کا یہ حال تھا کہ ان کے پاؤں میں نہایت معمولی قسم کے جوتے، چپل ہو
تھے یہ ان کا ظاہری حال تھا، مگر ان میں کردار کی بلندی اور روحانی قدروں کا حال ی
کہ وہ اپنے وعدے پورے کرتے تھے۔ جس بات کو کہہ دیتے تھے خواہ کچھ ہو اسے پورا کر
تھے، ان میں جواں مردی اور بہادری کا جوہر بدرجہ اتم موجود تھا۔ اس آئینہ میں اس د
کے مسلمانوں کے اصلی خدوخال اور ان سے غیر مسلموں کی عقیدت و محبت کی تصویر ن
آتی ہے۔

مسلمانوں کے ایمان و یقین اور کردار و اخلاق کی بناء پر غزوات و فتوحات میں خدا
مدد نازل ہوتی تھی اور ان کی فرشتگی پر فرشتے بھی ان کے ہم قدم رہا کرتے تھے۔ اس حقیقت
کا مشاہدہ بھی یہاں کے غیر مسلموں نے کیا، اور اس کی شہادت دی۔ ۴۸ھ میں حضر
سنان بن سلمہ ہذلی رضؓ نے قیقان میں جہاد کیا۔ دشمن شکست کھا کر ایک قلعہ میں چھپ گئے۔ مسل
نے ان کا تعاقب کیا اور انھوں نے مسلمانوں کو قریب سے دیکھ کر کہا:۔

| | |
|---|---|
| واللہ ما انتم قتلتمونا | خدا کی قسم آپ لوگوں نے ہم سے جنگ نہیں |
| ولا قتلنا الا رجال ما | کی ہے۔ ہم کو ایسے لوگوں نے مارا ہے جن |
| نراھم معکم الان | کو اس وقت ہم آپ کے ساتھ نہیں دیکھ |
| علی خیل بلق علیھم | رہے ہیں۔ وہ ابلق گھوڑوں پر سوار تھے |

Marfat.com

عمائم بیض ۔ اور ان کے سروں پر سفید عمامے تھے۔

مسلمانوں نے کہا:۔

ذٰلک نصر اللہ[1] یہ اللہ کی طرف سے مدد آئی تھی۔

الغرض خلافتِ امویہ میں مکران سے لے کر سرندیپ تک مسلمان آباد تھے۔ ان پورے علاقوں میں ان کے مخصوص شہر بھی تھے اور مقامی باشندوں کے ساتھ بھی رہتے تھے، مگر عام حالات کے ساتھ کبھی ناروا سلوک نہیں ہوا۔ حالتِ جنگ میں اسلامی فوجوں اور مقامی فوجوں میں شدید دید ترحرب وضرب ہوتی تھی اور جانبین میں سے ہر ایک دوسرے کو شکست دینے کی کوشش کرتا گر اس دور میں بھی مقامی مسلمانوں سے کسی قسم کا تعرض نہیں کیا گیا اور نہ مسلمانوں نے اپنے ں سے چھیڑ چھاڑ کی بلکہ دونوں قومیں امن وامان سے رہتی تھیں اور باہمی تعلقات اور استوار رہا کرتے تھے۔ کتابوں میں کسی ایک ایسے واقعہ کا تذکرہ نہیں ملتا کہ عام حالات قامی باشندوں نے اپنے نووارد ہمسایوں کے ساتھ ظلم وتشدد کا برتاؤ کیا ہو یا ان کو کسی اذیت دی ہو، بلکہ اس کے برخلاف مسلمانوں سے ان کی عقیدت کے تذکرے ملتے ہیں، البتہ اوقات یہاں کے مسلمانوں کو شام وعراق کی غیر متوازن سیاست کی وجہ سے نقصان اٹھانا اور اگر اس دور میں کبھی مسلمانوں کو اپنی بستیاں چھوڑنی پڑی ہیں اور مقامی حالات نے نتشار میں ڈال دیا ہے تو اس کی وجہ بھی شام کی خلافت اور عراق کی امارت کی پالیسی تھی۔ اوقات خود عربوں کی باہمی چپقلش اور قبائلی عصبیت نے ان میں تباہی پیدا کی ہے۔ مکران ۔ سے ۔۔ تک علافیوں کے دورِ اقتدار میں کشت وخون کی باری آئی۔ ۲۰۱ھ بیل میں آلِ مہلب کا بے دریغ قتل ہوا۔ محمد بن قاسم کی گرفتاری اور موت سے یہاں انوں میں اضطراب کی لہر دوڑی۔ اس طرح یہاں اپنی غلطیوں سے مسلمانوں کو نقصان ا۔

---

[1] یخ خلیفہ ج ا ص ۲۴۹ و ۲۵۰۔

Marfat.com

# عام مسلمانوں اور راجوں اور مہاراجوں کے تعلقات

یہاں کے راجوں مہاراجوں اور عام مسلمانوں کے تعلقات نہایت خوشگوار تھے
راجوں مہاراجوں نے ان کو اونچے عہدے دے کر ان کی خدمات سے خوب فائدہ ا
یہ درست ہے کہ ان تعلقات کی نوعیت سیاسی تھی اور خلافت کے ناپسندیدہ طبقہ سے ا
ربط و ضبط تھا مگر جہاں تک مقامی مسلمانوں اور راجوں مہاراجوں کا معاملہ ہے دونوں
باہمی اعتماد و اعتبار تھا اور مسلمانوں نے اپنے کردار سے یہاں کے عوام و خواص میں بہ
مقام حاصل کر لیا تھا۔

چنانچہ ۸۵ھ میں عمان کے علافیوں کی ایک جماعت محمد بن حارث اور معاویہ بن حا
کی زیر سرکردگی مکران آئی اور راجہ داہر نے اس کی آؤ بھگت کی، اس زمانہ میں را
اور راجہ رَن مَل کے درمیان معرکہ آرائی جاری تھی۔ علافیوں نے راجہ داہر کا ساتھ د
کرا سے فتحمند کیا۔ اس نے اس کے صلہ میں ان کو عزت و احترام سے نوازا اور جب علا
کی شورش کے خلاف عبد الملک بن مروان کی طرف سے کارروائی ہوئی تو داہر نے
پناہ دی بلکہ اس گروہ کا ایک سرگرم فرد جہیم بن سامہ سامی عمانی جسے داہر نے پناہ دی
بعد میں راجہ جے سنگھ سے مل گیا۔ جب وہ کشمیر گیا تو جہیم بھی ساتھ گیا۔ راجہ کشمیر نے راجہ جے
کو ایک علاقہ عطا کیا۔ اس نے جہیم بن سامہ کو اس کا امیر مقرر کیا۔ جہیم کی اولاد مدتوں اس علا
حکمران رہی۔ ۸۳ھ میں ابن اشعث کی تحریک عراق میں ناکام ہوئی تو وہ اور ان کے
ساتھی بامیان میں راجہ رتبیل کے یہاں پناہ گزین ہوئے راجہ نے ان کو عزت و احت
رکھا مگر حجاج بن یوسف کی طلبی پر واپس کر دیا۔

ارضِ جین کے راجہ کے یہاں ایسے عرب مسلمان رہتے تھے جو آتشیں اسلحہ کے ا
اور ان سے بچنے کی ترکیب سے اچھی طرح واقف تھے، چنانچہ جنید بن عبد الرحمٰن مری

Marfat.com

ب اس راجہ کے قلعہ کا محاصرہ کر کے اس جنگی آلہ کا استعمال کیا تو ابتداءً میں ان ہی عربوں نے اسے ناکام بنادیا تھا۔ جن مسلمانوں کو یہاں کے راجوں مہاراجوں کے دربار میں بار حاصل تھا اور وہ گویا ان کی پشت پناہی کرتے تھے۔ ان کی قدر و منزلت کس قدر زیادہ رہی ہوگی۔ وہ یہاں کے غیر مسلموں میں دقیع مقام رکھتے تھے۔ ان کی مقبولیت و پذیرائی گویا اس دور کے مسلمانوں کی مقبولیت و پذیرائی تھی۔ ہندوستانیوں کو ان کے ذریعہ اسلام اور مسلمانوں کو قریب سے دیکھنے کا اور ذاتی تجربات کی روشنی میں ان کو پرکھنے کا موقع ملا، چنانچہ راجہ رتبیل نے ایک موقع پر بعض عربوں سے برملا کہا تھا کہ اگلے مسلمان عمل و کردار میں تم سے بہت اچھے تھے۔ واضح ہو کہ اس قسم کے مسلمان اگرچہ خلافت کے ناپسندیدہ طبقہ سے تعلق رکھتے تھے مگر اس زمانہ کے مسلمانوں کی طرح ایمان و یقین اور عبادات و معاملات میں سچے پکے مسلمان تھے۔

## پُرسکون زمانہ

ہندوستان کے مسلمانوں کو سب سے زیادہ سکون و اطمینان حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ کے دورِ خلافت میں حاصل ہوا جس کا سلسلہ ان کے بعد چار پانچ سال تک قائم رہا۔ اس زمانہ میں یہاں کے راجے مہاراجے برضا و رغبت مسلمان ہو کر خلافت کی طرف سے اپنے علاقوں کے حکمران تھے۔ حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ ۹۸ھ میں خلیفہ ہوئے اس سے پہلے ۹۲ھ سے ۹۶ھ تک محمد بن قاسم سندھ و مکران کے آگے ہندوستان کے بہت سے مقامات کو فتح کر چکے اور سندھ کا راجہ داہر میدانِ جنگ میں کام آچکا تھا۔ حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ نے حربی سیاست ہٹا کر دعوت و تبلیغ کی راہ اختیار فرمائی۔ جس کے نتیجہ میں یہاں کی فضا میں نہایت خوشگوار ہوئی۔ نومسلم راجوں کی عقیدت و محبت یہاں تک بڑھی کہ انھوں نے اسلامی نام رکھے مسلمانوں سے زیادہ سے زیادہ ربط و تعلق پیدا کیا۔

Marfat.com

ہمارا خیال ہے کہ پورے اموی دور میں حضرت عمر بن عبد العزیز کا زمانہ ہندوستان کے مسلمانوں اور غیر مسلموں کے حق میں بہت ہی خوشگوار رہا۔ راجوں مہاراجوں کے مسلمان ہوجانے کے بعد رعایا کی بڑی مقدار بھی مسلمان ہوگئی اور اسلامی تعلیم و تربیت کے سلسلہ میں جانبین میں ربط و ضبط قائم ہوا، اور چونکہ یہ نومسلم راجے خلافت کے نامزد امیر و حاکم تھے اس لئے ان کے علاقوں میں مسلمانوں کی آبادیاں ہوئیں اور باہمی محبت پیدا ہوئی۔

مگر افسوس کہ خلیفہ ہشام کے ابتدائی دور میں جنید بن عبد الرحمٰن مری کی سیاسی روش اور راجہ داہر کے لڑکوں کے ساتھ حربی سیاست اور اس کے بعد تمیم بن زید قینی کی سادگی و کمزوری کی وجہ سے یہاں کے حالات یکسر بدل گئے اور اندر باہر ہر جگہ شورش پیدا ہوگئی۔ جس نے یہاں کے امن و امان کو غارت کر دیا۔

## ابتلاء کا دور

اس حقیقت کے اعتراف سے مؤرخ کو مفر نہیں کہ یہاں کے مسلمانوں نے بعض اوقات اپنی خانہ جنگی یا کمزور سیاست کی وجہ سے نقصان اٹھایا ہے ورنہ عام حالات میں یہاں کے مسلمان نہایت امن و امان سے رہے اور مجموعی اعتبار سے ان کے ساتھ عقیدت کا معاملہ کیا گیا چنانچہ ہشام بن عبد الملک کے دورِ خلافت اور خالد بن عبد اللہ قسری کی امارت میں ایسے نامناسب حالات پیدا ہوئے کہ گجرات اور ہندوستان کے دور دراز علاقوں کے مسلمانوں کو ترکِ وطن کرنا پڑا، اور وہ سخت بے پناہی اور لامرکزیت میں مبتلا ہوگئے، صورت یہ ہوئی کہ جنید بن عبد الرحمٰن مری نے اپنی امارت کے ایام میں شاندار فتوحات کیں، مکران و سندھ کے آگے کچھ، کاٹھیاواڑ، گجرات، اجین و مالوہ بلکہ ارضِ جین تک کے علاقے دار الاسلام میں آگئے اور ان میں مسلمانوں کی آبادیاں قائم ہوگئیں اور وہ پورے امن و امان کے ساتھ رہنے لگے۔ اسی حالات میں عراق میں ہندوستان کی امارت میں ردو بدل کی سیاست چل پڑی اور جنید

الرحمٰن مری کو معزول کرنے کے بعد تمیم بن زید قینی کو یہاں کا امیر بنایا گیا۔ ان کے آتے ہی یہاں حالات میں نہایت ابتری پیدا ہو گئی حتیٰ کہ خود تمیم کے آدمیوں میں قتل و غارت کی وبا پھوٹ پڑی اور برادر کشی ہونے لگی۔ نتیجہ یہ ہوا کہ ان ناگوار حالات سے مقامی باشندوں نے فائدہ اٹھا کر ہر طرف سرکشی و بدامنی پھیلا دی اور مسلمانوں کو گھر بار چھوڑ کر محفوظ مقامات میں جانا پڑا۔ الیعقوبی کا بیان ہے :۔

| | |
|---|---|
| وَ لم یستقیم لتمیم امرٌ | تمیم کا معاملہ درست نہ ہو سکا ان سے اہلِ |
| و کثر خلاف اهل الهند | ہند کا اختلاف بہت بڑھ گیا اور اس سلسلہ |
| علیه و کثرت حروبه | میں ان کو کئی لڑائیاں لڑنی پڑیں خود ان |
| و فشا القتل فی اصحابه | کے آدمیوں میں قتل و غارت کی وبا عام ہو گئی |
| وخرج المسلمون من البلدان | اور مسلمان شہروں سے نکل کر عراق کا رخ |
| یریدوا العراق[1] | کرنے لگے۔ |

اور بلاذری نے لکھا ہے :۔

| | |
|---|---|
| وفی ایام تمیم خرج المسلمون | تمیم کی امارت کے زمانہ میں ہندوستان |
| عن بلاد الهند ورفضوا | کے شہروں سے مسلمان نکل گئے اور اپنے |
| مراکزهم فلم یعودوا الیها | مرکزی مقامات کو انھوں نے یوں چھوڑ دیا |
| الی هذه الغایة۔[2] | کہ تیسری صدی تک وہاں نہ لوٹ سکے۔ |

اس زمانہ میں علاقہ کچھ کے علاوہ گجرات اور ہندوستان کے تمام مفتوحہ علاقوں میں بغاوتیں اور شورشیں پھیل گئیں اور ہر جگہ سے مسلمانوں کو جلا وطن ہونا پڑا۔ اس صورتِ حال کا سبب مرکزی نظام میں نادرست اور نامناسب تبدیلی تھی جس سے مقامی باشندوں اور راجوں مہاراجوں نے خوب خوب فائدہ اٹھا کر مسلمانوں کو اپنے علاقوں سے نکال باہر کیا۔ شام

[1] تاریخ یعقوبی ج ۲ ص ۳۷۹ و ۳۸۰۔ [2] فتوح البلدان ص ۴۳۰۔



Marfat.com

اور عراق کے مرکزوں کو جلد ہی اس کا شدید احساس ہوا اور حکم بن عوانہ کلبی جیسے دوراندیش منتظم فاتح کو یہاں کی امارت دی گئی جنھوں نے عمرو بن محمد بن قاسم جیسے فعال ساتھی کی مدد سے بہت حالات پر قابو پالیا، اور مسلمانوں کے لئے محفوظہ اور منصورہ کو آباد کیا اور جہاد کرکے متغلبین کو نکال باہر کیا جس سے ہر طرف امن وامان کی فضا پیدا ہوگئی، یہ دوسری صدی کی پہلی یا دوسری دہائی کا واقعہ ہے۔

## آثار وعلائم

تقریباً ایک صدی کے اموی دور میں یہاں پر مسلمانوں نے بہترین کارنامے انجام دیئے اور اپنے بہت سے نشان چھوڑے جو بعد میں ان کے کارناموں کے شواہد و دلائل تھے اور جن سے ان کی تاریخ روشن تھی۔ ہم یہاں پر چند آثار وعلائم کو بیان کرتے ہیں۔

## مساجد وجوامع

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانہ سے مسلمانوں کا یہ اصول رہا ہے کہ جس ملک میں مجاہد وفاتح بن کر جاتے وہاں مسجدیں تعمیر کرتے تھے، اور اس ملک میں مسلمانوں کی یہ سب سے پہلی نشانی ہوتی تھی، چنانچہ فاتح ہند حضرت عثمان بن ابو العاصی ثقفی رضؓ اور ان کے بھائی حکم بن ابو العاص ثقفی رضؓ نے ہندوستان سے پہلے ایران کے شہر توج کو فتح کرکے قبائل عبدالقیس وغیرہ کو آباد کیا اور وہاں جامع مسجد تعمیر کی۔

قزوین میں وہاں کے امیر حضرت ربیع بن خثیم ثوری کی مسجد رہتی تھی۔ اس میں ایک درخت تھا جسے عوام متبرک سمجھتے تھے، ان کا خیال تھا کہ حضرت ربیع بن خثیم نے اپنی مسواک گاڑی تھی اور یہ درخت اسی مسواک کا ہے۔ بعد میں فتنہ کے ڈر سے اس کو ایک امیر نے کٹوا دیا۔[1]

[1] فتوح البلدان ص ۳۱۸۔

Marfat.com

قتیبہ بن مسلم امیر خراسان سے ایک علاقہ کے حاکم غوزک نے صلح کی اور شرائط صلح کی رو سے
شہر میں گئے۔ غوزک نے دعوتِ طعام کی اور قتیبہ نے وہاں ایک مسجد بنا کر اس میں نماز پڑھی۔
موقع پر مسلمانوں کی ایک جماعت ان کے ہمراہ تھی جس میں مشہور امام تفسیر ضحاک بن مزاحم
شامل تھے۔[1]

اموی دور میں ہندوستان کے اندر مساجد و جوامع تعمیر ہوئیں اور یہاں کے اسلامی
میں سب سے پہلے محراب و منبر اور مینارے نظر آئے۔ مکران و سندھ، کشمیر، پنجاب، سوراشٹر
، اور اس کے آگے ارضِ چین تک یہ سلسلہ عام ہوا، حجاج بن یوسف نے خاص طور سے
علاقوں میں مسجدیں تعمیر کرنے کی تاکید کی تھی۔ اس نے محمد بن قاسم کو لکھا کہ تم اپنی فتوحات
کرتے رہو اور اشاعتِ اسلام کا خاص خیال رکھو، جو شہر قدیم اور بڑا ہو اس میں مسلمانوں
کے مسجد ضرور تعمیر کرو۔[2]

ظاہر ہے کہ نوّے سال سے زائد اموی دورِ خلافت میں یہاں بے شمار مسجدیں تعمیر ہوئی
ہوں گی۔ ہم یہاں پر چند مساجد کی نشاندہی کرتے ہیں جن کا ذکر تاریخوں میں کسی نہ کسی انداز میں
آتا ہے۔

**خاشک** | ہمارے علم و تحقیق میں سرزمین مکران میں یہ سب سے پہلی مسجد ہے جسے ۲۳ھ میں
—— حضرت عمر بن عبید اللہ معمر قرشی تیمی نے شہر خاشک میں تعمیر کیا۔ حضرت معاویہؓ کے
دورِ خلافت میں عمر بن عبید اللہ نے سجستان کی راہ سے مکران کے شہر ارمائیل کو فتح کیا۔ اسی
قریب خاشک واقع تھا اسے خواش بھی کہتے تھے۔ یاقوت حموی نے اس مسجد کا ذکر یوں کیا ہے

| | |
|---|---|
| خاشك مدينة من مدن | خاشک مکران کے مشہور شہروں میں سے ہے |
| مكران، وفيها مسجد يزعمون | یہاں ایک مسجد ہے جس کے بارے میں لوگوں |
| انه لعبد الله بن عمر[3] | کا گمان ہے کہ یہ عبد اللہ بن عمرؓ کی مسجد ہے۔ |

[1] فتوح البلدان ص ۴۱۱۔ [2] چچ نامہ ص ۱۰۱۔ [3] معجم البلدان ج ۳ ص ۳۸۸۔

Marfat.com

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے ان اطراف میں آنے کی کوئی روایت نہیں ملتی
البتہ اس علاقہ کو عمر بن عبید اللہ نے فتح کیا ہے اور غالب گمان ہے کہ یہ مسجد ان ہی کی طرف منسو
مگر بعد میں یہ نسبت بدل گئی۔

**مسجد دیبل** محمد بن قاسم نے ۹۲ھ میں دیبل فتح کر کے وہاں چار ہزار مسلمانوں کو آباد کیا مسجد تعمیر کی۔ بلاذری نے لکھا ہے:۔

| | |
|---|---|
| واختط محمد للمسلمين بها | محمد بن قاسم نے دیبل میں مسلمانوں کی آبادی |
| وبنى مسجدا وأنزلها | کے لئے الگ خطہ متعین کر کے اس میں مسجد |
| اربعة آلاف[1] | بنائی اور چار ہزار مسلمانوں کو آباد کیا۔ |

حال ہی میں دیبل کی کھدائی کے درمیان ایک مسجد نکلی ہے جس پر کتبہ ۱۰۹ھ (تسع وما
کا ہے۔ کہا جاتا ہے کہ یہ محمد بن قاسم کے زمانہ کی مسجد ہے مگر یہ مسجد بعد کی معلوم ہوتی ہے یا
سنہ اس کی مرمت یا جدید تعمیر کا ہے۔

**جامع ملتان** اموی دور میں ملتان میں ایک بہت بڑی اور شاندار مسجد تعمیر کی گئی تھی جو صدی تک موجود تھی اور باطنی اسمٰعیلی حاکم جلم بن شیبان نے وہاں کی سامی حکو
ختم کر کے اس مسجد کو بھی بند کر دیا اور بت خانہ کو جو اب تک محفوظ تھا، توڑ کر جامع مسجد بنا
البیرونی نے لکھا ہے:۔

| | |
|---|---|
| فلما استولت القرامطة على | جب ملتان پر قرامطہ کا غلبہ ہوا تو جلم بن |
| الملتان كسر جلم بن شيبان | شیبان نے وہاں کے بت کو توڑ دیا، اور |
| المتغلب ذلك الصنم، وقتل | اس کے پجاریوں کو نکال کر بت خانہ کو جو |
| سدنته وجعل بيته وهو | اینٹوں کا ایک بلند مقام پر بنا ہوا تھا، قدیم |
| قصر مبنى من الآجر على مكان | جامع مسجد کے بدلے جامع مسجد بنایا، اور قدیم |

[1] فتوح البلدان ص ۴۲۵۔

Marfat.com

مرتفع جامعاً بدل الجامع — جامع مسجد کو اس لغض میں بند کر دیا کہ وہ
الاول، واغلق ذلك بغضاً للماعمل فی ایام بنی امیۃ[1] — بنو امیہ کے زمانہ میں بنائی گئی تھی۔

مسجد الور — محمد بن قاسم نے الور صلح و مصالحت کے ذریعہ فتح کیا اور طے پایا کہ بت خانہ سے کوئی تعرض نہیں کیا جائے گا۔ انھوں نے یہاں بھی مسلمانوں کو آباد کر کے مسجد تعمیر (کی)۔ بلاذری نے لکھا ہے:۔

ووضع علیہم الخراج بالسوذ — محمد بن قاسم نے الور والوں پر خراج تجویز
بنی مسجداً[2] — کیا اور وہاں مسجد بنائی۔

موسیٰ بن یعقوب ثقفی کو اس کی خطابت اور عہدۂ قضا وغیرہ سپرد کیا۔

مسجد سیوستان — حضرت عمر بن عبدالعزیز متوفی سنہ ۱۰۱ھ نے سیوستان میں بنوشیبان کے ایک بزرگ کو خطیب مقرر کر کے ان کو سند عطا فرمائی تھی جسے مشہور سیاح ابن بطوطہ نے دیکھا تھا، اور جس پر سنہ ۹۹ھ درج تھا۔ ظاہر ہے کہ یہ عہدۂ خطابت وہاں کی جامع مسجد کے لئے تھا۔[3]

مسجد نیرون — محمد بن قاسم نے نیرون فتح کر کے وہاں مسجد تعمیر کی اور امام مقرر کر کے پنج وقتہ نمازوں کا حکم دیا۔[4] یہ چند جوامع و مساجد ہیں جو سرسری طور سے سامنے آگئی ہیں ورنہ ظاہر ہے کہ اس دور کے اسلامی شہروں میں خاص کر مکران، محفوظہ اور منصورہ وغیرہ میں بہت سی مسجدیں رہی ہوں گی اور حضرت عمر بن عبدالعزیز کی دعوت اسلام پر جو راجے مہاراجے مشرف بہ اسلام ہوئے انھوں نے بھی اپنے علاقوں اور شہروں میں مسجدیں تعمیر کرائی ہوں گی۔

## مشاہد یعنی شہادت گاہیں

اسلام کا کون سا گلشن ہے جو مجاہدین کے مقدس خون سے سیراب نہیں ہوا اور جس کی

[1] کتاب الہند ص ۵۶۔ [2] فتوح البلدان ص ۴۲۷۔ [3] عجائب الاسفار ج ۲ ص ۵۔ [4] تحفۃ الکرام ج ۳ ص ۱۵

بہاروں میں آج تک یہ امانت نہیں پائی جاتی؟ اس ملک میں ایسے بہت سے مشاہد ہیں جہا
دور میں مجاہدینِ اسلام شہید ہوئے اور ان کا ذرہ ذرہ اسلامی تقدیس وطہارت اور
کی شان وشکوہ پر شاہد ہے۔ اس دور کے چند مشہور مشاہد یہ ہیں :۔

**پہلا مشہد قیقان** اس ملک میں سب سے پہلا گنج شہیداں سرزمین قیقان میں بنا، جہاں ۳۲ھ
حضرت حارث بن مرہ عبدیؓ اور ان کے ساتھ بہت سے مجاہدین ا
شہید ہوئے۔ بلاذری کا بیان ہے :۔

| | |
|---|---|
| ثم قتل و من معہ بارض القیقان الا قلیلا[1] | حارث بن مرہ اور جو لوگ ان کے ساتھ تھے سرزمین قیقان میں تھوڑے سے کے علاوہ سب شہید کر دیئے گئے۔ |

خلیفہ بن خیاط نے اس سے زیادہ تفصیل کے ساتھ بیان کیا ہے :۔

| | |
|---|---|
| واتاہ الناس من کل وجہ فجمع لہ اھل ذلک الثغر جندا فقتل من کان معہ الاعصابۃ یسیرۃ[2] | حارث بن مرہ کے پاس ہر طرف سے آدمی آگئے اور قیقان والوں نے بھی فوج جمع کی؟ نتیجہ یہ ہوا کہ چند حضرات کے علاوہ حارث کے تمام ساتھی شہید کر دیئے گئے۔ |

اس جہاد میں حضرت حارث بن مرہ کے ساتھ تقریباً ڈیڑھ ہزار مجاہدینِ اسلا
جن میں سے اکثر وبیشتر نے اپنے امیر کی معیت میں جام شہادت نوش فرمایا۔ ہندوستان میں
فوج کا یہ سب سے پہلا نقصانِ عظیم تھا۔

**دوسرا مشہدِ قیقان** اس حادثۂ فاجعہ کے دوسرے سال ۴۳ھ میں حضرت راشد بن ع
جدیدی عبدیؓ اپنی فوج لے کر قیقان آئے اور مندر اور بہرج

[1] فتوح البلدان ص ۴۲۱۔ [2] تاریخ خلیفہ ج ۱ ص ۲۲۴۔

درمیان دشمن کی تقریباً پچاس ہزار فوج سے مقابلہ ہوا جس میں حضرت راشد اور اُن کے ساتھی شہید ہوگئے۔ خلیفہ بن خیاط نے حضرت راشد اور ان کے ساتھیوں کی شہادت ۵۰ھ میں بتائی ہے[1]

تیسرا مشہد قیقان

تیسری بار ۵۳ھ میں حضرت عبداللہ بن سوار عبدیؒ حضرت معاویہؓ کے حکم سے چار ہزار فوج لے کر قیقان پر حملہ آور ہوئے مگر اس بار بھی حضرت عبداللہ بن سوار اور ان کی فوج کے اکثر سپاہی شہید ہوگئے اور بچے کھچے حضرات اپنے مرکز مکران میں واپس چلے گئے۔ اس بار دشمنوں کی ہمت وطاقت بہت بڑھ گئی اور انھوں نے پورے علاقہ قیقان پر قبضہ کرلیا۔ اس حادثہ میں تقریباً چار ہزار مجاہدین اسلام مع اپنے امیر کے شہید ہوئے[2]

مشہد ہند

خلیفہ بن خیاط نے کتاب الطبقات میں لکھا ہے کہ حضرت عبیداللہ بن عبداللہ بن معمر قرشی تیمی ۵۰ھ میں ہندوستان میں شہید کئے گئے۔ اس وقت ان کی عمر اسی سال سے کچھ کم تھی[3]

مشہد قندھار

والیٔ سجستان عباد بن زیاد ۵۳ھ میں سندھ اور کچھ فتح کرتے ہوئے گجرات کی بندرگاہ قندھار (گیندھار ضلع بھڑوچ) آئے، یہاں دشمن سے سخت مقابلہ ہوا اور کئی مجاہدین اسلام شہید ہوئے۔

یاقوت حموی نے لکھا ہے:۔

| | |
|---|---|
| وفتحها بعد ان اصيب رجالٌ من المسلمين[4] | کئی مسلمانوں کی شہادت کے بعد عباد نے قندھار کو فتح کیا۔ |

مشہد دیبل

حضرت عبیداللہ بن نبہان سلمیؒ کو حجاج نے بحری ڈاکوؤں کی تادیب کے لئے دیبل بھیجا جہاں وہ لڑتے لڑتے شہید ہوگئے۔ چچ نامہ کے حاشیہ میں ہے کہ کراچی کے

---

[1] تاریخ یعقوبی ج ۲ ص ۱۵ وتاریخ خلیفہ ج ۱ ص ۲۳۷ و ۲۴۸۔ [2] تاریخ خلیفہ ج ۱ ص ۲۴۴ وتاریخ یعقوبی ج ۲ ص ۲۷۸۔ [3] کتاب الطبقات ص ۲۵۳ و ص ۲۸۱۔ [4] معجم البلدان ج ۷ ص ۱۶۷۔

علاقہ کسری اور کلفٹن کے درمیان عبداللہ شاہ کی قبر مشہور ہے۔ لوگوں کا بیان ہے کہ یہ بزرگ سندھ کی کسی جنگ میں اسلامی فوج کے سپاہی تھے۔ غالب گمان ہے کہ یہ عبیداللہ بن نبہان کا مزار ہے جو اس کے قریب با دیبل میں شہید ہوئے۔

مگر عام مؤرخوں کی تصریح کے مطابق عبیداللہ بن نبہان غزوۂ دیبل ہی میں شہید ہوئے جو کراچی سے کافی دور واقع تھا اس لئے کراچی میں عبیداللہ بن نبہان کی قبر کا ہونا مستبعد معلوم ہوتا ہے۔ اسی غزوۂ دیبل میں حضرت بدیل بن طہفہ بجلی بھی تین ہزار سے زائد مجاہدین کو لے کر شریک ہوئے تھے۔ میدانِ جنگ میں ان کا گھوڑا دشمن کا ہاتھی دیکھ کر بدک گیا اور دشمنوں نے ان کو گھیر کر شہید کر دیا۔

ایک روایت کے مطابق جاٹوں نے ان کو شہید کیا۔ بہرحال ان کا مزار دیبل میں ہے بلاذری نے تصریح کی ہے:۔

| | |
|---|---|
| بدیل بن طہفۃ مصور | بدیل بن طہفہ کی تصویر مقام قند میں ہے |
| بقند وقبرہ بالدیبل[1] | اور ان کی قبر دیبل میں ہے۔ |

**مشہد شجاع حبشی** ۹۳ھ میں جنگِ داہر کے موقع پر محمد بن قاسم کی فوج میں شجاع حبشی نامی ایک مجاہد تھے انھوں نے جوشِ شجاعت میں نذر مانی تھی کہ جب تک راجہ داہر مارا نہیں جائے گا میں کھانا نہیں کھا سکتا۔ یہ رمضان ۹۳ھ کا واقعہ ہے۔ انھوں نے گھوڑے پر سوار ہو کر داہر کا مقابلہ کیا۔ داہر کا ہاتھی دیکھ کر ان کا گھوڑا بدک گیا اور اسی حال میں داہر نے ان کو تیر مار کر شہید کر دیا[2]۔

**مشہد قابل بن ہشام** اسی جنگِ داہر میں حضرت قابل بن ہشام کو سولہ زخم کاری لگے تھے اس کے باوجود نعرۂ تکبیر بلند کر کے دشمنوں سے جنگ کرتے تھے اور یہ اشعار پڑھتے تھے:۔

---

[1] فتوح البلدان ص ۴۲۶۔ [2] چچ نامہ ص

الا فاصبحانی قبل وقعۃ داھرٍ　　وقبل المنایا قد غدون بواکر

اے میرے ندیمو! جنگِ داہر سے پہلے مجھے صبوحی پلادو اور صبح سویرے آنے والی اموات سے پہلے پہلے سیراب کردو۔

وقبل غدٍ، یا لھف نفسی علی غدٍ　　اذا ما غدا اصبحی، ولست بباکر

کل سے پہلے آج ہی پلادو۔ افسوس کہ کل جب صبح ہوگی تو میں اس صبح میں نہیں رہوں گا۔

حتیٰ کہ اسی حال میں لڑتے لڑتے شہید ہوگئے۔ دشمنوں نے ان کے جسم سے لباس اور سامانِ جنگ اتارنا چاہا مگر نہ اتار سکے اور ان کی لاش کو کھاڑی میں ڈال دیا۔

**شہیدِ قندابیل** ۱۰۲ھ میں شام و عراق کی سیاست نے شہر قندابیل کو آلِ مہلب کے لیے کربلا بنا دیا تھا۔ آلِ مہلب عراق میں اموی اقتدار کے مقابلہ میں ناکام ہوکر تمام خاندان سمیت قندابیل چلے آئے جہاں ہلال بن احوز مازنی نے ان کو قتل کیا اور جو بچ گئے ان کو شام میں لے جاکر موت کے گھاٹ اتارا۔ یہاں جو مہالبہ قتل ہوئے ان میں سے چند کے نام یہ ہیں:۔ مفضل بن مہلب، عبدالملک بن مہلب، زیاد بن مہلب، مروان بن مہلب، معاویہ بن یزید بن مہلب، منجاب بن ابوعیینہ بن مہلب، عمرو بن یزید بن مہلب وغیرہ۔ مسعودی نے لکھا ہے:۔

وا ثخن القتل فی آل المھلب　　ہلال بن احوز نے آلِ مہلب کو اس طرح

حتیٰ کان ان یفنیھم[۲]　　بے دریغ قتل کیا کہ گویا ان کو فنا کر دیا۔

**شہیدِ سندھ** ہشام بن عبدالملک کے دورِ خلافت میں حکم بن عوانہ کلبی سندھ کے نہایت کامیاب فاتح و حکمران تھے۔ ۱۲۲ھ میں آخری بار جہاد کے لئے نکلے اور شہید ہوگئے۔ ایک روایت کے مطابق بحری ڈاکوؤں نے ان کو شہید کیا۔

یعقوبی نے لکھا ہے:۔

---

[۱] چچ نامہ ص　　[۲] مروج الذہب ج ۳ ص ۲۱۲۔

فلقی العدو فلم یزل یقاتل حتی قتل[1] | وہ دشمن سے لڑتے لڑتے شہید ہوگئے

بلاذری نے لکھا ہے :۔

ثم قتل بھا[2] | آخر میں سندھ میں شہید کردیئے گئے۔

اسی غزوہ میں بنو کلب کے دوسرے بزرگ خشبہ بن خفیف کلبی بھی شہید ہوئے۔

ابن ماکولا نے لکھا ہے :۔

خشبة الخفیف قتل مع الحکم بن عوانة بالسند[3] | حکم بن عوانہ کے ساتھ سندھ میں خشبہ بن خفیف بھی شہید ہوئے۔

مہالبہ کے قتل کی تفصیل اس کتاب میں اپنی جگہ پر موجود ہے ۔

## مقابر اور مزارات

ظاہر ہے کہ نوے سالہ دور اموی میں یہاں کے مقبوضہ علاقوں میں بے شمار مسلمان فوت ہوکر اس سرزمین میں مدفون ہوئے جن میں عام مسلمان، مجاہدین اور امراء و عمال ہی شامل ہیں۔ ان میں سے ہم کچھ حضرات کے مقابر و مزارات کی نشان دہی کرتے ہیں۔ اس سے اندازہ ہوگا کہ یہاں اسلام کے کیسے کیسے آفتاب و ماہتاب دفن ہیں ۔

**قصدار میں قبر حضرت منذر بن جارود عبدی رضؓ** | حضرت منذر بن جارود عبدی رضی اللہ عنہ صحابی ہیں۔ سنہ ... میں قندابیل آئے اور بوقان و قصدار کو فتح کیا، قصدار میں فوت ہوئے اور وہیں آپ کا مزار بنا۔ ایک شاعر نے کہا ہے :۔

حل بقصدار فاضحیٰ بھا | فی القبر لم یقفل مع القافلین

منذر قصدار گئے تو وہیں قبر میں رہ گئے اور واپس ہونے والوں کے ساتھ واپس نہ ہوئے

[1] تاریخ یعقوبی ج ۲ ص ۳۸۹ ۔ [2] فتوح البلدان ص ۴۳۰ ۔ [3] الاکمال ج ۲ ص ۱۷۱ ۔

Marfat.com

لله قصد ار و اعنا بھا ای فتی دنیا اجنت و دین

قصدار اور اس کے انگور کا کیا کہنا ہے جنھوں نے دین و دنیا کے بہترین بہادر کو اپنے سایہ میں لے لیا۔

اصابہ میں ہے کہ آپ ۶۱ھ کے آخر یا ۶۲ھ کی ابتدا میں قصدار میں فوت ہوئے۔[1]

**مکران میں قبر سعید بن اسلم کلابی**

عبدالملک بن مروان کے زمانہ میں سعید بن اسلم کلابی یہاں امیر بن کر آئے۔ علافیوں نے موقع پا کر ان کو قتل کر دیا۔ ان کی قبر مکران میں ہے۔ مشہور شاعر فرزدق نے سعید کے مرثیہ میں ان کی قبر کا تذکرہ کیا ہے۔

سقی اللہ قبراً من سعید فاصبحت نواحیہ ارضی علیك ترابھا

اللہ تعالیٰ سعید کی قبر کو سیراب کرے جس کے کناروں نے اپنی مٹی اس کی قبر پر رکھی ہے۔

لقد ضمنت ارض بمکران سیّداً کریمًا، جوادًا، لایواکف سحابھا

سرزمین مکران نے اپنے اندر ایک سردار، کریم، سخی کو چھپایا ہے اس کی سیرابی جاری رہے۔

**مکران میں قبر مجّاعہ بن سعر تمیمی**

سعید بن اسلم کی وفات کے بعد ۸۰ھ میں مجاعہ بن سعر تمیمی نے مکران آکر بگڑے ہوئے حالات درست کرنے کی کوشش کی مگر ایک سال بعد ۸۱ھ میں یہیں انتقال کر گئے۔[2]

**قنبل میں قبر محمد بن ہارون نمیری**

محمد بن ہارون بن ذراع نمیری خلیفہ عبدالملک بن مروان کے زمانہ میں یہاں کے امیر بنائے گئے۔ محمد بن قاسم ۹۲ھ میں مکران آئے تو محمد بن ہارون ان کا استقبال کر کے ان کے ساتھ چلے مگر ارمائیل کے قریب انتقال کر گئے اور مقام قنبل میں دفن کئے گئے۔

بلاذری نے لکھا ہے:۔

---

[1] تاریخ خلیفہ ج ۱ ص ۲۸۷۔ [2] تاریخ خلیفہ ج ۱ ص ۳۸۵ و فتوح البلدان ص ۴۲۳۔

Marfat.com

ثم اتی محمد ارمائیل وکان محمد بن هارون بن ذراع قد لقیہ فانضم الیہ وسار معہ فتوفی بالقرب منہا فدفن بقنبیل[1]

جب محمد بن قاسم ارمائیل آئے تو محمد بن ہارون نے ان سے ملاقات کی اور ان کے ہمراہ ہو گئے مگر ارمائیل کے قریب ان کا انتقال ہو گیا اور قنبیل میں دفن کئے گئے۔

**سندھ میں قبر عبدالرحمٰن بن عباس ہاشمی**

ابن اشعث کی شکست کے بعد جو لوگ بچ گئے تھے مختلف ملکوں میں منتشر ہو گئے۔ سندھ میں آنے والوں میں عبدالرحمٰن بن عباس بن ربیعہ بن حارث بن عبدالمطلب ہاشمی بھی تھے جو یہیں فوت ہوئے۔ حافظ ابن حجر نے تہذیب التہذیب میں لکھا ہے:-

توقع بارض فارس ثم سار الی السند فمات[2]

وہ پہلے فارس آئے پھر وہاں سے سندھ پہنچے اور یہیں فوت ہوئے۔

**قندابیل میں قبر عطیہ بن اسود حنفی خارجی**

سنہ ۶۹ھ میں عمان کے خوارج میں اختلاف ہوا، اور ان کا ایک سردار عطیہ بن اسود حنفی کرمان اور سجستان ہوتا ہوا سندھ آیا۔ مہلب بن ابوصفرہ کی فوجوں نے ہر جگہ اس کا تعاقب کیا۔ آخر قندابیل میں عطیہ بن اسود مارا گیا۔ ابن خلدون نے لکھا ہے:-

فقتلہ خیل المھلب بقندابیل[3]

مہلب کے سواروں نے عطیہ کو قندابیل میں قتل کیا۔

اس کی تفصیل دوسری جگہ درج ہے۔

**دیبل میں قبر تمیم بن زید قینی**

حدود سنہ ۱۰۵ھ میں تمیم بن زید قینی سندھ کے امیر بن کر آئے مگر چند ہی دنوں کے بعد دیبل کے قریب ایک تالاب ماء الجواميس (بھینس

[1] فتوح البلدان ص ۔۔۔ [2] تہذیب التہذیب ج ۔ ص ۲۰۵ [3] تاریخ ابن خلدون ج ۳ ص

(یا تالاب) میں ڈوب کر انتقال کر گئے۔ بلاذری نے لکھا ہے:-

ومات قریبا من الدیبل بماء یقال له ماء الجوامیس[1]

تمیم بن زید دیبل کے قریب مارالجوامیس نامی تالاب میں فوت ہوئے۔

**مکران میں قبر علافی**

سنہ ۸۰ھ میں محمد بن ہارون نمیری امیر مکران نے دو علافی باغیوں میں سے ایک کو قتل کر کے اس کا سر حجاج بن یوسف کے پاس روانہ کیا، اور دوسرا روپوش ہو گیا۔

**سندھ میں قبر یزید بن ابو کبشہ سکسکی**

سنہ ۹۶ھ میں یزید بن ابو کبشہ سکسکی سندھ کے امیر بن کر آئے مگر یہاں آنے کے اٹھارہ ہی دن بعد فوت ہو گئے[2]۔

**سندھ میں قبر تراب یا ابو تراب حنظلی**

ٹھٹھہ کے قریب چند میل پر دریا کے کنارے ایک مقام گوجھ ہے جسے عوام قبر ابو تراب اور حاجی ترابی کہتے ہیں۔ یہ جگہ گھچو اور کوری کے درمیان واقع ہے۔ حظیرہ کے گنبد پر سنہ ۱۷۱ھ درج ہے۔ تحفۃ الکرام میں ہے کہ یہ دور عباسیہ میں سندھ کے امیر تھے مگر عباسی دور میں ابو تراب یا تراب نامی کسی امیر کا تذکرہ نہیں ملتا۔ البتہ محمد بن قاسم کی فوج میں بنو حنظلہ کے تراب نامی ایک مجاہد تھے جو اسلامی فوج کے دریائے سندھ پار کرتے وقت غرق ہو گئے تھے۔ غالب گمان ہے کہ یہ مزار ان ہی بزرگ کا ہے تراب حنظلی یا حاجی ترابی اور ترابی پیر ایک شخص کے مختلف نام ہیں۔ سندھ گزیٹیر میں ان کی تاریخ وفات سنہ ۱۷۱ھ درج ہے حالانکہ یہ اس کے گنبد اور حظیرہ کی تاریخ بنا رہے جیسا کہ تحفۃ الکرام میں ہے۔

**سندھ میں قبر مروان بن یزید بن مہلب ازدی**

مروان بن یزید بن مہلب مشہور امیر و فاتح مہلب بن ابو صفرہ ازدی کا پوتا ہے۔ اس نے عمرو بن محمد بن قاسم کی فوج میں بغاوت کرا دی تھی۔ انھوں نے اس کے خلاف فوجی کارروائی کی آخر

[1] فتوح البلدان ص ۴۳۰۔ [2] فتوح البلدان ص ۴۲۸۔

Marfat.com

میں تمام باغیوں کو معاف کر کے ان کے سرغنہ مروان کو قتل کر دیا۔ یہ ۱۲۲ھ اور ۱۲۶ھ کے درمیان کا واقعہ ہے۔

**سندھ میں قبر عمرو بن محمد بن قاسم**

امیر سندھ محمد بن غزان کلبی نے سابق امیر سندھ اور اپنے حریف عمرو بن محمد بن قاسم کو گرفتار کر کے پولیس کے حوالہ کر دیا۔ عمرو نے موقع پاکر پولیس کی تلوار سے اپنا شکم چاک کر دیا، اور اسی میں تین دن کے بعد انتقال کر گئے۔ تفصیل اپنی جگہ موجود ہے۔[1]

**سندھ میں قبر جبیل محمد بن غزار قضاعی**

منصور بن جمہور کلبی نے اپنے غلبہ واقتدار کے دور میں محمد بن غزار قضاعی المعروف بہ جبیل کو حدود ۱۳۰ھ میں سندھ میں قتل کیا تھا جیسا کہ ابن ماکولا اور سمعانی نے لکھا ہے۔[2]

**منصورہ میں قبر منظور بن جمہور کلبی**

رفاعہ بن ثابت بن نعیم فلسطینی نے سندھ میں منصور بن جمہور کلبی کے یہاں آکر پناہ لی۔ اس نے نہایت اعزاز واحترام کے ساتھ اسے رکھا، اور اپنے بھائی منظور بن جمہور کلبی کے ساتھ رفاعہ کو ولایت میں شریک کیا مگر رفاعہ نے موقع پاکر منظور بن جمہور کو منصورہ میں قتل کر دیا۔[3]

**منصورہ کا پہلا خونی ستون**

جب منصور بن جمہور کلبی کو معلوم ہوا کہ رفاعہ نے منظور بن جمہور کو قتل کر دیا ہے تو ملتان کی مہم روک کر منصورہ آیا اور رفاعہ کو گرفتار کر کے پکی اینٹ کے ستون میں زندہ چنوا دیا۔

طبری نے لکھا ہے:۔

| | |
|---|---|
| فرجع الیہ فاخذہ | منصور نے رفاعہ کو گرفتار کر کے پکی اینٹوں |
| فبنی اسطوانة من آجر مجوفة | کا ایک ستون بنایا جو اندر سے خالی تھا اس |

---

۱؎ تاریخ طبری ج ۷ ص ۔ ۲؎ تاریخ طبری ج ۶ ص ۱۸۸ و کتاب الانساب ج ۳ ص ۴۰۔

۳؎ تاریخ طبری ج ۷ ص ۱۳۱۴۔

Marfat.com

| | |
|---|---|
| وادخله فيها ثم سمر ابها | میں رفاعہ کو بند کر کے چاروں طرف سے |
| وبنی علیہ[1] | بند کر دیا اور اس کے اوپر عمارت تعمیر کر دی۔ |

یہ واقعہ ۱۳۰ھ اور ۱۳۲ھ کے درمیان کا ہے۔

**ورہ کا دوسرا خونی ستون** یزید بن عرار کی امارت کے بعد منصور بن جمہور کلبی نے عراق سے سندھ آکر فتنہ و فساد کا بازار گرم کیا اور سندھ کے سابق امیر بن عرار کو منصورہ میں ایک ستون کے اندر چنوا دیا۔

یعقوبی نے لکھا ہے:۔

| | |
|---|---|
| فنزل علی حکمه، فامر | یزید بن عرار منصور کے فیصلہ پر راضی ہو گئے |
| فبنیت علیه اسطوانة | اور اس کے حکم سے ان کے اوپر زندہ ہی |
| وهو حی[2] | ستون بنا دیا گیا۔ |

## یادگاریں

اموی دور میں مسلمانوں نے ہندوستان میں اپنے بہادرانہ کارناموں اور حسنِ انتظام ہاں کے عوام و خواص کے دلوں میں بے پناہ عقیدت و محبت پیدا کر لی تھی، اور مقامی ندوں نے اپنے ذوق اور رواج کے مطابق خاص خاص امراء و فاتحین کے مجسمے، تصاویر یادگاریں قائم کر کے مدتوں ان کی یاد تازہ رکھی۔ ہندوستان قدیم زمانہ سے مصوری اور نگ تراشی کے فن میں مشہور رہا ہے اور یہاں خاص خاص شخصیتوں کی تاریخ اور یادگار کو نقش و کار اور تصاویر کے ذریعہ محفوظ رکھنے کا رواج ہے۔ ہندوستانیوں نے اپنے اس فن سے سلمانوں کو یاد رکھنے کی کوشش کی۔

---

[1] اریخ طبری ج ۴ ص ۳۱۴۔ [2] تاریخ یعقوبی ج ۲ ص ۳۰۴۔

**قند میں بدیل بن طہفہ بجلی کی یادگار**

حضرت بدیل بن طہفہ بجلی حضرت محمد بن قاسمؒ سے پہلے
کے ڈاکوؤں کی تادیب کے لئے آئے، مگر راجہ داہر
میں اپنی فوج لے کر کود پڑا۔ وہ ہاتھی پر سوار تھا۔ حضرت بدیل میدانِ جنگ میں بڑھ بڑھ
دادِ شجاعت دے رہے تھے کہ راجہ کے ہاتھی کو دیکھ کر ان کا گھوڑا بدک گیا۔ انھوں نے
اپنا عمامہ اتار کر اسی سے گھوڑے کی دونوں آنکھیں باندھ دیں۔ اس کے بعد اس بہا
اور بے جگری سے لڑے کہ اسّی سورماؤں کا کام تمام کیا۔ آخر میں خود بھی شہید ہو گئے۔ ان
بہادری کے اعتراف کے طور پر اہلِ ہند نے مقام قند میں ان کی تصویر بنا کر نصب کی
ان کی قبر دیبل میں تھی۔ منصور بن حاتم نحوی کی عینی شہادت بلاذری نے نقل کی ہے:

وبديل بن طهفة مصور بالقند وقبره بالديبل[۱]

بدیل بن طہفہ کی تصویر مقام قند میں ہے اور ان کی قبر دیبل میں ہے۔

منصور بن حاتم نحوی تیسری صدی میں ہندوستان آیا۔ اس وقت تک حضرت بدیل کی یہ
قند میں موجود تھی۔ معلوم نہیں اس کے بعد کب تک یہ یادگار ہندوستان میں قائم رہی۔

**بھروچ میں قشیم بن ثعلبہ کی یادگار**

جنگِ داہر ۹۳ھ میں بلاذری کی روایت کے مطابق بنی کلاب
ایک سپاہی نے اسے قتل کیا تھا، مگر ابن درید اور ابن حزم
تصریح کے مطابق بنو طے کے ایک مجاہد قشیم بن ثعلبہ بن عبداللہ بن مہلہل راجہ داہر کے قاتل
ان کے اس بہادرانہ کام کا اقرار و اعتراف اہلِ ہند نے اپنی روایت کے مطابق یوں کیا کہ
داہر کے مجسمہ کے ساتھ ان کا مجسمہ بھی بھروچ میں نصب کیا۔ قاتل اور مقتول دونوں کی تصو
منصور بن حاتم نحوی نے بھروچ میں دیکھی تھیں۔ اس کی شہادت بلاذری نے نقل کی

وحدثني منصور بن حاتم

منصور بن حاتم نے مجھ سے بیان کیا کہ

[۱] فتوح البلدان ص ۴۲۶۔

قال :- داهر والذی قتلہ — راجہ داہر اور اس کا مقتول دونوں کی

مصوران ببروص[1] — تصویریں بھڑوچ میں بنائی گئی ہیں۔

یہ یادگاریں بھی تیسری صدی تک موجود تھیں۔ اس کے بعد معلوم نہیں کیا ہوئیں۔

**...ڑا میں محمد بن قاسم کی یادگار** ہندوستان کے سب سے زیادہ محبوب حکمراں اور ہر دل عزیز امیر محمد بن قاسم ثقفی کی مظلومانہ موت پر اموی حکمرانوں کو رنج ہوا ...ہیں، مگر ہندوستان میں ان کا شدید غم منایا گیا، اور یہاں کی رعایا نے ان کی تصویر یا مجسمہ بنا کر ...ڑا میں ان کی یادگار قائم کی۔ بلاذری نے لکھا ہے :-

فبکی اهل الهند علی محمد — اہلِ ہند محمد بن قاسم کے غم میں روئے اور

وصوّروہ بالکیرج — انھوں نے کھیڑا میں ان کی تصویر بنائی۔

بھڑوچ اور کھیڑا دونوں گجرات کے مشہور تاریخی شہر ہیں۔ راجہ داہر اور اس کے قاتل قشتم ...ثعلبہ اور محمد بن قاسم تینوں کی یادگاریں علاقہ گجرات میں قائم کی گئیں۔ اس سے یہاں کے ...ندوں کی مسلمانوں سے عقیدت و محبت کا پتہ چلتا ہے۔

## اعیان و اشراف اور اربابِ ہمم

اموی امراء و حکام کے علاوہ یہاں پر بہت سے اعیان و اشراف اور صاحبِ حیثیت ...ل آئے گئے جن کے افکار و اعمال نے یہاں کی سیاست و حکومت میں نمایاں مقام پایا۔

۱- محمد بن حارث علافی اور معاویہ بن حارث علافی دونوں بھائی عمان کے قبیلہ بنو سامہ سے ...جنھوں نے عبد الملک کے زمانہ میں یہاں خروج و بغاوت کی روش اختیار کی اور راجہ داہر ...ے زیر سایہ کئی سال تک سندھ پر قبضہ جمائے رکھا۔

۲- ان کی جماعت کے ایک شخص عبد الرحیم بن سامہ سامی نے راجہ جے سیہ کے ساتھ رہ کر کشمیر

---

[1] فتوح البلدان ص ۴۲۶۔ [2] فتوح البلدان ص ۴۲۸۔

میں حکومت حاصل کی جس پر اس کی اولاد مدتوں حکمراں رہی۔

۳۔عبدالرحمٰن بن محمد بن اشعث نے ۸۱ھ میں حجاج بن یوسف پھر عبدالملک بن مروان کے مظالم کے خلاف عباد و زہاد اور علمار کی بہت بڑی جماعت کو لے کر خروج کیا، ان کے ساتھ سندھ کے جاٹ بھی اموی خلافت کے خلاف صف آرا تھے، ناکامی کے بعد ابن اشعث راجہ رتبیل کی پناہ میں آئے اور حجاج کی طلب پر عراق روانہ کئے گئے مگر راستہ میں ان کا کام تمام ہو گیا۔

۴۔عبدالرحمٰن بن عباس بن ربیعہ بن حارث بن عبدالملک قرشی ہاشمی، ابن اشعث کی فوج کے قائدین میں سے تھے۔شکست کے بعد اپنی فوج لے کر براہ فارس سندھ آئے اور یہیں فوت ہوئے۔

۵۔معاویہ بن قرہ مزنی بصری مشہور قاضی اسلام حضرت ایاس بن معاویہ کے والد ہیں۔ایک مرتبہ عبدالملک بن مروان کے دربار میں حجاج کو کھری کھری باتیں سنائیں۔اس پر عبدالملک ان کو سندھ بھیجدیا تاکہ حجاج ان کو کسی بہانہ سے اذیت نہ پہنچائے۔انھوں نے یہاں آکر بہتر کارنامے انجام دیئے۔

۶۔ابوہاشم بکیر بن ماہان کوفی شیعی دعوت کا زبردست ساعی و مبلغ تھا۔جنید بن عبدالرحمٰن مرّی کے ترجمان اور سکریٹری کی حیثیت سے سندھ میں تھا۔یہاں بہت زیادہ دولت کمائی جسے جاکر شیعی دعوت پر خرچ کیا، اور اس کے ذریعہ ہندوستان کی دولت اس دعوت پر صرف ہوئی۔

۷۔منذر بن زبیر بن عبدالرحمٰن بن ہبار ہباری، حکم بن عوانہ کلبی کے ساتھ سندھ آیا۔صاحب عزم و ارادہ انسان تھا۔جاہ و اقتدار کی تلاش میں رہا کرتا تھا چنانچہ پہلے عباسی خلیفہ ابوالعباس سفاح کے دور میں قزقیسیا میں جاکر بغاوت و استقلال کا مظاہرہ کیا۔جس کے نتیجہ میں سولی چڑھا دیا گیا مگر اس کی اولاد سندھ میں اقتدار و غلبہ کی کوشش میں رہی یہاں تک کہ اس کے پوتے عمر بن عبدالعزیز بن منذر ہباری نے منصورہ میں اپنی مستقل حکومت قائم کرلی جس میں کئی حکمراں گذرے ہیں، اور وہ ہندوستان میں عرب حکومتوں میں سب سے شاندار اور کامیاب حکومت

بت ہوئی۔

۸۔ سلیمان بن ہشام بن عبد الملک، اموی خلیفہ ہشام کا شہزادہ ہے۔ ضحاک شیبانی خارجی کا فدار و ہمنوا تھا۔ ایک معرکہ میں اموی فوجوں سے شکست کھا کر ۱۳۰ھ میں حشم و خدم اور آل و ولاد کو لے کر سندھ چلا آیا۔

۹۔ آل مہلب ازدی، آل مہلب اموی دور میں وہی مقام رکھتے تھے جو عباسی دور میں برامکہ کو حاصل تھا بلکہ فوجی اور سیاسی خدمات میں مہالبہ بڑھے ہوئے ہیں۔ یہ پورا خاندان شرافت نجابت، شان و شوکت اور حکومت و امارت میں مشہور تھا۔ ہندوستان اور دوسرے ممالک یں اس کے کئی امراء و حکام رہ چکے ہیں۔ ۱۰۲ھ میں یہ کنبہ اپنے بال بچوں سمیت قندابیل میں بڑی بے دردی سے قتل کیا گیا اور جو لوگ یہاں سے گرفتار کر کے عرب بھیجے گئے ان کو بھی بڑی سفاکی سے موت کے گھاٹ اتار دیا گیا۔

۱۰۔ حبیب بن مرہ مری، خلیفہ مروان کے فرسان و قواد میں سے تھا۔ جنید بن عبد الرحمٰن مری کے ساتھ ہندوستان کی فتوحات میں شریک تھا اور گجرات و مالوہ کے کئی شہر فتح کیے۔ عباسی دور میں مقام حوران یں بنو قیس کو لے کر خروج کیا اور اسی میں مارا گیا۔

۱۱۔ معن بن زائدہ شیبانی، دولتین کے مشہور امراء و قواد میں سے تھے، ان کا درباری شاعر مروان بن ابی حفصہ تھا۔ اموی دور میں متعدد بلاد و امصار کے امیر بنائے گئے۔ عمرو بن محمد بن قاسم کے دورِ امارت میں ہندوستان میں رہ کر فتوحات میں خدمات انجام دی ہیں۔

۱۲۔ عطیہ بن عبد الرحمٰن بھی معن بن زائدہ شیبانی کی طرح عمرو بن محمد بن قاسم کے فوجی امراء میں سے تھے۔

۱۳۔ محمد بن غزان کلبی کو عمرو بن محمد بن قاسم نے سندھ کی امارت کے زمانہ میں گرفتار کر کے عراق بھیج دیا جہاں اسے سخت سے سخت سزا دی جاتی تھی۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ جب محمد بن غزان کلبی خود سندھ کا امیر بن کر آیا تو اس نے عمرو بن محمد بن قاسم کو گرفتار کیا اور اسی گرفتاری میں ان کی

جان گئی۔

۱۴۔ عامر بن ضبابہ مزنی، اموی فوج کا امیر و قائد تھا۔ خوارج کے مقابلہ میں ہزیمت اٹھا
سندھ میں پناہ گزیں تھا۔

۱۵۔ منصور بن جمہور کلبی مشہور بہادر اور شہسوار تھا۔ سن ۱۳۱ھ میں ہندوستان میں فتنہ و فساد
برپا کرکے اپنی حکومت قائم کرلی۔

۱۶۔ اس کے ساتھ اس کا بھائی منظور بن جمہور کلبی بھی تھا۔ ان دونوں بھائیوں نے امو
دور کے آخری سالوں میں سندھ پر قبضہ کر رکھا تھا۔

۱۷۔ رفاعہ بن ثابت بن نعیم نے مروان کے خلاف اہلِ فلسطین کے ساتھ خروج کیا اور شکست
کھاکر سندھ بھاگ آیا۔ یہاں منصور بن جمہور کلبی نے اس کے ساتھ نہایت اچھا سلوک کیا مگر اس
نے منصور کے بھائی منظور بن جمہور کلبی کو موقع پاکر قتل کر دیا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ منصور بن جمہور نے ا...
زندہ ایک مینار میں چنوا دیا۔

ان چند اربابِ عزم و حوصلہ اور اشراف و اعیان کے علاوہ محمد بن قاسم کے ساتھ ایک
بڑی جمعیت تھی جن میں جہم بن زحر بن قیس جعفی، محمد بن مصعب ثقفی، عطیہ بن سعد عوفی، مو...
بن سنان بن سلمہ ہذلی، نباتہ بن حنظلہ کلبی، زائدہ بن عمیر طائی، زعوۃ بن عمیر طائی، سفیان بن
ابرد کلبی خریم الناعم بن عمرو بن حارث مری، قطن بن مدرک کلابی، شمر بن عطیہ اسدی، سلیمان بن
نبہان قشیری، کعب بن مخارق راسبی وغیرہ قابلِ ذکر ہیں۔

## سرکاری اور داخلی اختلافات کے اثرات و نتائج

حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے انتقال سنہ ۶۰ھ کے بعد ہی سے اموی خلافت میں داخلی ...
شدت کے ساتھ شروع ہو گئی تھی، اور یزید کا پورا دور بڑا اندوہناک گذرا۔ جس کے اثرات ...
پورے عالمِ اسلام میں اختلاف کی فضا پیدا کر دی۔ واقعۂ کربلا، واقعۂ حرہ اور مکہ مکرمہ میں حضر...

[عبد]اللہ بن زبیرؓ سے جنگ کے نتائج نہایت دیرپا اور دوررس نکلے، مگر اموی اقتدار نے ان کو آگے [بڑ]ھنے نہیں دیا اس لئے اس وقت ان کا ظہور عجم و ایران اور دیگر مشرقی ممالک میں نہیں ہوا، مرکز [ا]ن دور میں طرح طرح کی کمزوریوں میں مبتلا ہو کر اپنے معاملات میں الجھا ہوا تھا۔ مگر عام امراء و حکام [و] فاتحین نے عالم اسلام کو نہ صرف ان سے محفوظ رکھا بلکہ وہ اپنی فتوحات میں آگے بڑھتے رہے۔ یہ بات [بڑ]ی خوش آئند ثابت ہوئی کہ وہ مرکز کی سیاست میں نہیں الجھے، یہی وجہ ہے کہ ابتدائی حوادث و فتن [ک]ے اثرات ہندوستان میں نظر نہیں آئے اور نہ امویوں کی کوئی مخالف طاقت یہاں کام کر سکی۔ [یہاں تک] کہ عبد الملک بن مروان (۶۶ھ تا ۸۶ھ) کا دور آیا جو کئی اعتبار سے اموی خلافت میں سب سے زیادہ پرفتن اور غیر مطمئن دور تھا اس میں اموی خلافت ہر چہار طرف سے حوادث و فتن اور [خ]روج و بغاوت سے گھری ہوئی تھی۔

اسی زمانہ میں ہندوستان میں امویوں کی مخالف سرگرمیوں اور تحریکوں کے قدم جمنے شروع ہوئے، یوں تو اس دور میں کئی چھوٹے بڑے فتنے تھے مگر ان میں دو اپنے نتائج و نظریات کے اعتبار سے بہت دوررس اور دیرپا ثابت ہوئے۔ ایک خوارج کی خونریزی اور دوسرے [ش]یعوں کی خفیہ سازش۔ دوسری تحریکیں وقتی طور سے اٹھیں اور ختم ہو گئیں مگر خوارج اور شیعہ نے [اپ]نے مستقل عقائد و نظریات قائم کر کے جگہ پکڑ لی اور پورے مشرقی ممالک کی طرح ہندوستان [بھ]ی ان سے متاثر ہوا بلکہ خارجیت اور شیعیت نے ان ملکوں میں اپنے مرکز قائم کر کے کامیابی [ح]اصل کی۔

اس وقت ہم مرکز کی ان سرکاری، سیاسی اور داخلی سرگرمیوں اور سازشوں کے اثرات و نتائج کو اختصار کے ساتھ ذکر کر رہے ہیں جن سے ہندوستان متاثر ہوا، اور جن کے نتائج عام [ح]الت میں برے مگر بعض صورتوں میں اچھے نکلے۔ اموی دور کے ہندوستان کی اسلامی [تا]ریخ میں یہ سیاسی اثرات بڑی اہمیت رکھتے ہیں، اور بعد کے واقعات سے ان کا [گہرا] تعلق ہے۔

Marfat.com

# علّافیوں کے غلبہ کے اثرات و نتائج

یہاں اموی عہد میں سب سے پہلا فتنہ ۶۵ھ میں ظاہر ہوا اور عبدالملک بن مروان کے د
میں عمان کے قبیلہ بنو سامہ کی شاخ بنو علّاف اور اس کے ہمنواؤں نے سندھ و مکران پر غلبہ
استیلا، حاصل کیا۔ اس زمانہ میں مشرقی ممالک میں اموی خلافت میں خروج و شورش کی ہوا
چل پڑی تھی۔ عبداللہ بن خازم سلمی نے حضرت ابن زبیر کی ماتحتی میں خراسان پر قبضہ جمایا او
معاویہ بن محمد علّافی اور اس کے بھائی حارث بن محمد علافی نے اپنے طور پر سندھ و مکران پر غل
حاصل کر لیا۔ علامہ ذہبیؒ نے تاریخ الاسلام میں لکھا ہے:۔

| | |
|---|---|
| (وفی سنۃ خمس وستین) غلب | ۶۵ھ میں عبداللہ بن خازم نے خراسان |
| عبد اللہ بن خازم علی خراسان، | پر، اور معاویہ علافی نے سندھ پر غلبہ حاصل |
| وغلب معاویۃ الکلابی (العلافی) علی | کر لیا جو حجاج بن یوسف کے بحرین میں آنے |
| السند الی قدوم الحجاج البحرین[1] | تک باقی رہا۔ |

علافیوں نے سندھ آنے کے بعد سب سے پہلا کام یہ کیا کہ راجہ داہر اور راجہ رن مل کی
جنگ میں راجہ داہر کا ساتھ دے کر راجہ رن مل کو شکست دی۔ راجہ داہر نے اپنے ان عرب ہمدرد
اور محسنوں کی خبر گیری اور مدد میں کمی نہیں کی۔ نتیجہ یہ ہوا کہ اسی کی ہمدردی سے انھوں نے ام
حاکم کو ایک موقع سے قتل کر کے پورے سندھ و مکران پر قبضہ جما لیا اور جب خلافت کی طرف
ان کی تلاش ہوئی تو اپنے آدمیوں کو لے کر راجہ داہر کی پناہ میں چلے گئے۔ ۸۰ھ کے بعد دونو
بھائیوں میں سے ایک بھاگ گیا اور ایک قتل ہوا جس سے ان کا غلبہ ختم ہو گیا مگر اس کے بعد
بنو سامہ ہندوستان میں اپنے اقتدار کے لئے کوشش کرتے رہے۔ یہاں تک کہ ان کو منگدو...
پر اقتدار حاصل ہوا اور انھوں نے اس ملک میں کامیاب حکومت کی۔

---

[1] تاریخ الاسلام ج ۲ ص ۳۷۲۔

Marfat.com

چنانچہ ان میں ایک شخص حمیم بن سامہ سامی تھا جو شکست کے بعد راجہ داہر کی پناہ میں جا کر
یں سکونت پذیر ہو گیا اور جب محمد بن قاسم نے سندھ فتح کیا تو وہ وہاں سے نکل کر برہمن آباد چلا
د راجہ داہر کے بیٹے راجہ جے سیہ کا مشیر اور رہنوا بن کر زندگی بسر کرنے لگا اور جب راجہ جے سیہ
یا تو حمیم بن سامہ بھی اس کے ساتھ وہاں پہنچا کشمیر کے راجہ نے راجہ جے سیہ کا اعزاز و اکرام کر کے
یک بڑی جاگیر دی۔ راجہ جے سیہ نے حمیم بن سامہ کو اپنی طرف سے منتظم و منصرم مقرر کیا اور چونکہ راجہ
بلا اولاد فوت ہوا اس لئے حمیم بن سامہ اس جاگیر کا مستقل مالک بن گیا بعد میں اس کی اولاد نے
یاست پر مدتوں قابض و دخیل رہ کر وہاں مساجد وغیرہ تعمیر کیں۔ اس کے بعد اس ملک میں
ن کا اقتدار بڑھتا رہا۔ حتیٰ کہ عباسی دور میں ان کے سلسلہ کی دو حکومتیں ہندوستان میں قائم
)۔ ایک نواحی بمبئی کے مقام سندان (سنجان) میں بعہد خلیفہ مامون قائم ہوئی جس کا بانی بنو
کا آزاد کردہ غلام فضل بن ماہان تھا۔ اس میں تین کامیاب حکمران گذرے ہیں۔ جنھوں نے
) بمبئی سے لے کر سورا شٹر کے ساحلی مقامات تک نہایت کامیاب حکومت کی۔

اور دوسری حکومت ملتان میں خود سامیوں نے قائم کی جو حدود ۲۸۰ھ سے ۳۹۶ھ تک
ت کامیابی کے ساتھ جاری رہی۔ اس میں متعدد حکمران گذرے ہیں اس کا بانی محمد بن قاسم بن
امی تھا۔ سندان اور ملتان کی یہ دونوں حکومتیں عباسی خلفاء کے نام کا خطبہ پڑھتی تھیں اس
۶۵ھ سے بنو سامہ کے غلبہ و استیلاء کا سلسلہ ۳۹۶ھ تک اس ملک میں جاری رہا۔

## فتنۂ ابن اشعث کے اثرات و نتائج

عبدالملک بن مروان اور حجاج بن یوسف کے خلاف عبدالرحمٰن بن محمد بن اشعث نے بصرہ
و فقہاء اور عُبّاد و زہّاد کی زبردست جمعیت کے ساتھ خروج کیا اور ۸۱ھ سے ۸۵ھ
نین میں کئی سخت خونی معرکے ہوئے، اس میں ہندوستان کے وہ جاٹ بھی شریک تھے
نے اسلام قبول کرتے وقت مسلمانوں کے اندرونی جھگڑوں میں نہ پڑنے کی شرط خود

لگائی تھی مگر اس موقع پر انھوں نے کھل کر اموی اقتدار کا مقابلہ کیا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ حجاج بن یوسف نے ان کے وظائف بند کردیئے۔ ان کے مکانات منہدم کرادیئے اور ان کو منتشر کرکے مختلف علاقوں میں آباد کرایا۔ اس طرح اس فتنہ میں ہندوستانیوں کا کافی نقصان ہوا، اور ان کے خلاف سخت تادیبی کارروائی کی گئی۔ بلکہ بعض روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ اس تحریک کے بانی میں سب سے پہلے ہندوستان ہی میں کارروائی ہوئی اور یہیں سے اس کی ابتدا ہوئی۔ صاحب اغانی نے اعشیٰ بنی ابی ربیعہ کے حال میں لکھا ہے کہ فتنۂ ابن اشعث کے ختم ہونے کے بعد ایک مرتبہ حجاج بن یوسف کے دربار میں کوفہ اور بصرہ کے اعیان موجود تھے اور اس کی گفتگو میں اہلِ بصرہ نے کہا کہ اس فتنہ کے بانی اہلِ کوفہ ہیں۔

اس کے جواب میں اہلِ کوفہ نے کہا:۔

| | |
|---|---|
| لا ، بل اهل البصرة اول | نہیں، بلکہ اہلِ بصرہ نے پہلے نافرمانی |
| من اظهر المعصية مع جرير | وحکم عدولی کا مظاہرہ کیا، جبکہ جریر بن |
| بن هميان السدوسی اذجاء | ہمیان سدوسی سندھ سے مخالف بن کر |
| مخالفا من السند واكثروا | بصرہ آیا۔ اہلِ کوفہ نے اس بارے میں |
| فی ذالك [1] | اہلِ بصرہ پر خوب الزام لگایا۔ |

ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ابن اشعث اور ان کے آدمیوں نے ان کی سجستان کی امارت کے زمانہ میں ان اطراف میں رہ کر حجاج بن یوسف اور خلیفہ عبدالملک بن مروان کے خلاف خروج کا نقشہ مرتب کرلیا تھا اور یہاں کے آدمیوں کی حمایت حاصل کرلی تھی۔

چنانچہ ناکامی کے بعد ابن اشعث اور ان کے دستِ راست عبدالرحمٰن بن عباس قرشی اور ان کی فوج کے بہت سے سپاہی ہندوستان میں پناہ گزین ہوئے۔ راجہ رتبیل نے ابن اشعث کو پناہ دی جس سے اندازہ ہوا کہ سندھ کے راجہ داہر کے بعد بامیان کا راجہ رتبیل

[1] الاغانی ج ۱۸ ص ۴۳۔

Marfat.com

فت کے مخالفوں کی پشت پناہی کر رہا ہے مگر حجاج بن یوسف کی طرف سے سخت مطالبہ پر راجہ یل نے ابن اشعث کو واپس کر کے ناجنگ معاہدہ کر لیا۔ عبدالرحمٰن بن عباس ہاشمی قریشی اموی یوں سے شکست کے بعد بھی مقابلہ کرتے رہے مگر بعد میں براہِ ہرات سندھ آئے اور یہیں ت ہوئے چونکہ خوارج اور شیعوں کی طرح اس فتنہ کے پس پردہ عقائد و نظریات کام نہیں کر رہے بلکہ یہ ظلم و عدوان کے خلاف وقتی اقدام تھا۔ اس لئے ہندوستان میں اس کے اثرات دیرپا ر دور رس نہیں رہے۔ صرف ان ہندی مسلمانوں کا نقصان ہوا جو اس میں شریک تھے۔

## محمد بن قاسم کے المیہ کے اثرات و نتائج

امویوں کے کھلے دشمنوں اور مخالفوں کے مقابلہ میں ان کے اندرونی فتنے زیادہ خطرناک ے جو خود ان کے امراء و حکام میں پائے جاتے تھے۔ افسوس کہ اموی خلفاء کو اپنے ان داخلی فتنوں سے بہت کم فرصت مل سکی۔ یہ عجیب بات ہے کہ حجاج بن یوسف ثقفی اور یزید بن مہلب بن ابوصفرہ یسے حوصلہ مند، طاقتور اور دور اندیش امراء بھی اندرونی خلفشار میں حصہ لیتے رہے جن کی جدوجہد سے اموی خلافت کو بڑی حد تک استحکام حاصل ہوا۔ اسی سے اندازہ ہو سکتا ہے کہ ان سے کم درجہ کے امراء و حکام کا کیا حال رہا ہو گا؟

ان داخلی فتنوں اور باہمی سازشوں کے اثرات پورے قلمرو میں ظاہر ہوئے جس میں ہندوستان بھی شامل ہے۔ اس کا سب سے المناک اور مکروہ نتیجہ ہندوستان میں محمد بن قاسم کی گرفتاری اور موت کی شکل میں ظاہر ہوا۔ اس کا پس منظر یہ ہے کہ یزید بن مہلب ازدی اور صالح بن عبدالرحمٰن تمیمی دونوں بیک وقت عراق کے امیر بنائے گئے اور ان دونوں کو حجاج بن یوسف اور اس کے خاندان آل ابوعقیل سے سخت نفرت و عداوت تھی، کیونکہ حجاج نے اپنے سالے یزید بن مہلب کو خراسان کی امارت سے معزول کر کے قتیبہ بن مسلم باہلی کو وہاں کا امیر بنایا۔ یزید بن مہلب کی صلاحیت و قابلیت دیکھ کر حجاج بن یوسف اس سے نفرت کرتا تھا،

Marfat.com

اور ڈرتا تھا کہ کہیں وہ میری جگہ نہ لے لے۔ ایک موقع پر حجاج نے اس کے ساتھ نہایت ظالمانہ سلوک بھی کیا تھا' اس وجہ سے حجاج کے مرتے ہی یزید اس کے خاندان کا شدید مخالف بن گیا اور صالح بن عبدالرحمٰن تمیمی کے بھائی آدم بن عبدالرحمٰن تمیمی کو حجاج نے خوارج کا ساتھ دینے کے الزام میں قتل کیا تھا اس لئے وہ حجاج کے خاندان سے انتقام لینے کا منتظر تھا۔ حجاج ۹۵ھ میں فوت ہوا اور سلیمان بن عبدالملک نے ۹۶ھ میں اس کے دونوں مخالفوں کو عراق کا امیر بنا دیا۔ اسی کے ساتھ خلیفہ سلیمان نے صالح بن عبدالرحمٰن کو لکھا کہ وہ آل ابوعقیل کو گرفتار کر کے ان کا محاسبہ کرے۔

اس کا مطلب یہ ہوا کہ آل ابوعقیل کے دو مخالف امراء کے ساتھ خلیفہ کی سخت گیری بھی شامل ہوگئی، اور کھل کر آل ابوعقیل کی گرفتاری اور تعذیب ہونے لگی۔ صالح نے اپنے امیر سندھ یزید بن ابوکبشہ سکسکی کو لکھا کہ محمد بن قاسم بھی آل ابوعقیل میں سے ہے اسے گرفتار کر کے عراق روانہ کر۔ چنانچہ یزید نے ان کو گرفتار کیا۔ یزید بن مہلب کا بھائی معاویہ بن مہلب اپنی نگرانی میں ان کو عراق لایا، اور صالح بن عبدالرحمٰن نے دیگر آل ابوعقیل کے ساتھ محمد بن قاسم کو واسط کے قید خانہ میں بند کر کے موت کے گھاٹ اتار دیا اور اندھی عداوت میں کسی امیر یا خلیفہ کو یہ نظر نہ آیا کہ وہ اپنی عداوت کی بھٹی میں اسلام کے کتنے زبردست فاتح کو جھونک رہا ہے اس کے بعد ہندوستان میں نہ صرف اسلامی فتوحات پر زوال آیا بلکہ تمام مقبوضہ و مفتوحہ علاقے باغی بن گئے اور مسلمانوں کو سخت پریشانی کا مقابلہ کرنا پڑا اور مدتوں یہ ملک فتنہ و فساد کی آماجگاہ بنا رہا۔

## مہالبہ کے المیہ کے اثرات و نتائج

حجاج بن یوسف اور یزید بن مہلب بہنوئی سالے کی عداوت اسی سانحہ پر ختم نہیں ہوگئی بلکہ اس کا سلسلہ آگے چلا اور ۱۰۲ھ میں قندابیل میں آل مہلب کے قتل و غارت کی صورت میں

Marfat.com

ا ہوا۔اس کا پس منظر یہ ہے کہ حجاج نے مہلب بن ابو صفرہ کو ولید بن عبد الملک کے زمانہ
راسان کا گورنر بنایا اور مہلب وہیں ذی الحجہ ۸۳ھ میں فوت ہو گئے۔ اس وقت انھوں نے
بیٹے یزید بن مہلب کو وقتی طور سے اپنا جانشین بنا دیا۔جب سلیمان بن عبد الملک خلیفہ ہوا تو
نے حجاج کے مشورہ سے یزید بن مہلب کو وہاں سے ہٹا دیا۔اس کے بعد حجاج نے یزید بن
ب کو گرفتار کر کے جیل میں بند کر دیا مگر وہ کسی طرح نکل کر سلیمان بن عبد الملک کے یہاں شام
پہنچا۔امارت کے زمانہ میں حجاج یزید کو سخت سے سخت سزائیں دیتا تھا۔نیز اس نے
مہلب کو طرح طرح سے پریشان کیا۔سلیمان بن عبد الملک خلیفہ ہوا تو اس نے یزید بن مہلب
پھر خراسان کا امیر بنایا۔ان باتوں کی وجہ سے یزید بن مہلب میں انتقامی جذبہ شدت سے
ا ہو گیا۔اس نے ابن اشعث کے بارے میں ایک مرتبہ کہا تھا کہ اسے اپنی آنکھ پر پٹی باندھ
اپنی تحریک میں آگے بڑھنا چاہیئے تھا۔یہاں تک کہ اس میں قتل ہو جاتا۔اس بات سے بھی
کے جرارت مندانہ اقدام کا پتہ چلتا ہے۔

عبد الملک خلیفہ ہوا تو اس نے تمام سابق امراء و حکام کو معزولی کا حکم جاری کیا، اور
کے امیر عدی بن ارطاۃ فزاری کو لکھا کہ وہ یزید بن مہلب کو گرفتار کر لے۔اس کے نتیجہ میں
ضان ۱۰۱ھ میں عدی بن ارطاۃ اور یزید بن مہلب میں جنگ ہوئی اور یزید نے عدی کو گرفتار
کے دوسرے قیدیوں کے ساتھ واسط کے قیدخانہ میں بند کر دیا اور خود بصرہ پر قبضہ کر کے
وفہ پر قبضہ کے ارادہ سے نکلا۔یزید بن عبد الملک کو اس کے خروج کا علم ہوا تو اس نے اپنے
ائی مسلمہ بن عبد الملک کو فوج کے ساتھ مقابلہ کے لئے روانہ کیا۔۱۰۲ھ میں یزید بن مہلب
ا گیا۔جب اس کی خبر اس کے بیٹے معاویہ بن یزید بن مہلب کو واسط میں ملی تو اس نے عدی
ارطاۃ اور دوسرے تمام قیدیوں کی گردن ماردی اور وہاں سے پورے خاندان کو لے کر
ابیل بھاگ آیا جہاں ہلال بن احوز مازنی نے پورے آل مہلب کو قتل کر دیا جیسا کہ تفصیل
کی ہے۔اس اندرونی فتنہ کی وجہ سے اموی دور اپنے بہت بڑے محسن خاندان سے محروم

ہوگیا اور جس مہلبی خاندان نے اموی دور کو چار چاند لگائے تھے۔ وہ خود امویوں کے ظلم کا شکار ہو گیا۔ اموی دور کے آل مہلب کی داستانِ عروج و زوال عباسی دور کے آل برامکہ کی داستانِ عروج و زوال سے ملتی جلتی ہے۔ اس برادر کشی کی وجہ سے ہندوستان کے عوام پر بہت برا اثر پڑا اور وہ مسلمانوں کو شک کی نظر سے دیکھنے لگے۔

## ہندی اشیاء عرب میں

اموی دور کے خاتمہ تک عرب و ہند کے اسلامی تعلقات پر ایک صدی سے زائد عرصہ گذر چکا تھا۔ اس درمیان میں دونوں ملکوں اور ان کے باشندوں میں انواع و اقسام کے روابط قائم ہو چکے تھے، اور صرف افکار و خیالات کا تبادلہ نہیں ہوا بلکہ دونوں ملکوں کی اشیاء کا لین دین بھی ہوا۔ اموی دور کے عربی ادب میں ان کا ذکر کیا گیا اور عربی شعراء نے ہندوستان اور اس سے متعلق چیزوں کا تذکرہ اپنے اشعار میں کیا، اگر اس قسم کے اشعار جمع کیے جائیں تو ایک مستقل دیوان مرتب ہو سکتا ہے۔

## ہندی آتش دان

مثلاً اس دور کے مشہور شاعر محمد بن عبداللہ نمیری جو حجاج بن یوسف کی بہن زینب سے تشبیب کرتا تھا، اس سلسلہ میں اس نے اشعار کہے جن میں ہندوستان کے مشک اور عود کے ساتھ یہاں کی انگیٹھی کا بھی تذکرہ کیا۔

تَضَوَّعَ مسکاً بطنُ نعمان اذ مشت

به زینب فی نسوة خفرات

جس وقت زینب اپنی نازک اندام سہیلیوں کے ساتھ وادیٔ نعمان میں چلی۔ وادیٔ نعمان نے مشک کی خوشبو پھیلا دی۔

Marfat.com

لها ارجٌ من جمرِ الهند ساطعٌ    تطلّع ريّاه من الكفرات[1]

ہندوستان کے آتش دان سے زینب کے عود کی خوشبو پھیل رہی ہے جس کی مہک رات
[کا]لمتوں میں پھوٹتی ہے۔

ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اس دور میں عرب کے لوگ عود ہندی کے ساتھ اس کے سلگانے
[کے] لئے آتش دانِ ہندی بھی یہیں سے لے جاتے تھے۔

## چینی طرائف

ہندوستان کے عجائب وغرائب دنیا میں مشہور ہیں اور یہاں کے طرائف یعنی آنکھوں
[کو] بھانے اور دلوں کو لبھانے والے سامان عربوں کے لئے پُرکشش اور طرفہ تماشا تھے، اور
[و]ہ بڑے ذوق وشوق سے ان میں دلچسپی لیتے تھے۔ مشہور شاعر جریر نے خلیفہ ولید کی مدح
[کر]تے ہوئے کہا ہے:۔

وَأَدَّتْ اليكَ الهندُ ما في حصونها    ومن ارض صينستان تجبى الطرائفُ

ہندوستان نے جو کچھ اس کے قلعوں میں تھا تم کو دے دیا اور ارضِ چین سے طرائف و
[تحا]ئف لائے جاتے ہیں۔

صینستان یا ارضِ چین ہندوستان کا مشرقی علاقہ تھا۔ جہاں چین اور ترکستان کے
[تا]جر آتے جاتے تھے، اور مقامی باشندے نسلی میل جول کی وجہ سے نہایت خوبصورت
[ہو]تے تھے۔ اس بین الاقوامی شہر اور اس کے بازاروں میں ہندوستان، چین اور
[تر]کستان کے عجیب وغریب سامان ملتے تھے جن کو عرب تاجر اپنے وطن لے جاتے تھے۔

## سندھی طرائف

سندھ کے کھیل تماشے کے سامان ارضِ صین سے کم دلچسپ نہیں ہوتے تھے۔ جن کو یہاں

---

[1] کتاب الاغانی ذکر محمد بن عبداللہ نمیری۔

Marfat.com

کے راجے مہاراجے اپنے دوستوں کو بطور تحفہ روانہ کیا کرتے تھے۔ قاضی رشید بن زبیر
کتاب الذخائر والتحف میں یہاں کے عجائب وطرائف اور ران کے ہدایا و تحائف کا تذکرہ نہ
تفصیل سے کیا ہے چنانچہ اس نے لکھا ہے کہ قیقان کے راجہ نے امیر سندھ حضرت عبداللہ بن
عبدی کی خدمت میں بے نظیر طرائف روانہ کئے تھے۔

وَحمل الیہ من الھدایا وطرائف — راجہ نے ابن سوار کے پاس ہدایا و تحائف
مافی بلاد السند، مالم — اور بلاد سندھ کے ایسے ایسے طرائف روانہ
یُرَ مثلہ[1] — کئے جن کی مثال دیکھنے میں نہیں آئی۔

ان ہی میں ایک آئینہ کا ٹکڑا بھی تھا جس کے بارے میں مشہور تھا کہ حضرت آدمؑ پرانا
تھا اور وہ اس میں اپنی اولاد کو جہاں سے چاہتے تھے دیکھ لیتے تھے۔

## قُصداری انگور

سندھ اور مکران کے درمیان طوران کا علاقہ تھا جسے علاقہ بُدھ بھی کہتے تھے۔ اس کے
قصدار کے انگور اپنی لذت وحلاوت اور عمدگی کی وجہ سے عربوں میں بہت مشہور و مرغوب
سنہ ۶۲ھ میں حضرت منذر بن جارود عبدیؓ نے اسے فتح کیا اور یہیں وفات پائی۔ اسی سلسلہ
ایک شاعر نے قصدار کے انگور کی بڑی تعریف کی ہے۔

لِلّٰہِ قصدار واعنابُھا — ای فتی دنیا اجنّت ودین

قُصدار اور وہاں کے انگور کیا ہی خوب اور پُرکشش ہیں جنھوں نے منذر جیسے دنیا
دین کے بہادر کو اپنے سایہ میں چھپا لیا۔ قصدار پہاڑی اور ریگستانی علاقہ تھا اس کے باد
نہایت سرسبز و شاداب تھا اور یہاں کی پیداوار میں انگور کو خاص شہرت حاصل تھی
مقدسی نے لکھا ہے :۔

---

[1] کتاب الذخائر والتحف ص ۱۶۷۔

Marfat.com

| | |
|---|---|
| والقصدار خصيبة، رخيصة | قصدار ہرا بھرا ہے سستائی بہت ہے۔ |
| الاسعار، بها اعناب وتجتمع | یہاں انگور پیدا ہوتے ہیں۔ مجموعۂ اضداد |
| بها اضداد، ولا بها | ہے یعنی گرم ہونے کے ساتھ ہرا بھرا ہے۔ |
| نخيل [۱] | یہاں کھجور کے باغات نہیں ہیں۔ |

۳۸ھ میں سنان بن سلمہ ہذلی نے اور ۶۲ھ میں منذر بن جارود عبدی نے قصدار میں فتوحات حاصل کیں، یقیناً ان ایام میں اسلامی لشکر نے وہاں کے انگور کو استعمال کیا ہوگا۔

## قیقانی گھوڑے

عرب کے اصیل گھوڑے قدیم زمانہ سے دنیا میں مشہور ہیں مگر قیقان اور سندھ کے گھوڑوں کی صلابت و موزونیت اور سبک روی نے عربوں کو اپنا شیدائی بنا لیا تھا اور وہ ان کو بڑے ذوق شوق سے یہاں سے عرب لے جاتے تھے اور ان سے نسل کشی کرتے تھے۔ ۴۵ھ میں فتح قیقان کے بعد ابن سوّار عبدی نے حضرت معاویہؓ کی خدمت میں قیقانی گھوڑے پیش کیے جن کی نسل شام و عراق وغیرہ میں خوب پھیلی، اور پسند کی گئی۔ بلاذری نے لکھا ہے:-

| | |
|---|---|
| ثم دخل الى معاوية، واهدى | ابن سوار نے حضرت معاویہ کو قیقانی |
| خيلاً قيقانية [۲] | گھوڑے ہدیہ میں دیئے۔ |

اور خلیفہ بن خیاط نے لکھا ہے:-

| | |
|---|---|
| وقاد منها خيلا، فالبراذين | ابن سوار قیقان سے گھوڑے لے گئے۔ |
| القيقانية من نسل تلك | عرب کے قیقانی ٹٹّو ان ہی گھوڑوں کی |
| الخيل [۳] | نسل سے ہیں۔ |

حضرت معاویہ پہلے سے قیقانی گھوڑوں سے اچھی طرح واقف تھے۔ چنانچہ جب انھوں نے

---

[۱] احسن التقاسیم ص ۴۷۴۔ [۲] فتوح البلدان ص ۴۳۱۔ [۳] تاریخ خلیفہ ج ۱ ص ۲۴۱۔

Marfat.com

ابن سوار کو یہاں پر جہاد کے لئے روانہ کیا تو ان سے منجملہ اور باتوں کے یہ بھی فرمایا تھا کہ سندھ
قیقان نامی پہاڑی علاقہ ہے۔ وہاں کے گھوڑے طویل و سبک اور خوبصورت ہوتے ہیں
غالباً اسی وجہ سے ابن سوار نے حضرت معاویہ کی خدمت میں قیقانی گھوڑے پیش کئے تھے۔
نیز اس سے ایک سال پہلے ۴۴ھ میں مہلب بن ابو صفرہ نے قندابیل و قیقان کی فتوح
کے دوران میں قیقان کے اٹھارہ ہندی سواروں کو دیکھا تھا جن کے گھوڑوں کی دُم کٹی ہوئی تھی۔
ان کو یہ چیز بہت پسند آئی اور انھوں نے اپنی فوج کے تمام گھوڑوں کو دُم بریدہ کرنے کا حکم
دیا اور اس پر فوراً عمل کیا گیا۔[۲] آج بھی وہاں کے گھوڑے مشہور ہیں۔

## سندھی گھوڑے

علاقہ قیقان کے علاوہ پورے سندھ کے گھوڑے اپنے حسن و جمال، سبک اندامی، تیز
روی اور اصل و نسل میں جو ہریت و مقبولیت رکھتے تھے اور عرب جاتے تھے۔ یہاں تک
اموی خلفاء اپنے اصیل اور عمدہ گھوڑوں کے نام سندھی رکھتے تھے۔ ولید بن یزید بن عبد
گھوڑوں کا بڑا شائق تھا۔ عمدہ نسل کے گھوڑے پالتا تھا اور ان کی دوڑ کراتا تھا۔ اس
اپنے سب سے عمدہ اور محبوب گھوڑے کا نام "سندی" رکھا تھا۔ اس کے ٹکر کا ایک اور گھو
تھا جس کا نام "زائد" رکھا تھا۔ خلیفہ ان دونوں میں مقابلہ و مبارزہ کراتا تھا جو باہم آ
پیچھے ہوجاتے تھے مگر دوسرے گھوڑوں سے آگے ہی رہتے تھے۔ مسعودی نے لکھا ہے:۔

| | |
|---|---|
| وكان السندى فرسه جواد زمانه، وكان يسابق به فى ايام هشام، و كان يقصر عن فرس هشام | ولید کا گھوڑا سندی اپنے زمانہ کا عمدہ ترین گھوڑا تھا۔ اس سے پہلے خلیفہ ہشام کے زمانہ میں اس کی دوڑ کرائی جاتی تھی۔ "سندی" ہشام کے دوسرے گھوڑے |

لہ بیخ نامہ ص ۸۷۔ ۲ہ فتوح البلدان ص ۴۲۱۔

Marfat.com

| | |
|---|---|
| المعروف بالزائد وربما ضامّه، وربما جاء مصليًا | "زائد" سے کبھی پیچھے ہوجاتا تھا اور کبھی اس سے مل جاتا تھا، اور بعض اوقات زائد کے بعد اس کا نمبر ہوتا تھا۔ |

نیز لکھا ہے:۔

| | |
|---|---|
| وجمع بین الفرس المعروف بالزائد والفرس المعروف بالسندی، وکان یبرزان الجری علی خیول زمانهما[۱] | ولید نے زائد اور سندی دونوں گھوڑوں کو جمع کیا تھا۔ یہ دونوں گھڑدوڑ میں اپنے زمانہ کے گھوڑوں میں آگے آگے تھے۔ |

ان دونوں گھوڑوں کی اہمیت کا یہ حال تھا کہ اس زمانہ کے وقائع نگاروں اور مورخوں نے ان کے حالات میں مستقل کتابیں لکھی ہیں ان باتوں سے پتہ چلتا ہے کہ اموی دور میں خلفاء وامراء اور عوام میں قیقان اور سندھ کے گھوڑے کس قدر مقبول ومرغوب تھے اور عرب میں ان کو کیا اہمیت حاصل تھی۔

## ہندوستانی خضاب

اس زمانہ میں ہندوستان کا سیاہ خضاب عرب میں بہت مشہور تھا، جسے عام طور سے بڑے لوگ استعمال کرتے تھے۔ اس میں خاص بات یہ تھی کہ ایک مرتبہ لگانے سے سال بھر سفید بال ظاہر نہیں ہوتے تھے۔ خلیفہ ہشام بن عبد الملک خاص طور سے اس خضاب کو استعمال کرتا تھا۔ مسعودی نے لکھا ہے کہ:۔

| | |
|---|---|
| والخضاب الاسود المعروف بالهندی وهو الخضاب الذی یلمع سواده فیما یظهر من اصول الشعر سنة کاملة | سیاہ خضاب جو ہندی کے نام سے مشہور ہے اس کی سیاہی یوں چمکتی ہے کہ سال بھر تک بالوں کی جڑ سے سیاہی نہیں جاتی۔ |

[۱] مروج الذهب ج ۳ ص ۲۳۰ و ۲۳۱۔



Marfat.com

بصبغۃ سوداء ولا ینصل منہ شیٔ ویحکی ان هشام بن عبد الملک بن مروان کان یختضب بھذا الخضاب[1]۔ بیان کیا جاتا ہے کہ خلیفہ ہشام بن عبدالملک اس خضاب کا استعمال کرتا تھا۔

## عبّادی ٹوپی

ہندوستان کی جو چیزیں عربوں کو اس قدر پسند آئیں کہ انھوں نے ان کو اپنی تہذیب میں داخل کر لیا۔ ان میں سے ایک عبادی ٹوپی بھی ہے جو سجستان کے امیر اور ہندوستان کے فاتح عباد بن زیاد بن ابوسفیان کے نام سے منسوب و مشہور ہے مگر درحقیقت اس کا تعلق گجرات سے ہے۔ ۵۳ھ میں عباد بن زیاد سجستان سے کچھ کاٹھیاواڑ ہوتے ہوئے گجرات پہنچے تو یہاں کے باشندوں کی لمبی اور اونچی ٹوپی ان کو اس قدر پسند آئی کہ بعد میں اسی طرز کی ٹوپیاں بنوائیں جو عبادی کے نام سے مشہور ہوئیں۔ بلاذری نے لکھا ہے:۔

ورأی قلانس اھلھا طوالا فعمل علیھا فسمیت العبادیۃ[2]

عباد نے گجرات والوں کی لمبی لمبی ٹوپیاں دیکھیں تو ان ہی کے نمونہ کی ٹوپیاں تیار کرائیں جو عبادیہ کے نام سے موسوم کی گئیں۔

بلاذری کا طرزِ بیان بتا رہا ہے کہ یہ عبادی ٹوپیاں عام طور سے استعمال ہو رہی تھیں اور اپنے مخصوص نام سے مشہور تھیں۔

## ہاتھی

سب سے پہلے مسلمانوں نے فتح مدائن کے موقع پر ایرانی فوج کے ہاتھیوں پر قبضہ کیا اور امیرِ لشکر نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے ان کے بارے میں استصواب کیا۔ آپ نے لکھا اگر تم ان کو فروخت کر سکتے ہو تو فروخت کر دو۔ ان میں ہی سے حیرہ کے ایک آدمی نے ایک

[1] مروج الذہب ج ۱ ص ۱۶۷۔ [2] فتوح البلدان ص ۴۲۲۔

جسے وہ عوام کو دکھاتا پھرتا تھا۔[۱]

ہندوستان میں پہلی بار خلافت راشدہ میں فتح مکران کے موقع پر ہاتھی ہاتھ لگے اور امیر لشکر حضرت عمرو تغلبی نے ان کے بارے میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے مشورہ کیا تو آپ نے لکھا کہ ان کو اسلامی میں فروخت کر کے قیمت مجاہدوں میں بقدر حصہ تقسیم کردو۔ چنانچہ یہ ہاتھی بھی فروخت کر دیے گئے۔
ہماری معلومات میں ہندوستان کا ہاتھی سب سے پہلے محمد بن قاسم کے دورِ امارت میں ملک پہنچا جسے انھوں نے حجاج بن یوسف کو ہدیۃً بھیجا تھا پہلے اسے عراق لے جایا گیا پھر ایک کشتی پر کر کے بصرہ پہنچایا گیا اور جس ساحل پر اتارا گیا اس کا نام مشرعۃ الفیل اور فرضۃ الفیل یعنی ہاتھی گھاٹ رکھا گیا۔ بلاذری نے اس کی تفصیل یوں بیان کی ہے:۔

| | |
|---|---|
| کان محمد بن القاسم اھدی | محمد بن قاسم نے سندھ سے حجاج بن یوسف |
| الی الحجاج من السند فیلاً فاجیز | کے پاس ہاتھی بھیجا جسے ایک کشتی میں سوار |
| البطائح فی سفینۃٍ، واخرج فی المشرعۃ | کر کے بطائح کے علاقہ سے پار کیا گیا اور |
| التی تدعی مشرعۃ الفیل، فسمیت | اس بندرگاہ پر اتارا گیا جسے مشرعۃ الفیل |
| تلک المشرعۃ مشرعۃ الفیل وفرضۃ | اور فرضۃ الفیل (ہاتھی گھاٹ یا ہاتھی بندر) |
| الفیل[۲] | کہتے ہیں۔ |

اس ہندوستانی ہاتھی نے عرب میں وہ شہرت پائی کہ بصرہ کے پاس اس کے نام سے ایک بندرگاہ عوام و خواص میں صدیوں تک مشہور رہی۔ اموی دور ہی میں ہاتھی عرب شعرا کے اشعار میں نظر آنے لگا، چنانچہ رؤبہ بن عجاج نے کہا ہے:۔

اجرد، کالحصن، طویل النابین مُشرف اللحیٰ، صغیر العینین

سپاٹ، قلعہ کے مانند، دو لمبے دانت، اونچے کلّے، دو چھوٹی آنکھیں۔

یہ بھی بہت دلچسپ ہے کہ حجاج بن یوسف کے دورِ امارت میں ایک مرتبہ چند لوگوں نے

[۱] فتوح البلدان ص ۲۸۶۔ [۲] ایضاً ص ۲۹۰۔

ابوالحلال ہداہدی نامی ایک بوڑھے آدمی کو ہاتھی پر سوار کیا، پہلے اس نے انکار کیا اور کہا

أ ا رکب شیطانا ومنیخا وهضبة        وا سلم انی قبل ذلك فعلل

اس پر لوگوں نے اسے سمجھایا اور کہا کہ جب تم اس پر سوار ہو جاؤ گے تو تم کو خیر معلوم
بہر حال وہ سمجھانے بجھانے سے سوار ہو گیا مگر فوراً "زمین زمین" چلانے لگا۔ لوگ ڈر گئے کہ کہ
اوپر سے کود نہ جائے اس لئے اسے فوراً اتارا۔ اس کے بعد ابوالحلال ہداہدی نے ہاتھی
اشعار کہے جن میں یہ شعر بھی ہے۔

وما کان تحتی یوم ذلك بغلة        ولکن تحتی من رفیع السحاب [1]

# بھینس

اموی دور میں ہندوستان کی بھینسیں بھی بڑی تعداد میں شام و عراق کے مختلف علا
میں لے جائی گئیں جہاں ان کی نسل خوب پھیلی۔ سب سے پہلے آل مہلب یہاں کی بھینسیں عر
لے گئے۔ اس سے پہلے اہل عرب اس جانور کو نہیں جانتے تھے۔ بنو مہلب نے اپنی حکومت و
کے زمانہ میں شام، بصرہ اور عراق کے سواحل میں ان کو رکھا۔ جس وقت ۱۰۶ھ میں سندھ
شدید قحط پڑا۔ یہاں کے جاٹوں کو بلاد فارس اور عرب لے جا کر آباد کیا گیا تھا۔ یہ لوگ بال
اور سامانوں کی طرح اپنی بھینسوں کو ساتھ لیتے گئے اور وہاں ان کی نسلیں پھیلیں مسعود
نے کتاب التنبیہ والاشراف میں لکھا ہے :۔

ومنذ یومئذ صارت الجوامیس بالشام ..... ولم تعرف هنالك، وقیل ان بدء الجوامیس بالثغر الشامی، وسواحل الشام من جوامیس کانت لآل المهلب ببلاد البصرة والبطائح

اسی وقت سے شام میں بھینسیں پائی جانے لگیں۔ اس سے پہلے وہاں کے باشندے ان کو نہیں جانتے تھے۔ ایک قول کی رو سے شام کی سرحد اور سواحل میں بھینسوں کی ابتداء آل مہلب کی بھینسوں سے ہوئی

[1] کتاب الحیوان ج ۷ ص ۱۲۲ (بیروت)

Marfat.com

| | |
|---|---|
| ...المطفوف فلما قتل يزيد بن | جو بصرہ، بطائح اور سواحل میں تھیں۔ |
| المهلب نقل يزيد بن عبد الملك | یزید بن مہلب کے قتل کے بعد خلیفہ |
| ...ن مروان كثيراً منها الى | یزید بن عبد الملک نے ان کی بہت سی |
| ...هذه النواحي[۱] | بھینسوں کو نواحیٔ شام میں منتقل کر دیا۔ |

ہندوستانی بھینسوں کے سلسلے میں یہ معلومات بہت دلچسپ ہیں کہ ملک شام کے شہر انطاکیہ ...مصیصہ کا درمیانی راستہ جو جھاڑیوں اور جنگلوں میں گھرا ہوا تھا بہت ہی خطرناک تھا۔ اس میں ...ہا کرتے تھے جو راستہ چلنے والوں کو پھاڑ کر کھا جاتے تھے۔ ولید بن عبد الملک سے اس کی ...بت کی گئی اور اس نے اس علاقہ میں چار ہزار بھینس اور بھینسے چھوڑوا دیئے جس سے ...تعالیٰ نے پورا راستہ مامون و محفوظ کر دیا (واضح ہو کہ شیر بھینس سے بہت زیادہ ڈرتا ہے) ...ن قاسم نے ہندوستان سے کئی ہزار بھینسیں حجاج کے پاس روانہ کی تھیں۔ اس نے ان میں ...ار ہزار خلیفہ ولید کی خدمت میں بھجوا دیں اور باقی کو کسکر کی جھاڑیوں میں چھوڑ دیا۔ سنہ ۱۰۲ھ ...یزید بن مہلب کی بغاوت اور قتل کے بعد خلیفہ یزید بن عبد الملک نے آل مہلب کی چار ہزار ...سوں کو جو دجلہ اور کسکر کے اطراف میں تھیں مصیصہ کے علاقہ میں بھیج دیا۔ ساتھ ہی ان جاٹوں ...ن وہاں بھیج دیا جو ان بھینسوں کی رکھوالی کرتے تھے۔ اس طرح مصیصہ میں کل آٹھ ہزار بھینسیں ...یں جن میں اکثر پر انطاکیہ اور قنسرین کے باشندوں نے مروان بن محمد کے پرفتن دور میں قبضہ ...یا عباسی دور آیا تو خلیفہ ابو جعفر منصور نے ان تمام بھینسوں کو پھر مصیصہ واپس کرنے کا حکم ...ا گیا۔ انطاکیہ اور بوقا کی بھینسیں ان جاٹوں کی ملکیت تھیں جو ان کو لے کر ہندوستان سے ...تھے اور ان علاقوں میں آباد ہو گئے تھے[۲]

## عاج اور ساج

اس دور میں ہندوستانی اشیاء میں عاج اور ساج کا استعمال بھی بہت عام تھا۔ عاج

---

[۱] التنبیہ والاشراف ص ...      [۲] فتوح البلدان ص ۱۷۲۔

یعنی ہاتھی کے دانت اور اس کی ہڈیاں زیب و زینت کے سامان میں استعمال ہوتی تھیں
ساج یعنی یہاں کی ساگوان کی لکڑیاں تعمیرات میں عام طور سے استعمال ہوتی تھیں۔ خاص
سے جب اموی دور میں فارغ البالی اور تمدنی ترقی ہوئی تو یہاں سے ان چیزوں کی
بہت بڑھ گئی۔ اس کا اندازہ احنف بن قیس کے ان فخریہ جملوں سے ہوتا ہے جو ان کی
سے اہل کوفہ کے مقابلہ میں نکلے تھے۔

| | |
|---|---|
| نحن اکثر منکم عاجاً | ہم اہل بصرہ عاج، ساج اور دیبا کپڑے |
| وساجاً، ودیباجاً | کے استعمال میں اور خراج کی ادائیگی |
| وخراجاً۔ | میں تم اہل کوفہ سے بڑھے ہوئے ہیں۔ |

بعض لوگوں نے ان جملوں کی نسبت خالد بن صفوان کی طرف اور بعضوں نے ا
ہذلی کی طرف کی ہے[۱]۔

## ہندی طرزِ تعمیر

عربوں نے اپنے فنون لطیفہ اور آرٹ کا پورا مظاہرہ تعمیرات میں کیا ہے۔ فن تعمیر
عربوں نے وہ کمالات دکھائے ہیں کہ دنیا کی کوئی قوم اس بارے میں کبھی ان کی ہمسری
کر سکتی ہے۔ انھوں نے ہندوستانی طرزِ تعمیر، ہندوستانی معمار اور ہندوستانی سامان
سے پورا فائدہ اٹھایا اور عربی و ہندی ذوق تعمیر سے اپنی مسجدوں اور ایوانوں میں
حسن پیدا کیا۔ اموی خلفاء و امراء نے جو عجم و عجمیت کے ہر اثر سے بچنے کی کوشش کرتے
اپنے تعمیراتی ذوق میں ہندی رنگ کی آمیزش سے بڑی رونق اور دلکشی پیدا کی۔ حضرت
معاویہ کے دورِ خلافت میں حضرت عبد الرحمٰن بن سمرہ رضی اللہ عنہ نے سجستان و کابل کی امارت سے علیحدہ
ہو کر بصرہ میں سکونت اختیار کی اور وہیں ایک قصر (محل) تعمیر کرایا جس کے اندر مسجد بنوا

[۱] کتاب الحیوان ج ۲ ص ۶۶۵۔

Marfat.com

عبدکابل کے غلاموں نے تعمیر کی تھی جنھیں وہ کابل سے اپنے ساتھ لائے تھے اور خاص بات یہ تھی کہ انہی معماروں نے اس مسجد کو کابلی طرزِ تعمیر پر تیار کیا تھا۔ بلاذری نے لکھا ہے:۔

| | |
|---|---|
| وکان عبد الرحمٰن قدم بغلمان من | عبدالرحمٰن بن سمرہ کابل کے قیدیوں میں سے کچھ |
| سبی کابل فعملوا له مسجداً فی قصرہ | غلام ساتھ لائے تھے جنھوں نے ان کے بصرہ والے |
| بالبصرۃ علی بناء کابل [1] | محل کے اندر کابل کے طرزِ تعمیر پر ایک مسجد بنائی تھی۔ |

یعنی قصر ابن سمرہ کی مسجد کے معمار اور اس کا طرزِ تعمیر دونوں ہی کابلی تھے۔ معلوم ہو چکا ہے کہ قدیم ہندوستان میں کابل و سجستان بھی شامل تھے نیز کوفہ، بصرہ، انطاکیہ، لوقا اور کسکر وغیرہ میں جہاں جہاں ہندوستانیوں کی بڑی بڑی آبادیاں تھیں اور ان کے نام سے خطے تھے۔ ان میں انھوں نے اپنے ذوق کے مطابق کے مکانات تعمیر کئے اور عراق و شام کی عربی آبادی میں ہندی تعمیرات کی پیوندکاری کی۔ خلیفہ ولید بن عبدالملک نے دمشق میں شہرۂ آفاق جامع مسجد تعمیر کرائی اور اس کے لئے دنیا بھر کے ماہر و مشہور صنّاع اور کاریگر بلائے جن میں ہندوستان کے معمار بھی شامل تھے۔ مقدسی بشاری نے لکھا ہے:۔

| | |
|---|---|
| ویقال ان الولید جمع لبناء | بیان کیا گیا ہے کہ خلیفہ ولید نے جامع دمشق |
| الجامع حُذاق فارس والھند | کے لئے فارس، ہندوستان، مغرب اور روم |
| والمغرب، والروم [2] | کے ماہر کاریگروں کو جمع کیا تھا۔ |

یعنی اپنے دور میں دنیا کی حسین ترین عمارت میں ہندوستان کے فنکاروں نے حصہ لے کر اس میں اپنی فنی نزاکتیں اور لطافتیں و دلبستگی رکھیں۔ اموی خلفا میں ولید بن عبدالملک مسجدوں کی تعمیر کا شیدائی تھا۔ اس نے جامع دمشق کے ساتھ حرمین شریفین میں بھی تعمیری خدمات انجام دیں۔ دنیا سے بہتر بہتر کاریگر اور بہتر سے بہتر سامان مہیا کئے چنانچہ ہندوستان کی مشہور تعمیری لکڑی ساج یعنی ساگوان سے حرمین شریفین کی چھت بنوائی۔ ولید پہلا خلیفہ ہے جس نے مسجد حرام میں پتھر کے ستون لگوا کر اس کی چھت منقش ساگوان سے بنوائی۔ نیز اس نے ۹۶ھ میں مسجد نبوی کی توسیع کرکے اس کی چھت

[1] فتوح البلدان ص ۳۸۸۔ [2] احسن التقاسیم ص ۱۵۸۔

Marfat.com

بھی مزین و منقش ساگوان کی بنوائی۔[1]

# باندیاں

ہندوستان کی عورتیں وفاداری، جاں نثاری، بال بچوں کی پرورش اور امور خانہ داری کے علاوہ ہر قسم کے حسن انتظام میں قدیم زمانہ سے شہرت رکھتی ہیں۔ ساتھ ہی حسن وجمال میں ان کا بڑا نام ہے اس لئے عربوں کو ان سے رغبت رہی ہے اور خلفاء و امراء کی حرم سراؤں میں ان کو عزت کی جگہ ملی ہے اور عرب شعراء نے ان کو مرکز شعر و شاعری بنا کر غزل ونسیب اور تشبیب کی اصناف میں بڑا حسن و جمال پیدا کیا ہے۔ اس دور میں بہت سی سندھی باندیاں خلفاء و امراء کی حرم سرا میں تھیں جن سے ان کی اولاد کا سلسلہ چلا اور ان کے ذریعہ ہندی افکار و خیالات اور ہندی تہذیب و تمدن کے اثرات عربی گھروں میں پڑے۔ ایسی ہندیات وسندیات کے تذکرے اپنی جگہ موجود ہیں۔

---

[1] الدرۃ الثمینۃ فی اخبار المدینۃ ملحق شفاء الغرام ج ۲ ص ۳۷۱، ۳۷۲۔

(۸)

# اسلامی علوم وفنون

امومی دور میں ہندوستان کے دینی، علمی، فکری اور ذہنی کیف وکم میں نہایت خوشگوار اضافہ
ا اور عرب وہند نے ایک دوسرے کے علم وفن سے حصہ لیا۔ اس وقت دونوں طرف ایسے زباندان
رجمان موجود تھے جو ہندی سے عربی میں اور عربی سے ہندی میں ترجمہ کرتے تھے۔ حضرت معاویہ اور حضرت
بن عبدالعزیزؒ کی خدمت میں ارض چین اور ہندوستان کے راجوں نے ہندی علوم وفنون اور اسرار وحکم پر
تمل کتابیں روانہ کیں۔ ہمارے علم وتحقیق میں عرب وہند کے درمیان یہ پہلا علمی سلسلہ تھا جو اسلام فہمی کے
یہ پر جاری ہوا اور خالد بن یزید نے اس کتاب سے خوب خوب استفادہ کیا۔ اگر یہ کتابیں یہاں سے عربی
زبان میں روانہ کی گئی تھیں تو یہاں عربی زبان کے ماہرین موجود تھے جنھوں نے ان کو مرتب کیا تھا
ر اگر ہندی میں تھیں تو عرب میں اس زبان کے جاننے والے موجود تھے جنھوں نے ان کو عربی زبان میں
نقل کیا تھا نیز حجاج بن یوسف کے دربار میں نیرون سے دو شمنی گئے تھے جو بدھ مذہب کے عالم وپیشوا
ومنانی فلسفہ کے نمائندے تھے اور خود سندھ میں کئی شمنیوں نے محمد بن قاسم سے مل کر ملکی وشہری امور و
لات میں ان سے گفتگو کی۔ اموی خلفاء وامراء اور یہاں کے راجوں مہاراجوں میں خط وکتابت اغلب ہے کہ
بی زبان میں ہوتی تھی اور دونوں طرف کے ترجمان ان کا ترجمہ کرتے تھے۔ یہاں کے بعض راجے عربی زبان سے
رح واقف تھے اور عربی کے اشعار سنتے سناتے تھے ایسے لوگوں کو اسلامی علوم کے بارے میں فی الجملہ معلومات رہی ہونگی
اسی طرح یہاں کے مسلمان اس دور کے مروجہ اسلامی علوم سے حصہ وافر رکھتے تھے۔ اس دور میں
ث رسول کی تدوین وترتیب کی ابتداء ہو چکی تھی۔ حضرت عمر بن عبدالعزیز نے اس سلسلہ میں سرکاری

احکام جاری کئے اور جہاں جہاں سے احادیث کے ذاتی صحیفے اور کڑا سے ملے ان کو مرتب کیا
تفسیر کی تدوین کی ابتدا بھی اس میں ہو چکی تھی حضرت معاویہؓ نے عبید بن شریہ وغیرہ سے
تاریخی مجموعے مرتب کرائے۔ حجاز و عراق اور شام کے فقہاء اپنے اپنے اصول فقہ کی رو سے
فقہ کو مدون کر رہے تھے۔ لسانی اور ادبی علوم و فنون کی اشاعت بھی جاری تھی، عقلیت
اور علوم عقلیہ کی بنیاد پڑ رہی تھی۔ جبر و قدر، اعتزال کے نظریات بال و پر نکال رہے تھے اور
اسلامی عقائد و افکار پر عجمیت اپنی کمند پھینک رہی تھی۔ ایک طرف مجاہدین اسلام دنیا میں
بڑھ بڑھ کر فتوحات کر رہے تھے اور دوسری طرف علمائے تابعین و تبع تابعین مفتوحہ
ممالک میں اسلامی علوم کی نشر و اشاعت میں مصروف تھے۔ چنانچہ ہندوستان میں بھی یہ صورت
تھی اور اس دور میں یہاں بھی حدیث، تفسیر، فقہ، مغازی اور لسانی علوم میں ارباب فضل و کمال
موجود تھے اور یہاں کے مسلمان عرب اور دوسرے اسلامی بلاد و امصار میں ان علوم
فنون کے ائمہ و عباقرہ میں شمار ہوتے تھے۔

## علم حدیث اور محدثین

اموی دور میں ہندوستان کے مسلمانوں کی زندگی کا ہر پہلو نہایت تابناک تھا
ہر میدان میں عالم اسلام کے شانہ بشانہ چلتے تھے۔ ہر قسم کے علوم و فنون اور علماء
فضلاء سے ان کی محفلیں آباد تھیں اس دور کے رواج کے مطابق ان کی تعلیم و تعلم
سلسلہ جاری تھا۔ یہاں کے اعیان و اشراف فقہاء و محدثین، رواۃ حدیث، عباد و زہاد
شعراء و ادباء اس ملک کو چار چاند لگا رہے تھے اور عالم اسلام کے بلاد و امصار کی طرح
یہاں کے شہروں اور دیہاتوں میں بھی علوم و فنون کی سرگرمی اس دور کے معیار کے مطابق
جاری تھی مفتوحہ ممالک میں علماء و فقہاء محدثین، عباد و زہاد اور صلحاء کی جماعتیں روانہ کی
جاتی تھیں جو عموماً اصاغر صحابہ اور کبار تابعین پر مشتمل ہوتی تھیں، یہ حضرات اپنے اپنے

پر دینی اور علمی خدمات انجام دیتے تھے۔ ان کے پاس علوم و معارف کے مدونات بہت کم ہوتے تھے۔ زیادہ تر زبانی بیان کرتے تھے۔ بعض حضرات کے پاس ان کی مرویات کتابی شکل میں تھیں مگر ان کی حیثیت ذاتی یادداشت کی تھی۔ اس وقت تک احادیث و آثار کی باقاعدہ تدوین نہیں ہوئی تھی اور نہ "اخبرنا وحدثنا" کا طریقہ رائج ہوا تھا۔ اموی دور میں سنہ ۴۰ھ سے ۹۹ھ تک یہی حال رہا۔ اس کے بعد حضرت عمر بن عبد العزیزؒ نے احادیث و سنن کی تلاش و تدوین کے احکام جاری کئے اور احادیث کے کئی مدونات تیار ہو گئے۔ حتیٰ کہ پہلی صدی کے آخر اور دوسری صدی کی ابتداء میں باقاعدہ تدوین حدیث کا سلسلہ جاری ہو گیا اور سنہ ۱۲۰ھ اور سنہ ۱۵۰ھ کے درمیان تقریباً پورے عالم اسلام میں فقہی ترتیب پر احادیث و آثار جمع کئے گئے۔ اموی دور کا یہ پودا عباسی دور کی ابتداء میں پوری طرح بار آور ہو گیا اور باقاعدہ "اخبرنا وحدثنا" کے ساتھ کی روایت کا سلسلہ چلا۔ اس سے پہلے صحابہ کرام اور تابعین عظام اپنے اپنے حلقوں میں اپنے طور پر کتاب و سنت کی تعلیم و تلقین کی خدمت انجام دیتے تھے۔ چنانچہ ہندوستان میں بھی یہ طریقہ رائج تھا۔ یہاں بھی رواۃِ حدیث بڑی تعداد میں آئے اور اس زمانہ کے مطابق انھوں نے چلتے پھرتے مجالس و محافل اور غزوات و جہاد میں حسب ضرورت احادیث بیان کیں جیسا کہ ذیل کے بیان سے معلوم ہوتا ہے۔

غزوات و فتوحات کے امراء و قائدین عام طور سے ارباب علم و فضل اور زاہد و ورع و تقویٰ ہوا کرتے تھے، ان کے علاوہ اسلامی فوج میں صحابہ و تابعین اور علماء کی جماعت رہا کرتی تھی۔ جیسا کہ ابن کثیر کی تصریح گذر چکی۔

وکان فی عساکرھم وجیوشھم فی الغزو الصالحون والاولیاء والعلماء من کبار التابعین فی کل جیش منھم شرذمۃ عظیمۃ ینصر اللہ بھم دینہ۱؎

بنو امیہ کے دور میں جہاد کے اندر فوجوں میں کبار تابعین سے صلحاء اولیاء اور علماء ہوا کرتے تھے ہر فوج کے ساتھ ان کی بڑی تعداد ہوا کرتی تھی جن سے اللہ تعالیٰ اپنے دین کی مدد فرماتا تھا۔

۱؎ البدایۃ والنہایہ ج ۹ ص ۸۷۔

یہ حضرات موقع بہ موقع غزوات کے دوران احادیث وسنن کی تعلیم دیا کرتے تھے اور بوقت ضرورت دینی مسائل میں خط وکتابت کرتے رہتے تھے۔ چنانچہ ہندوستان کی فتوحات میں بھی ایسے حضرات موجود تھے جو کتاب وسنت کے عالم وراوی تھے اور حسب ضرورت روایت کرتے تھے۔ مثلاً ۵۰ھ میں غزوۂ قیقان میں حضرت سنان بن سلمہ ہذلی رضی اللہ عنہ نے میدان جنگ میں اسلامی فوج کو دشمن پر حملہ کرنے کے سلسلہ میں خصوصی ہدایت فرمائی اور جب ان سے اسکی وجہ دریافت کی گئی تو فرمایا کذلک کان یصنع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اسی طرح کیا کرتے تھے اور بعد میں اس حدیث کو حضرت ابوالیمان معلی بن راشد نبال ہذلی بصری نے روایت کیا۔[1]

الغرض جس طرح عالم اسلام میں کتاب وسنت کی روشنی میں ہر کام ہوتا تھا یہاں بھی اسی معیار پر زندگی بسر ہوتی تھی اور ائمہ اسلام اور رواۃ حدیث کے علاوہ امراء وحکام بھی اپنے اپنے حلقوں میں اسلامی احکام وقوانین کے سلسلہ میں احادیث وآثار کو حجت مان کر ان کو بیان کیا کرتے تھے

## اَخبرنا اور حدّثنا

اس کے بعد جب دوسری صدی میں احادیث کی باقاعدہ روایت کا سلسلہ جاری ہوا تو یہاں کی فضا بھی اخبرنا اور حدثنا کے غلغلہ سے گونج اٹھی۔ اس دور میں مسلمانوں کے مرکزی شہر ارائیل دیبل منصورہ اور ملتان وغیرہ تھے۔ جہاں مسلمانوں کی بڑی بڑی آبادیاں اور ان کی جوامع ومساجد تھیں خطابت وقصص کا باقاعدہ انتظام تھا ان میں اسلامی زندگی کا رنگ دیگر بلاد اسلامیہ کی طرح نمایاں تھا اور احادیث وسنن کی روایت کا سلسلہ جاری تھا۔ حتیٰ کہ ان مقامات سے طلب علم کے لئے علمی اسفار ورحلات بھی ہوتے تھے اور یہاں کے بہت سے ہندی الاصل اور عربی الاصل علماء وفضلاء بلاد اسلامیہ میں جا کر آباد ہو گئے اور کئی خانوادے علم دین میں نسلاً بعد نسلٍ سیادت وقیادت کے مالک رہے۔ ہماری تحقیق میں اس دور میں علم حدیث کا سب سے بڑا مرکز شہر دیبل تھا اور یہیں سب سے پہلے باقاعدہ

---

[1] تاریخ خلیفہ ج ۱ ص ۲۵۰۔

حادیث و آثار کی روایت کا سلسلہ جاری ہوا اور اس شہر سے طلب علم کیلئے عرب کا سفر کیا گیا۔

(۱) چنانچہ دیبل کے محدثین میں سب سے پہلا نام شیخ عبد الرحمن بن حماد ثقفی دیبلی کا ملتا ہے دیبل میں قبیلہ بنو ثقیف کے محدث و زاہد تھے۔ جن کے بارے میں امام عقیلی کے دادا نے بیان کیا ہے

قدم علینا من السند شیخ کبیر، کان یحدث عن الاعمش وعمرو بن عبید[۱]

ہمارے یہاں سندھ سے ایک شیخ کبیر آئے جو امام اعمش اور عمرو بن عبید سے روایت کرتے تھے۔

امام اعمش کی وفات ۱۴۸ھ میں ہوئی ہے اور عمرو بن عبید جو شیخ المعتزلہ ہے اور امام حسن بصری متوفی ۱۱۰ھ سے روایت کرتا ہے مگر حدیث میں اس کا کوئی مقام نہیں ہے ۱۴۲ھ یا ۱۴۳ھ میں فوت ہوا۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ شیخ عبد الرحیم بن حماد دیبلی اپنے ان دونوں شیوخ کی زندگی میں دیبل سے بصرہ آئے اور ان سے روایت کرنے یہیں رہ گئے۔ ان سے اہل عراق نے روایت کی ہے بالفاظ دیگر دوسری صدی کے ربع اول میں یہ دیبلی محدث بصرہ میں اخبرنا اور حدثنا کی بزم سجائے ہوئے تھے بعد میں دیبل اس ملک میں علم حدیث کا مشہور اور اہم مرکز بن گیا اور مدتوں یہاں پر حدیث کی روایت جاری رہی اور نامی گرامی محدثین پیدا ہوئے۔

(۲) اسی دور میں سندھ میں قیس بن بسر بن سندی نصری سے محمد بن عزاز بن اوس المعروف جبیل۔

(۳) نے حدیث کی روایت کی، ابن ماکولا نے قیس بن بسر بن سندی کے ذکر میں لکھا ہے:۔

ذکر انه سمع منه جبیل[۱]۔

بیان کیا گیا ہے کہ قیس سے جبیل نے حدیث کا سماع کیا ہے

اور جبیل کی وفات کے بارے میں لکھا ہے:۔

قتل منصور بن جمهور جبیل وهو محمد بن عزاز بن اوس بالسند[۲]

ان کو منصور بن جمہور نے سندھ میں قتل کیا تھا۔

یہ واقعہ ۱۳۰ھ کا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ جبیل نے قیس بن بسر بن سندی سے

---

[۱] لسان المیزان ج ۶ ص ۸۱۵ - [۲] الاکمال ج ۱ ص ۲۰۷ -

دوسری صدی کے ربع اول میں سندھ میں حدیث کا سماع کیا تھا۔ قیس بن بسر نے ہشام بن عمار سے اور ان سے جلیل اور ابوبکر بن شادان نے روایت کی ہے۔

(۴) اموی دور میں سندھ کے محدثین میں یزید بن عبد اللہ قرشی بلیسری سندی بصری بھی تھے۔ جنھوں نے یہاں سے بصرہ جاکر واقدی، ابن جریج اور امام سفیان ثوری وغیرہ سے روایت کی اور ان سے علی بن ابوہاشم طبراخ، قواریری، ابو داؤد طیالسی، محمد بن ابوبکر مقدمی اور ایک جماعت نے روایت کی ہے۔

(۵) ایک اور محدث سندی بن شماس البصری تھے۔ جنھوں نے یہاں سے بصرہ جاکر امام ابن سیرین اور امام عطار وغیرہ سے روایت کی اور ان سے موسیٰ بن اسماعیل نے روایت کی۔

(۶) عبدالرحمٰن بن سندی بھی دوسری صدی کے سندی محدثین میں سے تھے۔ انھوں نے عراک بن خالد دمشقی سے روایت کی تھی۔

(۷) موسیٰ سیلانی اس دور کے اکابر علماء میں سے تھے۔ انھوں نے براہ راست حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے استفادہ کیا تھا۔

(۸) عبدالرحمٰن سندی اموی دور کے رواۃ حدیث میں سے تھے جنھوں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے سماع کیا ہے اور ان کی صحبت اٹھائی ہے۔

(۹) ابو شیخ بن حماد سندی نے حضرت عبد اللہ بن عمر سے روایت کی ہے اور ان سے بیہس بن فہد ان نے روایت کی ہے۔ ان حضرات کے مفصل حالات اسی کتاب میں دوسری جگہ درج ہیں۔

## عربی الاصل محدثین

ذیل میں ہم اموی عہد کے ان چند مشہور رواۃ حدیث و محدثین کے نام درج کرتے ہیں جو وقتاً فوقتاً ہندوستان آتے رہے اور ان کی مرویات حدیث کی کتابوں میں موجود ہیں۔ غالب گمان ہے کہ یہ حضرات یہاں آکر اپنی احادیث کے محفوظات یا مدونات کو موقع بہ موقع بیان کرتے رہے اور ان کی ذات سے یہاں احادیث کی روایت کا سلسلہ جاری ہوا۔ مناسب معلوم ہوتا ہے

اس دور میں احادیث کی روایت کے چند واقعات بیان کر دیئے جائیں تاکہ معلوم ہو کہ کس
اس وقت حضرات محدثین اور رواۃ موقع بہ موقع احادیث کی روایت کیا کرتے تھے۔

عبید اللہ بن ایاد بن لقیط ثقہ محدث ہیں۔ اپنی قوم کے عریف و نمائندہ تھے۔ ایک مرتبہ
میں خندق کھودنے کی ضرورت پڑی تو اس کا انتظام و اہتمام ان کے سپرد کیا گیا وہ
دوروں کی نگرانی کے ساتھ ساتھ حدیث کی تعلیم دیتے تھے۔

| | |
|---|---|
| کان یجیٔ فیحفرون قدامہ و | جب وہ آجاتے تو مزدور کھدائی شروع کرتے ان کے |
| انت لہ صحیفۃ فیہا احادیثہ فاذا جاءہ | پاس ایک صحیفہ تھا جس میں ان کی حدیثیں تھیں جب |
| انسان رمی الیہ بتلک الصحیفۃ | کوئی شخص ان کے پاس آتا تو اسے صحیفہ دیدیتے |
| تب منہا ما اراد وقرء علیہ[1] | اور وہ جو حدیثیں چاہتا لکھ کر ان سے پڑھ لیتا تھا |

سلم بن ذیال ثقہ اور صالح الحدیث تھے، امام احمد فرماتے ہیں کہ میرے علم میں معتمر کے علاوہ کسی نے ان
حدیث کی روایت نہیں کی ہے، معتمر نے ایک غزوہ میں ان سے روایت کی ہے۔

| | |
|---|---|
| وکان غزا معہ فی البحر فسمع منہ[2] | انھوں نے سلم بن ذیال کے ساتھ بحری جہاد میں شرکت کی اور ان سے حدیث کا سماع کیا۔ |

عمارہ بن عمیر تیمی نے بعض مغازی میں ایک عالم سے ملاقات کی اور ان سے کہا کہ میں آپ کو
ہوں کیا آپ ہمارے ساتھ امام ابراہیم تیمی کے درس میں نہیں بیٹھا کرتے تھے؟ انھوں نے
آپ درست فرماتے ہیں ان کے پاس کچھ دینار تھے۔ ان میں سے تیس دینار عمارہ بن
کو دیدیے[3] ان چند مثالوں سے معلوم ہوتا ہے کہ اس وقت احادیث کی روایت چلتے
اور عمومی و خصوصی مجالس میں ہوا کرتی تھی اور باقاعدہ حلقۂ درس کے ساتھ یہ طریقہ بھی
تھا۔ ہندوستان میں بھی اس دور میں ان حضرات نے احادیث کی روایت اسی طریقہ پر
حضرات بزم حدیث کے چراغ اولین ہیں۔

---

[1] ثقات لابن شاہین قلمی ص ۷، [2] اسماء الثقات لابن شاہین قلمی ص ۵۴ [3] طبقات ابن سعد ج ۶ ص ۲۸۸

ذیل میں ان حضرات کے اسمار پیش کئے جاتے ہیں جو اس دور میں یہاں تشریف لا
اور ان کی روایات واحادیث کتابوں میں موجود ہیں۔ انھوں نے ہندوستان میں چلتے
احادیث و آثار کا مذاکرہ کیا اور علم دین کی تعلیم و تلقین میں حصہ لیا۔

(۱) سنان سلمہ ہذلی رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے مرسل حدیث
کی ہے نیز آپ نے اپنے والد حضرت سلمہ بن محبق ہذلی رضی حضرت عمرؓ اور حضرت عبداللہ بن عبا
سے اور آپ سے سلم بن جنادہ، معاذہ بن سحوۃ، خبیب ابو عبدالصمد اور ہارون بن رئا
اسیدی نے روایت کی ہے۔

(۲) عمر بن عبیداللہ بن معمر قرشی تیمی نے ابان بن عثمان سے اور ان سے نبیہ بن وہب نے روایت کی ہ
(۳) مہلب بن ابو صفرہ ازدی نے عبداللہ بن عمر، عبداللہ بن عمرو، براء بن عازب سے اور آ
سے سماک بن حرب، ابو اسحاق سبیعی، عمرو بن ثقیف نے روایت کی ہے۔ سنن کی کتابوں میں ا
کی متعدد روایات موجود ہیں۔

(۴) کرز بن ابو کرز وبرہ حارثی نے نعیم بن ابی ہند، طاؤس، عطار بن ابی رباح، ربیع
خیثم ترکی اور دوسرے علمار تابعین سے روایت کی ہے اور ان سے سفیان ثوری، قاضی بن
عبیداللہ وشاقی، فضیل بن غزوان، ورقار بن عمر نے روایت کی ہے۔ آپ سے مرسل احادیث بھی مرو
(۵) ابو الیمان بن علی بن راشد نبال ہذلیؒ نے اپنی دادی ام عاصم نبلیشہ، اپنے والد
میمون بن سیاہ، حسن بصری، زیاد بن میمون ثقفی سے اور ان سے یزید بن ہارون، عبد
بن صالح عجلی، روح بن عبادہ، ابو بشر بن بکر بن خلف اور نصر بن جہضمی وغیرہ نے رو
کی ہے آپ مشہور عابد و زاہد اور بصرہ کے محدثین میں سے ہیں۔

(۶) عباد بن زیاد بن ابی سفیانؒ نے عروہ بن مغیرہ بن شعبہ اور ان کے بھائی حمزہ
سے اور ان سے امام زہری اور امام مکحول شامی نے روایت کی ہے۔

(۷) سعید بن اسلم بن زرعہ کلابیؒ نے حضرت ابو موسیٰ اشعری اور بنی غفار کے موالی سے ا

Marfat.com

ے عبداللہ بن بریدہ نے روایت کی ہے۔ ایک روایت میں ہے کہ انھوں نے بکیر بن اشج
ں سماع کیا ہے، اس کا شمار قضاۃِ اسلام میں ہے۔

(۸) معاویہ بن قرہ بن ایاس مزنیؒ نہایت ثقہ محدث اور مشہور قاضیٔ اسلام ایاس بن معاویہ
والد ہیں۔ اپنے والد قرہ بن ایاس، معقل بن یسار، ابوایوب انصاری، حکم بن ابوالعاص ثقفی
اللہ بن مغفل اور دوسرے کئی علماء سے روایت کی ہے اور ان سے ان کے لڑکے ایاس
معاویہ، پوتے مستنیر بن اخضر، امام زہری، ابراہیم بن محمد، اسحاق بن یحییٰ بن طلحہ، حسن بن
ید بن حسن بن علی وغیرہ نے روایت کی ہے، معاویہ بن قرہ اور ان کے شیخ حکم بن ابوالعاص
دونوں اپنے اپنے زمانہ میں ہندوستان تشریف لائے ہیں۔

(۹) کہمس بن حسن قیسیؒ بصرہ کے عباد و زہاد میں نہایت ثقہ محدث ہیں۔ انہوں نے ابوالطفیل
عبداللہ بن بریدہ، عبداللہ بن شقیق، عباس جریری، ابوالسلیل ضریب بن نفیر، یزید بن عبداللہ
ن شخیر، سیار بن منظور، ابونضر عبدی وغیرہ سے روایت کی اور ان سے ان کے صاحبزادے
ون بن کہمس، خالد بن حارث، معاذ بن معاذ، وکیع بن جراح، نضر بن شمیل، قطان، عبداللہ بن
بارک، معتمر بن سلیمان، سفیان بن حبیب، یوسف بن یعقوب سدوسی، جعفر بن سلیمان،
ثمان بن عمر، علی بن غراب، ابو اسامہ، یزید بن ہارون، عبداللہ بن یزید مقری وغیرہ نے روایت
ہے۔

(۱۰) زائدہ بن عمیر طائیؒ نے عبداللہ بن عمرؓ، عبداللہ بن عباسؓ، عبداللہ بن عمروؓ، جابر بن عبداللہؓ
نعمان بن بشیرؓ، ابوہریرہؓ رضی اللہ عنہم سے روایت کی اور ان سے امام شعبہ اور یونس بن ابی
اسحاق نے روایت کی ہے۔

(۱۱) عطیہ بن سعد بن جنادہ عوفیؒ نے ابوہریرہؓ، ابوسعید خدری، ابن عباس رضی اللہ عنہم
روایت کی اور ان سے ان کے دونوں صاحبزادے عمر بن عطیہ اور حسن بن عطیہ وغیرہ نے
روایت کی ہے۔

(۱۲) موسیٰ بن سنان بن سلمہ بن محبق ہذلی نے عمران بن حصین، ابو ہریرہؓ، ابو بکرہؓ، ابو
معقل بن یسار، عبداللہ بن معقل، عبداللہ بن عمر، عبداللہ بن عباس، انس بن مالک و
سے روایت کی اور ان سے ان کے صاحب زادے مثنیٰ بن موسیٰ، قتادہ اور ابو التیا
نے روایت کی ہے۔ موسیٰ بن سنان ہذلی قلیل الحدیث ہیں۔

(۱۳) حکم بن عوانہ کلبیؒ کے بارے میں حافظ ابن حجر نے لسان المیزان میں لکھا ہے کہ "دھ
الروایۃ عن التابعین" یعنی انھوں نے تابعین سے بہت زیادہ روایت کی ہے۔

(۱۴) مجاعہ بن سعر تمیمی کو خلیفہ بن خیاط نے قضاۃ اسلام میں شمار کیا ہے۔

(۱۵) محمد بن ہارون بن ذراع نمیری کو بھی خلیفہ نے قضاۃ اسلام میں شمار کیا ہے۔

(۱۶) ابو قیس زیاد بن رباح قیسی نے ابو ہریرہؓ سے اور ان سے حسن بصری، غیلا
بن جریر نے روایت کی ہے۔

(۱۷) قیس بن ثعلبہ نے حضرت عبداللہ بن مسعود، حضرت عمر، حضرت عثمان، حضر
علی رضی اللہ عنہم سے روایت کی ہے اور اہل کوفہ نے ان سے روایت کی ہے ان کا شما
علماء کوفہ میں ہے۔

(۱۸) جنید بن عمرو عدوانی مکی مقری نے حمید بن قیس الاعرج سے روایت کی ہے۔

(۱۹) شمر بن عطیہ اسدی نے وائل بن ربیعہ اور زر سے اور ان سے امام اعمش او
قیس بن ربیع نے روایت کی ہے۔ ابن سعد نے لکھا ہے کہ "ولہ احادیث صالحۃ" یعنی ان کی
احادیث صالح ہیں۔ نسائی نے ان کی توثیق کی ہے۔

(۲۰) محمد بن زید عبدی نے شہر بن حوشب سے اور ان سے محمد بن ابراہیم باہلی نے روایت کی ہے

(۲۱) ابو شیبہ جوہری کا نام یوسف بن ابراہیم تیمی ہے۔ انھوں نے حضرت انس بن مالک
سے اور ان سے عقبہ بن خالد اور مسلم بن قتیبہ نے روایت کی ہے۔

(۲۲) زید بن حواری عمی نے حضرت انس، امام حسن بصری، معاویہ بن قرہ وغیرہ سے

Marfat.com

ایت کی ہے اور ان سے امام اعمش، ابو اسحاق سبیعی، محمد بن فضیل بن عطیہ اور سلام الطویل
روایت کی ہے۔ ابن سعد نے ان کو "ضعیف فی الحدیث" لکھا ہے۔

(۲۳) یزید بن ابو کبشہ سکسکیؒ نے اپنے والد ابو کبشہ جبریل بن یسار، مروان بن حکم اور ایک
بانی سے روایت کی ہے اور ان سے ابو بشر، حکم بن عتبہ، علی بن الاقمر، معاویہ بن قرہ
بی، ابراہیم بن عبد الرحمن سکسکی وغیرہ نے روایت کی ہے۔ صحیح بخاری کتاب الجہاد میں
سے سفر میں روزہ رکھنے کے بارے میں روایت موجود ہے۔

(۲۴) عمران بن نعمان کلبیؒ نے ربیع بن لبسرہ سے احادیث کا سماع کیا ہے اور ان سے
ضرت عبد اللہ بن مبارک نے سماع کیا ہے۔

(۲۵) ہلال بن احوز مازنی نے حضرت سوید بن مقرنؓ سے روایت کی ہے۔

(۲۶) مفضل بن مہلب ازدیؒ نے حضرت نعمان بن بشیرؓ سے اور ان سے ان کے بیٹے
حاجب بن مفضل نے روایت کی ہے۔

(۲۷) ابو عیینہ بن مہلب ازدی نے امام اعمش سے اور ان سے ان کے صاحب زادے
مد بن ابی عیینہ نے روایت کی ہے۔

(۲۸) محمد بن غزان کلبی نے امام اوزاعی اور عمرو بن محمد سے روایت کی ہے محدثین نے ان کو
کرالحدیث بتایا ہے۔

(۲۹) منصور بن جمہور کلبی نے دحیہ سے اور ان سے مرثد بن عبد اللہ مزنی نے روایت کی ہے۔

(۳۰) ابو الحسن معلی بن زیاد بن حاضر قردوسی بصری نے امام حسن بصری، حنظلہ سدوسی،
دیہ بن قرہ، علاء بن بشر، مرہ بن وثاب، ابو غالب صاحب ابی امامہ حسین جعفی، معاویہ بن
رہ، ثابت بنانی وغیرہ سے روایت کی ہے اور ان سے ہشام بن حسان، حماد بن زید، جعفر
سلیمان، یوسف بن عطیۃ الصفار، سعید بن عامر ضبعی، وغیرہ نے روایت کی ہے، ان کا شمار
کے زہاد میں سے ہے۔

Marfat.com

مذکورہ بالا حضرات کا شمار رواۃ حدیث اور علماء حدیث میں ہے ان میں کئی مشہور
ہیں انھوں نے ہندوستان میں ایک خاص مدت تک قیام کیا اور اس دور کے طریقہ کے
مطابق اپنی مرویات بیان کیں۔ ان حضرات کے مفصل حالات اسی کتاب میں دوسری جگہ درج

## ہندی الاصل محدثین

جس زمانہ میں عرب کے یہ رواۃ حدیث اور محدثین ہندوستان میں احادیث وسنن کی تعلیم وتلقین اور روایت میں مصروف تھے۔ خود ہندوستان کے کئی خانوادے اور افراد عرب میں احادیث وسنن کی روایت اور اسلامی علوم ومعارف کی تعلیم وتلقین کی خدمت انجام دے رہے تھے۔ یہاں پر ہم ہندوستان کے چند علمی ودینی خانوادوں اور ان کے علماء رواۃ حدیث کا اجمالی تذکرہ کرتے ہیں۔ ان کے مستقل حالات اسی کتاب میں دوسری جگہ موجود ہیں۔

## آلِ بیلمانی

یہ ہندی الاصل خاندان مقام بھیلمان (سوراشٹر) سے خلافت راشدہ میں عرب پہونچا۔ غالباً یہ لوگ پہلے یمن کے علاقہ نجران میں آباد تھے اور وہیں سے کسی غزوہ میں گرفتار کر کے مدینہ منورہ لے جائے گئے۔ ان کا شمار اخماس عمر بن خطاب میں ہے یعنی حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے خاندان کی ولاء و ماتحتی میں آئے۔ اسی لئے ان کو "مولی عمر" اور "مولی آل عمر" کہتے ہیں۔ اموی دور میں ان میں متعدد رواۃ حدیث اور اہل علم وفن گذرے ہیں رجال وطبقات میں مندرجہ ذیل حضرات کے حالات موجود ہیں۔

(۱) عبدالرحمٰن بن ابوزید بیلمانی نے حضرات عثمان، عبداللہ بن عباس، عبداللہ بن عمر، عبداللہ بن عمرو، سعید بن زید، معاویہ، عمرو بن اوس، عمرو بن عبسہ، سرق، نافع بن جبیر بن مطعم، عبدالرحمٰن الاعرج، وغیرہ سے روایت کی ہے اور ان سے ان کے صاحبزادے محمد بن عبدالرحمٰن بیلمانی، یزید بن طلق، ربیعہ بن ابی عبدالرحمٰن، خالد بن ابی عمران، سماک بن فضل

ر ہمام و الد عبدالرزاق صنعانی کے علاوہ محدثین کی ایک جماعت نے روایت کی ہے ان سے عمرو بن عبسہ کے اسلام لانے کی روایت ترمذی اور نسائی میں موجود ہے۔ محدثین نے ان کی ثقاہت میں کلام کیا ہے شاعر بھی تھے۔

(۲) محمد بن عبدالرحمٰن بن ابو زید بیلمانی نے اپنے والد اور ان کے ماموں سے روایت کی ہے اور ان سے سعید بن بشیر بخاری، عبیداللہ بن عباس بن ربیع حارثی، محمد بن زیاد حارثی، محمد بن کثیر عبدی، ابو سلمہ موسیٰ بن اسمٰعیل وغیرہ نے روایت کی ہے۔ محدثین کے نزدیک ان کی روایات غیر معتبر ہیں علم نحو کے بھی عالم تھے۔

(۳) حارث بیلمانی نے عبداللہ بن عمرؓ سے روایت کی ہے اور ان سے ان کے صاحبزادے محمد بن حارث نے روایت کی ہے۔

(۴) محمد بن حارث بیلمانی نے اپنے والد سے روایت کی ہے۔

(۵) محمد بن ابراہیم بیلمانی سے عبیداللہ بن ربیع نجرانی نے روایت کی ہے۔ یہ تمام رواۃِ حدیث و محدثین اموی دور میں عراق میں موجود تھے۔

## آلِ ابی معشر سندی

اس دور میں سندھ کا دوسرا دینی و علمی خاندان آلِ ابو معشر نجیح بن عبدالرحمٰن سندی مدنی مدینہ منورہ میں تھا۔ جس میں مدتوں علماء و محدثین اور حفاظ حدیث پیدا ہوتے رہے۔ ساتھ ہی اس میں تصانیف کا سلسلہ بھی جاری رہا یہ لوگ موالی بنی ہاشم کہلاتے کیونکہ ان کے مورث اعلیٰ سندھ سے عرب جا کر بنی ہاشم کی ولاء میں رہے۔ جو بڑے شرف کی بات تھی۔ اس خاندان میں یہ علماء خاص شہرت کے مالک ہیں۔

(۱) ابو معشر نجیح بن عبدالرحمٰن سندی مدنی حفاظ حدیث میں سے ہیں۔ ساتھ ہی تفسیر و سیر و مغازی کے زبردست عالم ہیں۔ ان کی کتاب المغازی بہت مشہور کتاب ہے حضرت ابو امامہ سہیل بن حنیف رضی اللہ عنہ کی زیارت کا شرف پایا ہے اور محمد بن کعب

Marfat.com

قرظی، نافع مولی ابن عمر، سعید مقبری، محمد بن منکدر، ہشام بن عروہ سے روایت کی

اور ان سے ان کے صاحب زادے محمد بن نجیح بن عبد الرحمٰن سندھی، یزید بن

محمد بن عمرو واقدی، اسحاق بن عیسیٰ الطباع، محمد بن بکار بن ریان، لیث بن ثور، سفیا

ثوری اور عبد الرحمٰن بن مہدی کے علاوہ محدثین کی ایک جماعت نے روایت کی

(۲) ابو عبد الملک محمد بن نجیح بن عبد الرحمٰن سندی مدنی محدث اخباری نے ا

والد سے ان کی کتاب المغازی کا سماع کیا ہے۔ ان کے علاوہ نصر بن منصور عنبری اور

ابو الفرح انصاری سے روایت کی اور امام ابن ابی ذئب اور امام ابو بکر ہذلی کی ز

سے مشرف ہیں۔ ان سے ان کے دونوں صاحب زادے داؤد اور حسین اور ابو حاتم راز

محمد بن لیث جوہری، ابو یعلی موصلی، محمد بن جریر طبری، ابو بکر المجذر، ابو حامد حضرمی وغیرا

نے روایت کی ہے۔

(۳) ابو سلیمان داؤد بن محمد بن نجیح سندی اپنے والد سے اپنے دادا کی کتاب المغازی کی روا

کی ہے اور ان سے اس کی روایت قاضی احمد بن کامل نے کی ہے۔

(۴) ابو بکر حسین بن محمد بن نجیح سندی نے اپنے والد اور امام وکیع بن جراح، محمد بن

ربیعہ سے روایت کی ہے اور ان سے محمد بن احمد حکیمی، اسمٰعیل بن محمد الصفار، علی بن اسحاق ماد

ابو عمرو بن سماک، عثمان بن احمد وقاق نے روایت کی ہے۔ اس خانوادہ کے پہلے عالم ابو مع

نجیح بن عبد الرحمٰن نے اموی دور پایا تھا۔ باقی حضرات عباسی دور میں تھے۔

## آلِ مقسم قیقانی

اموی دور میں قیقان کا ایک خاندان عراق میں علم حدیث میں صدیوں تک مشہو

رہا۔ جس میں کئی نامور علماء و محدثین پیدا ہوئے۔ ابن سعد نے لکھا ہے کہ مقسم قیقان کے

قیدیوں میں سے تھے۔ جو خراسان اور زابلستان کے درمیان واقع ہے یہ خاندان کو

میں قبیلہ اسد بن خزیمہ کی ولاء میں شامل ہو گیا تھا اور مقسم قیقانی عبد الرحمٰن بن قطبہ

آزاد کردہ غلام تھے۔ اس خاندان میں یہ علماء مشہور ہیں۔

(۱) ابراہیم بن مقسم قیقانی کوفہ سے بہ سلسلہ تجارت بصرہ آیا کرتے تھے اور یہیں پر قبیلہ شیبان کی ایک آزاد کردہ باندی علیہ بنت حسان سے اس کی بیوگی کے بعد شادی کر لی۔ بڑی عاقلہ فاضلہ اور صاحب بصیرت عورت تھی۔ اس کا مکان بصرہ کے مقام عوقہ میں اسی نام سے مشہور تھا اس کی خدمت میں صالح مری اور بصرہ کے اعیان و اشراف اور علماء بار آتے تھے۔ وہ ان سے کھل کر دینی و علمی باتیں کیا کرتی تھی۔

(۲) ابو بشر اسمٰعیل بن ابراہیم قیقانی ۱۱۰ھ میں علیہ کے بطن سے پیدا ہوئے اور والدہ کے ساتھ بصرہ ہی میں رہے۔ ابن سعد نے لکھا ہے کہ وہ حجت و ثقہ تھے اور بصرہ میں صدقات کے والی تھے ہارون رشید کے زمانہ میں بغداد میں امیر مقرر کئے گئے۔

(۳) ربعی بن ابراہیم قیقانی اپنے بھائی اسمٰعیل کے بعد علیہ کے بطن سے پیدا ہوئے۔

(۴) ابراہیم بن اسمٰعیل بن ابراہیم بن مقسم قیقانی اپنے والد کے ساتھ بغداد میں رہتے تھے۔

## امام مکحول سندی شامیؒ

اموی دور کے ہندی الاصل ائمۂ اسلام میں مشہور حافظ حدیث و فقیہ حضرت امام ابو عبداللہ مکحول سندی شامی بھی ہیں آپ نے حضرت ابوامامہ باہلیؓ حضرت واثلہ بن اسقعؓ حضرت انس بن مالکؓ محمود بن ربیعؓ عبدالرحمٰن بن غنمؓ ابوادریس خولانیؒ ابوسلام عطور کے علاوہ دیگر کی ایک بڑی جماعت سے روایت کی ہے اور ابی بن کعبؓ عبادہ بن صامتؓ حضرت عائشہؓ سے بھی بطور تدلیس کے روایت کی ہے اور آپ سے ایوب بن موسیٰ علاء بن حارث، اسامہ بن واقد، ثور بن یزید، حجاج بن ارطاۃ، امام اوزاعی، سعید بن عبدالعزیز اور دوسرے بہت سے علماء و محدثین نے روایت کی ہے۔

Marfat.com

## امام اوزاعی

شیخ الاسلام امام ابوعمرو عبدالرحمٰن بن عمرو اوزاعی دمشقی کے بارے میں امام ذہبی
امام ابوزرعہ دمشقی نے تصریح کی ہے کہ ان کی اصل سندھ سے ہے۔ جبکہ دوسرے اور
نے ان کو عربی الاصل بنایا ہے۔ آپ نے عطاء بن ابی رباح، مکحول شامی، قاسم بن مخیمرہ
شداد بن ابی عمارہ، ربیعہ بن زید، امام زہری، محمد بن ابراہیم تیمی، یحییٰ بن ابی کثیر اور
کی ایک بہت بڑی جماعت سے روایت کی ہے اور آپ سے امام شعبہ، امام عبداللہ بن
ولید بن مسلم، ہقل بن زیاد، یحییٰ بن حمزہ، سعید القطان، ابو عاصم، ابومغیرہ، محمد بن یوسف فریابی
بہت سے علماء و محدثین نے روایت کی ہے۔

## علم سیر و مغازی

سیر و مغازی ابتداء میں علم حدیث کے اجزاء تھے اور احادیث کے ساتھ ان
روایت بھی اسناد کے ساتھ ہوتی تھی۔ مگر بعد میں اسے مستقل فن کی حیثیت دیدی گئی۔ ا
دور میں اس خاص فن میں اگرچہ مستقل کتابیں نہیں لکھی گئیں مگر اس کی روایت اور جمع و ترتیب
سلسلہ کسی نہ کسی انداز میں قائم تھا اور اس میں اس دور کے ایک ہندی خانوادہ کو عباسی
میں اچھی خاصی شہرت ملی چنانچہ ابو معشر نجیح بن عبدالرحمٰن سندی مدنی کے بارے میں خط
بغدادی نے لکھا ہے :-

وکان اعلم الناس بالمغازی۔ — وہ مغازی کے سب سے بڑے عالم تھے

اور ابن ندیم نے لکھا ہے :-

عارفٌ بالاحداث والسیر واحد المحدثین[1] — وہ حوادث و سیر کے عالم ہونے کے ساتھ محدث

ایک مرتبہ ان کے صاحب زادے محمد بن ابی معشر نجیح سے لوگوں نے پوچھا کہ آپ
والد نے علم مغازی کیسے حاصل کیا انھوں نے بتایا کہ ان کے استاد کے پاس حضرات تابعین بیٹھ

[1] فہرست ابن ندیم ص ۱۳۶۔ [2] یحییٰ بن سعید القطان

[مغ]ازی کا مذاکرہ کیا کرتے تھے اور میرے والد اسے یاد کر لیتے تھے، ان کی کتاب المغازی کا [تذ]کرہ ابن ندیم وغیرہ نے کیا ہے جسے ان کے لڑکے اور پوتے نے روایت کیا ہے۔

## علم تفسیر

اموی دور میں علم تفسیر کی تدوین و ترتیب کی ابتدا ہو چکی تھی اور اموی خلفاء اس کا [خ]اص ذوق رکھتے تھے۔ عبدالملک بن مروان نے مشہور تابعی حضرت سعید بن جبیرؓ سے [ت]فسیر لکھنے کی گذارش کی اور انھوں نے ایک تفسیر لکھی جس کی قدردانی یوں ہوئی کہ:۔

فحفظه عبد الملك في الديوان[1] عبدالملک نے اسے سرکاری دفتر میں محفوظ رکھا۔

علم تفسیر میں عجمی موالی نے خاص طور سے حصہ لیا اور اس میں کتابیں لکھیں جن میں امام [م]کحول سندی شامی خاص امتیاز رکھتے ہیں، مفسرین نے ان کے تفسیری آراء و اقوال اپنی [ک]تابوں میں درج کئے۔ امام محمد بن جریر طبری نے خاص طور سے اپنی تفسیر میں متعدد مقامات [پ]ر ان کے اقوال نقل کئے ہیں۔ اسی طرح ان کے تلمیذ رشید امام اوزاعی کے تفسیری آراء و اقوال کتابوں میں موجود ہیں۔

## علم فقہ

اموی دور میں شام اور عراق اسلامی فقہ کے دو اہم مرکز تھے اور ان دونوں مقامات [س]ے ہندوستان اور مشرقی عالم اسلام کا انتظامی تعلق تھا۔ اس لئے یہاں کے فقہی مسلک کو ان [م]لکوں میں قبول عام حاصل ہوا، عراق میں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے سلسلۂ [تلا]مذہ میں ابراہیم نخعی ۹۶ھ، حماد بن سلیمان ۱۲۰ھ، امام ابو حنیفہ ۱۵۰ھ وغیرہ اپنے انداز میں [کت]اب و سنت کی روشنی میں شرائع و احکام مرتب کر رہے تھے اور شام میں امام مکحول شامی ۱۱۲ھ [ا]مام ابن شہاب زہری ۱۲۴ھ اور امام اوزاعی ۱۵۷ھ وغیرہ اپنے انداز میں کام کر رہے تھے [او]ر حجاز میں حضرات فقہائے سبعہ اور ان کے تلامذہ و منتسبین اسلامی فقہ کی تفریع و تشریع

---

[1] کتاب الجرح والتعدیل ج ۳ ق ۱ ص ۲۳۲۔

Marfat.com

کی خدمت انجام دے رہے تھے اس دور کے سندی الاصل علماء میں امام مکحول کو فقہ
خاص شہرت حاصل تھی۔ ابو حاتم کا قول ہے:۔

ما اعلم بالشام افقه — میرے علم میں ملک شام میں امام مکحول سے بڑا کو
من مکحول۔ — فقیہ نہیں ہے۔

سعید بن عبدالعزیز کا بیان ہے:۔

کان مکحول افقه من الزهری — مکحول فقہ میں زہری سے بہت آگے تھے اعتق
وکان بریا من القدر[1] — کے عقیدہ سے بَری تھے۔

ابن ندیم نے ان کی تصانیف میں ان دو کتابوں کو بتایا ہے۔ کتاب السنن فی الفقہ او
کتاب المسائل فی الفقہ، نیز ابن ندیم نے امام مکحول کے تلمیذ امام اوزاعی کی دو کتابیں ان ہی
ناموں کی بتائی ہیں[1] امام مکحول اور امام اوزاعی کے فقہی مسلک عالم اسلام کے بعض علاقو
میں صدیوں جاری رہے اور ایک مستقل مکتب فقہ کی حیثیت سے ان کا رواج رہا۔

## لسانی اور ادبی علوم

اس دور میں عربی شاعری اپنی سادگی اور حقیقت پسندی میں جاہلی شاعری سے قر
تر تھی۔ اموی خلفاء و امراء عربی روایات کے حامل تھے۔ زبان و ادب کی پوری طرح نگہداش
کرتے تھے خاص طور سے عربی زبان اور فصاحت پر توجہ دیتے تھے۔ ولید بن عبدالملک عربیت
کچا تھا اور نحوی غلطیاں کرتا تھا اس لیئے اس کے والد خلیفہ عبدالملک بن مروان نے ایک مرتبہ سر
کرتے ہوئے کہا:۔

انه لا یلی العرب الا من — وہی شخص عربوں کا والی و امیر ہو سکتا ہے جو ان
یحسن کلامهم۔ — حسین کلام رکھتا ہو۔

[1] فہرست ابن ندیم ص ۳۱۸۔

ولید نے علماء سے نحو و عربیت کی تعلیم حاصل کرنی شروع کی پھر بھی اس میں یہ نقص کسی نہ کسی
ک باقی رہا۔ اس سلسلہ میں محمد بن قاسم کا ایک واقعہ بہت دلچسپ ہے کعب بن مخارق راسبی ہندوستان
فتوحات میں محمد بن قاسم کے ساتھ تھے انھوں نے حجاج بن یوسف کے جنگ داہر کی شدت و
لنا کی کا نقشہ کھینچا تو اس نے پوچھا کہ محمد بن قاسم اس صورت حال سے پریشان تھے یا نہیں ؟
ب بن مخارق نے کہا کہ جس وقت گھمسان کا رن پڑا اور تلوار نیزے، سپاہی ایک دوسرے
ٹوٹنے لگے تو محمد بن قاسم نے اپنے ایک ساتھی سے پانی طلب کرتے ہوئے کہا اطعمنی الماء مطلب
براہٹ کی وجہ سے "اسقنی" کے بجائے ان کی زبان سے اطعمنی نکل گیا تھا۔ حجاج نے کہا کہ یہ جملہ عربیت
لحاظ سے غلط نہیں ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا، إِنَّ اللّٰهَ مُبْتَلِيكُم بِنَهَرٍ فَمَن شَرِبَ مِنْهُ فَلَيْسَ مِنِّي
لَّمْ يَطْعَمْهُ فَإِنَّهُ مِنِّي (یعنی اللہ تم لوگوں کو ایک نہر کے ذریعہ آزمانے والا ہے جو شخص اس سے پانی
ے گا وہ میری جماعت سے نہیں ہے اور جو شخص اس سے پانی نہیں پیئے گا وہ میری جماعت سے ہے

یہی وجہ ہے کہ اموی دور میں دینی علوم کے ساتھ لسانی علوم کے بڑے بڑے علماء فضلاء
ر شعراء و ادباء ہر ملک میں پائے جاتے تھے۔ چنانچہ ہندوستان میں بھی عربی النسل اور عرب میں
ی الاصل ادباء و شعراء پائے جاتے تھے اور ہندوستان میں عرب کے ان شعراء کی آمد و رفت
ی تھی۔

(۱) یزید بن مفرغ حمیری اموی دور کا مشہور شاعر ہے زیاد بن ابوسفیان کے درباری
ر کی حیثیت سے خراسان و سجستان میں رہتا تھا۔ فارسی زبان بھی جانتا تھا۔ زیاد بن ابوسفیان
ساتھ ہندوستان کی مہم میں شریک تھا اور اس سلسلے میں اشعار کہے۔

(۲) اعشیٰ ہمدان، یہ دولت امویہ کے مشاہیر شعراء میں سے ہیں حجاج نے ان کو دیلم کے
کران کی مہمات میں بھیجا تھا۔ یہاں زیادہ دنوں تک رہ جانے کی وجہ سے وطن کی یاد
ر ایک نہایت مرصع قصیدہ کہا۔ نیز مکران وغیرہ کے بارے میں اشعار کہے۔

زی ص ۱۲۷۔

Marfat.com

(۳) سعید بن عبداللہ قشیری اموی دور کے مشہور عشاق شعراء میں تھے۔ نہایت عابد زاہد تھے مدتوں عجم کی غزوات میں فدائیانہ طور پر خدمت انجام دیتے رہے۔ اسی سل میں سندھ میں بھی رہے اور وطن کی یاد میں نہایت عمدہ اشعار کہے۔

(۴) حاجب بن ذبیان مازنی کا لقب ثابت قطنہ اور حاجب الفیل ہے اپنے زمانہ مشہور شاعروں میں تھا آل مہلب کے فدائیں میں قتل کے وقت یہیں تھا اور اس واقعہ پر اشعار

(۵) ابو قرہ بن کلیب شیبانی سندی یہاں کے عربوں میں مشہور شاعر تھا اس کا تعلق قبیلہ شیبان سے تھا۔

(۶) عبدالرحمٰن بن ابوزید بیلمانی مولیٰ عمر سندی الاصل اموی شعراء میں سے تھے حافظ ابن حجر نے لکھا وقیل کان شاعراً مجیداً وفد علی الولید فاجزل لہ الحباء[۱] ان کے بارے میں بیان کیا گیا ہے کہ اونچے شاعر تھے ایک خلیفہ ولید کے دربار میں پہونچے تو اس نے ان کو دادو دہش

(۷) ابو العطار سندی دولتین کے مشاہیر شعراء میں سے ہے اس کا مقام عربی شاعری میں بہت بلند

(۸) محمد بن عبدالرحمٰن بیلمانی کوفی نحوی محدثین میں سے ہیں۔ حافظ ابن حجر نے ان کے تذکرہ "النحوی" کی نسبت درج کی ہے[۱] جس کا مطلب یہ ہے کہ وہ اموی دور کے علمائے نحو میں شہرت کے مالک

(۹) منتجع بن نبہان سندی، یہاں کے عربی الاصل فضلاء میں سے ہے اس کا مقام فصاحت بلاغت میں رؤبہ بن حجاج سے بھی بلند مانا گیا ہے۔

(۱۰) ایوب بن یزید ہلالی، ابن القریہ کی کنیت سے مشہور رہے اپنے زمانہ کا زبردست خطیب اور فصیح و بلیغ تھا۔ ابن اشعث کی تحریک کی ناکامی کے بعد ہندوستان میں آیا تھا۔

## تصوف اور صوفیہ

زہد و تقویٰ یعنی دنیائے فانی سے بے نیاز رہ کر دار باقی کے لئے زندگی بسر کرنا اور اللہ تعالیٰ کی رضاجوئی کو عبدیت و بندگی کا مقصد قرار دینا اسلام کا مطلوب و مقصود ہے صحابہ تابعین

[۱] تہذیب التہذیب ج ۶ ص ۱۴۹، ص ۱۵۰۔

تبع تابعین کا دور عبّاد و زہّاد اور مشائخ و صلحاء سے معمور تھا۔ اس زمانہ تک زہد و تصوف کسی خاص مکتب فکر یا جماعت تک محدود نہیں تھا بلکہ مسلمانوں کے ہر طبقہ میں بڑے بڑے زاہد و زہاد ہوتے تھے چنانچہ اہل سنت، خوارج، شیعہ اور معتزلہ وغیرہ میں بڑے بڑے عابد و زاہد گذرے ہیں۔ جن سب کی مشیخت و بزرگی کا محور تقویٰ اور خدا ترسی تھا۔ مگر بعد میں تصوف مستقل مکتب فکر کا حامل ہوگیا اور اس کے خاص خاص حلقے بن گئے۔ اموی دور میں یہ بات نہ تھی بلکہ زہد و تقویٰ ہر طبقہ اور ہر فرقہ میں پایا جاتا تھا۔ عباد و زہاد اور صلحاء و مشائخ خیر و برکت کے لئے غزوات و فتوحات اور مفتوحہ ممالک میں بھیجا جاتا تھا۔ یہ حضرات مسلمانوں کو تزکیہ نفس اور تہذیب اخلاق کی تعلیم و تربیت دیتے تھے اس دور میں عام خیال تھا کہ اللہ تعالیٰ پاک نفسوں کی وجہ سے مسلمانوں کی نصرت و مدد فرماتا ہے۔ امویوں کے دور کے بارے علامہ ابن کثیر کی یہ تصریح گذر چکی ہے:۔

| | |
|---|---|
| وفی عساکرهم وجیوشهم فی الغزو الصالحون | جہاد و غزوات کے موقع پر ان کے لشکر میں کبار تابعین |
| والأولیاء والعلماء من کبار التابعین فی کل جیش | میں سے صلحاء اور اولیاء اور علماء کی ایک بڑی جماعت رہا |
| منهم شرذمة عظیمة ینصر الله بهم دینه۔[۱] | کرتی تھی اور اللہ تعالیٰ اس سے اپنے دین کی نصرت فرماتا تھا |

ان اولیاء و اتقیاء اور صلحاء و عباد کے وجود با جود سے غزوات و فتوحات میں نصرت خداوندی اور ان کے بارے میں مسلمانوں کے حسن اعتقاد کے بارے میں یہ واقعہ سننے کے قابل ہے عہد فاروقی میں حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ ایرانیوں کے مقابلہ میں اسلامی فوج لے کر عذیب الفرس یعنی قادسیہ میں اقامت گزیں ہوئے اور زیادہ دن گذر جانے کی وجہ سے اسلامی فوج میں سامان رسد کی کمی ہونے لگی تو چند سپاہیوں کو ادھر ادھر روانہ کیا تاکہ وہ کھانے پینے کا سامان حاصل کریں۔ انھوں نے ایک مقامی آدمی سے گائے بکری کے بارے دریافت کیا تو اس نے لاعلمی ظاہر کی۔ حالانکہ وہ خود چرواہا تھا اور جانوروں کو ایک

---

[۱] البدایۃ والنہایۃ ج ۹ ص ۸۷۔

جھاڑی میں چھپائے ہوئے تھا۔ اسی درمیان میں ایک بیل نے آواز دی۔

کذب الراعی، ھا نحن فی ھذہ الأجمۃ — چرواہا جھوٹ بول رہا ہے ہم اس جھاڑی میں مو

یہ آواز سن کر مسلمان جھاڑی کے اندر سے کئی جانور نکال کر حضرت سعد کی

میں لے گئے۔ اسلامی فوجوں نے اس پر مسرت کا اظہار کیا اور اسے من جانب اللہ اپنے حق

مدد سمجھا۔ صاحب الفخری نے یہ واقعہ نقل کر کے لکھا ہے کہ:۔

والثور ان لم یکن قد تلفظ بحروف یکذب بھا الراعی فان صیاحہ فی تلک الساعۃ حتی یستدل بصیاحہ علی الدواب عند شدۃ الحاجۃ الیھا تکذیب صریح للراعی وھو من الاتفاقات العظیمۃ الدالۃ علی النصر والدولۃ والاستبشار بہ واجب[1]

بیل نے اگرچہ حروف و الفاظ میں چرواہے کی جھٹلایا مگر عین وقت پر اس کی آواز سے پتہ چل کہ شدید ضرورت کے وقت یہاں چوپائے موج ہیں اسی کے ساتھ اس میں چرواہے کی صریح تکذی ہے اور یہ واقعہ ان عظیم اتفاقات میں سے جو نصرت و اقبال مندی کو بتاتے ہیں اس لئے کو بشارت سمجھنا ضروری ہے۔

خلافت فاروقی میں نصرت خداوندی کے اس واقعہ کو اموی دور کے مشہور حاکم و

اور ظالم و سخت گیر امیر حجاج بن یوسف نے سنا تو دوسرے حضرات کو بلا کر تحقیق کی انھو

بتایا کہ ہم نے خود جھاڑی سے اس بیل کی آواز سنی تھی۔ پھر حجاج نے ان سے دریافت کیا ک

واقعہ کے بارے میں اس وقت لوگوں کا کیا خیال تھا؟ انھوں نے کہا کہ ایسا واقعہ اسی وقت

ظاہر ہو سکتا ہے جب پوری فوج متقی ہو ان لوگوں نے کہا کہ ہمیں فوج کے دلوں کا حال معلوم ن

ہے۔ البتہ ظاہر میں ہم نے جو دیکھا تھا اس سے یہی معلوم ہوتا تھا کہ دنیا میں ان سے بڑھ کر زا

دنیا سے بے نیاز کوئی نہیں ہے ان میں نہ کوئی بزدل تھا اور نہ کوئی غدار و خائن اور رغال کن

اس واقعہ سے جہاں عُبّاد و زُہّاد اور اہل اللہ کے وجود کی برکت معلوم ہوتی ہے

[1] الفخری ص ۷۹۔

Marfat.com

یں یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ اس دور میں ان حضرات کے بارے میں حسن ظن اور عقیدت و محبت
ں قدر عام تھی کہ حجاج بن یوسف جیسے ظالم و سفاک تک ان کے قائل تھے۔ واضح ہو کہ اسلامی
علیم کی رو سے سخت بھوک کی حالت میں بقدر ضرورت دوسرے کا مال استعمال کیا جا سکتا ہے
ر مخمصہ کی حالت میں زبردستی کرنے کی اجازت ہے ویسے بھی اسلامی تعلیم کی رو سے ایک شخص کا
فل مال دوسرا محتاج و ضرورت مند لے سکتا ہے۔ حضرت عباد بن شرحبیل رض کا بیان ہے کہ
یک مرتبہ مجھے سخت بھوک لگی اور قحط نے سخت پریشان کیا تو میں نے مدینہ کے ایک باغ سے
د بالیں چھان پھٹک کر کھالیں اور کچھ اپنے کپڑے میں لے لیں اتنے میں باغ کا مالک آگیا اور
پیٹ کر میرا کپڑا لے لیا۔ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ آپ نے
غ والے سے فرمایا کہ ان نادان کو تم نے نہ بتایا اور نہ بھوکا تھا تو کھانا کھلایا۔ پھر آپ نے میرا
ڑا واپس کرنے کا حکم دیا۔ اس نے میرا کپڑا بھی واپس کیا اور مجھے ایک وسق یا
دھا وسق غلہ دیا۔ (ابو داؤد کتاب الجہاد)

اس دور میں دیگر ممالک اسلامیہ کی طرح ہندوستان میں بھی اولیاء و صلحاء رہتے اور
ے جاتے تھے اور ان کی برکت کا ظہور نصرت و کامرانی کی صورت میں ہوتا تھا۔ چنانچہ ۴۴ھ
زوۂ قیقان میں جس کے امیر حضرت سنان بن سلمہ ہذلی جیسے اللہ والے تھے اور جس میں
ہاں معلی بن راشد بن آل ہذلی جیسے عابد و زاہد موجود تھے۔ اللہ تعالیٰ کی مدد نزول ملائکہ
ورت میں ظاہر ہوتی تھی۔ جیسا کہ اپنی جگہ پر اس کی تفصیل موجود ہے۔ اموی دور میں بہت
ادو زہاد اور اولیاء و اصفیاء یہاں تشریف لائے اور ان کے انفاس گرم سے ایمان
رارت اور مسلمانوں میں تاب و توان پیدا ہوئی۔ ان میں چند ہستیاں زہد و تقوی اور خدا
نداترسی میں نہ صرف اپنے دور میں بلکہ ہمیشہ وجہ نازش رہی ہیں اور آج بھی ان کے تذکرہ ول
ین و ایمان کی بزم میں رونق اور جلا پیدا ہوتی ہے۔ یہاں ان کی نشان دہی کی جاتی
فصل تذکرے دوسری جگہ مذکور ہیں۔

Marfat.com

(۱) حضرت سنان بن سلمہ بن محبق ہذلی رضی اللہ عنہ بڑے فاضل اور متنا یہ اپنی اللہ
بزرگ تھے آپ کے دور میں غزوۂ قیقان میں مسلمانوں کی مدد کے لئے آسمان سے
ملائکۃ الرحمن کا نزول ہوا تھا۔

(۲) حضرت ابو الیمان معلی بن راشد نبال ہذلی بصریؒ حضرت سنان کے آزاد کردہ غلام
نہایت بزرگ اور عابد و زاہد تھے غزوۂ قیقان میں نزول ملائکہ کا واقعہ آپ ہی سے مروی
(۳) حضرت کرز بن ابو کرز و برہ حارثی کوفیؒ بڑے عابد و زاہد ہیں چالیس سال تک آسمان
کی طرف نہیں دیکھا۔ اللہ تعالیٰ نے ان کو اسم اعظم کے علم سے نوازا تھا۔ ان کے فضائل و منا
بہت زیادہ ہیں سہمی نے تاریخ جرجان میں اور ابن جوزی نے صفۃ الصفوۃ میں ان کے مف
حالات درج کیے ہیں۔

(۴) حضرت کہمس بن حسن بصریؒ امام حسن بصری کے تلامذہ میں سے ہیں۔ سات دن میں ا
ہزار نفل نمازیں پڑھتے تھے۔ گچ کاری کے ذریعہ روزی کماتے تھے۔ صفۃ الصفوۃ وغیرہ
ان کے مناقب و فضائل مذکور ہیں۔

(۵) حضرت ابو الحسن معلی بن زیاد قردوسی بصریؒ کا شمار زہاد اہل بصرہ میں ہے۔ علما
میں بڑے مقام و مرتبہ کے مالک تھے ساتھ ہی بڑے صاحب عزم و حوصلہ اور بہادر سپاہی
(۶) ہشام بن عبد اللہ قشیریؒ مشہور شاعر ہونے کے ساتھ بقول ابن کلبی اپنے زمانہ
عباد و نساک میں شمار ہوتے تھے۔ یہ وہ مشائخ و اولیاء ہیں جو اس دور میں ہندوستا
آئے اور اپنی ایمانی حرارت سے دلوں کو گرما کر چلے گئے۔ ان کے وجود کی برکتیں ظا
ہوئیں اور یہاں کے مسلمانوں نے ان سے کسب فیض کیا۔ ان کے علاوہ یہاں پر اس
میں ایسے مشائخ و صلحاء موجود تھے جو عرب تک اپنی مشیخت و بزرگی میں شہرت رکھتے تھے
(۷) چنانچہ حضرت شیخ عبد الرحیم بن حماد ثقفی دیبلی بصریؒ کا شمار اموی دور کے م
میں تھا اور ان کو حضرت حارث محاسبیؒ حضرت شقیق بلخیؒ اور حضرت حاتم اصم طائی کے

جاتا تھا۔

(۸) بصرہ کے ہندی الاصل عبادوزبادمیں ابوعثمان عمرو بن عبید بن باب سندی بصری معتزلی بڑے مقام و مرتبہ کے اپنے مذہب کے بزرگ تھے۔ شیخ المعتزلہ اور نقی المعتزلہ کے ساتھ عابد و زاہد بھی تھے۔ بلکہ معتزلہ کی ایک شاخ فرقہ عمریہ کے بانی و پیشوا ہیں۔ ان کا دادا باب بنوتمیم کی ... میں زندگی بسر کرتا تھا۔ اور باپ عبید بن باب بڑی حیثیت کا مالک تھا۔

## ہندی علوم وفنون

قدیم زمانہ سے دنیا کے چار ممالک خاص طور سے علوم وفنون اسرار و حکم اور عقل و دانش ... شہرت رکھتے تھے (۱) عرب (۲) فارس (۳) ہندوستان اور (۴) روم، پھر ان چاروں میں عرب اور فارس اس بارے میں امتیاز رکھتے تھے۔ شاہان چین کے نزدیک دنیا میں ذی اہل ... پانچ بادشاہ تھے۔ ان میں سے ہندوستان کے بادشاہ کو "ملک الحکمۃ" کہتے تھے۔ یہ ملک نجوم، حساب، طب، موسیقی، اسرار و حکم نیز نجات و طلسمات، فہم و فراست اور عدل و سیاست میں مشہور تھا اور چونکہ عرب و ہند کے تعلقات قدیم زمانہ سے استوار تھے۔ اس لئے ہندوستانی علوم وفنون اور اسرار و حکم سے اہل عرب کسی نہ کسی حد تک واقف تھے اور علمی سلسلہ میں ان کا تعلق ہندوستان سے زیادہ فارس سے تھا۔ مشہور طبیب عرب حارث بن کلدہ ثقفی کے فن طب پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اعتماد فرمایا۔ انھوں نے یہ فن فارس اور یمن سے حاصل کیا تھا۔[۱] نضر بن حارث بن کلدہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی عداوت میں ایران کا سفر کیا اور وہاں سے ایرانی قصص و روایات لاکر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مقابلہ میں پڑھ پڑھ کر سناتا تھا۔ قاضی القضاۃ عبدالجبار ہمدانی نے اپنی کتاب "تثبیت دلائل النبوۃ" میں لکھا ہے کہ نضر بن حارث بن کلدہ اللہ اور اس کے رسول کا شدید ترین دشمن تھا۔ ہر وقت آپ کے پیچھے پڑا رہتا تھا۔ یہاں تک کہ اس نے آپ کی عداوت میں فارس کا سفر کر کے چند کتابیں تلاش کیں تاکہ ان سے اسلام

[۱] طبقات الامم ص ۴۷۔

اور مسلمانوں کے ساتھ مکر و فریب کرے۔ چنانچہ اس نے رستم اور اسفندیار اور ایرانیوں کے قصے خریدے اور ان کو مکہ لاکر بیان کرنا شروع کیا۔ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کسی مجلس سے اٹھتے تو نضر وہاں بیٹھ کر ان ہی قصوں اور کہانیوں کو بیان کرتا اور کہتا کہ محمدؐ عاد و ثمود و دیگر امم کے حالات اسی کتاب سے بیان کرتے ہیں۔ بلکہ یہ کتاب ان کی باتوں سے اچھی ہے[۱]۔

خلافت راشدہ میں ایک جاٹ طبیب مدینہ منورہ میں تھے اور یمن میں بیرزطن ہندی ایک بزرگ تھے جو حشیشۃ القنب (بھنگ) کے ذریعہ علاج میں ماہر تھے۔ عمان کے بنو ازد چونکہ قدیم زمانہ سے ہند و سندھ سے تجارتی تعلق رکھتے تھے اس لئے وہ یہاں کے حالات و اخبار سے واقف تھے مگر یہ روایت نہیں ملتی کہ وہ ہندوستانی علوم و فنون سے بھی واقف تھے۔ ابتداء میں مسلمانوں کو صرف کتاب و سنت اور اس سے متعلقہ علوم سے دلچسپی تھی۔ وہ دوسرے علوم کی طرف متوجہ نہ تھے حضرت معاویہ نے سب سے پہلے فن تاریخ کی طرف توجہ کی اور ان کے پوتے خالد بن یزید نے اسرار و حکم اور کیمیا وغیرہ سے دلچسپی لی۔ نیز حضرت معاویہ کے دور میں ہندوستان کے اسرار و حکم پر ایک کتاب عرب میں پہونچی جس سے خالد بن یزید نے کام لیا۔ قاضی رشید بن زبیر نے حضرت معاویہ کی خدمت میں ارض چین کے راجہ کے ہدیہ کے سلسلے میں لکھا ہے۔

| | |
|---|---|
| وکانت الهدية كتابا من سرائر علومهم | یہ ہدیہ درحقیقت اہل ہند کے علوم و انوار کی کتاب |
| فيقال انه صار بعد ذلك الى خالد بن | تھا۔ بیان کیا گیا ہے کہ بعد میں یہ کتاب خالد |
| يزيد بن معاويه وكان يعمل منه | بن یزید بن معاویہ کو ملی جس سے وہ کیمیاگری کے |
| الاعمال العظيمة من الصنعة وغيرها[۲]۔ | کے بڑے بڑے کام لیتا تھا۔ |

خالد بن یزید طب، نجوم اور کیمیاگری کے علوم و فنون میں بڑا ماہر تھا اور اموی دور میں سب سے پہلے اسی کے لئے طب و نجوم اور کیمیاگری کی کتابوں کے تراجم عربی زبان میں ہوئے۔ ابن ندیم نے لکھا ہے کہ وہ فن کیمیاگری میں ایک قول کے مطابق کامیاب بھی ہو گیا تھا۔ اس موضوع پر اس کی کئی کتابیں

[۱] تثبیت دلائل النبوۃ ج ۱ ص ۱۳۵ طبع بیروت ۱۳۸۶ھ [۲] کتاب الذخائر والتحف ص ۱۰۔

بت سے اشعار ہیں کتاب الحرارات کتاب الصحیفۃ الکبیر کتاب الصحیفۃ الصغیر کے علاوہ اس نے کیمیاگری پر اپنے کو تحریری وصیت بھی لکھی ہے۔ ابن ندیم نے ان کتابوں اور اشعار کو دیکھا ہے [1] اس فن میں بن یزید نے ہندی علوم و فنون خاص طور سے طب، نجوم اور اسرار و حکم سے مدد لی ہوگی مگر جیسا کہ کہا گیا اموی دور میں ہندوستانی علوم و فنون عام نہیں ہوئے تھے۔ بلکہ انفرادی پر بعض افراد یہاں کے اسرار و حکم بیان کیا کرتے تھے۔ چنانچہ راجہ داہر کی بیٹی جو کعب بن مخارق سی کے یہاں تھی۔ پڑوس کی عورتیں اس سے حکمت و دانائی کی باتیں سنا کرتی تھیں۔ مگر یہاں جاٹ اور سیابجہ کوفہ بصرہ اور دوسرے شہروں میں آباد تھے ان کے بارے میں اس قسم تصریح نہیں ملتی بلکہ اس کے علی الرغم انھوں نے ذوق اموی دور کے مطابق کتاب و سنت اور ادیث و آثار کی گرمی میں حصہ لیا در حقیقت اس زمانہ میں کتاب و سنت کے ترویج و تعلیم اور ظ و مذاکرہ کا اس قدر ذوق اور انہماک تھا کہ دوسرے علوم و فنون کی طرف توجہ کی فرصت تھی۔ البتہ عباسی دور میں ایرانیوں کے ذریعہ ہندوستان کے علوم و فنون اور افکار و خیالات سلمانوں میں پھیلے اور دیگر اقوام و ملل کی طرح ہندوستان کے علماء و حکماء کے اقوال و آثار افکار و نظریات، محاضرات و ادب کی کتابوں میں کثرت سے درج کیے گئے چنانچہ جاحظ نے یان والتبیین اور کتاب الحیوان وغیرہ میں، ابن قتیبہ نے عیون الاخبار میں، ابن عبد ربہ العقد الفرید میں قلقشندی نے صبح الاعشیٰ میں ایرانی اور رومی حکماء کے نظریات کی طرح ہندی وروں اور مفکروں کے افکار درج کیے ہیں۔ نیز عباسی دور میں ہندوستان کے علماء و فضلاء حکماء و اطباء، فلاسفہ، فصحاء، ارباب نجوم و نیرنجات اور موسیقی و ریاضی کے ماہر عرب گئے اور وہاں کے دوستانیوں میں ان علوم و فنون میں نمایاں شخصیتیں پیدا ہوئیں تفصیلات کتابوں میں موجود ہیں۔

## ہندی افکار اور اموی دور کی بدعات

اموی دور میں اسلام اور مسلمان عجمی افکار و خیالات کی مصیبت سے بڑی حد تک محفوظ تھے

[1] الفہرست ص ۴۹۷۔

Marfat.com

کیونکہ اب تک جدید الاسلام اہل عجم سے فکری و لسانی اختلاط بہت کم تھا اور مسلمان فتوحات
اور اسلامی علوم کی ترویج میں ہمہ تن مصروف تھے۔ البتہ ان نومسلموں میں ایسے لوگ بھی تھے جو
ہونے کے باوجود مجوسیت، ثنویت، زردشتیت اور سمنیت کے قدیم اور آبائی اثرات و خیا
رکھتے تھے۔ انھوں نے خاص طور سے عراق کو اپنی قدیم اور خفیہ ذہنیت کا مرکز بنا کر خالص اسلا
میں عجمی خیالات کی آمیزش کرنی چاہی چنانچہ آخری دور صحابہ میں معبد جہنی، غیلان دمشقی، یونس ا
وغیرہ کی بدعات کی وجہ سے اسلامی عقائد میں اختلافات ظاہر ہوئے جو خوارج، شیعہ، مرجیہ
قدریہ، جبریہ، معتزلہ وغیرہ فرق و مذاہب کے انداز میں سامنے آئے۔ خوارج کے نزدیک گناہ کبی
سے مسلمان کافر ہو جاتا ہے بخلاف مرجیہ کے کہ ان کے نزدیک ایمان اور کبائر جمع ہو سکتے ہیں۔ فرقۂ قد
کا کہنا تھا کہ بندہ اپنے فعل پر قادر نہیں ہے بلکہ بندہ اور اس کا فعل دونوں اللہ کے پیدا کردہ ہیں
معتزلہ کہتے تھے کہ نیک اعمال اللہ پیدا کرتا ہے اور برے اعمال بندے کے نفس کے فعل ہیں۔ ان
کے علاوہ اور بہت سے عقائد و خیالات ہیں جو ان فرقوں کی وجہ سے پھیلے جیسا کہ ملل و نحل کی کتا
میں مذکور ہے ان خیالات کے حاملین زیادہ اہل عجم تھے۔ جو خود اسلام لائے یا جن کے آباء و اجدا
مسلمان ہوئے مگر ان میں اپنے قدیم مذہب کی خو بو شعوری یا غیر شعوری طور سے باقی رہی اور جب
موقع آیا وہ اسلامی عقائد کے مقابلہ میں آگئے۔ ان جماعتوں میں ہندوستان کے قدیم افک
خیالات اور بعض سندی الاصل افراد روز اول سے شریک تھے۔

چنانچہ قدر و اعتزال کے امام و قائد عمرو بن عبید کا دادا "باب" کابل اور سندھ کی حدو
باشندہ اور بنو تمیم کا مولی تھا۔ بصرہ اس کا وطن تھا وہ اور اس کا بیٹا عبید بن باب اموی دور میں
کی عجمی ٹولیوں میں آتے جاتے تھے۔ باب کا پوتا اور عبید کا بیٹا عمرو بن عبید بھی ساتھ رہتا تھا۔ لوگ عمرو
کے ساتھ دیکھ کر کہتے کہ خیر الناس شر الناس کے ساتھ ہے اور عبید اس کے جواب میں کہتا کہ آپ لوگ صح
رہے ہیں۔ میں آزر ہوں اور میرا بیٹا ابراہیم ہے۔ بانی اعتزال واصل بن عطاء کی طرح عمرو بن عبید
ابتدا میں امام حسن بصری کی مجلس درس میں بیٹھتا تھا مگر بعد میں واصل کی طرح وہ بھی ان سے

قدر رو اعتزال کا نہ صرف قائل ہوا بلکہ مفتی معتزلہ اور اپنے مذہب کا بہت بڑا عابد و زاہد اور امام
مرو بن عبید بن باب اپنے آبائی مذہب سمنیت (بدھ) سے متاثر تھا اور اسلام کی سیدھی سادی
ات کے مقابلہ میں اس کے آبائی افکار و آرا سامنے آئے بعض بدخواہوں نے امام مکحول سندی
پر قدری ہونے کا الزام لگایا حالانکہ وہ اس سے بری تھے۔ اسی طرح بعض لوگوں نے امام ابوحنیفہ
میں سے بنایا جو سراسر غلط ہے اس دور میں بصرہ میں فرقہ سمنیہ خفیہ طور سے کام کر رہا تھا اور اس کے
ات کے حاملین و مبلغین وہاں موجود تھے یہ فرقہ ہندوستان کے بدھ مذہب سے تعلق
تھا اور اس کا مرکز سومنات تھا۔ فرقہ سمنیہ یا بدھ مذہب کے ماننے والے بلخ و بخارا اور
ند تک پائے جاتے تھے۔ بعد میں یہ لوگ مسلمان ہوئے تو ان میں سے بعضوں نے جو اپنے آبائی
ب سے متاثر تھے اسلامی تعلیمات میں اس کی پیوند کاری کرنی چاہی۔ ابن ندیم نے لکھا ہے :-

السمنیة بوداسف وعلی هذا المذهب — فرقہ سمنیہ کا نبی بوداسف (بدھ) ہے قدیم زمانہ میں
اکثر اهل ماوراء النهر قبل الاسلام — اسلام سے پہلے اسی مذہب پہ ماوراء النہر کے اکثر
قدیم ومعنی السمنیة منسوب الی سمنی[1] — باشندے تھے سمنیت کی نسبت سمنی (سومناتی) کی طرف ہے

ابوالفرج اصفہانی نے کتاب الاغانی میں لکھا ہے کہ بصرہ میں جدل و کلام سے دلچسپی رکھنے میں
خاص مشہور تھے۔ عمرو بن عبید، واصل بن عطار، بشار اعمیٰ، صالح بن عبد القدوس، عبد الکریم
ابو عوجا اور قبیلہ بنو ازد کا ایک شخص، یہ سب اس ازدی کے مکان میں جمع ہو کر مختلف مسائل
بحث و مباحثہ اور مناظرہ کیا کرتے تھے۔ آخر میں عمرو اور واصل اعتزال میں پھنس گئے۔
الکریم اور صالح نے غلط افکار و خیالات سے سچی توبہ کر لی، بشار اعمیٰ ذہنی الجھاؤ میں مبتلا رہا اور
سمنیہ کے قول و عقیدہ کی طرف مائل ہو کر آخر تک اپنے اسی ظاہری حال پر قائم رہا[2]
عمرو بن عبید اور واصل بن عطار، امام حسن بصری کی مجلس درس میں بیٹھتے تھے مگر ان ہی خیالات
سے بعد میں اعتزال و قدر کے نمائندے بن گئے۔

[1] الفہرست ص ۴۸۴ [2] اغانی بحوالہ رجال السند والہند ص ۱۸۵۔

Marfat.com

فرقہ سمنیہ کے مشرکانہ افکار و خیالات نے بعد میں ان بدعات میں اپنا کام کیا اور ان کو تقویت …
ابن حجر نے فتح الباری میں فرقہ جہمیہ کے بانی جہم بن صفوان کے بارے میں لکھا ہے کہ وہ ترمذ کے …
دریائے زابلستان (غزنین) کے اس پار امیر تھا۔ ہندوستان کے تاجر دریا پار کر کے شمال میں بلخ …
سمرقند کے علاقوں میں بغرض تجارت جایا کرتے تھے اور جہم بن صفوان ان سے مکس یعنی ٹیکس …
کیا کرتا تھا۔ ایک مرتبہ سمنی فرقہ کے تاجروں نے اس سے اللہ تعالیٰ کے بارے میں کچھ باتیں دریافت …
جن کے جوابات وہ نہ دے سکا بلکہ ان کے خیالات سے متاثر ہو کر گھر میں بیٹھ رہا اور ایک زمانہ تک باہر …

| | |
|---|---|
| فکلمتہ السمنیۃ مرۃ وقالوا لہ صف لنا ربک الذی تعبدہ ولم یکن لہ علم ولا مجالسۃ لاھل العلم فدخل البیت لا یخرج مدۃ۔ | جماعت سمنیہ نے جہم بن صفوان سے کہا کہ تم جس … عبادت کرتے ہو اس کے اوصاف ہمارے سامنے … کرو جہم نہ عالم تھا اور نہ اہل علم کی صحبت اٹھائے ہو … اس لئے لاجواب ہو کر گھر میں بیٹھ رہا اور ایک مدت تک … |

اس واقعہ کو امام بخاری نے اپنی کتاب "افعال العباد" میں اختصار کے ساتھ یوں بیان کیا ہے …

| | |
|---|---|
| ان بعض السمنیۃ خاصم جہم بن صفوان فاقام اربعین یوما لا یصلی وبعدہ قال جہم فی اللہ۔ وھو ھذا الھواء مع کل ھو وفی کل شئ ولا یخلو منہ شئ۔ | ایک سمنی نے جہم بن صفوان سے مخاصمت کی تو … دن تک گھر میں یوں پڑا رہا کہ نماز تک نہیں پڑھتا … اس کے بعد جہم نے اللہ تعالیٰ کے بارے میں … پیش کیا کہ وہ یہ ہوا ہے ہر چیز کے ساتھ ہے … میں ہے اور اس سے کوئی چیز خالی نہیں ہے … |

ان تصریحات سے معلوم ہوتا ہے کہ ہندوستان کا فرقہ سمنیہ اموی دور کے دینی فتنوں میں …
زیادہ دخیل و مؤثر تھا اور اس کے خیالات سے ہوا خواہوں کو بڑی مدد ملی تھی۔ محمد بن قاسم کی …
کے ضمن میں جگہ جگہ سمنی اور سمنیہ کا نام آتا ہے کہ وہ ان کے پاس آکر صلح و مصالحت میں اہل …
کی طرف سے ذمہ دارانہ گفتگو کرتے تھے۔ یہ اسی فرقہ کے مذہبی پیشوا ہوتے تھے جو بدھ …
عوام میں مذہبی پیشوائی کے ساتھ حاکمانہ اقتدار بھی رکھتے تھے۔ جیسے آج کل تبت و …

Marfat.com

علاقوں میں لاماؤں کی حیثیت ہے۔

## خارجی تحریک کے اثرات ونتائج

اموی دور خلافت میں دو سیاسی تحریکیں بڑی تیزی اور سخت جانی کے ساتھ ابھریں اور دیکھتے ہی دیکھتے مذہبی بن کر پھیل گئیں۔ یعنی خوارج اور شیعہ کی سرگرمیاں یہ دونوں فرقے ایک ہی درخت کی دو شاخیں ہیں جن کے برگ وبار حضرت علی رضی اللہ عنہ کے دور میں ظاہر ہوئے۔ ابتداء میں لوگ طرفداران علیؓ تھے۔ مگر واقعہ تحکیم کے بعد دو گروہوں میں بٹ گئے ایک حضرت علی کا مخالف ہو کر ان سے جدا ہو گیا۔ یہ خوارج ہیں، اور دوسرا ان کے ساتھ رہ گیا۔ یہ شیعہ ہیں۔ ان دونوں تحریکوں میں یہ بات نمایاں طور پر معلوم ہوتی ہے کہ خارجی تحریک میں سراسر قبائلی عصبیت اور عربیت کا مزاج کام کر رہا تھا۔ بلکہ یمن کے قحطانیوں اور حجاز کے عدنانیوں کی چپقلش نے خارجیت کا رنگ اختیار کر لیا تھا اور قریش کے مقابلہ میں قحطانی قبائل اس میں شریک تھے چنانچہ ایک خارجی شاعر شبیل بن عزرہ ضبعی نے اس ذہنیت کا مظاہرہ یوں کیا ہے۔

الم تران الله اظهر دينه وصلّت قريش خلف بكر بن وائل

اللہ نے اپنے دین کو غلبہ دیا اور قریش والوں نے بنو بکر بن وائل کے پیچھے نماز پڑھی۔

اسی قبائلی عصبیت اور عربیت کی وجہ سے اس کی سرگرمی اور اقتدار و غلبہ کی حدود دمشق اور سواحل ہند تک رہیں اور ایک زمانہ تک افریقہ میں اس کی سرگرمی جاری رہی اور تحریک میں ابتداء ہی سے عرب و عجم کی ملی جلی ذہنیت کام کر رہی تھی اور نسل پرستی اور شخصیت پسندی کا رنگ اس پر غالب تھا۔ اسی لئے اس کو عرب سے زیادہ عجم میں فروغ ہوا نسل و خاندان کا آبائی ذہن و مزاج کام کر رہا تھا۔ ابتداء میں ان دونوں جماعتوں کا محور خلافت و امامت کا مسئلہ تھا مگر بعد میں عقائد و افکار نے الگ الگ مذہبی رنگ اختیار خوارج دو بنیادی خیالات لے کر اٹھے۔ ایک یہ کہ امامت و خلافت غیر قریش میں بھی جائز ہے۔ مسلمان اپنے مشورہ سے جس شخص کو اپنا امام و خلیفہ منتخب کر لیں وہ دینی معیار کے مطابق

Marfat.com

لوگوں کے ساتھ معاملہ اور اقامت عدل کے ساتھ دفع ظلم کرے اور جو شخص ایسے امام کے خ
خروج و بغاوت کرے امام کی معیت میں اس سے قتال کرنا واجب ہے اور اگر امام و خلیفہ
سے ہٹ جائے تو اس کا معزول کرنا واجب ہے ان کے نزدیک یہ بھی جائز ہے کہ دنیا میں کسی
وقت امام نہو اور بوقت ضرورت حر غلام، حبشی قریشی غیر قریش کوئی بھی امام ہوسکتا ہے۔ دوسری
بات یہ کہ انھوں نے تحکیم کے معاملہ میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کو خاطی قرار دیا۔ کیونکہ ان کے زعم
میں آپ نے اللہ تعالیٰ کے حکم و فیصلہ کے مقابلہ میں انسانوں کو حکم و فیصل مان لیا[1]

ابتدا میں ان ہی دو باتوں پر خوارج اموی خلفاء سے جنگ و قتال کرتے رہے مگر بعد میں
یہ سیاسی تحریک دین و دولت کا نظریہ پیش کرنے لگی۔ خوارج کی فوجی تنظیم بہت زبردست اور طاقت ور
تھی۔ ان کے خیالات نہایت انتہا پسندانہ اور سخت تھے۔ پورا اموی دور ان کی فوجی سرگرمیوں سے
نبرد آزمائی میں گذرا عبد الملک بن مروان کے زمانہ میں انھوں نے شدید ترین مقاومت کی جس کی
وجہ سے ایک طرف وہ بحرین و عمان اور مشرقی عرب کے ریگستانوں اور پہاڑیوں میں زبردست
شوکت کے مالک بن گئے اور دوسری طرف عراق و بصرہ پر دھاوا بول کر اسے اپنے قبضہ میں
کرنا چاہا۔ مگر اموی امیر مہلب بن ابو صفرہ ازدی نے بصرہ کے خوارج کو شکست دے کر فرار
ہونے پر مجبور کیا۔ اسی لئے اس زمانہ میں بصرہ "بصرۃ المہلب" کے نام سے یاد کیا جانے لگا تھا۔ خوارج
کی سرگرمیوں اور امویوں سے حرب و ضرب کے سلسلہ میں یہ عجیب بات ہے کہ بہت سے قریشی اور خود اموی شہزادے
انکے ساتھ تھے بلکہ انکی خلافت کے داعی و مبلغ بن کر خلافت سے برسر پیکار تھے علامہ ابن حزم لکھتے ہیں:

| | |
|---|---|
| الضحاك بن قيس... الخارجي الذي بايعه | ضحاک بن قیس خارجی جس کے ہاتھ پر ایک لاکھ بیس |
| مائة وعشرون الف مقاتل على مذهب | جنگ بازوں نے خارجیت پر بیعت کی اور اس |
| الصفرية، وملك الكوفة وغيرها | کوفہ وغیرہ پر قبضہ کر لیا اس کے ہاتھ پر قریش کی ایک |
| وبايعه بالخلافة وسلم عليه بها جماعة | جماعت نے خلافت کی بیعت کی جس میں عبد اللہ بن |

[1] الملل والنحل شہرستانی ص ۶۶۔

Marfat.com

| | |
|---|---|
| ...ن قریش عبد اللہ بن امیر المومنین | عمر بن عبد العزیز اور سلیمان بن خلیفہ ہشام |
| ...ر بن عبد العزیز وسلیمان بن امیر المومنین | بن عبد الملک وغیرہ شامل تھے۔ اس موقع پر ایک خارجی |
| ...شام بن عبد الملک وغیرھما وفی ذالک یقول | شاعر نے فخریہ انداز میں یہ شعر کہا ہے کیا تم نے نہیں دیکھا |
| ...اعر الخوارج الم تر ان اللہ اظہر دینہ | کہ اللہ نے اپنے دین کو غلبہ دیا اور قبیلہ قریش نے |
| ...صلت قریش خلف بکر بن وائل[1] | قبیلہ بکر بن وائل کے پیچھے نماز پڑھی۔ |

بظاہر معلوم ہوتا ہے کہ ان اموی خلیفہ زادوں اور قریش کے بہت سے لوگوں نے خارجی تحریک ... سیاسی حیثیت سے شرکت کی تھی اور اسے دین وعقیدہ کے طور پر تسلیم نہیں کیا تھا۔

بہر حال خوارج پورے اموی دور میں خلافت کا مقابلہ کرتے رہے اور بصرہ وغیرہ میں شکست ...ا کر بھی خاموش نہیں بیٹھے۔ بلکہ بحرین وعمان اور مشرقی سواحل سے لے کر سجستان، کرمان، مکران ... ر سندھ تک اپنی سرگرمی دکھاتے رہے۔ حتیٰ کہ آخر میں یہی علاقے ان کے حق میں محفوظ پناہ گاہ ...بت ہوئے اور مہلب بن ابو صفرہ اور یزید بن مہلب بن ابو صفرہ کے مقابلہ میں شکست کھانے ... کے باوجود وہ ان علاقوں میں پڑے رہے حتیٰ کہ علاقہ مکران "ارض الشراۃ" کہلانے لگا اور ...بعد میں خوارج کے بعض فرقوں کے لئے مکران و کرمان مرکز بن گئے۔ جہاں پر ان کی تعداد بہت ...زیادہ تھی۔ علامہ شہرستانی نے لکھا ہے:۔

| | |
|---|---|
| ...الخلفیۃ، اصحاب خلف الخارجی وھم | فرقہ خلفیہ خلف خارجی کے متبعین ہیں یہ کرمان اور |
| ...وارج کرمان ومکران[2] | مکران کے خوارج ہیں۔ |

خوارج کے کئی امراء و قواد اموی دور میں سندھ ومکران میں آئے اور یہاں اپنی سرگرمی ...ھانے کے بعد مارے گئے یا فرار ہو گئے اس کے باوجود بہت بعد تک ان کے اثرات باقی رہے اور ...ن وسندھ مدتوں ان کی جولان گاہ بنے رہے بلکہ یہاں انھوں نے دو دو حکومتیں قائم کیں ...ری تحقیق میں سب سے پہلے عبد الملک بن مروان کے دور میں یہاں خارجی امراء و قواد کی

---

...ہرۃ انساب العرب ص ۲۲۷ ۲۔ الملل والنحل ج ۱ ص ۶۸۔

آمد ہوئی جب کہ علافیوں نے شورش برپا کر کے یہاں قبضہ جما لیا تھا اور سندھ و مکران دو
عملاً مرکز خلافت سے کٹے ہوئے تھے یہ لوگ ۶۵ھ سے ۸۰ھ تک پوری طرح قابض و د
تھے۔ ان ہی ایام میں عرب میں اموی خلافت کے مقابلہ میں متعدد طاقتیں کام کر رہی تھیں
میں سے خوارج نے بلاد سجستان و کرمان اور سندھ و مکران کی طرف رخ کیا چنانچہ ۶۹ھ
میں مشہور خارجی قائد و امیر نجدہ بن عامر نے عطیہ بن اسود حنفی خارجی کو عمان میں خروج
بغاوت کے لئے روانہ کیا۔ عطیہ نے یہاں کے اموی امیر کو قتل کر کے قبضہ جما لیا۔ مگر کچھ دن
کے بعد نجدہ اور عطیہ میں اَن بن ہو گئی اور عطیہ براہ سمندر کرمان چلا آیا۔ اس وقت اس
ہمراہ خوارج کی فوج تھی۔ جب مہلب بن ابوصفرہ کو پتہ چلا تو انھوں نے مقابلہ کے لئے فو
روانہ کی عطیہ ہزیمت کھا کر سجستان کی طرف بھاگا۔ پھر وہاں سے سندھ پہونچا مگر مہلب
سپاہیوں نے عطیہ اور اس کی فوج کو کہیں چین لینے نہیں دیا۔ حتیٰ کہ عطیہ کو قندابیل میں ق
کر دیا۱؎ اسی دور میں سوید بن سلیم شیبانی ہندی خوارج کا ایک مشہور قائد و امیر تھا جس نے
۷۶ھ میں صالح بن مسرح تمیمی کے ساتھ موصل میں عبدالملک بن مروان کے خلاف زبردست
خروج کیا تھا۔ اور حجاج بن یوسف نے مقابلہ کے لئے حارث بن عمیرہ ہمدانی کی قیادت
میں کوفہ سے تین ہزار کی فوج روانہ کی تھی۔ اس وقت سوید بن سلیم شیبانی ہندی خوارج کی فو
کے میمنہ کا امیر تھا اور شکست کے بعد مشہور خارجی قائد شبیب کے فوجی امراء میں شامل ہو
تھا۲؎ ۱۲۶ھ میں ایک خارجی قائد رفاعہ بن ثابت بن نعیم فلسطینی نے شکست کے بعد سندھ آ کر
اقتدار کی ناکام کوشش کی طبری نے لکھا ہے کہ ۱۲۷ھ میں ثابت بن نعیم نے اہل فلسطین کو لے کر مرو
بن محمد کے دور میں مقام طبریہ کا محاصرہ کر لیا۔ اس وقت وہاں کا امیر ولید بن معاویہ بن مرو
تھا۔ خوارج نے اس سے کئی دن تک جنگ کی امیر نے کور کے ابوالورد کو لکھا کہ وہ فوراً اس کی
کرے۔ جب ابوالورد کے قریب آجانے کی اطلاع ملی تو طبریہ والوں کی ہمت بڑھی اور انھو

۱؎ تاریخ ابن خلدون ج ۳ ص ۱۴۷، ۲؎ تاریخ طبری ج ۶ ص ۲۳۱ و ص ۲۳۲۔

نے ثابت بن نعیم کو شکست دے کر شہر بدر کر دیا۔ اس نے فلسطین آکر طاقت جمع کی۔ ابو الورد نے یہاں بھی اسے شکست دی۔ اس کے تمام ساتھی منتشر ہو گئے اور ثابت کے تین لڑکے نعیم بن ثابت، بکر بن ثابت اور عمران بن ثابت گرفتار ہوئے۔ اس وقت مروان مقام دیر ایوب میں فروکش تھا۔ تینوں جنگی قیدی اس کے سامنے پیش کئے گئے۔ اس نے ان کے زخموں کے علاج کا حکم دیا۔ خود ثابت بن نعیم اپنے ایک لڑکے رفاعہ بن ثابت کو ساتھ لے کر روپوش ہو گیا۔ رفاعہ اس کی اولاد میں نہایت خبیث و شریر آدمی تھا۔ اس زمانہ میں امویوں کا ستارہ گردش میں تھا اور ہر جگہ ان کے خلاف طاقت کام کر رہی تھی۔ منصور بن جمہور کلبی اپنے بھائی منظور بن جمہور کلبی کو لے کر سندھ پر قابض تھا۔ رفاعہ بن ثابت بن نعیم بھاگ کر منصور کے پاس سندھ آیا۔ منصور نے اس کو اپنے بھائی منظور کے ساتھ اپنا جانشین مقرر کر کے ملتان کی مہم کی راہ لی۔ رفاعہ نے موقع پاکر منظور کو قتل کر کے منصورہ پر قبضہ کرنا چاہا۔ جب منصور بن جمہور کو اس حادثہ کی خبر لگی تو اس نے راستہ سے واپس آکر رفاعہ کو گرفتار کیا اور پختہ اینٹوں کا ایک مجوف مینارہ بنوا کر اور رفاعہ کو اسی کے اندر بند کر کے اوپر سے اینٹیں چنوا دیں بعد میں اسی پر پختہ عمارت بنوا دی۔[1]

اس طرح یہاں خوارج کا قبضہ ہوتے ہوتے رہ گیا ورنہ ممکن تھا کہ بنو امیہ کے چل چلاؤ کے وقت ہی میں سندھ کے بعض علاقے ان کی جولان گاہ بن جاتے۔

۱۳۰ھ میں ایک اموی شہزادہ سلیمان بن ہشام بن عبد الملک جو خوارج کی تحریک میں بڑے شد و مد کے ساتھ شامل تھا۔ اپنے آل اولاد اور حشم و خدم کے ساتھ سندھ میں وارد ہوا۔ طبری نے لکھا ہے کہ خارجی امراء ضحاک بن قیس اور خیبری کے قتل ہونے پر خوارج نے شیبان بن عبد العزیز یشکری کو اپنا امیر و قائد منتخب کیا مگر جب وہ ہزیمت کھا گیا اور اس کی تمام فوج منتشر ہو گئی تو خلیفہ عبد الملک بن مروان کا بیٹا سلیمان اپنے خاندان اور موالی کے ساتھ مروان بن محمد کے زمانہ میں بحر کے ذریعہ سندھ چلا آیا۔ ابن کثیر کے بیان کے مطابق ۱۲۸ھ میں ضحاک مارا گیا اور اس کی جگہ

[1] تاریخ طبری ج ۹، ص ۳۱۴۔

خیبری امیر بنا۔ اسی کے ساتھ سلیمان بن ہشام بن عبد الملک اپنے پورے خاندان اور موالی سمیت اس کے ساتھ ہوگیا۔ پھر ان سب نے مروان بن محمد کے خلاف خروج کیا ۱۲۹ھ میں خیبری بھی مارا گیا اور شیبان بن عبد العزیز یشکری خارجی امیر ہوا سلیمان بن ہشام نے اسے مشورہ دیا کہ موصل میں قلعہ بند ہو کر جنگ کرنی چاہیئے چنانچہ شیبان اپنی تمام فوج لے کر موصل پہونچا۔ ادھر مروان بن محمد کو اس چال کا علم ہوا اور وہ بھی اپنی فوج لے کر پہونچا۔ خوارج نے موصل کے گرد مروان کی فوجوں کے بالمقابل خندق کھود دی۔ اس کے بعد ایک سال تک دونوں فوجیں آمنے سامنے پڑی رہیں اور صبح و شام جنگ ہوتی رہی اسی درمیان میں مروان نے سلیمان بن ہشام کے بھتیجے امیہ بن معاویہ بن ہشام کو قید کر کے اس کے ساتھ نہایت بے دردی کا معاملہ کیا۔ اس کے دونوں ہاتھ کاٹ کر اس کی گردن اڑادی۔ اس وقت سلیمان بن ہشام اور اس کی فوج یہ کھڑے وہ منظر دیکھ رہی تھی۔ اس واقعہ کے دوسرے سال ۱۳۰ھ میں شیبان یشکری اہواز میں مارا گیا۔ اور سلیمان بن ہشام اپنے خاندان اور موالی کو لے کر براہ سمندر سندھ چلا آیا[1] اس وقت سندھ پر منصور بن جمہور کلبی کا قبضہ تھا۔ چونکہ پہلے رفاعہ بن ثابت بن نعیم خارجی کی سرکشی سے منصور واقف ہو چکا تھا اس لئے سلیمان بن ہشام کی آؤ بھگت نہیں کی ویسے منصور بن جمہور کلبی مروان بن محمد کی دشمنی میں خوارج سے ہمدردی رکھتا تھا اور ان کی مدد بھی کرتا تھا مگر اپنے اقتدار میں ان کو شریک کر کے بے قابو ہونا نہیں چاہتا تھا۔ ان ہی ایام میں یا اس سے کچھ پہلے سندھ میں خوارج اور خلافت کی فوجوں میں زبردست مقابلہ ہوا۔ ایک موقع پر داؤد بن حاتم خارجی اور نباتہ بن حنظلہ میں دریائے دجلہ پر سخت مقابلہ ہوا جس میں داؤد جان سے مارا گیا۔ اس کے بعد مروان نے ابن ہبیرہ کو لکھا کہ خوارج کے مقابلہ کے لئے عامر بن ضبابہ مزنی کی امارت میں فوج روانہ کی جائے چنانچہ وہ آٹھ ہزار فوج لے کر نکلا جب شیبان بن عبد العزیز یشکری کو اس کی خبر لگی تو اس نے جون بن کلاب خارجی کو فوج دے کر

---

[1] تاریخ طبری ج ۶ ص ۱۵۱ ۳، جمہرۃ انساب العرب ص ۹۲/۱۲۲ البدایۃ والنہایۃ ج ۱۰ ص ۲۸ تا ص ۲۹۔

Marfat.com

عامر بن ضبابہ مزنی کو روکنے کے لئے بھیجا۔ اس مڈبھیڑ میں عامر کو شکست ہوگئی اور وہ سندھ میں آکر قلعہ بند ہوگیا۔ اس وقت خلیفہ مروان عامر کی فوجی امداد کرتا تھا اور منصور بن جمہور کلبی مقام جبل سے شیبان کی مالی امداد کرتا تھا[1]

اسی طرح ۱۳۲ھ میں ابن ہبیرہ اور قحطبہ بن شبیب خارجی کے درمیان جنگ کے سلسلے میں خوارج کے دو نام ملتے ہیں جن کا تعلق سندھ سے معلوم ہوتا ہے۔ ایک سندی بن عصم اور دوسرا ابو السندی۔ ان دونوں نے قحطبہ کو دریائے فرات پار کرنے کی جگہ بتائی تھی اس دور میں ہندوستان میں خوارج کی سرگرمیوں کے یہ واقعات بتا رہے ہیں کہ انھوں نے بحرین و عمان اور بلاد سجستان و کرمان کی طرح مکران و سندھ کے علاقوں میں اپنا اثر و رسوخ پیدا کر لیا تھا۔ بلکہ ایک بار انھوں نے یہاں جگہ پکڑنے کی عملی کوشش کر دی تھی اور ناکامی کے بعد بھی ان کی کوشش جاری رہی یہاں تک کہ ان علاقوں میں ان کی اکثریت ہوگئی اور بعد میں مکران میں ان کی مستقل حکومت قائم ہوگئی اسی طرح سندھ و مکران کے درمیانی علاقہ طوران میں بھی ان کی حکومت ہوئی جن کا خاتمہ ۵۷۱ھ میں غوری سلطنت کے ہاتھوں ہوا۔ تفصیل کے لئے ہماری کتاب "ہندوستان میں عربوں کی حکومتیں" ملاحظہ ہو۔

## شیعی تحریک کے اثرات و نتائج

اموی دور کی تحریکوں میں سب سے زیادہ زور دار اور دیرپا شیعیت کی تحریک تھی جو حضرت علی رضی اللہ عنہ کے طرف داروں پر مشتمل تھی اور انہی میں خوارج ناراض ہو کر الگ ہوئے تھے یہ تحریک ابتدا میں ملکی اور سیاسی سطح پر ابھری مگر بعد میں دین و دولت کا مجموعہ بن گئی اور اس جماعت کا بنیادی عقیدہ ہوگیا کہ امامت و خلافت حضرت علیؓ کی اولاد کے باہر نہیں جا سکتی۔ اگر اس کے برخلاف کبھی امامت کسی دوسرے کو مل سکتی ہے تو اس کی طرف سے ظلم و زیادتی کے باعث مل سکتی ہے یا پھر امام وقت کے تقیہ کی وجہ سے اس کا قیام ہو سکتا ہے ان کے نزدیک امامت کوئی سیاسی یا عوامی

[1] تاریخ ابن خلدون ج ۳ ص ۱۶۵ و ص ۱۶۶۔

Marfat.com

معاملہ نہیں ہے جس کا تعلق امت کے اختیار و انتخاب سے ہو اور ان کے بنانے سے کوئی شخص امام
جائے بلکہ یہ ایک اصولی قضیہ اور دین کا رکن ہے اللہ رسول کیلئے جائز نہیں ہے کہ بے پروائی کرکے اسے عوام کے
بعد میں اس گروہ میں بہت سی جماعتیں پیدا ہوئیں جن کے افکار و خیالات اور اعمال ایک دو
سے جدا ہو گئے ابتدا میں شیعہ کوئی اصطلاحی لفظ نہیں تھا بلکہ شیعۂ عثمان شیعۂ علی اور شیعۂ معاویہ
استعمال عام تھا مگر بعد میں "شیعۂ علی" کے لئے خاص ہو گیا۔ خوارج کی تنظیم اور شدت کے مقابلہ میں شیع
کے یہاں کافی لچک تھی ان کے نعرۂ اہل بیت میں عامۃ المسلمین کے لئے جاذبیت تھی دوسری با
یہ کہ ان کے طریقۂ عمل میں تقیہ اور مصلحت وقت کے مطابق کام کرنے کی بڑی گنجائش تھی یہ خوار
کی طرح بے تحاشا اور وقت ناوقت مقابلہ و محاربہ پر عمل نہیں کرتے تھے۔ بلکہ ظاہر سے زیاد
باطن میں اپنی تحریک چلاتے تھے۔ جہاں حالات مناسب معلوم ہوتے کھل کر مقابلہ پر آجاتے
اور جہاں یہ صورت نہیں نظر آتی۔ تقیہ اور مصلحت سے کام لے کر خفیہ طور پر اپنا کام کرنے لگتے
یہی وجہ ہے کہ اس میں تقریباً دنیا کی ہر قوم کے نظریات و عقائد کی جھلک نظر آتی ہے اور جس
قوم اور مذہب کے لوگوں نے اسلام میں اپنے آبائی خیالات کو لانا چاہا اس تحریک یا مذہب میں شا
ہو کر اپنا کام کیا۔ چنانچہ اس کے مختلف فرق و فروع کے افکار و خیالات کا جو نقشہ ملتا ہے اس
میں کفر و شرک اور الغائے شریعت کے خانے بھی موجود ہیں اور ائمہ کے بارے میں ایسے ایسے
اعتقادات اور ان سے منسوب ایسے ایسے آراء و اقوال ملتے ہیں کہ عقل سلیم اور طبع مستق
ان بزرگوں کی نسبت ایسا سوچ نہیں سکتی۔ اس تحریک کو مستقل مذہب کی حیثیت دینے
والا مختار ثقفی ہے جس نے عبدالملک بن مروان کے زمانہ میں خروج کیا تھا یہ شخص ابتدا میں
خوارج کے ساتھ تھا۔ پھر عبداللہ بن زبیر کا طرفدار بن کر اموی خلافت کا دشمن بنا پھر شیع
بن کر قاتلان حسین رضی اللہ عنہ سے انتقام لینے کا نعرہ بلند کیا اور حضرت علیؓ کے صاحبزاد
حضرت محمد بن حنفیہؒ کی امارت کا داعی بن کر ان کی طرف دعوت دینے لگ

---

لہ الملل والنحل ج ۱ ص ۸۷۔

جب حضرت محمد بن حنفیہ کو اس کی لغویات کا علم ہوا تو آپ نے اس سے
برأت ظاہر کی۔

یہ جماعت چونکہ محبت و دعوت اہل بیت اور مصلحت کی ملی جلی سیاست کے ساتھ کام کرتی تھی
اموی دور میں اس کے دعاۃ و مبلغین کو باہر نکل کر کام کرنے کے بہت کم مواقع ملے اسی لئے سندھ
میں کھل کر اس کی کارروائی سامنے نہ آ سکی۔ البتہ آخری دور میں اس کے دعاۃ عجم فارس
سندھ و مکران میں شیعی دعوت کو حکمت عملی سے پھیلانے لگے اور عباسی خلافت کا قیام اسی
کے نتیجہ میں ہوا۔ اس دور میں علوی ائمہ و دعاۃ موقع بہ موقع خروج کر کے طاقت و شوکت
کی وجہ سے ناکام ہوتے رہے۔ حتی کہ انھوں نے عجم میں اپنی حکومت قائم کر لی اور خلافت
عباسیہ کے مقابلہ میں کھل کر جرأت دکھائی۔

البتہ اموی دور میں یہاں کے مال و دولت سے اس تحریک کو بڑی تقویت پہونچی ہندوستان
نے گویا ابتداء میں اس دعوت کی مالی مدد کر کے اس میں حصہ لیا اور یہاں بھی اس کے اثرات
پھیلے۔ اس کی صورت یہ ہوئی کہ خلیفہ ہشام بن عبد الملک کے ابتدائی دور خلافت میں امیر سندھ جنید
بن عبد الرحمن کے ساتھ مشیر و ترجمان کی حیثیت سے ابو ہاشم بکیر بن ماہان کوفی ہندوستان آیا اس
نے یہاں سے بہت زیادہ مال و دولت حاصل کر کے واپسی پر اس تحریک پر خرچ کیا طبری نے
سنہ کے واقعات میں لکھا ہے کہ بکیر بن ماہان سندھ میں جنید بن عبد الرحمن کا ترجمان تھا معزولی
کے بعد بکیر یہاں سے اپنے وطن کوفہ پہونچا۔ اس وقت اس کے پاس چاندی کی چار اینٹیں اور
سونے کی ایک اینٹ تھی۔ اس نے دعاۃ شیعہ ابو عکرمہ الصادق، میسرہ عبدی، محمد بن خنیس،
سالم الاعین، ابو یحیٰ بن سلمہ سے ملاقات کی انھوں نے اس سے بنی ہاشم کی دعوت کا تذکرہ کیا۔
اس نے برضا و رغبت یہ دعوت قبول کر لی اور حسب قدر دولت تھی۔ سب ان لوگوں پر اور
اس دعوت پر خرچ کر کے محمد بن علی کی بارگاہ میں باریاب ہوا۔ اسی درمیان میں میسرہ عبدی کا

---

الملل والنحل ص ۸۳۔

انتقال ہو گیا تو محمد بن علی نے بکیر بن ماہان کو میسرہ کا قائم مقام بنا کر عراق روانہ کیا[۱] ابو حنیفہ کا بیان ہے کہ سندھ میں جنید بن عبدالرحمٰن کے ساتھ شیعوں کا ایک آدمی بکیر بن ماہان نامی تھا وہ یہاں سے اپنے وطن کوفہ لوٹا تو اس کے پاس یہاں سے کمایا ہوا بہت سا مال تھا۔ میسرہ اور ابن خنیس وغیرہ نے اس کو اپنے معاملات میں شرکت کی دعوت دی۔ بکیر ان کے میں شامل ہو گیا اور اس راہ میں سندھ سے حاصل کیا ہوا سارا مال خرچ کر ڈالا میسرہ کے انتقال پر امام محمد بن علی نے لکھا کہ وہ میسرہ کی قائم مقامی کرے بکیر ابو ہاشم کی کنیت سے مشہور تھا۔ بلا کا خطیب اور زبان آور آدمی تھا۔ بہر حال وہ عراق میں ہاشمی دعوت کا امیر بن گیا کے پاس امام محمد بن علی کے خطوط آتے تو ان کو پانی سے دھو کر اس سے آٹا گوندھوا تا اور اس کی روٹی پکوا کر گھر کے تمام چھوٹوں بڑوں کو اس سے حصہ دیتا[۲] عجب کیا ہے ابو ہاشم بکیر بہر رقم ہندوستان کے لوگوں سے خفیہ طور سے رسول کی ہو اور انھوں نے دل کھول کر کی مدد کی ہو معلوم ہے کہ اہل ہند کو حضرت علی رضی اللہ عنہ اور ان کے خاندان سے نہایت جذباتی اور معتقدانہ تعلق تھا اور اس خاندان کی دوستی میں انھوں نے امویوں سے بیزاری ظاہر کی تھی حضرت علی رضی اللہ عنہ کی خدمت میں عراق کے ستر جاٹوں کا ایک وفد حاضر ہوا تھا جس نے ان سے قلبی ہمدردی کر کے ان کے مخالفین سے نفرت ظاہر کی تھی نیز بصرہ میں حضرت کے مخالفوں نے بہت سے جاٹوں کو قتل کیا تھا۔ حضرت علیؓ کی باندی خولہ حنفیہ کا نسلی تعلق سندھ سے تھا۔ جن کے بطن سے حضرت علیؓ کے صاحب زادے محمد بن حنفیہ پیدا ہوئے۔ حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کی باندی سلافہ یا غزالہ بھی سندھ کی تھیں۔ جن کے بطن سے حضرت امام زین العابدین علی بن حسین پیدا ہوئے اور ان کی باندی حیدان بھی سندھ کی تھیں جن کے بطن سے حضرت زید بن علی بن حسین تھے جنھوں نے ۱۲۲ھ میں اموی دولت و خلافت کے مقابلہ میں اپنی امامت کا دعویٰ کر کے قتال کیا تھا اور ان سے مقابلہ کے لئے قیقان کے تیر انداز بھیجے گئے تھے۔ الغرض علویوں اور ان کے دعاۃ کے لئے ہندوستان بڑا زرخیز علاقہ تھا اور اموی دور کے بعد اس سلسلہ میں یہاں بہت کام ہوا۔ حتیٰ کہ ملتان میں شیعی حکومت قائم ہوئی جس کا مفصل بیان ہماری کتاب "ہندوستان میں عربوں کی حکومتیں" میں ہے۔

---

[۱] تاریخ طبری ج ۷ ص ۲۶ و کامل ج ۵ ص ۷۴ [۲] الاخبار الطوال ص ۳۲۰۔

Marfat.com

## (۹)

# اموی دور کے واردین و صادرین

آئندہ صفحات میں اموی دور کے ان رجال کے اسماء و احوال درج کئے جاتے ہیں جو اس دور میں عرب سے یہاں آئے یا یہاں سے عرب گئے اور فتوح و طبقات کی کتابوں میں ان کے یہاں وہاں آنے جانے کی تصریح موجود ہے۔ بلاشبہ اس زمانہ میں لاکھوں آدمی ادھر آدھر ہوئے ہوں گے اور لاکھوں ہند و عرب میں مستقل سکونت پذیر رہے ہوں گے۔ مگر ہمیں اب تک اتنے ہی لوگوں کے بارے میں معلومات ہوسکی ہیں۔ البتہ اس دور کے دو صغار صحابہ کا تذکرہ ہم نے "خلافت راشدہ اور ہندوستان" میں دیگر صحابہ کے تذکرہ کے ساتھ کر دیا اس لئے یہاں اُن کے حالات درج نہیں کئے جا رہے ہیں۔ ایک حضرت سنان بن سلمہ ہذلی رضی اللہ عنہ جو حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے دور میں یہاں کے امیر و فاتح تھے۔ اور دوسرے حضرت منذر بن جارود عبدی رضی اللہ عنہ جو بعہد یزید بن معاویہ ۶۲ھ میں قیقان میں فوت ہوئے۔

یہ رجال اسلام عام طور سے تابعین اور تبع تابعین یا ان دونوں طبقوں کے اقران و معاصرین میں سے ہیں۔ سب سے آخری تابعی حضرت خلف بن خلیفہ کا وصال ۱۸۱ھ میں ہوا۔ اور تبع تابعین میں سے بعض ۲۲۰ھ تک زندہ رہے۔ ان میں امراء، فاتحین، مجاہدین، علماء، فضلاء، اہل اللہ، عبّاد، زہاد، فقہاء، محدثین، شعراء، ادباء، اعیان و اشراف، اور ارباب فضل و کمال سب ہی شامل ہیں۔ ان حضرات کے حالات کی تلاش و جستجو اور ان کے حرف اسماء کی تصحیح و تعیین میں خاص طور سے کوشش بلیغ کی گئی ہے۔



Marfat.com

ان میں سے کئی حضرات کے حالات میں ہمیں متضاد و مختلف پہلو نظر آئیں گے
کے ذاتی اوصاف و کمالات نہایت اونچے ہوں گے مگر سیاست و حکومت میں ان
کارنامے ناپسندیدہ معلوم ہوں گے۔ جن فتن و حوادث میں انہوں نے زندگی بسر کی
ان کا علم ہمیں نہیں ہے۔ اور معلوم نہیں کہ وہ ان میں کن احوال و ظروف اور مصالح کی
پر شریک ہوئے یا شریک کیے گئے۔ اس لیے ایسے تمام لوگوں کے بارے میں حسن ظن قائم کر کے ان کی ط
سے اپنے دل کو صاف رکھنا چاہیئے۔ بلکہ ان کے حق میں دعائے خیر کرنی چاہیئے۔

(۱)

## احمد بن خُزیمہ مرادی کوفیؒ

احمد بن خزیمہ بن عتبہ مرادی کوفیؒ محمد بن قاسمؒ کے ساتھ ہندوستان کے جہاد میں شر
تھے۔ دیبل کی فتح کے موقع پر سیڑھی سے شہر پناہ کے اندر سب سے پہلے وہی اترے
چچ نامہ میں ہے کہ ۹۵ھ میں محمد بن قاسم نے ملتان کی فتح کے بعد وہاں مسجد تعمیر کی
اور اطراف و جوانب میں امراء و عمال مقرر کئے۔ چنانچہ احمد بن خزیمہ بن عتبہ مدنی کو مقا
احصار اور کرور کے قلعہ کا امیر بنایا۔ نیز اسی میں ہے کہ صعدی بن خزیمہ کوفی سب سے پ
شہر دیبل میں سیڑھی کے ذریعہ داخل ہوئے۔ ان کے بعد عجلی بن عبد الملک بن قیس
پر چڑھے اور فتوح البلدان میں ہے:

| | |
|---|---|
| وکان اولهم صعودًا رجل | دیبل کی شہر پناہ پر سیڑھی سے سب سے پہ |
| من مراد من الکوفة | چڑھنے والا کوفہ کے قبیلہ بنو مراد کا ایک شخ |
| ففتحت عنوةً۔ | تھا اس کے بعد شہر فتح کیا گیا۔ |

کامل ابن اثیر میں بھی یہی لکھا ہے۔ ان سب عبارتوں سے صاحب تذکرہ کا نام احمد بن خ

Marfat.com

...بھرادی کوفی سمجھا جاسکتا ہے اور چچ نامہ میں ایک جگہ ان کی جو نسبت مدنی ہے وہ مرادی
...صحیف ہے۔ یا پھر وہ کوفی اور مدنی دونوں نسبتوں سے مشہور رہیں اور دونوں مقامات
...ے ان کا رہائشی تعلق ہے۔ اور چچ نامہ میں دوسری جگہ ان کا نام
...صعدی بن خزیمہ ہے اور وہ اصل عربی عبارت میں صعد ابن خزیمۃ
...ابن خریم ادپر چڑھے) بصیغہ فعل ماضی رہا ہوگا جیسا کہ فتوح البلدان اور کامل ابن اثیر کی
...بارت وکان اولھم صعودا" سے معلوم ہوتا ہے۔ مجھے ان کا حال کتابوں میں نہیں مل سکا۔ البتہ
...ہ عہد تابعین سے تعلق رکھتے تھے۔ [1]

## احوق بن کلیب شیبانی ہندیؒ

احوق بن کلیب شیبانی کا تذکرہ ہندی کی نسبت کے ساتھ ابن کلبی نے جمہرۃ الانساب
...یں کیا ہے جس کا ایک حصہ بنو قحطان کے انساب اور بنو ازد کے ابتدائی نسب پر مشتمل ہے
...ور برطانوی متحف (میوزیم) میں موجود ہے، اس سے بعض عرب فضلاء نے شعراء کے نام
...مع کرکے شائع کئے ہیں اور اصل قلمی نسخہ کے صفحہ ۱۹۳ کا حوالہ دیا ہے، اس میں احوق بن
...کلیب الہندی الشیبانی" ہے اور ہندی کی نسبت مقدم ہے۔ مجھے نہ اس شاعر کا حال
...لوم ہو سکا اور نہ زمانہ کی تعیین ہو سکی۔ [2]

## اشہب بن بشر کلبی

ابن اشعث کی گرفتاری کے چند سال بعد حجاج بن یوسف نے اشہب بن بشر کلبی کو
...سجستان کا امیر بنایا۔ انہوں نے راجہ رتبیل کے ساتھ سختی کا برتاؤ کیا اور صلح کے ذریعہ

---

[1] فتوح البلدان ص۔ ۴۲۵، کامل ابن اثیر ج ۴ ص ۵۳۷، چچ نامہ ص ۱۴۱ و ص ۱۰۷
[2] مجلۃ العرب ریاض محرم ۱۳۸۸ھ ص ۶۱۲

اس سے ملنے والے سامان کے بارے میں شدت اختیار کی نورتبیل نے حجاج کو اس
شکایت لکھی اور اس نے اشہب کو معزول کر دیا۔ ؎۱

## اویس بن قیسؒ

اویس بن قیس کا نام راجہ داہر سے جنگ کے سلسلے میں ملتا ہے۔ تحفۃ الکرام میں ہے کہ
داہر کے چوتھے دن محمد بن قاسم نے اسلامی فوج کے سامنے نہایت فصیح و بلیغ خطبہ دے کر
آتش بار تقریر سے بہادران اسلام کے قلوب میں گرمی پیدا کی، پھر فوج کی نئی ترتیب دی
اور مقدمۃ الجیش کے چھ ہزار بہادر شہسواروں پر محرز بن ثابت دمشقی اور اویس بن
قیس کو امیر بنایا۔ ان کا حال اس سے زیادہ مجھے نہیں مل سکا۔ ؎۲

## ایوب بن یزید ہلالی ابن القِرِّیَّہ

ابو سلیمان ایوب بن یزید بن قیس بن زرارہ بن سلمہ بن حنتم بن مالک بن عمرو بن
بن مناۃ بن عوف بن سعد بن خزرج بن تیم اللہ بن نمری۔ حنتم بن مالک کی ماں کا نام خماعہ
جشم بن ربیعہ بن زید بن مناۃ اور لقب قِرِیَّۃ ہے۔ جیسا کہ ابن حزم نے لکھا ہے، اسی
لئے ایوب بن یزید کی کنیت ابن القریہ ہے اور ابن قتیبہ کا بیان ہے کہ وہ بنی ہلال
ربیعہ بن زید بن مناۃ بن عامر سے زبردست زبان آور خطیب اور مقرر تھا اور لق
ابن خلکان وہ اعرابی ہونے کے باوجود عرب کے چند فصیح و بلیغ خطباء میں شمار کیا جاتا
عبدالرحمن بن محمد بن اشعث نے سجستان کی امارت کے زمانے میں حجاج کے خلاف
خروج کیا تو حجاج نے ابن القریہ کو ابن اشعث کے پاس قاصد بنا کر بھیجا مگر اس
ابن اشعث کی تحریک میں شامل ہو کر حجاج کی مخالفت کے ساتھ خلیفہ عبدالملک بن مروان کی

---

؎۱ فتوح البلدان ص ۳۹۱ ؎۲ چچ نامہ ص ۱۷۱ ۔

Marfat.com

توڑ دی ابن اشعث کی شکست کے بعد حجاج نے رَے اور اصفہان کے امیروں کو لکھا کہ ابن اشعث
آدمی تمہاری عملداری سے گذرے اسے گرفتار کر کے میرے پاس بھیج دو۔ چنانچہ
القریہ بھی گرفتار کر کے حجاج کے سامنے پیش کیا گیا۔ حجاج نے کہا مجھے مختلف ملکوں
بارے میں معلومات درکار ہیں۔ ابن القریہ نے کہا سوال کرو۔ چنانچہ حجاج نے
ف ملکوں کے متعلق سوالات کئے اور ابن القریہ نے جوابات دیئے۔ اسی سلسلہ میں
نے ہندوستان کے بارے میں جواب دیتے ہوئے بتایا۔

بحرہا درٌ وجبلہا یاقوتٌ وشجرہا — وہاں کے سمندر موتی پہاڑ یاقوت، درخت عود
عودٌ وورقہا عطرٌ واھلہا — ان کے پتے عطر اور باشندے گرے پڑے
طغام کقطع الحمام۔ — کبوتروں کے جھنڈ کے مانند ہیں۔

یہ کتاب المعارف میں ہے اور الاخبار الطوال میں آخری ٹکڑا واھلہا طغام کقطع الحمام
یں ہے۔ نیز اس میں ہے کہ حجاج نے مکران کے متعلق سوال کیا تو ابن القریہ نے یہ جواب دیا

ماؤھا وشل، وتمرھا دقل، — وہاں کا پانی خراب، کھجور ردی، نرم زمین پہاڑ
وسھلہا جبل، ولصہا بطل ان کثر — اور چور بہادر ہے۔ اگر وہاں فوج زیادہ ہو
الجیش بہا جاعوا، وان قلوا ضاعوا۔ — تو بھوک میں مبتلا ہو جائے اور اگر کم ہو تو ضائع ہو جائے

اس کے بعد حجاج نے ابن القریہ کو قتل کرا دیا۔

یہ واقعہ ۸۴ھ کا ہے۔ ان سوالات و جوابات سے معلوم ہوتا ہے کہ ابن القریہ کو
دستان اور مکران کے بارے میں تجرباتی و مشاہداتی معلومات تھیں اسی لئے حجاج
اس سے ان ملکوں کے بارے میں دریافت کیا تھا۔ ؎

---

ہرۃ انساب العرب ص ۲۵۴، کتاب المعارف ص ۸۱، وفیات الاعیان ج ۱ ص ۸۷ و ص ۸۸ و
۸ الاخبار الطوال ص ۳۱۰، العبر فی خبر من غبر ج ۱ ص ۹۷۔

Marfat.com

# ابو تراب حنظلیؒ

سندھ کی تاریخ تحفۃ الکرام میں ہے کہ شیخ ابو تراب موسوم بہ حاجی ترابی تبع تابعین میں عہد عباسی میں سندھ کے بعض علاقوں کے امیر تھے اور یہیں شہید ہوئے ان کا مزار کھجہ اور ٹ کے درمیان ٹھٹھہ سے چھ میل پر واقع ہے اور مزار پہ حظیرہ اور قبہ ہے جس کی تاریخ بنارت ۱۷۱ ہے اور چچ نامہ میں ہے کہ محمد بن قاسم نے ایک مرتبہ دریائے سندھ پر پل بنوایا جس سے تمام اسلامی فوج بہ سلامت دریا پار ہو گئی۔ مگر بنو حنظلہ کے ایک سپاہی تراب نامی گر کر ڈوب گئے۔ ہو سکتا ہے کہ یہی تراب حنظلی ابو تراب حنظلی ہوں، اور تحفۃ الکرام میں اموی دور کے بجائے غلطی سے ان کو عباسی دور کا امیر لکھ دیا ہو، سندھ گزیٹیر میں ہے کہ یہ بزرگ ۱۷۱ھ میں فوت ہوئے۔ حالانکہ یہ ان کے مزار کے حظیرہ اور گنبد کی تاریخ ہے جیسا کہ تحفۃ الکرام سے معلوم ہوا۔ آج بھی ٹھٹھہ سے ڈھائی میل مغرب میں مقام گوجو پر دریائے سندھ کے کنارے ایک قبر ہے جسے مزار ابو تراب کہتے ہیں۔ ان بزرگ کے بارے میں اس سے زیادہ کچھ معلوم نہ ہو سکا۔ [1]

# ابوالحکیم شیبانی

محمد بن قاسم نے ابوالحکیم شیبانی کو دس ہزار فوج دے کر راجہ قنوج کے پاس بھیجا تاکہ اسے اسلام کی دعوت دیں اور منظور نہ کرنے کی صورت میں اسے معاہدہ اور جزیہ پر آمادہ کریں۔ [2]

---

[1] تحفۃ الکرام ج ۳ ص ۱۰، قلمی، چچ نامہ ص ۱۵۹ [2] چچ نامہ ص ۲۴۱ و ص ۲۴۲۔

# ابوالسندی

امام طبری نے ۱۳۲ھ کے واقعات میں لکھا ہے کہ جن دنوں قحطبہ بن شبیب خارجی اموی حاکم ابن ہبیرہ میں جنگ ہو رہی تھی ایک مرتبہ قحطبہ دریائے فرات کے کنارے پر فروکش تھا کہ ایک اعرابی نے چھوٹی سی کشتی پر دریا پار سے آکر قحطبہ سلام کیا اس نے پوچھا تم کس قبیلہ سے ہو۔ اعرابی نے جواب دیا میں بنو طے کی شاخ نبہان سے ہوں۔ چونکہ قحطبہ بھی بنو نبہان سے تھا۔ اس لئے اس نے اعرابی سے کہا نبہانی! اس دریا پر ایک سخت معرکہ برپا ہونے والا ہے۔ تم پیشین گوئی کرو کہ ہوگی اور بتاؤ کیا اس جگہ دریا پار کیا جاسکتا ہے؟ اعرابی نے جواب دیا ایسی ضرور ہے مگر مجھے معلوم نہیں ہے سندی بن عصم کو معلوم ہے۔ قحطبہ نے سندی بن عصم بلایا وہ فوراً آیا نیز اس کے ساتھ ابوالسندی اور عون دو شخص اور آئے اور ان سب نے قحطبہ کو دریا پار کرنے کی جگہ بتائی۔ مگر اسی دن ابن ہبیرہ کی فوج کا مقدمۃ الجیش بیس ہزار سپاہیوں پر مشتمل تھا آپہنچا۔

ابوالسندی اور سندی بن عصم بظاہر سندھ میں پیدا ہوئے تھے یا یہاں پر اتنی مدت تک مقیم رہے کہ اس کی نسبت سے مشہور ہوئے اس سے زیادہ ان کے میں معلوم نہیں ہے۔ [1]

# ابوشیبہ جوہری واسطیؒ

چچ نامہ میں ہے کہ محمد بن قاسم نے شیبہ جدیدی کو ایک فوجی دستہ کا امیر بنا کر دیبل نیرون کی طرف روانہ کیا تاکہ وہ ان مقامات کا انتظام کریں۔ مگر شیبہ جدیدی

[1] تاریخ طبری ج ۷ ص ۱۳۱۴۔

Marfat.com

کے نام سے مجھے کسی بزرگ کا تذکرہ کتابوں میں نہیں ملا اغلب یہ ہے کہ یہ ابوشیبہ ہیں اور نام ونسبت دونوں میں تصحیف واقع ہوئی ہے جیسا کہ چچ نامہ میں اسماء میں غلطی عام ہے۔ ابوشیبہ جوہری کا نام یوسف بن ابراہیم تمیمی ہے یہ تابعی ہیں۔ انہوں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے اور ان سے عقبہ بن خالد اور مسلم بن قتیبہ نے روایت کی ہے۔ امام بخاری نے لکھا ہے کہ ان کے یہاں عجائب ہیں۔

امام ابن ابی حاتم رازی نے بھی ان کی تضعیف کر کے لکھا ہے کہ ان کے یہاں عجائب ہیں۔ ابن حبان اور رازی نے بھی ان کی تضعیف کی ہے۔ امام بخاری نے کتاب الضعفاء میں ان کی یہ روایت حضرت انس رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے کہ رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے۔

| | |
|---|---|
| احب اھلی الیّ الحسن والحسین۔ | حسن اور حسین میرے خاندان میں مجھے سب سے زیادہ محبوب ہیں۔ |

ان کے حالات اس سے زیادہ مجھے نہ مل سکے۔[1]

## ابوالشیخ بن حماد ہندیؒ

ابن حبان نے کتاب الثقات میں کنیت کے باب میں آپ کا تذکرہ یوں کیا ہے، ابوالشیخ بن حماد ہندی نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے اور ان سے کہمس بن فہدان نے روایت کی ہے واضح ہو کہ ابوالشیخ ہنائی ایک دوسرے محدث ہیں جو قبیلہ بنو ازد سے تھے۔ ان کا نام خیوان بن خالد بصری تھا وہ بھی ثقہ تھے۔ انہوں نے اپنے بھائی سے اور ان سے قتادہ نے روایت کی ہے۔ ان کا انتقال حسن بصری سے پہلے ہوا۔ ابوالشیخ بن حماد ہندی ان کے علاوہ نہایت

---

[1] لسان المیزان ج ۶ ص ۶۹۹، میزان الاعتدال ج ۳۔ ص ۳۲۸ وص ۴۴ چچ نامہ ص ۲۱۸۔

محدث اور جلیل القدر تابعی ہیں۔ ؎۱

## ابو صابر ہمدانیؒ

سندھ کی غزوات و فتوحات کے دوران دس رمضان ۹۳ھ کو محمد بن قاسم نے ... فوج کو از سر نو ترتیب دیا اور ابو صابر ہمدانی کو اس دستہ کا امیر مقرر کیا جو ہاتھیوں کے ... آگے جھنڈا لے کر چل رہا تھا آپ کے بارے میں چچ نامہ سے اتنا ہی معلوم ہو سکا۔ ؎۲

## ابو عیینہ بن مہلب ازدیؒ

ابوالمنہال ابو عیینہ بن ابو صفرہ بن سراق بن صبح بن کندی بن عمرو بن عدی بن ... بن حارث بن عتیک بن ازد بن عمران ازدی، واقعہ قندابیل میں آل مہلب کے ... گرفتار کئے گئے۔ الاکمال میں مبرد نحوی کی یہ تصریح درج ہے کہ آل مہلب میں جو ... ابو عیینہ کے نام سے پکارے جاتے ہیں۔ یہ ان کا نام ہوتا ہے اور ان کی کنیت ... المنہال ہوتی ہے۔ ۱۰۲ھ میں ہلال بن احوز مازنی نے قندابیل میں آل مہلب کا قتل ... کر کے اس خاندان کے جن افراد کو گرفتار کیا اور خلیفہ یزید بن عبد الملک کے ... ملک شام روانہ کیا ان میں ابو عیینہ بن مہلب بھی تھے۔ مگر ان کی بہن ہند بنت ... کی سفارش پر یزید بن عبد الملک نے ان کو قتل نہیں کیا۔

ابو عیینہ تبع تابعی ہیں۔ انہوں نے امام اعمش سے اور ان سے ان کے لڑکے محمد ... عیینہ نے روایت کی اور محمد بن ابو عیینہ سے عباس عنبری نے روایت کی ہے ... المیزان میں محمد بن ابو عیینہ کے ذکر میں ان کا نام ابو عبیدہ یوں درج ہے:

... بن ابی عبیدۃ الکوفی اور دوسری جگہ صرف عُیَیْنَہ پھر ابو عیینہ درج ہے۔

---

؎۱ کتاب الثقات ص ۳۰۳ ج ۵ ص ۲۳ ۵ طبقات ابن مسعد ج ۷ ص ۱۵۵ ؎۲ چچ نامہ ص ۱۷۴

Marfat.com

یہاں یہ عبارت ہے:۔

| | |
|---|---|
| محمد بن عیینۃ بن المهلب الشاعر | محمد بن عُیینہ بن مہلب شاعر بصری کا |
| البصری تقدم فی محمد بن ابی عیینہ | محمد بن ابو عیینہ کے بیان میں گذر چکا |
| وهذا هو الصواب فی ضبط ابیه ۔ | محمد کے والد کا یہی نام صحیح ہے۔ |

معلوم ہوتا ہے کہ پہلی عبارت میں محمد بن ابی عُبَیدۃ غلط چھپ گیا ہے اور |
محمد بن ابی عُیَینہ ہے جیساکہ دوسری عبارت کے آخر میں ہے اور اس کے شروع میں
محمد بن عُیَینہ بن المہلب" میں" ابی عیینہ" ہونا چاہیئے ۔

ابو عُیَینہ بن مہلب کی والدہ کا نام خیرہ بنت حمزہ قشیریہ ہے۔ ان کے ذمہ حجاج
یوسف کا ایک لاکھ درہم قرضہ تھا جسے حجاج نے نہیں لیا۔ لہ

(ب)

## بدیل بن طہفہ بجلی رح

خلیفہ ولید کے زمانے میں سندھ کے بحری ڈاکوؤں نے سرندیپ سے عرب جا
والے جہاز کو لوٹا اور حجاج بن یوسف کے احتجاج وتنبیہ کے باوجود راجہ داہر
ان کی سرزنش سے صاف انکار کر دیا یہ صورتِ حال ولید کی خلافت اور حجاج کی
امارت نیز اسلام اور مسلمانوں کے وقار کا مسئلہ بن گئی اس لئے حجاج نے ان ڈاکو
سے نپٹنے کے لئے یوں فوجی اقدام کیا کہ عبید اللہ بن نبہان سُلمی کی امارت میں فوجی
روانہ کی اور بدیل بن طہفہ بجلی کو لکھا کہ وہ بھی عبید اللہ بن نبہان کے پیچھے فوج

---

لہ لسان المیزان ج ۵۔ ص۔ ۷۷ و ص۔ ۳۲۷، الاکمال ج ۔ ۶۔ ص۔ ۱۲۵، وفیات الاعیان
ج ۔ ۲۔ ص ۱۲۴، فتوح البلدان ص ۔ ۴۳۵ ۔

Marfat.com

ں پہونچیں، اس وقت بدیل بن طہفہ عمان میں تھے چنانچہ انھوں نے دیبل جاکر دشمن سے
بلہ کیا، میدان جنگ میں ان کا گھوڑا بدک گیا اور دشمن نے ان کو گھیر کر شہید کر دیا
ض روایات میں ہے کہ ان کی شہادت مقام بدھ میں جاٹوں کے ہاتھ سے ہوئی۔ بدیل
قبر دیبل میں اور مجسمہ یا تصویر مقام قند میں بنائی گئی جیسا کہ بلاذری نے فتوح البلدان میں
ا ہے یہ واقعہ ۹۲ھ سے پہلے کا ہے۔ چچ نامہ میں ہے کہ حجاج نے عبید اللہ بن نبہان سلمی
کران کی سمت روانہ کر کے بدیل بن طہفہ بجلی کو حکم دیا کہ وہ سندھ کے حاکم محمد بن ہارون
ری کے پاس پہونچ کر خبر دیں کہ ہندوستان پر فوج کشی کی گئی ہے۔

تا کہ محمد بن ہارون بدیل کے ہمراہ تین ہزار فوج روانہ کر دیں اس کے بعد دونوں حضرات
ن سے فوج لے کر بحری راستہ سے سندھ کے لئے روانہ ہوئے جب قلعہ نیرون میں پہنچے تو بدیل
محمد بن ہارون کو حجاج کا خط اور حکم نامہ دیا اور انہوں نے بدیل کے ساتھ تین ہزار فوج
یداللہ بن نبہان کی مدد کے لئے دیبل روانہ کی۔ ادھر اسلامی فوج کے مقابلہ کے لئے راجہ
ہر کا بیٹا جےسیہ چار ہزار فوج لے کر آیا اور صبح سے شام تک گھمسان کی جنگ ہوئی۔
سیہ کی فوج میں جنگی ہاتھی بھی تھے جن کو دیکھ کر بدیل کا گھوڑا بدک گیا۔ انہوں نے اپنے
سے گھوڑے کی آنکھ باندھ کر دشمن پر حملہ کیا اور اسّی کفار کو قتل کر کے خود بھی شہید ہو گئے۔

بدیل کی شہادت کی خبر سن کر قلعہ نیرون والوں نے کہا کہ ہم اسلامی فوج کی گذرگاہ
ں مسلمان ہم سے اس خون کا بدلہ ضرور لیں گے پھر قلعہ کے حاکم سندر نامی نے راجہ داہر
یسی اور اس کے علم و مرضی کے خلاف حجاج بن یوسف کے پاس عراق میں اپنا سفیر بھیجکر
امت و معذرت پیش کی اور سالانہ ایک مقررہ رقم کی ادائیگی کی شرط پر امان چاہا حجاج
شرط مان کر امان کا پروانہ دیدیا۔ ساتھ ہی یہ بھی کہا کہ تمہارے پاس جتنے مسلمان قیدی
ب کو رہا کر دو ورنہ میں حدود چین تک ایک کافر کو بھی زندہ نہیں چھوڑوں گا۔

چچ نامہ میں یہ بھی ہے کہ حجاج کو بدیل کی شہادت پر بڑا رنج و غم ہوا اس نے جمعہ کے

Marfat.com

خطبہ کے بعد ان کا خون بہا لینے کے لئے نہایت پر جوش تقریر بھی کی اور یہ اشعار کہے

دعا الحجاج فارسہ بدیل وقد مال العدو علی بدیل

جب حجاج کے شہہ سوار بدیل پر دشمن نے حملہ کیا تو بدیل نے حجاج کو پکارا۔

دعاہ ان یشمرہ بدیل و شمّر ذیلہ الحجاج لما

اور جب بدیل نے حجاج کو تیاری کے لئے پکارا تو اس نے دشمن سے مقابلہ کی تیاری کی۔

فدیت المال للغارات حثواً بلا عد یعد و لا بکیل

میں نے بےحد وحساب دولت خرچ کر کے دشمن کی غارت گری کا پورا سامان کیا

ان اشعار کی نسبت حجاج کی طرف محلِ نظر ہے اور غالبًا یہ بعد کے کسی شاعر کے ہیں افسوس کہ حضرت بدیل بن طہفہ بجلی رحمۃ اللہ علیہ جیسے اولوالعزم اور بہادر مجاہد کے ذاتی حالات کتابوں میں نہ مل سکے[1]۔

## ابوہاشم بکیر بن ماہان کوفی

ابوہاشم بکیر بن ماہان کوفی دعاۃ شیعہ میں سے تھا اور ہشام بن عبدالملک کے دورِ خلافت میں حاکم سندھ جنید بن عبدالرحمٰن مری کے ساتھ ترجمان بن کر یہاں آیا۔ یہ شخص نہایت چالاک اور دور اندیش تھا یہاں رہ کر خوب دولت کمائی اور پھر سندھ میں ساری دولت لے کر کوفہ پہونچا اور شیعی دعوت کو اس کے ذریعہ عام کیا۔

تاریخ طبری میں ہے کہ ۱۰۵ھ میں بکیر بن ماہان سندھ سے کوفہ آیا یہ شخص سندھ میں جنید بن عبدالرحمٰن مری کا ترجمان تھا۔ جنید کی معزولی پر بھی وہاں سے چلا آیا اور اپنے ساتھ سندھ سے چار اینٹیں چاندی کی اور ایک اینٹ سونے کی لایا۔ کوفہ پہنچ

[1] فتوح البلدان ص ۴۳۳ و ص ۴۴۴ چچ نامہ ص ۹۷۔

ابو عکرمہ الصادق میسرہ، محمد بن خنیس، سالم اعین اور ابو یحییٰ بن اسلمہ سے ملاقات کی۔ ان لوگوں نے دعوت کا تذکرہ کیا۔ اس نے برضا و رغبت اسے قبول کر لیا۔ اور سندھ کی تمام دولت دعوت اور ان دعاۃ پر خرچ کر کے محمد بن علی کی خدمت میں چلا گیا۔ اس درمیان داعی میسرہ فوت ہو گیا۔ اس لئے محمد بن علی نے بکیر بن ماہان کو میسرہ کا قائم مقام بنا کر عراق کی طرف روانہ کیا۔

ابو حنیفہ دینوری نے قدرے تفصیل کے ساتھ اس واقعہ کو یوں بیان کیا ہے کہ سندھ کے عامل جنید بن عبد الرحمٰن مری کے ساتھ بکیر بن ماہان نامی ایک شیعہ تھا۔ وہ یہاں سے بہت سا مال لے کر اپنے وطن کوفہ گیا۔ وہاں میسرہ عبدی اور ابن خنیس سے ملا۔ ان دونوں نے اس کے سامنے اپنی دعوت پیش کی اور کہا کہ وہ بھی اس میں شریک ہو جائے۔ بکیر نے ان کے ساتھ ہو کر سندھ کا تمام مال خرچ کر دیا۔ ادھر عراق میں میسرہ کا انتقال ہو گیا اور امام محمد بن علی نے بکیر سے کہا کہ وہ میسرہ کا قائم مقام ہو کر دعوت کی ذمہ داری سنبھالے۔ بکیر کی کنیت ابو ہاشم تھی اور عوام میں اسی سے مشہور تھا۔ یہ شخص بڑا زبان آور اور بولنے والا تھا۔ شیعی دعوت کا داعی بن کر عراقین یعنی کوفہ و بصرہ کا والی بن گیا۔ امام محمد بن علی کے جو خطوط اس کے پاس آتے تھے ان کو دھو کر غسالہ سے آٹا گوندھتا تھا اور اس کی روٹیاں پکوا کر اپنے تمام خاندان والوں اور بال بچوں کو کھلاتا تھا۔ اس کے بعد بیمار پڑا اور مر گیا۔

ابن اثیرؒ نے بھی ۱۰۵ھ کے حالات میں بکیر بن ماہان کا تذکرہ کر کے امام طبری کا بیان نقل کیا ہے بکیر ہندی اور عربی دونوں زبانوں کا ماہر تھا اور حاکم سندھ کے یہاں ترجمانی کی خدمت انجام دیتا تھا۔ ہمارے علم میں اس دور کا یہ پہلا عرب ہے جو ہندوستان کی زبان سے بھی اچھی طرح واقف تھا اور اس کے ذریعہ پہلی بار ہندوستان کی دولت شیعی دعوت میں خرچ ہوئی۔[1]

[1] تاریخ طبری ج ۷، ص ۲۰۰، الاخبار الطوال ص ۳۲۰، کامل ابن اثیر ج ۵ ص ۴۷۔

Marfat.com

(ت)

# تاغر بن دعرؒ

اس نام کے کوئی بزرگ کتابوں میں نہ مل سکے۔ میرا خیال ہے کہ ان دونوں نامو
شدید قسم کی تحریف وتصحیف ہوئی ہے۔ اور بہر حال یہ عہد تابعین کے کوئی مجاہد تھے۔ جو
علی رضی اللہ عنہ کے دور خلافت میں سندھ میں اسلامی فوج کے یا اس کے کسی دستہ کے
امیر تھے۔ ان کا تذکرہ صرف چچ نامہ میں یوں ہے کہ حضرت علیؓ نے مشائخ واشراف کی
ایک جماعت کو ۳۸ھ کے آخر میں ثغر ہند کی طرف روانہ کیا۔ اور تاغر بن دعر ا
کے امیر تھے۔ یہ مہم بہرج اور کوہ پایہ کے راستہ سے سندھ میں داخل ہوئی اور فتوحا
کرتی ہوئی قیقان تک پہونچ گئی۔ جہاں دشمنوں سے مقابلہ ہوا۔ اسی فوج میں حارث
مرہ عبدی بھی تھے۔ اور جب تاغر بن دعر اپنی فوج لے کر کر ان پہونچے تو تقریباً بیس ہ
قیقانی فوج نے نکل کر مقابلہ کیا۔ اللہ تعالیٰ نے اسلامی فوج کو فتح دی مگر بعد میں قیقا
نے اپنی طاقت جمع کر کے بھرپور حملہ کیا۔ اسلامی فوج نے بھی جم کر مقابلہ کیا اور کام
کے بعد کر ان میں قیام کیا۔ ان ہی ایام میں حضرت علیؓ کی شہادت ہوئی۔

عام کتابوں میں ہے کہ اس مہم کے امیر حارث بن مرہ عبدیؒ تھے۔ جس میں ت
بن دعر یا اور کسی بزرگ کی امارت کا تذکرہ نہیں ملتا۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ گویا اسی نا
کے نام کے کوئی بزرگ اس لشکر کے ایک دستہ کے امیر تھے جو مشائخ واشراف
مشتمل تھا۔[1]

[1] چچ نامہ ص ۱۷ و ص ۱۸

Marfat.com

# تمیم بن زید قینیؒ

تمیم بن زید بن حمل بن منبہ بن معقل بن حارثہ بن امیہ بن عصیہ بن ہصیص بن حی وائلہ بن جشم بن مالک بن کعب بن قین، قبیلہ بنو قین سے ہیں۔ اسی لئے قینی کی نسبت مشہور ہیں۔ [1]

عرب کے مشہور اغنیاء میں سے تھے۔ اور جود و سخا میں بڑی شہرت کے مالک ۔ دوبار ہندوستان میں غزوہ اور امارت کی خدمت انجام دی اور دیبل کے قریب الجوامليس نامی تالاب کے پاس فوت ہوئے۔

پہلی بار محمد بن قاسم کے ہمراہ سندھ کے جہاد میں ۹۲ھ میں آئے۔ چچ نامہ میں کہ جنگ داہر کے آخری دن محمد بن قاسم نے عرب کے شہسواروں کو جمع کر کے ان بن اشعم یمنی اور تمیم بن زید قیسی (قینی) کو ان کا امیر بنایا اور دونوں کو امارت کا الگ جھنڈا دیا۔ اس کے بعد اسلامی فوج نے یوں اچانک حملہ کیا کہ دشمن کو نعرۂ تکبیر اس کی خبر لگ سکی۔ ان ہی ایام میں ایک مرتبہ محمد بن قاسم نے اپنے خاص خاص فوجی ردوں کو نام لے لے کر پکارا اور ان سے فوجی معاملات میں مشورہ کیا۔ ان میں تمیم بن قینی بھی شامل تھے۔

اس کے بعد خلیفہ ہشام بن عبدالملک کے زمانہ میں عراق کے گورنر خالد بن سری نے جنید بن عبدالرحمٰن مری کے بعد ان کو سندھ کا حاکم و امیر بنایا۔ مگر جنید اندار فتوحات اور کارناموں میں تمیم کی کمزوری اور سخاوت نے ابتری اور کمزوری ردی۔ جنید نے سندھ کے سرکاری خزانہ میں اٹھارہ ہزار طاطری درہم چھوڑے یم نے یہ تمام رقم خرچ کر ڈالی اور خزانہ خالی ہو گیا۔ دوسری طرف مخالف طاقتوں نے

---

[1] البلدان، تاریخ یعقوبی اور نزہۃ الخواطر میں ان کی نسبت عتبی اور چچ نامہ میں قیسی غلط ہے۔

Marfat.com

جگہ جگہ سر اٹھایا اور کھل کر مسلمانوں کے مقابلہ میں آئیں نتیجہ یہ ہوا کہ بہت سے مسلمان مارے گئے حالات اتنے زیادہ بے قابو ہو گئے کہ مختلف علاقوں کے مسلمان ترک وطن پر مجبور ہو گئے سندھ کے مرکزی شہروں میں چلے آئے اور کتنے عراق واپس چلے گئے اور یہاں کے حالات تمیم کے قابو میں نہ آسکے۔ نیز تمیم یہاں آنے کے بعد جلد ہی فوت ہو گئے اور ان کو کام کرنے کا زیادہ موقع نہ مل سکا۔ آخر خالد بن یزید قسری نے ہشام بن عبد الملک کو لکھا کہ حکم بن عوانہ کو سندھ کا امیر مقرر کیا جائے۔

طبری نے ۱۱۹ھ کے واقعات میں لکھا ہے کہ اس سال بہلول بن بشر نے اموی خلافت کے مقابلہ میں خروج و بغاوت کا اقدام کیا۔ خالد بن یزید قسری کو اس کی خبر لگی اور وہ واسط سے حیرہ آیا۔ ان ہی ایام میں بنو قین کا ایک افسر اپنی فوج لے کر حیرہ میں وارد ہوا۔ جو سندھ کی مدد کے لئے جا رہا تھا۔ خالد نے اس سے کہا کہ تم اپنی فوج لے کر بہلول بن بشر سے جنگ کرو۔ جو سپاہی ایک باغی کو مارے گا میں شام کی ملکیت ومال کے علاوہ اس کو مزید دوں گا نیز اسے ہندوستان کی مہم پر جانے سے معافی دیدوں گا۔ چونکہ ہندوستان جانے کے مقابلہ میں بہلول بن بشر سے جنگ کرنا آسان تھا اس لئے وہ قینی افسر اپنی فوج بہلول کے مقابلہ میں لے گیا۔ ابن خلدون نے لکھا ہے کہ حیرہ میں بنو قین کی یہ فوج تقریباً چھ سو کی تعداد میں جو سندھ کے عامل کی مدد کے لئے جا رہی تھی۔ مگر خالد بن یزید قسری نے مزید دوسو ساتھ دے کر بہلول کے مقابلہ میں بھیجدیا اور دریائے فرات پر دونوں طرف کی فوجوں میں جنگ ہوئی۔ نتیجہ میں باغی فوج کا افسر مارا گیا۔ باقی سپاہی شکست کھا کر کوفہ کی طرف بھاگ گئے۔

غالباً یہ فوج جو بنو قین کے سپاہیوں پر مشتمل تھی اپنے قبیلہ کے امیر و حاکم تمیم بن زید قینی کی مدد کے لئے سندھ جا رہی تھی۔ مگر خالد قسری نے درمیان ہی میں اسے روک لیا اس صورت حال سے بھی تمیم کی سیاست کو نقصان پہنچا ہوگا اور ان کے دشمنوں نے ان کی

Marfat.com

یار و مددگار سمجھ کر ناجائز فائدہ حاصل کیا ہوگا۔ ان کے ذاتی حالات مجھے کتابوں
نہ مل سکے۔ [1]

## (ج)

## جُبیل محمد بن عزاز قضاعیؒ

ان کا اصل نام محمد بن عزاز بن ادس بن ثعلبہ بن حارثہ بن مُرّہ بن حارثہ بن عبد
... ابن جبیل قضاعی ہے۔ مگر اپنے جدِ اعلیٰ کے نام پر جبیل کے لقب سے مشہور ہیں۔ منصور
... جمہور کلبی نے ۱۳۰ھ میں سندھ پر قبضہ کر کے بڑی تباہی اور خون ریزی برپا کی
... اسی سلسلہ میں اس نے جبیل کو بھی قتل کیا۔ جیسا کہ سمعانی اور ابن ماکولا نے ابن الکلبی
کے حوالہ سے بیان کیا ہے۔ [2]

## جریر بن ہمیان سدوسی

ابن اشعث کی تحریک کے زبردست حامیوں میں سے تھے۔ بلکہ بعض روایات کے
مطابق اس فتنہ کو سب سے پہلے انہوں ہی نے عملی صورت دی اور جس زمانہ میں ابن
اشعث سجستان اور بامیان وغیرہ کے امیر تھے۔ یہ بھی سندھ میں موجود تھے اور وہاں
سے بصرہ واپس آکر حجاج بن یوسف اور خلیفہ عبد الملک بن مروان کے خلاف اقدام

[1] جمہرۃ انساب العرب ص ۴۵۴، فتوح البلدان ص ۴۳۰، تاریخ یعقوبی ج ۲ ص ۳۰۸، تاریخ
... ج ۷ ص ۱۳۱، تاریخ ابن خلدون ج ۳ ص ۱۹۳، الاکمال ج ۲ ص ۲۱۳، چچ نامہ ص ۱۰۸،
۲۰۴، تاریخ خلیفہ ۲ ص ۵۳۸ [2] الاکمال ج ۲ ص ۵۶۵ و ج ۳ ص ۱۸۸ و کتاب الانساب ج ۳ ص



Marfat.com

کیا صاحب اغانی نے مشہور شاعر اعشیٰ بنی ابی ربیعہ کے ذکر میں لکھا ہے کہ فتنہ ابن اشعث فرو ہونے کے بعد ایک مرتبہ حجاج کے دربار میں کوفہ اور بصرہ کے لوگ جمع تھے۔ اعشیٰ بھی وہیں تھا حجاج نے اس اقدام پر اہل عراق کو سخت وسست کہنا شروع کیا اور دھمکی دی اس پر ایک بصری نے کہا اس فتنہ کی ابتدا کوفہ سے ہوئی اور وہاں کے باشندوں نے پہلے نافرمانی کی روش اختیار کی یہ سن کر اہل کوفہ نے کہا :

| | |
|---|---|
| لا، بل اهل البصرة اول من اظهرا المعصیته مع جبر بن همیان السدوسی اذجاء مخالفا من السند، واكثروا فی ذلك۔ | نہیں بلکہ سب سے پہلے اہل بصرہ نے جبر بن ہمیان سدوسی سے مل کر نافرمانی کا مظاہرہ کیا جب وہ سندھ سے مخالف بن کر آیا اور اہل کوفہ نے اہل بصرہ کو بہت زیادہ سخت سست کہا۔ |

کوفیوں اور بصریوں کی باتیں سننے کے بعد اعشیٰ نے اٹھ کر عرض کیا کہ اللہ تعالیٰ امیر کا بھلا کرے۔ ان دونوں شہروں (کوفہ، بصرہ) میں سے کوئی نہ گناہ سے بری ہے اور نہ کسی کو اپنی عصمت کا دعویٰ ہے۔ بلکہ سب نے مل کر آپ سے جنگ کی۔ مگر اللہ تعالیٰ نے آپ کی مدد فرمائی۔ [1]

## جعونہ بن عقبہ سلمی منجنیقی ؒ

جعونہ بن عقبہ سلمی منجنیقی نے دیبل کی جنگ میں محمد بن قاسم کے حکم سے عروس نامی منجنیق سے بت خانہ کے جھنڈے کا لٹھا توڑا۔ جس کے بعد پورا شہر مسلمانوں کے قبضہ میں آگیا۔

بلاذری کا بیان ہے کہ غزوۂ دیبل کے موقع پر محمد بن قاسم نے حجاج بن یوسف کو یہاں کے حالات سے مطلع کیا تو اس نے ہدایت دی کہ تم عروس نامی منجنیق کو شہر کے

[1] الاغانی ج ۱۸ ص ۲۳۔

جانب نصب کرو اور اس کے چلانے والے سے کہو کہ وہ اس طرح چلائے کہ اس کی
راست بت خانے کے جھنڈے پر پڑے چنانچہ اس ہدایت کے مطابق اس نے یوں نشانہ لگایا
ٹوٹ کر گر گیا یہ جھنڈا اتنا بڑا تھا کہ جب ہوا سے لہراتا تھا تو سارے شہر پہ اس کا سایہ پڑتا تھا۔
کے گرنے سے کفار کے غضب کی آگ اور زیادہ بھڑک گئی، اس روایت میں منجنیق چلانیوالے
نہیں ہے بلکہ یہ عبارت ہے:-

| | |
|---|---|
| ثم ادع صاحبها فمره ان | (حجاج نے لکھا ہے کہ) تم منجنیق نصب کرکے |
| يقصد برميته للدقل الذى | اس کے ناظم کو بلاؤ اور حکم کرو کہ بت خانہ |
| وصفت لى فرمى الدقل | کے لٹھے کو مارے جس کا تذکرہ تم نے اپنے |
| فانكسر۔ | خط میں کیا ہے۔ چنانچہ اس نے مارا اور وہ |
| | ٹوٹ گیا۔ |

البتہ چچ نامہ میں اس کا نام موجود ہے اور لکھا ہے کہ محمد بن قاسم نے جعونہ بن عقبہ
سلمی کو بلا کر کہا کہ اگر تم دیبل کے بت خانہ کے جھنڈے کو گرا دو تو میں تم کو دس ہزار
درہم انعام دوں گا۔ جعونہ نے کہا کہ میں یہ کام عروس نامی منجنیق سے کر سکتا ہوں۔ محمد بن قاسم
نے حجاج کو لکھا اس نے فوراً جواب دیا کہ تم یہ شرط منظور
کرو چنانچہ محمد بن قاسم نے خط پاتے ہی جعونہ کو
اور انھوں نے مسلمانوں کے نعرۂ تکبیر کے شور میں عروس منجنیق سے دو وار کیے، پہلے
میں جھنڈا گر گیا اور دوسرے وار میں اس کا ستون بھی زمین پر آ گیا۔ چچ نامہ میں اس واقعہ
جعونہ کے بجائے جعوبہ غلط درج ہے۔ اور جیسا کہ لسان العرب میں ہے بقول ابن درید جعونہ
ان عربوں کے نام میں سے ہے مجھ کو جعونہ بن عقبہ سلمی کا حال کتابوں میں نہ مل سکا البتہ ابن
نے جمہرۃ انساب العرب میں بنی ذی الجن عوف بن عامر بن ربیعہ بن صعصعہ کے
میں جعونہ نامی ایک شخص کا ذکر کر کے لکھا ہے۔

Marfat.com

وھو جعونة قائد مروان      جعونہ مروان کا فوجی افسر تھا۔

ہو سکتا ہے کہ یہی جعونہ قائد مروان، جعونہ بن عقبہ سلمی ہو۔ حافظ ابن حجر نے اصا
جعونہ بن شعیب یا شعوب لیثی مدرک اور جعونہ بن مرثد اسدی مخضرم کا تذکرہ کیا ہے
ان دونوں بزرگوں کا مذکورہ بالا واقعہ سے تعلق نہیں ہے۔ [1]

## جراح بن عبداللہ حکمی شامیؒ

ابو عقبہ جراح بن عبداللہ حکمی شامی حمصی کے بارے میں امام بخاری نے لکھا ہے ک
شامی الاصل ہیں۔ اور یمن کے قبیلہ سعد العشیرۃ سے نسبی تعلق رکھتے ہیں۔ ان سے ابن سی
نے روایت کی ہے۔ یزید بن مہلب نے ان کو خراسان کا والی بنایا تھا۔ ابن حبان
کتاب الثقات میں ان کا تذکرہ کر کے لکھا ہے کہ ان کی اصل یمن سے ہے۔ مگر شام میں
تھے۔ مراسیل کی روایت کرتے ہیں۔ ابن ابو حاتم رازی نے لکھا ہے کہ وہ اہل یمن سے ش
حمصی ہیں یعنی شام کے شہر حمص میں رہتے تھے۔ یزید بن مہلب نے ان کو خراسان کی و
دی تھی۔ امام بخاری اور ابن حبان کی تصریح کے خلاف ابن ابو حاتم نے لکھا ہے کہ
انھوں نے ابن سیرین سے روایت کی ہے اور ان سے یحییٰ بن عطیہ اور صفوان بن عم
روایت کی ہے۔ جراح خلافت اموی میں مختلف مقامات کی امارت پر رہے۔ انھوں
ترکستان کو فتح کیا۔ خلیفہ سلیمان بن عبدالملک نے ان کو واسط کی امارت دی اور
عمر بن عبدالعزیز نے خراسان کا امیر بنایا۔ جراح نے خراسان پہونچ کر حضرت عمر بن عبد
کو خط لکھا کہ میں نے یہاں آتے ہی کچھ لوگوں کو دیکھا کہ عیش و طرب کی زندگی میں مست
کہیں ایسا نہ ہو کہ وہ زندگی کی رنگینیوں میں پڑ کر حقوق اللہ کی ادائیگی میں سستی کر

---

[1] فتوح البلدان ص ۴۲۵، طبقات ابن سعد ج ۵ ص ۶۱ جمہرۃ انساب العرب ص ۲۸۱ ... ج ۹ ص ۱۶۲، اصابہ ج ۱ ص ۲۶۲ چچ نامہ ص ۱۰۵ و ص ۱۰۶ و ص ۱۱۶۔

صرف تلوار اور درّہ سے رام ہو سکتے ہیں۔ حضرت عمر بن عبد العزیز نے اس کے جواب میں لکھا۔

| | |
|---|---|
| یا ابن ام الجرّاح! انت احرص على الفتنة منهم، لاتضرب مومناً ولا معاهداً سوطاً الا في حقٍّ واحذر القصاص فانك صائر الى من يعلم خائنة الاعين، وما تخفي الصدور۔ | اے جرّاح کی ماں کے بیٹے (یعنی جرّاح) تم ان لوگوں سے زیادہ فتنہ وفساد کے حریص ہو۔ تم حق کے علاوہ کسی بات پر کسی مسلمان یا غیر مسلم معاہد کو ایک کوڑا بھی نہ مارنا۔ اور خبردار بدلہ لینے سے بچو کیونکہ تم کو اس ذات کے سامنے حاضر ہونا ہے جو آنکھوں کی خیانت اور دلوں کی پوشیدہ باتوں کو جانتی ہے |

نیز حضرت عمر بن عبد العزیز نے ان ہی ایام میں جراح کو لکھا۔

| | |
|---|---|
| ان استطعت ان تدع مما احل الله لك ما يكون حاجزا بينك و بين ما حرّم الله عليك، فافعل فانه من استوعب الحلال كله تاقت نفسه الى الحرام۔ | جو چیز اللہ نے تمہارے لئے حلال و جائز قرار دی ہے تم اس میں سے اتنی مقدار چھوڑ سکتے ہو تو چھوڑ دو، جو تمہارے اور اللہ کی حرام کردہ چیز کے درمیان پردہ بنے، کیونکہ جو شخص تمام حلال چیزوں کو استعمال کرتا ہے اس کا نفس حرام چیز کی طرف لپکتا ہے۔ |

جس وقت ہلال بن احوز مازنی نے آل مہلب کو قندابیل سے مسلمہ بن عبد الملک کے پاس بھیجا اور اس نے ان کو فروخت کرنے کی قسم کھائی۔ جراح بن عبد اللہ حکمی وہاں موجود تھے۔ فوراً بولے میں ان کو خرید کر آپ کی قسم پوری کرتا ہوں۔ چنانچہ ایک لاکھ درہم میں خرید لیا اور جب مسلمہ نے قیمت کا مطالبہ کیا تو جراح نے کہا آپ جب چاہیں لے لیں۔ بعد میں مسلمہ نے رقم نہیں لی اور نو عدد جوانوں کے علاوہ سب کو چھوڑ دیا۔

جراح نے ۱۱۲ھ میں سرزمین ترک میں جہاد کر کے شاندار فتح پائی۔ اس و
آرمینیہ اور آذربیجان کے امیر تھے۔ اس سے پہلے سندھ کی فتوحات میں محمد
کے ہمراہ مجاہدینِ اسلام کے امیر تھے۔ حجاج نے محمد بن قاسم کے نام جو خط لکھا
ہیں جراح بن عبداللہ کو تجربہ کار۔ جنگ آزمودہ اور اہلِ فضیلت پر فوقیت ر
بنایا تھا۔[1]

## جنید بن عبدالرحمٰن مُرّیؒ

ابویحییٰ جنید بن عبدالرحمٰن عمرو بن حارث بن سنان بن ابوحارث بن مرّہ بن
غیلان مُرّی۔ اہلِ دمشق میں سے ہیں، خلیفہ بن خیاط نے ان کو مرّہ عطفان سے بتایا
مگر ابن حزم اور ابن عساکر نے یہی سلسلۂ نسب بیان کیا ہے۔

ہشام بن عبدالملک نے ان کو سندھ اور خراسان کا امیر بنایا تھا۔ یمن کے
میں فضل وسخاوت میں مشہور تھے۔ ان کا شمار اموی دور کے مشہور امراء وحکام
میں تھا۔ شعراء نے ان کی شان میں بڑے بڑے قصائد کہے۔ ان کی اولاد میں اندلس
شہر البیرہ میں کئی افراد بڑی شان وشکوہ کے مالک تھے۔ مگر بعد میں ان کی عظمت
ختم ہوگئی۔ ابن عساکر نے جنید کے پوتے جنادہ بن عمرو بن جنید کی روایت سے ج
زبانی نقل کیا ہے کہ میں ایک مرتبہ وظیفہ وعطیہ لینے کے لئے جمعہ کے دن حوران
دمشق گیا۔ جمعہ کی نماز پڑھ کر جامع مسجد کے باب الدرج سے نکلتے ہوئے میں
کہ ابوشیبہ نامی ایک بزرگ صورت واعظ لوگوں کو وعظ سنا رہا ہے۔ میں بھی
اس نے نہایت موثر انداز میں ترغیب وترہیب کا وعظ کہا۔ جس کو سن کر ہم لوگ

---

[1] تاریخ کبیر ج ۱۔ ق ۲ ص ۲۲۶، کتاب الجرح والتعدیل ج ۱۔ ق۔ ۱ ص ۵۲۳، کتاب الثقات
البیان والتبیین ج ص ۹ تاریخ طبری ج ۲ ص ۲۰۳۔ ۶ چچ نامہ ص ۱۰۲، العیون والحدائق ص

رے۔ آخر میں کہنے لگا کہ ہماری اس مجلس کو ابوتراب پر لعنت بھیج کر ختم کرو۔ یہ کہہ
کر اس نے حضرت ابوتراب پر لعنت کی۔ اس وقت ایک شخص نے جو میرے دائیں جانب
بیٹھا تھا میری طرف دیکھا۔ میں نے اس سے دریافت کیا کہ یہ ابوتراب کون ہے؟ اس
نے کہا کہ یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے برادر عم زاد۔ آپ کی صاحبزادی کے
شوہر۔ سب سے پہلے مسلمان اور حسن وحسین کے باپ حضرت علی بن ابوطالب رضی
اللہ عنہ ہیں۔ میں نے کہا کہ اس واعظ نے یہ اچھا کام نہیں کیا۔ پھر میں نے اٹھ کر اس کے
سر کا بال پکڑا اور سر کو دیوار سے ٹکرایا پھر طمانچہ رسید کرنا شروع کر دیا۔ اس کے بعد
شور وغل پر مسجد کے ملازمین اور اس کے مددگار جمع ہو کر اور میری چادر میرے گلے
میں ڈال کر کھینچتے کھینچتے ہشام بن عبدالملک کے دربار میں لے گئے۔ ابوشیبہ میرے آگے
تھا۔ اس نے دربار میں شور کرتے ہوئے کہا کہ امیر المومنین! آپ کے اور آپ کے
باپ دادا کے واعظ کے ساتھ آج بہت بڑا حادثہ پیش آگیا ہے۔ اس وقت دربار
میں اعیان واشراف موجود تھے۔ ہشام نے ابوشیبہ سے دریافت کیا کہ آپ کے ساتھ
یہ حرکت کس نے کی ہے؟ اس نے میری طرف اشارہ کیا۔ ہشام نے میری جانب متوجہ
ہو کر کہا ابویحییٰ! تم یہاں کب آئے ہو؟ میں نے کہا کل دمشق آیا تھا۔ آج جمعہ پڑھ کر
آپ کی خدمت میں حاضر ہو رہا تھا۔ اسی ارادہ سے باب الدرج سے نکلا تو دیکھا کہ یہ عالم وعظ
کہہ رہا ہے۔ میں بھی مجلس میں بیٹھ گیا۔ اس نے ترغیب وترہیب کا نہایت مؤثر اور رقت انگیز
وعظ سنایا۔ آخر میں اس نے دعا کی اور سامعین نے آمین کہی۔ پھر لوگوں سے کہا کہ اس محفل
کو ابوتراب پر لعنت کر کے ختم کرو۔ میں نے پوچھا ابوتراب کون ہے لوگوں نے بتایا کہ یہ
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے چچازاد بھائی۔ آپ کی صاحبزادی کے شوہر، پہلے
مسلمان اور حسن وحسین کے والد حضرت (علی) بن ابوطالب ہیں۔ امیر المومنین! اگر ابوتراب
کے ساتھ آپ کی اس قسم کی قرابتیں ہوتیں اور پھر اسی طرح ان پر لعنت کی جاتی تب

Marfat.com

ہیں اس دعظ کے ساتھ یہی برتاؤ کرتا۔ یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
داماد اور آپ کی صاحبزادی کے شوہر پر لعنت بھیجی جائے اور میں غضبناک
ہوں؟ یہ سن کر ہشام نے کہا جو کچھ ہوا برا ہوا۔ پھر اس کے بعد ہی میرے لئے
کی امارت کا حکم دیتے ہوئے حاضرین دربار سے کہا۔

مثل هذا لایجاورنی هٰهنا — جنید جیسا آدمی میرے آس پاس نہ
فیفسد علینا البلد فباعدتہ — ورنہ شہر کو ہمارا مخالف بنا دے گا
الی السند ۔ — لئے میں نے اسے دور کر کے سندھ کا امیر بنا

جنید نے خلیفہ ہشام کے ابتدائی دور میں سندھ کی امارت و حکومت پا کر نہ
شاندار اور کامیاب حکومت کی ان کا زمانہ سندھ میں اموی خلافت کا زریں دو
ان کی فتوحات کا سیلاب سندھ سے گجرات ہوتا ہوا مالوہ اجین کے آگے مشرق تک
گیا تھا۔ اور یہاں کے کئی سرکش راجے مہاراجے زیر ہوئے۔ بعض راجوں نے گراں
ہدایا و تحائف دربار خلافت کو روانہ کئے۔ ان ہی دنوں میں یہاں نہایت شدید قحط
تھا اور انہوں نے نہایت کامیابی کے ساتھ اس کا مقابلہ کیا ان کے دور میں یہاں ما
دولت کی بہتات تھی۔ الغرض ان کا دور ہر اعتبار سے نہایت کامیاب اور شاندار
خلیفہ بن خیاط نے لکھا ہے کہ خالد بن عبد اللہ نے جنید بن عبد الرحمن مری کو دو سال
بعد سندھ سے معزول کر کے ان کی جگہ تمیم بن زید قینی کو مقرر کیا۔ اس کے بعد جنید خراسا
کے حاکم بنائے گئے۔ ابن اثیر اور ابن خلدون نے لکھا ہے کہ ۱۱۱ھ میں خلیفہ ہشام
اشرس بن عبد اللہ کو خراسان سے معزول کر کے ان کی جگہ جنید بن عبد الرحمن کو مقرر
سبب یہ ہوا کہ جنید نے ہشام کی بیوی ام حکیم بنت یحییٰ بن حکم کے لئے جواہر کا ہار
جو ہشام کو بہت پسند آیا اس پر جنید نے اسی قسم کا دوسرا ہار بھیجا اور ہشام نے
کو خراسان کی ولایت دے کر فوراً پانچ سو اعوان و انصار کے ساتھ برید کے ذ

Marfat.com

روانہ کر دیا۔ جنید نے وہاں پہونچ کر شاندار کارنامے انجام دیئے، وراء النہر اور طخارستان کے علاقوں میں غزوات و فتوحات کیں۔ اسی دوران میں ۱۱۶ھ میں جنید نے فاضلہ بنت یزید بن مہلب سے شادی کرلی جس پر ہشام نے ان کو معزول کر کے عاصم بن عبداللہ بن یزید کو خراسان کی حکومت دیدی۔ اس وقت جنید استسقاء کی بیماری میں مبتلا تھے۔ ہشام نے عاصم کو ہدایت کی تم خراسان پہونچتے ہی جنید کا کام تمام کر دینا مگر عاصم کے پہونچنے سے پہلے ہی جنید مقام مرو میں فوت ہو چکے تھے۔ ابو جویریہ عیسیٰ بن عصمہ نے جنید کا یہ مرثیہ کہا ہے:۔

هلك الجود والجنيد جميعا     فعلى الجود والجنيد السلام

جود اور جنید دونوں دنیا سے رخصت ہو گئے۔ جود و جنید دونوں پر سلام ہو۔

اصبحا ثاويين في ارض مرو     ما تغنت على الغصون الحمام

دونوں سرزمین مرو میں جب تک قمریاں شاخوں پر نغمہ زن ہیں دفن رہیں گے۔

كنتما نزهة الكرام فلما     مت مات الندى ومات الكرام

تم شریفوں کی عزت تھے۔ تمہاری موت سے سخاوت اور شرفاء کی موت ہو گئی۔

سندھ و خراسان کی امارت کے سبب اور ہشام کی خفگی سے معلوم ہوتا ہے کہ ہشام جنید کی طرف سے کبھی مطمئن نہیں تھا اور جنید شامی ہونے کے باوجود اہل شام کی طرح خالص اموی الفکر نہیں تھے۔ اس کے باوجود انھوں نے سندھ میں اموی دور کو چار چاند لگائے ہیں۔

شعراء نے ان کی شان میں بہت سے قصائد کہے ہیں۔ جو کتابوں میں مذکور ہیں۔ [۱]

---

[۱] جمہرۃ انساب العرب ص ۲۵۲، تاریخ ابن عساکر ج ۳ ص ۴۰۸ و ص ۴۱۲، کتاب الاغانی ج ۹ ص ۹۷، کتاب الذخائر والتحف ص ۱۵، تاریخ طبری ج ۷ ص ۹۹، الاخبار الطوال ص ۳۲۰ و ص ۳۲۱، تاریخ ... ج ۶ ص ۶۲ ، تاریخ ابن خلدون ج ص، کتاب الصون فی الادب ص ۹۶ و ص ۹۷، تاریخ خلیفہ ج ۲ ص ... و ص ۵۰۵ و ص ۵۰۷ و ص ۵۳۸۔

# جنید بن عمرو عدوانی مکی

جنید بن عمرو عدوانی مکی تبع تابعی اور مشہور قرار میں سے ہیں، قیس بن حمید سے حد
روایت کی ہے۔ میزان الاعتدال اور لسان المیزان میں ہے کہ امام ابوحاتم رازی
بن عمرو عدوانی کے بارے میں سوال کیا گیا تو انھوں نے ان کی روایت و ثقاہت
میں لاعلمی ظاہر کی، وہ محمد بن قاسم کے ساتھ سندھ کی فتوحات میں شریک تھے
ایک موقع پر ایک فوجی دستہ کے امیر بھی بنائے گئے، چچ نامہ میں ہے کہ محمد بن قاسم
ساوندری پہونچ کر مقام ہراور میں قیام کیا۔ اور جنید بن عمرو کی زیر امارت مجاہدین
ایک جماعت مقام بہرج کی طرف روانہ کی جنید بن عمرو عدوانی مکی مقری کے علاوہ ا
نام کے کوئی اور بزرگ کتابوں میں مجھے نہیں ملے اور غالباً جنید بن عمرو سے مراد یہی
ہیں۔ [1]

# جہم بن زحر جعفیؒ

ابوالاسود جہم بن زحر بن قیس بن مالک بن معاویہ بن سعنہ بن بذار بن سعد بن
بن ذہل بن مہران بن جعفی اموی دور کے شرفاء اور شہسواروں میں سے تھے۔ ان کی
میں بہت سے اعیان و اشراف گذرے ہیں۔ جہم بن زحر اور سعد بن نجد ازدی نے
بن مسلم کو قتل کیا تھا۔ ان کے بھائی جبلہ بن زحر جعفی نے سنہ ۸۳ھ میں ابن اشعث کی
میں قراء کی ایک جماعت کے امیر بن کر حجاج بن یوسف کے خلاف خروج کیا تھا او
سال دیر جماجم کی جنگ میں مارے گئے۔

جہم بن زحر جعفی نے سندھ کی فتوحات میں محمد بن قاسم کے ساتھ رہ کر شاندار

[1] میزان الاعتدال ج ۱ ص ۱۹۰، لسان المیزان ج ۱ ص ۱۴۱، کتاب المعارف ص ۱۴۴، چچ نامہ

انجام دیں۔ بعد میں جرجان کے حاکم ہوئے اور وہیں قتل کئے گئے۔ بلاذری نے لکھا ہے کہ حجاج بن یوسف نے محمد بن قاسم کو سندھ کی مہم پر روانہ کرنے سے پہلے رے کی مہم پر جانے کا حکم دیا۔ اس وقت وہ فارس کے امیر و حاکم تھے۔ جہم بن زحر مقدمۃ الجیش لے کر نکلنے ہی والے تھے کہ حجاج نے رے کی مہم روک کر محمد بن قاسم کو ثغر سند پر جانے کا انتظام کیا۔ محمد بن قاسم ارمائیل کی طرف چلے۔ اس وقت جہم بن زحر بھی ان کے ہمراہ تھے۔ چچ نامہ میں محمد بن قاسم کے ساتھ جہم بن زحر کی خدمت کا مفصل تذکرہ موجود ہے۔

خلیفہ بن خیاط نے لکھا ہے کہ ابن اشعث کی تحریک میں قراء و علماء کی جماعت نے دیر جماجم کی جنگ کے موقع پر ابوالبختری طائی کو اپنا امیر بنانا چاہا مگر انھوں نے کہا کہ میں موالی سے ہوں۔ آپ لوگ کسی عربی النسل کو امیر بنائیں۔ چنانچہ انھوں نے اس موقع پر جہم بن زحر بن قیس کو اپنا امیر منتخب کیا۔

ابن خلدون کا بیان ہے کہ یزید بن مہلب کی خراسان سے معزولی کے وقت جہم بن زحر جعفی جرجان کے امیر تھے۔ مگر عراق کے گورنر نے ان کے بجائے دوسرے شخص کو جرجان کا امیر بنا کر بھیجا جہم بن زحر چونکہ وہاں کے مستقل حاکم تھے۔ اس لئے انھوں نے اس کو گرفتار کر کے جیل خانہ میں بند کر دیا اور جب جراح بن عبد اللہ حکمی خراسان کے حاکم بن کر آئے تو اہل جرجان نے اس نئے امیر کو جیل خانہ سے نکالا جراح نے جہم کی اس حرکت کو ناپسند کیا اور یہ زبانی تنبیہ کر کے ان کو چھوڑ دیا کہ اگر تم سے میری قرابت داری نہ ہوتی تو میں تمہارے اس فعل کو ہرگز جائز قرار نہیں دیتا۔

مگر آگے چل کر یہی بات جہم کی موت کا باعث ہوئی۔ جراح کے بعد آنے والے حاکم خراسان نے ان کو معاف نہیں کیا۔ اس کی تفصیل بلاذری نے انساب الاشراف میں یوں بیان کی ہے کہ خراسان میں خدینہ کی ولایت کے زمانہ میں جہم بن زحر بن قیس

Marfat.com

جعفی کے قتل کی صورت یہ ہوئی کہ عبید اللہ بن عبد الحمید بن عبد الکریم بن عامر بن
جس کا لقب ترفل تھا اور جسے ابو مسلم نے بعد میں خراسان میں قتل کیا تھا۔ اس نے
خراسان خدینہ سے جہم بن زحر اور ان کے چند یمنی ساتھیوں کے خلاف سازش
ان کی شکایت کی اور الزام لگایا کہ یہ لوگ یزید بن مہلب کی طرف سے یہاں کے و
امیر ہیں۔ اور ان لوگوں نے سرکاری مال میں خرد برد کرکے خزانہ چھپا رکھا ہے
نے نام بنام سب کی نشان دہی کی اور خدینہ نے ان کو گرفتار کرکے قندز مرو میں
کر دیا۔ حاسدوں کو اس پر بھی صبر نہیں ہوا اور انھوں نے خدینہ سے کہا کہ یہ لوگ
بغیر مار کے صرف قید و بند سے مال نہیں دیں گے۔ خدینہ نے ان کو حاضر کرنے کا
دیا۔ وہ لوگ گدھے پر سوار کر کے جیل خانہ سے لائے گئے توفیق بن عمران نامی ایک
شخص نے آگے بڑھ کر جہم کی ناک پر ضرب شدید لگائی۔ جہم نے کہا اے فاسق! تو نے
یہ حرکت اس وقت کیوں نہیں کی جب میں نے تجھے شراب نوشی پر مارا تھا۔ یہ سن کر سعید
بن عمرو حرشی نے جو خدینہ کے بعد حاکم خراسان ہوا غصہ میں آکر جہم سے کہا کہ تم اس
طرح بات کرنے کی جسارت کرتے ہو؟ پھر جہم کو دو سو کوڑے مارے۔ اس واقعہ سے عوام
بڑی وحشت و دہشت پھیل گئی اور سعید نے جہم اور ان کے ساتھیوں کو زبیر بن نشیط کے
حوالے کیا تاکہ وہ ان کو سزا دے۔ چنانچہ اس نے ان سب کو طرح طرح سے اذیت دی
یہاں تک کہ جہم اسی حالت میں جیل خانہ میں فوت ہو گئے۔ اس سانحہ پر مشہور شاعر ثابت
بن قطنہ ازدی نے یہ اشعار کہے ہیں:۔

اتذهب ، ولم اسق ترفلاً ۔۔۔ واشياعه الكاس التي صبحوا جهماً

کیا تم چلے جاؤ گے؟ حالانکہ میں نے ابھی ترفل اور اس کے ساتھیوں کو وہ پیالہ
پلایا ہے جسے انھوں نے جہم کو پلایا ہے۔

ولم يتها السعدى عمرو بن مالك ۔۔۔ فيشعب من حوض المنايا لهما قسما

اور نہ عمرو بن مالک سعدی نے ان کی دعوت کی (قتل کیا) کہ موت کے حوض سے
ں کا جام تقسیم ہو۔
خدیبہ نے جہم بن زحر کے حاسدوں اور بدخواہوں کی شکایت سن کر یہ حرکت کرنے
وکر دی۔ مگر بعد میں اسے جہم کے مرنے کا افسوس ہوا۔ اور زبیر بن نشیط کو بد دعا دی
قبح اللہ الزبیر قتل جھما یعنی اللہ تعالیٰ زبیر کا برا کرے اس نے جہم کو قتل کیا ہے۔[1]

(ح)

## حاتم بن ابو قبیصہ ازدیؒ

حاتم بن ابو قبیصہ بن مہلب بن ابو صفرہ ظالم بن سراق بن صبح بن کندی بن عمرو بن وائل
ں حارث بن ازد بن عمران ازدی عتکی۔ اموی دور کے مشہور امراء و عمال میں سے تھے۔ اور
ل مہلب میں ان کو بہت بلند مقام و مرتبہ حاصل تھا۔
حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں ۴۴ھ میں قیقان کی جنگ میں عبداللہ بن
وار عبدی کے ساتھ شریک تھے اور ان کے دونوں لڑکے روح بن حاتم یزید بن حاتم بعد
ہ سندھ اور افریقہ کے گورنر بنائے گئے۔ نیز ان کے پوتے داؤد بن یزید بن حاتم سندھ
ور افریقہ کے امیر و حاکم ہوئے اور پر پوتے ابراہیم بن عبداللہ بن یزید بن حاتم تقریباً
یں سال تک سندھ و مکران اور کرمان کے والی و حاکم رہے۔ الغرض آل مہلب کے اس
اندان کو دنیاوی جاہ و جلال پوری طرح حاصل تھا۔

[1] جمہرۃ انساب العرب ص ۳۶۷، الاشتقاق ابن درید ص ۴۰۷، فتوح البلدان ص ۴۳۴،
یخ خلیفہ ج ۱ ص ۳۶۵، انساب الاشراف ج ۵ ص ۱۶۲، تاریخ ابن خلدون ج ص، چچ نامہ
۱۰ و ص ۱۰۶ و ص ۱۵۶ و ص ۱۷۲ و ص ۱۹۲۔

چچ نامہ میں حاتم بن یزید بن قبیصہ کا بیان ہے کہ میں جنگ قیقان میں شریک تھا۔ میں نے عبد اللہ بن سوار کو دیکھا کہ میدان جنگ میں بڑھ بڑھ کر دادِ مردانگی دے رہے تھے۔ انھوں نے دشمن کے ایک مشہور بہادر کو قتل کیا۔ نیز مجاہدین اسلام نے دشمن کو بھاری نقصان پہونچایا اس کے بعد میں نے مقتولوں کے جسم کے ہتھیار وغیرہ اتارے جن میں صرف انگوٹھیاں ایک سو تھیں۔ چچ نامہ میں حاتم بن قتیبہ باہلی" غلط درج ہے۔

مصحح نے حاتم بن قبیصہ بن مہلب" بتایا ہے۔ اس میں بھی غلطی ہے۔ قبیصہ" کے بجائے ابو قبیصہ ہونا چاہیئے۔

# حاجب بن ذبیان مازنی صاحب الفیل شاعر

حاجب بن ذبیان مازنی صاحب الفیل قبیلہ بنی مالک بن عمرو بن تمیم سے اموی دور کے مشہور شاعر ہیں۔ لقب ثابت قطنہ ہے۔ نیز یزید بن مہلب ازدی نے ان کو صاحب الفیل کا لقب دے کر اپنی ولایت خراسان کے زمانہ میں ایک ضلع کا حاکم بنایا تھا۔ بعد میں اسی لقب سے مشہور ہوئے ان کو ثابت قطنہ اس لئے کہتے ہیں کہ کسی جنگ میں ان کی آنکھ نیزہ لگنے سے جاتی رہی اور وہ اس پر قطنہ یعنی روئی رکھاتے تھے۔ ابن دُرید نے کتاب الاشتقاق میں لکھا ہے کہ ثابت قطنہ مشہور شاعر ہونے کے ساتھ خراسان کے مشہور شہسواروں میں تھے۔ ۱۰۲ھ میں جس وقت ہلال بن احوز مازنی نے قندابیل میں آل مہلب کا قتل عام کیا۔ حاجب بن ذبیان وہاں موجود تھے۔ اس موقعہ پر ان کے یہ اشعار بھی ہیں۔ جیسا کہ معجم البلدان میں قندابیل کے ذکر میں ہے۔

فان ارحل فمعروف خلیلی     وان اقعد فمالی من خمول

اے دوست اگر میں چلا جاؤں تو بہتر ہے اور اگر بیٹھ رہوں تو اس میں مری کوئی توہین

لہ جمہرة انساب العرب ص ۲۰۰، ۳ چچ نامہ ص ۷۹

ہے۔

لقد قرت بقندا بيل عيني — وساغ لي الشراب الى الغليل

قندابیل میں مری آنکھ ٹھنڈی ہوگئی — اور میری پیاس بجھ گئی

غداة بنوا لمهلب من اسير — يقاد به ومستلب قتيل

جس صبح کو بنو مہلب قیدی بنائے گئے — اور قتل کر کے ان سے اسلحہ اتارے گئے۔ ؎

## حباب بن فضالہ ذہلی یمامی

حباب بن فضالہ بن ہرمز ذہلی حنفی یمامی کی تابعی ہیں۔ امیر ابن ماکولا نے لکھا ہے کہ ابن فضالہ بن ہرمز کی اہل یمامہ سے تھے۔ بعد میں مکہ مکرمہ میں رہنے لگے تھے۔ انھوں نے ن انس بن مالک رضی اللہ عنہ ؛ سے اور ان سے عمر بن یونس یمامی اور ایک جماعت نے یت کی ہے۔ ذہبی نے میزان الاعتدال میں لکھا ہے کہ حباب بن فضالہ ذہلی یمامی حنفی ن ہے کہ میں نے بصرہ میں حضرت انس بن مالک رض سے ملاقات کر کے عرض کیا کہ میں ایک ارادہ کر رہا ہوں اور اس کے لئے آپ سے اجازت چاہتا ہوں حضرت انس نے دریافت ہاں کا سفر کرنا چاہتے ہو؟ میں نے کہا سندوستان جانے کا ارادہ ہے۔ آپ نے پوچھا رے ماں باپ یا ان میں سے کوئی ایک زندہ ہے؟ میں نے کہا دونوں زندہ ہیں نے فرمایا کیا وہ تمہارے سفر پر راضی ہیں؟ میں نے کہا ناراض ہیں اور یہ اقدام زیادتی ہے۔ وہاں کے حاکم نے بھی مجھے سفر سے منع کیا ہے، یہ سن کر حضرت انس نے دنیا چاہتے ہو یا آخرت؟ میں نے کہا دونوں حضرت انس نے فرمایا کہ میرا خیال س اقدام سے ان دونوں کو ناراض کروگے اس لئے واپس جاؤ اور ان کے عمل کرتے رہو۔ تم اس سے بہتر کمائی نہیں کر سکتے ہو۔ اس روایت سے حضرت حباب

؎ انساب العرب ص ۲۱۱، لسان العرب ج ۱ ص ۱۹۱، معجم البلدان ج ۴ ص ۲۰۲

Marfat.com

بن فضالہ کا ہندوستان آنا ثابت نہیں ہوتا البتہ اس کا احتمال ضرور ہے۔ حضرت ا
کی وفات ۹۳ھ سے پہلے حباب کی حاضری ان کی خدمت میں ہوئی۔ اس زمانہ
حضرت محمد بن قاسم سندھ میں مصروفِ جہاد تھے۔ لہ

## حبیب بن مرّہ مری

حبیب بن مرہ مری خلیفہ مروان بن حکم کے خصوصی فوجی قائدوں اور افسروں
سے تھے۔ انھوں نے حاکم سندھ جنید بن عبد الرحمن مری کے ساتھ رہ کر غزوات
فتوحات میں شاندار خدمات انجام دیں۔ جنید نے ایک مرتبہ حبیب کو ایک فوجی مہم
کا امیر بنا کر مالوہ کی طرف روانہ کیا تھا اور انھوں نے اجین اور بہریمد وغیرہ کو
فتح کیا۔ جب ۱۳۲ھ میں عباسی خلافت کا دور آیا اور بہت سے اموی امراء وح
نے جگہ جگہ خروج و بغاوت کی روش اختیار کی تو اسی وقت حبیب بن مرہ نے بھی
خروج کیا۔ وہ مروان کے فوجی قائدوں اور شہسواروں میں سے تھے اور ان
عباسی اقتدار میں اپنی جان کا خطرہ تھا۔ اس لئے بثینہ اور حوران والوں کو ساتھ
کر عباسی طاقت کے مقابلہ میں آئے۔ بنو قیس اور قرب و جوار کے دیگر باشندوں
ان کے ہاتھ پر بیعت کی عباسی خلیفہ ابو العباس سفاح نے اپنے چچا عبد اللہ بن
کو فوج دے کر ان کے مقابلہ کے لئے روانہ کیا اور فریقین میں کئی بار مڈبھیڑ
انھیں ایام میں مروان کے ایک دوسرے فوجی افسر ابو الورد مجزہ بن کوثر بن ز
حارث کلابی نے مقام قنسرین میں عباسی اقتدار کے خلاف علم بغاوت بلند کیا
عبد اللہ بن علی نے دو طرفہ مقابلہ کے بجائے حبیب بن مرہ سے صلح کر لی ان کے سب
کو امن کا پروانہ دے کر ابو الورد کے مقابلہ کے لئے نکلا اور یعقوبی کے بیان

لہ الاکمال ج ۲ ص ۱۴۱، میزان الاعتدال ج ۱ ص ۲۰۸۔

بنی حبیب نے مقام حوران میں خروج کر کے بنو امیہ کے ایک آدمی کو امیر و خلیفہ بنایا!
عبداللہ بن علی نے ان کو قتل کر کے ساتھیوں کو منتشر کر دیا۔

## حبیب بن مہلب ازدیؒ

حبیب بن مہلب بن ابو صفرہ ازدی عتکی کو خلیفہ سلیمان بن عبدالملک نے یزید بن ابو کبشہ سکسکی کے بعد سندھ کا امیر و حاکم مقرر کیا تھا۔ انھوں نے اپنی امارت کے زمانہ میں یہاں جہاد کر کے فتوحات حاصل کیں اور جب اَرُوڑ کے باشندوں سے مقابلہ کیا تو انہوں نے جنگ کے بجائے حبیب بن مہلب کی اطاعت قبول کر لی ان کے چار لڑکے تھے سلیمان، مغیرہ، عباد اور رحمۃ۔ ان میں سلیمان بن حبیب نے مروان بن محمد کے دور خلافت میں فارس اور اہواز کے علاقوں میں شورش برپا کی تھی۔ اسی زمانہ میں ابو جعفر منصور (بعد کا مشہور عباسی خلیفہ) سلیمان بن حبیب کے پاس پہنچا تو سلیمان نے بڑی آؤ بھگت کی اور اہواز میں بعض سرکاری عہدے دیے۔ اہواز یہاں رہ کر ابو جعفر منصور نے خراج کی بھاری رقم اپنے قبضہ میں کر لی۔ اس لئے سلیمان نے اسے معزول کر کے حساب و کتاب لیا اور پشت پر کوڑے لگائے۔ اس وقت ابو جعفر منصور نے یہ سزا برداشت کر لی مگر اپنے دور حکومت میں سلیمان کی گردن اڑا دی۔ جیسا کہ ابن حزم نے لکھا ہے۔

ابن خلکان نے بیان کیا ہے کہ حبیب بن مہلب کا ایک لڑکا فوت ہوا۔ تو انہوں نے اس کی نماز جنازہ کے لئے اپنے بھائی یزید بن مہلب کو آگے بڑھایا۔ لوگوں نے کہا کہ تم یزید سے بڑے ہو اور رعیت بھی تمہاری ہے۔ پھر بھی یزید کو آگے کر رہے ہو؟ حبیب نے جواب دیا۔

| | |
|---|---|
| ان اخی قد شرفہ الناس و | میرے بھائی کو لوگوں نے عزت و شرافت |
| شاع فیھم لہ الصیت، درمنہ | دی ہے اور اس کی نیک نامی عام ہے |



Marfat.com

| | |
|---|---|
| العرب بابصارها، فکرهت ان اضع منه ما قد رفعه الله تعالیٰ[1] ۔ | اور عربوں نے اسے عزت و احترام کی نظر سے دیکھا ہے اس لئے میں نے اچھا نہیں سمجھا کہ جو عزت و رفعت اللہ تعالیٰ نے اسے دے رکھی ہے میں اسے کم کر دوں ۔ |

## حُبَیش عنبریؒ

حُبیش عنبری دورِ تابعین کے مشہور عابد و زاہد اور بزرگ حضرت عامر بن عبد القیس عنبریؒ کے بھتیجے ہیں جن کا لقب "راہب ہذہ الامۃ" ہے ۔ محمد بن قاسم کے ساتھ سندھ کی مہمات میں شریک تھے ۔ چچ نامہ میں ہے کہ جنگ داہر کے موقع پر محمد بن قاسم نے حبیش بن اخی عامر بن عبد القیس سے کہا کہ راجہ داہر میدان جنگ سے غائب ہے ۔ شاید کسی گھات میں ہو ۔ تم ذرا عامر سے کہہ دو کہ وہ متنبہ رہیں ۔ حُبیش نے کہا میرا دل گواہی دیتا ہے کہ راجہ داہر مارا جا چکا ہے ۔ چنانچہ ان کی بات صحیح نکلی اور راجہ داہر مارا جا چکا تھا ۔

ابن حبان نے کتاب الثقات میں حبیش نامی ایک تابعی کا ذکر کر کے لکھا ہے کہ انھوں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے اور ان سے عبد الرحمن بن قیس نے روایت کی ہے ۔ غالباً یہی بزرگ حبیش بن اخی عامر عبد القیس عنبری ہیں[2] ۔

---

[1] جمہرۃ انساب العرب ص ۳۶۹، فتوح البلدان ص ۴۲۸، کامل ابن اثیر ج ۴ ص ۱۲۴، تاریخ ج ۲ ص ۳۵۶، وفیات الاعیان ج ۲ ص ۴۱۶، چچ نامہ ص ۲۶۸ [2] چچ نامہ ص ۱۸۳ و ص ۱۸۴، کتاب الثقات ص ۱۵۵

# حری بن حری باہلیؒ

حری بن حری باہلی عرب کے مشہور قبیلہ بنو باہلہ سے تھے۔ حضرت معاویہ رضی
عنہ نے ۵۵ھ میں عبید اللہ بن زیاد کو بصرہ کا گورنر بنا کر ثغر ہند کے امور و معاملات
مہ دار بنایا۔ تو انھوں نے حری بن حری کو بلاد ہند کی امارت و حکومت دی۔
نے یہاں متعدد غزوات کئے جن میں اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو فتح دی۔
ایک روایت یہ ہے کہ عبید اللہ بن زیاد نے حضرت سنان بن سلمہ ھذلیؓ کو سندھ
مقرر کر کے حضرت حری کو ان کی فوج کا امیر بنایا۔ اور انھوں نے مقام بوقان میں
کر کے فتح پائی۔ ایک شاعر نے کہا ہے:

لولا طعانی بالبوقان مارجعت    منہ سرایا ابن حریٍّ باسلاب

اگر بوقان میں میری تیر اندازی کے جوہر ظاہر نہ ہوتے تو وہاں سے ابن حری
میں دشمنوں کے ساز و سامان لیکر واپس نہ ہوتیں اس سے زیادہ ان کے بارے میں
م نہ ہو سکا۔[1]

# حکم بن عوانہ کلبیؒ

حکم بن عوانہ بن عیاض بن وزر بن عبد الحارث بن ابو حصین بن ثعلبہ بن خیبری بن
بن عامر بن ودؔ بن عوف بن عذرہ بن زید اللات کلبی، قبیلہ بنی کلب بن دبرہ
یں۔ دو بار ہندوستان میں آئے، پہلی بار محمد بن قاسم کے ساتھ سندھ کی فتوحات
شریک ہوئے اور شاندار خدمات انجام دیں اور دوسری بار خلیفہ ہشام بن عبد الملک
خلافت میں تمیم بن زید قینی کے بعد مستقل امیر بنا کر بھیجے گئے اور بہت سی

[1] البلدان ص ۴۲۳۔

Marfat.com

فتوحات حاصل کیں حتیٰ کہ جہاد ہی میں ۱۲۲ھ میں یہیں شہید ہوئے۔

چچ نامہ میں ہے کہ محمد بن قاسم نے برہمنا باد کی فتح کے بعد شہر کے باہر قیام کر
کو جمع کیا۔ اور ان سے انتظامی امور و معاملات میں بات چیت کی، اور طرح طر
مراعات دی۔ اس گفتگو میں تمیم بن زید قینی اور حکم بن عوانہ کلبی ترجمان کی حیثی
سے جانبین کی باتیں ایک دوسرے تک پہنچاتے تھے۔ یہاں تک کہ محمد بن قاسم اور برہمنوں
صلح و مصالحت ہوگئی۔

اس کے بعد ہشام بن عبد الملک کے زمانہ میں رمضان ۱۰۹ھ میں حکم بن عوانہ خرا
کے امیر بنائے گئے جہاں انہوں نے ملکی و سیاسی اور حربی خدمات انجام دے کر اپنے
امیر خراسان اسد بن عبد اللہ قسری کے بہت سے کاموں کی تکمیل کی پھر امیر سندھ تمیم بن زید قینی
انتقال پر یہاں کے امیر مقرر کئے گئے۔ اس وقت سندھ اور ہندوستان کے حا
نہایت ابتر تھے مسلمان یہاں سے نکل کر عراق اور دوسرے شہروں میں چلے گئے تھ
ہر طرف سرکشی اور خود مختاری عام تھی اور لوگ دوسرے شہروں میں عہد و پیمان تو
خلافت سے سرتابی کر رہے تھے۔ حکم بن عوانہ نے یہاں آتے ہی محمد بن قاسم کے صا
عمرو بن محمد بن قاسم ثقفی کو اپنا شریک کار بنا کر ملکی و حربی امور و معاملات
ان کو اہم عہدوں پر رکھا اور ان کی مدد سے دیکھتے ہی دیکھتے سارے معاملات د
کر لئے دشمنوں سے مقبوضہ و مغصوبہ علاقے واپس لئے اور مسلمانوں کے لئے سند
دو نئے شہر محفوظہ اور منصورہ آباد کرائے۔ حکم بن عوانہ کی حربی و انتظامی سرگر
میں منذر بن زبیر ہباری بھی شریک تھے۔ جن کے پوتے عمر بن عبد العزیز بن منذر
بعد میں منصورہ میں مستقل حکومت قائم کی۔ ادھر سندھ میں حکم بن عوانہ یہ خد
انجام دے رہے تھے۔ اُدھر عراق میں یہ تبدیلی ہوئی کہ خالد بن عبد اللہ قسری کی جگہ
بن عمر گورنر ہوا۔ اور اس نے خالد بن عبد اللہ قسری کے امراء و عمال کے ساتھ

روائی کرکے ان کے ساتھ ناروا سلوک کیا جب حکم بن عوانہ کو ان ناگوار حالات کی خبر ہوئی
انھوں نے عمرو بن محمد بن قاسم کو اپنا نائب مقرر کیا اور یہ کہہ کر دشمنوں سے جنگ کے لئے روانہ ہوئے

| | |
|---|---|
| اما فتح یرضی بہ یوسف | یا فتح حاصل کروں گا جس سے یوسف راضی |
| واما شہادۃ استریح | ہوجائے یا پھر شہادت نصیب ہوگی جس کی |
| بھا منہ۔ | وجہ سے میں یوسف سے نجات پاجاؤں گا۔ |

حکم اس مہم میں ۱۲۲ھ میں سندھ میں شہید ہوگئے ان کے صاحب زادے عوانہ بن حکم بن عوانہ
تبع تابعین میں سے ہیں۔ انھوں نے حضرات تابعین سے بہت زیادہ روایت کی ہے اور ان کا انتقال
۱۵۸ھ میں ہوا۔[۱]

# حکم بن منذر عبدیؒ

ابو غیلان حکم بن منذر بن جارود۔ بشر بن عمرو بن حنش بن معلّی، حارث بن زید بن حارثہ
معاویہ بن ثعلبہ بن جذیمہ بن عوف بن بکر بن عوف بن انمار عبدی ہیں وران کے باپ منذر اور
جارود تینوں اپنے اپنے زمانہ کے سردار اور شریف النسان تھے۔ ابن قتیبہ نے لکھا ہے کہ
لوگوں میں تین نسل سے سیادت وشرافت چلی آتی تھی ان میں حکم بن منذر بن جارود بھی تھے
کے بارے میں کذاب حرمازی نے کہا ہے۔

| | |
|---|---|
| یا حکم بن المنذر بن الجارود | سرادق المجد علیک ممدود |
| اے حکم بن منذر بن جارود! | عزو شرف کے خیمے تیرے اوپر سایہ فگن ہیں۔ |
| انت الجواد بن الجواد المحمود | نبتّ فی الجود وفی بیت الجود |
| تو خود سخی اور نیک نام سخی کا بیٹا ہے۔ | جو سخاوت میں اور سخاوت کے گھر میں پلا بڑھا ہے۔ |

---

[۱] انساب العرب ص ۵۹ ۲، فتوح البلدان ص ۴۰۰، ۳، تاریخ یعقوبی ج ۲ ص ۳۸۰ و ص ۳۸۸ و ص ۳۸۹، ۳ تاریخ ابن
خلدون ج ۳ ص ۶۰، ۵ کامل ابن اثیر ج ۳ ص ۴۲۲، ۱ عیون الاخبار ج ۱ ص ۳۳۸، ۲ لسان المیزان ج ۴ ص ۳۸۶، ۳ تتمہ نامہ ص ۲۱

والعود ينبت في اصل العود

اور عود کی جڑ میں عود ہی اُگتی ہے

زبیر بن بکار نے اس رجز میں حکم بن منذر کے بجائے مالک بن منذر لکھا ہے مگر عام
میں حکم بن منذر ہے۔ خلیفہ بن خیاط نے لکھا ہے کہ ۶۲ھ میں بعہد یزید بن معاویہ عبیداللہ
زیاد نے منذر بن جارود کو سندھ کا والی بنایا اور قندابیل کے حدود میں ان کا انتقال ہو گیا
ان کے صاحب زادے حکم بن منذر نے بڑھ کر قندابیل پر قبضہ کر لیا اور دشمنوں کو شورش
سرکشی کا موقعہ نہ مل سکا۔ چچ نامہ میں ہے کہ سندھ میں منذر بن جارود کے انتقال کے وقت
کے لڑکے حکم بن منذر کرمان میں تھے۔ عبیداللہ بن زیاد نے ان کو لکھا کہ تم سندھ میں اپنے
کی جگہ امیر بن کر جاؤ اور ایک روایت میں ہے کہ خود حکم بن منذر نے عبیداللہ بن زیاد
پاس جاکر اپنے والد کے انتقال کی خبر دی جس سے عبیداللہ کو بہت رنج ہوا اور اس نے حکم
منذر کو چھ ماہ کے اخراجات کے لئے تیس ہزار درہم دے کر ہندوستان کا امیر بنایا۔ حکم
بہادر اور صاحب حوصلہ حکمراں تھے۔[1]

## حنظلہ ابن اخی نباتہ کلابیؒ

حنظلہ کلابی، نباتہ بن حنظلہ کلابی کے بھتیجے ہیں۔ انہوں نے محمد بن قاسم کے ساتھ
کی فتوحات میں شاندار خدمات انجام دی ہیں۔ نیز ان ہی ایام میں بعض مقامات کی امار
سنبھالی ہے۔ چچا اور بھتیجا دونوں سندھ کی فتوحات میں محمد بن قاسم کے ساتھ تھے اور
نے حنظلہ کو بیلہ کا امیر مقرر کر کے کہا کہ تم ماہ بہ ماہ مجھے ان اطراف کے حالات کی خبر پہنچاتے

---

[1] جمہرۃ انساب العرب ص ۲۹۶، معارف ص ۲۵۶، تاریخ خلیفہ ج ۱ ص ۲۸۷، چچ نامہ
ص ۸۵، جمہرۃ نسب قریش و اخبارہا ۲۵۸ حاشیہ۔

اور اپنے قرب وجوار کے امرا و حکام پر نظر رکھو تاکہ دشمن کی طرف سے سرکشی نہ ہو حنظلہ
بن کے مزید حالات نہ مل سکے۔[1]

## حمیم بن سامہ سامی

حمیم بن سامہ سامی عمانی قبیلہ بنو سامہ بن لؤی سے ہے۔ حکم بن یزید اور حکم بن مروان کا
زمانہ (۶۴ھ و ۶۵ھ) اموی خلافت کے حق میں شدید ترین انتشار کا دور گذرا ہے۔ سندھ
میں اس دور میں خروج و بغاوت کا یوں ظہور ہوا کہ ۶۵ھ میں عمان کے قبیلہ بنو سامہ میں سے
دو بھائی معاویہ بن حارث علافی اور محمد بن حارث علافی اپنے چند آدمیوں کے ساتھ سندھ
آئے اور یہاں قبضہ جما کر کئی سال تک دخیل رہے۔ ان ہی لوگوں میں حمیم بن سامہ بھی تھا۔ جب
مجاعہ بن سعر تمیمی نے ۸۰ھ میں سندھ کو علافیوں سے آزاد کیا۔ تو حمیم بن سامہ راجہ داہر کی
پناہ میں جا کر مقام اروڑ میں مستقل سکونت پذیر ہو گیا۔ محمد بن قاسم کے فتح سندھ کے بعد حمیم وہاں
سے نکل کر برہمناباد میں راجہ داہر کے بیٹے راجہ جیسیہ کے ساتھ رہنے لگا اور جب راجہ جیسیہ
محمد بن قاسم سے شکست کھا کر کشمیر کی طرف بھاگا تو حمیم بھی اسی کے ساتھ کشمیر چلا گیا۔
راجہ کشمیر نے جے سیہ کو ایک قطعہ زمین جاگیر دے کر اس میں اپنی طرف سے حمیم کو حاکم
بنایا۔ راجہ جے سیہ کے لاولد فوت ہونے پر حمیم نے یہاں اپنی مستقل حکومت قائم کر لی جو بہت
مدت تک اس کی اولاد میں موروثی رہی۔[2]

---

[1] چچ نامہ ص ۲۱۸ تحفتہ الکرام ج ۳ ص ۳۴ [2] تحفتہ الکرام ج ۳ ص۔

Marfat.com

# (خ)

## خالد بن ابوایوب انصاریؒ

خالد انصاری محمد بن قاسم کے ساتھ سندھ کی فتوحات میں شریک تھے۔ چچ نامہ میں ہے کہ محمد بن قاسم نے برہمناباد فتح کر کے خالد انصاری کو سیوستان کا امیر بنایا اور فتوح البلدان میں ہے کہ محمد بن قاسم نے سدوسان (سیوستان) میں ایک آدمی کو امیر مقرر کیا اس میں نام کی تصریح نہیں ہے تاریخ و رجال کی کتابوں میں مجھے دو خالد انصاری کا تذکرہ مل سکا ہے ایک حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ کے صاحب زادے خالد بن ابوایوب انصاری ہیں ابن حبان نے کتاب الثقات میں ان کا تذکرہ کیا ہے اور لکھا ہے کہ انھوں نے اپنے والد ابوایوب انصاری سے اور ان سے امام سفیان ثوری نے روایت کی ہے اور دوسرے ابوالرجا خالد بن محمد انصاری ہیں۔ ان کا تذکرہ ابن حبان نے کتاب المجروحین میں کیا ہے اور لکھا ہے کہ وہ اہل بصرہ سے ہیں۔ حضرت انسؓ بن مالک سے روایت کی ہے اور ان سے اہل بصرہ نے روایت کی ہے۔ وہ حضرت انسؓ سے مناکیر کی روایت کرتے ہیں۔ اس لئے جب وہ کسی روایت میں منفرد ہوں تو اس سے حجت پکڑنا صحیح نہیں ہے[1]

## خریم بن عمرو الناعم مرّی

خریم بن عمرو بن حارث بن خارجہ بن سنان بن ابوحارثہ مرّی۔ قبیلہ بنی عوف بن مرہ سے ہیں اور خریم الناعم کے لقب سے مشہور ہیں۔ وجہ یہ ہے کہ وہ ناز و نعم میں رہتے تھے گرمی کے زمانے میں پرانے لباس اور جاڑے کے زمانے میں نئے لباس پہنتے

[1] کتاب الثقات ص ۵۵، کتاب المجروحین ج ۱ ص ۲۷۷، فتوح البلدان ص ۴۲۶، چچ نامہ ص ۲۸

ایک مرتبہ ان سے پوچھا گیا کہ نعمت کیا ہے؟ تو جواب دیا:۔

| | |
|---|---|
| الامن فانہ لیس لخائف، | نعمت یہ چیزیں ہیں ایک امن و امان اس |
| عیش، والغنی فانہ لیس | لئے کہ ڈرنیوالے کی زندگی نہیں ہے۔ |
| لفقیر عیش والصحۃ | دوسری مالداری اس لئے کہ فقیر کے لئے |
| فانہ لیس لسقیم عیش، | زندگی نہیں ہے۔ تیسری صحت اس لئے |
| | کہ بیمار کے لئے زندگی نہیں ہے۔ |

پھر سوال کیا گیا کہ ان کے علاوہ اور کیا چیز نعمت ہے تو جواب دیا کہ:

| | |
|---|---|
| لاخیر بعد ھذا۔ | اس کے بعد کوئی خوبی نہیں ہے۔ |

ان کے بیٹے عدی بن خریم ہیں اور ان کی اولاد میں ابوالھیذام عامر بن عمارہ نے شام میں خروج کیا تھا جیسا کہ ابن حزم نے لکھا ہے اور ابن قتیبہ نے کتاب الشعر والشعراء میں لکھا ہے کہ خریم الناعم کے ایک بیٹے عمارہ تھے جن کے بیٹے عثمان بن عمارہ اور ابوالھیذام تھے عثمان فوجی امیر اور نامور آدمی تھے۔ خریم الناعم محمد بن قاسم کے ساتھ سندھ کی فتوحات میں شریک تھے۔ بلکہ ایک موقعہ پر امیر بنائے گئے تھے۔ چچ نامہ میں ہے کہ محمد بن قاسم جب شیراز سے سندھ کی مہم پر روانہ ہوئے تو جنگی جہازوں میں منجنیق اور دوسرے آلات جنگ رکھ کر ان کا نگران مغیرہ اور خریم بن عمرو مری کو بنایا اور دیبل پر حملہ کے وقت بھی جنگی جہازوں اور ان کے جنگی سامان و آلات کے ذمہ دار یہی دونوں حضرات تھے۔ خریم نہایت شریف عقل مند اور دور اندیش آدمی تھے۔ حجاج بن یوسف کے خطوط میں ان کا تذکرہ خاص طور سے ہوا تھا چنانچہ حجاج نے ایک خط میں محمد بن قاسم کی فوج کے امراء کی تعریف و توصیف کرتے ہوئے لکھا کہ خریم بن عمرو مری سے زیادہ معزز و محترم کوئی شخص نہیں ہے۔ وہ بہادری میں پیش پیش رہتے ہیں۔ نتائج سے بے پرواہ ہو کر میدان جنگ میں کود پڑتے ہیں نجیب ہیں اور خصائل حمیدہ سے آراستہ ہیں۔ جب تک خریم ہماری فوج میں ہیں۔ مجھے تمہارے

Marfat.com

(محمد بن قاسم) بارے میں کوئی تشویش نہیں ہے، یہ ان چند لوگوں میں سے ہیں۔ جو تمہاری پوری اطاعت کریں گے۔

ایک مرتبہ محمد بن قاسم کے پاس سندھ کے قبیلہ سمہ کے چند افراد آئے اور اپنی قبائلی رسم و روایت کے مطابق ناچنے گانے لگے۔ محمد بن قاسم کے لئے نئی بات تھی، انھوں نے پوچھا یہ کیا ہے؟ لوگوں نے بتایا کہ قوم سمہ کی قدیم روایت ہے کہ جب ان کا کوئی بادشاہ یا امیر آتا ہے تو اس طرح سے اپنی خوشی اور مسرت کا مظاہرہ کرتے ہیں۔ اس وقت خریم بن عمرو مری موجود تھے۔ انھوں نے کہا کہ ہم کو اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنا چاہیئے کہ اس نے ان لوگوں کو ہمارا مطیع و فرمانبردار بنا دیا ہے۔ اور ہم کو ان پر حکمرانی دی ہے۔ ان تاثرات و الفاظ کو سن کر محمد بن قاسم نے ہنستے ہوئے خریم سے کہا کہ میں نے تم کو اس قوم کا امیر بنایا۔ خریم نے ان لوگوں سے کہا کہ اب تم اپنے امیر کے سامنے اپنے قومی و قبائلی دستور و رواج کے مطابق رقص و سرود کر کے خوشی کا مظاہرہ کرو۔ چنانچہ ان لوگوں نے اپنے انداز میں خوشی منائی اور خریم نے یہ کہہ کر بہت سا انعام دیا کہ اس نعمت سے ان کی خوشی پوری ہوگئی۔ اس کے علاوہ سندھ کی فتوحات میں خریم الناعم کی شاندار خدمات ہیں۔ [1]

## خریم بن عبدالملک تمیمی

خریم بن عبدالملک تمیمی بھی سندھ کی فتوحات میں محمد بن قاسم کے ساتھ تھے اور انھوں نے خریم کو دریائے جہلم کے کنارے قلعہ برہم پور کا امیر بنایا تھا جو کشمیر میں سوپور کے نام سے مشہور رہے۔ اس سے زیادہ ان کے حالات معلوم نہیں ہو سکے۔ [2]

---

[1] جمہرۃ انساب العرب ص ۲۵۲، کامل مبرد ج ۲ ص ۱۶۸، کتاب المعارف ص ۲۶۳، الشعر والشعراء ج ۲ ص ۵۲۹، چچ نامہ ص ۹۸، ۱۰۲، ۱۰۳، ۱۰۷، ۱۴۷، ۱۸۰، ۱۹۲، ۲۲۰، ۲۴۰، تحفۃ الکرام ج ۲ ص ۲۴ [2] چچ نامہ ص ۲۴۱۔

Marfat.com

## خزیمہ بن عبد الملکؒ

خزیمہ بن عبد الملک بن تمیم سندھ کی فتوحات میں شریک تھے۔ ایک موقع پر محمد بن قاسم نے ان کو ایک قلعہ کے حصار کے لئے روانہ کیا تھا۔ [1]

## خشبہ بن خفیف کلبیؒ

خشبہ بن خفیف بن مصاد بن شریح بن احوص بن عمرو بن ثعلبہ بن حارث بن حصین بن ضمضم کلبی قبیلہ بنی کلب بن وبرہ سے ہیں۔ ۱۲۲ھ میں حکم بن عوانہ کلبی کے ساتھ سندھ میں شہید ہوئے جیساکہ ابن کلبی نے بیان کیا ہے۔ ان کا حال صرف اسی قدر امیر ابن ماکولا کی کتاب الاکمال میں مل سکا۔ [2]

## خُنیس یربوعی بصریؒ

خنیس یربوعی بصری کا مستقل تذکرہ نہ مل سکا۔ بلاذری نے ان کو بنی یربوع سے بتایا ہے اور ابو علی قالی نے بکر بن وائل میں شمار کیا ہے۔ ان کی والدہ بنی طے سے تھیں۔ خنیس کی شخصیت اس اعتبار سے بڑی اہم ہے کہ اموی دور کے مشہور شاعر فرزدق نے ان کے بارے میں والیٔ سندھ تمیم بن زید قینی کے پاس ایک منظوم سفارش نامہ لکھا تھا جس کی وجہ سے تقریباً اسی مجاہد بن جوان کے نام سے مشابہ نام کے تھے یہاں سے اپنے اپنے وطن جا سکے۔ واقعہ یوں ہے کہ تمیم بن زید قینی نے سندھ کی امارت کی نام زدگی کے بعد بصرہ کے ان آدمی کو چاہا اپنی فوج میں شامل کر کے سندھ روانہ کر دیا۔ اسی میں خنیس نامی بنی یربوع بنی بکر بن وائل کا ایک جوان بھی شامل تھا جو اپنی ماں کا اکلوتا بیٹا تھا۔ وہ بنو طے سے تھی

---

[1] تحفۃ الکرام ج ۳ ص ۳۴ [2] الاکمال ج ۲ ص ۱۷۴۔

Marfat.com

چونکہ خنیس کے علاوہ اس کے اور کوئی اولاد نہیں تھی اور نہ ہی کوئی دوسرا شخص اس کی دیکھ ریکھ کرنے والا تھا۔ اس لئے وہ سخت پریشان تھی۔ اِدھر خنیس کو ہندوستان میں بہت زیادہ دنوں تک قیام کرنا پڑا اس لئے وہ بھی سخت مضطرب اور بےچین تھا۔ جب ماں کی بینائی حد سے زیادہ بڑھ گئی تو کسی نے اسے بتایا کہ تم فرزدق کے والد غالب بن صعصعہ کی قبر کی مٹی لے کر فرزدق کے پاس جاؤ اور اس کا واسطہ دے کر تمیم بن زید کے نام سفارش لکھاؤ۔ فرزدق اور تمیم کے درمیان دوستی ہے۔ اس صورت سے تمہارے لڑکے کو واپسی کی اجازت مل جائے گی۔ چنانچہ وہ عورت مقام کاظمہ میں گئی جو بصرہ اور یمامہ کے درمیان ساحل سمندر پر ہے اور وہاں غالب بن صعصعہ کی قبر ہے۔ وہ اس سے چند کنکریاں لے کر فرزدق کے پاس آئی۔ فرزدق نے اس کے آنے کا سبب معلوم کیا۔ تو اس نے بتایا کہ تمیم بن زید قینی میرے لڑکے کو اپنے ساتھ سندھ لے گیا ہے۔ اس کے علاوہ میرا نہ کوئی لڑکا ہے اور نہ ہی کوئی دوسرا شخص کمانے والا ہے۔ اگر تم مناسب سمجھو تو تمیم بن زید کو ایک خط لکھ دو تاکہ وہ میرے لڑکے کو فرصت دیدے۔ فرزدق نے لڑکے کا نام پوچھا اس نے خنیس بتایا۔ فرزدق نے تمیم کے نام ایک منظوم سفارش نامہ لکھ کر سندھ بھیجا جس میں یہ اشعار تھے ؎

اتتنی فعاذت یا تمیم بغالب وبالحفرة السافی علیها ترابها

اے تمیم! ایک عورت نے میرے پاس آکر کہا کہ اس نے میرے والد غالب اور ان کی قبر کی پناہ لی ہے۔ جس کے اوپر غبار اڑ رہا ہے۔

فهب لی خنیسا واتخذ فیه منة لحوبة ام ما یسوغ شرابها

تم خنیس کو مجھے دے کر احسان کرو، کیونکہ اس کی ماں کو مارے غم کے پانی نہیں اترتا ہے۔

تمیم بن زید لا تکونن حاجتی بظهر ولا یخفی علیك جوابها

تمیم! میری حاجت کو پس پشت نہ ڈالنا اور اس کا جواب تمہارے لئے مشتبہ نہ ہو۔

Marfat.com

فلا تکثرا التردادفیها فانّنی ملول لحاجاتٍ بطیٍّ طلابُها

اس سلسلہ میں زیادہ سوال وجواب نہ کرنا کیوں کہ حاجت برآری میں دیر کی وجہ سے
مجھے رنج ہوتا ہے۔

اس واقعہ کو اور ان اشعار کو بلاذری نے فتوح البلدان میں، ابوعلی قالی نے کتاب الامالی
میں، مبرّد نے کتاب الکامل میں اور ابن بشار انباری نے کتاب الاضداد فی اللغتہ میں درج کیا
ہے اور ان میں بعض الفاظ بدلے ہوئے ہیں اور بعض اشعار کی کمی بیشی ہے۔

تمیم بن زید قینی نے فرزدق کے اس خط کو بغور پڑھا مگر "خنیس" کا صحیح تلفّظ معلوم نہ
ہوسکا اور اس نام کے متشابہ نام کے جس قدر مجاہد سندھ میں تھے۔ تمیم نے سب کو فرصت
دیدی۔ اس طرح خنیس، حبیش اور حسیش، خنیش کے نام والے تقریباً اسّی فوجی اپنے اپنے وطن واپس
کردیے گئے۔ [1]

## (د)

## داؤد بن نصر عمانیؒ

داؤد بن نصر بن ولید عمانی سندھ کی غزوات وفتوحات میں محمد بن قاسم کے ساتھ
تھے اور اس سلسلہ میں شاندار خدمات انجام دیں۔ محمد بن قاسم نے ان کو ملتان کا امیر بنایا
جہاں انھوں نے اپنے حسنِ انتظام سے مسلمانوں کو آباد کرکے مسجد تعمیر کی، ان کا مستقل تذکرہ
نہ مل سکا۔ [2]

---

[1] فتوح البلدان ص ۴۳۰، کامل مبرد ج ۱ ص ۸۸، کتاب الامالی ج ۳ ص ۷۷، کتاب الاضداد
ص ۲۵۶ و ص ۲۵۷ [2] چچ نامہ ص ۲۴۱۔

Marfat.com

## دارس بن ایوبؒ

سندھ کی فتوحات میں محمد بن قاسم کے فوجی امرا میں سے تھے۔ حجاج بن یوسف کے خط میں سندھ میں اسلامی فوج کے جن امرا کی تعریف و توصیف درج تھی۔ اور ان پر اعتماد ظاہر کیا گیا تھا۔ ان میں دارس بن ایوب کا نام بھی شامل تھا۔ بعض مواقع پر محمد بن قاسم اپنی فوج کے مخصوص و ممتاز امرا اور اصحابِ حل و عقد کو مشورہ کے لئے جمع کیا کرتے تھے ان میں دارس بن ایوب بھی ہوا کرتے تھے۔ ان کے مزید حالات مجھے نہ مل سکے۔ ؎۱

## دُلَهمس یربوعیؒ

دلہمس یربوعی کا نسبی تعلق بنو ربیعہ بن مالک بن زید بن مناۃ بن تمیم بن حُر بن اُد بن طابخہ کی شاخ بنو کلیب بن یربوع بن حنظلہ بن مالک بن زید بن مناۃ سے ہے۔ ان کا نام کچھ اور ہے۔ دلہمس لقب ہے جس کے معنی رات کے بہادر کے ہیں۔ جو ان کی شہ سواری، بہادری اور جرات و بسالت کو بتاتا ہے، ان کا شمار بنو کلیب بن یربوع کے شجعان و فرسان یعنی بہادروں اور شہ سواروں میں تھا۔ اس قبیلہ میں بڑے بڑے شاعر گذرے ہیں۔ جیسا کہ ابن حزم نے جمہرۃ انساب العرب میں لکھا ہے اور غالبًا یہ بھی شاعر تھے ابن درید نے کتاب الاشتقاق میں لکھا ہے کہ اس قبیلہ کے بطون عوف، زید، منقذ اور صبرہ ہیں اور اسی سے دلہمس بھی ہیں۔ جو سندھ میں مشہور شہ سواروں میں سے تھے۔

| | |
|---|---|
| و من کلیب الدلهمس، وکان من فرسانهم بالسند والدلهمس الجرئ علی اللیل۔ | بنو کلیب بن یربوع سے دلہمس ہیں جو سندھ میں ان کے مشہور شہ سواروں میں سے تھے۔ دلہمس کے معنی رات کی شدائد میں |

؎۱ تحفۃ الکرام ج ۳ ص ۳۴، چچ نامہ ص ۱۹۲۔

Marfat.com

بہادری دکھانے والے کے ہیں۔

اموی دور کا مشہور شاعر جریر بھی اسی قبیلہ سے تھا۔ اس کی اور اس کے معاصر شاعر فرزدق کی نوک جھونک مشہور ہے۔ دونوں میں شدید معاصرت چلتی تھی اور دلہمس اس قبیلہ سے ہونے کے باوجود اس بارے میں فرزدق کا ساتھ دیتے تھے۔ اس لئے جریر نے ان کی ہجو میں اشعار کہے تھے۔

صاحب اغانی نے جریر کے حال میں لکھا ہے کہ ایک مرتبہ وہ حجاج بن یوسف کے دربار میں پہونچا تو حجاج نے کہا کہ تم کیوں لوگوں کی ہجو میں اشعار کہتے ہو؟ اس نے کہا کہ میں خود نہیں کرتا بلکہ اپنی طرف سے مدافعت کرتا ہوں اور اپنی شاعری کے ذریعہ لوگوں کے مظالم کا جواب دیتا ہوں۔ پھر اس نے اپنی صفائی میں جن جن کی ہجو کی تھی ان کے مظالم بیان کرکے اپنے ہجویہ اشعار سنائے۔ اس طرح وہ ہر ایک کا نام لے کر اور اس کی بدسلوکی بیان کرکے ہجویہ اشعار سناتا رہا اور حجاج "پھر کون" کہہ کر پوچھتا رہا۔ جریر کا بیان ہے کہ آخر میں حجاج نے کہا پھر کون؟ تو میں نے کہا کہ بنو ربیعہ بن مالک بن زید مناۃ کے دلہمس نے بھی میرے ساتھ زیادتی کی ہے۔ حجاج نے پوچھا تمہارا اس کا کیا معاملہ ہے۔ میں نے کہا جب دلہمس نے میرے مقابلہ میں فرزدق کی طرفداری کی تو میں نے یہ اشعار کہے:

لقد نفخت منك الوريدين علجة    خبيثة ريح المنكبين قبوع

تمہاری گردن کی دونوں رگوں کو نخوت سے اس گدھے نے پھلا دیا ہے جس کے دونوں پہلو وہاں بند مشکوں کی وجہ سے بدبودار ہیں۔

ولو انجبت أم الدلهمس لم يعب    فوارس سنا ما عاش وهو جميع

اگر دلہمس کی ماں کوئی شریف جنے تو اس کا شریف بچہ ہمارے شہسواروں کو زندگی بھر پوری کوشش کے باوجود عیب نہیں لگا سکتا ہے۔

---

جمہرۃ انساب العرب ص ۲۲۵، کتاب الاشتقاق ص ۲۳۲، کتاب الاغانی ج ۸ ص ۴۴ و ص ۲۵

Marfat.com

البیس ابن حمراء العجان کانما ثلاثۃ غربان علیہ وقوع

کیا ناتواں باندی کا بیٹا ایسا نہیں کہ گویا اس کے اوپر تین کوے بیٹھے ہیں۔

فلا تنزلا بیاحل الدلھمس انہ بصیرٌ بما یاتی اللئام سمیع

ہمنشینو! تم دونوں دلہمس کی سواری کے قریب نہ جانا۔ وہ کمینوں کی حرکتوں سے خوب واقف ہے۔

ھو النخبۃ الخوار ما دون قلبہ حجابٌ، ولا حول الحجاب ضلوع

وہ بزدل کمزور ہے اس کے دل کے سامنے پردہ نہیں اور نہ پردہ کے گرد پہلو ہیں۔

ان معاصرانہ ہجویہ اشعار میں دلہمس پر جو الزام جریر نے لگایا ہے وہ صحیح نہیں ہے بلکہ وہ نہایت بہادر اور جری مجاہد تھے۔

## ذ

## ذکوان بن علوان بکری رح

ذکوان بن علوان بکری شامی باپ بیٹے دونوں حضرات سندھ میں محمد بن قاسم کے فوجی امرا میں سے ہیں اور مختلف مواقع ومقامات میں ان کے شاندار کارنامے ہیں۔ جنگ دیبل میں محمد بن قاسم نے خریم بن عمرو مُرّی اور ابن مغیرہ کے ساتھ ذکوان بن علوان کو قلب فوج کا امیر بنایا تھا اور جنگ داھر میں ان کو مقدمۃ الجیش کی امارت دی تھی۔ نیز ایک مرتبہ میسو دسنہ کا امیر مقرر کیا۔ حجاج بن یوسف نے محمد بن قاسم کے نام فوجی امراء کے بارے میں جو تعریفی وتعارفی خط لکھا اس میں ذکوان بن علوان کے بارے میں تھا کہ وہ شام اور عراق کے مجاہدوں میں سب سے زیادہ جری ہیں۔ ذکوان اس وفد میں بھی شریک تھے جو راجہ داہر کا سر لے کر حجاج بن یوسف کے پاس گیا تھا۔

لہ چچ نامہ ص ۱۰۷، ص ۱۵۵، ص ۱۷۱، ص ۱۷۲، ص ۱۷۴، ص ۱۸۷، ص ۱۹۲۔

Marfat.com

## (ر)

# راشد بن عمرو عبدی جدیدیؒ

راشد بن عمرو عبدی جدیدی کے متعلق خلیفہ بن خیاط نے کتاب الطبقات میں لکھا ہے کہ
یدبن اسدبن عائذبن مالک بن عمرو بن مالک بن فہم بن غنم بن دوس بن عدثان بن عبداللہ
ازہران بن مالک بن نصر بن ازد بن غوث سے راشد بن عمرو ہیں۔ جو سنہ ۵۰ھ میں سندھ میں
ید ہوئے اصل عبارت یہ ہے:۔

| | |
|---|---|
| ومن جدید بن اسد بن عائذ | جدید بن اسد بن عائذ کی اولاد میں سے |
| الخ راشد بن عمرو قتل | راشد بن عمرو ہیں جو سندھ میں ۵۰ھ میں |
| بالسند سنة خمسين۔ | شہید ہوئے۔ |

مگر دوسرے مؤرخوں نے ان کی شہادت کا زمانہ بعہد معاویہ ۴۲ھ میں بتایا ہے۔
یساکہ پہلے معلوم ہوا حضرت علی رضی اللہ عنہ کے آخری دور خلافت میں حارث بن مرہ عبدیؒ
فیقان وغیرہ میں جہاد کیا حتیٰ کہ حضرت معاویہؓ کے دور میں ۴۲ھ میں حارثؒ اور ان
فوج کے اکثر مجاہد قیقان میں شہید ہو گئے اور حضرت معاویہؓ نے راشد بن عمرو جدیدیؒ
سندھ روانہ کیا جنھوں نے آتے ہی شاندار فتوحات کیں مگر اسی سال وہ بھی شہید ہو گئے
راشد بن عمرو حضرت عثمانؓ کے دور خلافت میں امارت کے ایوان اور جہاد کے میدان
ن میں نظر آتے ہیں۔ خلیفہ بن خیاط نے لکھا ہے کہ سنہ ۳۰ھ میں راشد بن عمرو نے فارس
شہر ہُرمُوز کو فتح کیا۔ یعقوبی کا بیان ہے کہ سنہ ۳۰ھ میں عبداللہ بن عامر بن کریز نے خراسان
کر کے اسے چار منطقوں پر تقسیم کیا۔ ایک پر قیس بن ہیثم سلمی کو دوسرے پر راشد بن
جدیدی کو تیسرے پر عمران فصیل برجمی کو اور چوتھے پر عمرو بن مالک خزاعی کو امیر مقرر
ابن سعد نے لکھا ہے کہ عبداللہ بن عامر بن کریز خراسان کی مہم پر نکلے تو بصرہ میں نماز



Marfat.com

کی نیابت حضرت ابوالاسود دؤلی کو اور خراج کی نیابت بنو ازد کے راشد جدیدی کو
الغرض حضرت راشد بن عمرو جدیدی نے عہد عثمانی سے لے کر عہد اموی کی ابتدا تک
فتوحات، اور امارت میں شاندار کارنامے انجام دیئے اور عرب سے عجم تک نیک
ناموری حاصل کی، حتیٰ کہ ۴۲ھ یا بقول خلیفہ ۵۰ھ میں سندھ میں شہید ہو گئے[1]

## رفاعہ بن ثابت فلسطینی

رفاعہ بن ثابت بن نعیم فلسطینی اموی دور کا ایک باغی تھا، جو اپنے باپ ثابت کے
ساتھ اموی فوج کے مقابلہ میں شکست کھا کر سندھ کی طرف بھاگا اور یہاں کے حا
منصور بن جمہور کلبی نے اعزاز و احترام کے ساتھ اپنے بھائی کی ساتھ اسے بھی اپنا نائب بنایا۔ مگر رفاعہ
یوں بے وفائی کی کہ منصور کے بھائی منظور کو قتل کر دیا جس کی سزا میں عبرتناک طور پر مارا گ
امام طبری نے لکھا ہے کہ ۱۲۸ھ میں اہل فلسطین سے ایک شخص ثابت بن نعیم نے مرو
کے خلاف خروج کر کے شہر طبریہ کو اپنے محاصرہ میں لے لیا۔ اس وقت وہاں کا اموی حاکم ولید
مروان تھا، باغیوں نے کئی دن تک اس سے جنگ کی۔ جب خلیفہ مروان کو اس کی خبر ملی تو اس
اپنے ایک فوجی افسر ابو الورد کو لکھا کہ وہ طبریہ جا کر ولید اور اس کی فوج کی مدد کرے۔ ابو الورد دمشق
سے طبریہ کی طرف روانہ ہوا، جب حاکم طبریہ مروان اور اس کی فوج کو ابو الورد کی مدد کا ع
ہوا تو وہ ثابت بن نعیم کے مقابلے کے لیے باہر نکلے۔ نتیجہ یہ ہوا کہ ثابت
نے طبریہ چھوڑ کر فلسطین کی راہ لی۔ اور وہاں پہنچ کر اپنی قوم اور
فوج کو از سر نو جمع کیا۔ اس مدت میں ابو الورد بھی طبریہ آ گیا۔ یہاں اس کو خبر لگی

[1] طبقات خلیفہ بن خیاط ص ۸۴ تاریخ خلیفہ بن خیاط ج ۱ ص ۲۲۷ طبقات ابن سعد ج ۵
فتوح البلدان ص ۴۲۲، تاریخ یعقوبی ج ۲ ص ۱۹۳، العبر فی خبر من غبر ج ۱ ص ۵۱، شذرات الذہب
ج ۱ ص ۵۳، چچ نامہ ص ۸۱ و ۸۲۔

Marfat.com

فلسطین میں طاقت جمع کر رہا ہے اس نے حملہ کر کے دوبارہ شکست دی۔ اس کے
ثابت کے آدمی منتشر ہو گئے اور اس کے تین لڑکوں نعیم، بکر اور عمران کو ابو الورد
نے گرفتار کر کے خلیفہ مروان کے پاس بھیج دیا۔ اس وقت وہ مقام دیر ایوب میں مقیم
ما۔ یہ تینوں زخمی تھے۔ مروان نے ان کے علاج کا حکم دیا۔ ان کی گرفتاری کے وقت
پ ثابت بن نعیم کہیں غائب ہو گیا۔ اس صورت حال سے فائدہ اٹھاتے ہوئے ایک
فص رماجس بن عبدالعزیز کنانی فلسطین کا حاکم بن بیٹھا ثابت بن نعیم کے ساتھ اس کا
ک لڑکا رفاعہ جو سب سے زیادہ بد باطن تھا۔ غائب ہو گیا اور کسی طرح بھاگ کر
ندھ میں منصور بن جمہور کلبی کے پاس پہونچا۔ منصور نے نہایت پرتپاک طریقہ پر استقبال
یا اور اپنے بھائی منظور بن جمہور کلبی کے ساتھ اس کو منصورہ کا حاکم اور اپنا نائب مقرر کیا۔
فاعہ نے موقع پاکر منظور کو قتل کر دیا۔ اس وقت منصور ملتان کی مہم پر جا رہا تھا۔
ب اسے بھائی کے قتل کی خبر لگی تو راستہ سے واپس آکر رفاعہ کو گرفتار کیا اور پختہ
ینٹوں کا ایک مینار بنوایا جو اندر سے خالی تھا اور اسی میں اس کو زندہ بند کر کے
ر پر سے اینٹ چنوا دی اور پھر اس پر عمارت تعمیر کر دی۔

منصور بن جمہور کلبی خود بھی بڑا شاطر تھا۔ اس نے ۱۲۶ھ میں سندھ کے اموی حاکم یزید بن عرار کو قتل کر کے یہاں اپنی حکومت قائم کر لی تھی حالانکہ پہلے اموی خلافت کے خاص طرفداروں میں تھا۔[1]

## رعوہ بن عمیر طائیؒ

رعوہ بن عمیر طائی مشہور فاتح زائدہ بن عمیر طائی کے حقیقی بھائی ہیں جنھوں نے محمد بن قاسم
فتوحات میں شاندار خدمات انجام دیں اور رسدوسان کو فتح کیا۔ رعوہ بن عمیر نے بھی اپنے

[1] تاریخ طبری ج ۷، ص ۳۱۱۔

Marfat.com

بھائی کی طرح محمد بن قاسم کے ساتھ ہندوستان کی فتوحات میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا
بعض لڑائیوں میں محمد بن قاسم نے ان کو ہراول دستہ کا امیر بنایا۔[1]

## روح بن اسدؒ

روح بن اسد حضرت احنف بن قیس کے نواسے ہیں۔ محمد بن قاسم نے الور فتح کر کے ان کو وہاں کا امیر و حاکم بنایا اور خطابت و قضاء اور دینیات کا شعبہ موسیٰ بن یعقوب ثقفی کے حوالہ کیا۔[2]

تحفۃ الکرام میں بھی یہی ہے مگر اس میں ان کا نام احنف بن قیس بن رواح اسدی بتایا

## (ز)

## زائدہ بن عمیر طائیؒ

زائدہ بن عمیر طائی کوفی کا تذکرہ ابن سعد نے کوفہ کے ان تابعین میں کیا جنھوں نے عبداللہ بن عمر، عبداللہ بن عباس، عبداللہ بن عمرو، جابر بن عبداللہ، نعمان بن بشیر اور ابو... رضی اللہ عنہم سے روایت کی ہے اور ابن حبان نے لکھا ہے کہ زائدہ بن عمیر طائی نے حضرت ابن عباس سے اور ان سے شعبہ اور یونس بن ابو اسحاق نے روایت کی ہے۔ زائدہ نے محمد بن قاسم کی امارت و قیادت میں سندھ اور ملتان کی فتوحات میں نمایاں خدمات انجام دی ہیں۔ بلاذری نے تصریح کی ہے کہ محمد بن قاسم دریائے بیاس پار کر کے ملتان پہنچے تو مقامی باشندوں نے جنگ کی۔ اس جنگ میں زائدہ بن عمیر طائی نے بڑی بہادری سے کام لیا۔ جس سے مشرکوں کی فوج شکست کھا کر بھاگ کر شہر ملتان میں پناہ گزیں ہوئی۔ اس کے بعد محمد بن قاسم نے ملتان کا محاصرہ کیا اور فتح پائی۔[3]

[1] چچ نامہ ص ۲۴۳ و ص ۲۳۵، [2] تحفۃ الکرام ج ۳ ص ۳۴ [3] طبقات ابن سعد ج ۶ ص ۳۱۳، کتاب الثقات، فتوح البلدان ص ۴۲۷۔

# زیاد بن مہلب ازدی

زیاد بن مہلب بن ابو صفرہ ازدی کو ان کے بھائی یزید بن مہلب امیر عراق نے بعہد سلیمان بن عبد الملک عمان کا امیر و والی بنایا تھا۔ ان کے بیٹے عبد الواحد بن زیاد پوتے عتیک بن عبد الواحد دونوں نے اموی اقتدار کے خلاف خروج میں حصہ لیا۔ دونوں مارے گئے۔ ان کے ساتھ زیاد بن مغیرہ بن زیاد بن مہلب نے بھی خروج کیا حالانکہ اس کا بھائی یزید بن مغیرہ ابو جعفر منصور کے ساتھ تھا۔ زیاد بن مہلب کی اولاد بنو محمود لجانی تھے جو عزت و شہرت میں بڑے مقام و مرتبہ کے مالک تھے۔

زیاد بن مہلب ان بدنصیب آل مہلب میں سے تھے۔ جن کو ۱۰۲ھ میں ہلال بن احوز مازنی نے قندابیل میں قتل کیا تھا۔ طبری نے لکھا ہے کہ جب وداع بن حمید اور عبد الملک بن ہلال مہلب سے بدعہدی کر کے ہلال ابن احوز کے جھنڈے کے نیچے آ گئے اور آل مہلب میدان میں تنہا رہ گئے۔ تو وہ اپنی تلواریں لے کر نکلے اور مقابلہ میں مارے گئے۔ ان میں زیاد بن مہلب تھے۔ ابن خلدون نے بیان کیا ہے کہ آل مہلب نے بے سہارا ہو جانے کے بعد ہلال احوز سے امن کی درخواست کی مگر اس نے زیاد سمیت سب کو قتل کر دیا۔[1]

# زیاد بن رباح قیسیؒ

ابو قیس زیاد بن رباح قیسی بصری قبیلہ بنی قیس بن ثعلبہ سے ہیں۔ بعض تذکرہ نگاروں نے ان کو مدنی بتایا ہے اور بعضوں نے ان کی کنیت ابو رباح بتائی ہے۔

مگر ابو قیس زیادہ مشہور ہے انھوں نے حضرت ابو ہریرہؓ سے اور ان سے حسن

---

[1] جمہرۃ النسابۃ العرب ص ۳۷۰ تاریخ خلیفہ ج ۱ ص ۳۰۴، تاریخ طبری ج ۸ ص ۶۲، تاریخ ابن خلدون ج ۳ ص ۸۰۔

بصری اور عنبلیان بن جریر نے روایت کی ہے۔ ابن حبان نے ان کو ثقات میں شمار کیا
محدثین نے ان سے من قاتل تحت رایۃ عمیۃ کی او امام مسلم نے باد
بالاعمال ستا کی حدیث روایت کی ہے، نیز یہ حدیث ان سے مروی ہے:

من خرج من الطاعۃ — جو شخص امیر و خلیفہ کی اطاعت سے نکل کر
وفارق الجماعۃ فمات — مسلمانوں کی جماعت سے جدا ہو جائے گا
میتۃ جاھلیۃ۔ — جاہلیت کی موت مرے گا۔

ابن حجر نے تہذیب التہذیب میں زیاد بن رباح کا تذکرہ نسبتہً مفصل کیا ہے او
کنیت کے بارے میں اختلافات نقل کرکے ابوقیس کو اصح و اشہر بتایا ہے۔ ابوقیس سند
فتوحات میں محمد بن قاسم کے ساتھ تھے۔ چچ نامہ میں ہے کہ راجہ داہر کے سر کے ساتھ محمد
قاسم نے جو وفد حجاج کے پاس عراق روانہ کیا تھا۔ اس میں قبیلہ عبد القیس کے ابوقیس

## زیاد بن جلید ازدیؒ

زیاد بن جلید ازدی عمان کے مشہور قبیلہ بنو ازد سے تھے۔ چچ نامہ میں ہے کہ محمد بن
نے جنگ داہر کے موقع پر زیاد بن جلید کو فوج کے ایک دستہ کا امیر بنایا۔ نیز انھوں نے
کی فتوحات میں اپنی خدمات پیش کیں۔ چچ نامہ میں جلید کے بجائے جلیدی غلط چھ
گیا ہے۔ [2]

## زید بن حواری عمیؒ

ابوالحواری زید بن حواری عمی بصری تابعی ہیں۔ انھوں نے حضرت انس بن مالک

---

[1] کتاب الکنیٰ والاسماء ج ۲ ص ۸۸ وص ۸۹، کتاب الثقات ص ۳۳، تہذیب التہذیب
ص ۳۶۰ وص ۳۶۷ ج ۱۲ ص ۲۰۷، چچ نامہ ص [2] چچ نامہ ص ۱۴۷۔

Marfat.com

صدیق ناجی، حسن بصری، قتادہ، ابو العالیہ، سعید بن مسیب اور نافع وغیرہ سے اور
سے اعمش، شعبہ، سفیان ثوری کے علاوہ ایک جماعت نے روایت کی ہے۔ امیر ابن ماکولا
زید بن حواری کے شیوخ ہیں معاویہ بن قرہ کا اور تلانذہ ہیں سہیلی، محمد بن فضیل بن عطیہ
سلام الطویل کا نام بھی درج کیا ہے۔ یحییٰ بن معین نے ان کو صالح کہا ہے۔ ابن سعد
کہا ہے کہ وہ اہل بصرہ سے حدیث میں ضعیف ہیں اور ابن حبان نے ان کا تذکرہ
اب المجروحین من المحدثین" میں کر کے لکھا ہے کہ زید عمی کا نام زید بن حواری اور کنیت
الحواری ہے۔ انھوں نے حضرت انس اور معاویہ بن قرہ سے اور ان سے شعبی اور شعبہ نے روایت
ہے۔ ہرات کے قاضی تھے۔ حضرت انسؓ سے موضوع احادیث روایت کرتے ہیں جن کی
ل نہیں ہے۔ یحییٰ بن معین کا قول ہے کہ زید عمی کی حدیث کی روایت جائز نہیں ہے۔
ن مصعب کا بیان ہے کہ زید بن حواری کو عمّی اس وجہ سے کہتے ہیں کہ جب کوئی علمی بات
ن سے دریافت کی جاتی تو کہا کرتے تھے۔ حتیٰ أ سأل عمّی (اپنے چچا سے پوچھ کر بتاؤں گا)
ن حمدون نے ان کی توثیق کی ہے۔ امام شعبہ بھی ان سے حدیث کی روایت کرتے تھے۔
ر خفیف طور سے تضعیف کرتے تھے۔ امام وکیع کا قول ہے کہ زید عمی نے ابو صدیق ناجی
سے جن احادیث کی روایت کی ہے ان کا اعتبار نہیں۔ چچ نامہ میں ان کا نام زیاد بن حواری
بدی چھپا ہے جو زید بن حواری عمی کی تحریف و تصحیف ہے زید عمی سندھ کی فتوحات
میں محمد بن قاسم کے مشہور امراء اور قائدین میں سے تھے اور راجہ داہر کے سر کے ساتھ
و وفد یہاں سے عراق گیا تھا اس میں یہ بھی شامل تھے۔[۱]

---

[۱] خلاصہ تاریخ ابن عساکر ج ۶ ص ۴، کتاب المجروحین ج ۱ ص ۳۰۷، الاکمال ج ۳ ص ۲۱۶،
لسان المیزان ج ۲ ص ۲۹۹، چچ نامہ ص ۱۸۷۔

## زید بن عمرو کلابیؒ

سندھ کی فتوحات میں محمد بن قاسم کے خصوصی امراء و معتمدین میں سے تھے۔ محمد
قاسم نے ان کو اور ابو الحکیم شیبانی کو قنوج کے راجہ ہر چند سپر چھتیل رائے کے پاس
تھا۔ زید بن عمرو کلابی نے بمقام ادھاپر میں راجہ ہر چند کو بلا کر کہا کہ ساحل سمندر
کشمیر تک کے تمام راجے مہاراجے محمد بن قاسم کے اطاعت شعار اور باج گذار
چکے ہیں۔ بلکہ ان میں سے بعض اسلام قبول کر چکے ہیں۔ لہٰذا تم کو بھی غور کر کے مناسب
اقدام کرنا چاہیئے۔ راجہ ہر چند نے جواب دیا کہ یہ حکومت ہمارے خاندان میں
قدیم زمانہ سے چلی آرہی ہے اور اس مدت میں کسی کی مجال نہیں ہوئی کہ ہمارے مقا
میں آسکے، اس لئے ہم ایک دوسرے کو مزا چکھائیں گے مقابلہ کے بعد ہی غالب یا مغلو
ہوں گے۔ محمد بن قاسم نے راجہ کا یہ جواب سننے کے بعد فوج کشی کر کے فتح پائی۔[1]

## سعید بن اسلم کلابیؒ

سعید بن اسلم بن زرعہ بن علس بن عمرو بن صعق کلابی قبیلہ ربیعہ بن کلاب سے
امام بخاری نے لکھا ہے کہ سعید بن اسلم نے بنی غفار کے موالی کے واسطہ سے روایت
کی ہے اور ان سے بکیر بن اشج نے حدیث منقطع کا سماع کیا ہے۔ ابن ابی حاتم نے
یہی لکھا ہے مگر بنی غفار کا ذکر نہیں کیا ہے۔ امام بخاری کی تاریخ کبیر کے حاشیہ میں ہے
ابن حبان نے سعید کو تابعین میں شمار کیا ہے مگر مجھے ابن حبان کی کتاب الثقات اور کتا
المجروحین میں ان کا تذکرہ نہ مل سکا۔ ابن ماکولا نے لکھا ہے کہ سعید کے والد اسلم
زرعہ خراسان کے والی تھے اور خود سعید سندھ کے والی تھے۔ اور ان کے بیٹے

[1] چچ نامہ ص ۲۴۲۔

سعید بن اسلم خلیفہ یزید بن عبد الملک کے زمانہ میں خراسان کے والی تھے۔ پہلے یہاں
سعید کے والد اسلم بن زرعہ ولایت وامارت کے عہدہ پر فائز تھے ابن حزم نے بھی یہی لکھا ہے اور
کہ سعید کے والد اسلم بن زرعہ خراسان میں حضرت معاویہ کے امرار وولاۃ میں سے تھے
۵۳ھ میں حضرت معاویہ نے زیاد کو عراق کا والی بنایا تو اس نے حکم بن عمرو غفاری ثعلبی کو
خراسان کا امیر مقرر کیا اور اسلم بن زرعہ کو ان کے ساتھ خراج پر متعین کیا۔ پھر ۵۹ھ میں
اسلم بن زرعہ کو معزول کر کے ان کی جگہ عبد الرحمن بن زیاد کو رکھا۔ اسی زمانہ میں قیس بن
ہیثم سلمی نے خراسان آکر اسلم بن زرعہ کو قید کیا اور ان پر تین لاکھ درہم کا تاوان کیا۔ اسلم
کی ایک جاگیر بصرہ میں تھی، جو ان کے نام پر اسلمان کے نام سے یاد کی جاتی تھی۔ ابن حبان نے
لکھا ہے کہ اسلم بن زرعہ کلابی بصری نے حضرت ابوموسیٰ اشعری سے روایت کی ہے اور ان
سے عبد اللہ بن بریدہ نے روایت کی ہے۔ سعید بن اسلم کو ۷۵ھ یا ۷۸ھ میں حجاج نے
مکران کا والی بنایا۔ اس زمانہ میں سندھ اور مکران میں علافیوں نے سرکشی اور شورش
برپا کر رکھی تھی۔ سعید بن اسلم نے یہاں آکر جہاد کیا اور مکران میں قیام کر کے حالات
درست کرنا چاہا مگر علافیوں نے ان کو قتل کر دیا جیسا کہ معلوم ہو چکا ہے[۱]۔

## سفہوی بن لام عمانی

سفہوی بن لام عمانی سندھ میں علافیوں کے ساتھ اموی حکومت کے خلاف کام کرتا
تھا جب سعید بن اسلم کلابی مکران کے والی بن کر آئے تو سفہوی ان سے ملنے آیا۔ سعید نے
کہا مجھے امید ہے کہ تم میری مدد کرو گے اور سرکاری امور و معاملات کی بجالی میں میرا ساتھ

[۱] تاریخ کبیر ج ۲ ق ۱ ص ۔۱۴ کتاب الجرح والتعدیل ج ۲ ق ۱ ص ۳۰، ۱۱ کمال ج ۶ ص ۹۵ کتاب الثقات
ج ۱ ص ۳، فتوح البلدان ص ۴۳۳، تاریخ خلیفہ ج ۱ ص ۲۶۵، تاریخ یعقوبی ج ۲ ص ۲۸۱، تاریخ ابن
خلدون ج ۳ ص ۱۳۰، کامل ابن اثیر ج ۴ ص ۲۴۰، چچ نامہ ص ۸۰۵ ص ۸۸۔

Marfat.com

دوگے اس نے جواب دیا کہ یہ میرے بس میں نہیں ہے۔ سعید نے دھمکی دیتے ہوئے کہا
خلیفہ کے پاس تمہارے رویہ کے بارے میں لکھوں گا۔ اس پر سفہوی نے کہا خدا کی قسم
تمہارا ساتھ نہیں دے سکتا۔ میں اسے اپنے لئے شرم و عار تصور کرتا ہوں کہ دھمکی سے ڈر
کر تمہاری مدد کروں۔ اس جرأت پر سعید نے سفہوی کو قتل کر کے اس کا سر حجاج بن یوسف
کے پاس بھیج دیا۔ اسی واقعہ کو بہانہ بنا کر یہاں کے علافیوں نے سعید بن اسلم کو قتل کر ڈالا

## سفیان بن ابرد کلبیؒ

ابو یحیٰ سفیان بن ابرد بن ابو امامہ بن قابوس بن ثعلبہ بن حارثہ بن خبّاب کلبی قبیلہ
بنو کلب بن دبرہ کی شاخ بنو جبار سے بنو امیہ کے قواد اور فوجی امرا میں ہیں۔ ان
کے بھائی حکم بن ابرد کلبی حضرت مصعب بن زبیر کی فوج کے امیر رہ کر قتل ہوئے۔
جیسا کہ ابن حزم نے لکھا ہے۔ سفیان بن ابرد کا وطن دمشق کا مقام جیرون تھا اور ا
ُکی بہت بڑی ملکیت اور جاگیر دمشق میں سوق الصاقلہ تھی۔ ابن عساکر نے لکھا ہے کہ ایک مرتبہ
سفیان بن ابرد کی ایک غلطی کی وجہ سے خلیفہ کو دخیل ہونا پڑا۔ یہ واقعہ حضرت رجار بن حیوہ
سے یوں مروی ہے کہ ایک ام ولد باندی کا آقا انتقال کر گیا اور اس نے عدت گذرنے سے
پہلے ہی دوسری شادی کر لی اور شوہر نے نکاح کے بعد زن و شوہر کا تعلق پیدا کر لیا۔
معاملہ خلیفہ عبد الملک بن مروان کی عدالت میں پیش ہوا اور اس نے زوجین میں تفریق کا
فیصلہ کر کے حکم دیا کہ یہ عورت پہلے اپنے اس شوہر کی عدت گذارے جس کے مرنے پر آئی
ہوئی ہے۔ اس کے بعد دوسری عدت اس شوہر کی گذارے جس سے ایام عدت میں نکاح
کیا ہے اور یہ کہ عورت کے لئے دوسرے شوہر پر مہر لازم ہے کیوں کہ اس نے جنسی تعلق
قائم کر لیا ہے اور یہ کہ اس تفریق کے بعد پھر دونوں کبھی یکجا نہ ہوں اور یہ کہ دونوں

---

لہ تاریخ نامہ ص ۸۵، ۸۶، ۱۰۲۔

Marfat.com

لیس چالیس کوڑے مارے جائیں۔ چنانچہ خلیفہ کے فیصلہ کے مطابق ان دونوں پر حد
اری کی گئی۔ اس کے بعد حضرت قبیصہ بن ذویب سے اس معاملہ میں استصواب کیا گیا
انھوں نے فرمایا کہ امیر المومنین نے صحیح فیصلہ کیا۔ البتہ میرا خیال ہے کہ ان دونوں کو
رف بیس بیس کوڑے کافی تھے۔

اس واقعہ کی بنیاد سفیان بن ابرد کلبی کا ایک غلط اقدام تھا۔ وہ اس وقت امیر و
حاکم تھے اور اس معاملہ میں انہوں نے فتویٰ دیا تھا کہ زوجین چار ماہ دس دن عدت
گذرنے سے پہلے ہی شادی کر لیں۔ خلیفہ نے اس فیصلہ کو اس لئے رد کیا کہ ماتحت امیر و
حاکم کے حکم و فیصلہ کو خلیفہ اور حاکم اعلیٰ ہی بدل سکتا تھا۔ نیز ابن عساکر نے لکھا ہے کہ سفیان
ن ابرد نے غزوۂ قسطنطنیہ میں یزید بن معاویہ کی قیادت و امارت میں حصہ لیا ہے۔
نھوں نے شہر قسطنطنیہ کے دروازوں کو رات میں کھلا ہوا دیکھ کر اس کی وجہ دریافت کی
تو معلوم ہوا کہ رومی بادشاہ اپنی شان و شوکت اور رعب و داب کے اظہار کے لئے
شہر کے دروازوں کو رات میں کھلا رکھتے ہیں۔ ان کو یہ خطرہ نہیں ہے کہ کوئی ان دروازوں
سے شہر میں داخل ہو سکتا ہے۔ سفیان نے یہ سن کر سوچ لیا کہ اس شہر میں کسی طرح سے
ضرور داخل ہونا چاہیئے۔ چنانچہ رات کے بجائے دن میں یوں داخل ہوئے کہ رات میں یہ
خیال کیا اور صبح ہوئی تو آگے بڑھے۔ دروازہ کے قریب پہنچے تو سنتری نے جو ایک رومی
پادری تھا حملہ آور ہوا۔ سفیان نے اسے ایسا نیزہ مارا کہ وہ وہیں گر گیا اور اپنی فوج لے
کر شہر میں داخل ہو گئے۔ البتہ سنتری کے حملہ کی وجہ سے زخمی ہو گئے تھے۔ مگر علاج سے صحتیاب
ہو گئے۔ بعد میں سفیان بن ابرد نے خوارج کے مقابلہ میں بڑے بڑے کام کئے اور
بہادری کے جوہر دکھائے۔

یعقوبی کا بیان ہے کہ ۷۶ھ میں شبیب بن یزید حروری نے عراق میں خروج کیا۔
حجاج بن یوسف نے اس کے تعاقب کے لئے سفیان بن ابرد کلبی کو فوج دے کر روانہ

Marfat.com

کیا۔ جب سفیان دریائے دجیل کے پاس پہونچے تو شبیب ان کی طرف بڑھا۔ دریا پر پل
شبیب پل پار کر رہا تھا کہ سفیان نے اسے توڑ دیا اور شبیب غرق ہو گیا۔ پھر اس کو کا
نکال کر اس کا سر حجاج کے پاس روانہ کیا اور اس کی بیوی کو بھی قتل کر دیا۔ یہ واقعہ
۷۷ھ کا ہے۔

اسی سلسلہ میں خلیفہ بن خیاط نے لکھا ہے کہ ۷۷ھ میں شبیب حروری کرمان کی
طرف گیا اور وہاں تقریباً دو ماہ رہ کر اہواز کی طرف لوٹا۔ حجاج بن یوسف نے جبیب
بن عبدالرحمن بن زید حکمی اور سفیان بن ابرد کلبی کو اس کے مقابلہ کے لئے روانہ
شبیب نے جسر دجیل پر ان سے مقابلہ کیا اور رات تک طرفین میں جنگ ہوتی رہی
پھر صبح کو مقابلہ کے لئے شبیب پل پر آیا تو پل توڑ دیا گیا۔ اور شبیب غرق ہو گیا۔ اس
کی جگہ خوارج کا امیر لبطین ہوا۔ اس نے آکر امان طلب کی۔ سفیان نے امان دے د
مگر بعد میں حجاج نے لبطین کو قتل کر دیا۔ نیز خلیفہ بن خیاط نے لکھا ہے کہ ۷۷ھ میں حجاج
نے سفیان بن ابرد کو خوارج کے مقابلہ کے لئے روانہ کیا اور ساتھوں نے ان کے سر
قطری بن فجاءہ کو قتل کیا۔ ابو حنیفہ دینوری نے اس کی تفصیل یوں بیان کی ہے کہ
قطری بن فجارہ بھاگ کر رے پہونچا تو حجاج بن یوسف نے سفیان بن ابرد کو رے بھیجا اور و
امیر رے اسحاق بن محمد بن اشعث اور ایک سو سواروں کو لے کر قطری کے مقابلہ کیلئے نکلے، اس
وقت قطری طبرستان کی سرحد پر اپنے سواروں کے ساتھ موجود تھا۔ ایک مرتبہ وہ اپنی
سواری سے اتر کر سویا پھر اٹھ کر گاؤں کے سردار سے پانی طلب کیا۔ جس وقت پانی آ
سفیان بن ابرد پہونچ گئے وہ پانی نہ پی سکا۔ سفیان نے اس کا سر کاٹ لیا اور عراق وال
آکر حجاج کے سامنے ڈال دیا۔ جسے حجاج نے عبدالملک کے پاس بھیج دیا۔ ۸۲ھ میں
دیر جماجم میں ابن الاشعث سے مقابلہ ہوا۔ سفیان بن ابرد حجاج بن یوسف کی فوج میں
تھے۔ جب ابن الاشعث اور ان کی فوج کو شکست ہوئی تو سفیان بن ابرد نے حملہ کر

Marfat.com

ر کی جماعت کو منتشر کر دیا گیا۔ مگر اہل استقامت اب بھی جم کر مقابلہ کرتے رہے حتیٰ کہ عقبہ عبد الغافر قرار کی ایک جماعت کے ساتھ شہید ہوئے۔ نیز ان کے ساتھ دو سو غلام شہید ہوئے اور جب ان کی جماعت بھاگنے لگی تو سفیان بن ابرد نے تعاقب کیا۔ یہاں تک کہ بصرہ میں آکر پناہ ملی۔ اس تعاقب میں جو شخص سامنے آیا۔ سفیان نے اسے قتل کیا ایسے مقتولوں کی تعداد چار سو یا اس سے بھی زائد تھی۔ سفیان بن ابرد کلبی نے ہندوستان کی فتوحات میں محمد بن قاسم کے ساتھ رہ کر عظیم الشان فوجی خدمات انجام دیں وہ یہاں کی فوج کے مشہور قواد و امراء میں شمار کئے جاتے تھے۔ حجاج نے محمد بن قاسم کے نام ایک خط لکھا تھا کہ تم اپنی فوج کے اکابر و مشائخ کو امیر بناؤ ان ہی میں سفیان بن ابرد بھی ہیں جو بہادری اور ہوش مندی میں خاص مقام و مرتبہ کے مالک ہیں اور عفت و امانت میں شہرت رکھتے ہیں۔[1]

## سلیمان بن نبہان قشیریؒ

سلیمان بن ابو صُمّہ نبہان قشیری باپ اور بیٹے دونوں بزرگ محمد بن قاسم کے امرار لشکر میں سے تھے۔ محمد بن قاسم نے دریائے سندھ پار کر کے سلیمان بن نبہان کو حکم دیا کہ اپنی فوج لے کر قلعہ رَاوَر کے سامنے پڑاؤ ڈالو تاکہ راجہ داہر کی مدد اس کے بیٹے جے سنگھ دوہر کو نہ پہونچ سکے۔ چنانچہ سلیمان نے چھ سو سواروں کو لے کر یہ خدمت بوجہ احسن انجام دی۔ نیز محمد بن قاسم نے برہمناباد فتح کرنے کے بعد سلیمان اور ان کے والد ابو صُمّہ نبہان کو بلایا اور دونوں کو ایک فوج کا امیر بنا کر بہرج کی طرف روانہ کیا۔[2]

---

[1] جمہرۃ انساب العرب ص ۴۵۷، تاریخ خلیفہ ج ۱ ص ۳۵۵ و ص ۳۵۶، تاریخ یعقوبی ج ۲ ص ۲۷۴، تاریخ ابن عساکر ج ۶ ص ۱۸۰ و ص ۱۸۱، الاخبار الطوال ص ۲۷۴، چچ نامہ ص ۱۰۲،

[2] چچ نامہ ص ۱۵۵ و ص ۲۲۰۔

Marfat.com

# سلیمان بن ہشام اُموی ؒ

ابوالغمر سلیمان بن ہشام بن عبدالملک بن مروان، بنی امیہ کے حکمراں خاندان کے چشم و
چراغ ہیں۔ ابن حزم نے لکھا ہے کہ ان کو پہلے عباسی خلیفہ ابوالعباس سفاح نے قتل کیا
بات یہ تھی کہ سلیمان بن ہشام نے خوارج کے امیر و سردار ضحاک بن قیس بن حصین شیبا
کے ہاتھ پر بیعت کی تھی۔ ضحاک کے ساتھ ایک لاکھ بیس ہزار جنگجو سپاہی تھے۔ اس نے کو
وغیرہ پر قبضہ کر کے اپنی خلافت کا اعلان کر دیا۔ اس کی خلافت کی بیعت میں قریش کی ایک
جماعت بھی شامل تھی۔ جس میں حضرت عمر بن عبدالعزیز کے صاحب زادے عبداللہ اور خلیف
ہشام بن عبدالملک کے شہزادے سلیمان بن ہشام وغیرہ بھی تھے۔ ابن کثیر نے لکھا ہے کہ
۱۲۸ھ میں ضحاک بن قیس خارجی قتل ہوا۔ اس نے مرتے وقت خیبری نامی ایک شخص کو
اپنی فوج کا امیر نامزد کیا۔ اس کے جھنڈے کے نیچے ضحاک کی باقی فوج جمع ہو گئی۔ سلیما
بن ہشام بن عبدالملک بھی اپنے خاندان اور حشم و خدم سمیت خیبری کے ساتھ ہو گئے
سلیمان کے ساتھ وہ سپاہی بھی خیبری سے مل گئے۔ جنھوں نے گذشتہ سال سلیمان کی خلافت
کے حق میں بیعت کی تھی۔ ۱۲۹ھ میں خیبری قتل ہو گیا۔ اور خوارج نے شیبان بن عبدالعز
بن حلیس یشکری کو اپنا پیشوا بنایا۔

سلیمان بن ہشام نے خوارج کو مشورہ دیا کہ وہ موصل میں قلعہ بند ہو کر اپنا کا
کریں۔ چنانچہ وہ موصل کی طرف لوٹے۔ مروان بن محمد نے اطلاع پا کر ان کا تعاقب
کیا۔ اور شیبان اور مروان دونوں نے اپنی اپنی فوجوں کے سامنے خندق کھود کر
مقابلہ کیا کہ ایک سال تک صبح و شام جنگ ہوتی رہی۔ اسی درمیان میں خوراج کی فو
سے سلیمان بن ہشام کے بھتیجے اُمیّہ بن معاویہ بن ہشام کو گرفتار کرنے میں مروان کامیاب
ہو گیا۔ مروان نے پہلے امیّہ کے دونوں ہاتھ کاٹے پھر گردن ماری۔ یہ منظر سلیمان

ہشام اور ان کی فوج کے سامنے تھا اور وہ اُمیّہ بن معاویہ کا یہ انجام دیکھ رہے تھے
اس کے بعد ۱۳۱ھ میں شیبان ہلاک ہوا۔ اور سلیمان بن ہشام اپنے بال بچوں اور
گھر والوں کو لے کر بذریعہ جہاز سندھ چلے گئے۔ اس موقعہ پر طبری وغیرہ کے یہ الفاظ ہیں:

| | |
|---|---|
| وركب سليمان بن هشام في | سلیمان بن ہشام اپنے موالی اور اہل خاندان |
| مواليه واهل بيته السفن | کے ساتھ کشتیوں میں سوار ہو کر سب کے |
| وساروا الى السند۔ | سب سندھ چلے گئے۔ |

بعد میں سلیمان بن ہشام سندھ سے عراق پہونچے اور پہلے خلیفہ ابو العباس سفاح نے ان کو قتل کر دیا۔ ابن قتیبہ نے لکھا ہے کہ سلیمان بن ہشام سندھ سے عرب آئے تو ان کو شاہی خاندان کے فرد ہونے کی وجہ سے ابو العباس سفاح نے امان دی اور اپنے پہلو میں بٹھایا۔ مگر درباری شاعر سدیف نے اسی مجلس میں فی البدیہہ یہ اشعار کہے:۔

لا يغرنك ماترى من رجال ان تحت الضلوع داءً دويّاً

آدمیوں کے ظاہری حالات دیکھ کر دھوکہ نہ کھانا۔ کیونکہ پہلوؤں کے نیچے کٹھن بیماری چھپی ہوتی ہے۔

فضع السيف وارفع السوط حتى لا ترى فوق ظهرها أمويّاً

کوڑے کی سیاست ختم کر کے تلوار سے کام لو تاکہ تم روئے زمین پر کسی اموی کو نہ دیکھو

ان اشعار کو سنتے ہی ابو العباس سفاح نے سلیمان بن ہشام کو قتل کر دیا۔ [1]

## سندی بن شماس السّمان بصریؒ

سندی بن شماس السّمان بصری تبع تابعین میں سے ہیں۔ لقب سے اندازہ ہوتا ہے سمن یعنی گھی کی تجارت کرتے تھے۔ امام بخاری نے تاریخ کبیر میں لکھا ہے کہ ان کا

[1] جمہرۃ انساب العرب ص ۹۲ و ص ۹۳، البدایہ والنہایہ ج ۱۰ ص ۲۸ و ص ۶۱، تاریخ طبری ج ۷، ص ۵۱ و ۲، کتاب المعارف ص ۱۶۰۔

قول ہے کہ میں نے عطاء سے ایک چیز کے بارے میں سوال کیا ہے اور محمد بن سیرین کو
کہتے ہوئے سنا ہے :۔

| | |
|---|---|
| الجراد اكله من هو خير | ٹڈی کو اس ذات (رسول اللہؐ) نے کھایا |
| مني و منك ۔ | جو مجھ سے اور تم سے بہت بہتر ہے۔ |

ان سے موسیٰ بن اسمٰعیل نے سماع کیا ہے۔ ابن ابی حاتم نے تصریح کی ہے کہ انھوں
عطاء اور ابن سیرین سے روایت کی ہے اور ان سے موسیٰ بن اسمٰعیل اور حوثرہ بن
اشرس نے روایت کی ہے۔[1]

## سندی بن عصم

سندی بن عظم اور ابو السندی کا تذکرہ امام طبریؒ نے خوارج کی محاربانہ سرگرمی
کے ضمن میں ۱۳۲ھ کے حالات میں کیا ہے اور ابو السندی کے حالات میں ہم نے تفصی
بیان کی ہے۔[2]

## سوید بن سلیم شیبانی ہندی

سوید بن سلیم شیبانی خارجی عبد الملک بن مروان کے زمانہ میں خوارج کے مشہو
امراء و قواد میں سے تھا۔ اس کا سلسلۂ نسب معلوم نہ ہو سکا۔

امام ابن حزم نے لکھا ہے کہ سوید بن منجوف بن ثور بن عفیر بن زہیر بن سدوس
شیبان، بنو شیبان سے تھا۔ یہ مجزء بن ثور اور نسفیق بن ثور کا بھتیجا تھا۔ مجزء اپنی قوم
شیبان کے سردار تھے۔ حضرت عمرؓ کے زمانہ میں وہ شہید ہو گئے تو ان کی جگہ نسفیق بن

[1] تاریخ کبیر ج ۲ ق ۲ ص ۱۱۷، کتاب الجرح والتعدیل ج ۲ ق ۱ ص ۱۸۱، ۱۳۹ الکامل ج ۱ ص ۲۷۲ و ...
۵۶۵، [2] تاریخ طبری ج ۷ ص ۴۱۳۔

Marfat.com

سوید بن منجوف سردار ہوتے، ہو سکتا ہے
یہی سوید بن منجوف شیبانی۔ سوید بن سلیم
یبانی ہو اور منجوف سلیم کا لقب ہو
یہ صرف گمان ہے۔

سوید بن سلیم شیبانی نے عبد الملک بن مروان کے زمانہ میں صالح بن مسرح تمیمی
اتھ خروج کرکے خلافت کی فوجوں سے جنگ کی۔ صالح بن مسرح تمیمی کے قتل کے
ویدبن سلیم شبیب خارجی کے ساتھ ہو گیا۔ امام طبری نے ۷۶ھ کے واقعات میں لکھا
صالح بن مسرح تمیمی نے اس سال خروج کیا۔ وہ بڑا عابد و زاہد تھا۔ تقشّف و
ت کی وجہ سے اس کا چہرہ زرد ہو گیا تھا۔ دارا، موصل اور جزیرہ کے حدود میں اپنے
ن کو قرآن کی تعلیم دیتا تھا اور وعظ سناتا تھا۔ اس نے اپنی جماعت کو لے کر خروج
میر جزیرہ محمد بن مروان کو اس کی خبر ہوئی تو اس نے صالح سے مقابلہ کیلئے عدی بن عدی
ہ کو پانچ سو سپاہیوں کے ساتھ روانہ کیا۔ عدی نے مقام دوغان میں پڑاؤ ڈال
الح کی جماعت پر حملہ کیا۔ صالح نے اپنی میمنہ فوج کی کمان شبیب کے سپرد کی اور
بن سلیم شیبانی ہندی کو میسرہ فوج کا امیر بنایا اور خود اس نے قلب فوج کو
الا۔ اس موقع پر یہ عبارت ہے۔

| | |
|---|---|
| وجعل صالح شبیبًا فی کتیبۃ | اپنے ساتھیوں کے میمنہ دستہ میں صالح |
| فی میمنۃ اصحابہ وبعث سوید | نے شبیب کو رکھا اور بنو شیبان کے |
| بن سلیم الهندی من بنی شیبان | سوید بن سلیم ہندی کو اپنے میسرہ کے |
| فی کتیبۃ فی میسرۃ اصحابہ | دستہ میں روانہ کیا اور خود قلب |
| ووقف هو فی کتیبۃ فی القلب۔ | میں رہا۔ |

اس طرح صالح نے مقابلہ کی پوری تیاری کر لی۔ مگر عدی کی فوجیں ادھر ادھر منتشر



Marfat.com

تھیں۔ اس نے شبیب کو حملہ کرنے کا حکم دیا۔ شبیب کے حملہ آور ہوتے ہی سوید بن سلیم نے بھی ال
دیا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ عدی کی فوجیں بغیر مقابلہ کے شکست کھا گئیں۔ حجاج بن یوسف نے حارث
عمیرہ بن ذی مشعار ہمدانی کو تین ہزار فوج دے کر روانہ کیا۔ صالح نے اس کے مقابلہ کے
اپنی فوج کے تین حصے کئے۔ شبیب کو میمنہ میں اور سوید بن سلیم کو میسرہ میں رکھ کر خود قلب
رہا۔ ہر جماعت میں بہت سے سپاہی تھے۔ حارث بن عمیرہ کے پہلے ہی حملہ میں سوید بن سلیم میں
جنگ میں نہ ٹھہر سکا۔ البتہ صالح بن مسرح تمیمی ثابت قدم رہ کر قتل ہوا۔ یہ واقعہ سہ شنبہ ۔
جمادی الاولی ۷۶ھ کو موصل کے ایک گاؤں مدبج میں پیش آیا۔ اس کے بعد سوید بن سلیم شبیب
سے علیحدہ ہو کر پوری زندگی خلافت کی فوج سے جنگ کرتا رہا۔ اس کی ہندی نسبت بتا
ہے کہ وہ ہندوستان میں پیدا ہوا تھا یا مدتوں یہاں قیام کر چکا تھا[1]

## (ش)

## شجاع حبشی

شجاع حبشی محمد بن قاسم کے فوجی امراء میں مشہور بہادر اور نامور شہسوار تھے۔ انھ
نے قسم کھائی تھی کہ جب تک میں راجہ داہر کو قتل نہ کر لوں گا کچھ نہیں کھاؤں گا۔ ان کی
یوں پوری ہوئی کہ ۱۰ رمضان کو جنگ داہر ہوئی۔ راجہ سفید ہاتھی پر سوار تھا اور شجاع
گھوڑے پر تھے۔ ہاتھی کو دیکھ کر ان کا گھوڑا بدک گیا اور راجہ داہر نے موقع سے فائدہ ا
کر شجاع کو شہید کر دیا اس کے بعد خود بھی مسلمانوں کے ہاتھ سے مارا گیا۔ چچ نامہ کے اس بیا
کے علاوہ مجھے شجاع حبشی کے حالات نہ مل سکے[2]

---

[1] تاریخ طبری ج ۸ ص ۲۲۲ تا ص ۲۳۱، جمہرۃ انساب العرب ص ۳۱۸ [2] چچ نامہ ص ۱۷۹۔

# شمر بن عطیہ اسدیؒ

شمر بن عطیہ اسدی کوفیؒ قبیلہ بنی مرہ بن حارث بن سعد بن ثعلبہ سے تعلق رکھتے ہیں۔ کوفہ کے محدث و تابعی ہیں۔ انھوں نے وائل اور زرؒ سے اور ان سے امام اعمش اور قیس بن ربیع نے روایت کی ہے۔ ابن سعد نے ان کی توثیق کر کے کہا ہے کہ ان کے یہاں صالح احادیث ہیں۔ امام نسائی نے بھی ان کو ثقہ قرار دیا ہے اور ابن حبان نے ان کا شمار ثقات محدثین میں کیا ہے۔ شمر بن عطیہ غالی عثمانی تھے۔ جو اہل کوفہ میں نادر رہے ہے۔ امام اعمش نے شمر بن عطیہ سے اور انھوں نے جہینہ یا مزینہ کے ایک بزرگ سے روایت کی ہے کہ ایک مرتبہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ سفر میں تھے کہ آپ کی خدمت میں قریباً سو بھیڑیوں کا ایک وفد نماز عشاء کے بعد آیا۔ آپ نے صحابہ سے فرمایا کہ یہ بھیڑئے تمہارے پاس یہ کہنے کے لئے آئے ہیں کہ تم یہاں سے صرف بقدر ضرورت رزق کی چیزیں لو۔ صحابہ نے آپ سے مزید ضرورتیں بیان کیں۔ اس کے بعد تمام بھیڑئے آواز کرتے ہوئے واپس چلے گئے۔ نیز امام اعمش نے شمر بن عطیہ سے اور انھوں نے ابو حازم سے روایت کی ہے کہ غزوۂ بدر کے موقع پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سایہ میں تشریف فرما تھے اور صحابہ دھوپ میں جہاد کر رہے تھے۔ حضرت جبریلؑ نے آپ کو توجہ دلائی تو آپ بھی دھوپ میں چلے گئے۔

شمر بن عطیہ نے حضرت عمرؓ کا یہ قول اپنے شہر کوفہ کے بارے میں نقل کیا ہے۔

| | |
|---|---|
| هم رمح الله وكنز الإيمان و | اہل کوفہ اللہ کے نیزے اور ایمان کے خزانہ اور |
| جمجمة العرب يحرزون ثغورهم | عربوں کے سردار ہیں اپنی سرحدوں کی حفاظت |
| ويمدون أهل الأمصار۔ | کرتے ہیں اور دوسرے شہروں کی مدد کرتے ہیں۔ |

انھوں نے محمد بن قاسم کے ساتھ سندھ کی فتوحات میں شاندار خدمات انجام دی ہیں۔ بلاذری کہتے ہیں کہ جنگ داہر کے موقع پر محمد بن قاسم نے اسلامی فوج کی نئی ترتیب دی جس میں

Marfat.com

ایک دستہ کے امیر محمد بن زیاد عنبری اور شمر بن عطیہ تھے۔ مصعب بن عبدالرحمن اور خریم بن عمرو راجہ داہر کے بالمقابل تھے۔ اس عبارت میں "شمر" کے بجائے "بشر" اور خریم بن عمرو کے "خریم بن عروہ" غلط چھپ گیا ہے۔ خلیفہ بن خیاط نے لکھا ہے کہ شمر بن عطیہ کا انتقال حدود ... میں ہوا جب کہ عراق میں خالد بن عبداللہ قسری کی امارت کی ابتدا تھی[1]

## شریح بن ہانی حارثیؒ

شریح بن ہانی بن یزید بن نہیک بن دُرید بن سفیان بن ضباب، سلمہ بن حارث بن ربیعہ بن حارث بن کعب حارثیؒ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے اصحاب و انصار میں سے ہیں۔ انھوں حضرت عمرؓ، حضرت علیؓ، حضرت عائشہؓ اور حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہم سے روایت کی ہے۔ ان کے تلمیذ قاسم بن مخیمرہ کا قول ہے کہ میں نے کسی حارثی کو ان سے افضل نہیں پایا۔ انھوں نے حضرت علیؓ کے ساتھ تمام محاربات میں شرکت کی۔ ثقہ محدث تھے اور ان کی مرویات و احادیث میں بڑی شان و شوکت کے مالک تھے، عبداللہ بن ابی بکرہ کی ولایت سجستان کے زمانہ میں ان کے ساتھ تھے۔ عبیداللہ نے راجہ رتبیل سے جھک کر صلح کی اور اس سے اپنی امارت کے دور میں جنگ نہ کرنے کا عہد نامہ لکھ دیا۔ اس موقعہ پر حضرت شریح نے اسلامی غیرت و حمیت سے کام لے کر عبیداللہ سے کہا:

| | |
|---|---|
| اتق اللہ وقاتل هؤلاء القوم فانك | تم اللہ سے ڈرو اور ان سے جنگ کرو۔ |
| ان فعلت ماتريد ان تفعله اوهنت | کیونکہ جو تم کرنا چاہتے ہو اس سے اس |
| الاسلام بهذا الثغر وكنت قد فررت | علاقہ میں اسلام کی ساکھ کمزور ہو جائے گی۔ |

[1] طبقات ابن سعد ج ۶ ص ۳۰۱، تاریخ خلیفہ بن خیاط ج ۱ ص ۱۲۸، و ج ۲ ص ۲۵۱، اسد الغابہ ج ۵ ص ۱۱۶ و ص ۲۵۵، فتوح البلدان ص ۲۸۰، کتاب الثقات ص ۲۷۸، میزان الاعتدال ج ... ص ۲۴۹، چچ نامہ ص ۱۷۴۔

Marfat.com

من الموت الذی الیہ مصیرك۔ — تم موت سے بھاگ رہے ہو جس کی طرف تم کو جانا ہی ہے۔

اس کے بعد مسلمانوں نے راجہ رتبیل سے جنگ کی۔ ساتھ ہی حضرت شریح نے حملہ کیا اور وہ اسی غزوہ میں شہید ہو گئے۔[1]

(ص)

## صابر بن ابو صابر یشکری رح

صابر بن ابو صابر یشکری نے محمد بن قاسم کی قیادت میں شاندار مجاہدانہ کارنامے انجام دیے۔ ایک موقع پر محمد بن قاسم نے ان کو دیبل اور نیرون کا حاکم بھی بنایا تھا ان کے مزید حالات معلوم نہ ہو سکے۔[2]

## صارم بن ابو صارم ہمدانی رح

آپ بھی محمد بن قاسم کی زیر قیادت سندھ کے مجاہدین اسلام میں سے ہیں۔ محمد بن قاسم نے جس وفد کے ساتھ راجہ داہر کا سر حجاج بن یوسف کے پاس بھیجا تھا اس میں صارم بن ابو صارم ہمدانی بھی تھے۔ مزید حالات نہ مل سکے۔[3]

## صمہ بن عبداللہ قشیری رح

صمہ بن عبداللہ بن طفیل بن قرہ بن ہبیرہ بن عامر بن سلمۃ الخیر بن قشیر بن کعب بن ربیعہ بن عامر بن صعصعہ قشیری، دولت امویہ کے مشہور شعراء میں سے ہیں۔ بڑے شریف اور عابد و زاہد شاعر تھے۔ ان کا شمار شعرائے نجد میں ہے۔ وہ ان نامراد عشاق میں سے ہیں

---

[1] جمہرۃ انساب العرب ص ۲۷۰، طبقات ابن سعد ج ۶ ص ۱۲۸، فتوح البلدان ص ۳۹۰۔ [2] چچ نامہ ص ۲۱۸ [3] ص ۱۸۷ و ص ۲۰۲۔

جن کو عشق و محبت نے زندگی بھر بے چین رکھا۔ ان کی محبوبہ ریّا تھی۔ عراق میں رہتے پھر شام کی طرف منتقل ہو گئے۔ اس کے بعد بلاد مشرق کی خاک چھانتے رہے اور خراسان وغیرہ کی غزوات و فتوحات میں خفیہ سرگرمیاں دکھائیں۔ ان کے عشق و محبت کی داستان پر ایک مستقل کتاب ہے۔ ابن ندیم نے کتاب الفہرست میں اس کا نام "کتاب الصمۃ بن عبد اللہ و ریّا" بتایا ہے۔ ان کے پردادا قرہ بن ہبیرہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے تھے۔ جیسا کہ ابن حجر نے الاصابہ میں بیان کیا ہے۔ صمہ بن عبد اللہ ابتدا میں بادیۂ عراق میں رہتے تھے۔ پھر شام گئے اور وہاں سے خراسان، ایران اور سندھ وغیرہ میں آتے جاتے رہے۔ ان ہی ایام میں مشرقی ممالک کی فتوحات میں اہم خدمات انجام دیں۔ یاقوت حموی نے لکھا ہے کہ صمہ بن عبد اللہ قشیری نے قیام سندھ کے زمانہ میں یہ اشعار کہے ہیں:-

یا صاحبیّ! اطال اللہ رشدکما　　عوجا علی صدور الانجل السنن

اے دونوں میرے ہمراہیو! اللہ تعالیٰ تم کو تادیر باعقل و ہوش رکھے۔ تم اپنی تیز رفتار سواریوں کے رخ میری طرف موڑ دو۔

ثم ارفعا الطرف هل تبدو لنا ظعنٌ　　بحائل، یا عناء النفس من ظعنِ

پھر تم دونوں نظر اٹھا کر دیکھو کہ کیا مقام حائل سے ہمارے سامنے کوئی ناقہ سوار آرہا ہے ناقہ سوار کی دید میں نفس کی بیتابی کا کیا کہنا؟

احبب بهنّ لو ان الدار جامعة　　وبالبلاد التی یسکنّ من وطنِ

وہ عورتیں کس قدر محبوب ہیں؟ اے کاش! ہم ایک مکان میں جمع ہوتے اور جن بستیوں میں وہ رہتی ہیں وہ میرا وطن ہوتیں۔

طوالع الخیل من تبراك مصعدة　　کما تتابع قید ام من السفن

مقام تبراک سے تنہ سواروں کے اگلے دستے برابر چڑھے آرہے ہیں۔ جس طرح کشتیوں کا سینہ

ہر وقت اونچا ہوتا ہے۔

یا لیت شعری والاقدار غالبۃ      والعین تذرف احیاناً من الحزن

قضا و قدر غالب ہے اور آنکھ غم سے ہر وقت اشک بار رہتی ہو۔ اس کے باوجود اے کاش مجھے معلوم ہوتا

ھل اجعلن یدی للخد مرفقۃ      علی شعبعب بین الحوض والعطن

کہ میں کیا شعبعب کے چشمہ پر حوض اور اونٹ باندھنے کی جگہ کے درمیان اپنے ہاتھ کو رخسار

کے لئے ٹھیک بنا سکتا ہوں؟

صمہ بن عبد اللہ قشیری نے ریّا کے عشق و فراق میں بہت سے اشعار کہے ہیں جو عربی شاعری

میں غزل اور تشبیب کی جان ہیں۔ اس سلسلہ میں ان کے چند اشعار ملاحظہ ہوں:۔

حننت الی "ریّا" ونفسک باعدت      مزارک من "ریّا" وشعبا کما معا

تو ریّا کے فراق میں بیتاب ہے اور تیرے نفس نے تیری ریّا سے ملاقات دور کر دی ہے حالانکہ تم دونوں

محب و محبوب کا راستہ ساتھ ساتھ ہے۔

فما حسن ان تاتی الامر طائعاً      وتجزع ان داعی الصبابۃ اسمعا

یہ بات اچھی نہیں ہے کہ تم خود محبت کرو اور اگر محبت کی جانب سے کوئی آواز سنو تو گھبرانے لگو۔

قفا، ودّعا نجداً ومن حل بالحمی      وقل لنجد عندنا ان یودعا

اے دونوں ہمراہیو! ٹھہر جاؤ اور نجد اور اس کی چراگاہ میں اترنے والے کو وداع کہو

اور ہم نجد و اہل نجد کو بہت کم وداع کہتے ہیں۔

ولما رایت البشر اعرض دوننا      وجالت بنات الشوق یحنن نزعا

اور جب میں نے دیکھا کہ مسرت سامنے آ رہی ہے اور شوق کی گھڑیاں اترانے لگی ہیں۔

بکت عینی الیسریٰ فلما زجرتھا      عن الجھل بعد الحلم اسبلتا معا

تو میری بائیں آنکھ اشک بار ہو گئی اور جب میں نے اسے صبر و حلم کے بعد اس نادانی سے روکا تو دونوں

آنکھیں ایک ساتھ جاری ہو گئیں۔

Marfat.com

تلفتّ نحوالحی حتی وجدتنی وجعتُ من الاصغاء لیتا واخدعا

میں دیارِ محبوب کی طرف متوجہ رہا یہاں تک کہ محسوس ہونے لگا کہ انتظار کرتے کرتے تھک گیا ہوں

تذکرتُ ایام الحمٰی ثم انثنی علی کبدی من خشیۃ ان تصدّعا

میں نے چراگاہ کے حسین دن یاد کئے پھر اس ڈر سے کہ کہیں کلیجہ نہ پھٹ جائے۔ اس کی طرف متوجہ ہوا

فلیست عشیات الحمٰی برواجع علیك ولکن خلّ عینیك تدمعا

اب تمہارے پاس چراگاہ کی شام لوٹ کر آنے والی نہیں ہیں۔ بلکہ اپنی دونوں آنکھوں کو چھوڑ دو اشک باری کریں۔

## (ط)

## طیارؒ

حجاج بن یوسف نے طیار نامی ایک جاسوس کو عراق سے سندھ کی طرف روانہ کیا تاکہ وہ خفیہ طور سے محمد بن قاسم اور اسلامی فوج کے حالات کا پتہ چلائیں چنانچہ طیار سندھ اور کران تک آئے کہ راستہ میں ایک شخص سے ملاقات ہوئی جو اسلامی فوج سے آرہا تھا طیار نے اس سے محمد بن قاسم اور مجاہدین اسلام کے حالات دریافت کئے اس نے بتایا کہ مسلمانوں کو کھانے پینے کی سخت تکلیف ہے۔ جانوروں کے لئے چارہ نہیں ہے اور گھوڑوں میں بیماری پھیلی ہوئی ہے ان وجوہ سے اسلامی فوج اور تمام عرب سخت پریشانی میں مبتلا ہیں۔ طیار نے یہ باتیں سن کر عراق کی راہ لی اور حجاج سے سارا ماجرا بیان کیا[2]

[1] جمہرۃ انساب العرب ص ۲۸۹، اسدالغابہ ج ۴ ص ۲۰۴، اصابہ ج ۳ ص ۲۲۶، معجم البلدان ج ۵ ص ۲۷۲، الاغانی ج ۵ ص ۱۴۲، الامالی ج ۱ ص ۱۸۸، الفہرست ص ۴۲۵

[2] چچ نامہ ص ۱۴۸۔

(ع)

# امام شعبی عامر بن شراحیل

حضرت امام شعبی کا نام ابو عمرو عامر بن شراحیل بن عبد ہے۔ آپ کا نسبی تعلق یمن کے قبیلہ حمیر اور ہمدان سے ہے مگر والدہ ایران کے شہر جلولا کی باندیوں میں ہیں۔ کوفہ وطن تھا جلیل القدر تابعی اور ائمہ حدیث میں سے ہیں۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی زیارت کی ہے اور حضرت ابوہریرہ عبداللہ بن عمر، عبداللہ بن عباس، عدی بن حاتم، سمرہ بن جندب، عمرو بن حریث، عبداللہ بن یزید انصاری، مغیرہ بن شعبہ، براء بن عازب، زید بن ارقم، ابن ابی اوفیٰ، جابر بن عبداللہ، ابو جحیفہ، انس بن مالک، عمران بن حصین، بریدہ اسلمی، جریر بن عبداللہ، اشعث بن قیس، ابوموسیٰ اشعری، حسن بن علی، عبداللہ بن عمرو بن عاص، نعمان بن بشیر، وہیب بن خنیس طائی، حبشی بن جنادہ، عامر بن شہر، محمد بن صیفی، عبداللہ بن جعفر بن ابی طالب، عروہ بارقی، فاطمہ بنت قیس، عبدالرحمن بن ابزی، علقمہ بن قیس، فروہ بن نوفل اشجعی، عبدالرحمن بن ابولیلیٰ، حارث اعور، زہیر بن قین، عون بن عامر، اسود بن یزید، سعید بن ذی لعوہ، ابوسلمہ بن عبدالرحمن، ابو عبدالرحمن وغیرہ رضی اللہ عنہم سے روایت کی ہے۔

امام شعبی علم و عَلَم اور سیف و قلم کے جامع تھے۔ خراسان کے غزوات و فتوحات میں شریک رہے ہیں۔ عیسیٰ بن ابو عزہ کا بیان ہے۔

| | |
|---|---|
| مکثت مع عامر بخراسان عشرۃ اشھر لا یزید علی رکعتین۔ | امام شعبی کے ساتھ میں خراسان میں دس ماہ تک رہا ہوں اس مدت میں آپ دو رکعت سے زیادہ نہیں پڑھتے تھے یعنی نماز میں قصر کرتے تھے |

ابن سعد نے لکھا ہے۔

| | |
|---|---|
| وکان لہ دیوان وکان یغزو علیہ۔ | ان کا نام وظائف کے دفتر میں تھا اور اسی لئے وہ جہاد کیا کرتے تھے۔ |

Marfat.com

امام شعبی ذہانت و فطانت اور معاملہ فہمی میں مشہور زمانہ تھے اور اموی خلافت کی طرف سے سرکاری سفارتوں پر بھیجے جاتے تھے۔ چنانچہ ایک مرتبہ خلیفہ عبدالملک بن مروان نے آپ کو روم کے عیسائی بادشاہ کے پاس روانہ کیا۔ اس نے آپ کی قابلیت دیکھ کر کہا کہ میں سخت حیرت اور تعجب میں ہوں کہ جس قوم کے اندر شعبی جیسے انسان ہوں۔ انھوں نے دوسرے شخص کو کیسے اپنا حاکم اور بادشاہ بنایا؟

خراسان کی فتوحات کے سلسلہ میں امام شعبی کو سندھ و مکران اور سجستان وغیرہ کے علاقوں سے اور یہاں کے لوگوں سے خاص تعلق پیدا ہو گیا تھا اور ان کے بارے میں تجربات و مشاہدات کی روشنی میں رائے رکھتے تھے۔ ایک موقع پر اپنے تلامذہ اور متعلقین سے فرمایا

| | |
|---|---|
| واحبب من رایته یعمل بالخیر | جس شخص کو تم اچھا کام کرتے دیکھو اس سے |
| وان کان اخرم سندیاً۔ | محبت کرو۔ اگرچہ وہ کان چھدا سندھی ہو۔ |

امام شعبی نے بھی ابن الاشعث کی تحریک میں شریک ہو کر دیر جماجم کی جنگ میں ابن الاشعث کا ساتھ دیا۔ مگر بعد میں یزید بن ابو مسلم کو بیچ میں ڈال کر حجاج سے صلح کر لی اور ۸۳ھ میں جب جماعت قرار کو شکست ہو گئی اور ابن الاشعث اور قرار راجہ رتبیل کے یہاں جا کر پناہ گزیں ہوئے اس موقعہ پر حجاج نے امام شعبی کو راجہ کے پاس اپنا نمائندہ بنا کر بھیجا اور آپ ہندوستان کے علاقہ بامیان میں تشریف لائے۔ حجاج نے اس موقع پر امام صاحب کو انعام و جائزہ سے نوازا تھا اور وہ رنگین خضاب لگا کر راجہ کے پاس گئے جسب تفصیل ابن سعد وہ خود بیان کرتے ہیں۔

| | |
|---|---|
| ارسلنی الحجاج إلی | حجاج نے مجھے راجہ رتبیل کے یہاں بھیجا اور |
| رتبیل، فاجازنی وقال لی | مجھے انعام و اکرام سے نوازا اور پوچھا |
| ما ھذا الصبغ انما الشعر | کہ یہ رنگ کیسا؟ بال سفید یا سیاہ ہوتا ہے؟ |
| ابیض واسود قلت سنة۔ | میں نے جواب دیا کہ یہ سنت ہے۔ |

Marfat.com

حضرت امام شعبی رحمۃ اللہ علیہ کے مناقب و فضائل بہت زیادہ ہیں اور ان کے حالاتِ زندگی مشہور ہیں۔ یہاں تفصیل کی ضرورت نہیں ہے۔ ۷۷ سال کی عمر میں ۱۰۴ھ یا ۱۰۵ھ میں رحلت ہوئے۔ [۱]

## عامر بن ضبارہ مزنیؒ

عامر بن ضبارہ بنو مرہ بن عوف بن سعد بن ذبیان کی شاخ بنو حارث بن مالک بن ربوع بن غیظ سے ہیں اور امیر عراق ابن ہبیرہ کے فوجی امرا و قوّاد میں رہے ہیں۔ انھوں نے خوارج سے جنگ کے سلسلہ میں سندھ میں پناہ لی ہے۔ ابن خلدون نے لکھا ہے کہ ایک مرتبہ خوارج سے مقابلہ کے لئے ابن ہبیرہ واسط گیا اور سلیمان بن حبیب کے مقابلہ کے لئے نباتہ بن حنظلہ کلابی کو بھیجا، سلیمان نے داؤد بن حاتم کو روانہ کیا۔ اور دونوں فوجوں میں دریائے دجلہ پر خون ریز جنگ ہوئی۔ جس میں داؤد کو ہزیمت اٹھانی پڑی اس کے بعد خلیفہ مروان نے ابن ہبیرہ کو لکھا کہ تم خوارج سے جنگ کے لئے عامر بن ضبارہ مزنی کو روانہ کرو۔ چنانچہ اس نے آٹھ ہزار فوج تیار کرکے عامر کی قیادت میں بھیجنا چاہا۔ جب شیبانی خارجی کو پتہ چلا تو اس نے اس فوج کو روکنے کے لئے جون بن کلاب کو فوج دے کر بھیجا۔ عامر اور جون میں مقابلہ ہوا۔ عامر شکست کے بعد سندھ آکر قلعہ بند ہو گئے۔ اس موقعہ پر یہ عبارت ہے:۔

فانھزم عامر، وتحصن بالسند۔ عامر ہزیمت کھا کر سندھ میں قلعہ بند ہو گئے۔

اس مدت میں عامر اور شیبانی دونوں کو بیرونی مدد ملتی رہی۔ عامر کو خود خلیفہ مروان فوجی مدد دیتا رہا اور شیبانی کو منصور بن جمہور مقام جبل میں مالی امداد کرتا رہا۔ کچھ دنوں

---

[۱] طبقات ابن سعد ج ۶ ص ۲۴۸ و ۲۴۹ ص ۲۵۴، مروج الذہب ج ۳ ص ۱۲۴، کتاب المعارف ص ۱۹۹۔

Marfat.com

کے بعد عامر کے پاس اچھی خاصی فوجی طاقت جمع ہوگئی اور انھوں نے جون اور اس کے
ہمراہی خوارج سے جو ان کا محاصرہ کئے ہوئے تھے۔ مقابلہ کیا جس میں جون مارا گیا۔ تار
ابن خلدون میں ضبارہ کے بجائے "ضبابہ" غلط چھپ گیا ہے۔

ابن قتیبہ نے لکھا ہے کہ عامر بن ضبارہ نہایت شریف و معزز آدمی تھے۔ یزید
عمر بن ہبیرہ نے ان کو عبداللہ بن معاویہ بن عبداللہ بن جعفر سے مقابلہ کے لئے فارس
روانہ کیا تھا۔ عامر بن ضبارہ اسے قتل کر کے مروان کے طرف داروں میں رہے اور ا
کی فوج کے امیر ہوئے۔[1]

## عباد بن زیاد بن ابوسفیان

ابوحرب عباد بن زیاد بن ابیہ ( جو زیاد بن ابی سفیان کے نام سے بھی مشہور ہیں
عبیداللہ بن زیاد کے بھائی ہیں۔ انھوں نے حضرت مغیرہ بن شعبہ کے دونوں بیٹو
عروہ اور حمزہ سے اور ان سے امام ابن شہاب زہری اور امام مکحول شامی نے روایت
کی ہے۔ جیساکہ حافظ ابن حجر نے تہذیب التہذیب میں لکھا ہے عباد بن زیاد کو حضرت
معاویہ رضؓ نے ۵۳ھ میں سجستان کا والی بنایا تو انھوں نے ۵۴ھ میں سجستان کی راہ سے
ہندوستان کے علاقہ کچھ اور گندھارا میں جہاد کیا جیساکہ گذر چکا ہے ۱۰۰ھ میں
فوت ہوئے۔[2]

## عبدالجبار بن شجرہ سامیؒ

ان کے بارے میں امیر ابن ماکولا نے ابوفراس سامی کے حوالہ سے صرف اتنا لکھا

[1] تاریخ ابن خلدون ج ۳ ص ۱۶۵ و ص ۱۶۶، جمہرۃ انساب العرب ص ۲۵۴، کتاب المعارف ص
[2] تہذیب التہذیب ج ۵ ص ۹۳، فتوح البلدان ص ۴۲۲۔

Marfat.com

سامہ بن لوی کی اولاد سے خزیر بن عبید بن بکار بن کعب ہے جس کی اولاد میں سندھ میں
عمرو بن نافع اور عبدالجبار بن شجرہ تھے اصل بیان یہ ہے۔

ومن ولدہ عمرو بن نافع وعبدالجبار بن شجرۃ، وھو بالسند، قالہ ابو فراس السامی

خزیر بن عبید کی اولاد سے عمرو بن نافع اور عبدالجبار بن شجرہ سندھ میں ہیں۔

اس سے زیادہ کچھ نہ معلوم ہو سکا۔[1]

## عبدالحمید بن عبدالرحمن مُرّی

عبدالحمید بن عبدالرحمن بن عمرو بن حارث بن خارجہ بن سنان بن ابو حارثہ مری
قبیلہ غطفان کی شاخ بنو مرہ بن عوف بن سعد بن ذبیان سے والی سندھ جنید بن عبدالرحمن
مری کے بھائی ہیں۔ عبدالحمید اپنے بھائی جنید سے پہلے یزید بن عبدالملک کے دورِ خلافت
میں سندھ کے والی ہوئے۔ اس کے بعد ہشام بن عبدالملک کے زمانہ میں جنید یہاں کے
امیر و حاکم ہوئے خلیفہ بن خیاط نے لکھا ہے کہ ابن ہبیرہ نے ۱۰۳ھ میں عبیداللہ بن علی سلمی
کو سندھ کا والی بنایا۔ پھر ان کو معزول کر کے عبدالحمید بن عبدالرحمن کو جو کہ مرہ غطفان سے
تھے یہاں کا امیر مقرر کیا اور وہ یزید بن عبدالملک کے انتقال ۱۰۵ھ تک کے امیر رہے
اس طرح کم و بیش دو سال تک سندھ میں ان کی حکومت و امارت قائم رہی۔[2]

## عبدالرحمن بن یزید ہلالیؒ

ابن حزم نے لکھا ہے کہ بنی عبداللہ بن ہلال بن عامر سے عبداللہ بن یزید بن عبداللہ الاصم
بن معشر بن حزم بن رویبہ بن عبداللہ بن ہلال ہے۔ جس کا بیٹا عاصم بن عبداللہ خراسان کا والی
تھا اور بلاذری نے لکھا ہے کہ عاصم بن عبداللہ بن یزید ہلالی کو خلیفہ ہشام نے خراسان کا
والی بنایا تھا۔ ہو سکتا ہے کہ عبدالرحمن بن یزید ہلالی۔ ان ہی عبداللہ بن یزید ہلالی کے بھائی

---

[1] ...ال ج ۲ ص ۸۸۔ [2] جمہرۃ انساب العرب ص ۲۵۲، تاریخ خلیفہ ج ۲ ص ۴۸۴۔

Marfat.com

ہوں۔ یہ بھی ممکن ہے کہ لفظ عبداللہ محرف ہو کر عبدالرحمن ہو گیا ہو۔ بہر حال یہ یزید بن مع
کے زمانہ میں سندھ کے والی تھے۔ خلیفہ بن خیاط نے لکھا ہے کہ ۶۲ھ میں عبیداللہ بن ز
نے منذر بن جارود کو ثغر قندابیل کا والی بنایا ان کے فوت ہونے پر ان کے لڑکے حکم
منذر بن جارود نے قندابیل پر قبضہ کر لیا۔ اسی زمانہ میں ابن زیاد نے سنان بن سل
کو بھیجا جنھوں نے بوقان کو فتح کیا۔ اس کے بعد لکھا ہے کہ:۔

| | |
|---|---|
| ثم بعث الیھا یزید بن معاویۃ بعد ذالک عبد الرحمن بن یزید الھلالی۔ | اس کے بعد یزید نے عبدالرحمن بن یزید ہلالی کو ثغر ہند کی طرف روانہ کیا۔ |

عبداللہ بن یزید ہلالی کے حالات اس سے زیادہ مجھے نہ مل سکے[۱]

## عبدالرحمن سندھی

عبدالرحمن سندھی تابعی ہیں۔ امام بخاری نے لکھا ہے کہ انھوں نے حضرت انس بن مالک
رضی اللہ عنہ سے یہ حدیث سنی ہے:۔

| | |
|---|---|
| کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم یاکل ولا یتوضاء من اللحم۔ | نبی صلی اللہ علیہ وسلم پکا ہوا کھانا کھاتے اور گوشت کھا کر نیا وضو نہیں فرماتے تھے۔ |

اس سے زیادہ ان کا حال نہ مل سکا[۲]

## عبدالرحمن بن سندھی

عبدالرحمن بن سندھی تبع تابعین سے ہیں۔ ابن حجر نے تہذیب التہذیب میں لکھا
کہ انھوں نے ابو الضحاک عراک بن خالد بن زید بن صالح بن صبیح مری دمشقی سے رو

[۱] جمہرۃ انساب العرب ص ۲۷۰، فتوح البلدان ص ۴۸۱۔ تاریخ خلیفہ ج ۱ ص ۲۸۰ [۲] تاریخ
بخاری ج ۳ ص ۵

کی ہے۔ جیساکہ عراک بن خالد کے تذکرہ میں ہے[1]

## عبدالرحمن بن محمد بن اشعث کندی

عبدالرحمن بن محمد بن اشعث بن قیس بن معدیکرب بن معاویہ بن جبلہ بن عدی بن ربیعہ بن معاویہ بن حارث بن معاویہ بن ثور بن مرتع بن معاویہ بن کندہ بن عفیر بن عدی بن حارث کندی ابن الاشعث کے لقب سے مشہور ہیں۔ انھوں نے قرّاء و علماء کی ایک بڑی جماعت کو لے کر حجاج بن یوسف اور عبدالملک بن مروان کے مظالم کے خلاف خروج کیا تھا۔ اور اموی خلافت کی فوجوں سے متعدد بار مقابلہ کیا۔ مگر آخر میں ناکام ہوگئے۔ اس کے بعد ہندوستان میں پناہ لی۔ مگر گرفتار کر لیے گئے۔ ۸۰ھ میں حجاج بن یوسف نے ان کو سجستان، بست اور رخج کا والی بنایا تھا۔ اسی زمانہ میں انھوں نے حجاج کے خلاف صف آرائی کی۔ مسعودی کا بیان ہے کہ حجاج نے ابن اشعث کو ان علاقوں کا حاکم بنایا۔ انھوں نے شمال میں غور اور خلج کے ترک بادشاہوں سے جہاد کیا اور جنوب میں سندھ مکران سے متصل علاقوں کے راجوں مہاراجوں رتبیل وغیرہ سے جنگ کی۔ اس کے بعد حجاج کی اطاعت سے نکل کر کرمان چلے گئے۔ پھر خلیفہ عبدالملک کی اطاعت سے بھی برگشتہ ہوکر دونوں کے خلاف زبردست طاقت جمع کرلی۔ ان کی اس تحریک میں کوفہ، بصرہ اور ملحقہ علاقوں کے قرّار وعبّاد اور عوام شریک تھے۔ حجاج فوج لے کر بصرہ کی طرف چلا۔ ابن اشعث کی فوج بھی مقابلہ کے لئے بڑھی اور دونوں فوجوں میں اسّی بار سے زائد خوں ریز لڑائیاں ہوئیں۔ جن میں طرفین کے بہت سے آدمی مارے گئے۔ آخری مقابلہ دیر جماجم میں ۸۲ھ یا ۸۳ھ میں ہوا۔ جس میں ابن اشعث کو شکست ہوئی اور وہ ہندوستان آکر بامیان کے راجہ رتبیل کی پناہ میں آگئے۔ مگر حجاج نے

---

[1] تہذیب التہذیب ج ۷ ص ۱۷۱۔

ان کو تلاش کر کے قتل کرا دیا۔ مسعودی نے راجہ رتبیل کا نام لیے بغیر لکھا ہے۔

فمضی حتی انتھی الی ملوك الھند — ابن اشعث نے ہندوستان کے راجوں کی پناہ لی۔

(مروج الذہب ج ۳ ص ۱۳۹)

ابوالفرج اصفہانی نے کتاب الاغانی میں لکھا ہے کہ ان ہی ایام میں ایک مرتبہ راجہ نے ابن اشعث کو حضرت حسان بن ثابتؓ کا ایک شعر سنایا۔ جسے انھوں نے حارث بن ہشام کے بارے میں کہا تھا۔ اور جس میں میدان جنگ میں دوستوں کو چھوڑ کر فرار کا ذکر تھا اس شعر کو سن کر ابن اشعث نے راجہ سے کہا کہ کیا تم نے حارث بن ہشام کا جواب نہیں سنا ہے؟ راجہ نے پوچھا اس نے کیا جواب دیا ہے؟ ابن اشعث نے جب جواب سنایا تو راجہ رتبیل نے کہا اے جماعت عرب! آپ لوگوں نے ہر بات کو حسین بنا دیا ہے حتیٰ کہ فرار کو بھی حسین بنا دیا۔

ابن اشعث دوبار ہندوستان آئے۔ ایک بار سجستان کی امارت کے ایام میں یہاں کے راجوں مہاراجوں سے جنگ کے سلسلہ میں آئے اور دوسری بار اپنی ناکامی کے بعد پناہ گزیں ہوئے اور یہیں سے گرفتار کر کے حجاج کے پاس بھیجے گئے مگر راستہ ہی میں یا عراق پہنچ کر فوت ہو گئے۔[1]

## عبدالرحمٰن بن عباس ہاشمیؒ

عبدالرحمٰن بن عباس بن ربیعہ بن حارث بن عبدالمطلب بن ہاشم قرشیؒ کی والدہ حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ کی صاحبزادی حضرت ام فراس ہیں۔ تبع تابعین سے ہیں۔ انھوں نے حضرت ابوہریرہؓ سے اور ان سے ثابت بنانیؒ نے روایت کی ہے

[1] جمہرۃ انساب العرب ص ۴۲۵، مروج الذہب ج ۳ ص ۱۳۸، البحر ج ا ص ۹۰، الاغانی ج ۴ ص ۱۷۴۔

کے دادا ربیعہ بن حارث صحابی ہیں اور والد عباس بن ربیعہ نہایت معزز و محترم بزرگ
تھے۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے ان کو بصرہ میں جاگیر میں ایک مکان اور ایک لاکھ دینار
دیا تھا۔ جنگ صفین میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ قتل ہوئے۔ عبدالرحمٰن بن عباس
حجاجی دور میں ابن اشعث کے سرگرم قائدین میں تھے۔ شکست کے بعد سندھ پہونچے اور
وہیں فوت ہوئے۔ ان کے صاحبزادے فضل بن عبدالرحمٰن اپنے فضل و کمال اور
نہایت رائے کی وجہ سے خلافت کی صلاحیت کے مالک تھے۔ ان کا خیال تھا کہ خلافت
صرف بنی ہاشم کے باصلاحیت اشخاص میں ہونی چاہئے دوسروں میں نہیں ہونی چاہئے۔
تاریخ طبری اور کامل ابن اثیر میں ہے کہ ۸۲ھ یا ۸۳ھ میں ابن اشعث کی ہزیمت کے
بعد ان کے عام امراء و اصحاب منتشر ہو گئے۔ اور خود ابن اشعث نے راجہ رتبیل کے
یہاں پناہ لی۔ مگر ہزیمت خوردہ فوج کی بڑی تعداد نے عبدالرحمٰن بن عباس کے ہاتھ پر
بیعت کر کے ان کی قیادت قبول کر لی۔ عبدالرحمٰن اس کے ساتھ ہرات کی طرف روانہ
ہوئے جہاں رقاد ازدی سے مڈبھیڑ ہوئی اور وہ مارا گیا۔ اس کے بعد خراسان کے
اموی امیر یزید بن مہلب نے عبدالرحمٰن کے پاس پیغام بھیجا کہ آپ کے لئے دوسرے شہروں
میں بھی ٹھکانا ہے۔ جہاں کے امراء مجھ سے کم طاقت و شوکت رکھتے ہیں۔ آپ کسی ایسے شہر
میں چلے جائیں جہاں حکومت کی گرفت نہ ہو۔ میں آپ سے جنگ کرنا پسند نہیں کرتا۔ اگر
مال کی ضرورت ہو تو میں بھیج دوں؟ عبدالرحمٰن نے جواب دیا کہ ہم یہاں جنگ یا قیام کے
لئے نہیں آئے ہیں۔ بلکہ ہم یہاں کچھ دنوں آرام کر کے چلے جائیں گے۔ ہم کو مال کی بھی ضرورت
نہیں ہے۔ یزید بن مہلب اس جواب سے مطمئن ہو گئے۔ مگر بعد میں عبدالرحمٰن نے خراج اور
مال وصول کرنا شروع کر دیا۔ یزید بن مہلب نے کہلا بھیجا کہ جو آدمی صرف چند دن آرام
کر کے واپس جانا چاہتا ہے وہ مالیات کی تحصیل وصول میں نہیں پڑتا۔ آپ آرام کر کے
تازے ہو چکے۔ جو کچھ مال وصول کر لیا وہ سب بلکہ مزید برآں آپ کے لئے ہے۔



Marfat.com

اب یہاں سے چلے جائیں۔ میں جنگ کرنا نہیں چاہتا۔ یزید بن مہلب کے اس عقیدت مندانہ ا
ہمدردانہ رویہ کے باوجود عبدالرحمن وہاں سے نہ ٹلے۔ بلکہ آمادۂ پیکار ہو گئے۔ مزید برآ
یہ کیا کہ یزید بن مہلب کی فوجوں سے خط وکتابت کر کے ان کو بھی اپنے ساتھ کرنا چاہا یز
بن مہلب نے کہا کہ اب معاملہ عتاب و معاتبہ سے آگے بڑھ چکا ہے۔ پھر جنگ شروع کرد
ابتدائی حملوں میں عبدالرحمن کے اکثر ساتھی جدا ہو گئے اور وہ چند جانثاروں کے ساتھ
میدان میں اڑے رہے۔ آخر ان کو بھی شکست ہو گئی۔ یزید بن مہلب نے اپنی فوجوں کو
تعاقب سے منع کر دیا۔ البتہ جو کچھ ملا اس پر قبضہ کر لیا اور قیدی بنایا۔ اس ہزیمت کے
بعد عبدالرحمن سندھ چلے آئے الامامہ والسیاستہ میں ہے کہ ابن اشعث کی شکست کے
بعد عبدالرحمن نے ان کی جگہ سنبھال کر تین دن تک حجاج کی فوجوں سے مقابلہ کیا مگر شکست
کھا کر فارس چلے گئے اس کے بعد سندھ گئے اور وہیں فوت ہوئے[1]۔

## عبدالرحمن بن مسلم کلبیؒ

عبدالرحمن بن مسلم کلبی محمد بن قاسم کے ممتاز قوّاد اور فوجی امرا میں سے تھے۔ حجاج
نے محمد بن قاسم کے پاس جو خط بھیجا تھا۔ اس میں لکھا تھا کہ میں نے تمہاری فوج میں جو شائخ
اشراف بھیجے ہیں۔ ان میں عبدالرحمن بن مسلم کلبی بھی ہیں' میں نے ان کی بہادری بارہا دیکھی
ہے۔ دشمن میں کوئی ان کا مقابل نہیں ہے[2]۔

## عبدالرحمن بن عبداللہ اعشیٰ ہمدان شاعر

ابوالمصبح عبدالرحمن بن عبداللہ بن حارث بن نظام بن جشم بن عمرو بن حارث بان

---

[1] جمہرۃ انساب العرب ص ۱۷'، تاریخ طبری ج ۶ ص ۳۷۳'، کامل ابن اثیر ج ۴ ص ۱۸۷'
تہذیب التہذیب ج ۶ ص ۲۰۵'، المعارف ص ۵۶'، الامامہ والسیاستہ ج ص [2] چچ نامہ ص ۱۲

بن عبد الرحمن جشم بن حاشد بن جشم بن خیران بن نوف بن ہمدان "اعشیٰ ہمدان"
لقب سے مشہور ہیں اور دولت امویہ کے مشاہیر شعراء میں سے ہیں۔ وہ امام شعبی کے اور
شعبی ان کے بہنوئی تھے۔ ابتدائے حال میں کوفہ کے مشہور علماء و فقہاء اور قراء میں سے
بعد میں فقہ و حدیث سے ہٹ کر شعر و شاعری اختیار کرلی اور ابو اسامہ احمد نصیبی
ہمدانی سے خاندانی و وطنی مواخات قائم کر کے ان کو اپنے اشعار کا راویہ بنایا۔
احمد نصیبی محفلوں میں اعشیٰ کے اشعار سناتے تھے۔

یزید بن معاویہ کے زمانہ میں اعشیٰ ہمدان نے امیر خراسان سلم بن زیاد کی سربراہی
غزوات میں شرکت کی ہے۔ چنانچہ غزوہ خجندہ میں بھی شریک تھے اور اس موقع پر
اشعار کہے:

لیت خیلی یوم الخجندة لم یھزم  وغودرت فی المکرّ سلیبا
اے کاش! جنگ خجندہ میں میرا گھوڑا ہزیمت کھا کر نہ بھاگا ہوتا اور میں دشمن پر حملہ
کر کے شہید ہو جاتا۔

تحضر الطیر مصرعی وتروّ  حتُ الی اللہ فی الدماء خضیبا
پرندے میرے لاشہ پر ہوتے اور میں خون آلودہ ہو کر اللہ کی جناب میں سرخرو ہوتا

ایک مرتبہ اعشیٰ نے امام شعبی سے بیان کیا کہ میں نے خواب دیکھا ہے کہ میں ایک مکان
داخل ہوا جہاں جو اور گیہوں رکھے ہوئے تھے۔ مجھ سے کہا گیا کہ ان دونوں میں سے تم
چاہو لے لو۔ میں نے جو پسند کیا۔ امام شعبی نے فرمایا کہ اگر تم خواب کو سچ بیان کر رہے ہو
قرآن اور قرارت چھوڑ کر شاعری اختیار کرو گے۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا۔ حجاج بن
یوسف نے اعشیٰ کو ایک مرتبہ دیلم اور دستبیٰ کے علاقہ میں فوجی مہم کے ساتھ روانہ کیا۔ اس
میں اعشیٰ گرفتار ہو کر ایک مدت تک دیلمیوں کی قید میں رہے اور اس درمیان
وہاں کے حاکم کی لڑکی اعشیٰ پر عاشق ہو گئی تھی۔ بعد میں رہائی نصیب ہوئی اور وہ

Marfat.com

ہندوستان آئے صورت یہ ہوئی کہ حجاج بن یوسف نے مکران کی مہم پر فوج کی روا
اعلان کیا اور کوفہ کے لشکر کے ساتھ اعشیٰ ہمدانی کو بھی مکران بھیجا، جہاں وہ زیا
دنوں تک رہ جانے کی وجہ سے بیمار پڑ گئے۔ ان ہی ایام میں وطن کی یاد میں ۳۵ اشعار کا ایک پُر تاثیر قصیدہ کہا جس میں یہ اشعار خاص طور سے قابل ذکر ہیں۔

طابت الصبا اذ علا المکبر  وشال القذال وما تقصر

تم نے اس وقت عشق و محبت کی خواہش کی اور ان میں کوئی کمی نہیں کی جب کہ بڑھاپا چھا گیا اور سر کے بال سفید ہو گئے۔

وبان الشباب ولذاته  ومثلك فی الجهل لا یعذر

اور جوانی اور اس کی لذتیں رخصت ہو چکی ہیں۔ تم جیسے کا کوئی عذر اس جہالت کے بارے میں مسموع نہیں ہے۔

وقد قیل: انكم عابرو  ن بحراً لم یكن یُعبر

اور اعلان کیا جا چکا ہے کہ تم لوگ ایسے سمندر کو عبور کرنے والے ہو جو اب تک عبور نہیں کیا گیا ہے۔

الی الهند والسند فی ارضهم  هم الجن لكنهم انكر

تم ہندوستان اور سندھ جاؤ گے جہاں کے باشندے خوفناک قسم کے جنات ہیں۔

وما رام غزواً لها قبلنا  اکابر عادٍ ولا حِمیرُ

ہم سے پہلے قوم عاد اور قوم حمیر کے ناموروں نے بھی وہاں جنگ کا ارادہ نہیں کیا تھا

وما رام سابور غزواً لها  ولا الشیخ کسریٰ ولا قیصر

اور نہ ہی سابور اور کسریٰ اور قیصر نے وہاں جنگ کا ارادہ کیا تھا۔

ومن دونها معبر واسع  واجرٌ عظیم لمن یوجر

اس سرزمین کے آگے ایک وسیع کنارا ہے اور اس جہاد میں اجر والوں کے لیے اجر عظیم ہے

Marfat.com

ان اشعار میں اعشیٰ نے ہندوستان کے ان پرخطر حالات کا نقشہ دیکھا ہے جو ابتدار
اسلامی فوج کو درپیش تھے اور اجروثواب کے عقیدے نے مسلمانوں کے حق میں ان کو
یت آسان بنا دیا تھا۔

بعد میں جب ابن اشعث نے حجاج بن یوسف کے جبر وظلم کے خلاف خروج
ور کوفہ کے علمار وقرار اور اعیان واشراف ان کے ہمراہ آمادۂ پیکار ہوئے تو
م شعبی، اعشیٰ ہمدان اور ان کے ساتھ ابو اسامہ احمد نصیبی ہمدانی نے بھی خروج
حصہ لیا۔ احمد نصیبی اعشیٰ کے رجزیہ اشعار سناتے تھے۔ جن میں ابن اشعث کے مناقب و
مدبیان کر کے اہل کوفہ کو حجاج کے خلاف جنگ پر ابھارتے تھے۔ اعشیٰ نے ابن
ث کے ساتھ رہ کر کارہائے نمایاں انجام دئے اور بڑی بہادری سے حجاج کی
بوں کا مقابلہ کیا۔ مگر ابن اشعث کی ہزیمت کے بعد ان کے دیگر ہمراہیوں اور
ھیوں کی طرح اعشیٰ کو بھی گرفتار کر کے حجاج کے سامنے پیش کیا گیا اور اس
قتل کر دیا[۱]

# عبدالرحیم بن حماد ثقفی دیبلی بصری رح

عبدالرحیم بن حماد ثقفی، دیبلی، سندی، بصری ان علمار اسلام اور مشائخ امت
ہیں۔ جو اموی دور میں سندھ میں پیدا ہوئے اور یہاں سے بصرہ تشریف لے جاکر وہیں مستقل
ت اختیار کی۔ بنو ثقیف کے اس خاندان سے تھے جو فتح دیبل کے بعد وہیں آباد ہو گیا
ان کا شمار مشیخت و بزرگی میں حارث محاسبی رح شقیق بلخی رح اور حاتم اصم طائی رح کے زمرہ میں
تا ہے۔

حافظ ابن حجر نے لسان المیزان میں لکھا ہے کہ عبدالرحیم بن حماد ثقفی نے امام اعمش

---

[۱] الاغانی ج ۹ ص ۴۰۳ تا ص ۴۲ (بیروت)، فتوح البلدان ص ۴۰۳۔

Marfat.com

وغیرہ سے روایت کی ہے اور وہ سندھ کی نسبت سے مشہور ہیں۔ بصرہ میں سکونت پذیر ہو گئے تھے۔ ان کے بارے میں عقیلی نے اپنے دادا کا قول نقل کیا ہے۔

قدم علینا من السند شیخ کبیر کان یحدث عن الاعمش و عمرو بن عبید۔

ہمارے یہاں سندھ سے ایک بزرگ تشریف لائے جو امام اعمش اور عمرو بن عبید سے روایت کرتے تھے۔

ابن حجر کہتے ہیں کہ عبدالرحیم ضعیف شیخ ہیں۔ میں نے ان کے بارے میں محدثین کا کوئی کلام نہیں دیکھا۔ اس کے باوجود یہ عجیب بات ہے کہ "معجم ابن جمیع" میں ان کی حدیث سندِ عالی سے وارد ہوئی ہیں۔ عقیلی نے کہا ہے کہ وہ اعمش کی روایت سے منکر احادیث بیان کرتے تھے۔ ابن حبان نے ان کا تذکرہ ثقات میں کیا ہے اور کہا ہے کہ عبدالرحیم بن حماد امام اعمش سے اور ان سے علمائے عراق نے روایت کی ہے، امام بیہقی نے شعب الایمان میں ان کے ضعف کی طرف اشارہ کیا ہے۔ امام ذہبی نے بھی میزان الاعتدال میں عبدالرحیم بن حماد ثقفی سندی کا تذکرہ کیا ہے خطیب نے تاریخ بغداد میں سعید بن عمرو برذعی سے نقل کیا ہے کہ ایک مرتبہ میں ابو زرعہ کی مجلس میں حاضر تھا کہ ان سے حارث محاسبیؒ اور ان کی کتابوں کے بارے میں سوال کیا گیا۔ انھوں نے سائل سے کہا ان کی کتابوں سے بچتے رہو۔ ان کتابوں میں بدعات و ضلالت ہیں۔ اثر اور حدیث کو لازم پکڑو اس لئے کہ اس میں وہ چیز پاؤ گے جو تمہیں ان کتابوں سے بے نیاز کر دے گی۔ اس پر ابو زرعہ سے کہا گیا کہ ان کتابوں میں عبرت و نصیحت ہے تو انھوں نے کہا کہ جس شخص کے لئے کتاب اللہ میں عبرت و نصیحت نہیں ہے اس کے لئے ان کتابوں میں بھی عبرت و نصیحت نہیں ہے۔ تم کو معلوم ہے کہ مالک بن انس، سفیان ثوری، اوزاعی اور ائمہ متقدمین نے خطرات اور وساوس اور اسی قسم کی دوسری باتوں کے متعلق کتابیں لکھی ہیں اور ان لوگوں نے (جو ان کے بعد ہوئے ہیں) اہل علم یعنی ائمہ متقدمین کی مخالفت کی ہے

اس کبھی حارث محاسبی کو لاتے ہو کبھی عبدالرحیم دیبلی کو پیش کرتے ہو اور کبھی حاتم طائی اور شقیق بلخی کو سامنے لاتے ہو۔ آخر میں امام ابوزرعہ نے فرمایا:

مااسرع الناس الی البدع　　لوگ کس قدر جلد بدعات میں پڑ گئے۔

بات یہ ہے کہ حضرات محدثین اور علمائے کتاب وسنت زہد ورقائق کی ایسی کتابوں کو احادیث و آثار کے مقابلہ میں ترجیح نہیں دیتے تھے جن میں زہد و تقویٰ کا بیان واقعات و قصص اور اقوال و احوال کے رنگ میں ہو بلکہ وہ عبر و نصائح کے لئے کتاب و سنت کو کافی سمجھتے تھے[1]

## عبدالعزیز بن عبداللہ بن عامر

انھوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے حدیث مرسل روایت کی ہے اور ان سے سماک بن حرب کوفی نے روایت کی ہے۔ جس زمانہ میں عبدالملک بن مروان اور عبداللہ بن زبیر میں مقابلہ ہو رہا تھا اور سجستان کے عربوں میں ہر جگہ قبائلی عصبیت عام تھی۔ جس سے راجہ رتبیل وغیرہ نے پورا فائدہ اٹھا کر اپنا اثر و رسوخ پیدا کر لیا تھا۔ حضرت عبداللہ بن زبیر کی طرف سے والی عراق حارث بن عبداللہ بن ربیعہ مخزومی نے عبدالعزیز بن عبداللہ بن عامر کو سجستان کا امیر بنایا اور مقامی عربوں نے ان کا شاندار استقبال کیا اور عبدالعزیز کے ساتھ ہو کر راجہ رتبیل سے جنگ کی۔ ابوعفراء عمیر مازنی نے راجہ کو قتل کیا اور کفار کو ہزیمت اٹھانی پڑی، اس کے بعد عبداللہ بن ناشرہ تمیمی نے عبدالعزیز کے پاس پیغام بھیجا کہ زرنگ کے خزانہ کی ساری دولت لے کر واپس آجاؤ۔ عبدالعزیز نے اس پر عمل کیا۔ ابھی راستہ ہی میں تھے کہ ابن ناشرہ نے بڑھ کر زرنگ پر قبضہ کر لیا۔ یہ دیکھ کر وکیع بن ابی الاسود تمیمی عبدالعزیز کو راستے سے واپس لائے اور صبح کو جب شہر کا دروازہ کھلا تو

[1] لسان المیزان ج ۴ ص ۱۰۴، تاریخ بغداد ج ۸ ص ۲۱۵۔

Marfat.com

اپنے آدمیوں کو لے کر زرنگ میں داخل ہو گئے اور ابن ناشرہ کو نکال باہر کیا۔ اس نے اپنے طرفداروں کو جمع کر کے عبدالعزیز سے مقابلہ کیا۔ اس وقت بھی وکیع بن ابوالاسود عبدالعزیز کے ساتھ تھے۔ میدان جنگ میں ابن ناشرہ کا گھوڑا بدک گیا اور وہ مارے گئے

## عبدالقیس جارودی

عبدالقیس جارودی نے محمد بن قاسم کے ساتھ غزوات وفتوحات میں خدمات انجام دی ہیں۔ ایک مرتبہ محمد بن قاسم نے وداع بن حمید ازدی اور عبدالقیس جارودی کو قلعۂ سیسم کا امیر و محافظ بنایا تھا اور وہاں کے جملہ انتظامی امور و معاملات ان کے سپرد کئے تھے[۲]

## عبداللہ بن سوار عبدیؒ

عبداللہ بن سوار بن ہمام عبدی قبیلہ بنی مرہ بن ہمام سے مدرک ہیں یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا زمانۂ اقدس پایا ہے۔ مگر زیارت و روایت کا شرف نہ پا سکے ان کے والد حضرت سوار بن ہمام صحابیٔ رسول ہیں۔ عبداللہ بن سوار عہد نبوی میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے بحرین کے عامل تھے۔ عرب کے مشہور سخی امراء میں ان کا شمار ہوتا تھا۔ بعد میں عراق کی فتوحات میں شریک ہوئے خاص طور مشرقی ممالک کی فتوحات و امارات میں ان کی بیش بہا خدمات ہیں آخر میں ہندوستان کے والی اور مجاہد بن کر یہیں شہید ہوئے۔

خلیفہ بن خیاط نے لکھا ہے کہ عبداللہ بن سوار بحرین میں حضرت عثمان رضی اللہ عنہ

---

[۱] تاریخ کبیر ج ۳ ق ۲ ص ۱۳۱، فتوح البلدان ص ۳۹۰ [۲] چچ نامہ ص ۔

ولاۃ قضاۃ میں تھے عبداللہ بن عامر نے ان کو بحرین کی امارت و ولایت روانہ کیا جہاں وہ حضرت عثمانؓ
شہادت تک رہے۔ پھر عجم اور مشرقی ممالک کی فتوحات میں شریک تھے۔ خاص طور سے اصطخر، مروالروذ
ور سندھ کی فتوحات میں نمایاں کامیابی حاصل کی، اصطخر کی فتح میں باپ بیٹے دونوں شریک
تھے۔ اس موقع پر سوار بن ہمام یہ رجز پڑھتے تھے اور جنگ کرتے تھے۔

یا آل عبد القیس للقراع  قد جعل الامداد بالجراع
و کلھم فی سنن المصاع  یحسن ضرب القوم بالقطاع

حتیٰ کہ اسی حال میں لڑتے لڑتے شہید ہو گئے۔ اسی دن سے عبداللہ بن سوار نے
پنی زندگی جہاد کے لئے وقف کر دی یہاں تک کہ اسی راہ میں جام شہادت نوش
کیا۔ ابن سعد نے تصریح کی ہے کہ عبداللہ بن عامر نے عبداللہ بن سوار عبدی کو
مروالروز کی مہم پر روانہ کیا جسے انھوں نے سر کیا۔

محمد بن حبیب بغدادی نے لکھا ہے کہ اسلامی دور میں قبیلہ ربیعہ کے اسخیا اور
جواد عرب میں عبداللہ بن سوار عبدی بھی تھے جس زمانہ میں وہ ہندوستان کے
میر تھے ان کے ساتھ چار ہزار فوج رہا کرتی تھی۔

مگران کی آگ کے ساتھ کسی دوسرے شخص کی آگ نہیں جلتی تھی بلکہ تمام فوج کا
کھانا ان کے خزانہ سے تیار کیا جاتا تھا۔ ایک رات انھوں نے دیکھا کہ ایک شخص آگ
جلا کر کچھ کھانا پکا رہا ہے۔ پوچھا یہ کیسی آگ جلائی گئی ہے؟ لوگوں نے بتایا کہ آج رات
یک شخص کی بیوی کے یہاں بچہ پیدا ہوا ہے۔ اس زچہ کے واسطے خبیص یعنی حلوہ بن رہا
ہے۔ یہ سن کر عبداللہ بن سوار نے اپنے مطبخ کے داروغہ کو حکم دیا کہ تمام فوج کو کھانا حلوہ
کے ساتھ دیا جائے۔ بلاذری نے لکھا ہے کہ اس موقع پر تین دن تمام فوجیوں کو کھانے کے
ساتھ حلوہ کھلایا گیا تھا ایک شاعر نے کہا ہے۔

و ابن سوار علی عداته  موقد النار وقتال السغب

Marfat.com

ابن سوار اپنے آدمیوں کے کھانے کے لئے آگ جلاتے ہیں اور ان کی بھوک کو شکم سیری سے ختم کرتے ہیں۔

قاضی رشید بن زبیر کا بیان ہے کہ عبد اللہ بن سوار عبدی حضرت معاویہ کی طرف سندھ کے والی تھے انھوں نے بلاد قیقان کی فتح میں بہت سی غنیمت حاصل کی۔ ا[...] قیقان کے راجہ نے جزیہ کی رقم اور اپنی طرف سے فدیہ ادا کرکے رہائی حاصل کی اور بہت سے ہدایا و تحائف اور سندھ کے عمدہ عمدہ ساز و سامان پیش کئے جن کی مثال دیکھنے میں نہیں آئی ان ہدایا و تحائف میں ایک آئینہ کا ٹکڑا تھا۔ جس کے بارے میں اہل علم کا بیان ہے کہ جب حضرت آدم علیہ السلام کی اولاد زمین میں پھیل گئی تو اللہ تعالے نے ان پر یہ آئینہ اتارا حضرت آدمؑ اپنی جس اولاد کو دیکھنا چاہتے تھے وہ جہاں اور جس حال میں ہوتی اس میں دیکھ لیتے تھے اس نادر اور قیمتی آئینہ کے ٹکڑے کو عبداللہ بن سوار نے حضرت معاویہ کی خدمت میں بھیج دیا۔ جو ان کی زندگی بھر ان کے پاس رہا۔ پھر اموی خلفاء میں منتقل ہوتا رہا اور بنو عباس نے اپنے دور میں بنو امیہ کے تمام ساز و سامان کی طرح اس آئینہ پر بھی قبضہ کر لیا۔ عبداللہ بن سوار نے ہندوستان میں دوبار جہاد کیا پہلی بار حضرت راشد بن عمرو حدیدی ازدی کی شہادت کے بعد قیقان کو فتح کرکے حضرت معاویہ کے پاس ملک شام گئے اور ان کی خدمت میں سندھ قیقان کے ہدایا و تحائف اور گھوڑے پیش کئے اور دوسری بار واپس آکر پھر قیقان میں جہاد کیا۔ جس میں وہ اور اسلامی فوج کے بیشتر سپاہی شہید ہوگئے یہ واقعہ ۴۷ھ کا ہے[1]

[1] اصابہ ج ۲ ص ۹۶ و ج ۳ ص ۹۲، تاریخ خلیفہ ج ۱ ص ۱۹۷، تاریخ طبری ج ۵ ص[...] دیورپ) طبقات ابن سعد ج ۵ ص ۶۴، کتاب المحبر ص ۲۰۵ اور ص ۱۵۵ ، کتاب الاغانی[...] ص ۱۶۷، چچ نامہ ص ۷۰، ص ۸۰ ص ۸۳۔

Marfat.com

# عبداللہ بن عبدالرحیم علافی سامی

۸۵ھ میں حجاج بن یوسف نے سعید بن اسلم کلابی کو مکران کا والی بنایا۔ انھوں نے تیزی سے یہاں کے بگڑے ہوئے حالات درست کئے ابتدائی ایام میں عمان کے ایک شخص سفہوی بن لام کو اس کے انکار و سرکشی پر قتل کیا۔ جس کی وجہ سے مکران میں شورش پسند عمانی علافیوں میں غم و غصہ کی لہر دوڑ گئی اور وہ سب سعید بن اسلم سے انتقام لینے کے درپے ہو گئے ان ہی ایام میں ایک مرتبہ سعید بن اسلم میدان میں نکلے تو علافیوں نے ان کو قتل کر دیا اس کی تفصیل یہ ہے کہ کلیب بن خلف عمی، عبداللہ بن عبدالرحیم علافی، محمد بن حارث علافی اور معاویہ بن حارث علافی نے مشورہ کیا کہ سفہوی ہمارے شہر عمان کا باشندہ تھا۔ سعید کو حق نہیں تھا کہ ہمارے آدمی کو قتل کرے۔ اس کے بعد سعید بن اسلم کو میدان میں پاکر قتل کر دیا اور مکران پر قابض ہو گئے۔ عبداللہ بن عبدالرحیم ان باغیوں میں نمایاں شخصیت کا مالک تھا۔ اس کے بارے میں اس سے زیادہ معلومات نہ ہو سکیں[1]

# عبداللہ بن ناشرہ تمیمی

امیر سجستان عبدالعزیز بن عبداللہ بن عامر کو دارالسلطنت زرنگ سے ہٹا کر قابض ہو گئے مگر بعد میں دونوں میں مقابلہ ہوا اور عبداللہ بن ناشرہ مارے گئے جیسا کہ عبدالعزیز بن عبداللہ بن عامر کے حال میں معلوم ہوا۔ ان کے مرنے پر ابو خرابہ یا حنظلہ بن عرارہ نے کہا ہے

الا لا فتیٰ بعد ابن ناشرۃ الفتیٰ ولا شیء الا قد تولیٰ وادبرا

ابن ناشرہ جیسے شریف آدمی کے بعد اب کوئی شریف آدمی نہیں رہا اور اس کے بعد ہر چیز ختم ہو گئی۔

[1] چچ نامہ ص ۸۶۔

Marfat.com

وکان حصّاداللمنایا ازدرعنہ فھلاّ ترکن النبت ما کان اخضرا

وہ موت کا شکار ہوگیا۔ حالانکہ یہ پودا نوا بھی سرسبز تھا اسے موت نے کیوں نہیں چھوڑ دیا؟

فتی حنظلی ماتزال یمینہ تجود بمعروف وتنکر منکرا

وہ ایسا حنظلی شریف تھا کہ اس کا ہاتھ ہمیشہ سخاوت کرتا رہا اور برائی روکتا رہا۔

لعمری لقد ھدت قریش عروشنا باروع نفّاح العشیات ازھرا

قریش والوں نے ہمیں اجاڑ دیا وہ بھی ایسی شام میں جس کی خوشبو ہر طرف پھیلی ہوئی تھی۔

ان اشعار سے ابن ناشرہ کی نجابت و شرافت، جود و سخاوت اور مروت و بسالت کا بخوبی اندازہ ہو سکتا ہے[1]

## عبداللہ بن امیہ عبشمی

عبداللہ بن امیہ بن عبداللہ بن خالد بن اسید بن ابی العیص بن امیہ بن عبدشمس کا شمار محدثین میں ہے۔ اسید بن ابی العیص کے دو لڑکے تھے۔ عتاب اور خالد۔ عتاب کو رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے فتح مکہ کے بعد مکہ کا حاکم بنایا تھا۔ عبداللہ بن خالد فارس کے امیر تھے اور امیہ بن عبداللہ بن خالد خراسان کے امیر تھے۔

عبدالملک بن مروان نے ان کے والد امیہ بن عبداللہ کو خراسان کی حکومت دی تو انھوں نے اپنی طرف سے عبداللہ کو سجستان کا امیر مقرر کیا۔ اس وقت وہ کرمان میں تھے۔ سجستان کی امارت پانے کے بعد انھوں نے راجہ رتبیل سے جنگ کی۔ چونکہ اس سے پہلے ایک راجہ رتبیل عبدالعزیز بن عبداللہ بن عامر کی امارت میں قتل ہو چکا تھا۔ اس لئے دوسرا رتبیل مسلمانوں سے ڈرا ہوا تھا۔ جس وقت عبداللہ بن امیہ بست پہونچے۔ تو اس نے بڑھ کر دس لاکھ درہم پر صلح کر لی اور بہت سے ہدایا و تحائف ان کی خدمت میں

[1] فتوح البلدان ص ۳۹۰۔

بھیجے مگر انھوں نے اس پیش کش کو رد کر کے مزید رقم کا مطالبہ کیا اور جہاد کرتے ہوئے آگے بڑھے۔ رتبیل نے چالاکی کر کے آگے کا راستہ خالی کر دیا۔ جب اسلامی فوج پہاڑوں میں داخل ہو گئی تو رتبیل نے چاروں طرف سے گھیر لیا۔ عبداللہ نے مجبوری کے عالم میں کہلا بھیجا کہ میں تم سے کوئی مطالبہ نہیں کرتا صرف تم ہمیں راستہ دے دو۔ مگر راجہ رتبیل نے انکار کرتے ہوئے کہا کہ یہ نہیں بلکہ تم ہم سے تین لاکھ درہم لے کر صلح کر لو اور عہد نامہ لکھو کہ جب تک تم امیر رہو گے نہ جنگ کرو گے اور نہ کسی قسم کا نقصان پہنچاؤ گے۔
عبداللہ نے مجبوراً یہ کام کیا۔ جب عبدالملک بن مروان کو اس واقعہ کی خبر ہوئی تو اس نے انکو معزول کر دیا۔

## عبدالملک بن مسمع بن مالک مسمعیؒ

عبدالملک بن مسمع بن مالک بن مسمع بن شہاب بن قلع بن عمرو بن عباد بن جحدر بن ضبیعہ مسمعیؒ قبیلہ بنو ربیعہ سے ہیں۔ جو قیس بن ثعلبہ بن عکابہ کی شاخ ہے۔ عبدالملک کے پانچ بیٹے تھے شیبان، شہاب، مسمع (جن کا لقب کُردین تھا) غسّان اور عامر نسّابہ ان میں سے شہاب، مسمع اور شیبان کے بیٹے عبداللہ نے بصرہ میں حضرت ابراہیم کے ساتھ خروج میں حصہ لیا۔ جیسا کہ ابن حزم نے لکھا ہے۔

عبدالملک بن مسمع حضرت عمر بن عبدالعزیز کے دور خلافت میں سندھ کے والی تھے خلیفہ کا بیان ہے:۔

| | |
|---|---|
| (تسمية عمال عمر بن عبدالعزيز) | عدی بن ارطاۃ نے عبدالملک بن مسمع |
| السند ولاها عديّ بن ارطاة | بن مالک بن مسمع کو سندھ کا امیر بنایا پھر |
| عبدالملك بن مالك بن مسمع | ان کو معزول کر کے عمرو بن مسلم باہلی |
| ثم عزله وولّى عمرو بن مسلم | کو امیر مقرر کیا جو حضرت عمر بن عبدالعزیز |

جمہرۃ انساب العرب ص ۱۱۳ و ص ۱۱۴، فتوح البلدان ص ۳۹۰۔

لبا هلی حتی مات عمر، کی وفات تک رہے۔

سنہ ۱۰۲ھ میں عبد الملک قتل کئے گئے۔ خلیفہ نے بیان کیا ہے کہ یزید بن مہلب نے عمر بن عبد العزیز کے زمانہ میں خروج کر کے ان کے والئ عراق عدی بن ارطاۃ کو گرفتار کر لیا جس کی پاداش میں بروز جمعہ ۱۲ صفر سنہ ۱۰۲ھ ان کو قتل کیا گیا جب یہ خبر واسط میں یزید کے آدمیوں کو پہونچی جو عراق پر قابض تھے۔ تو انھوں نے واسط کے دار الامارۃ میں عدی بن ارطاۃ اور ان کے لڑکے محمد بن عدی کو جیل خانہ سے نکال کر قتل کر دیا۔ اس وقت یزید بن مہلب کے لڑکے معاویہ مقتل میں بیٹھے تھے۔ ان دونوں کیساتھ مالک بن مسمع، عبد الملک بن مسمع، قاسم بن مسلم اور عبد اللہ بن عمر لنفری کی گردنیں بھی ماری گئیں[1]

## عبد الملک بن عبد اللہ خزاعیؒ

عبد الملک بن عبد اللہ خزاعی قبیلہ بنی خزاعہ سے تھے۔ محمد بن قاسم نے ان کو دیبل کی فتح کے بعد اس فوج کا امیر مقرر کیا تھا۔ جو دیبل کو غنیم کے حملوں سے بچانے کے لئے متعین تھی۔ اس سے زیادہ کچھ معلوم نہ ہو سکا[2]

## عبد الملک بن قیس دبینیؒ

عبد الملک بن قیس دبینی بھی محمد بن قاسم کے ساتھ مکران آئے اور محمد بن قاسم نے ان کو "کاکہ" کے ساتھ سرکشوں کی گوشمالی کے لئے روانہ کیا تھا۔ تحفۃ الکرام میں ان کی نسبت دنیفی درج ہے[3]

[1] جمہرۃ انساب العرب ص ۲۰۳، تاریخ خلیفہ بن خیاط ج ۲ ص ۴۶۴ و ص ۴۷۱۔ [2] چچ نامہ ص ۲۱۸ [3] چچ نامہ ص ۹۹ و ص ۱۲۳ تحفۃ الکرام ج ۲ ص ۲۹۔

Marfat.com

## عبدالملک بن ہلال ازدیؒ

عبدالملک بن ہلال ازدی ۱۰۲ھ میں قندابیل میں بنو مہلب کے میسرہ پر متعین تھے جب ... بن احوز مازنی نے امن کا جھنڈا بلند کیا تو عبدالملک بنو مہلب سے بے وفائی کر کے اس کے ... ے کے نیچے چلے گئے۔ ساتھ ہی وداع بن حمید ازدی بھی جو بنو مہلب کے میمنہ پر مقرر تھے ... بن احوز سے جا ملے۔ نتیجہ یہ ہوا کہ بنو مہلب مارے گئے[1]

## عبدالملک مدنیؒ

سندھ کی فتوحات میں شریک تھے ایک موقع پر محمد بن قاسم نے ان کو شہ سواروں کا منتخب کیا تھا[2]

## عبیداللہ بن عبداللہ بن معمر قرشی تیمیؒ

عبیداللہ بن عبداللہ بن معمر بن عثمان بن عمرو بن کعب بن سعد بن تیم بن مرہ بن کعب ... لوی بن غالب قرشی تیمی بصریؒ تابعی ہیں۔ ہندوستان میں شہید ہوئے۔ والدہ حبشہ کی ... ن۔ محمد بن حبیب نے کتاب المحبّر میں تصریح کی ہے۔

ابناء الحبشیات..... عبیداللہ ... عبیداللہ بن عبداللہ بن معمر بن عثمان بھی ... عبداللہ بن معمر ابن عثمان التیمی۔ ... ابنائے حبشیات سے ہیں۔

خلیفہ بن خیاط نے کتاب الطبقات میں دو مقام پر ان کا تذکرہ کیا ہے۔ ایک جگہ ... مضر سے قریش کے طبقۂ ثانیہ میں ان کا ذکر کر کے لکھا ہے:۔

عبیداللہ بن عبداللہ بن معمر قتل ... عبیداللہ بن عبداللہ بن معمر ۸۰ھ میں

---

[1] طبری ج ۶ ص ۶۰۰ و ص ۶۰۳ تاریخ نامہ ص ۲۰۲۔

بالھند سنۃ خمسین۔ ہندوستان میں شہید ہوئے۔

دوسری جگہ اہل بصرہ کے اس طبقۂ اولی کا ذکر کیا جن سے صحابۂ کرام کے بعد حد
کے حفظ و روایت کا سلسلہ چلا۔ اس طبقہ میں قبیلۂ مضر کی شاخ کنانہ بن خزیمہ میں ا
شمار کر کے لکھا ہے :۔

وعُبید اللہ بن عبد اللہ بن معمر مات قبل الثمانین۔ عبید اللہ بن عبد اللہ بن معمر ۸۰ھ سے پہلے فوت ہوئے۔

اور حافظ ابن حجر نے اصابہ میں ان کے چچا عبید اللہ بن معمر قرشی تیمی کے ذکر م
ان کے یہ اشعار مرزبانی کی معجم الشعراء کے حوالہ سے لکھے ہیں :۔

اذا انت لم ترخ الازار تکرُّما علی الکلمۃ العوراء من کل جانب

ہر طرف سے ہونے والی بے جا بات پر اگر تم نے اظہار شرافت و اطمینان نہ کیا۔

فمن ذا الذی نرجو لحقن دمائنا ومن ذا الذی نرجو لحمل النوائب

تو پھر ہم کس سے اپنے جان کی حفاظت کی امید رکھیں گے اور کس سے مصائب و شدائد کے برداشت کی توقع کریں گے ؟

پھر لکھا ہے کہ زبیر بن بکار کے بیان سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ اشعار ان کے بھتیجے عبی
بن عبد اللہ بن معمر کے ہیں۔ اس کے بعد ابن حجر نے قسم ثانی میں عبید اللہ بن معمر مذکور کا
کیا ہے اور اس میں لکھا ہے :۔

وان عبد اللہ بن ابی اوفی کتب الیہ (عثمان بن عفان) فی بنی تیم عبید اللہ بن عبد اللہ بن معمر وھو ابن اخی صاحب الترجمۃ۔ عبد اللہ بن ابی اوفی نے حضرت عثمان کے پاس لکھا کہ بنو تیم بن عبید اللہ بن معمر بھی ہیں۔ جو صاحب ترجمہ یعنی عبید اللہ بن معمر کے بھتیجے ہیں۔

ہم نے ان کے ذکر میں کئی ایسی عبارتیں درج کی ہیں جن سے کچھ نہ کچھ ان کا حال

ہوتا ہے تاریخ و تذکرہ کی کتابوں میں ان کا تذکرہ بہت کم پایا جاتا ہے حالانکہ اس مشہور خانوادہ کے کئی نامور افراد کے تذکرے مفصل اور عام طور سے پائے جاتے ہیں[1]

## عبید اللہ بن علی سلمیؒ

عبید اللہ بن علی بن عرفجہ سلمی ۱۰۱ھ میں ابن ہبیرہ کی طرف سے سندھ کے والی ہو[ئے]
خزرجی نے خلاصۃ تذہیب الکمال میں لکھا ہے کہ عبید اللہ بن علی بن عرفجہ سلمی کو عبیدہ کہا جاتا ہے۔ انھوں نے خداش سلمی سے اور ان سے منصور بن معتمر نے روایت کی ہے۔
ذہبی نے تجرید اسماء الصحابہ میں لکھا ہے کہ عبید اللہ سلمی سے ان کے لڑکے خالد نے روایت کی ہے جو صحیح نہیں ہے اور ابو منصور ثعلبی نے اپنی کتاب خاص الخاص میں بیان کیا ہے کہ جب خلیفہ مروان بنو عباس کے مقابلہ میں اپنی خلافت سے ناامید ہو گیا تو اس نے عبید اللہ بن علی کو اپنے حرم کے بارے میں یہ وصیت لکھی:۔

| | |
|---|---|
| الحق لنا فی دمك، وعلینا فی حرمك۔ | تمہارے خون میں ہمارا حق ہے یعنی تم جنگ میں ہمارا ساتھ دو اور تمہارے بچوں عورتوں کی حفاظت ہم پر ضروری ہے۔ |

خلیفہ بن خیاط نے یزید بن عبد الملک کے عمال میں ان کو شمار کیا ہے اور لکھا ہے کہ [عمر] بن عبد العزیز کی وفات کے وقت سندھ کے والی عمرو بن مسلم تھے۔ پھر یزید بن مہلب نے فلان سبئی کو اپنی جانب سے وہاں کا حاکم بنایا۔ یہ ان دنوں کا واقعہ ہے جب [بصرہ] [پر] یزید بن مہلب کا غلبہ تھا اور انھوں نے وداع بن حمید ازدی کو [ق]ن[دابیل کا والی بنایا] تھی۔ اس کے بعد سے فلان سبئی سندھ پر برسر حکومت [illegible]

[1] [illegible] بہتر ص ۳۰ ۔ اصابہ [illegible]
[illegible]



Marfat.com

میں مسلمہ بن عبد الملک کی طرف سے ہلال بن احوز مازنی بنو مہلب سے مقابلہ کے لئے قند[ابیل]
آیا۔ اس کے بعد لکھا ہے:۔

ثم ولاها ابن هبيرة سنة ثلاث — سنہ ۱۰۳ھ میں ابن ہبیرہ نے عبید اللہ بن
ومائة عبيد الله بن علي السلمي — علی سلمی کو سندھ کا والی بنایا پھر ان کو
ثم عزله۔ — معزول کر دیا۔

خلیفہ کے علاوہ دوسرے مؤرخوں نے عبید اللہ بن علی سلمی کی سندھ کی امارت و
ولایت کا ذکر نہیں کیا ہے[1]

## عبید اللہ بن نبہان سلمیؓ

سنہ ۸۳ھ اور سنہ ۸۶ھ کے درمیان سندھ کے سمندری ڈاکوؤں نے سرندیپ سے عرب
جانے والے جہاز کو لوٹا اور اس میں سوار مسلمان عورتوں کو گرفتار کیا گیا۔ حجاج نے راجہ داہر
ڈاکوؤں کی گوشمالی اور عورتوں کی رہائی کے بارے میں لکھا مگر راجہ نے صاف جواب دیا
کہ ڈاکو میرے قابو میں نہیں ہیں۔ اس کے بعد حجاج نے ایک طرف عبید اللہ بن نبہان سلمی کو
غزوہ دیبل کے لئے روانہ کیا اور عمان میں بدیل بن طہفہ بجلی کو لکھا کہ تم بھی دیبل پر چڑھائی کر
چچ نامہ میں ہے کہ ان کو حجاج نے یہاں روانہ کیا تھا اور اس کے حاشیہ میں ہے کہ آج کل کراچی
کے علاقہ کسری اور کلفٹن کے درمیان ایک قبر ہے جسے قبر شاہ عبد اللہ کہتے ہیں۔ عوام میں مشہور
ہے کہ یہ بزرگ سندھ کے جہاد میں آئے تھے اور یہی عبید اللہ بن نبہان کی قبر ہے" اللہ بہتر
جانتا ہے کہ یہ قبر عبید اللہ کی ہے یا کسی اور بزرگ کی[2]

---

[1] تاریخ خلیفہ ج ۲ ص ۴۸۴، خلاصہ تذہیب الکمال ص ۲۱۳، تجرید اسماء الصحابہ ج ۱ ص ۱۲
خاص الخاص ص ۷۸۔ [2] فتوح البلدان ص ۴۲۳، چچ نامہ ص ۲۵۵۔

## عبیداللہ بن ابی کبشہ سکسکیؒ

عبیداللہ بن ابوکبشہ، جبریل، بن یسار بن حی بن قرط بن شُبیل بن منقذ بن معدیکرب بن عریف بن سکسک سکسکیؒ، یزید بن ابوکبشہ سکسکی کے بھائی ہیں۔ دونوں بھائی یکے بعد دیگرے سندھ کے والی ہوئے۔ ۹۶ھ میں یزید بن ابوکبشہ نے سندھ کی ولایت پاکر محمد بن قاسم کو گرفتار کیا اور یہاں آنے کے اٹھارہ دن کے بعد وہ فوت ہو گئے۔ انتقال کے وقت اپنے بھائی عبیداللہ بن ابوکبشہ کو اپنا جانشین مقرر کیا۔ مگر والی عراق صالح بن عبدالرحمن نے ان کو معزول کر کے عمران بن نعمان کلاعی کو یہاں کی ولایت دیدی[1]

## عبیداللہ بن ابی بکرہ

عبیداللہ بن ابی بکرہ کی ماں ہولہ بنت غلیظ بنی عجل سے ہیں۔ ان کے کئی بھائی تھے عبداللہ بن ابی بکرہ، عبدالرحمن بن ابی بکرہ، عبدالعزیز بن ابی بکرہ، مسلم بن ابی بکرہ، رواد بن ابی بکرہ، یزید بن ابی بکرہ، عتبہ بن ابی بکرہ، عبیداللہ بن ابی بکرہ قلیل الحدیث محدث تھے۔ زیاد بن ابی سفیان اور حجاج بن یوسف کے دورِ امارت میں سجستان کے امیر بنائے گئے۔ اور راجہ رتبیل سے جنگ کی اور اسی سلسلہ میں فوت ہوئے حجاج بن یوسف نے عراق کی امارت کے بعد ان کو دوبارہ سجستان کا امیر مقرر کیا۔ اس وقت وہاں کے حالات بہت ابتر تھے۔ رنج آکر وہاں سے کابل کی طرف چلے۔ جب ایک پہاڑی درہ میں پہونچے تو اسلامی فوج کو دشمنوں نے گھیر لیا۔ راجہ رتبیل بھی مقابلہ میں آپہونچا۔ آخر عبیداللہ نے راجہ سے پانچ لاکھ درہم پر اس شرط کے ساتھ صلح کر لی کہ وہ عہد نامہ لکھ دیں کہ جب تک یہاں کے امیر رہیں گے۔ راجہ سے جنگ نہیں کریں گے۔ نیز بطور رہن کے اپنے تین لڑکوں کو

[1] تاریخ خلیفہ ج ۱ ص ۴۲۹ و ص ۴۳۰، تاریخ یعقوبی ج ۲ ص ۲۵۶۔

راجہ کے پاس بھیج دیا شریح بن ہانی حارثی نے جو اس وقت موجود تھے اس طرح دب کر صلح کر
پر غیرت دلائی جس کے نتیجہ میں راجہ سے جنگ ہوئی۔ شریح شہید ہوئے اور مسلمانوں کو شکس
کا سامنا کرنا پڑا اور کتنے مجاہدین اسلام بست کے ریگستان میں بھوک پیاس کی شدت سے
جان بحق ہو گئے۔ نیز اس غم میں عبیداللہ بن ابی بکرہ انتقال کر گئے۔ ایک روایت کے مطابق ان کے
کان میں تکلیف ہوئی جس کی وجہ سے ان کی موت واقع ہو گئی۔ اس سے پہلے زیاد بن ابوسفیان
کے دور امارت میں سجستان کے امیر ہوئے تھے تو راجہ رتبیل سے جنگ کر کے دس لاکھ در
پر فاتحانہ صلح کی تھی اور یہاں سے عراق جا کر زیاد بن ابوسفیان سے اس صلح کی توثیق کرائی تھ

## عبید بن عتاب

عبید بن عتاب نامی ایک شخص محمد بن حارث علافی کی بغاوت و شورش کے زمانہ میں را
داہر کے یہاں رہتا تھا۔ محمد بن قاسم سندھ آئے تو عبید بن عتاب نے آکر ان کو خبر دی کہ راج
داہر کو محمد بن حارث علافی نے بتایا ہے جو عربی فوج دریائے سندھ کو عبور کر کے سندھ
آئی ہے وہ صرف ہراول دستہ ہے اور اصلی فوج پیچھے آرہی ہے یہ سن کر راجہ داہر نے مقابلہ
کی پوری تیاری کر لی۔ اس کے بعد محمد بن قاسم نے بھی پوری تیاری کی۔ عبید بن عتاب نے
یہ خبر دے کر اسلامی فوج کو بڑی مدد پہونچائی۔[1]

## عثمان بن مفضّل ازدیؒ

عثمان بن مفضل بن مہلب بن ابوصفرہ ازدی اور ان کے والد مفضل بن مہلب دونوں
سنہ ۱۰۲ھ میں قندابیل میں دیگر آل مہلب کے ساتھ پناہ گزیں تھے اور رجب بلال بن احوز
نے ان کو گھیر کر قتل کیا تو عثمان اور ان کے چچا ابوعیینہ بن مہلب بھی راجہ رتبیل کی پن

[1] تاریخ خلیفہ ج ص ۲۹۴ و ص ۳۰۴ تاریخ یعقوبی ج ۲ ص ۲۵۶ [2] چچ نامہ ص ۱۷۲۔

ں چلے گئے۔[1]

## عجل بن عبد الملک دبنی

عجل بن عبد الملک بن قیس دبنی، باپ بیٹے دونوں سندھ کی فتوحات میں محمد بن قاسم کے شریک کار تھے۔ عبد الملک بن قیس کا تذکرہ گذر چکا ہے۔ عجل بن عبد الملک کا سب سے اہم کارنامہ فتح دیبل کے موقع پر یہ ہے کہ احمد بن خزیمہ کوفی کے بعد وہی سیڑھی سے شہر میں اترے اور مسلمانوں کو فتح نصیب ہوئی۔[2]

## عطار بن مالک عتکیؒ

محمد بن قاسم کے فوجی قواد و امراء میں سے تھے۔ اور دیبل کی جنگ کے موقع پر اسلامی فوج کے مغربی دستہ کے امیر تھے۔ اسی طرح جنگ داہر کے وقت محمد بن قاسم نے ان کو اور علوان بن علوان بکری کو مقدمۃ الجیش کا امیر بنایا تھا۔[3]

## عطیہ بن اسود حنفی خارجی

عطیہ بن اسود حنفی خارجی یمامہ کے مشہور قبیلہ بنو حنیفہ سے تھا۔ اموی خلافت کے خلاف خروج و بغاوت میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔ اور ہندوستان میں فوت ہوا۔

ابن خلدون نے ۶۹ھ کے واقعات میں نجدہ خارجی کی باغیانہ سرگرمیوں کو بیان کرتے ہوئے لکھا ہے کہ اس نے عطیہ بن اسود حنفی کو عمان کی طرف روانہ کیا۔ عطیہ نے وہاں کے امیر عباد بن عبد اللہ کو جنگ کر کے قتل کر دیا۔ عباد معمر شخص تھا۔ ایک ماہ کے بعد ایک خارجی کو اپنا نائب کر کے دوسری طرف کا رخ کیا۔ تو اہل عمان نے اس کے نائب کو قتل کر ڈالا۔

---

[1] تاریخ طبری ج ۶ ص ۶۰۳ [2] چچ نامہ ص ۱۰۷ [3] چچ نامہ ص ۱۰۶ و ص ۱۷۱ و ص ۱۷۲۔

Marfat.com

اور اس کی جگہ عباد کے دونوں بیٹوں سعید اور سلمان کو اپنا حاکم تسلیم کر لیا۔ اس درمیان
میں عطیہ بن اسود نجدہ کا مخالف ہو کر عمان واپس آیا مگر اہل عمان نے روکا اور وہ براہ سمند
کرمان کی طرف چلا گیا۔ جب اموی حاکم مہلب بن ابو صفرہ والی خراسان کو عطیہ کی آمد کی
خبر لگی تو انھوں نے مقابلہ کے لئے فوج روانہ کی۔ عطیہ سجستان کی طرف بھاگا۔ پھر سندھ آ
مگر مہلب کی فوج نے اس کا تعاقب کر کے قندابیل میں قتل کر دیا۔ اس موقع پر یہ عبارت

| | |
|---|---|
| وارسل الیہ المھلب جیشا | مہلب نے عطیہ کی طرف فوج روانہ کی۔ |
| فھرب الی السجستان ثم الی السند | وہ سجستان کو بھاگ گیا۔ پھر سندھ چلا آیا |
| فقتلہ خیل المھلب بقندابیل | آخرکار مہلب کے سواروں نے اسے قندابیل میں قتل کر دیا۔ |

اس سے زیادہ عطیہ کے حالات مجھے نہیں مل سکے[1]

## عطیہ بن سعد عوفی کوفی

ابوالحسن عطیہ بن سعد بن جنادہ عوفی جدلی کوفی قبیلہ جدیلہ قیس سے ہیں۔ ابن حزم
نے ان کو عطیۃ العوفی المحدث لکھا ہے۔ ابن سعد کا بیان ہے کہ ان کی والدہ رومی نس
کی ام الولد تھیں عطیہ کا بیان ہے کہ جب میں پیدا ہوا تو میرے والد مجھے لے کر حضرت
رضی اللہ عنہ کی خدمت میں آئے۔ آپ نے میرا نام وظائف کے دیوان میں درج فرما کر ما
وظیفہ مقرر کر دیا اور میرے حصہ کی رقم فوراً میرے والد کو دے دی۔ جس سے انھوں
شہد اور گھی خرید ا۔ نیز ان کے والد نے حضرت علیؓ سے کہا کہ آپ اس بچہ کا نام تجویز فر
دیں۔ حضرت علیؓ نے ان کا نام عطیۃ اللہ رکھا اسی وجہ سے ان کا نام عطیہ پڑ گیا۔ ابن
نے لسان المیزان میں لکھا ہے کہ عطیہ عوفی نے حضرت ابوہریرہ، ابوسعید خدری ا

---

[1] تاریخ ابن خلدون ج ۳ ص ۱۴۸ —

Marfat.com

عبداللہ بن عباس سے اور ان سے ان کے دونوں لڑکوں عمر بن عطیہ اور حسن بن عطیہ
وغیرہ نے روایت کی ہے۔ طبقات ابن سعد میں ہے کہ وہ انشاءاللہ ثقہ ہیں اور ان کے
پاس احادیث صالحہ ہیں مگر بعض ان کو حجت نہیں مانتے۔ نیز ابن سعد نے طبقات میں اور
طبری نے ذیل المذیل میں لکھا ہے کہ حضرت عطیہ عوفی ابن اشعث کی تحریک میں شامل تھے
شکست کے بعد عطیہ فارس کی طرف چلے گئے۔ جہاں محمد بن قاسم ثقفی (۹۳ھ سے) والی تھے
حجاج بن یوسف نے محمد بن قاسم کو لکھا کہ تم عطیہ کو گرفتار کرکے حضرت علی رضی اللہ عنہ
پر لعنت کرنے کو کہو۔ اگر وہ مان لیں تو خیر ورنہ ان کو چار سو درے مار کر سر اور داڑھی
کے بال منڈوا دو۔ محمد بن قاسم نے عطیہ کو بلا کر حجاج کا خط سنایا۔ انھوں نے صاف انکار کر دیا
اس پر محمد بن قاسم نے ان کو چار سو درے مار کر سر اور داڑھی کے بال منڈوا دیے۔
اس واقعہ کے بعد بھی عطیہ فارس میں مقیم رہے۔ جب قتیبہ بن مسلم خراسان کے امیر ہوئے
تو فارس سے نکل کر خراسان میں قتیبہ بن مسلم کے یہاں چلے گئے اور جب عمر بن ہبیرہ عراق
کے گورنر ہوئے تو عطیہ نے ان کو لکھ کر کوفہ آنے کی اجازت چاہی۔ اجازت ملنے پر اپنے
وطن کوفہ چلے آئے اور باقی زندگی وہیں بسر کرکے ۱۱۱ھ میں فوت ہوئے۔ چچ نامہ میں
ہے کہ حضرت عطیہ سندھ کی فتوحات میں شریک تھے۔ جب محمد بن قاسم شیراز سے چل کر
مکران آئے اور یہاں سے اسلامی فوج کو منظم و مرتب کرکے آگے بڑھے۔ اس وقت عطیہ
بن سعد عوفی کو میمنہ کا امیر مقرر کیا حضرت عطیہ کی سندھ کی فتوحات میں شرکت فارس
میں قیام کے دوران ہوئی تھی اور اس کے بعد وہ کوفہ گئے [1]

---

[1] جمہرۃ انساب العرب ص ، طبقات ابن سعد ج ۶ ص ۲۰۴، ذیل المذیل من تاریخ الصحابہ
والتابعین ص ۹۵، لسان المیزان ج ۴ ص ۱۷۵، چچ نامہ ص ۱۰۱۔

## عطیہ بن عبدالرحمنؒ

عطیہ بن عبدالرحمن نامی سندھ میں ایک فوجی امیر عمرو بن محمد بن قاسم کی فوج میں ممتاز مقام رکھتے تھے۔ عمرو کی فوج میں مروان بن یزید بن مہلب بھی تھا۔ جس نے ایک موقع پر فوج میں بغاوت پھیلادی اور کچھ سپاہیوں کو ورغلا کر فوج کو لوٹا دیا آخر عمرو نے معن بن زائدہ اور عطیہ بن عبدالرحمن کی مدد سے مروان بن یزید اور اس کے ساتھیوں سے جنگ کر کے باغیوں کو شکست دی۔ اس سے زیادہ ان کے حالات مجھے نہ مل سکے[1]

## عطیہ ثعلبیؒ

عطیہ ثعلبی سندھ کی فتوحات میں محمد بن قاسم کے ساتھ تھے۔ جس وقت محمد بن قاسم دریائے سندھ پار کر کے مشرقی کنارے پر اترے۔ اسلامی فوج کے امیر عطیہ ثعلبیؒ تھے اور جب راجہ ڈاہر مقابلہ کی تاب نہ لا کر جیتوڑ کی طرف بھاگا۔ محمد بن قاسم نے دیگر فوجی امراء کے ساتھ عطیہ ثعلبیؒ کو بھی اس کے تعاقب میں بھیجا تھا[2]

## عکرمہ بن ریحان شامیؒ

عکرمہ بن ریحان شامی سندھ کے مجاہدین و امراء میں سے ہیں۔ محمد بن قاسم نے ان کو سواد ملتان پر مقرر کیا تھا[3]

## علوان بکری

علوان بکری بھی سندھ میں اسلامی فوج کے امراء و قواد میں سے تھے۔ محمد بن قاسم

---

[1] تاریخ یعقوبی ج ۲ ص ۳۸۹ و ص ۳۹۰ [2] چچ نامہ ص ۱۵۵ و ص ۲۰۲
[3] چچ نامہ ص ۲۴۱۔

Marfat.com

دیبل کے بعد ان کو اور قیس بن ثعلبہ کو تین ہزار فوج کا امیر بنایا تھا۔[1]

## علی بن عبداللہ بن عباس ہاشمیؒ

ابوعبداللہ یا ابومحمد علی بن عبداللہ بن عباس بن عبدالمطلب ہاشمی کے متعلق امام بخاری
ھا ہے کہ وہ علمائے حجاز میں سے ہیں۔ انھوں نے اپنے والد حضرت عبداللہ بن عباس
ور ان سے ان کے صاحب زادے محمد اور محمد بن شہاب زہری نے روایت کی
خزرجی نے خلاصۃ تہذیب الکمال میں لکھا ہے کہ ابومحمد علی بن عبداللہ بن عباس ہاشمی
نے اپنے والد حضرت عبداللہ بن عباسؓ اور حضرت ابوہریرہؓ سے اور ان سے ان
کے محمد اور عیسیٰ داؤد اور سلیمان وغیرہ نے روایت کی ابن سعد نے ان کو ثقہ اور
الحدیث کہا ہے وہ اپنے زمانہ میں روئے زمین پر سب سے زیادہ حسین وجمیل آدمی
۔ھ میں پیدا ہوئے۔ علی بن ابوجمیلہ کا بیان ہے کہ وہ روزانہ ایک ہزار رکعات
پڑھتے تھے۔ ابن مدینی کے قول کے مطابق ۱۱۷ھ میں فوت ہوئے۔

ان کے ہندوستان آنے اور یہاں ایک عجیب وغریب معجزہ دیکھنے کا واقعہ امام ابن
ر نے یوں بیان کیا کہ علی بن عبداللہ ہاشمی رقی نے دمشق کے باب الجابیہ کی مسجد میں
کیا کہ میں ہندوستان کے ایک قریہ میں داخل ہوا۔ وہاں سیاہ رنگ کے گلاب کا درخت
جس کا پھول بہت بڑا، نہایت پاکیزہ اور خوشبودار ہوتا ہے۔ اس پھول پر سفید
ں میں لا الٰہ الا اللہ، محمد رسول اللہ، ابوبکر الصدیق، عمر الفاروق
تا ہے۔ مجھے اس تحریر میں شبہ ہوا اور ایک ناشگفتہ کلی کو توڑ کر کھولا تو اس کے اندر
گلاب تھا جس پر وہی تحریر موجود تھی۔ میں نے اس شہر میں اس گلاب کے بہت سے

---

[1] ...نامہ ص ۲۱۸۔

Marfat.com

درخت دیکھے۔ وہاں کے باشندے پتھروں کی پوجا کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کو نہیں پہنچانتے

لہ تاریخ کبیر ج ۳ ق ۲ ص ۲۸۲، خلاصۃ تذہیب الکمال ص ۱۳۳، خلاصہ تاریخ ابن عساکر

ہندوستان میں اس قسم کے معجزہ کے مشاہدہ کی متعدد روایات کتب تاریخ و رجال میں در

ابو وائل کلیب فدائیانہ اور رضاکارانہ طور پر ہندوستان کے ایک غزوہ میں آتے تھے ان کا بیان

کہ میں نے بلاد ہند میں ایک درخت دیکھا ہے جس میں سرخ پھول پر محمد رسول اللہ مکتوب ہوتا

(عیون الاخبار ج ۲ ص ۱۰۵) بزرگ بن شہریار نے عجائب الہند میں لکھا ہے کہ مجھ سے ایک آدمی

بیان کیا ہے جو ہندوستان گیا تھا کہ اس نے مانگرول (سومنات) کے نواح میں ایک بہت بڑا اور

درخت دیکھا ہے جو اخروٹ کے درخت کے مانند ہوتا ہے اور اس کے سرخ پھول پر لا الٰہ الا

محمد رسول اللہ درج ہوتا ہے (عجائب الہند ص ۱۷۱) بعض حضرات کا بیان ہے کہ

ہندوستان میں جہاد کے لئے گئے اور ایک جنگل میں ایک درخت دیکھا جس کے پتے سرخ رنگ کے تھے اور

لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ سفید حروف میں مکتوب تھا۔ اسی طرح ایک اور بزرگ کا

ہے کہ ہم ایک جزیرہ میں پہنچے جہاں ایک درخت دیکھا اس کے ہر پتہ پر تین سطروں میں یوں لکھا

تھا۔ پہلی سطر میں لا الٰہ الا اللہ دوسری سطر میں محمد رسول اللہ اور تیسری سطر میں ان الدین

عند اللہ الاسلام ایک اور آدمی کا بیان ہے کہ ہم ہندوستان کے ایک گاؤں میں گئے

جہاں سیاہ گلاب کا درخت تھا جس کا پھول نہایت خوشبودار تھا اور اس کی ہر پنکھڑی پر

"لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ ابوبکر الصدیق عمر الفاروق" لکھا ہوا

(سیرت حلبیہ ج ۱ ص ۲۱۲) یہی روایت علی بن عبد اللہ ہاشمی رقی کی ہے۔ اسی طرح بعضوں کا بیان

ہے کہ ہم نے ہندوستان میں ایک درخت دیکھا جس کا پھل بادام کے مانند تھا۔ اس پر دو چھلکے

اوپر کا چھلکا اتارنے کے بعد اندر سے ایک سبز پتہ لپٹا ہوا نکلتا تھا جس پر سرخ رنگ میں نہایت

خوشخط اور واضح طور پر "لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ" لکھا ہوا تھا۔ اس بستی کے لوگ اس

درخت کو متبرک سمجھتے تھے۔ قحط پڑتا ہے تو اس کے طفیل سے (باقی حاشیہ صفحہ ۵۵۵ پر)

Marfat.com

## علی بن محمد سلیطی رح

علی بن محمد بن عبد الرحمن سلیطی سندھ کی فتوحات میں موجود تھے اور انھوں نے بعض
[مو]قع پر اہم خدمات پیش کی ہیں۔ مثلاً قتل داہر کے بعد سندھ کی مختلف قومیں بھاٹیہ،
[کر]نہ، چندر، ماچھی کو زیجہ وغیرہ برہنہ سر محمد بن قاسم کی خدمت میں علی بن محمد بن
[عبد] الرحمن سلیطی کے رائے مشورہ سے حاضر ہوئیں۔ اور انھوں نے درمیان میں پڑ کر
[مقر]ر دیا کہ یہ لوگ مسلمان مسافروں اور ان کے قافلوں کی اپنے علاقوں میں رہبری
[کیا کر]یں گے۔ تحفۃ الکرام میں علی محمد بن عبد الرحمن سلیطی درج ہے[1]

## عمارہ بن تمیم لخمی رح

عمارہ بن تمیم جیساکہ ابن حزم نے لکھا ہے عرب کے مشہور قبیلہ لخم سے تھے اموی
[دو]ر خلافت میں سجستان کے والی بنائے گئے ۸۳ھ میں جب ابن اشعث کو حجاج کے مقابلہ

---

[بق]یہ حاشیہ صفحہ ۵۵۵) بارش کی دعا کرتے تھے۔ ابن بطوطہ نے مالابار کے حالات میں فقیہ حسین کا بیان
[نقل] کیا ہے کہ وہ فلفن شہر میں ایک جامع مسجد تھی جس کے سامنے ایک سرسبز و شاداب درخت تھا۔ اس کے
[پتے] انجیر کے مانند تھے اس درخت کو "درخت شہادت" کہتے ہیں۔ خزاں کے موسم میں ہر سال اس درخت
[کا ا]یک پتہ گرتا ہے جس کا رنگ زردی کے بعد سرخی مائل ہو جاتا ہے اور قدرت کے قلم سے یہ لکھا ہوا
[ہوتا] ہے "لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ" اس کے گرنے کا زمانہ آتا ہے تو ہندوؤں اور مسلمانوں
[کے ہ]زار لوگ اس درخت کے نیچے بیٹھتے ہیں اور پتہ گرنے پر آدھا مسلمان لے لیتے ہیں اور آدھا
[راجہ] ملیبار کے خزانہ میں جاتا ہے اور وہ لوگ اس سے مریضوں کا علاج کرتے ہیں۔ اس پتہ کے سبب سے
[راجہ م]سلمان ہو گیا تھا۔ (عجائب الاسفار ج ۲ ص ۱۱۴ و ص ۱۱۵) ان واقعات و مشاہدات کے بعد
[ہندو]ستان میں اس قسم کے متبرک درخت اور زندہ معجزہ کے وجود کو آسانی سے نظر انداز نہیں کیا جاسکتا
[تحف]ۃ الکرام ج ۳ ص ۳۸۔

Marfat.com

میں شکست ہوئی اور وہ راجہ رتبیل کے یہاں پناہ گزیں ہوئے تو حجاج نے عمارہ بن تمیم کو
رقم دے کر راجہ کے پاس بھیجا تاکہ وہ ابن اشعث کو حوالہ کر دے۔ کتاب البدء والتاریخ
میں ہے:۔

| | |
|---|---|
| قالوا: بعث الحجاج الی رتبیل | حجاج نے عمارہ بن تمیم کو تیس شہسواروں |
| بالف الف درھم واربعمائة | کا امیر بنا کر ان کے ذریعہ راجہ رتبیل |
| درھم مع عمارة بن تمیم | کے پاس ایک لاکھ چار سو درہم روانہ |
| فی ثلاثین فارساً علی ان | کئے تاکہ وہ عبدالرحمٰن بن اشعث کو حوالہ |
| یسلم علیه عبد الرحمٰن | کر دے چنانچہ راجہ نے ابن اشعث |
| بن الاشعث فغدر به | سے بدعہدی کرکے عمارہ کے حوالہ کر دیا |
| رتبیل، وسلمه الیهم فاوثقوه علی | اور انھوں نے حجاج تک پہونچانے کے |
| ان یحملوا الی الحجاج۔ | لئے ابن اشعث کو باندھا۔ |

مگر ابن اشعث نے مقام رخج ہی میں اپنے کو بالاخانہ سے گرا کر جان دے دی[1]

## عمر بن عبید اللہ بن معمر قرشی تیمیؒ

ابوحفص عمر بن عبید اللہ بن معمر بن عثمان بن عمرو بن کعب بن سعد بن تیم بن مرہ
بن کعب بن لوی بن غالب قرشی تیمیؒ جلیل القدر تابعی اور فارس کے امیر ہیں۔ انھوں
نے حضرت معاویہ کے دور خلافت میں فارس کی امارت کے دوران ارجائیل کو فتح
ابن حزم نے لکھا ہے کہ عمر بن عبید اللہ بن معمر، عثمان بن عبید اللہ، موسیٰ بن عبید اللہ ا
معاذ بن عبید اللہ چاروں بھائی ہیں۔ امام بخاری نے ان کے تذکرے میں لکھا ہے:۔

[1] جمہرۃ انساب العرب ص ۱۴۳، کتاب البدء والتاریخ المنسوب الی ابی زید احمد بن سہل
ج ۶ ص ۳۷ طبع طہران۔

| | |
|---|---|
| ا ر ا ۷ اخا معاذ وعبید اللہ | میرے خیال میں عمر بن عبید اللہ معاذ اور |
| قال ابن عبادۃ حدثنا | عبید اللہ کے بھائی ہیں ان کی کنیت |
| یعقوب بن عمر: کنیتہ ابوحفص۔ | ابوحفص ہے۔ |

یہاں پر بظاہر" اخا معاذ بن عبید اللہ ہونا چاہیئے۔ کتابت یا طباعت کی غلطی سے معاذو عبید اللہ" ہوگیا ہے۔ ابن ابی حاتم رازی نے لکھا ہے کہ انھوں نے ابان بن عثمان سے اور ان سے عتبہ بن وہب نے روایت کی ہے۔ ان کی صاحب زادی سے عکرمہ بن عبد الرحمن بن حارث بن ہشام بن مغیرہ نے شادی کی اور مصعب بن زبیر کے مرنے کے بعد ان کی بیوی عائشہ بنت طلحہ بن عبید اللہ سے انھوں نے شادی کی امام ابن عبد البر نے ان کے والد عبید اللہ بن معمر کے ذکر میں لکھا ہے کہ عمر بن عبید اللہ عرب کے اسخیار وا جوادمیں اور سخی اور صاحب جود ہیں۔ انھوں نے ابو فدیک حروری خارجی کو قتل کیا ہے۔ ان کی مدح میں عجاج شاعر نے ایک قصیدہ لکھا ہے جس میں ایک مصرعہ یہ ہے:۔

قَدْ جَبَرَ الدِّينَ الْإِلٰهُ فَجَبَرْ" اور اسی قصیدہ میں یہ شعر بھی ہے:۔

لقد سما ابن معمر حین اعتمر مقرّاً بعیدًا من بعیدٍ وصبر

ابن معمر جب کسی سے ملاقات کرتے ہیں اور جب حالات کے مقابلہ میں صبر و استقامت سے کام لیتے ہیں تو بہت بلند مقام پر پہنچ جاتے ہیں۔

عمر بن عبید اللہ فارس اور مختلف ممالک کے امیر بنائے گئے۔ فتح کابل میں عبد الرحمٰن بن سمرہ کے ساتھ تھے اور ایک مقام پر جم کر شام سے صبح تک لڑتے رہے۔ ان کے بڑے مناقب و فضائل ہیں۔ ان کے بھتیجے عمر بن موسی بن عبید اللہ نے ابن الاشعث کے ساتھ حجاج بن یوسف اور عبد الملک کے خلاف مظاہرہ کیا تھا۔ اس جرم میں حجاج نے ان کو گرفتار کیا عمر بن عبید اللہ کو مدینہ منورہ میں اس کی خبر لگی تو بھتیجے کی رہائی کے لئے فوراً خلیفہ عبد الملک کی خدمت میں روانہ ہوئے دمشق سے صرف

پندرہ میل پہلے مقام ضمیر میں پہونچے تو پتہ چلا کہ حجاج نے عمر بن موسیٰ کی گردن اڑا دی ہے ان کو اس سانحہ کا اسقدر رنج ہوا کہ اسی میں ان کا انتقال ہو گیا۔ مشہور شاعر فرزدق نے ان کا مرثیہ لکھا ہے۔ جس میں کہا ہے:۔

یا ایھا الناس لا تبکوا علی احد      بعد الذی بضمیر وافق القدر

اے لوگو! مقام ضمیر میں مرنے والے کے بعد کسی دوسرے پر آنسو نہ بہاؤ۔

اس وقت ان کی عمر ساٹھ سال کی تھی۔ وہ امام مالک کے استاد ابو النضر سالم کے حلیف تھے۔ ان کے بھائی عثمان بن عبید اللہ کو شبیب حروری خارجی اور اس کے ساتھیوں نے قتل کیا تھا۔

بلاذری نے لکھا ہے کہ حضرت معاویہ نے ۴۳ھ میں عبد اللہ بن عامر بن کریز کو عراق کا والی بنایا تو انھوں نے سجستان کی ولایت عبد الرحمٰن بن سمرہ کو دی اور ان کے ہمراہ اعیان و اشراف کی ایک جماعت یہاں آئی جس میں عمر بن عبید اللہ بن معمر تیمی۔ عبد اللہ بن خازم سلمی قطری بن فجاءہ اور مہلب بن ابی صفرہ شامل تھے۔ عبد الرحمٰن بن سمرہ نے وہ تمام شہر اور علاقے دوبارہ فتح کئے جہاں کے باشندے اسلام اور سابقہ عہد و پیماں سے برگشتہ ہو گئے تھے اور فتح کابل کی بشارت عمر بن عبید اللہ بن معمر اور مہلب بن ابی صفرہ کے ذریعہ حضرت معاویہ کو بھیجی۔ محمد بن حبیب نے لکھا ہے کہ عمر بن عبید اللہ بن معمر تیمی اسلامی دور کے مشہور اسخیاء واجواد میں سے تھے ان کی سخاوت کے بہت سے واقعات مشہور ہیں۔ من جملہ ان کے ایک واقعہ یہ ہے کہ ابو خرابہ تمیمی کی باندی بسباسہ نامی نہایت حسین وجمیل تھی۔ ابو خرابہ اس پر جان دیتا تھا مگر تنگ حالی کی وجہ سے وہ اسے فروخت کرنے پر مجبور ہوا عمر بن عبید اللہ نے ایک خطیر رقم دے کر اسے خرید لیا۔ جب ابو خرابہ نے رقم لے لی اور بسباسہ عمر بن عبید اللہ کے گھر جانے لگی تو ابو خرابہ نے اس کے کپڑوں سے لپٹ کر کہا:۔

تذکر بسباسة الیوم حاجة      اتتک کمدا من حاجة المتذکر

Marfat.com

بسباسہ! آج تم اپنے بارے میں میری محبت اور رابطے کو یاد کرو جس نے مجھے رنج و غم دیا ہے۔

ولولا قعود الدهر بي عنك لم يكن    يفرقنا شيء سوى الموت فاعذري

اگر زمانہ کی نیرنگیاں تمہارے بارے میں مجھے مجبور نہ کرتیں تو موت کے سوا کوئی چیز ہم کو تم کو جدا نہیں کر سکتی تھی تم مجھے معذور سمجھو۔

أروح بحزن من فراقك موجع    اناجي به قلبا طويل التذكر

میں تمہاری جدائی کا جان ستان غم لے کر جا رہا ہوں۔ اسی سے اپنے دل کو بہلاتا رہوں گا۔

عمر بن عبید اللہ نے ان اشعار کو سن کر لونڈی سے کہا کہ اگر یہ تمہاری باندی بسباسہ اور یہ اس کی قیمت سب تمہارے لئے ہے۔ حالانکہ انہوں نے اسے ایک لاکھ درہم میں خرید اتھا۔ سندھ میں ان کی ایک جاگیر تھی جس کا نام ان کے نام پر عمرانی تھا۔ چچ نامہ میں ہے کہ حضرت معاویہ نے عمر بن عبید اللہ بن معمر تیمی کو ارمائیل کی فتح کے لئے بھیجا تو کتاب میں "عمر بن عبداللہ بن ..." ہے اس نام کے کوئی بزرگ مجھے نہیں ملے جو اس دور میں ہندوستان آئے ہوں اور حضرت عمر بن عبید اللہ بن معمر تیمی ہوا ہیں۔ ان کی وفات ۸۲ھ میں ہوئی۔

## عمرو بن خالد کلابیؒ

عمرو بن خالد حصین کلابی نے سندھ کی فتوحات میں شاندار خدمات انجام دی ہیں اور راجہ داہر کے ہاتھی کو مارا ہے۔ چچ نامہ میں ہے کہ جنگ داہر کے موقع پر محمد بن قاسم نے اسلامی لشکر کی نئی ترتیب دے کر عمرو بن خالد سے کہا میں چاہتا ہوں کہ آج تمہارے مجاہدانہ کارناموں پر اپنے کو اور امراء فوج کو اور عام لشکریوں کو شاہد بناؤں۔ خالد نے کہا میں خدا اور آپ کے آدمیوں کو شاہد اور گواہ بناتا ہوں۔ راجہ داہر کے میدان جنگ میں

---

جمہرۃ انساب العرب ص ۱۴۰ و ص ۱۲۵، استیعاب ج ۲ ص ۴۲۶، کتاب الجرح والتعدیل ج ۲ ق ۱ ص ۱۲۰، چچ نامہ ص ۶۶ و ص ۱۵۳، فتوح البلدان ص ۵۰۷، تاریخ خلیفہ ج ۱ ص ۲۸۲، تاریخ کبیر ج ۳ قسم ۲ ص ۱۷۵، ص ۱۸۰۔

اترتے ہی عمرو بن خالد نے اس کے ہاتھی کا سر تلوار سے دو ٹکڑے کر دیا۔ بعد میں حجاج بن یوسف کے سامنے گئے تو فخریہ انداز میں کہا کہ میں نے اپنے مجاہدانہ کارناموں پر محمد کو گواہ بنایا تھا۔ پھر یہ اشعار کہے :۔

الخیل یشھد یوم داھر والقنا ومحمد بن القاسم بن محمد

شہ سوار نیزے اور محمد بن قاسم سب کے سب جنگ داہر میں گواہ ہیں۔

انی خرجت الجمع غیر معرد حتی علوت عظیمھم بمھند

کہ میں نے مجمع سے نکل کر ان کے راجہ داہر پر ہندی تلوار سے وار کیا۔

فترکتہ تحت العجاج مجدلا متعفر الخدین غیر موسد

اور اسے غبار کے نیچے اس طرح چھوڑا کہ وہ زمین پر پڑا ہوا تھا۔ اس کے دونوں رخسار غبار آلود تھے تکیہ کا سہارا بھی نہ تھا۔

بلاذری نے مدائنی کی روایت سے فتوح البلدان میں لکھا ہے کہ یہ اشعار بنی کلاب کے ایک شخص کے ہیں، جس نے راجہ داہر کو قتل کیا تھا۔ غالباً اس میں "رجل من بنی کلاب" سے مراد یہی عمرو بن خالد بن حصین کلابی ہیں۔ مگر ابن الکلبی کی روایت کے مطابق داہر کے قاتل قاسم بن ثعلبہ بن عبداللہ بن حصن طائی بنی طے سے ہیں اور ابن درید نے قاسم کے بجائے قشم لکھا ہے[1]

## عمرو بن محمد بن قاسم ثقفی

عمرو بن محمد بن قاسم بن محمد بن حکم بن ابو عقیل بن مسعود بن عامر بن معتب بن مالک بن کعب بن عمرو بن سعید بن عوف قسی (ثقیف) ثقفی فاتح سندھ حضرت محمد بن قاسم کے صاحبزادے اور ان ہی کی طرح سندھ کے امیر و فاتح ہیں۔ جوانی ہی کے زمانہ سے

[1] تاریخ السند ص ۱۸۰، ۱۸۵، فتوح البلدان ص ۴۲۷، کتاب الاشتقاق ص ۳۹۵۔

Marfat.com

۔۔۔ ملکی انتظامات اور فتوحات میں بہت آگے تھے اور اپنی پوری آن بان سے
۔۔ کے مطلع پر چمکے پھر یہیں غروب ہوگئے۔ ابتدا میں والئ سندھ حکم بن عوانہ کلبی کی ماتحتی
یہاں کے انتظامات و فتوحات کے ذمہ دار رہے اور حکم نے ان کی قابلیت و صلاحیت دیکھ
عہدے سپرد کئے اور کئی غزوات کا امیر بنایا۔ ۱۲۲ھ میں حکم سندھ میں شہید ہو گئے
و بن محمد بن قاسم یہاں کے مستقل امیر قرار دئے گئے اور تھوڑی سی مدت میں بڑے
بڑے کارنامے انجام دیئے ۱۰۵ھ کے بعد سے ۱۲۰ھ تک حکم کی ماتحتی میں امارت و فتوحات
۔ اسلامی خدمات انجام دیں پھر ۱۲۲ھ تک حکم کے فوجی نائب رہے اس کے بعد ۱۲۵ھ
مستقل امیر رہے۔ انھوں نے ہر دور میں عظیم کارنامے انجام دیئے۔ منصورہ شہر آباد کیا۔
ایک سخت خطرناک فوجی سازش و بغاوت کو ناکام بنایا۔ نیز طرح طرح کی خدمات سے
ملک میں باپ کے زمانہ کی یاد تازہ کردی۔ ۱۲۵ھ میں اپنے حریف یزید بن عرار کے
ں معزول قرار دیئے گئے اور ۱۲۶ھ میں ایک قدیمی عداوت اور رقیبانہ چشمک کی وجہ
جان دیدی۔ ان کے مفصل حالات کے لئے میری کتاب "اسلامی ہند کی عظمت رفتہ از
۱۲۱ تا صفحہ ۱۳۱ ملاحظہ کرنی چاہیئے [1]

## عمرو بن مختار حنفی رح

عمرو بن مختار حنفی یمامہ کے قبیلہ بنو حنیفہ سے تھے سندھ کی فتوحات میں شریک تھے۔
کے شاندار کارنامے ہیں۔ محمد بن قاسم نے ہراور پہونچ کر عمرو بن مختار حنفی کو اسلامی فوج
ایک دستہ کا امیر بنایا۔ ان کا حال مجھے نہیں مل سکا [2]

## عمرو بن مسلم باہلی رح

عمرو بن مسلم بن عمرو بن حصن بن ربیعہ بن خالد بن اسید الخیر بن قضاعی بن ہلال بن

---

[1] فتوح البلدان ص ۴۳۱، تاریخ یعقوبی ج ۲ ص ۳۸۹، تاریخ طبری ج ۷ ص ۲۷۲۔ [2] چچ نامہ ص ۲۲۳

سلامہ بن ثعلبہ بن وائل بن معن بن مالک بن اعصر باہلیؒ۔ اموی دور کے مشہور امیر و
قتیبہ بن مسلم باہلی کے بھائی ہیں جیسا کہ ابن حزم نے لکھا ہے اور ابن قتیبہ نے بیان کیا
کہ عمرو بن مسلم بہادر اور جری آدمی تھے۔ اپنے بھائی قتیبہ بن مسلم اور عدی بن ار
کی امارتِ عراق کے زمانہ میں متعدد بلاد وامصار کے والی رہ چکے ہیں۔ ان کی اولا
امارت وحکومت کا سلسلہ چلا اور وہ خوب پھلی پھولی۔ ان کے والد مسلم بن عمرو باہلی
بن معاویہ کے یہاں بڑی قدر ومنزلت کے مالک تھے۔ عمرو بن مسلم باہلی حضرت عمر بن عبد
کے زمانہ میں امیر عراق عدی بن ارطاۃ کی طرف سے سندھ کے والی بنائے گئے اور
گجرات وغیرہ کے علاقے فتح کئے۔ ایک موقع پر عمرو بن مسلم باہلی اور مشہور شاعر فرزد
میں ناچاقی ہوگئی اور فرزدق نے ان کے خلاف اشعار کہے۔ ابن سلام جمحی نے لکھا ہے
بصرہ میں ہلال بن احوز مازنی کی ایک جاگیر تھی جو آٹھ ہزار جریب میں پھیلی ہوئی تھی
میں بشیر بن عبید اللہ بن ابوبکرہ نے اپنی ایک نہر مرغاب نامی جاری کی۔ اس جھگڑے
میں دونوں طرف کچھ لوگ ہوگئے۔ اسی وقت بصرہ کے افسر پولیس مالک بن منذر بن جا
عبدی تھے جن کے نکاح میں عمرو بن مسلم کی پھوپھی حمیدہ بنت مسلم باہلی تھی۔ عمرو بن مسلم
معاملہ میں بشیر بن عبید اللہ کے خلاف ہلال بن احوز مازنی کے طرفدار تھے اور فرزدق
بشیر بن عبید اللہ کا طرفدار تھا اس سلسلہ میں فرزدق نے عمرو بن مسلم کے بارے میں کہا ہے

لحا اللہ قوما شارکوا فی دمائنا — وکنا لھم عونا علی العثرات

اللہ ان لوگوں کو رسوا کرے جو ہمارے خون میں شریک ہوئے۔ حالانکہ ہم ان کی لغزشوں
پر ان کے حامی و مددگار رہے۔

فجاھرنا ذو الغش عمرو بن مسلم — وافد نادا صاحب البکرات

اور عمرو بن مسلم بد خواہ بن کر ہمارے سامنے آیا اور صاحب بکرات نے دشمنی

Marfat.com

کی آگ بھڑکائی[1]

## عمرو بن نافع سامیؒ

خزیر بن عبید بن بکار بن کعب نامی ایک مشہور شخص سامہ بن لوئی کی اولاد میں
.اس کی اولاد سے دو شخص عمرو بن نافع اور عبد الجبار بن شجرہ سندھ میں تھے جیساکہ
ابن ماکولا نے ابو فراس کے حوالہ سے بیان کیا ہے[2]

## عمرو بن یزید ازدیؒ

عمرو بن یزید بن مہلب بن ابو صفرہ ازدی عتکی کو بھی ہلال بن احوز مازنی نے ۱۳۲ھ
قندابیل میں تہ تیغ کیا تھا۔ ان کی اولاد میں آگے چل کر بنو ثعلبہ ہوئے ہیں جنھوں
مغرب میں شہر فاس کے ایک مقام پر قبضہ کیا تھا[3]

## عمران بن نعمان کلاعیؒ

عمران بن نعمان کلاعی عہد تابعین میں تھے۔ امام بخاری اور امام ابن ابو حاتم رازی
لکھا ہے کہ عمران بن نعمان نے ربیع بن سبرہ سے حدیث کا سماع کیا اور ان سے عبد اللہ بن
ارک نے سماع کیا۔ خلیفہ سلیمان بن عبد الملک کے زمانہ میں عراق میں صالح بن عبد الرحمٰن نے
بن ابو کبشہ سکسکی کو سندھ کا والی بنایا۔ مگر وہ ایک ماہ سے کم ہی مدت میں فوت ہو گئے
رتے وقت اپنے بھائی عبید اللہ بن ابو کبشہ کو اپنا جانشین بنایا۔ مگر امیر عراق

جمہرۃ انساب العرب۔ ص ۲۴۶، کتاب المعارف۔ ص۔ ۱۶۸ و ص ۱۲۹، فتوح البلدان ص ۴۲۹ تاریخ
۲۴ ص ۱۴۳، ۱۴۴، چچ نامہ ص ۲۲۳ طبقات الشعراء ابن سلام ص ۱۲۳ و ص ۱۲۴، [2] الاکمال ج ۲
[3] تاریخ ابن خلدون ج ۳ ص ۸۰، جمہرۃ انساب العرب ص ۳۶۸۔

Marfat.com

صالح نے ان کو معزول کر کے عمران بن نعمان کلاعی کو یہاں کی امارت دی [۱]

## ابو عفراء عمیر مازنیؒ

حضرت عبداللہ بن زبیر کی طرف سے عبدالعزیز بن عبداللہ بن عامر امیر سجستان بن کر آ
تو یہاں کے عربوں نے مقام زرنگ میں ان کا شاندار استقبال کیا اور ان کی امارت میں ر
رتبیل سے جنگ کی جس میں راجہ ابو عفراء عمیر مازنی کے ہاتھوں مارا گیا۔ اس کے بعد کفا
کو شکست ہوئی [۲]

## عوف بن کلیب دمشقیؒ

عوف بن کلیب دمشقیؒ نے سندھ کی فتوحات میں حصہ لیا ہے۔ فتح دیبل کے موقع
محمد بن قاسم نے ان کو قلعہ دیبل کے جنوبی مینار کا محافظ بنایا تھا [۳]

## (ف)

## فراس عتکیؒ

فراس عتکی قبیلہ ازد سے تھے۔ سندھ کی فتوحات میں محمد بن قاسم کے ساتھ تھے ای
موقع پر انھوں نے فراس عتکی کو دوسرے چند امراء و قواد کے ساتھ دیبل اور نیرون
امارت دی تھی [۴]

[۱] تاریخ کبیر ج ۳ ق ۲ ص ۲۶۴، کتاب الجرح والتعدیل ج ۳ ق ص ۳۰۶، تاریخ خلیفہ بن خیاط ج ا
[۲] فتوح البلدان ص ۳۸۹ و ص ۳۹۰ [۳] چچ نامہ ص ۱۰۷ [۴] چچ نامہ ص ۲۱۸۔

## فلاں سبئی مرر

فلاں سبئی حدود سنہ ۱۰۱ھ میں حضرت عمر بن عبد العزیز کی وفات کے بعد عمرو بن مسلم باہلی کی جگہ پر سندھ کے والی ہوئے۔ ان کی یہ امارت یزید بن مہلب کے بصرہ پر قبضہ کے بعد مہلب کی طرف سے ہوئی تھی۔ اس کا تذکرہ صرف خلیفہ بن خیاط نے سندھ میں خلیفہ یزید بن عبد الملک کے عمال کے بیان میں یوں کیا ہے:

| | |
|---|---|
| مات عمر بن عبد العزیز وعلیها | حضرت عمر بن عبد العزیز کی وفات کے وقت |
| عمرو بن مسلم، ثم ولاها یزید بن | عمرو بن مسلم سندھ کے امیر تھے۔ پھر جس وقت |
| المهلب فلاناً السبئی، حین غلب، | یزید بن مہلب نے بصرہ پر قبضہ کیا فلاں |
| علی البصرة یزید بن مهلب وداع | سبئی کو سندھ کا والی بنایا اور وداع بن |
| بن حمید الازدی الی قندابیل فلم یزل | حمید ازدی کو قندابیل روانہ کیا (یہاں |
| علیها حتی قدم علیها هلال بن احوز | عبارت میں الجھاؤ ہے) وداع یہاں پر |
| من قبل مسلمة بن عبد الملك | سنہ ۱۰۲ھ میں مسلمہ بن عبد الملک کی طرف سے |
| وذلك سنة اثنتین ومائة۔ | ہلال بن احوز کے آنے تک رہے۔ |

ان کے حالات مجھے نہیں مل سکے۔ یہ بھی معلوم نہ ہو سکا کہ فلاں مستقل نام ہے جیسا کہ بعض تابعین کا نام فلان ہے۔ یا کسی نام کے لئے بطور معہود ذہنی کے یہ لفظ آیا ہے۔ یاقوت حموی نے لکھا ہے کہ فلسطین کے مقام رملہ میں ایک قریہ "سیبہ" ہے جو ابو طالب سیبی رملی کا وطن ہے اور میزان الاعتدال میں ہے کہ فلان بن غیلان ثقفی تابعی ہیں جنھوں نے حضرت عبد اللہ بن مسعودؓ سے روایت کی ہے۔ دارقطنی نے کہا کہ ان سے کوئی صحیح حدیث مروی نہیں ہے۔ بظاہر ان دونوں بیانات سے فلاں سبئی پر روشنی نہیں پڑتی ہے۔[1]

---

[1] تاریخ خلیفہ ج ۲ ص ۴۸۴، معجم البلدان ج ۳ ص ۸۰، میزان الاعتدال ج ۲ ص ۳۲۷۔

Marfat.com

# ق

## قشعم بن ثعلبہ طائیؓ

قشعم بن ثعلبہ بن عبداللہ بن حصن بن مہلہل بن عمرو بن زید بن منہب بن عبد رضی بن مخلس بن ثوب بن کنانہ بن غوث بن نبہان بن عمرو بن غوث بن طے کے پر دادا حصن بن مہلہل، زید الخیل طائی کے بھائی تھے جن کا نام رسول اللہ علیہ وسلم نے زید الخیر رکھا تھا۔ ابن حزم اور ابن درید نے ان ہی قشعم بن ثعلبہ طائی کو سندھ کے راجہ داہر کا قاتل بتایا ہے جمہرۃ انساب العرب میں ہے:۔

كان القشعم بن ثعلبة بن عبد الله بن حصن بن مهلهل هو الذي قاتل داهر ملك السند۔

قشعم بن ثعلبہ بن عبداللہ بن حصن بن مہلہل نے سندھ کے راجہ داہر کو قتل کیا۔

اور کتاب الاشتقاق میں ہے:۔

ومنهم القشعم بن ثعلبة قاتل داهر ملك الهند۔

بنو طے میں سے قشعم بن ثعلبہ ہے جو ہندوستان کے راجہ داہر کا قاتل ہے۔

اور بلاذری نے فتوح البلدان میں پہلے مدائنی کی یہ روایت درج کی ہے کہ راجہ داہر کا قاتل بنی کلاب کا ایک آدمی تھا۔ غالباً اس سے مراد عمرو بن خالد بن حصین کلابی ہیں جنھوں نے داہر کے ہاتھی کا سر کاٹا تھا۔ پھر بلاذری نے ابن کلبی کا قول نقل کیا ہے کہ قاسم بن ثعلبہ بن عبداللہ بن حصن طائی نے داہر کو قتل کیا۔ ہمارے نزدیک داہر کے قاتل کا نام قاسم کے بجائے قشعم صحیح ہے[1]

---

[1] جمہرۃ انساب العرب ص ۴۰۴، کتاب الاشتقاق ص ۳۹۵، فتوح البلدان ص ۴۲۷۔

Marfat.com

## قابل بن ہاشمؒ

قابل بن ہاشم سندھ کی فتوحات میں شریک تھے جنگ داہر کے موقع پر ان کے جسم پر ۲۶ سولہ آئے تھے۔ مگر اس حالت میں بھی نعرۂ تکبیر بلند کرتے تھے اور یہ اشعار پڑھتے تھے:۔

الا فاصبحانی قبل وقعة داھر          وقبل المنایا فذ غدونَ بواکر

اے میرے ہم نشینو! جنگ داہر اور سویرے آنے والی موت۔

وقبل غد یا لھف نفسی علی غد          اذا ما غد اصبحی ولست بباکر

اور کل دن سے پہلے پہلے مجھے سیراب کردو افسوس کہ کل جب صبح ہوگی تو میں نہیں رہوں گا۔

یہ اشعار پڑھتے رہے اور جنگ کرتے رہے۔ حتیٰ کہ اسی حال میں جام شہادت نوش کفار نے ان کے جسم سے اسلحہ وغیرہ اتارنا چاہا مگر اتار نہ سکے اور ان کی لاش کو ویسے ہی کھاڑی میں ڈال دیا[۱]

## قطن بن مدرک کلابیؒ

قطن بن مدرک کلابی خلیفہ عبدالملک بن مروان کے امراء و قواد میں سے تھے۔ بعد خلیفہ ولید نے بصرہ میں معاصر بن سحیم ملائی حمصی کی جگہ ان کو والی بنایا پھر معزول کر کے راح بن عبداللہ حکمی کو یہ عہدہ دیا۔ ۹۳ھ میں بصرہ میں حضرت انس بن مالکؓ کا وصال ہوا ان کی نماز جنازہ قطن بن مدرک کلابی نے پڑھائی۔ قطن سندھ کی فتوحات میں موجود تھے ح بن یوسف نے محمد بن قاسم کو اسلامی فوج کے امراء و قواد کے بارے میں جو خط لکھا میں تھا کہ قطن بن مدرک کلابی نے ہر معاملہ میں ہماری مدد کی ہے اور جو کام ہم نے سپرد کیا نہایت خلوص اور صدق دل سے انجام دیا ہے وہ ہمارے نزدیک نہایت مکرم و محترم عیب و خیانت سے پاک ہیں۔ اصل عبارت میں قطن بن برک کلابی ہے جس میں چچ نامہ نام اسماء کی طرح تصحیف ہے اور صحیح قطن بن مدرک کلابی ہے[۲]

---

[۱] نامہ ص ۱۸۳ [۲] تاریخ خلیفہ بن خیاط ج ۱ ص ۴۰۶ و ص ۴۱۴ اسد الغابہ ج ۱ ص ۱۲۹ [۳] چچ نامہ ص ۲۰۲

## قیس بن بسر بن سندی نصریؒ

قیس بن بسر بن سندی بن عبداللہ بن سعد بن عبدالواحد بن عبداللہ نصری تبع تابعین میں ہیں۔ اکمال میں ہے کہ انھوں نے ابوبکر بن محمد بن یاسر حذار کے واسطہ سے ہشام بن ... سے اور ان سے ابوبکر بن شاذان نے روایت کی ہے۔ ایک قول ہے کہ قیس بن بسر ... جبیل نے بھی سماع حدیث کیا ہے۔ جبیل کا نام محمد بن عزاز بن اوس ہے۔ ان کو منصو... جمہور نے ۳۰۱ھ میں سندھ میں قتل کر دیا تھا۔ یعنی استاذ قیس اور شاگرد جبیل دو... دوسری صدی کے آغاز میں سندھ میں موجود تھے[1]

## قیس بن ثعلبہ کوفیؒ

قیس بن ثعلبہ تابعی ہیں۔ ابن حبان نے کتاب الثقات میں ان کا تذکرہ کیا ہے اور ... ہے کہ انھوں نے حضرت عمر، حضرت عثمان، حضرت علی اور حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہم سے روایت کی ہے۔ ان کا شمار علمائے کوفہ میں ہے اور اہل کوفہ نے ان سے روایت ... ہے لسان المیزان میں ہے کہ قیس بن ثعلبہ نے عبداللہ بن مسعود سے روایت کی ہے ... لوگ نماز میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو سلام کیا کرتے تھے۔ دارقطنی کا قول ہے ... اس روایت میں ابوکدینہ راوی کو وہم ہوگیا ہے۔ اصل سلسلۂ سند یوں ہے: "عن ابی ... عن رضراض رجل من بنی قیس بن ثعلبة عن ابن مسعود" قیس بن ثعلبہ سندھ کی فتوحات میں شر... تھے اور محمد بن قاسم نے علوان بکری اور قیس بن ثعلبہ کو تین سو سواروں کا امیر بنا کر ... تعینات کیا تھا[2]

---

[1] الاکمال ج ۱ ص ۲۷۲ و ج ۲ ص ۵۶۵۔ [2] کتاب الثقات ص ۲۱۹، لسان المیـ... ج ۴ ص ۴۷۷، چچ نامہ ص ۲۱۸۔

Marfat.com

## قیس بن عبد الملک دیلمیؒ

عبد الملک بن قیس دیلمی اور ان کے دونوں صاحب زادوں عجل بن عبد الملک اور قیس بن عبد الملک نے سندھ کی فتوحات میں محمد بن قاسم کے ساتھ عظیم الشان کارنامے انجام دئے ہیں۔ ایک مرتبہ محمد بن قاسم نے قیس بن عبد الملک کو سیوستان (سدوسان) کا حاکم بنایا تھا۔ جیسا کہ چچ نامہ میں ہے اور بلاذری نے بغیر نام لئے لکھا ہے کہ:۔

محمد بن قاسم نے ایک شخص کو سدوسان کا والی بنایا۔ وولی سدوسان رجلا۔

یہاں قیس بن عبد الملک مذکور مراد ہیں۔ جنگ داہر ۹۳ھ میں انھوں نے محمد بن قاسم کے ساتھ بیش بہا خدمات انجام دی ہیں۔ قتل داہر کے بعد اموال و خزائن کے محافظ بنے اور ان ہی کی زیر سرکردگی و نگرانی یہاں کے قیدی اور غنائم دار الخلافہ روانہ کئے گئے۔[1]

## ک

## کرز بن ابو کرز وبرہ عبدی حارثی کوفیؒ

ابو عبید اللہ کرز بن ابو کرز وبرہ عبدی حارثی کوفیؒ قبیلہ بنی حارث بن انمار بن عمرو بن ودیعہ بن لکیز بن افصی بن عبد القیس سے ہیں۔ طبقہ تابعین کے عبّاد و زہّاد میں بڑے مقام و مرتبہ کے مالک ہیں۔ ان کے والد کا نام وبرہ ہے مگر وہ ابو کرز کی کنیت سے زیادہ مشہور رہیں۔ تاریخ کبیر بخاری میں ہے کہ انھوں نے نعیم بن ابو ہند سے اور ان سے امام سفیان ثوری، قاضی ابن شبرمہ عبید اللہ وصافی، فضیل بن غزوان اور ورقاء بن عمر نے روایت کی ہے۔ ابن حبان نے کتاب الثقات میں لکھا ہے کہ کرز بن وبرہ عابد کوفی ہیں۔ حضرت انس بن مالکؓ سے سماع کیا ہے

[1] چچ نامہ ص ۱۷۸، فتوح البلدان ص ۴۲۵، تحفۃ الکرام ج ۳ ص ۳۶ و ص ۳۷۔

Marfat.com

اور ان سے عبید اللہ بن ولید وصافی نے روایت کی ہے۔ امام ذہبی نے لکھا ہے کہ کرز بن
وبرہ کی حدیث مرسل ہے۔ حافظ ابن حجر نے اصابہ میں لکھا ہے کہ کرز بن وبرہ حارثی اتباع
تابعین میں عابد وزاہد ہیں۔ ان کی چند مرسل احادیث ہیں۔ وہ اپنے زمانہ کے مشہور عباد
میں سے ہیں۔ کوفہ سے مکہ مکرمہ آئے تو وہاں کے عابدوں کو پیچھے کر دیا۔ مجیب الدعوات بزرگ
تھے بادل ان پر سایہ کرتا تھا۔ قاضی ابن شبرمہ ان کے بہت زیادہ معتقد و رقائل تھے اور ان
کی تعریف و توصیف کرتے تھے۔ ایک شاعر نے ان کے بارے میں کہا ہے:-

لو شئت کنت ککرز فی تعبدہ     او کابن طارق حول البیت والحرم

اگر تم چاہو تو کرز کی طرح عبادت میں یا ابن طارق کی طرح کعبہ کے گرد طواف کرنے میں ہو سکتے ہو

قد حال دون لذیذ العیش حالہما     وبالغا فی طلاب الفوز والکرم

ان دونوں بزرگوں کی زندگی کی لذت میں ان کا یہ حال حائل رہا اور انھوں نے
فوز و فلاح کی طلب میں بڑی جد و جہد کی۔

حضرت کرز بن وبرہ نے اس شرط پر اللہ تعالیٰ سے اسم اعظم کے لئے دعا کی تھی کہ وہ اس
سے کوئی دنیاوی فائدہ نہیں حاصل کریں گے اور اس کے معلوم ہونے کے بعد دعا کی کہ مجھے
تلاوت قرآن کی ہمت و طاقت بخش دی جائے۔ چنانچہ روزانہ تین ختم قرآن شریف پڑھتے
تھے حضرت کرز جرجان کی جنگ میں یزید بن مہلب کے ساتھ شریک تھے۔ بعد میں وہیں مستقل
سکونت اختیار کر لی تھی۔ امام ابن جوزی نے صفۃ الصفوہ میں ان کا ذکر جمیل نہایت تفصیل سے
کیا ہے اور لکھا ہے کہ وہ کوفی الاصل ہیں۔ مگر جرجان میں سکونت پذیر ہو گئے تھے۔

فضیل بن غزوان کا بیان ہے کہ ایک مرتبہ میں نے ان کے گھر میں دیکھا کہ مصلیٰ کے نیچے
گڈھا ہے۔ جس میں گھاس بھر کر اوپر سے کمبل ڈالا ہوا ہے۔ وجہ یہ تھی کہ حضرت کرز کو سخت
زمین پر نماز پڑھنے میں تکلیف ہوتی تھی۔ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کے لئے باہر نکلتے تو
بڑی ایذا برداشت کرتے تھے۔ خلف بن تمیم نے اپنے والد سے روایت کی ہے کہ کرز جرجان

Marfat.com

...یف لائے تو وہاں کے کوفی علماء ان کی زیارت کو گئے۔ میں بھی ان کے ساتھ تھا۔ اس وقت
...نے کرز سے صرف دو باتیں سنیں ایک یہ کہ:۔

صَلُّوا علی نبیکم صلی اللہ علیہ وسلم فان صلاتکم تعرض علیہ۔ اللّٰھم اختم لنا بخیر۔

تم لوگ اپنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجا کرو کیونکہ تمہارا درود آپ کے سامنے پیش کیا جاتا ہے اور دوسری یہ دعا "اے اللہ ہمارا خاتمہ بالخیر فرما۔"

میں نے اس اُمت میں کرز سے بڑا عابد نہیں دیکھا۔ کبھی عبادت سے خالی نہیں رہتے تھے
...کہ محمل میں سوار رہ کر نوافل ادا کیا کرتے اور اترتے تو فوراً زمین پر نماز شروع کر دیتے
...لیمان مکتب کا بیان ہے کہ ایک مرتبہ میں مکہ مکرمہ کے سفر میں کرز کے ساتھ تھا۔ جب وہ کسی
...ن پر اترتے تو کپڑے سمیٹ کر کجاوہ میں رکھ دیتے اور نماز میں مصروف ہو جاتے تھے۔
...جب اونٹوں کے چلنے کی آواز سنتے تو آ جاتے۔ ایک مرتبہ بر وقت نہ آسکے تو قافلہ والے
...کی تلاش میں نکلے۔ میں نے ان کو ایک تنہا مقام میں اس حال میں پایا کہ بادل ان پر سایہ
...ہوئے ہے۔ مجھے دیکھ کر فرمایا ابو سلیمان! تم سے مجھے ایک کام ہے میں نے عرض کیا فرمایئے کیا
...ہے؟ فرمایا میں چاہتا ہوں کہ تم نے اس وقت جو کچھ دیکھا ہے اسے چھپائے رکھو۔ میں نے فوراً
...کا وعدہ کر لیا تو کہا کہ مجھے پورا اطمینان دلاؤ میں نے قسم کھا کر کہا کہ آپ کے انتقال تک
...واقعہ کا تذکرہ کسی سے نہیں کروں گا۔ فضیل بن غزوان کا بیان ہے کہ حضرت کرز بن وبرہ نے
...یس سال تک آسمان کی طرف نظر نہیں اٹھائی۔ ابو داؤد حضری کا بیان ہے کہ میں ایک
...کرز بن وبرہ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ دیکھا کہ اپنے کمرے میں بیٹھے رو رہے ہیں جب اس
...جہ دریافت کی گئی تو فرمایا میں آج رات حسب معمول قرآن کریم نہ پڑھ سکا۔ اس کا سبب
...ایہ ہے کہ مجھ سے کوئی گناہ صادر ہو گیا ہے۔ امام کرز نے طاؤس، عطاء، ربیع بن خثیم، قرظی
...دوسرے بہت سے علماء اور محدثین سے روایت کی ہے۔

Marfat.com

امام ابوالقاسم حمزہ بن یوسف سہمی نے تاریخ جرجان میں نہایت تفصیل سے حضرت کرز
وبرہ کے حالات اور ان کی مرویات کو بیان کیا ہے اور لکھا ہے کہ خلیفہ سلیمان بن عبدالملک
نے یزید بن مہلب کو جرجان کا والی بنایا اور انھوں نے ۹۸ھ میں ان علاقوں میں فتوحات
حاصل کیں۔ ان تمام غزوات وفتوحات میں کرز بن وبرہ شریک تھے۔ بعد میں یزید بن مہلب
کی فوج کے جو مجاہدین جرجان میں آباد ہو گئے۔ ان میں کرز بن وبرہ بھی تھے۔ اس سے بہت
پہلے ۴۵ھ میں حضرت معاویہ کے زمانہ میں عبداللہ بن سوارہ عبدی کے جانشین کی حیثیت
سے حضرت کرز بن وبرہ سندھ کے امیر تھے۔ اس زمانے میں ابن سوار قیقان فتح کر کے
حضرت معاویہ کی خدمت میں یہاں کے تحفے تحائف لے کر گئے تھے پھر سندھ واپس آئے
اس درمیان میں حضرت کرز ان کے جانشین تھے خلیفہ بن خیاط نے ۴۵ھ کے واقعات
میں لکھا ہے:۔

وفیھا بعث ابن عامر عبداللہ بن سوار العبدی فافتتح القیقان واصاب غنائم، وقاد منھا خیلاً واستخلف کراز بن ابی کراز (کرز بن ابی کرز) العبدی وفد علی معاویۃ فردہ الی عملہ۔

۴۵ھ میں عبداللہ بن عامر نے عبداللہ بن سوارہ عبدی کو سندھ بھیجا اور انھوں نے قیقان فتح کر کے اموال غنیمت حاصل کئے اور وہاں کے گھوڑے عرب لے گئے اور کرز بن ابی کرز عبدی کو اپنا جانشین بنا کر حضرت معاویہ کے پاس گئے پھر حضرت معاویہ نے ان کو سندھ واپس کر دیا۔

اس عبارت میں "کراز بن ابی کراز عبدی" کرز بن ابی کرز عبدی کی تصحیف ہے
عمرو بن حمید نے ایک جرجانی شخص کی زبانی نقل کیا ہے کہ حضرت کرز کی وفات کے
ایک شخص نے خواب دیکھا کہ جرجان کے قبرستان کے مردے نئے نئے کپڑے پہن کر اپنی
قبروں پر بیٹھے ہیں۔ جب ان سے اس کا سبب پوچھا گیا تو بتایا کہ آج مردوں کو اس لئے نئے

Marfat.com

کئے گئے ہیں کہ آج انکے یہاں کرز کی آمد ہے۔ حضرت کرز کے تفصیلی حالات کے لئے تاریخ
جان از صفحہ ۲۹۵ تا صفحہ ۳۱۱ اور صفۃ الصفوۃ ج ۳ صفحہ ۱۶۷ اور ۸۰ وغیرہ ملاحظہ ہو

## کعب بن مخارق راسبیؒ

کعب بن مخارق راسبی سندھ کی غزوات و فتوحات میں اہم حیثیت رکھتے ہیں۔ ایک بار
بن قاسم نے ان کو ر اور کی غنیمت دے کر عراق روانہ کیا تھا اور وہ اس وفد کے ساتھ
عراق گئے تھے جو راجہ داہر کا سر لے کر حجاج کے پاس پہونچا تھا۔ حجاج نے ان سے پوچھا تم
ن ہو؟ انھوں نے اپنا تعارف کرایا تو حجاج نے کہا محمد بن قاسم نے اپنے تمام فوجی قواد اور امرا
کے بارے میں مجھے معلومات دی ہیں اور ان کی بہادری اور خدمت کو تفصیل سے لکھا ہے
تمہارے بارے میں کچھ نہیں لکھا ہے۔ اب خود ہی بتاؤ کہ تم نے کیا کیا ہے؟ کعب بن مخارق
کہا کہ جنگ داہر کا معرکہ بہت ہی سخت اور صبر آزما تھا یہاں تک کہ مسلمانوں کے دلوں میں وسوسہ
ہونے لگا تھا۔ اس وقت میں محمد بن قاسم کے ساتھ تھا۔ انھوں نے اپنے ساتھیوں سے مشورہ
۔ اس کے بعد ہم نے بڑی بہادری اور بے جگری سے جنگ کی۔ یہاں تک کہ راجہ داہر مارا
ا۔ حجاج نے پوچھا کہ کیا اس نازک وقت میں محمد بن قاسم پر خوف وہراس کا اثر تھا؟ کعب نے کہا جب جنگ
ہو گئی اور دونوں طرف کے سپاہی بھڑ گئے اور تلواروں پر تلواریں اور نیزوں پر نیزے
نے لگے تو محمد بن قاسم نے اپنے ایک ساتھی سے کہا اطعمنی الماء یعنی مجھے پانی پلاؤ (گھبراہٹ
وجہ سے اسقنی الماء کے بجائے اطعمنی الماء ان کی زبان سے نکل گیا) حجاج نے کہا یہ غلطی

جمہرۃ انساب العرب ص ۴۹۵، تاریخ کبیر ج ۴ ص ۲۲۸، کتاب الجرح والتعدیل ج ۳ ق ۲ ص ۱۶۰،
اعمار الصحابہ ج ۲ ص ۲۱، اصابہ ج ۳ ص ۳۰۲ وص ۳۰۳، کتاب الکنیٰ والاسماء ج ۲ ص ۹۲،
تہذیب التہذیب ج ۸ ص ۱۱۱، کتاب الثقات ص ۲۲۰، تاریخ خلیفہ ج ۱ ص ۲۸۱، تاریخ جرجان ص ۹۹، العوارص ۲۹۵ تا
۳۰۴، صفۃ الصفوۃ ج ۳ ص ۷۰ وص ۸۰، تاج العروس ج ۴ ص ۷۳۔

Marfat.com

نہیں ہے۔ کیونکہ قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے :-

| | |
|---|---|
| اِنَّ اللّٰہَ مُبْتَلِیْکُمْ بِنَھَرٍ فَمَنْ شَرِبَ مِنْہُ فَلَیْسَ مِنِّیْ وَمَنْ لَّمْ یَطْعَمْہُ فَاِنَّہٗ مِنِّیْ ۔ | (حضرت داؤد نے کہا) اللہ تعالیٰ تم لوگوں کو ایک نہر کے ذریعہ آزمائے گا۔ پس جو شخص اس سے پانی پیے گا وہ میری جماعت سے نہیں ہے اور جو شخص نہیں پیے گا وہ میری جماعت سے ہے۔ |

کعب بن مخارق کا بیان ہے کہ اس کے بعد راجہ داہر کا سر دربار میں رکھا گیا۔ سا[تھ] ہی ہندوستان کے راجوں کی بیٹیاں پیش کی گئیں۔ راجہ داہر کی بیٹی کے حسن و جمال پر خلی[فہ] ولید بن عبد الملک متعجب ہوا اور مجھ سے کہا یہ شاہزادی بہت ہی حسین و جمیل اور باعفت [و] عصمت ہے تم اس سے شادی کر لو۔ میں اس وقت جوان تھا۔ چنانچہ میں نے اس سے ش[ادی] کرلی وہ میرے گھر آئی تو پڑوس کی عورتیں اس سے علم و دانش اور حکمت کی باتیں سنتی تھیں اس سے میری کوئی اولاد نہیں ہوئی [1]

## کُلَیب ابو وائل

کُلَیب ابو وائل کے بارے میں اختلاف ہے کہ وہ صحابی ہیں یا تابعی ؟ ان کے حالا[ت] بھی زیادہ نہیں ملتے ہیں۔ ابن حجر نے لسان المیزان میں اور ذہبی نے میزان الاعتدا[ل] میں لکھا ہے :-

| | |
|---|---|
| کلیب ابو وائل، نکرۃ لا یعرف، روی قریش بن انس عن کلیب ھذا انہ رأی فی الھند وردا، | کلیب ابو وائل مجہول الحال ہیں۔ ان کے بارے میں معلومات نہیں ہیں۔ ان سے قریش بن انس نے روایت کی ہے کہ انھوں نے |

[1] تاریخ نامہ ص ۱۸۸، ص ۱۹۲، ص ۱۹۳، ص ۱۹۵۔

Marfat.com

| | |
|---|---|
| فی الورد ة مکتوب ببیاض " | ہندوستان میں ایسا گلاب دیکھا ہے جس میں |
| "محمد رسول اللّٰہ" عن ابیہ مجهول | سفید حرفوں میں مکتوب ہے "محمد رسول اللّٰہ" |
| قال ، ویقال : لہ صحبۃ ۔ | ایک قول ہے کہ وہ صحابی ہیں ۔ |

میزان الاعتدال میں بالھند ہے اور محمد رسول اللّٰہ کے بعد کی عبارت نہیں ہے ۔

اور ابن قتیبہ نے عیون الاخبار میں لکھا ہے کہ :۔

| | |
|---|---|
| حدثنی اسحاق بن ابراھیم | قریش بن انس نے فدائی مجاہدوں میں سے |
| بن حبیب بن الشھید ، قال | ایک شخص کلیب ابو وائل نامی سے روایت |
| حدثنا قریش بن انس عن کلیب | کی ہے کہ کلیب نے بیان کیا ہے کہ میں نے |
| ابی وائل رجل من المطوعۃ ۔ | بلاد ہند میں ایک درخت دیکھا ہے جس |
| قال :۔ رأیت ببلاد الھند شجراً ، | کا پھول سرخ ہوتا ہے اور اس میں سفید |
| لہ ورد احمر مکتوب فیہ ببیاض | حرفوں میں لکھا ہوتا ہے "محمد رسول اللّٰہ" |
| "محمد رسول اللّٰہ" والعرب | ایسے درخت کے بارے میں عربوں میں |
| تقول ھو اشکر من البروقۃ | مثل مشہور ہے "بروقہ سے زیادہ شناکر" |
| وھو نبت ضعیف ینبت | بروقہ ایک درخت کا پودا ہے جو بادل |
| بالغیم ۔ | اور بارش سے اگتا ہے ۔ |

لسان المیزان سے صرف اتنا معلوم ہوتا ہے کہ کلیب ابو وائل کی شخصیت علماء رجال وحدیث کے نزدیک غیر معروف ہے اور ان کے بارے میں ضعف وثقاہت دونوں نامعلوم ہیں ۔ البتہ ان کی صحابیت کا ایک قول ہے اور عیون الاخبار سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ مطوّعین کی جماعت سے تھے ۔ یعنی ان مجاہدین میں شامل ہو کر ہندوستان آئے تھے ۔ جو فدائیانہ اور رضاکارانہ اجر و ثواب کی نیت سے غزوات وفتوحات میں حصہ لیتے تھے اور ان کی حیثیت سرکاری فوج کے لئے مدد کی تھی ہندوستان میں اس قسم کے پھول پتوں کے بارے میں تفصیلی باتیں

Marfat.com

علی بن عبد اللہ ہاشمی رقی کے بیان میں گذر چکی ہیں۔ حضرت کلیب ابو وائل کے مزید حالات معلوم نہ ہو سکے[1]

## کلیب بن خلف عمانی

کلیب بن خلف عمانی بھی اموی حکومت کے خلاف سرگرمی میں سندھ میں محمد بن حارث علافی اور معاویہ بن حارث علافی کے ساتھ تھا اور یہ بھی امیر سندھ سعید بن اسلم کلابی کے قتل میں شریک تھا[2]

## کہمس بن حسن قیسی بصریؒ

ابو الحسن کہمس بن حسن قیسی بصریؒ امت محمدیہ کے عباد و زہاد میں بڑے پایہ کے تابعی گذرے ہیں ۹۳ھ میں محمد بن قاسم کے ساتھ سندھ کے غزوات و فتوحات میں شریک تھے ابن سعد نے طبقات میں ان کو بصرہ کے فقہاء و محدثین اور تابعین کے طبقۂ رابعہ میں شمار کر کے لکھا ہے کہ کہمس بن حسن قیسی ثقہ ہیں۔ امام بخاری نے تاریخ کبیر میں لکھا ہے کہ کہمس بن حسن تمیمی بصری نے عبد اللہ بن بریدہ سے حدیث کا سماع کیا ہے اور ان سے مقری نے روایت کی ان کا ننہال بنو قیس میں تھا اور وہ خود نمیر بن قاسط سے تھے مگر اپنے ننہال میں بنو قیس کے ساتھ رہتے تھے۔ ابن ابو حاتم رازی کا بیان ہے کہ انھوں نے عبد اللہ بن شقیق، عبد اللہ بن بریدہ اور عباس جریری سے اور ان سے خالد بن حارث، معاذ بن معاذ، وکیع بن جراح، نضر بن شمیل اور مقری نے روایت کی ہے۔ امام احمد اور ابن معین نے ان کو ثقہ قرار دیا ہے۔ ابن حجر نے لکھا ہے کہ کہمس بن حسن نے ابو الطفیل، عبد اللہ بن شقیق، ابو السلیل ضریب بن نفیل، یزید بن عبد اللہ بن شخیر، سیار بن منظور اور ابو نضرہ وغیرہ سے روایت کی۔

[1] لسان المیزان ج ۴ ص ۴۹۰، میزان الاعتدال ج ۲ ص ۳۵۸، عیون الاخبار ج ۲ ص ۱۰۵ [2] ... نامہ

ان سے ان کے صاحب زادے عون بن کہمس، قطان، عبداللہ بن مبارک، وکیع بن جراح
بن معاذ، معتمر بن سلیمان، سفیان بن حبیب، یوسف بن یعقوب، سدوسی، حارث بن
رث، جعفر بن سلیمان، عثمان بن عمرو، علی بن غراب، نضر بن شمیل، ابو اسامہ، یزید بن ہارون
اللہ بن یزید اور مقری وغیرہ نے روایت کی ہے۔ احمد، ابن معین اور ابو داؤد نے ان
ثقہ کہا ہے۔ ابن حبان نے کتاب الثقات میں ان کا ذکر کیا ہے اور ابن ابو حاتم نے ان
بارے میں "لاباس بہ" کہا ہے۔

ابن جوزی نے صفۃ الصفوہ میں بصرہ کے عُبّاد کے طبقہ رابعہ میں ان کا ذکر جمیل تفصیل سے کیا
اور لکھا ہے کہ کہمس بن حسن تیمی کی کنیت ابوعبداللہ ہے۔ رات دن میں روزانہ ایک
رکعات نفل پڑھتے تھے اور جب گھبرا جاتے تھے تو اپنے نفس کو یوں خطاب کرتے تھے۔

قومی یا ماوی کل سوء، فواللہ — اے ہر خرابی کی پناہ! اٹھ، میں تجھ کو اللہ
ما رضیتك للہ ساعۃً قط، — کے لئے کبھی ایک ساعت بھی تیار نہ کر سکا۔

روزانہ دو دانق اجرت پر گچ کاری کرتے تھے یعنی پختہ مکانوں کی گچ بناتے تھے اور شام کو مزدوری لے کر
پس لوٹتے تو اپنی والدہ کے لیے میوہ خرید لاتے۔ زہد و عبادت کے ساتھ والدہ کی خدمت
مشغول رہا کرتے تھے۔ ان کے انتقال کے بعد بصرہ سے مکہ مکرمہ آ کر یوں رہ گئے کہ مکہ ہی
انتقال فرمایا۔

یحییٰ بن کثیر کا بیان ہے کہ ایک مرتبہ حضرت کہمس ایک درہم کا آٹا خرید کر کھاتے رہے
ادہ دن گذر جانے پر اسے وزن کیا تو کوئی کمی نہیں ہوئی تھی مگر اس کے بعد کمی ہونے لگی۔
ہاں تک کہ کچھ دنوں کے بعد ختم ہو گیا۔

موسیٰ بن ہلال عبدی کا بیان ہے کہ امام کہمس نے مکہ مکرمہ میں بتایا کہ میرا ایک پڑوسی
ور کے باغات کے متعلق تحقیق کر کے میری کھجوریں خریدا کرتا تھا۔ جب سے اس کا انتقال
میں نے کھجور کھانا چھوڑ دیا۔



Marfat.com

بشر بن حارث کا بیان ہے کہ ایک مرتبہ امام کہمس کا ایک دینار کہیں گر گیا اور تلاش کر
ل گیا مگر یہ کہہ کر نہیں لیا کہ شاید یہ دینار اس کے علاوہ ہو۔

عمارہ بن زاذان کا بیان ہے کہ امام کہمس نے ایک مرتبہ مجھ سے فرمایا ابوسلمہ! میں
ایک گناہ کیا تھا جس پر چالیس برس سے افسوس کر رہا ہوں۔ میں نے عرض کیا ابو عبد
وہ کون سا گناہ ہے؟ فرمایا ایک دوست ملاقات کے لئے آیا۔ میں نے اس کے لئے ایک
دانق کی مچھلی خریدی۔ جب وہ کھا چکا تو میں نے اپنے پڑوسی کی اجازت کے بغیر اس
دیوار سے مٹی لی۔ جس سے میرے دوست نے ہاتھ دھویا۔

عطار رملی کا بیان ہے کہ امام کہمس رات کی تنہائی میں یوں دعا کیا کرتے تھے۔

اتراك معذبي، وانت قرة عيني  اے میرے دل کے محبوب! تو میری آنکھ کی
يا حبيب قلباه -  ٹھنڈک ہے کیا تو مجھے عذاب دے گا۔

بشر بن حارث کا بیان ہے کہ امام کہمس رات میں نمازیں پڑھتے پڑھتے بیہوش ہو
کرتے تھے، اپنی والدہ کے وصال کے بعد مکہ مکرمہ چلے گئے اور وہیں ۱۴۹ھ میں فوت ہو

خلیفہ بن خیاط نے ۹۳ھ کے واقعات میں اپنی سند سے عون بن کہمس بن حسن
روایت کی ہے کہ میرے والد نے مجھ سے بیان کیا کہ میں محمد بن قاسم کے ساتھ سندھ
جنگ میں تھا۔ راجہ داہر بھاری فوج لے کر ہمارے مقابلہ کے لئے آیا۔ اس کے ساتھ ست
ہاتھی تھے۔ ہم دریا پار کر کے اس کی طرف بڑھے۔ جنگ کے بعد اللہ تعالیٰ نے دشمن کو شک
دی اور راجہ داہر بھاگ نکلا۔ ہم نے اس کا تعاقب کیا۔ اسلامی فوج کے ایک دستہ
دشمنوں کا پیچھا کر کے ان کا کام تمام کیا۔ اس کے بعد ہم اپنے فوجی مستقر میں آگئے جب آ
غروب ہونے کے بعد رات کا اندھیرا چھایا تو راجہ داہر نے اپنی اسلحہ بند بھاری فوج
ساتھ ہم پر شب خون مارا اس جنگ میں وہ اور اس کے اکثر فوجی قتل ہوئے۔ جو بچ گئے
بھاگ چلے۔ محمد بن قاسم اپنی فوج لے کر ان کا تعاقب کرتے ہوئے برہما دیرہ پر

تنابا ز تک چلے گئے۔ یہاں دشمنوں کی ایک فوج نے نکل کر مقابلہ کیا مگر اسلامی فوج نے
کو شہر میں پناہ لینے پر مجبور کر دیا۔ اس کے بعد محمد بن قاسم نے کیرج پر حملہ کر کے اسے
کیا۔

(۴)

## محمد بن حارث علّافی سامی

خلیفہ بن خیاط نے کتاب التاریخ میں تصریح کی ہے کہ محمد بن حارث علّافی اور ر
ویہ بن حارث علّافی دونوں بھائی قبیلہ بنی سامہ بن لوئی سے ہیں۔ بلاذری نے لکھا ہے کہ علاف کا نام
ان بن حلوان بن عمران بن حاف بن قضاعہ اور کنیت ابو جرم ہے۔ ابن حزم کا قول ہے
لوان بن عمران حافی بن قضاعہ کے دو لڑکے تغلب اور ربّان تھے۔ ربّان کا لقب
ف ہے اور اسی کی طرف رحالِ علافیہ (علافی کجاوے) منسوب ہیں۔ یعنی خلیفہ نے ان
ونوں بھائیوں کو بنی سامہ سے بتایا ہے اور بلاذری اور ابن حزم نے ان کا تعلق بن
ماعہ سے ثابت کیا ہے۔ یہ دونوں بھائی عمان سے سندھ آئے اور اپنے ساتھیوں کو
کر سندھ میں بغاوت و شورش برپا کی۔ جن میں سفہوی بن لام عمانی، کلیب بن خلفت عمانی
بداللہ بن عبدالرحیم عمانی، حمیم بن سامہ سامی عمانی وغیرہ کے نام کتابوں میں ملتے ہیں۔

---

ہ تاریخ کبیر ج ۴ ق ۱ ص ۲۲۹ و ص ۴۴، طبقات ابن سعد ج ۷ ص ۲۰۰، کتاب الجرح
والتعدیل ج ۳ ق ۲ ص ۱۷۰ و ص ۱۷۱، کتاب الکنی والاسماء ج ۱ ص ۸۴، تہذیب التہذیب
ج ۸ ص ۵۰۴ و ص ۵۱۴، العبر فی خبر من غبر ج ۱ ص ۲۱۲، تاریخ خلیفہ ج ۱ ص ۵۰۴
ص ۱۰۰، صفۃ الصفوہ ج ۳ ص ۲۳۴ و ص ۲۳۵، میزان الاعتدال ج ۲
ص ۳۵۸، خلاصۃ تذہیب الکمال ص ۲۷۴، البیان والتبیین ج ۳ ص
۱۷۰۔

انھوں نے ۶۵ھ میں والی سندھ سعید بن اسلم کلابی کو قتل کر کے مکران پر قبضہ کر لیا تھا
علم میں سندھ میں اموی دولت کے خلاف شورش و بغاوت کا یہ پہلا جرثومہ ہے جو
وقت تو ختم ہو گیا مگر آگے چل کر یوں ظاہر ہوا کہ عمان کے اسی قبیلۂ بنو سامہ کے ایک
محمد بن قاسم بن منبہ سامی نے حدود ۲۷۰ھ میں ملتان میں دولت سامیہ قائم کر لی۔ جسے
نے حدود ۳۷۵ھ میں ختم کر دیا۔ اس کی پوری تفصیل ہماری کتاب "ہندوستان میں عربوں
حکومتیں" میں درج ہے [1]

## محمد بن زید عبدیؒ

محمد بن زید عبدی نے شہر بن حوشب سے اور ان سے محمد بن ابراہیم باہلی نے روایت
ہے۔ جیسا کہ ابن حجر نے لسان المیزان میں لکھا ہے۔ یہ بزرگ محمد بن قاسم کے ساتھ سندھ
فتوحات میں شریک تھے چچ نامہ میں ہے کہ محمد بن زید عبدی ایک ہزار رشتہ سواروں کے
تھے۔ بعض غزوات میں ایک طرف سے محمد بن زید عبدی اور شمر بن عطیہ اپنی اپنی فوجوں
ساتھ مقابلہ کے لئے نکلے اور دوسری طرف سے محمد بن مصعب بن عبدالرحمن ثقفی اور
بن عمرو مدنی نکلے۔ اصل کتاب میں محمد بن زید عبدی کے بجائے محمد بن زیاد عبدی اور شمر بن
کے بجائے۔ بشر بن عطیہ اور محمد بن مصعب کے بجائے صرف مصعب ہے اور یہ سب تحریف
تصحیف ہے [2]

## محمد بن غزار جُبیل قضاعی

محمد بن غزار بن اوس بن ثعلبہ بن حارثہ بن مرہ بن حارثہ بن عبد رضا بن جبیل کا

---

[1] تاریخ خلیفہ ج ۱ ص ۳۵۲، فتوح البلدان ص ۴۲۳، جمہرۃ انساب العرب ص ۴۵۰ [2] لسان
ج ۵ ص ۱۶۹، چچ نامہ ص ۱۴۰، ۱۷۴، ۱۸۰، ۲۱۸۔

Marfat.com

...نے مورث اعلیٰ کے لقب پر جبلی ہے۔ ان کو منصور بن جمہور نے سندھ میں قتل کیا تھا جیسا کہ ...ر چکا ہے[1]

## محمد بن عباس بن عبداللہ مکیؒ

محمد بن عباس بن عبداللہ بن معبد بن عباس بن عبدالمطلب مکی کے والد عباس خلیفہ ...لعباس سفاح (۱۳۲ھ تا ۱۳۶ھ) کے زمانہ میں مکہ اور طائف کے امیر تھے وہ بہت ہی صالح ...نیک عالم تھے۔ ان سے سفیان بن عیینہ نے روایت کی ہے۔ ان کے خاندان میں روایت ...دیث کے ساتھ ولایت و امارت کا سلسلہ بھی جاری رہا۔ محمد بن عباس کے بارے میں ...ون والحدائق کے مصنف نے لکھا ہے کہ ایک قول کے مطابق انھوں نے سندھ کو فتح کیا چنانچہ ۹۳ھ کے حالات میں لکھا ہے۔

| | |
|---|---|
| وفیہا افتتح محمد بن القاسم | اس سال محمد بن قاسم نے سرزمین ہند |
| ارض الهند وقیل فتحها | کو فتح کیا اور ایک قول ہے کہ اسے محمد بن |
| محمد بن العباس۔ | عباس نے فتح کیا۔ |

یہ قول جمہور مؤرخین کے خلاف ہے اور ہمارے علم میں اسے العیون والحدائق کے مؤلف ...نے لکھا ہے مگر اس قول سے اتنا تو معلوم ہی ہوتا ہے کہ محمد بن عباس سندھ کی فتوحات میں ...بن قاسم کے شریک تھے[2]

## محمد بن قاسم ثقفی

محمد بن قاسم بن محمد بن حکم بن ابوعقیل بن مسعود بن عامر بن معتب بن مالک بن کعب

---

[1] الکامل ج ۲ ص ۵۶۵ و ج ۶ ص ۱۰۸، وکتاب الانساب ج ۳ ص ۳۰۴ ۔ جمہرۃ انساب العرب ...

[2] العیون والحدائق ص ۸۔

بن عمرو بن سعد بن عوف بن قسی (ثقیف) ثقفی رحمۃ اللہ علیہ قبیلہ ثقیف کی شاخ احلاف
بنو عوف کے خاندان آل ابو عقیل سے ہیں دولت امویہ کے مشرقی ممالک کے ان چند
امراء میں سے تھے جنھوں نے مشرق اور ایشیائے کوچک میں زبردست اسلامی فتوحات
کی ہیں۔ یزید بن مہلب، قتیبہ بن مسلم اور محمد بن قاسم مشرق میں اسلام کے عظیم فاتح گذرے
ہیں۔ محمد بن قاسم کے آباؤ اجداد میں حضرت معتب بن مالک نے سب سے پہلے اسلام قبول
اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے اسلام کے داعی و مبلغ بن کر اپنے قبیلہ
ثقیف اور احلاف کو دعوت اسلام دی۔ مگر انھوں نے ان کو شہید کر دیا۔ آپ کے و
قاسم بن محمد ثقفی بصرہ کے امیر و حاکم رہ چکے ہیں اور حسب تصریح ابن حبان انھوں
حضرت معاویہ اور حضرت اسماء بنت ابوبکر سے اور ان سے عثمان بن غندر اور قیس
احنف نے روایت کی ہے۔ محمد بن قاسم سترہ سال کی عمر میں ۸۳ھ میں فارس کے امیر
گئے اس حساب سے ان کی ولادت بصرہ میں ۶۶ھ کے حدود میں ہوئی اس زمانہ میں
علماء و فضلاء اور امراء و مجاہدین کا مرکز تھا اور دینی حمیت ہر طرف عام تھی۔ اسی ماحول
محمد بن قاسم نے نشو و نما پائی اور سترہ سال کی عمر میں ۸۳ھ میں حجاج بن یوسف نے ا
فارس کی امارت دی۔ انھوں نے اپنی سیاسی و حربی صلاحیت سے وہاں کے ہر قسم کے ناگوار
درست کئے اور نو دس سال کے بعد وہیں سے ۹۲ھ میں ہندوستان کی مہمات کے
امیر بن کر آئے اس وقت ان کی عمر چھبیس ستائیس سال کی تھی معلوم نہیں کیسے اکثر مؤرخو
سندھ کی امارت کے وقت ان کی عمر صرف سترہ سال بتائی ہے۔ اگر اس وقت یہ عمر تھی تو
سے پہلے فارس کی امارت کے وقت ان کی عمر صرف چھ سات سال کی ہوگی جو ایک مضحکہ خیز بات
ہے۔ محمد بن قاسم ۹۲ھ سے ۹۶ھ تک مکران، سندھ، پنجاب، کشمیر، سوراشٹر، کاٹھیاواڑ
وغیرہ میں جہاد کر کے ہندوستان میں اسلام کا جھنڈا بلند کیا اور ولید بن عبد الملک
خلافت کے حدود وسیع کئے۔ محمد بن قاسم حجاج بن یوسف کے حقیقی چچا کے لڑکے تھے

تھے۔ البتہ خاندانی تعلقات کی رو سے چچازاد بھائی ضرور تھے یہ جو مشہور ہے کہ وہ حجاج کے داماد تھے
ط ہے۔ البتہ حجاج نے اپنی بہن زینب سے کہا تھا کہ تم محمد بن قاسم جیسے نوجوان سے یا حکم بن
عقیل سے جو عمر رسیدہ ہیں شادی کر لو تو اس نے حکم بن ایوب کو پسند کر کے ان ہی سے
شادی کی۔ افسوس کہ محمد بن قاسم جیسے عظیم فاتح کو بنو امیہ کی خاندانی عصبیت اور انتقامی سازش
نے بہت جلد ضائع کر کے ایک نامور فاتح و بہادر سے اموی خلافت محروم ہو گئی ۹۶ھ میں
لیمان بن عبد الملک خلیفہ ہوا اور یزید بن مہلب اور صالح بن عبد الرحمن تمیمی کو عراق کی
رت دی۔ اس وقت محمد بن قاسم ہندوستان کی فتوحات میں سرگرم تھے۔ سلیمان نے صالح
لکھا کہ وہ آل ابو عقیل کو گرفتار کر کے ان کا محاسبہ کرے۔ چنانچہ ہندوستان میں آل ابو عقیل
کے اس عظیم فاتح و امیر محمد بن قاسم کے ہوتے ہوئے صالح نے شعبۂ حرب پر حبیب بن مہلب
اور شعبۂ مالیات و خراج پر یزید بن ابو کبشہ کو مقرر کیا اور صالح کے حکم سے یزید بن ابو کبشہ
نے محمد بن قاسم کو گرفتار کر کے معاویہ بن مہلب کی نگرانی میں عراق بھیجا۔ صالح نے ان کو
اسط کے جیل خانہ میں آل ابو عقیل اور بہت سے افراد کے ساتھ قید کر دیا اور آل ابو عقیل کے
ساتھ ان کو بھی قسم قسم کی اذیت پہونچا کر مار ڈالا۔ بات یہ تھی کہ حجاج بن یوسف نے صالح کے بھائی
آدم بن عبد الرحمن کو خوارج کا ساتھ دینے کے جرم میں قتل کیا تھا۔ اس لئے صالح اور اس کے
طرف داروں نے اس کا بدلہ محمد بن قاسم وغیرہ سے لیا۔ جو حجاج بن یوسف کے خاندان سے تھے
محمد بن قاسم نے ہندوستان کی چار سالہ فتوحات اور ملکی انتظامات کی وجہ سے اپنی فوج اور
یہاں کی رعایا میں بے پناہ مقبولیت حاصل کر لی تھی۔ اگر وہ چاہتے تو اموی خلافت و حکومت
کے خلاف راجوں مہاراجوں کو لے کر صف آرا ہو جاتے مگر انھوں نے ایک بہادر اور
وفادار فوجی قائد کی طرح بلا چون و چرا اپنے کو حوالۂ زنجیر و زنداں کر دیا۔ البتہ اس موقعہ
پر برسر اقتدار حکمرانوں کی ناعاقبت اندیشی کا مرثیہ اس شعر سے سنا دیا۔

اضاعونی وای فتی اضاعوا ۔۔۔ لیوم کریھۃ وسداد ثغر

یہ لوگوں نے کیا کیا کہ مجھ جیسے بہادر اور جوان کو ضائع کر دیا جو میدان جنگ میں اور سرحد کی حفاظت کے وقت کام آتا۔

اور واسط کے جیل خانہ میں اپنا مرثیہ ان اشعار میں کہا:۔

فلئن ثویتُ بواسط وبارضها　　رهن الحدید مکبلاً مغلولا

اگر میں اس وقت واسط کی سرزمین میں زنجیروں کے حوالہ کر دیا گیا ہوں اور میرے ہاتھ پیر بندھے ہیں۔

فلربّ فتیة فارسٍ قد رعتُها　　ولربّ قرنٍ قد ترکت قتیلا

تو میں اس سے پہلے فارس کے بہت سے جوانوں کو لرزہ براندام کر چکا ہوں اور بہت سے بہادروں کو موت کا مزا چکھا چکا ہوں۔

اس وقت اموی دور کے حالات کچھ اس قسم کے تھے کہ عرب کے ارباب عقل و ہوش محمد بن قاسم کی قابل رحم موت پر زبان تک نہ کھول سکے۔ مگر ہندوستان کے وفادار عوام نے اس محبوب حکمراں کی ناوقت اور مظلومانہ موت پر اپنے گہرے رنج و غم کا اظہار کیا۔ ان کے غم میں بے اختیار آنسو بہائے اور مقام کیرج میں ان کا مجسمہ یا ان کی تصویر بنا کر یادگار قائم کی۔ محمد بن قاسم کی عمر اس وقت لگ بھگ تیس سال کی تھی ہمیں اب تک ان کی تین اولاد کا پتہ چل سکا (۱) عمرو بن محمد بن قاسم امیر سندھ (۲) یوسف بن محمد بن قاسم والی کوفہ بعہد ہشام بن عبد الملک اور (۳) قاسم بن محمد بن قاسم والی بصرہ بعہد ہشام و ولید۔ مؤخر الذکر دونوں صاحبزادوں کا تذکرہ خلیفہ بن خیاط نے کتاب التاریخ میں کیا ہے۔ محمد بن قاسم کے مفصل حالات کے لیے ہماری کتاب "اسلامی ہند کی عظمت رفتہ" (ص ۹۱ سے ص ۲۰۰ تک) ملاحظہ ہو۔[۱]

---

[۱] جمہرۃ انساب العرب ص ۲۶۷ و ص ۲۶۸، کتاب الثقات ص ۱۲۱، انساب الاشراف ج ۳ ق دوم ص ۱۵۳، کتاب المحبّر ص ۳۰۸، فتوح البلدان ۴۲۴، کتاب المعارف ص ۱۷۴، کتاب الاغانی ج ۵ ص ۳۰۰، تاریخ خلیفہ ج ۲ ص ۵۳۶ و ص ۵۲۵، طبقات ابن سعد ج ۷ ص ۱۰۱، عیون الاخبار ج ۱ ص ۲۹

# محمد بن مصعب ثقفیؒ

محمد بن مصعب بن عبد الرحمن ثقفی نے محمد بن قاسم کے ہمراہ سندھ میں بیش بہا خدمات انجام دی ہیں اور اہم معرکوں میں اپنی بصیرت و مہارت سے کامیابی حاصل کی ہے۔ بلاذری نے لکھا ہے کہ محمد بن قاسم نے محمد بن مصعب بن عبد الرحمن ثقفی کو گھوڑے اور راونٹ والی فوج دے کر سدوسان (سیوستان) کی مہم پر روانہ کیا جب وہ وہاں پہونچے تو شہر کے باشندوں نے صلح و امان کی خواہش ظاہر کی اور مقامی ذمہ داروں میں سے سمنیوں نے درمیان میں پڑ کر بات چیت کی۔ محمد بن مصعب نے ان کی پیش کش کو منظور کرتے ہوئے خراج کی شرط پر امان کا پروانہ دیدیا۔ اور اہل سدوسان سے رہن لیا تاکہ وہ نقض عہد نہ کریں اور چار ہزار جاٹوں کے ساتھ محمد بن قاسم کے پاس آگئے۔ یہ جاٹ اسلامی فوج میں محمد بن قاسم کے ساتھ فتوحات میں کام کرتے رہے۔

چچ نامہ میں ہے کہ محمد بن قاسم نے محمد بن مصعب بن عبد الرحمن ثقفی کو ایک ہزار سوار اور دو ہزار پیادہ فوج دے کر سدوسان کی مہم پر روانہ کیا۔ حصار سیوستان کے قریب پہونچے تو وہاں کا راجہ باہر نکل کر نبرد آزما ہوا اور شکست کھا کر بھاگا۔ دوسرے دن محمد بن مصعب فاتحانہ شان سے شہر میں داخل ہوئے۔ اعیان و اشراف اور ذمہ داروں نے آکر معذرت کی اور کہا کہ ہم لوگ راجہ کی جنگ میں شریک نہیں تھے۔ محمد بن مصعب نے ان کا عذر قبول کر کے صلح کرلی۔ محمد بن قاسم نے فتح سیوستان کی خبر پر خوشی کا اظہار کیا اور محمد بن مصعب کو کہلا بھیجا کہ وہاں سے چار ہزار سپاہی لاؤ جو ہماری فوج میں رہیں گے۔ چنانچہ ان کے ساتھ چار ہزار جاٹ آئے جو اسلامی فوج میں شامل ہو گئے۔ اس سے پہلے محمد بن قاسم سیوستان فتح کر چکے تھے مگر شرائط صلح سے انحراف کی وجہ سے محمد بن مصعب نے دوبارہ چڑھائی کی تھی چچ نامہ کی عبارت میں ہر جگہ "محمد بن مصعب بن عبد الرحمن ثقفی" کے بجائے "صاحب بن عبد الرحمن ثقفی"

Marfat.com

اور تحفۃ الکرام میں "مصعب بن عبد الرحمٰن" غلط ہے۔[1]

## محمد بن ہارون نمریؒ

محمد بن ہارون بن ذراع نمری یا نمیری تابعین کے معاصر ہیں۔ بلاذری نے ان کی نسبت نمری لکھی ہے، اس اعتبار سے وہ بنی نمر بن قاسط سے ہیں اور خلیفہ بن خیاط نے نمیری بتائی ہے اس کی رو سے ان کا تعلق بنی نمیر بن عامر بن صعصعہ بن معاویہ بن بکر بن ہوازن سے ہے ان کے دادا ذراع کی ایک نہر بصرہ میں تھی جو "نہر ذراع" کے نام سے مشہور تھی۔

سنہ ۸۶ھ میں حجاج بن یوسف نے محمد بن ہارون کو ثغر سندھ کا امیر مقرر کر کے حکم دیا کہ وہ محمد بن حارث علافی اور معاویہ بن حارث علافی کو تلاش کر کے قتل کر دیں جنھوں نے سندھ کے سابق امیر سعید بن اسلم کلابی کو قتل کر ڈالا تھا۔ محمد بن ہارون نے ان دونوں بھائیوں میں سے ایک کو تلاش کر کے قتل کیا اور دوسرا روپوش ہو گیا۔ جیسا کہ خلیفہ بن خیاط نے لکھا ہے اور خلیفہ ہی نے سنہ ۸۶ھ کے واقعات میں لکھا ہے کہ حجاج نے محمد بن ہارون کو سندھ کا والی بنایا جہاں وہ خلیفہ عبد الملک بن مروان کے انتقال تک رہے اور بلاذری نے بیان کیا ہے کہ حجاج نے مجاعہ بن سعر تمیمی کے بعد محمد بن ہارون کو سندھ کا امیر مقرر کیا۔ جب محمد بن قاسم سندھ کی مہم کے ارادے سے ارمائیل پہونچے تو محمد بن ہارون ان کے ساتھ چلے لگے ارمائیل کے قریب انتقال کر گئے اور مقام قنبیل میں دفن کیے گئے چچ نامہ میں ہے کہ محمد بن قاسم کے مکران پہونچنے پر محمد بن ہارون پیدل چل کر ان کے پاس آئے اور سامان کو سمیٹ کر کے اپنے گھر لائے۔ محمد بن قاسم نے ارمائیل کی طرف کوچ کیا تو محمد بن ہارون بھی ان کے ساتھ چلے اس وقت وہ بیمار تھے۔ ارمائیل پہونچ کر انتقال کر گئے۔ محمد بن ہارون کی فتوحات کی وجہ سے مکران کے حالات درست ہو گئے تھے اور علافیوں کی باغیانہ سرگرمیاں ختم

[1] فتوح البلدان ص ۴۲۶، چچ نامہ ص ۶۱، تحفۃ الکرام ج ۳ ص ۳۱۔

ہوگئی تھیں۔ بعد میں محمد بن ہارون کے بیٹے جمال الدین کی کچھ اولاد مکران کے ایک علاقہ پر اور اللہ بچے اولاد دوسرے علاقوں پر قابض ہوگئی پھر ان میں سے بعضوں نے سندھ چھوڑ کر کچھ کا رخ کیا۔

## مجّاعہ بن سعر تمیمیؒ

مجاعہ بن سعر بن زید بن حذیفہ تمیمی، قبیلہ بنی مُرّہ بن علید بن مقاعس، حارث، بن عمرو بن کعب بن سعد بن زید مناۃ بن تمیم سے ہیں۔ جیسا کہ تاریخ خلیفہ اور چچ نامہ میں ہے۔ اس قبیلہ کے لوگ تمیمی اور سعدی دونوں نسبتوں سے مشہور ہیں۔ ان کے والد سعر تمیمی حضرت علی رضی اللہ عنہ کے اصحاب و معاصرین میں سے ہیں، امام بخاری نے تاریخ کبیر میں سعر تمیمی سے روایت کی ہے؟ کہ ایک مرتبہ حضرت علیؓ کی خدمت میں فالودہ پیش کیا گیا آپ نے دریافت فرمایا کہ یہ کیا ہے؟ لوگوں نے عرض کیا آج نوروز ہے آپ نے فرمایا کیا ہر دن نوروز ہوتا ہے؟ نیز امام بخاری نے لکھا ہے کہ سعر نے حضرت علی سے اور ان سے علی بن زید بن جدعان نے روایت کی ہے۔ مجاعہ بن سعر سندھ کی ولایت سے پہلے عمان کے والی تھے خلیفہ بن خیاط نے ولاۃ عبد الملک کے بیان میں لکھا ہے کہ عمان پر سعید بن عبّاد اور سلیمان بن عبّاد دونوں بھائیوں نے قبضہ جما لیا تھا۔ حجاج نے طفیل بن حصین بہرانی کو بھیجا۔ جس نے ان دونوں کو نکال باہر کیا۔ حجاج نے طفیل کو لکھا کہ تم کسی کو اپنا نائب بنا کر چلے آؤ چنانچہ اس نے حاجب بن شیبہ کو یہ عہدہ دیا مگر اس کے مرنے پر سعید و سلیمان دونوں بھائیوں نے عمان پر دوبارہ قبضہ کر لیا تو اس بار ان کے مقابلہ کے لئے حجاج نے مجاعہ بن سعر کو بھیجا۔ پھر ان کو بلا کر محمد بن صعصعہ کو عمان کا والی بنایا۔ جسے عباد کے بیٹوں نے قتل کر دیا۔ محمد بن حبیب نے کتاب المحبّر میں لکھا ہے کہ مجّاعہ بڑے بہادر آدمی تھے۔ فتوحات میں ان کے شاندار کارنامے ہیں۔ ان کا ایک بھائی قاسم بن سعر سعدی تھا۔ وہ بھی اعیان و اشراف میں شمار ہوتا تھا۔ اہل عمان نے

---

لہ تاریخ خلیفہ ج ۱ ص ۲۵۸ و ص ۳۰۹ و ص ۴۰۱، فتوح البلدان ص ۴۲۳ و ص ۴۲۴، جمہرۃ انساب العرب ص ۲۰۷، چچ نامہ ص ۱۰۰، رجال السند والہند ص ۹۰ و ص ۹۱۔

اسے سولی پر لٹکا دیا۔ حجاج نے اس کے بھائی مجاعہ بن سعر کو تادیبی کارروائی کے لئے روانہ
کیا۔ انھوں نے عمان پہونچ کر دیکھا کہ ان کا بھائی اب تک مصلوب ہے۔ لوگوں نے قاسم بن سعر
کو سولی سے اتارنا چاہا مگر مجاعہ نے روک کر سرکشوں کے خلاف سخت کارروائی کی۔ اس
کے بعد بھائی کو سولی سے اتارا۔

امیر سندھ سعید بن اسلم کو علافیوں نے قتل کیا تو حجاج نے ۸۵ھ میں مجاعہ کو ہندوستان
کا امیر بنا کر حکم دیا کہ وہ علافیوں کو تلاش کر کے کیفر کردار تک پہونچائیں۔ مجاعہ نے نہایت
مستعدی اور تیزی سے حالات پر قابو حاصل کر کے قندابیل وغیرہ کو فتح کیا۔ چچ نامہ کی
روایت کے مطابق حجاج نے ۷۵ھ میں مجاعہ بن سعر کو خراسان کے ساتھ قندابیل اور
ہندوستان کی ولایت دی اور انھوں نے یہاں آکر شاندار کارنامے انجام دیئے۔
ایک شاعر نے ان کی کامیابی کو یوں بیان کیا ہے:۔

ما من مشاهد لك التي شاهدتها   الا يزينك ذكرها مجاعا

جن غزوات میں اے مجاعہ! تم شریک رہ چکے ہو ان کا تذکرہ تم کو زیب دیتا ہے۔
تاریخ خلیفہ میں ان کا نام مجاعہ کے بجائے مجاع درج ہے اور دوسری کتابوں میں
مجاعہ ہے ان کا انتقال ۷۹ھ یا ۸۰ھ میں مکران میں ہوا۔[1]

## مجاشع بن نوبہ ازدیؒ

مجاشع بن نوبہ ازدی محمد بن قاسم کی فوج کے اشراف ومشائخ اور بہادروں
میں شمار ہوتے تھے۔ حجاج نے محمد بن قاسم کے نام امراء کے بارے میں ایک خط لکھا تھا
جس میں ان کی تعریف وتوصیف کر کے ان پر اعتماد ظاہر کیا تھا۔ ان میں مجاشع بھی

[1] تاریخ کبیر ج ۲ ق ۱ ص ۲۰۱، تاریخ خلیفہ ج ۱ ص ۳۵۸ و ص ۳۹۰ و ص ۹۲ ۳ جمہرۃ انساب العرب
ص ۲۱۷، کتاب المحبر ص ۴۸۴، کتاب الاکمال ج ۴ ص ۳۹۸۔

Marfat.com

...ربہ ازدی کا نام بھی تھا۔[۱]

## محرز بن ثابت قیسیؓ

محرز بن ثابت قیسی سندھ کی فتوحات میں محمد بن قاسم کے ساتھ تھے، دریائے سندھ عبور کرنے پر محمد بن قاسم کو معلوم ہوا کہ راجہ داہر آمادہ جنگ ہے تو انھوں نے اسلامی فوج کی نئی ترتیب دے کر محرز بن ثابت قیسی کو دو ہزار فوج کا اور محمد بن زید عبدی کو ایک ہزار فوج کا امیر مقرر کیا۔ نیز دوسرے موقع پر ادیس بن قیس کے ساتھ محرز بن ثابت قیسی کو ہراول دستہ کا امیر بنایا اور جب مقابلہ کی باری آئی تو محرز کو قلب میں کر دیا اس سے زیادہ ان کے بارے میں مجھے کچھ معلوم نہیں ہو سکا۔[۲]

## مدرک بن مہلب ازدی

مدرک بن مہلب بن ابو صفرہ ازدی کو قندابیل میں ۱۰۲ھ میں ہلال بن احوز مازنی نے آل مہلب کے ساتھ موت کے گھاٹ اتارا۔ جیسا کہ بلاذری نے تصریح کی ہے۔ اس سے پہلے حجاج نے مفضل بن مہلب کو خراسان کی امارت دی تو انھوں نے عثمان بن مسعود کو ترمذ کے ایک جزیرہ میں پندرہ ہزار فوج دے کر روانہ کیا۔ وہاں کے باغی و قابض حاکم موسیٰ بن عبداللہ بن خازم تھے۔ یہ سن کر وہ شہر سے باہر آئے اور اہل شہر سے کہا کہ تم لوگ شہر کو عثمان بن مسعود کے حوالہ نہ کرنا بلکہ مدرک بن مہلب کو دیدینا چنانچہ موسیٰ بن عبداللہ کے قتل کے بعد شہر مدرک بن مہلب کی امارت میں دے دیا گیا یہ واقعہ ۸۵ھ کا ہے۔[۳]

---

[۱] فتوح البلدان ص ۴۲۳، کتاب الثقات ص ۱۰۵، چچ نامہ ص ۸۸، چچ نامہ ص ۱۰۲، [۲] چچ نامہ ص ۱۷۰ و ص ۱۷۱ و ص ۱۷۲، تحفۃ الکرام ج ۳ ص ۴۲ [۳] فتوح البلدان ص ۴۳۹ و ص ۴۰۹

Marfat.com

## مروان بن اشحم یمنیؒ

مروان بن اشحم یمنی سندھ کی فتوحات کے امراء میں سے ہیں۔ جنگ داہر کے آخری د
محمد بن قاسم نے مروان بن اشحم یمنی اور تمیم بن زید قینی کی امارت دے کر دونوں کو الگ
الگ جھنڈے دیئے اس کے بعد مسلمانوں نے یوں یکبارگی حملہ کیا کہ نعرۂ تکبیر سے دشمن
کو اس کی خبر ملی[1]

## مروان بن مہلب ازدیؒ

مروان بن مہلب بن ابوصفرہ ازدی عتکی کو ہلال بن احوز مازنی نے ۱۰۲ھ میں قندابیل
میں آل مہلب کے ساتھ قتل کیا تھا۔ جس وقت آل مہلب اور ہلال بن احوز میں مقابلہ ہوا او
مروان بن مہلب نے دیکھا کہ ہمارے طرفدار وداع بن حمید ازدی اور عبدالملک بن ہلا
ازدی دونوں ہلال بن احوز سے مل گئے تو وہ عورتوں کے خیموں کی طرف چلے۔ ان کے
بھائی مفضل بن مہلب نے پوچھا کہاں جا رہے ہو؟ مروان نے جواب دیا میں عورتوں کے
خیموں میں جا کر ان سب کو قتل کر دوں گا تاکہ فساق و فجار عورتوں تک نہ پہونچیں
اور ہمارے حرم سرا کی توہین میدان جنگ میں نہ ہو۔ مفضل نے کہا افسوس کہ تم اپنی بہنوں
اور گھر کی عورتوں کو قتل کرنے جا رہے ہو۔ خدا کی قسم ہم کو ان عورتوں کے بارے میں
دشمنوں کی طرف سے کوئی خطرہ نہیں ہے یہ کہہ کر مفضل نے مروان کو واپس کیا۔ اسکے بعد ہلال بن احوز
مروان کو قتل کرا دیا۔ خلیفہ نے لکھا ہے کہ اس سے پہلے مروان بن مہلب خلیفہ عبدالملک
مروان کی وفات ۸۶ھ تک بصرہ کے امیر و حاکم رہ چکے تھے[2]

---

[1] چچ نامہ ص ۱۷۸ [2] تاریخ طبری ج ۸ ص ۲۰۳، تاریخ خلیفہ ج ۱ ص ۲۹۴۔

## مروان بن یزید بن مہلب ازدی

مروان بن یزید بن مہلب بن ابو صفرہ ازدی عتکی خلیفہ یزید بن عبدالملک کے زمانہ میں ۱۰۱ھ تا ۱۰۵ھ عراق سے بھاگ کر سندھ آیا اور محمد بن قاسم ثقفی کے صاحبزادے عمرو بن محمد کے دور امارت میں ان کے ساتھ غزوات و فتوحات میں شریک رہا۔ اسی زمانہ میں ایک مرتبہ فوج میں بغاوت پھیلا کر جنگی ساز و سامان اور جانور وغیرہ ... آخر عمرو بن محمد بن قاسم نے معن بن زائدہ شیبانی اور عطیہ بن عبدالرحمن کی مدد سے باغیوں کو زیر کیا۔ مروان کے ساتھی شکست کھا کر منتشر ہو گئے اور وہ بھاگ نکلا۔ عمرو بن محمد بن قاسم نے اعلان کیا کہ سوائے مروان بن مہلب کے سب کو امن ہے۔ چنانچہ ملتے ہی قتل کر دیا گیا یہ واقعہ ۱۲۵ھ کا ہے اس کے چچا مروان بن مہلب کو ہلال بن احوز نے قندابیل میں قتل کیا تھا[۱]

## معاویہ بن حارث علافی سامی

محمد بن حارث علافی اور معاویہ بن حارث علافی عمان کے بنو سامہ سے تھے انھوں نے عمان کے چند لوگوں کو لے کر مکران میں شورش برپا کی جیسا کہ تفصیلات اپنی جگہ درج ہیں[۲]

## معاویہ بن قرہ مزنی[۳]

ابو ایاس معاویہ بن قرہ بن ایاس بن ہلال بن رئاب بن عبید بن سوادہ بن ساریہ بن ذبیان بن ثعلبہ بن سلیم بن اوس بن عمرو بن اُدّ مزنی بصری تابعی ہیں۔ ان کے والد صحابی ہیں

---

[۱] تاریخ یعقوبی ج ۲ ص ۳۹۲ [۲] فتوح البلدان ص ۴۲۳، [۳] جمہرۃ انساب العرب ص ۲۰۵، تاریخ خلیفہ بن خیاط ج ۱ ص ۳۹۲۔

Marfat.com

جیسا کہ ابن حزم نے لکھا ہے اور سان کے صاحب زادے ایاس بن معاویہ اسلام کے مشہور قاضی ہیں ابن حجر نے لکھا ہے کہ معاویہ بن قرہ نے اپنے والد قرہ بن ایاس اور معقل بن یسار مزنی۔ ابوایوب انصاری، عبد اللہ بن مغفل وغیرہ سے اور ان سے ان کے لڑکے ایاس بن معاویہ اور مستنیر بن اخضر، امام ابن شہاب زہری، ابراہیم بن محمد، اسحٰق بن یحیٰی بن طلحہ، حسن بن زید بن حسن بن علی وغیرہ نے روایت کی۔ ابن حبان نے کتاب الثقات میں لکھا ہے کہ معاویہ بن قرہ کی کنیت ابوایاس ہے وہ اہل بصرہ سے ہیں۔ اپنے والد اور حضرت انس بن مالک سے روایت کی ہے اور ان سے شعبہ اور اعمش نے روایت کی ہے۔ اپنے زمانہ کے نامور عقلاء و مدبرین میں سے ہیں۔ ایک مرتبہ ان سے پوچھا گیا کہ صاحب زادے قاضی ایاس آپ کے حق میں کیسے ثابت ہوئے تو جواب دیا۔

نعم الابن، کفانی امر دنیائی وفرغنی لآخرتی۔ — وہ بہترین لڑکے ہیں انھوں نے میری دنیا سے مجھے روک کر آخرت کے لئے فرصت دے دی ہے۔

معاویہ بن قرہ نے حضرت حکم بن ابوالعاصی ثقفی سے یتیموں کے مال کی تجارت کا واقعہ بیان کیا ہے جس کی تفصیل ہماری کتاب "خلافت راشدہ اور ہندوستان" میں حضرت حکم بن ابوالعاصی ثقفی کے تذکرہ میں گذر چکی ہے۔ حضرت معاویہ بن قرہ خلیفہ عبد الملک (۶۵ھ تا ۸۶ھ) کے زمانہ میں ہندوستان آئے تھے۔ ۱۱۳ھ میں فوت ہوئے۔

ابن کثیر نے لکھا ہے کہ ایک مرتبہ حجاج بن یوسف معاویہ بن قرہ کے ساتھ خلیفہ عبد الملک بن مروان کے دربار میں گیا۔ خلیفہ نے حجاج کے سامنے ہی معاویہ بن قرہ سے اس کے بارے میں سوال کیا۔ معاویہ نے کہا:۔

ان صدقناکم قتلتمونا، — اگر ہم سچ بولیں تو تم ہمیں قتل کر دوگے

وان کذبناکم خشینا — اور تم سے جھوٹ بولیں تو اللہ تعالے کا

اللہ عزوجل۔ ڈرہے۔

حجاج نے ان الفاظ کو سن کر معاویہ بن قرہ کی طرف غصہ سے دیکھا۔عبدالملک نے حجاج سے کہا تم ان سے تعرض نہ کرو مگر اس واقعہ کے بعد عبدالملک نے حضرت معاویہ بن قرہ کو سندھ کی طرف جلاوطن کر دیا۔جہاں آپ نے شاندار کارنامے انجام دئے۔

فنفاہ الی السند، فکان لہ بہامواقف۔ عبدالملک نے معاویہ کو سندھ روانہ کر دیا جہاں ان کے کارنامے ظاہر ہوئے۔

افسوس کہ معاویہ بن قرہ کے سندھ میں اہم کارناموں کی تفصیل کتابوں میں نہیں ملتی[1]

## معاویہ بن مہلب ازدی

معاویہ بن مہلب بن ابوصفرہ ازدی عتکی کی نگرانی میں محمد بن قاسم کو گرفتار کر کے سندھ سے عراق بھیجا گیا تھا۔سلیمان بن عبدالملک کے ابتدائی دور ۹۶ھ میں یزید بن ابوکبشہ سکسکی سندھ کے والی ہوئے۔تو انھوں نے محمد بن قاسم کو گرفتار کر کے معاویہ بن مہلب کے ساتھ عراق روانہ کیا تھا۔بلال بن احوز مازنی نے قندابیل میں معاویہ بن مہلب کو بھی موت کے گھاٹ اتار دیا۔ان کے بیٹے سفیان بن معاویہ بن مہلب بصرہ کے والی تھے[2]

## معاویہ بن یزید بن مہلب ازدی

معاویہ بن یزید بن مہلب بن ابوصفرہ ازدی اور معاویہ بن مہلب وغیرہ کو ہلال بن احوز مازنی نے قندابیل میں آل مہلب کے ساتھ قتل کیا تھا[3]

[1] جمہرۃ انساب العرب ص ۲۰۳، طبقات ابن سعد ج ۷ ص ۳۲ ص ۲۲۱ تہذیب التہذیب ج ۱۰ ص ۲۱۳ کتاب الاشتقاق ص ۲۵۱ البدایہ والنہایہ ج ۹ ص ۱۳۹، کتاب المعارف ص ۲۰۵ [2] فتوح البلدان ص ۴۲۸ و ص ۴۲۹، تاریخ یعقوبی ج ۲ ص ۳۵۶، [3] تاریخ ابن خلدون ج ۳ ص ۸۰۔



Marfat.com

# ابوالیمان معلیؒ بن راشد نبّالؒ ہذلی بصریؒ

حضرت ابوالیمان معلیؒ بن راشد ہذلی بصری رحمۃ اللہ علیہ نبّال، توّاس اور ر
کے لقب سے مشہور ہیں۔ قوس، کمان اور تیر بناتے تھے عام طور سے ابوالیمان نبّال کے
لقب سے یاد کئے جاتے ہیں۔ حضرت سنان بن سلمہ بن محبّق ہذلی کے مولیٰ ہیں۔ ان کی دا
حضرت سنان بن سلمہ کی ام ولد باندی تھیں۔ آقا اور مولا دونوں نے ہندوستا
شرفِ قدوم بخشا ہے۔

ابوالیمان نبّال نے اپنے آقا سنان بن سلمہ، اپنی دادی ام عاصم نُبیشہ، میمون بن سیاہ حس
زیاد بن میمون ثقفی سے روایت کی اور ان سے یزید بن ہار
عبداللہ بن صالح، روح بن عبدالمومن، احمد بن عبداللہ بن ضمر، ابوالبشر بن بکر بن خلد
نضر بن جہضمی، ابراہیم بن موسیٰ، نعیم بن حماد، سہل بن بکار، مسلم بن ابراہیم، معلیٰ بن اسد
بن عمر جعدی، عبداللہ قواریری وغیرہ نے روایت کی ہے۔ امام نسائی نے ان کے بار
لیس بہ باس کہا ہے۔ امام بخاری نے تاریخ کبیر میں ان کے تذکرے میں لکھا ہے کہ وہ اہل
سے ہیں لقب نبال، قواس ہے انھوں نے اپنی دادی نبیشہ سے حدیث سنی اور ان
نعیم بن حماد نے روایت کی ہے۔ ان کی دادی نبیشہ ام عاصم نے بنو ہذیل کے ایک آدمی
سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے:-

| | |
|---|---|
| من اکل فی قصعۃ | جو شخص رکابی میں کھانا کھائے اور اسے چا |
| ثم لحسہا استغفرت | پونچھ کر صاف کرے تو وہ اس کے حق میں استغف |
| لہ۔ | کرتی ہے۔ |

یہ حدیث سنن کی کتابوں میں موجود ہے۔

ابوالیمان نبّال اپنے آقا حضرت سنان بن سلمہ کے ساتھ ہندوستان کے غزوا

...ات میں شریک تھے۔ انھوں نے سرزمین ہند پر نزول ملائکہ کا واقعہ بیان کیا ہے جو ہمارے
...سرمایہ فخر و سرور اور مجاہدین اسلام کی خدا پرستی اور دینداری کی بیّن دلیل ہے خلیفہ
...یاط نے تاریخ میں ۵۰ھ کے احوال میں اس واقعہ کو تفصیل سے بیان کیا ہے اور ابن
...البر نے استیعاب میں اس کی طرف اشارہ کیا ہے جیسا کہ گذر چکا ہے[1]۔

## ابوالحسن معلّٰی بن زیاد فُردوسی بصریؒ

ابوالحسن معلّٰی بن زیاد بن حاضر بن مُصارِع فردوسی بصریؒ کا سلسلۂ نسب فردوس
...ارث، مالک بن فہم بن غنم بن دوس بن عدثان بن زہر بن کعب بن حارث بن عبداللہ بن
...ن ازد سے ملتا ہے۔ فردوس بنو ازد کے ایک خاندان زہران بن کعب کا جد اعلیٰ ہے۔
خاندان کو بنو فردوس اور فرادیس کہتے ہیں۔ فردوس بن حارث کا بھائی جرموز بن
...رث ہے، وہ بھی ایک خاندان کا جد اعلیٰ ہے جسے بنو جرموز اور جرامیز کہتے ہیں۔ اس طرح
...دیس اور جرامیز آپس میں چچازاد بھائی ہیں۔ معلّٰی بن زیاد فردوسی کا تعلق ان ہی بنو فردوس
...رادیس سے ہے۔ انھوں نے حسن بصری، معاویہ بن معاویہ، حنظلہ سدوسی، معاویہ بن قرۃ، علاء بن بشر
...بن وثاب، ابو غالب صاحب ابوامامہ، حسین جعفی، ثابت بنانی وغیرہ سے روایت کی ہے
...ران سے ہشام بن حسان، حماد بن زید، جعفر بن سلیمان، ابویوسف بن عطیہ صفّار، سعید بن
...زہر ضبعی نے روایت کی ہے، یحیٰ بن معین اور ابن ابو حاتم رازی نے ان کو علماء کے
...وہ میں شمار کر کے ثقہ بتایا ہے۔ نیز ابوبکر بندار نے ان کی توثیق کی ہے اور ابن حبان

---

تاریخ کبیر ج ۴ ص ۳۹۵، تہذیب التہذیب ج ۱۰ ص ۲۳۷، و ج ۱۲ ص ۲۸۳ کتاب الکنی
...اسماء ج ۲ ص ۱۶۸، طبقات ابن سعد ج ۷ ص ۵۰ و ص ۱۵۱ کتاب الانساب ورق ۵۲ ...
...د الغابہ ج ۵ ص ۱۳۱، کتاب الجرح والتعدیل ج ۴ ق ۲ ص ۳۲۸، تاریخ خلیفہ ج ۱ ص ۲۴۹،
...۲۵۰، خلاصہ تذہیب الکمال ص ۳۲۸۔

نے ان کا ذکر ثقات میں کیا ہے۔ معلیٰ بن زیاد بصرہ کے عباد و زہاد میں بلند مقام و مر
مالک تھے۔ ابن حجر نے لکھا ہے۔

| | |
|---|---|
| وھو یعدّ من زھّاد اھل البصرۃ۔ | وہ اہل بصرہ کے عبّاد و زہّاد میں شمار کئے جاتے ہیں۔ |

اور ذہبی نے بھی یہی لکھا ہے۔

| | |
|---|---|
| وھو معدود من زھاد البصرۃ | وہ بصرہ کے زہّاد میں شمار کئے جاتے ہیں |

ابن سعد نے معلیٰ بن زیاد فردوسی کی روایت سے مرہ بن رباب کی زبانی نقل کی
کہ حجاج بن یوسف کے مقابلہ میں ابن اشعث اور علماء و قرّاء کی شکست کے موقع پر
عقبہ عبد الغافر کے پاس سے گذرا عبد الغافر خندق میں زخمی پڑے تھے۔ مجھے دیکھ کر
دی ابالمعذل یا ابا المعذل میں ان کی طرف متوجہ ہوا تو کہنے لگے کہ ذھبت الدنیا
الاٰخرۃ یعنی دنیا اور آخرت دونوں چلی گئیں۔

ابن قتیبہ نے لکھا ہے کہ معلیٰ بن زیاد قرشی کا بیان ہے کہ مشہور عابد و بزرگ
عامر بن عبد القیس فرمایا کرتے تھے کہ قرآن کی چار آیتیں ایسی ہیں کہ اگر میں ان کو صبح
تو شام تک کی پروا نہیں اور اگر شام کو پڑھوں تو صبح تک کی پروا نہیں۔ پہلی آیت یہ

| | |
|---|---|
| مَا یَفْتَحِ اللّٰہُ لِلنَّاسِ مِنْ رَّحْمَۃٍ فَلَا مُمْسِکَ لَھَا وَمَا یُمْسِکْ فَلَا مُرْسِلَ لَہٗ مِنْ بَعْدِہٖ۔ | جو رحمت اللہ انسانوں کے لئے کھولتا اسے کوئی روکنے والا نہیں ہے اور جسے روکتا ہے اس کے بعد کوئی اس کو بھیجنے والا نہ |

دوسری آیت یہ ہے۔

| | |
|---|---|
| وَاِنْ یُّرِدْکَ بِخَیْرٍ فَلَا رَآدَّ لِفَضْلِہٖ یُصِیْبُ بِہٖ مَنْ یَّشَآءُ مِنْ عِبَادِہٖ۔ | اور اگر اللہ تمہارے ساتھ بھلائی کا ارادہ تو اس کے فضل کو کوئی روکنے والا نہیں۔ وہ اپنے بندوں میں سے جسے چاہتا ہے اپنا |

Marfat.com

دیتا ہے۔

تیسری آیت یہ ہے:۔

| | |
|---|---|
| وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ اِلَّا عَلَی اللّٰہِ رِزْقُھَا۔ | نہیں ہے کوئی رینگنے والا جانور زمین پر مگر اس کی روزی اللہ پر ہے۔ |

چوتھی آیت یہ ہے:۔

| | |
|---|---|
| سَیَجْعَلُ اللّٰہُ بَعْدَ عُسْرٍ یُّسْرًا | عنقریب اللہ سختی کے بعد آسانی کر دے گا۔ |

نیز معلی بن زیاد قبائل زہران بن کعب کے مشہور بہادروں میں شمار ہوتے تھے اور ان دور میں کئی بار ہندوستان میں ولایت و امارت کے عہدے پر فائز ہوئے تھے جیسا کہ ابن درید نے کتاب الاشتقاق میں لکھا ہے:۔

| | |
|---|---|
| و منھم (قبائل زھران بن کعب) معلیٰ بن زیاد بن حاضر بن مصارع، ولی ولایات الھند، وکان من رجالھم، | قبیلہ زہران میں سے معلی بن زیاد بن حاضر بن مصارع ہیں جو ہندوستان میں کئی بار والی ہوئے اور وہ عربوں کے مشہور بہادروں میں سے تھے[1] |

کتاب میں ان ولایت ہند کی تفصیل درج نہیں ہے غالباً یہ چھوٹی چھوٹی ولایتیں تھیں۔ جو وقتاً فوقتاً ہندوستان میں ان کو حاصل ہوتی رہیں[1]

## معن بن زائدہ شیبانیؒ

ابوالولید معن بن زائدہ بن عبداللہ بن مطر بن شریک بن صلب بن عمرو بن قیس بن

---

[1] تاریخ کبیر ج ۴ ق ۱ ص ۳۹۴، کتاب الجرح والتعدیل ج ۴ ق ۱ ص ۲۳۳ و ص ۱۳۳ تہذیب التہذیب ج ۱۰ ص ۲۳۸، خلاصۃ تذہیب الکمال ص ۳۲۸، میزان الاعتدال ج ۳ ص ۱۸۵ کتاب الانساب ورقہ ۲۶۴ الاخبار ج ۳ ص ۱۸۴، طبقات ابن سعد ج ۵ ص ۲۲۵، کتاب الاشتقاق ص ۵۱۰۔

Marfat.com

شراحیل بن مرہ بن ہمام بن مرہ بن ذہل بن شیبان بن ثعلبہ شیبانیؒ اموی اور عباسی دور خلافت کے مشہور امرا و قوادمیں سے ہیں۔ جودوسخا اور داد و دہش میں بہت آگے تھے ان کی مدح کر کے شعرا انعام واکرام پاتے تھے مروان بن ابوحفصہ انکا درباری شاعر تھا جس نے انکی تعریف میں بہت سے اور قصائد کہے ہیں۔ اموی دور میں امیر عراق یزید بن ہبیرہ فزاری کے خاص معتمد تھے عباسی دور میں خلیفہ ابوجعفر منصور اور یزید بن ہبیرہ کے درمیان واسط میں مقابلہ ہوا معن بن زائدہ نے یزید بن ہبیرہ کی طرف سے مقابلہ کر کے بڑی بہادری دکھائی۔ ابن ہبیرہ کے مرنے پر معن بن زائدہ خلیفہ ابوجعفر منصور کے خوف سے مدتوں روپوش رہے۔ بعد میں ابوجعفر منصور نے ان کو ۱۴۲ھ میں یمن کا والی بنایا۔

امام ذہبی نے "العبر فی خبر من غبر" میں لکھا ہے کہ ۱۴۱ھ میں خراسان میں فرقہ ریوندیہ کا ظہور ہوا۔ جو ابومسلم خراسانی کا ہم خیال تھا۔ یہ لوگ تناسخ ارواح کے قائل تھے اور ان کا رب جو ان کو کھانا دیتا تھا۔ ابوجعفر منصور تھا۔ اس فرقہ نے فتنہ و فساد کا بازار گرم کر رکھا تھا۔ اس کی سرکوبی کے لئے عباسی خلافت نے معن بن زائدہ کی قیادت میں فوج روانہ کی اور انھوں نے مقام ہاشمیہ میں اس فرقہ والوں سے مقابلہ کر کے ان کو تہ تیغ کیا۔

ایک مرتبہ معن بن زائدہ خلیفہ ابوجعفر منصور کے دربار میں گئے۔ اس وقت ان کی عمر زیادہ ہو چکی تھی۔ اور بڑھاپے کی وجہ سے قدم سنبھل سنبھل کر رکھتے تھے۔ ابوجعفر منصور نے کہا "آپ کی عمر زیادہ ہوگئی" معن نے کہا "آپ کی اطاعت و خدمت میں" منصور نے کہا "مگر ابھی تک آپ بہادر اور طاقتور ہیں" معن نے کہا "ہاں آپ کے دشمنوں کے لئے" منصور نے کہا "میں اب تک آپ میں پہلی صفات دیکھ رہا ہوں" معن نے کہا "یہ بھی آپ کے لئے ہیں"۔

معن جس زمانہ میں یمن کے امیر تھے۔ خلیفہ ابوجعفر منصور نے ان سے عطر کی خواہش کی انھوں نے ایک سو تھیلیاں بھیجدیں۔ ہر تھیلی میں سو دینار رکھے تھے اور لکھا کہ امیرالمومنین اس حقیر ہدیہ کو قبول فرمالیں۔

Marfat.com

ابو جعفر منصور نے ان کو دیکھ کر یہ اشعار کہے :-

وکنا اذا عزّ الخضاب بارضنا     بعثنا الی معنٍ فاھدی لنا خطرا

جب ہمارے یہاں خضاب نایاب ہوگیا تو ہم نے معن سے طلب کیا اور اس نے ہدیتہً بھیجا۔

واھدیٰ دنانیرا، واھدیٰ دارھماً     واھدی لنا بزًا، واھدی لنا عطرا

اس کے ساتھ دراہم و دنانیر اور کپڑے اور عطر بھی روانہ کئے۔

وما الناس الا سیّان فواحدٌ     قریشٌ، وشیبان التی قرعت بکرا

لوگوں میں دو ہی جماعتیں سردار و سربرآوردہ ہیں۔ ایک قبیلہ قریش اور دوسری قبیلہ بنو شیبان جس نے بنو بکر کو شکست دی۔

معن بن زائدہ سندھ میں عمرو بن محمد بن قاسم کے ساتھ غزوات و فتوحات میں بہترین [خد]مات پیش کرتے تھے۔ ایک مرتبہ مروان بن یزید بن مہلب ازدی نے سندھ کی فوجوں میں [بغ]اوت برپا کی کرائی تو عمرو بن محمد بن قاسم نے معن بن زائدہ اور عطیہ بن عبدالرحمٰن کو [بھیج] کر باغی سپاہیوں کو منتشر کیا اور مروان کو قتل کر کے ایک بڑے فتنہ کو دبایا۔

آخر میں معن بن زائدہ سجستان کے امیر بنائے گئے۔ مگر امارت کے ابتدائی ایام ہی میں [۱۵۱]ھ میں خوارج نے ان کو قتل کرایا۔ وفیات الاعیان میں ان کے مفصل حالات موجود ہیں۔[1]

## مفضّل بن مہلّب ازدی رح

مفضل بن مہلب بن ابو صفرہ ازدی عتکی تابعین سے ہیں۔ ابن حبان نے کتاب الثقات [می]ں لکھا ہے کہ انھوں نے حضرت نعمان بن بشیر سے اور ان سے ان کے لڑکے حاجب بن [مفض]ل مہلبی ازدی نے روایت کی ہے۔ حجاج بن یوسف نے ان کو خراسان کا امیر بنایا

[1] [جمہ]رۃ انساب العرب ص ۳۲۶، کتاب الذخائر و التحف ص ۱۷، کتاب العبر ج ۱ ص ۱۹۱ و ص ۲۱۷ [البی]ان والتبیین ج ۳ ص ۲۰۴، تاریخ یعقوبی ج ۳ ص ۹۰، وفیات الاعیان ج ۲ ص ۲۲۹، و ص ۲۴۳

تھا اور انھوں نے بادغیس کو فتح کیا جہاں کے لوگوں نے سرکشی و بغاوت کی تھی۔ نیز انھوں نے خوا
میں بہت سی فتوحات حاصل کر کے اموال غنیمت فوج میں تقسیم کئے۔ مفضل بن مہلب کے چار لڑ
عثمان، حبان، غسان اور حاجب تھے اور سب اپنے زمانہ کے ناموروں میں سے تھے۔ ابن خلک
کا بیان ہے کہ جب یزید بن مہلب کو خروج و سرکشی میں ناکامی ہوئی اور اس کی خبر واسط
پہونچی تو ان کے بیٹے معاویہ بن یزید بن مہلب نے خلافت کے بتیس قیدیوں کو جو قبضہ م
تھے قتل کر دیا۔ ان ہی میں امیر بصرہ عدی بن ارطاۃ بھی شامل تھے۔ اس کے بعد آل مہلب
عراق چھوڑ کر ہندوستان آنے کا انتظام کیا۔ مروان بن یزید بن مہلب واسط سے بصرہ آیا۔ ا
کے ساتھ خزانہ تھا۔ اسی وقت اس کے چچا مفضل بن مہلب بھی آگئے۔ الغرض تمام آل مہلب
ادھر ادھر سے بصرہ میں جمع ہو گئے۔ چونکہ وہ ناکامی کے نتائج سے خوف زدہ تھے اس لئے
فرار کے لئے کشتیاں مہیا کیں۔ ان حالات میں معاویہ بن یزید بن مہلب نے آل مہلب کی
سرداری لینی چاہی مگر مہالبہ نے مفضل بن مہلب کو اپنا رئیس منتخب کر کے معاویہ سے کہا کہ
مفضل تم سب میں بڑے ہیں اور تم نوعمر اور ناتجربہ کار ہو چنانچہ آل مہلب مفضل کی قیادت میں سمند
راستہ سے بصرہ سے کرمان آئے۔ یہاں یزید بن مہلب کے جو شکست خوردہ ساتھی پہلے سے موجود تھے مفضل کے
ساتھ ہو گئے۔ اسی اثنا میں مسلمہ بن عبد الملک کو آل مہلب کے فرار کی خبر ملی اور اس نے ان کی تلاش میں فوج روا
کی۔ فارس کے مقام عقبہ میں سخت معرکہ ہوا جس میں مفضل مارے گئے۔ اور آل مہلب کے ہمدردوں کی ایک
جماعت قتل ہوئی۔ بلکہ تمام آل مہلب کو ختم کر دیا گیا۔ صرف ابوعیینہ اور عثمان بن مفضل بچ
سکے جنھوں نے خاقان اور رتبیل کے یہاں پناہ لی۔

اس بیان میں ابن خلکان نے آل مہلب کے مقابلہ و مقاتلہ کا واقعہ فارس کے مقا
عقبہ میں بتایا ہے حالانکہ یہ واقعہ قندابیل میں ۱۰۲ھ میں ہوا ہے جہاں مفضل نے اپنے بھا
مروان بن مہلب کو عورتوں کے قتل کرنے سے روکا تھا اور جس وقت حلب میں عباس
بن ولید بن عبد الملک کے سامنے آل مہلب کے سروں کو پیش کیا گیا۔ اس نے مفضل کے

Marfat.com

کو دیکھ کر کہا خدا کی قسم گویا مفضل میرے سامنے بیٹھا گفتگو کر رہا ہے[1]

# منتجع بن نبہان سندی

منتجع بن نبہان سندی اموی دور کے مشہور فصحاء و بلغاء میں سے تھا۔ جاحظ نے لکھا ہے کہ علمائے عراق نے اس سے اکتساب فضل و کمال کیا ہے۔ وہ بچپن میں عرب کے بادیہ میں چلا گیا تھا۔ اور وہاں فصاحت و بلاغت سیکھ کر مشہور راجز رؤبہ بن عجاج سے زیادہ فصیح و بلیغ ہوا۔ جاحظ کا بیان یہ ہے:۔

| | |
|---|---|
| اخذ علماء اهل العراق من المنتجع بن نبهان، وكان المنتجع سنديا وقع الى البادية، وهو صبي فخرج افصح من رؤبة۔ | منتجع بن نبہان سے علمائے عراق نے علم حاصل کیا۔ منتجع سندھی تھا۔ بچپن ہی سے بادیہ میں رہا اور رؤبہ سے زیادہ فصیح بن کر نکلا۔ |

کامل مبرد میں ہے کہ ایک مرتبہ منتجع نے ایک شریف آدمی سے دریافت کیا کہ تم نے اپنے لڑکے کو کیا تعلیم دی ہے۔ اس نے کہا فرائض کی اس پر منتجع نے کہا:۔

| | |
|---|---|
| ذالك علم الموالي، لا ابالك عَلِّمْهُمُ الرجز فانه يهرت اشرافهم۔ | یہ عجم کے موالی کا علم ہے۔ تم اپنے لڑکوں کو رجز کی تعلیم دو کیونکہ رجز شریفوں کی باچھیں کھول دیتا ہے۔ |

جاحظ نے کتاب البخلاء میں لکھا ہے کہ اصمعی نے ایک مرتبہ منتجع سے بادیہ کی سرسبزی و شادابی کے بارے میں سوال کیا تو اس نے جواب دیا:۔

---

[1] وفیات الاعیان ج ۲ ص ۱۸۴ و ص ۲۸۴، کتاب الثقات ص ۵۰۸، فتوح البلدان ص ۴۰۷، جمہرۃ انساب العرب ص ۳۶۹، فتوح البلدان ص ۴۲۹، تاریخ طبری ج ۶ ص ۶۰۰۔

ربما رأيت الكلب يتخطى الخلاصة (صغا من السمن) وهي له معرضة شبعاً۔

بادیہ اور صحرا کی سرسبزی و شادابی کے زمانہ میں تم اکثر دیکھو گے کہ کتا شکم سیر ہونے کی وجہ سے سامنے عمدہ گھی دیکھ کر اور اسے پیروں سے روند کر گذر جاتا ہے۔

افسوس کہ اموی دور کے اس فصیح ترین سندھی عالم و فاضل کے حالات بہت کم مل سکے جس نے سندھ میں آنکھ کھولی اور عرب کے بادیہ میں پروان چڑھ کر فصاحت و بلاغت میں رؤبہ بن عجاج سے زیادہ نامور ہوا۔ جو کہ مشہور راجز ابن راجز ہے[1]

## منجاب بن ابو عیینہ بن مہلب ازدی

منجاب بن ابو عیینہ بن مہلب بن ابو صفرہ ازدی کو بھی ہلال بن احوز مازنی نے ۱۰۲ھ میں قندابیل کی قتل گاہ میں آل مہلب کے ساتھ قتل کیا تھا[2]

## منذر بن زبیر ہباری

منذر بن زبیر بن عبدالرحمٰن بن ہبار بن اسود بن مطلب بن اسد بن عبد العزیٰ بن قصی ہباری اسدی کے پردادا حضرت ہبار بن اسود صحابی ہیں اور منذر بن زبیر بانی دولت ہباریہ سندھ عمر بن عبد العزیز کا دادا ہے۔ منذر بن زبیر خلیفہ ہشام کے زمانہ میں (حدود ۱۲۲ھ) امیر سندھ حکم بن عوانہ کلبی کے ساتھ یہاں آیا اور ایک زمانہ تک مقیم رہا۔ ۱۳۲ھ میں عباسی خلافت قائم ہوئی تو اسی سال منذر بن زبیر نے سندھ سے نکل کر مقام قرقیسیا میں خروج و بغاوت کا علم بلند کیا۔ خلیفہ ابو العباس سفاح نے اس کی سرکوبی کے لیے اپنے بھائی ابو جعفر منصور کو (جو اس زمانہ میں صرف امیر تھا) روانہ کیا۔ ابو جعفر منصور نے قرقیسیا اور

[1] کامل مبرد ج ص ، [2] کتاب البخلاء ص ۳۱۳ [3] تاریخ ابن خلدون ج ۳ ص ۸۰۔

Marfat.com

قہ پہونچ کر تادیبی کارروائی کی۔ ابن حزم کا بیان ہے کہ منذر بن زبیر نے قرقیسیا میں خروج کیا جس کے نتیجہ میں گرفتار کر کے سولی پر لٹکا دیا گیا۔ ابن خلدون نے بھی یہی لکھا ہے۔ اسی کے پوتے عمر بن عبد العزیز بن منذر بن زبیر نے سندھ کے شہر منصورہ میں اپنی مستقل حکومت قائم کر لی اور قتل متوکل (۲۴۷ھ) کے بعد وہ یہاں کا مستقل حکمراں بن گیا۔ یہ حکومت سلطان محمود غزنوی کے ہاتھوں ۴۱۶ھ یا ۴۲۰ھ میں ختم ہوئی۔ اس میں کئی کامیاب حکمران گذرے ہیں۔ دولت ہباریہ منصورہ نے تقریبًا ۱۰۰ سال تک یہاں اسلام کی بہترین خدمت انجام دی ہے۔ اس حکومت کے مفصل حالات ہماری کتاب "ہندوستان میں عربوں کی حکومتیں" میں درج ہیں[1]

## منصور بن جمہور کلبی

منصور بن جمہور بن حصن بن عمرو بن خالد بن حارثہ بن جابر بن حارثہ بن عبید بن عامر بن بکر بن عامر بن عوف بن زید اللات بن رفیدہ بن ثور بن کلب بن وبرہ کلبی دمشقی کے بارے میں ابن حبان نے لکھا ہے کہ انھوں نے دحیہ سے اور ان سے مرثد بن عبد اللہ یزنی نے روایت کی ہے۔ اموی دور کے نامور امرا اور شہسواروں میں سے تھے۔

منصور بن جمہور کو یزید بن ولید بن عبد الملک نے ۱۲۶ھ میں عراق کا گورنر بنایا اور تاکید کی کہ تم اللہ سے ڈرتے رہنا۔ میں نے ولید بن یزید بن عبد الملک کو اس کے فسق و فجور کی وجہ سے قتل کیا ہے۔ اس کا ظلم و جور حد سے گذر چکا تھا۔ لہٰذا تم ایسی حرکت نہ کرنا جس کے ارتکاب پر میں نے ولید کو قتل کیا ہے پھر اسی سال یزید بن ولید نے منصور بن جمہور کو معزول کر دیا۔ اور انھوں نے شورش و فساد کی روش اختیار کی چنانچہ ۱۳۱ھ میں مروان بن محمد بن

---

[1] جمہرۃ انساب العرب ص ۱۰۸ و ص ۱۱۹، تاریخ یعقوبی ج ۲ ص ۳۸۸، کامل ابن اثیر ج ۵ ص ۱۶۳
ابن خلدون ج ص ۔

Marfat.com

حکم کے پُر آشوب دور میں اپنے بھائی منظور بن جمہور کلبی کے ساتھ سندھ کا رخ کیا اور یہاں کے اموی حاکم یزید بن عرار کو قتل کر کے شورش برپا کی۔ ابن کثیر نے لکھا ہے کہ ۱۲۶ھ میں یزید بن ولید نے منصور بن جمہور کو عراق کا والی بنا کر بلاد سندھ، سجستان، خراسان اس کی تولیت میں دیئے۔ منصور نہایت اکھڑ اور سخت مزاج اعرابی اور فرقۂ غیلانیہ قدریہ کا ہمشرب تھا اس نے ولید بن یزید بن عبدالملک کے قتل میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔ جس کی وجہ سے یزید بن ولید نے اس کی قدر کی اور اسے عراق کے ساتھ خراسان اور سجستان کی بھی ولایت دی۔ اس نے عراق آتے ہی مجمع عام میں ولید کے قتل کے حالات سنائے اور کہا کہ اللہ تعالیٰ نے اسے پوری سزا دی اور مجھے اسی شجاعت کی وجہ سے یہ امارت دی ہے۔ اہل عراق نے منصور بن جمہور کے رعب کی وجہ سے یزید بن ولید کی خلافت کی بیعت کی۔ اسی طرح سندھ اور سجستان وغیرہ میں اسی کی وجہ سے یزید کی بیعت ہوئی۔

ابن اثیر کا بیان ہے کہ عباسی خلافت کے شروع میں ۱۳۲ھ میں ابو مسلم خراسانی نے مغلس بن سری عبدی کو سندھ کا والی بنایا۔ جس وقت وہ یہاں آیا منصور بن جمہور یہاں کا خود ساختہ امیر تھا۔ منصور نے مغلس بن سری کو قتل کر کے اس کی فوج کو شکست دے دی ابو مسلم خراسانی کو اس حادثہ کی اطلاع ملی تو اس نے موسیٰ بن کعب تمیمی کو بارہ ہزار فوج دے کے سندھ بھیجا اور دریائے سندھ پر منصور اور موسیٰ کی فوجوں میں مقابلہ ہوا۔ جس میں منصور اور اس کی فوج کو ہزیمت ہوئی اور اس کا بھائی منظور بن جمہور قتل ہو گیا۔ منصور بھاگ نکلا اور سندھ اور سجستان کے درمیان ریگستان میں پیاس کی شدت سے انتقال کر گیا۔ ایک روایت ہے کہ راستہ میں اسہال کی وجہ سے دست بہت زیادہ ہوا اور اسی مرض میں فوت ہو گیا۔ جب اس کے نائب نے سندھ میں اس کے انتقال کی خبر سنی تو اس کے بال بچوں اور مال و اسباب کو لے کر بلاد خزر (قزوین) کی طرف چلا گیا۔ یہ واقعہ ۱۳۴ھ کا ہے[1]

[1] جمہرۃ انساب العرب ص ۴۵۸، کتاب الثقات ص ۳۵۰، البدایہ والنہایہ ج ۱۰ ص ۱۴، کامل ابن اثیر ج ص فتوح البلدان ص ۴۳۱۔

Marfat.com

# منظور بن جمہور کلبی

منظور بن جمہور کلبی منصور بن جمہور کلبی کا بھائی اور اس کی شورش میں شریک تھا۔
اور موسیٰ بن کعب تمیمی کے مقابلہ میں ۱۳۴ھ میں قتل ہوا۔ اور طبری کی ایک روایت میں ہے کہ
۱۲۷ھ میں رفاعہ بن ثابت بن نعیم نے سندھ میں آکر منصور بن جمہور کے یہاں پناہ لی اور
اس نے اپنے بھائی منظور بن جمہور کے ساتھ اسے منصورہ کا والی مقرر کیا۔ مگر اس نے بدعہدی
کر کے منظور بن جمہور کو قتل کر دیا۔[1]

# موسیٰ بن سنان سلمہ ہذلیؒ

موسیٰ بن سنان بن سلمہ بن محبق ہذلی بصری کا تذکرہ ابن سعد نے طبقات میں اہل بصرہ
کے طبقۂ ثانیہ میں کیا ہے۔ یعنی جن تابعین نے صحابہ میں سے ابوہریرہؓ عمران بن حصینؓ ابوبکرہؓ
ابوبرزہؓ معقل بن یسارؓ عبداللہ بن معقلؓ عبداللہ بن عمرؓ عبداللہ بن عباس اور انس بن مالک
رضی اللہ عنہم سے روایت کی ہے اور لکھا ہے کہ انھوں نے ابن عباس سے اور ان سے ان کے
لڑکے مثنیٰ اور قتادہؒ اور ابو التیاح نے روایت کی ہے۔ ابو زرعہ نے ان کی توثیق کی ہے
ابن حبان نے کتاب الثقات میں بھی یہی لکھا ہے۔ مگر ان دونوں کتابوں میں موسیٰ بن سلمہ
بن محبق درج ہے۔ جب کہ خلیفہ بن خیاط نے "موسیٰ بن سنان بن سلمہ" لکھا ہے یعنی موسیٰ کو سنان
کا بیٹا اور سلمہ کا پوتا بتایا ہے۔ چنانچہ عبد الملک کے زمانہ میں ولاۃ بحرین کے بیان میں لکھا ہے۔

| | |
|---|---|
| ولّاھا الحجاج سنان بن | حجاج نے سنان بن سلمہ ہذلی کو بحرین کا |
| سلمۃ بن المحبق الھذلی، | والی بنایا اور انھوں نے انتقال کے وقت |
| فمات فاستخلف ابنہ موسیٰ بن سنان | اپنے بیٹے موسیٰ بن سنان بن سلمہ کو اپنا |

[1] کامل ابن اثیر ج ص ، تاریخ طبری ج ۷ ص ۲۱۴۔

بن سلمۃ ۔ جانشین بنایا۔

اور ولاۃ عمان کے ذکر میں لکھا ہے :۔

بعث الیھا الحجاج موسیٰ بن سنان بن سلمۃ، وذلک سنۃ کذا وسبعین ۔

حجاج نے موسیٰ بن سنان بن سلمہ کو سنہ ھ کے بعد عمان کا امیر بنا کر روانہ کیا۔

ان دونوں عبارتوں سے جہاں یہ معلوم ہوتا ہے کہ موسیٰ، سنان بن سلمہ کے بھائی نہیں بلکہ صاحبزادے ہیں۔ وہیں یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ موسیٰ اپنے والد سنان بن سلمہ کے انتقال پر بحرین میں ان کی جگہ امیر ہوئے اور سنہ ھ کے بعد عمان کے بھی امیر بنائے گئے اور یہ دونوں باتیں حجاج بن یوسف کے دورِ امارت میں اس کے مشورہ سے ہوئیں۔

موسیٰ بن سنان بن سلمہ، محمد بن قاسم کے ہمراہ سندھ کی فتوحات میں شریک تھے۔ چچ نامہ میں ہے کہ جب محمد بن قاسم ارمائیل سے ملتان کی طرف روانہ ہوئے تو موسیٰ بن سنان بن سلمہ ہذلی کو اسلامی فوج کے میسرہ کا امیر بنایا۔ ان کے والد حضرت سنان بن سلمہ ہذلی حضرت معاویہ کے زمانہ میں ہندوستان میں امیر و فاتح بن کر آئے تھے[1]

## موسیٰ بن یعقوب ثقفیؒ

موسیٰ بن یعقوب بن طائی بن شیبان بن عثمان ثقفیؒ سندھ کی فتوحات میں شریک تھے۔ محمد بن قاسم نے الور فتح کر کے وہاں کا انتظام یوں کیا کہ روح بن اسد کو امیر و حاکم مقرر کیا اور موسیٰ بن یعقوب ثقفی کو قضاء، خطابت اور امور دینیہ پر مامور کیا۔ ساتھ ہی ان کو امر بالمعروف اور نہی عن المنکر اور لوگوں کی اصلاحِ حال کا ذمہ دار بنایا۔ ان کی اولاد میں آگے چل کر الور

[1] طبقات ابن سعد ج ۷ ص ۲۱۲، کتاب الثقات ص ۲۴۷، تہذیب التہذیب ج ۱۰ ص ۳۴۶
تاریخ خلیفہ ج ۱ ص ۱۹۳، چچ نامہ ص ۱۰۱ و ص ۱۰۲۔

Marfat.com

کی امامت وخطابت اور دینی پیشوائی رہی۔[1]

## موسیٰ سیلانیؒ

موسیٰ سیلانی تابعی ہیں۔ ان کا تذکرہ ابن اثیر جزری نے کتاب اللباب فی تہذیب الانساب میں "سیلانی" کے بیان میں کیا ہے جسے سیلون بھی کہتے ہیں اور ابن ابوحاتم نے کتاب الجرح والتعدیل میں لکھا ہے کہ موسیٰ سیلانی کے بارے میں یحییٰ بن معین نے کہا کہ وہ ثقہ ہیں۔ انھوں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔ مقدمہ ابن صلاح میں "بیان معرفۃ الصحابہ" کے باب میں ہے کہ امام شعبہ نے موسیٰ سیلانی کی بہت زیادہ تعریف و توصیف کرتے ہوئے ان سے نقل کیا ہے کہ میں نے حضرت انس بن مالک سے ملاقات کر کے سوال کیا کہ اب آپ کے علاوہ دنیا میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ میں سے کوئی بزرگ رہ گئے ہیں یا نہیں؟ تو فرمایا کہ اعراب میں کچھ لوگ رہ گئے ہیں جنھوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کی ہے البتہ آپ کی صحبت اٹھانے والے اب نہیں رہے۔ حضرت انس کا وصال بصرہ میں ۹۳ھ میں ہوا۔ موسیٰ سیلانی نے اس سے پہلے ملاقات کی تھی اور غالباً یہ ملاقات بصرہ میں ہوئی تھی۔[2]

## مُہلّب بن ابوصفرہ ازدی عتکیؒ

ابوسعید مہلب بن ابوصفرہ ظالم بن سراق بن صبح بن کندی بن عمرو بن عدی بن وائل بن حارث بن عتیک بن ازد بن عمران ازدی عتکی اموی دور کے مشہور ترین امرا و قائدین میں سے ہیں۔ ان کا خاندان دنیا میں مدتوں حکومت و سیاست، شرافت و نجابت، قیادت و امارت، جود و سخاوت اور علم و فضل میں ممتاز رہا ہے اور اس کے بے شمار

---

[1] نامہ ص ۲۳۵ [2] اللباب فی تہذیب الانساب ج ۱ ص ۵۹۰ و ص ۵۹۱، کتاب الجرح والتعدیل ج ۴ ق ۱ ص ۱۶۹، مقدمہ ابن صلاح ص ۱۴۶۔

افراد اقبال و خوش بختی کے فلک پر شمس و قمر بن کر چکے ہیں۔ ساتھ ہی اموی دور میں اس گھ
ادبار کی عبرتناک کہانی عباسی دور میں آلِ برامکہ سے کم عبرتناک نہیں ہے۔ ابن خلکان
آل مہلب اور مہالبہ کی شان و شوکت کے بارے میں لکھا ہے:۔

| | |
|---|---|
| اجمع علماء التاریخ علی انہ لم یکن فی دولۃ بنی امیۃ اکرم من بنی المھلب، کما لم یکن فی دولۃ بنی العباس اکرم من البرامکۃ۔ | علمائے تاریخ کا اس بات پر اجماع ہے کہ اموی دور خلافت میں بنو مہلب سے زیادہ معزز و محترم کوئی خاندان نہیں تھا جس طرح عباسی دور خلافت میں برامکہ سے زیادہ معزز و مکرم کوئی خاندان نہیں تھا۔ |

آل مہلب اموی اور عباسی ادوار میں مشرقی عالم اسلام کے ممتاز امراء و فاتحین
قائدین میں سے ہیں اور ہندوستان سے ان کو خصوصی تعلق رہا ہے حتیٰ کہ مہالبہ کا کر
یہیں کا شہر قندابیل بنا جہاں ۱۰۲ھ میں ان کے ایک ایک فرد کو بڑی کس مپرسی کی حالت میں تہ
کر دیا گیا۔ مگر یہ سخت جان خانوادہ پھر ابھر کر دنیا میں اپنی خصوصیات میں نمایاں ہوا۔
مہلب بن ابو صفرہ کا قبیلہ ازد عمان و بحرین کے درمیان مقام دبا میں رہتا تھا۔ ج
موجودہ امارت دبئی کے آس پاس تھا۔ ابن حجر نے اصابہ میں لکھا ہے کہ مہلب بن ابی صف
فتح مکہ کے سال (۸ھ) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات طیبہ میں پیدا ہوئے اور ان
والد ابو صفرہ ظالم بن سراق اپنے دس لڑکوں کو لے کر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی خدمت
حاضر ہوئے۔ جن میں مہلب سب سے چھوٹے تھے۔ حضرت عمرؓ نے ان کی طرف اشارہ کر کے فر
ھذا سید ولدک۔ یعنی یہ تمہارے لڑکوں کا سردار ہے۔ بعد میں ابو صفرہ بصرہ میں مستق
طور سے آباد ہو گئے تھے۔ انھوں نے عبداللہ بن عمرؓ، عبداللہ بن عمروؓ، سمرہ بن عائذ
رضی اللہ عنہم سے اور ان سے سماک بن حرب، ابو اسحاق سبیعی، عمر بن ثقیف نے روایت
ہے۔ اصحاب سنن نے مہلب سے یہ حدیث روایت کی ہے۔ جسے انہوں نے رسول اللہ

ی اللہ علیہ وسلم سے سننے والے سے سنا ہے۔

بیبیتوا کم فلیکن شعارکم ۔ اگر کفار تم پر شب خون ماریں تو تمہارا شعار "حٰمٓ لَا یُنْصَرُوْنَ"

حٰمٓ لا ینصرون ۔ ہونا چاہئے۔

انھوں نے اپنے والد ابو صفرہ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ حدیث روایت کی ہے

ولکن طاقًا اعظمکن اجراً ۔ تم عورتوں میں جو زیادہ سخی ہو اس کا اجر و ثواب زیادہ بڑا ہے۔

مشہور حدیث میں طاقًا کے بجائے باعًا ہے اور مہلب نے یہ حدیث بھی روایت کی ہے۔

اکان بین احدکم وبین القبلة قید ۔ اگر بحالت نماز تمہارے اور قبلہ کے درمیان کجاوہ کی لکڑی کے برابر

فوة الرحل لایقطع صلاتہ شیٔ ۔ بھی کوئی حائل ہو تو نماز کو کوئی چیز کاٹ نہیں سکتی یعنی اتنا سترہ کافی ہے

مہلب بصرہ کے امیر تھے۔ انھوں نے ذاتی قابلیت اور شجاعت سے خوارج کو بصرہ سے

ل باہر کیا اور ان کی طاقت و شوکت توڑ دی۔ اسی وجہ سے بصرہ کو بصرۃ المہلب یعنی مہلب کا

و کہا جانے لگا۔ مشہور تابعی عالم ابو اسحاق سبیعی کا قول ہے :۔

| | |
|---|---|
| ما رأیت امیراً خیراً من المهلب | مہلب سے بہتر امیر میں نے نہیں دیکھا۔ |
| لو یلِ المهلب ولایۃ قط نظراً لہ، | مہلب کبھی اپنی رعایت سے امیر نہیں بنے |
| انما کان یولی لحاجتھم الیہ۔ | بلکہ لوگوں کو ان کی حاجت تھی۔ اسی لئے بنائے گئے۔ |

جاحظ نے البیان والتبیین میں لکھا ہے کہ ............ مہلب بن ابو صفرہ

ایک مرتبہ اپنے لڑکوں کو یہ نصیحت کی :۔

| | |
|---|---|
| یا بنیّ! تباذلوا تحابّوا، فان | اے میرے بیٹو! تم لوگ ایک دوسرے کے |
| بنی الامّ لا یختلفون فکیف | کام آؤ اس سے باہمی محبت ہوگی اخیافی |
| بنو العلات، ان البرّ ینسأ | بھائی آپس میں نہیں جھگڑتے ہیں تم تو علّاتی |
| فی الاجل، ویزید فی العدد | بھائی ہو کیسے جھگڑا کروگے؟ بھلائی سے |



Marfat.com

وان القطیعۃ تورث القلۃ و تعقب النار بعد الذلۃ واتقوا زلۃ اللسان فان الرجل تزل رجلہ فینتعش ویزل لسانہ فیھلك، وعلیکم فی الحرب بالمکیدۃ فانھا ابلغ من النجدۃ، فان القتال اذا وقع وقع القضاء فان ظفر فقد سعد و ان ظفر بہ لم یقولوا فرّط۔

عمر میں زیادتی ہوتی ہے اور آل اولاد میں اضافہ ہوتا ہے اور خویش و اقارب سے بے تعلقی سے کمی ہوتی ہے اور ذلت کے بعد عذاب ہوتا ہے۔ تم لوگ زبان کی لغزش سے بچتے رہو کیونکہ آدمی کا پیر پھسلتا ہے تو سنبھل جاتا ہے اور زبان پھسلتی ہے تو تباہ ہو جاتا ہے اور لڑائی میں داؤ پیچ سے کام لو کیونکہ یہ چیز بہادری سے زیادہ کامیاب ہے۔ لڑائی قضا بن کر آتی ہے اس میں جو کامیاب ہوتا ہے خوش نصیب ہوتا ہے اور اگر وہ ناکام ہوا تو لوگ یہ نہیں کہتے کہ اس نے بہادری میں کمی کی۔

نیز لکھا ہے کہ جن دنوں مہلب بن ابی صفرہ خوراج سے مصروف قتال تھے ان سے کے لئے عبد الرحمٰن بن سلیم کلابی آئے دیکھا کہ مہلب کے تمام لڑکے خوارج سے مقابلہ میں گ پر سوار ہو کر نکل رہے ہیں تو برجستہ بول اٹھے۔

شد اللہ الاسلام بتلاحقکم فو اللہ لئن لم تکونوا اسباط نبوۃٍ انکم لاسباط مَلحمۃٍ۔

اللہ تعالیٰ نے تمہاری جمعیت سے اسلام کو طاقت دی ہے خدا کی قسم اگر تم لوگ نبوت کے اسباط نہیں ہو تو جنگ کے اسباط تو ہو۔

مہلب بن ابو صفرہ بصرہ کے بعد خراسان کے امیر بنائے گئے۔ جہاں انھوں نے

Marfat.com

سال تک حسن و خوبی کے ساتھ متعلقہ خدمات انجام دیں اور ۸۲ھ یا ۸۳ھ میں وہیں مقام مرو الروز میں انتقال کیا۔

مہلب نے حضرت معاویہؓ کے دور میں ۴۴ھ میں ہندوستان میں جہاد کر کے قندابیل اور رہنوں کو یوں فتح کیا کہ مسلمانوں کو بے شمار مال غنیمت ہاتھ آیا جیسا کہ اس کی تفصیل دوسری جگہ موجود ہے۔ ایک شاعر نے کہا ہے:

الم تران الازد لیلۃ بیّتوا ببنۃ کانوا خیر جیش المہلب

کیا تم نے نہیں دیکھا کہ بنو ازد نے جو رات بنوں میں بسر کی اس میں وہ مہلب کے بہترین سپاہی تھے

ابن حزم نے جمہرۃ انساب العرب میں لکھا ہے کہ مہلب بن ابو صفرہ کی تقریباً تین سو اولاد تھی جن میں سے ان تیرہ سے نسلیں چلیں، مغیرہ، یزید، مروان، معاویہ، زیاد، عبدالملک، حبیب، محمد، قبیصہ، مفضل، مدرک، ابو عیینہ، عبدالعزیز، عبداللہ، سعید، شبیب، عمرو، جعفر، اور حجاج ان سب کی اولاد بصرہ وغیرہ میں پھلی پھولی، پھر ابن حزم نے تفصیل سے ہر ایک خاندان کے ممتاز افراد کا ذکر کیا ہے جن میں بہت سے ہندوستان کے امیر ہوئے ہیں۔ اور ان میں سے ایک جم غفیر ہے جیسے بلال بن احوز مازنی نے ۱۰۲ھ میں قندابیل میں تہ تیغ کیا ہے۔ مسعودی نے لکھا ہے:

| | |
|---|---|
| واثخن القتل فی آل المہلب | بلال ابن احوز نے آل مہلب کو پورے |
| حتی کاد ان یفلیھم ینکران | طور سے قتل کیا یہاں تک کہ ان کو فنا کے |
| آل المہلب مکثوا بعد الایقاع | گھاٹ اتارا۔ دیگر لوگوں کا بیان ہے |
| ببلال بھم عشرین سنۃ یولد | کہ اس واقعہ کے بیس سال بعد تک آل مہلب میں |
| لھم فلا یموت منھم احد۔ | جو بچہ پیدا ہوتا تھا وہ نہیں مرتا تھا۔ |

اس دور میں آل مہلب کے جو افراد و رجال ہندوستان میں آئے یا یہاں مارے گئے ان کے تذکرے اپنی جگہ درج ہیں۔[1]

[1] جمہرۃ انساب العرب ص ۳۶۷ تا ص ۳۷۰۔ طبقات ابن سعد ج ، ص ۱۲۹۔ (باقی صفحہ ۶۱۲ پر)

Marfat.com

# (ن)

# نباتہ بن حنظلہ کلابی

نباتہ بن حنظلہ بن ربیعہ بن عبد القیس بن ربیعہ بن کعب بن عبد اللہ بن ابو بکر بن کلاب کا سلسلہ نسب ابن حزم نے یوں ہی بیان کیا ہے۔ ابن قتیبہ نے بھی اس کو بنی ابو بکر بن کلاب سے بتایا ہے۔ اموی دور میں شام کے مشہور شہسواروں اور بہادروں میں سے تھا۔ حضرت عبد اللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ کے مقابلہ کے لئے مکہ مکرمہ میں جو فوج آئی تھی نباتہ اس کے ساتھ تھا اور اس منجنیق پر مامور رہا جس کے گولے اور پتھر سے بیت اللہ کی دیواروں کو صدمہ پہنچا۔ مروان کے زمانہ میں جرجان اور رے کا امیر تھا اور جرجان ہی میں قحطبہ بن شبیب خارجی نے اس کو اور اس کے لڑکے حیۃ بن نباتہ کو سنہ ۱۳۰ھ میں قتل کیا اور دوسرے لڑکے محمد بن نباتہ کو یزید بن ہبیرہ نے قتل کیا۔ ابن اثیر نے سنہ ۱۳۰ھ کے واقعات میں لکھا ہے کہ یزید بن عمر بن ہبیرہ والی عراق کی طرف سے نباتہ بن حنظلہ جرجان کا والی تھا۔ یزید بن عمر نے اسے نصر بن سیار کی سرکوبی کا حکم دیا چنانچہ اصفہان اور وہاں سے رے گیا۔ پھر جرجان واپس آیا۔ نصر بن سیار اس وقت قومس میں تھا اور نباتہ کی فوج قومس جانے پر تیار نہ تھی۔ اس لئے وہ جرجان واپس چلا آیا۔ جب نصر بن سیار کو اس کی خبر ملی تو اس نے جرجان آکر اور نباتہ کے سامنے خندق کھود کر پڑاؤ ڈال دیا۔ اسی اثناء میں قحطبہ بن شبیب بھی نباتہ کے مقابلہ کے لئے جرجان پہونچا۔ حسن بن قحطبہ مقدمۃ الجیش کا امیر تھا۔ اس نے نباتہ کے اسلحہ خانہ پر حملہ کرنے کے لئے ایک فوجی دستہ بھیجا۔ جس نے شب خون مار کر اسلحہ خانہ کے نگراں ذویب اور اس کے ساتھیوں میں سے ستر افراد کو قتل کر دیا۔ دوسری طرف سے خود قحطبہ بن شبیب مقابلہ کے لئے چلا اور نباتہ کی طرف سے بھی شامی فوج

(بقیہ حاشیہ ۶۱۳ کا) تاریخ خلیفہ ج ۱ ص ۲۳۹، اصابہ ج ۳ ص ۵۰۰، کتاب المعارف ص ۵، مروج الذہب ج ۳ ص ۲۱۲، وفیات الاعیان ج ۲ ص ۰، البیان والتبیین ج ۲ ص ۲۱۶ و ص ۲۶۶۔

ایک بڑی تعداد اور پوری تیاری کے ساتھ قحطبہ کے مقابلہ میں اتری اور یکم ذوالحجہ ۱۳۱ھ کو جمعہ کے دن گھمسان کی جنگ ہوئی جس میں نباتہ مارا گیا۔ نیز شامی فوج کے دس ہزار سپاہی مارے گئے اور قحطبہ نے نباتہ کا سر ابومسلم خراسانی کے پاس بھیجا۔

نباتہ بن حنظلہ اور اس کے خاندان کے متعدد افراد ہندوستان کی فتوحات میں شریک تھے محمد بن قاسم نے غزوۂ دیبل کے موقع پر اسلامی فوج کے مشرقی حصہ پر جہم بن زحر جعفی کو غربی حصہ پر عطاء بن مالک عشی کو شمالی حصہ پر نباتہ بن حنظلہ کلابی کو اور جنوبی حصہ پر عون کلیب دمشقی کو متعین کیا تھا۔ نباتہ نے محمد بن قاسم اور اہل ہند کے درمیان صلح و مصالحت بات چیت میں نہایت مفید خدمات انجام دی ہیں۔ سیوستان کی فتح کے بعد "کاکہ کوتک" اپنے ...ں آدمیوں کو لے کر محمد بن قاسم کے پاس آیا۔ انھوں نے نباتہ بن حنظلہ کو اس کے استقبال ... لئے بھیجا نباتہ نے پورے اعزاز و احترام سے کاکہ کوتک کا خیر مقدم کیا اور درمیان میں ...کر دونوں میں صلح کرائی۔ جب محمد بن قاسم نے نیرون کی طرف کوچ کیا اور وہاں کا سمنی پانچ ...میوں کو لے کر ملاقات کو آیا تو اس موقع پر بھی نباتہ نے بات چیت کر کے آپس میں صلح کرائی ...ر محمد بن قاسم نے قلعہ راور پر فوج کشی کے لئے سلیمان بن نبہان قشیری کو بھیجا اور نباتہ قلب فوج کا امیر بنایا۔ مقام بیت میں جو فوج روانہ کی گئی اس کا امیر بھی نباتہ ہی تھا اسی طرح ...قدبار محمد بن قاسم نے نباتہ کو فوج کی امارت دی ایک مرتبہ قلعہ دھلیلہ کا حاکم بھی بنایا۔ ...غرض نباتہ نے سندھ کی فتوحات میں مختلف خدمات پیش کی ہیں[1]

## توبہ بن دارس

توبہ بن دارس کو محمد بن قاسم نے قلعۂ راور کے حصار کے موقع پر جنگی جہازوں اور

[1] ...جمہرۃ انساب العرب ص ۲۸۳، کتاب المعارف ص ۱۸۴، کامل ابن اثیر ج ۵ ص ۱۴۵، ...ص ۱۰۶، ۱۰۷، ۱۲۲، ۱۳۱، ۱۵۵، ۱۷۲، ۲۰۲۔

Marfat.com

کشتیوں کا امیر مقرر کیا تھا اور وہ بندر گاہ پر آنے جانے والے جہازوں کا انتظام کرتے
اور ان کے جنگی سامان و اسلحہ کی نگرانی بھی ان کے سپرد تھی۔ یعنی نوبہ اسلامی بحری بیڑے کے
منتظم اعلیٰ تھے۔[1]

## نوبہ بن ہارون

قلعۂ دھلیلہ کی فتح کے بعد محمد بن قاسم نے نوبہ بن ہارون کو بلایا اور بندر گاہ کے جنگی
جہازوں کے جملہ انتظامات ان کے سپرد کئے تاکہ ان کو ودھاتیہ روانہ کریں۔ ویسے بھی
نوبہ بن ہارون عام بحری بیڑے کے امیر و نگراں بنائے گئے۔[2]

(۹)

## وداع بن حمید ازدی البصری

وداع بن حمید ازدی بصری، بنو کلب کی شاخ بنو غراب سے تھا۔ جن کا بصرہ میں
خطہ اور علاقہ تھا۔ وداع بڑا بہادر اور اپنی قوم کا رئیس و شریف آدمی تھا۔ ہندوستان
میں مہلب بن ابی صفرہ کی طرف سے امارت کے عہدہ پر مامور رہا۔ مگر اس نے آل مہلب
پر شہر قندابیل کا دروازہ بند کر کے ان کو شہر میں داخل ہونے اور پناہ لینے سے روکا
سے پہلے وداع نے محمد بن قاسم کے ہمراہ سندھ کی فتوحات میں شاندار خدمات انجام
چنانچہ محمد بن قاسم نے وداع کو ایک فوجی دستہ کے ساتھ دیبل کا امیر بنا کر اس علاقہ
تمام ملکی و انتظامی امور اس کے سپرد کئے۔ ایک مرتبہ قلعۂ سیسم میں وداع اور عبد الق
جارودی کو امیر مقرر کیا۔ برہمن آباد میں چار آدمیوں کو مالیات پر متعین کر کے ان
کہ ہر معاملہ میں وداع کی طرف رجوع کریں اور اس کے مشورہ کے بغیر کوئی کام نہ کر

[1] چچ نامہ ص ۲۱۷ [2] چچ نامہ ص ۲۰۰۔

Marfat.com

ودداع نے اسی قسم کی دیگر فوجی اور ملکی خدمات محمد بن قاسم کی معیت میں انجام دیں۔

سنہ ۱۰۲ھ میں مہلب بن ابوصفرہ ازدی نے عراق میں شورش برپا کرنے کے بعد وداع بن حمید ازدی کو یہ کہہ کر قندابیل بھیجا کہ اگر یزید بن عبدالملک کی طرف سے میرے خاندان آل مہلب پر کوئی آفت آجائے تو قندابیل میں ان کے لئے پناہ بننا۔ اگر میں زندہ رہا تو تمہاری وفاداری کا صلہ دوں گا۔ چنانچہ وداع قندابیل گیا اور جب بنو مہلب اپنے خاندان اور مال و اسباب سمیت عراق سے بھاگ کر قندابیل پہونچے تو یزید بن عبدالملک نے ان کے تعاقب میں ہلال بن احوز مازنی کو فوج دے کر روانہ کیا اس نے قندابیل پہونچ کر امن کا جھنڈا بلند کیا تاکہ بنو مہلب کی طرف سے جو اس جھنڈے کے نیچے آجائے مامون ہو جائے۔ بنو مہلب کے سب سے بڑے سہارے وداع بن حمید ازدی اور عبدالملک بن ہلال ازدی دونوں ہلال بن احوز کی طرف ہو گئے اور ان کو دیکھ کر بنو مہلب کے بہت سے آدمی بھی اس سے مل گئے اس کے بعد بنو مہلب نے شہر قندابیل کا رخ کیا مگر وداع بن حمید نے شہر کا دروازہ بند کر کے ان کو شہر میں پناہ لینے نہیں دیا وداع بن حمید اور ہلال بن احوز میں پہلے سے خفیہ خط و کتابت ہو چکی تھی۔ وداع اور عبدالملک دونوں آل مہلب کے میمنہ اور میسرہ کے امیر تھے۔ مگر اسی خفیہ سازش کی وجہ سے دونوں ہی عین میدان جنگ میں آل مہلب کے ساتھ بدعہدی کر کے ان سے الگ ہو گئے اور ان کے بہت سے آدمیوں کو بھی الگ کرا دیا۔ اس کے بعد ان پر شہر کا دروازہ بھی بند کر دیا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ آل مہلب ایک ایک کر کے میدان جنگ میں کام آئے اور جو بچ گئے ان کو گرفتار کر کے شام و عراق روانہ کیا گیا۔ جہاں ان کی گردنیں ماری گئیں۔ ابن درید نے لکھا ہے:

| | |
|---|---|
| فمن بنی کلب بنو غراب، لهم | قبیلہ بنو کلب کی شاخ بنو غراب کا بصرہ |
| خطة بالبصرة، ومنهم وداع | میں علاقہ و محلہ ہے۔ ان میں سے وداع |
| بن حميد، كان شريفا وولی | بن حمید جو شریف آدمی اور ہندوستان |

Marfat.com

الهند، وھو الذی اغلق ابواب المدینة کا امیر تھا۔ اسی نے بنو مہلب پر شہر کے دروازے
دون ولد المھلب منعھم من الدخول۔ بند کر کے ان کو اندر جانے سے روک دیا تھا
چچ نامہ میں وداع بن حمید نجدی اور تحفۃ الکرام میں ایک جگہ وداع بن حمید نجدی اور
دوسری جگہ حمید بن وداع نجدی غلط ہے[1]

## وفار بن عبد الرحمٰن

وفار بن عبد الرحمٰن کو محمد بن قاسم نے دیبل اور نیرون کے انتظامی امور و معاملات
کا افسر مقرر کیا تھا۔ ساتھ ہی دوسرے امراء و حکام بھی تھے۔ اس سے زیادہ ان کے حالات
مجھے نہ مل سکے[2]

## وکیع بن ابو الاسود تمیمی رح

اموی دور کے امراء میں سے تھے۔ خلیفہ سلیمان بن عبد الملک کے زمانہ میں امیر
خراسان قتیبہ بن مسلم کے قتل ہو جانے کے بعد وکیع بن ابو اسود غدانی نے ولایت سنبھالی
مگر یزید بن مہلب نے معزول کر دیا۔ عبد العزیز بن عبد اللہ بن عامر کو زرنگ میں دوبارہ
لانے اور عبد اللہ بن ناشرہ تمیمی سے مقابلہ کرنے میں ان کا بڑا ہاتھ ہے۔ جیسا کہ عبد العزیز
کے حال میں مذکور ہے[3]

ی

---

[1] کتاب الاشتقاق ص ۵۰۸، تاریخ طبری ج ۶ ص ۶۰۰ تا ص ۶۰۳، [2] چچ نامہ ص ۱۰۹ و ص ۱۲۴ و ص ۲۱۷، تحفۃ الکرام ج ۳ ص ۲۶ و ص ۳۴ [3] چچ نامہ [4] تاریخ خلیفہ ج ۱ ص ۴۲۹،
فتوح البلدان ص ۳۹۰۔

## ۵

## ہذیل بن سلیمان ازدیؒ

ہذیل بن سلیمان ازدی محمد بن قاسم کے ان چند امراء و قائدین میں سے تھے۔ جن کے بارے میں حجاج بن یوسف نے اپنے خط میں بہادری اور وفاداری کا تذکرہ کر کے اچھا خیال ظاہر کیا تھا۔ محمد بن قاسم نے ان کو کچھ اور کیرج کے اطراف کی امارت عطا کی تھی۔ ان کے حالات اس سے زیادہ نہ مل سکے[1]

## ہلال بن احوز مازنی تمیمی

ہلال بن احوز بن اربد بن محرز بن لائی بن سہیل بن ضباب بن حجیہ بن کابیہ بن حرقوص بن مازن بن مالک بن عمرو بن تمیم مازنی تمیمی قندابیل میں آل مہلب کے قاتل اور ان کے بھائی اسلم بن احوز مازنی، نصر بن سیار کے افسر پولس تھے۔ جیسا کہ ابن حزم نے لکھا ہے۔ ابن ماکولا نے بیان کیا ہے کہ ہلال بن احوز نے جہم بن صفوان کو قتل کیا تھا۔ جس کی طرف فرقۂ جہمیہ منسوب ہے ابن حبان نے کتاب الثقات میں لکھا ہے کہ ہلال بن احوز نے حضرت سوید بن مقرنؓ سے روایت کی ہے اور امام شعبہ نے ابو حمزہ کے واسطہ سے ان سے روایت کی ہے اس تصریح کے مطابق ہلال تابعی ہیں۔

بلاذری نے لکھا ہے کہ بشر بن عبد اللہ بن ابو بکرہ نے بصرہ کے جس علاقہ میں نہر مُرغاب کھودی تھی۔ اسے خلیفہ یزید بن عبد الملک نے ہلال بن احوز کو جاگیر میں دیا تھا۔ یہ آٹھ ہزار جریب زمین کا ٹکڑا تھا۔ مگر بشر بن عبد اللہ نے اس خطہ میں نہر مرغاب کے علاوہ آب پاشی کی چھوٹی بڑی نہریں زبردستی جاری کر لیں اور کہا کہ یہ میری جاگیر ہے۔ جب ہلال بن احوز کے لڑکے حمیری بن ہلال نے اس میں مداخلت کی تو امیر عراق خالد بن عبد اللہ

---

[1] چچ نامہ ص ۱۸۴ و ص ۲۱۸۔

Marfat.com

قسری نے مالک بن منذر بن جارود کو جو کہ بصرہ کے قضایا و احداث کے افسر اعلیٰ تھے لکھا کہ

| | |
|---|---|
| اَن خَلِّ بین الحمیری و بین المرغاب وارضہ۔ | حمیری اور مرغاب اور اس کی زمین کے درمیان جھگڑے تو تم چھوڑ دو۔ |

بشیر بن عبداللہ نے خالد قسری کے پاس فریاد کی تھی۔ اس لئے اس کی بات رکھتے ہوئے خالد قسری نے یہ خط روانہ کیا تھا۔ اس جھگڑے میں عمرو بن یزید اسیدی نامی ایک شخص حمیری بن ہلال کے طرف دار تھے۔ خالد قسری کا یہ خط جب امیر بصرہ مالک بن منذر کے پاس پہنچا تو عمرو بن یزید اسیدی نے اس سے کہا کہ:-

| | |
|---|---|
| اصلحک اللہ! لیس ھذا "خَلِّ" وانما ھو "خُلِّ" بین الحمیری وبین المرغاب۔ | یہ خل (چھوڑ دو) نہیں ہے بلکہ خل (دخل دو) ہے یعنی حمیری اور مرغاب کے درمیان جھگڑے میں دخل دو۔ |

مرغاب کے پہلو میں احنف بن قیس کے چچا معاویہ بن معاویہ کی ایک جاگیر تھی۔ اس لئے وہ بھی حمیری کے مددگار بن گئے۔ بشیر نے دعویٰ کیا کہ یہ جگہ ہمارے اونٹوں، گایوں، گدھوں، بکریوں اور دوسرے جانوروں کی چراگاہ ہے۔ معاویہ بن معاویہ نے بشیر کو جواب دیا کہ تم گایوں، اور گدھوں کے پیشاب پائخانہ کی وجہ سے ہم پر غالب آنا چاہتے ہو۔ اس جھگڑے میں ایک تیسرے شخص عبداللہ بن ابو عثمان بن عبداللہ بن خالد اسیدی نے دعویٰ کر دیا کہ یہ زمین ہماری جاگیر ہے۔ معاویہ بن معاویہ نے اس کا جواب دیا۔

| | |
|---|---|
| اسمعت الذی تخطی النار فدخل اللھب فی استہ فانت۔ | کیا تم نے اس شخص کے متعلق سنا ہے جس نے آگ کو پھاندا تو اس کی لو اس کی سرین میں چلی گئی وہ شخص تم ہو۔ |

ابن عبدربہ نے العقد الفرید میں لکھا ہے کہ جس وقت ہلال بن احوز مازنی بنو مہلب کے قتل و غارت کے بعد قندابیل سے شام واپس آیا اس کی قوم بنو تمیم نے اسے چاروں طرف

Marfat.com

سے گھیر کر اپنے حلقہ میں یوں لے لیا جیسے عیسیٰ علیہ السلام کو ان کے حواریوں نے گھیر رکھا تھا۔ یہ حال دیکھ کر اسی قوم کے ایک فرد محمد بن عبد الملک مازنی نے جرأت مندانہ انداز میں پورے مجمع کے سامنے کہا۔

| | |
|---|---|
| هذا ضد عیسیٰ، عیسیٰ | ہلال حضرت عیسیٰ کے خلاف ہے حضرت عیسیٰ |
| کان یحیی الاموات و | مردوں کو زندہ کرتے تھے اور یہ شخص زندوں |
| ذا یمیت الاحیاء۔ | کو مردہ کرتا ہے۔ |

نیز اسی میں ہے کہ یزید بن مہلب کے بعد خلیفہ یزید بن عبد الملک نے عراق کی گورنری اپنے بھائی مسلمہ بن عبد الملک کو دیدی تو اس نے آل مہلب کے تعاقب و تلاش میں ہلال بن احوز مازنی کو قندابیل بھیجا۔ اس نے یہاں آل مہلب سے جنگ کی اور مفضل بن مہلب و غیرہ مہلب کے پانچ بیٹوں کو قتل کیا۔ مگر عورتوں سے نہ کوئی تعرض کیا اور نہ ان کی تلاشی لی۔ بلکہ ان سب کو گرفتار کر کے یزید بن عبد الملک کے پاس بھیج دیا۔ اس موقع پر یہ الفاظ ہیں:۔

| | |
|---|---|
| ولم یفتش النساء ولم یعرض | ہلال نے عورتوں کی تلاشی نہیں لی اور نہ |
| لهن، وبعث العیال والاسری | ہی ان سے کوئی تعرض کیا اور آل مہلب |
| الی یزید بن عبد الملك۔ | اور قیدیوں کو یزید بن عبد الملک کے |
| | پاس بھیج دیا۔ |

اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ہلال بن احوز نے خلافت کی پالیسی اور اپنے فرض کی انجام دہی میں پوری مستعدی دکھانے کے باوجود اپنے کردار و اخلاق کی بلندی اور شرافت پر حرف نہیں آنے دیا اور آل مہلب کی عورتوں بچوں پر ہاتھ نہیں اٹھایا۔ اس موقع پر شعراء نے بنو مہلب کی ہجو اور ہلال بن احوز کی مدح میں اشعار و قصائد کہے ہیں اور اموی دور کے اس فتنہ کے استیصال پر خوشی کا اظہار کیا ہے[1]۔

[1] جمہرۃ انساب العرب ص ۲۱۱، کتاب الثقات ص ۲۰۸، الکامل ج ۱ ص ۳۲، فتوح البلدان ص ۴۵۸، العقد الفرید ج ۴ ص ۱۴۴ و ص ۳۴۴ (بیروت)

# (ی)

## یاسر بن سوّار عبدیؒ

یاسر بن سوّار عبدی اپنے بھائی عبداللہ بن سوّار عبدی کے ساتھ ۴۵ھ میں غزوۂ قیقان میں موجود تھے بنو عبدالقیس کے ایک بہادر مجاہد اور یاسر بن سوار نے اسلامی فوج سے نکل کر دشمنوں کو للکارا جس پر ان کا ایک سردار سامنے آیا اور ان دونوں بہادروں نے اس کا کام تمام کر دیا۔ یاسر بن سوار کے مزید حالات مجھے کتابوں میں نہ مل سکے[1]

## یزید بن ابی کبشہ سکسکی دمشقیؒ

یزید بن ابی کبشہ جبریل بن یسار بن حیّ بن قرط بن شبیل بن نفل بن معدیکرب بن عریف بن سکسک سکسکی دمشقی کو خلیفہ ولید نے حجاج کے بعد بصرہ کا والی بنایا تھا۔ جیساکہ ابن حزم نے لکھا ہے۔ ابن حبان نے کتاب الثقات میں لکھا ہے کہ یزید بن ابی کبشہ نے اپنے والد سے روایت کی ہے ان کا نام یزید بن اشرس ہے اور یمن کے قبیلہ کندہ سے ہیں۔ ان سے علی بن اقمر اور ابراہیم سکسکی نے روایت کی ہے وہ اپنے زمانہ میں سکاسک کے عریف اور نمائندہ تھے ابن حجر نے تہذیب التہذیب میں لکھا ہے کہ یزید بن ابی کبشہ سکسکی دمشقی ملک شام کے شہر بیت لہیا کے رہنے والے تھے۔ انھوں نے اپنے والد ابو کبشہ جبریل بن یسار اور مروان بن حکم اور ایک صحابی سے روایت کی ہے اور ان سے ابو بشر حکم بن عتبہ علی بن اقمر معاویہ بن قرۃ مزنی ابراہیم بن عبدالرحمٰن سکسکی وغیرہ نے روایت کی ہے۔ اموی دور میں صوائف فوج کے امیر ہوا کرتے تھے۔ بخاری نے لکھا ہے کہ وہ اپنے قبیلے کے نمائندے تھے اور ابن عساکر نے لکھا ہے کہ وہ سلیمان بن عبدالملک کے دورِ خلافت (۹۶ھ تا ۹۸ھ) میں فوت ہوئے۔

---

[1] چچ نامہ ص ۷۹۔

Marfat.com

صحیح بخاری کی کتاب الجہاد میں ان کا ذکر ہے۔ مگر ان کی روایت نہیں ہے بلکہ یوں ہے ابراہیم سکسکی کا بیان ہے کہ حضرت ابو بردہ اور یزید بن ابی کبشہ ایک بار ہم سفر تھے۔ یزید بن ابی کبشہ سفر میں روزہ رکھتے تھے۔ ابو بردہ نے ان سے اس بارے میں حضرت ابوموسیٰ کی ایک حدیث بیان کی اور یزید بن ابوکبشہ کی ایک حدیث ابراہیم بن محمد بن منتشر کے طریقہ سے امام محمد نے کتاب الآثار میں روایت کی ہے اور ان کی دوسری حدیث ابوالبشر کی روایت سے مستدرک حاکم میں یوں آئی ہے کہ ابوالبشر نے کہا ہے کہ میں نے یزید بن ابوکبشہ کو شام میں خطبہ دیتے ہوئے سنا ہے جس میں انھوں نے کہا۔

| | |
|---|---|
| سمعت رجلاً من اصحاب رسول اللہ | میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے |
| صلی اللہ علیہ وسلم یحدث | ایک صحابی سے سنا وہ عبدالملک بن مروان |
| عبد الملک بن مروان ان رسول | سے بیان کر رہے تھے کہ رسول اللہ صلی اللہ |
| اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال | علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب کوئی شراب |
| اذا شرب الخمر فاجلدوہ۔ | پئے تو اسے درہ لگاؤ۔ |

حاکم کا قول ہے کہ میں نے ابوعلی نیشاپوری سے سنا ہے کہ وہ صحابی حضرت شرجبیل بن اوس رضی اللہ عنہ ہیں۔ ۹۵ھ میں حجاج بن یوسف نے آخری وقت اپنے بیٹے عبدالملک کو بصرہ کی نماز پر اور یزید بن ابومسلم کو خراج پر مقرر کیا جب خلیفہ ولید کو حجاج کی موت کی خبر لگی تو اس نے نماز پر عبدالملک بن حجاج کے بجائے یزید بن ابوکبشہ کو مقرر کیا پھر سلیمان بن عبدالملک نے اپنی خلافت میں یزید بن ابوکبشہ اور یزید بن ابومسلم دونوں کو بصرہ سے معزول کر دیا۔ یزید بن ابوکبشہ نے خوارج کے مقابلہ میں بہترین خدمات انجام دی ہیں۔ خلیفہ بن خیاط نے لکھا ہے کہ ۷۷ھ میں یزید بن ابوکبشہ نے بحرین میں ریان فکری سے جنگ کی۔ ریان کے ساتھ حیدار نامی بنو ازد کی ایک عورت بھی تھی۔ مقام مندان النزارہ میں مقابلہ ہوا ریان اور حیدار دونوں مارے گئے۔ بلکہ اس کی فوج کا بیشتر حصہ بھی کام آیا۔ ابن خلدون نے لکھا ہے

یزید بن ابو کبشہ نے ۹۴ھ میں سرزمین سوریہ میں جہاد کیا۔ ان خدمات کے علاوہ بعض
اوقات یزید بن ابو کبشہ دار الخلافہ سے متعلق بھی خدمات انجام دیتے تھے۔ چنانچہ مختلف اوقات
عبد الملک بن مروان کے پولیس افسر اور یزید بن عبد الملک کے محافظ دستہ کے امیر رہے۔ ان کے
لڑکے روح بن یزید بن ابو کبشہ حضرت عمر بن عبد العزیز کے پولیس افسر تھے۔ معلوم ہو چکا ہے
سلیمان بن عبد الملک نے یزید بن ابو کبشہ سکسکی کو سندھ کا والی بنایا اور انہوں نے محمد بن قاسم
کو گرفتار کر کے عراق روانہ کیا اور سندھ کی امارت کے اٹھارہ دن بعد یہیں فوت ہوئے[1]

## یزید بن عبد اللہ قرشی بلیسری سندیؒ

ابو خالد یزید بن عبد اللہ قرشی بلیسری سندی بصری۔ ان محدثین میں سے ہیں جو اموی دور
میں ہندوستان میں پیدا ہوئے اور یہاں سے بصرہ گئے ابن ابی حاتم رازی نے لکھا ہے کہ انہوں نے عمر
بن محمد عمری سے اور ان سے علی بن ابو ہاشم طراخ وغیرہ نے روایت کی ہے۔ ابن حجر نے ان
تذکرہ تفصیل سے کیا ہے اور لکھا ہے کہ یزید بن عبد اللہ بلیسری ابو خالد قرشی بصری نے ابن
جریج وغیرہ سے اور ان سے قواریری، ابو داؤد طیالسی اور محدثین کی ایک جماعت نے روایت
کی ہے۔ قواریری نے ان کے سلسلۂ سند سے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی

| | |
|---|---|
| قال لی رسول اللہ صلی اللہ | مجھ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا |
| علیہ وسلم لا تبرز فخذک، | ہے کہ نہ تم اپنی ران کو کھولو اور نہ کسی زندہ |
| ولا تنظر الی فخذ حیٍّ ولا میتٍ | اور مردہ کی ران کی طرف دیکھو۔ |

ان کا تذکرہ ابن عدی نے کر کے لکھا ہے: لیس بمنکر الحدیث اور اسفرائینی نے یزید
بن عبد اللہ بلیسری کے شیخ ابو مالک کے سلسلۂ سند سے حضرت ابو جحیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت

---

[1] جمہرۃ انساب العرب ص ۲۳۴، کتاب الثقات ص ۲۹۴، تہذیب التہذیب ج ۱۱ ص ۲۵۵، تاریخ خلیفہ
ص ۳۰۶، تاریخ یعقوبی ج ۲ ص ۲۳۸، ص ۳۴۸، ص ۲۰۰، ص ۳۰۹، تاریخ ابن خلدون ج ۳ ص

Marfat.com

...ی ہے:۔

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم:۔ جالسوا العلماء وسائلوا الکبراء وخالطوا الحکماء۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ علماء کے ساتھ بیٹھا کرو اور بڑوں سے معلومات حاصل کرو اور ارباب حکمت و دانش سے میل جول رکھو۔

ابن حبان نے یزید بن عبد اللہ بیسری کو ثقات میں ذکر کر کے تصریح کی ہے کہ اصلہ من السند (ان کی اصل سندھ سے ہے) انہوں نے سفیان ثوری سے اور ان سے محمد بن ابوبکر مقدمی نے روایت کی ہے وہ مستقیم الحدیث ہیں البتہ مذکورہ بالا روایت میں ان کے شیخ ابو مالک کے بارے میں معلوم نہیں کہ کون ہیں۔ مسعودی نے مروج الذہب میں لکھا ہے کہ بیاسرہ سے مراد وہ مسلمان ہیں جو سرزمین ہند میں پیدا ہوئے ان کو اس لقب سے پکارا جاتا ہے۔ اس لفظ کا واحد بیسر اور جمع بیاسرہ ہے۔[1]

## یزید بن عرار

یزید بن عرار ہندوستان میں اموی خلافت کے امیر و فاتح ہیں حکم بن عوانہ کلبی کے زمانہ امارت میں وہ اور عمرو بن محمد بن قاسم دونوں یہاں موجود تھے اور ایسا معلوم ہوتا ہے کہ عمرو بن محمد بن قاسم کی طرح یزید بن عرار بھی اس دور میں ملکی انتظامات و فتوحات میں شریک تھے ۱۲۲ھ میں حکم بن عوانہ نے ہندوستان میں شہادت پائی تو ان کے نائب عمرو بن محمد بن قاسم اور یزید بن عرار میں سندھ کی امارت کے لئے کشمکش پیدا ہوگئی۔ جب بات طول پکڑ گئی اور کوئی فیصلہ نہ ہو سکا تو انھوں نے امیر عراق یوسف بن عمرو ثقفی کو لکھا جو سندھ کے معاملات کا ذمہ دار تھا۔ اس نے معاملہ کی نزاکت دیکھ کر خلیفہ ہشام کو لکھا۔ ہشام نے یوسف بن عمرو کو لکھا

[1] کتاب الجرح والتعدیل ج ۴ ق ۲ ص ۲۷۱، لسان المیزان ج ۶ ص ۲۹۰، مروج الذہب ج ۲ ص ۳۱۴۔

Marfat.com

کہ اگر عمرو بن محمد بن قاسم سن کہولت کو پہونچ گئے ہوں تو انہیں کو سندھ کا والی بنا دے، عمرو بن محمد بن قاسم ابھی پکی عمر کو نہیں پہونچے تھے مگر چونکہ وہ ثقفی تھے اور یوسف بن عمرو بھی ثقفی تھا۔ اس لئے خاندانی تعلق اور ثقفیت کی وجہ سے اس نے عمرو بن محمد بن قاسم کی طرفداری اور یزید بن عرار کے مقابلہ میں انہیں کو سندھ کا امیر بنایا عمرو بن محمد بن قاسم نے سندھ کی امارت پاتے ہی یزید بن عرار کو جیل میں ڈال دیا ۱۲۵ھ میں ہشام بن عبد الملک کے انتقال کے بعد ولید بن عبد الملک نے سندھ کے معاملات میں تبدیلی کی اور عمرو بن محمد بن قاسم کو معزول کر کے ان کے سابق حریف و رقیب یزید بن عرار کو امارت دی اور بقول مورخ یعقوبی یزید بن عرار نے سندھ میں بڑی کامیاب حکومت کی اور آٹھ فتوحات حاصل کیں نیز اس نے لکھا ہے:۔

وکان میمون النقیبۃ — یزید بن عرار پاک طینت آدمی تھے۔

چنانچہ انھوں نے سندھ کی امارت پاکر عمرو بن محمد بن قاسم سے کسی قسم کا تعرض نہیں کیا حالانکہ گذشتہ دنوں کا بدلہ لے سکتے تھے۔ یزید بن عرار کی امارت کے چند سال بعد عراق کی گورنری میں یوں تبدیلی آئی کہ یزید بن عمرو بن ہبیرہ گورنر ہوا اور منصور بن جمہور کلبی جو یزید بن عرار کا رشتہ دار تھا۔ یزید بن عمر کے ڈر سے سندھ بھاگ آیا اور دریائے سندھ کے پیچھے مقام کیا۔ یزید بن عرار نے پیغام بھیجا کہ تم وہیں رک جاؤ منصور نے جواب دیا کہ میں تمہارے سامنے مقام کرنا چاہتا ہوں۔ اللہ تعالیٰ تمہاری قرابت کا برا کرے۔ تم کو جلد ہی انجام معلوم ہوگا۔ اس کے بعد منصور نے ہندوستان میں کشتیاں تیار کرائیں اور اونٹوں پر لاکر ان کو دریائے سندھ میں ڈالا، اس کے بعد شدید ترین حملہ کر کے یزید بن عرار کو منصورہ تک فرار ہونے پر مجبور کر دیا اور شہر منصورہ کا محاصرہ کر لیا۔ عرار نے آخر میں امان کی درخواست کی منصور نے کہا کہ میں تم کو اپنے حکم اور فیصلہ کی شرط پر امان دے سکتا ہوں۔ یزید نے مجبوراً اسی پر امان حاصل کیا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ منصور نے یزید کو ایک

Marfat.com

ره میں زندہ چنوا دیا[۱]

## یزید بن مجالد ہمدانی رح

یزید بن مجالد ہمدانی سندھ کی فتوحات میں محمد بن قاسم کے ساتھ تھے اور راجہ داہر کا ے کر جو وفد عرب گیا تھا اس میں شامل تھے۔ چچ نامہ میں "یزید بن مخالد" غلط ہے۔ مجالد صحیح ہے۔ ندیم نے الفہرست میں ابن مجالد ہمدانی کا تذکرہ یوں کیا ہے کہ ابن مجالد بن جلبیر قبیلۂ ہمدان ہیں۔ کنیت ابو عمیر ہے۔ ہیثم بن عدی ان سے بہت زیادہ روایت کرتے تھے۔ ابن مجالد بار کے مشہور راوی تھے۔ انہوں نے حدیث کا سمع بھی کیا تھا۔ مگر محدثین کے نزدیک ضعیف ۱۴۴ھ میں انتقال کیا[۲]

## یزید بن مفرغ حمیری شاعر

ابو عثمان یزید بن زیاد بن ربیعہ بن مفرغ بن ذی العشیرۃ بن حارث بن دلال بن عوف یری بعضوں نے زیاد کے بجائے ربیعہ کو اس کا والد بتایا ہے۔ اموی دور کے مشہور شعراء سے ہے اور ابن مفرغ کی کنیت سے یاد کیا جاتا ہے۔ ۵۳ھ میں عباد بن زیاد کے ساتھ دوستان کی فتوحات میں شریک تھا پہلے مقام تبالہ میں رہتا تھا۔ پھر بصرہ میں آباد ہو گیا۔ خلکان نے لکھا ہے کہ سعید بن عثمان بن عفان نے خراسان کی امارت کے وقت یزید بن غ کو ساتھ چلنے کی پیش کش کی۔ مگر اس نے عباد بن زیاد کے ساتھ خراسان جانا پسند نہیں کیا۔ وہاں پہونچ کر غزوات اور دوسری مہمات میں مشغول ہو گیا اور ابن مفرغ کے وظیفہ میں دیر اس نے عباد کے بھائی عبید اللہ بن زیاد کے پاس شکایت لکھی۔ کیونکہ اسی نے ذمہ داری ابن مفرغ نے بے صبری اور زبان درازی کی وجہ سے اپنے اشعار میں آل حرب کے

---

ریخ یعقوبی ج ۲ ص ۲۸۹ و ص ۳۰۰ و ص ۴۰۷ [۲] چچ نامہ ص ۱۸۷ کتاب الفہرست ص ۱۳۳۔

ناجائز ہونے کا الزام لگایا۔

طبری نے ۵۹ھ کے واقعات میں ابن مفرغ اور عبادبن زیاد کے اس معاملہ کی تفصیل یوں درج کی ہے۔ کہ یزید بن ربیعہ بن مفرغ حمیری سجستان میں عباد بن زیاد کے ساتھ رہتا تھا۔ عباد ترکوں کی جنگ میں مشغول ہو گیا۔ اس لئے موظفین کے وظیفہ اور تنخواہ میں دیر ہو گئی حتیٰ کہ فوج کے جانوروں کے لئے چارہ ملنا مشکل ہو گیا۔ اس موقع پر ابن مفرغ نے یہ شعر کہا

الا لیت اللحیٰ عادت حشیشا　　فنعلفها خیول المسلمینا

اے کاش ڈاڑھیاں گھاس بن جائیں اور ہم انہیں مسلمانوں کے گھوڑوں کو بطور چارہ کے کھلا دیتے۔

عباد بن زیاد عظیم اللحیہ تھا لوگوں نے یہ شعر عباد کو سنا کر کہا کہ ابن مفرغ نے اس میں آپ پر تعریض کی ہے۔ عباد نے اس کی گرفتاری کا حکم دیا۔ اس نے یہ خبر پاتے ہی راہ فرار اختیار کی اور عباد کی ہجو میں قصائد کہے جن میں یہ اشعار بھی ہیں:۔

اذا أودی معاویۃ بن حرب　　فبشر شعب قعبك بالصداع

فاشهد ان امك لم تباشر　　اباسفیان واضعۃ القناع

ولكن كان امرأ فیه لبس　　علی رجل شدید وارتیاع

نیز اسی سلسلہ میں مفرغ نے یہ اشعار کہے:۔

الا ابلغ معاویۃ بن حرب　　مغلغلۃ من الرجل الیمانی

اتغضب ان یُقال: ابوك عفٌّ　　اترضیٰ ان یقال: ابوك زانی

فاشهد ان رحمك من زیاد　　كرحم الفیل من ولد الاتان

ابن مفرغ نے ان اشعار و قصائد میں عباد بن زیاد کی ہجو کر کے بصرہ کی راہ لی۔ ان دنوں زیاد کا بھائی عبید اللہ بن زیاد حضرت معاویہ کے پاس تھا۔ عباد نے اس کو یہ قصائد و اشعار بھیج دیئے۔ عبید اللہ نے ان کو حضرت معاویہ کو سنا کر ابن مفرغ کے قتل کی اجازت چاہی حضرت معاویہ نے کہا تم اس کی تادیب کر دو قتل نہ کرو۔ اسی اثناء میں ابن مفرغ نے بصرہ

کر احنف بن قیس کے یہاں پناہ لینی چاہی۔ انہوں نے کہا میں ابن سُمیّہ (عباد بن زیاد) کے
مقابلہ میں تم کو پناہ نہیں دے سکتا۔ ہاں اگر تم چاہو تو بنو تمیم کے شعراء کو تمہاری طرف دار بنادوں
ابن مفرغ نے کہا کہ مجھے ان کی مدد کی ضرورت نہیں ہے۔ اس کے بعد وہ خالد بن عبداللہ کے
پاس گیا۔ اس نے پناہ دینے کا وعدہ کر لیا پھر ایک اور شخص کے پاس گیا اس نے بھی وعدہ کر لیا
ابن مفرغ عمر بن عبید اللہ بن معمر قرشی تیمی کے یہاں گیا۔ انہوں نے بھی وعدہ کر لیا۔ مگر یہ سارے
وعدے زبانی تھے۔ آخر میں منذر بن جارود عبدی کے پاس گیا۔ تو انھوں نے اپنی پناہ اور
حفاظت میں لے کر اپنے گھر میں رکھ لیا۔ ان کی صاحبزادی بحریہ بنت منذر عبید اللہ بن
زیاد سے بیاہی تھیں جب عبید اللہ بن زیاد حضرت معاویہ کے پاس سے بصرہ آیا تو اسے خبر ملی کہ ابن مفرغ منذر بن جارود کے
یہاں ہے۔ منذر بن جارود عبید اللہ کو سلام کرنے آئے اور اس نے منذر کے گھر پولیس روانہ کر دی
منذر اپنے داماد عبید اللہ کے دربار ہی میں تھے کہ پولیس نے ابن مفرغ کو لا کر ان کے سر
پر کھڑا کر دیا۔ حضرت منذر نے عبید اللہ کے سامنے کھڑے ہو کر کہا اے امیر! میں نے اسے پناہ
دی ہے۔ عبید اللہ نے کہا وہ آئندہ آپ کی اور آپ کے باپ کی مدح کرے گا اور اس وقت
میری اور میرے باپ کی ہجو کر رہا ہے۔ پھر بھی آپ اسے میرے مقابلہ میں پناہ دے کر بچا رہے
ہیں۔ اس کے بعد عبید اللہ نے ابن مفرغ کی تادیب و سزا کا حکم دیا۔ اسے فوراً کوئی دوا پلائی
اور گدھے پر سوار کر کے بصرہ کے گلی کوچوں اور بازاروں میں یوں گشت کرایا گیا کہ گذرنے
والے اس کا تماشا دیکھتے تھے چنانچہ ایک ایرانی شخص نے کہا "این چیست" ابن مفرغ سجستان و خراسان
و سندھ وغیرہ میں رہ چکا تھا۔ اس لئے اس کا مطلب سمجھ گیا اور جواب میں کہا "ایست و
است و عصارات زبیب است و سمیہ روسبیب است" چونکہ منذر کی پناہ میں آنے
کے بعد ابن مفرغ کو یہ سزا دی گئی۔ اس لئے اس نے منذر کی ہجو میں اشعار کہے :-

ترکتُ قریشاً ان اجاور فیھم وجاورتُ عبد القیس اھل المشقّر

میں قبیلہ قریش کی پناہ سے ہٹ کر قبیلہ عبد القیس کی پناہ میں گیا۔

اناس اجارونا فکان جوارهم اعاصیر من فسو العراق المبذر

انھوں نے مجھے پناہ دی مگر ان کی پناہ عراق والوں کی ہوا ثابت ہوئی۔

فاصبح جاری من جذیمۃ نائماً ولا یمنع الجیران غیر المشمّر

اس کے بعد میرا محافظ قبیلہ جذیمہ ہوا جس نے بے پرواہی کی اور پناہ گیر کی حفاظت مستعد آدمی ہی کرتا ہے۔

اور عبید اللہ بن زیاد کے متعلق کہا۔

یغسل الماءُ ما صنعت وقولی راسخ منك فی العظام البوالی

تم نے میرے ساتھ جو کچھ کیا ہے اسے پانی صاف کرے گا۔ مگر میری بات تمہاری بوسیدہ ہڈیوں میں باقی رہے گی۔

اس تشہیر و تادیب کے بعد عبید اللہ نے ابن مفرغ کو عباد کے پاس سجستان بھجوا دیا۔ اد ابن مفرّغ سجستان روانہ کیا گیا اور ادھر یمنی قبائل نے شام میں حضرت معاویہ سے اس کے بارے میں گفتگو کی اور انھوں نے فوراً قاصد بھیج کر ابن مفرغ کو عباد کے پاس سے بلایا اس نے راستہ میں یہ اشعار کہے:۔ ؎

عذیری ما لعبّاد علیك امارۃ نجوتِ وھذا تحملین طلیقُ

اے میری سواری! اب تم پر عباد کی حکومت نہیں ہے اور نجات پاکر قید سے آزاد کو لے چل رہی ہے۔

لعمری نجاك من ھُوّۃ الردی امامٌ وحبلٌ للانام وثیق

تم کو تباہی کے غار سے دنیا کے پیشوا اور مضبوط وسیلہ نے بچایا ہے۔

ساشکر ما اولیت من حسن نعمۃ ومثلی بشکر المنعمین حقیقُ

اے محسن! میں تیری اس حسنِ نعمت کا شکر ادا کروں گا اور میں منعم کا شکر گذار ہوں۔

ابن مفرغ نے حضرت معاویہ کے پاس پہونچ کر رونا شروع کر دیا اور کہا کہ بغیر کسی جرم کے میرے ساتھ جو سلوک کیا گیا کسی مسلمان سے نہیں کیا گیا۔ حضرت معاویہ نے کہا کہ کیا

نے یہ شعر نہیں کہا ہے۔

الا بلغی معاویۃ بن حرب　　مغلغلۃ من الرجل الیمانی

ابن مفرغ نے کہا اس ذات کی قسم جس نے امیر المومنین کو عزت دی۔ میں نے یہ شعر نہیں کہا ہے۔ حضرت معاویہ نے کہا کیا تم نے یہ شعر نہیں کہا ہے۔

فاشھد ان امک لم تباشر　　اباسفیان واضعۃ القناع

اور کیا ایسے بہت سے اشعار تم نے نہیں کہے ہیں جن میں عباد بن زیاد کی ہجو و برائی کی ہے جاؤ ہم نے تمہارا جرم معاف کر دیا۔ اگر تم نے میرے ساتھ یہ حرکت کی ہوتی تو کوئی بات نہ ہوتی اب تم جس جگہ چاہو جا کر رہو۔ ابن مفرغ موصل چلا گیا۔ پھر حضرت معاویہ نے اسے بصرہ میں داخلہ کی اجازت دی۔ چنانچہ وہ عبید اللہ بن زیاد کے پاس پہونچا اور اس نے امن دے دیا۔

اس واقعہ میں ابن مفرغ حمیری، عباد بن زیاد بن ابو سفیان، عمر بن عبید اللہ بن معمر قرشی تیمی اور منذر بن جارود عبدی کے بعض حالات پر روشنی ہے اور سب کے سب مختلف اوقات میں ہندوستان آئے گئے ہیں۔ اس لئے ہم نے یہ طویل داستان درج کی ہے ۵۳ھ میں عباد بن زیاد نے ہندوستان کے مختلف مقامات میں جہاد کر کے فتوحات کیں جن میں ابن مفرغ بھی ان کے ساتھ ساتھ تھا اور اس نے یہ اشعار کہے تھے۔

کم بالجروم وارض الہند من قدم　　ومن سرابیل قتلیٰ لاھم قبروا

گرم علاقوں اور ہندوستان کے شہروں میں کتنے ہی قدم آئے گئے اور قندھار میں کتنے ہی تمہارے مقتول دفن نہ کئے جا سکے۔

بقندھار، ومن تکتب منیتہ　　بقندھار یرجم دونہ الخبر

قندھار میں جس کی موت مقدر ہوئی اس کی خبر نہ مل سکی۔[1]

---

[1] وفیات الاعیان ج ۲ ص ۴۴۴، کتاب الاغانی ج ۷ ص ۲۲۹، فتوح البلدان ص ۴۲۲، تاریخ طبری ج ۶ ص ۱۷۸۔

# یوسف بن ابراہیم تمیمیؒ

یوسف بن ابراہیم تمیمی اپنی کنیت ونسبت ابوشیبہ جوہری واسطی سے زیادہ مشہور ہیں وہ محمد بن قاسم کے ہمراہ سندھ کی فتوحات میں شریک تھے، ان کا مستقل تذکرہ ابوشیبہ جوہری کے عنوان سے گذر چکا ہے۔

# یوسف بن محمد بن قاسم ثقفیؒ

فاتح ہند محمد بن قاسم ثقفی کے تین صاحب زادے تھے عمرو، یوسف اور قاسم عمرو خلیفہ ہشام بن عبد الملک کے زمانہ میں سندھ کے اموی امراء میں سے تھے۔ قاسم خلیفہ ولید بن یزید کے دور میں بصرہ کے امیر تھے اور یوسف ۱۲۰ھ میں کوفہ کے والی تھے اور اس سے پہلے اپنے والد کے ساتھ سندھ کی فتوحات میں شریک تھے۔ خلیفہ بن خیاط نے "عمال ہشام بن عبد الملک" کے بیان میں امرائے کوفہ کا ذکر کرتے ہوئے لکھا ہے:۔

| | |
|---|---|
| ثم عزل خالداً سنة عشرين | ہشام نے ۱۲۰ھ میں خالد قسری کو عراق سے |
| ومائة وولي يوسف بن عمر | معزول کر کے یوسف بن عمر کو وہاں کا امیر بنایا |
| فولى الحكم بن الصلت الثقفي | اور کوفہ کا امیر حکم بن صلت ثقفی کو مقرر کیا پھر |
| ثم عزله وولي يوسف بن محمد | اسے معزول کر کے یوسف بن محمد بن قاسم |
| بن القاسم الثقفي[1] | ثقفی کو وہاں کا والی بنایا۔ |

چچ نامہ میں ہے کہ حجاج بن یوسف نے سندھ میں جن امراء و قواد کو روانہ کیا تھا ان میں صلب بن قاسم ثقفی بھی تھے اس میں حجاج کے خط کا یہ جملہ ہے "و برادر تو صلب بن قاسم" اس مختصر سی عبارت میں دو تحریفات ہیں۔ اصل عبارت یوں ہونی چاہیے "و پسر تو یوسف بن محمد بن قاسم" مطبوعہ چچ نامہ اس قسم کی تحریفات سے پُر ہے

[1] تاریخ خلیفہ ج ۲ ص ۵۳۶، چچ نامہ ص ۱۹۲

# مُبہمات

## اسّی مجاہدین

تمیم بن زید قینی سندھ کی امارت پر آنے سے پہلے بصرہ گئے اور جس شخص کو چاہا یہاں کی مہم کے لئے منتخب کر لیا۔ ان ہی میں ایک نوجوان خنیس یربوعی تھا۔ جس کی ماں نے فرزدق شاعر کی سفارش سے اپنے بیٹے کو بصرہ بلا لیا۔ نیز اسی کے ساتھ اسّی نوجوان مجاہد اپنے اپنے وطن چلے گئے۔ ابن بشار انباری نے کتاب الاضداد میں لکھا ہے :۔

فلما ورد الشعر علی تمیم بن زید اشکل علیہ الاسم، فقال اقفلوا کل من اسمہ خنیس، اوحبیش او خنیش، اوحشیلش، او خشیلش، فعد وافکانوا ثمانین رجلاً۔

جب فرزدق کا شعر تمیم کو ملا تو خنیس کا نام ان کے نزدیک مشتبہ ہو گیا اور انھوں نے حکم دیا کہ خنیس، یا حبیش یا حنیش یا حشیش یا خشیش نام کے جو سپاہی ہوں، سب واپس چلے جائیں۔ ایسے لوگوں کا شمار کیا گیا تو اسّی آدمی نکلے۔

اور مبّرد نے کامل میں لکھا ہے کہ تمیم کو جب اس نوجوان کا نام معلوم نہ ہو سکا تو انھوں نے کہا کہ جیش یا خنیش کے نام پر جتنے سپاہی ہیں، سب کو بصرہ بھیجدیا جائے۔

Marfat.com

ایسے لوگوں کی تعداد چھ تھی[1]

## تین ہزار مجاہدین

خلیفہ عبدالملک بن مروان کے دورِ خلافت میں جب کہ محمد بن ہارون نمری سند
امیر تھے۔ دیبل کے بحری ڈاکوؤں نے سرندیپ سے عرب جانے والے جہاز کو لوٹا اور
بن یوسف کو راجہ داہر نے روکھا پھیکا جواب دیا تو حجاج نے عبیداللہ بن نبہان سلمی
دیبل کی مہم پر روانہ کر کے عمان میں بدیل بن طہفہ بجلی کو لکھا کہ تم پہلے محمد بن ہارون کو خبر
کہ سندھ پر فوج کشی کی گئی ہے تاکہ وہ تین ہزار فوج کا انتظام کریں۔ چنانچہ محمد بن ہار
نے بدیل بن طہفہ کو تین ہزار جنگی سپاہی دیئے جن کو وہ لے کر عبیداللہ بن نبہان کے سات
دیبل میں شریک ہوئے۔ یہ تین ہزار فوج سندھ کی ان سرکاری فوجوں سے تھی جو مستقل طو
یہاں کے فوجی مرکز میں رہا کرتی تھیں اور بوقت ضرورت کام آتی تھیں[2]

## چار ہزار مجاہدین

۴۷ھ حضرت عبداللہ بن سوار عبدی نے چار ہزار فوج لے کر قیقان میں جہاد ک
جس میں حضرت ابن سوار اور عام مجاہدین اسلام شہید ہو گئے۔ یعقوبی کا بیان ہے:۔

| | |
|---|---|
| وجہ معاویۃ بن ابی سفیان الی ثغر الھند | حضرت معاویہؓ نے عبداللہ بن سوار |
| عبداللہ بن سوار بن ھمام العبدی فشخص | عبدی کو ہندوستان روانہ کیا اور وہ |
| فی اربعۃ الاف، حتی اتی مکران، الخ | چار ہزار فوج کے ساتھ مکران آئے[3]۔ |

دوسری کتابوں میں بھی اس غزوہ کا ذکر موجود ہے مگر ان میں اسلامی فوج کی تعداد کا تذکرہ نہیں

[1] کتاب الاضداد فی اللغۃ ص ۵۷، ص ۲۸۶، الکامل فی اللغۃ والادب ج ۱ ص ۸۸۔ [2] چچ نامہ ص ۰
[3] تاریخ الیعقوبی ج ۲ ص ۲۶۸۔

## چار ہزار مزید مجاہدین

۱۲۲ھ میں سندھ میں حکم بن عوانہ کلبی کی شہادت کے بعد عمرو بن محمد بن قاسم ثقفی یہاں کے امیر ہوئے۔ ان کی امارت کے زمانہ میں ایک مرتبہ یہاں کے ایک راجہ نے دارالامارہ منصورہ پر فوج کشی کر دی اور اسلامی فوج دشمن کی بھاری فوج کے مقابلہ میں کمزور پڑ گئی۔ عمرو بن محمد بن قاسم نے امیر عراق یوسف بن عمر ثقفی کے پاس خط لکھ کر صورت حال کی نزاکت سے مطلع کیا۔ یوسف نے فوراً چار ہزار تازہ دم فوج روانہ کی جس کے یہاں آتے ہی راجہ اور اس کی فوج کو مقابلہ کی طاقت نہیں رہی اور شہر کا محاصرہ چھوڑ کر بھاگنا پڑا، یعقوبی کا بیان ہے:۔

| | |
|---|---|
| فکتب عمرو الی یوسف | عمرو بن محمد بن قاسم نے امیر عراق یوسف بن |
| فوجه باربعة آلاف | عمر کو مطلع کیا تو اس نے چار ہزار فوج روانہ |
| فانصرف عنه الملك۔ | کی۔ چنانچہ راجہ شہر چھوڑ کر واپس چلا گیا۔ |

چار ہزار تازہ دم مجاہدین اسلام نے سندھ کی اسلامی فوج کے ساتھ ہو کر داد شجاعت دی اور دشمنوں کی بہت بڑی تعداد میدان جنگ میں کام آئی جس کی وجہ سے راجہ اور اس کی فوج کے پاؤں اکھڑ گئے جیسا کہ اس کی تفصیل اپنی جگہ موجود ہے۔

## چھ ہزار مجاہدین

حضرت محمد بن قاسم کے ساتھ جو فوج تھی اس کی صحیح تعداد معلوم نہیں۔ البتہ اس کی کثرت کا اندازہ اس سے ہو سکتا ہے کہ وہ فارس کی تمام فوج لے کر سندھ آئے اس کے علاوہ حجاج بن یوسف نے مزید چھ ہزار شامی فوج دی تھی۔ اس کے علاوہ جو سپاہی دیئے ان کا شمار نہیں بلاذری نے لکھا ہے:۔

| | |
|---|---|
| وضم ستة آلاف | حجاج نے محمد بن قاسم کی فوج میں شامی فوج |

| | |
|---|---|
| من جند اهل الشام وخلقا من غيرهم۔ | سے چھ ہزار کا اضافہ کیا۔ نیز اس کے علاوہ بڑی تعداد روانہ کی۔ |

یعقوبی نے لکھا ہے کہ سنہ ۹۲ھ میں محمد بن قاسم فارس سے چھ ہزار شہ سوار لے کر مکران آئے تھے۔

| | |
|---|---|
| ثم سار في ستة [2] آلاف من فارس حتى اتى مكران، فاقام بها شهرا او نحوه۔ | محمد بن قاسم فارس کی چھ ہزار فوج لے کر مکران آئے اور وہاں تقریباً ایک ماہ مقیم رہے۔ |

غالباً یہ چھ ہزار شامی شہ سوار تھے، جو محمد بن قاسم کی فوج میں آکر شامل ہو گئے تھے [1]

## شامی مشائخ بنی کلب

خلیفہ ہشام بن عبد الملک کے زمانہ میں امیر سندھ حکم بن عوانہ کلبی کے ساتھ ان کے قبیلہ بنو کلب کے مشائخ کی جماعت تھی۔ فتوح البلدان میں ہے:۔

| | |
|---|---|
| وقال لمشائخ كلب من اهل الشام ما ترون ان نسميها؟ فقال بعضهم دمشق، وقال رجل منهم سمّها تدمر، فقال دمرالله عليك يا احمق ولكن اسمّيها المحفوظة ونزلها [3] | حکم نے اہل شام کے مشائخ بنی کلب سے دریافت کیا کہ شہر منصورہ کے نام کے بارے میں آپ لوگوں کی رائے کیا ہے؟ تو ان میں سے ایک شخص نے کہا اس کا نام دمشق رکھو ایک نے کہا تدمر رکھو حکم نے کہا اس میں بدفالی ہے میں اس کا نام محفوظہ رکھتا ہوں۔ اس کے بعد حکم نے شہر میں سکونت اختیار کی۔ |

۱؎ فتوح البلدان ص ۴۲۴ ۲؎ تاریخ یعقوبی ج ۲ ص ۳۴۵ ۳؎ فتوح البلدان ص

## علافیوں کی جماعت

عبدالملک بن مروان کے دور خلافت میں سندھ اور مکران میں عمان کے علافیوں کی جماعت نے اموی خلافت کے خلاف خروج و بغاوت کر کے یہاں قبضہ جمایا اور ۶۵ھ سے لے کر تقریباً ۷۵ھ تک شورش برپا کی۔ عمان کے قبیلہ بنو سامہ کے دو بھائی معاویہ بن حارث علافی اور محمد بن حارث علافی نے عمانیوں کی ایک بڑی جمعیت کے ساتھ سندھ اور مکران پر دخل کر لیا اور سفہوی بن لام، کلیب بن خلف، عبداللہ بن عبدالرحیم وغیرہ عمان کے سرداران قبائل نے یہاں خون خرابہ برپا کر کے اموی امیر سعید بن اسلم کلابی کو گھیر کر مار ڈالا اور اپنی حکومت قائم کر لی۔ تقریباً دس سال تک یہ ملک اموی دور میں ان کے قبضہ میں رہا آخر محمد بن ہارون نمیری نے آکر اس فتنہ کا استیصال کیا جیسا کہ اپنی جگہ مذکور ہے۔

## آل مہلب بن ابوصفرہ ازدی

یزید بن عبدالملک کے دور خلافت میں قندابیل میں آل مہلب کا قتل عام ہوا اور اس خانوادہ کے باقی افراد یہاں سے قید کر کے شام بھیجے گئے جہاں ان کو بھی بڑی بے دردی کے ساتھ قتل کیا گیا۔ ۱۰۲ھ میں اموی امیر یزید بن مہلب نے بصرہ اور اس کے اطراف پر قبضہ کر کے اپنے بھائی مروان بن مہلب کو امیر بنایا اور خود کوفہ پر قبضہ کرنے کے ارادے سے نکلے جن کے مقابلہ کے لئے اموی فوج نکلی اور مقام سکن کے معرکہ میں یزید بن مہلب مارے گئے اس وقت ان کے بیٹے معاویہ بن یزید بن مہلب واسط میں مع تمام آل مہلب کے مقیم تھے۔ باپ کے قتل کی خبر سن کر پورے خاندان کے ساتھ قندابیل چلے آئے یعقوبی نے لکھا ہے

| | |
|---|---|
| ورکب البحر حتی صار بمن کان من اھل بیتہ وانصارہ الی السند | معاویہ بن یزید اپنے خاندان اور اعوان و انصار کے ساتھ بحری راستہ سے سندھ کے |

Marfat.com

قندابیل من ارض السند۔ — شہر قندابیل میں چلے آئے۔

مسلمہ بن عبدالملک نے ان کے تعاقب میں ہلال بن احوز مازنی کی سرکردگی میں فو
روانہ کی جس نے تمام آل مہلب کو قندابیل میں قتل کردیا اور کچھ گرفتار کر کے شام روانہ کر
ان قیدیوں میں پچاس عورتیں تھیں۔

وحمل الیہ من نساء المھلب — ہلال بن احوز نے آل مہلب کی پچاس عورتوں
خمسین امرأۃ فحبسھن — کو مسلمہ بن عبدالملک کے پاس روانہ کردیا
بدمشق۔ — جن کو اس نے دمشق میں روکا۔

یہی عورتیں قندابیل کے معرکہ میں اپنے اپنے خیمہ میں تھیں جب آل مہلب کو ہر طرف سے
مایوسی ہو گئی تو مروان بن مہلب نے ان خیموں میں جا کر ان تمام مستورات کو قتل کر دینا چاہا
تاکہ ہلال بن احوز مازنی کے سپاہی ان کی بے حرمتی نہ کرسکیں۔ اس پر اس کے بھائی مفضل
بن مہلب نے کہا افسوس کہ تم اپنے ہاتھ سے اپنی بہنوں اور گھر کی عورتوں کو قتل کرنے جارہے
ہو۔ خدا کی قسم ان کے بارے میں مجھے کوئی خوف نہیں ہے یہ سن کر مروان بن مہلب نے اپنے
ارادہ ترک کر دیا۔ بنی مہلب کے مرد میدان میں کام آگئے اور ہلال بن احوز نے ان کی عورتوں
اور بچوں کو شام بھیجدیا۔ ان میں تیرہ مردوں کے علاوہ سب عورتیں تھیں۔ یزید بن عبدالملک نے
سب مردوں کو قتل کرنے کا حکم دے دیا۔ مگر ہند بن مہلب نے اپنے بھائی ابوعیینہ بن مہلب
کے لئے یزید بن عبدالملک سے امن لے لیا۔

مسعودی نے لکھا ہے کہ جب آل مہلب قندابیل میں پہونچے تو یزید بن عبدالملک نے
یہ حکم دے کر ہلال بن احوز مازنی کو وہاں روانہ کیا کہ آل مہلب میں جو شخص بالغ ملے اس
کی گردن مار ڈالے۔ چنانچہ اس نے ایسا ہی کیا۔ جس وقت ہلال بن احوز آل مہلب کو چن چن کر
قندابیل میں قتل کر رہا تھا۔ آل مہلب کے دو نوخیز لڑکے ہلال کے سامنے پیش کئے گئے۔ ہلال
نے ان میں سے ایک سے دریافت کیا کہ تم بالغ ہو گئے ہو؟ اس نے اپنی گردن تلوار کے

سامنے بڑھاتے ہوئے بہادری کے ساتھ کہا کہ ہاں میں بالغ ہو چکا ہوں اس کے بھائی نے فرط محبت میں اس کا منہ بند کر دیا تاکہ جس منہ سے یہ بہادرانہ کلمہ نکلا ہے وہ قتل کے وقت جزع فزع نہ کر سکے۔ العیون والحدائق میں ہے کہ آل مہلب کے مکانات بصرہ میں نذر آتش کر دیئے گئے اور مسلمہ بن عبد الملک نے ہلال بن احوز مازنی کی قیادت میں ان کا تعاقب کرایا آخر قندابیل میں ان کو قتل کر دیا گیا۔ البتہ ہلال بن احوز نے ان کی عورتوں اور ان کے ساز و سامان سے کوئی تعرض نہیں کیا اور جو مرد قندابیل میں قتل کیے گئے ان کے سروں کو اس طرح روانہ کیا کہ ان کے کانوں میں ان کے نام کے پرزے لٹکا دیئے تھے اور بقیہ افراد کو گرفتار کر کے روانہ کیا۔ یزید بن عاتکہ نے ان سب کو قتل کرا دیا آخر میں ایک لڑکا رہ گیا تھا اس کو یہ کہہ کر چھوڑ دینا چاہا کہ یہ نوعمر ہے مگر اس مہلبی لڑکے نے اسی مجمع میں کہا کہ مجھے بھی قتل کر دو، میں چھوٹا نہیں ہوں۔ یزید بن عاتکہ نے کہا کہ دیکھو اس لڑکے کے جوانی کے بال آگئے ہیں یا نہیں لڑکے نے کہا میں اپنے بارے میں زیادہ جانتا ہوں۔ نہ صرف میرے جوانی کے بال آگئے ہیں۔ بلکہ میں شادی شدہ بھی ہوں۔ "انا اعلم بنفسی فی شوکت و وطئت" یہ سن کر یزید نے اس کی بھی گردن مارنے کا حکم دیا چنانچہ وہ بھی قتل کر دیا گیا۔[1]

# آل سلیمان بن ہشام اموی

خلیفہ ہشام بن عبد الملک کے صاحب زادے سلیمان بن ہشام نے ۱۲۸ھ میں ضحاک بن قیس خارجی کے ہاتھ پر خلافت کی بیعت کی۔ نیز قریش کی ایک جماعت نے اسے خلیفہ تسلیم کر لیا۔ یہ مروان بن محمد کی خلافت کا پُرآشوب دور تھا۔ خلافت کی فوجوں اور خوارج میں جنگیں ہوئیں۔ جن میں ضحاک بن قیس اور اس کا قائم مقام خیبری دونوں مارے گئے اس

[1] تاریخ یعقوبی ج ۲ ص ۳۰۷، تاریخ طبری ج ۶ ص ۶۰۳، تاریخ ابن خلدون ج ۳ ص ۸۰ مروج الذہب ج ۳ ص ۲۱۲، العیون والحدائق ص ۷۵۔

کے بعد سلیمان بن ہشام اپنے حشم و خدم اور خاندان کو لے کر براہ سمندر سندھ چلے آئے جیسا کہ طبری نے لکھا ہے :۔

| | |
|---|---|
| ورکب سلیمان فی من معہ من موالیہ واھل بیتہ السفن الی السند | سلیمان اپنے موالی اور اہل خاندان سمیت کشتیوں کے ذریعہ سندھ چلے آئے۔ |

ابن کثیر نے بھی ان کے حشم و خدم اور اہل و عیال کے ساتھ سندھ آنے کی تصریح کی ہے :۔

| | |
|---|---|
| ورکب سلیمان بن ھشام فی موالیہ واھل بیتہ السفن و ساروا الی السند[1] | سلیمان بن ہشام اپنے موالی اور اہل خاندان کو ساتھ لیا اور یہ سب کے سب سندھ آ گئے۔ |

سلیمان جنگوں میں اپنے پورے خاندان اور موالی کو ساتھ رکھتے تھے۔ ایک مرتبہ مروان بن محمد ایک جنگ میں ان کے بھتیجے امیہ بن معاویہ بن ہشام کو پا گیا۔ تو اس کے حکم سے امیہ بن معاویہ کے دونوں ہاتھ کاٹے گئے پھر گردن ماری گئی اور یہ اندوہناک منظر اس کے چچا سلیمان اور ان کی فوج کے سپاہی دیکھ رہے تھے۔ اس کے بعد وہ سب کو لے کر سندھ میں پناہ گزیں ہوئے[2]

## آل منصور بن جمہور کلبی

منصور بن جمہور کلبی اپنے بھائی منظور بن جمہور کلبی اور خاندان کے ساتھ ۱۳۰ھ میں سندھ آیا۔ یہ مروان بن محمد کی خلافت کا پرآشوب زمانہ تھا۔ اس نے یہاں آتے ہی اپنی حکومت قائم کر لی اور ایک معرکہ کے بعد شکست کھا کر سجستان کے ریگستان کی طرف بھاگا اور اسی میں بھوک پیاس کی شدت کی وجہ سے مر گیا۔ جب اس کے نائب کو اس واقعہ کی خبر ملی تو وہ اس کے بال بچوں اور سامانوں کو لے کر بلاد خزر (تزدین) چلا گیا ابن کثیر

---

[1] تاریخ طبری ج ۷ ص ۳۵۱، البدایہ والنہایہ ج ۱۰ ص ۲۸ و ص ۲۹ [2] البدایہ والنہایہ ج ص ۱۴

نے لکھا ہے:۔

وسمع خلیفته علی السند بهن یمنه فرحل بعیال منصور وثقله فدخل بلاد الخزر، وکان ذالك فی سنة اربع وثلاثین ومائة[1]

جب منصور کے سندھ کے نائب نے یہ خبر سنی تو وہ اس کی آل اولاد اور ساز و سامان کو لے کر بلاد خزر میں چلا گیا یہ واقعہ ۱۳۴ھ کا ہے۔

اس زمانہ میں تقریباً ہر امیر و حاکم اپنے حشم و خدم اور بال بچوں کو اپنے ساتھ رکھتا تھا اس دستور کی وجہ سے عام طور سے مورخوں نے عمال و امراء کے تذکروں میں اس کی تصریح نہیں کی ہے۔ البتہ بعض واقعات کے ضمن میں اسے بیان کر دیا ہے۔

---

[1] البدایہ والنہایہ ج ۱۰ ص ۱۴۔

Marfat.com

# ہندی اعیان

اموی دورِ خلافت میں عرب و ہند کے درمیان ہر قسم کے علمی، دینی، معاشی، تجارتی اور تہذیبی و فکری تعلقات استوار و خوشگوار ہو چکے تھے اور یہی نہیں کہ عالمِ اسلام اور عرب کے مسلمان ہندوستان میں آتے جاتے اور قیام کرتے تھے۔ بلکہ ہندوستان کے مسلمان بھی عالمِ اسلام اور عرب میں آتے جاتے اور قیام کرتے تھے۔ خاص طور سے یہاں کے قدیم باشندے جاٹ، سیابجہ اور بیاسرہ جو عرب میں مسلمان ہوئے اور یہاں کے جنگی قیدی اور موالی جو عربوں کی ولاء اور حمایت میں آ گئے۔ ان لوگوں نے اموی دور کی تمام دینی، علمی، فکری اور تہذیبی سرگرمیوں میں حصہ لیا اور مجد و شرف کی وراثت پائی جس کی تفصیل گذر چکی ہے۔ اس باب میں ہندوستان کے ان علماء و اعیان کا ذکر کیا جا رہا ہے جو اموی دور میں نمایاں شخصیت کے مالک ہوئے اور رجالِ اسلام میں شمار کیے گئے۔

## ابراہیم بن مقّسم قیقانی کوفیؒ

ابراہیم بن مقسم قیقانی کوفی کے والد مقسم کے بارے میں ابن سعد نے تصریح کی ہے کہ

| | |
|---|---|
| وكان مقسم من سبي | مقسّم قیقان کے قیدیوں سے تھے جو |
| القيقانية مابين خراسان | خراسان اور بلستان کے درمیان ایک |

Marfat.com

وذا بلستان۔ مقام ہے۔

قیقان کی پہلی فتح حضرت علی رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں ۳۸ھ میں حضرت حارث بن
عبدیؒ کی قیادت میں ہوئی تھی۔ جس میں انھوں نے ایک دن میں ایک ہزار قیدی مجاہدین
میں تقسیم کئے۔ غالباً ان ہی قیقانی قیدیوں میں سے مقسم بھی تھے۔ یہ قبیلہ اسد بن خزیمہ کے ایک
فرد شخص عبدالرحمٰن بن قطبہ اسدی کے مولی اور آزاد کردہ غلام تھے۔ آگے چل کر ان
کی نسل سے کئی نامور محدث پیدا ہوئے۔ ان ہی میں ان کے صاحب زادے ابراہیم بن
مقسم قیقانی بھی ہیں۔ جو علمائے کوفہ میں سے تھے اور تجارت کرتے تھے بہ سلسلۂ تجارت بصرہ
جاتے اور وہاں سامان فروخت کرکے کوفہ واپس چلے آتے تھے۔ ایک مرتبہ کچھ دنوں بصرہ
میں قیام کرنا پڑا تو علیہ بنت حسان مولاۃ بنی شیبان سے شادی کر لی۔ یہ خاتون بڑی
عاقلہ فاضلہ اور نمایاں حیثیت کی مالک تھیں۔ بصرہ کے مقام عوقہ میں ان کا گھر تھا۔ جو ان کے
نام سے مشہور تھا اور وہاں کے اعیان واشراف اور علماء وفقہاء جیسے صالح مریؒ وغیرہ
ان کی خدمت میں حاضر ہوتے تھے۔ وہ ان حضرات کے سامنے آکر علمی وفقہی مسائل میں گفتگو
اور سوالات وجوابات کیا کرتی تھیں۔ سنہ ۱۱۰ھ میں علیہ بنت حسان کے بطن سے ابراہیم بن مقسم
کے صاحب زادے اسمٰعیل پیدا ہوئے جو اپنی ماں کی طرف منسوب ہو کر اسمٰعیل بن علیہ مشہور ہوئے۔
یہ بصرہ ہی میں مقیم رہے۔ اسمٰعیل کے بعد علیہ کے بطن سے ربعی بن ابراہیم پیدا ہوئے۔ اس خاندان
کے افراد کے تذکرے اپنی اپنی جگہ آرہے ہیں[1]

## اسمٰعیل بن ابراہیم بن مقسم قیقانی بصری

ابوبشر اسمٰعیل بن ابراہیم بن مقسم قیقانی بصری کے بارے میں جیسا کہ معلوم ہوا۔ سنہ ۱۱۰ھ میں
علیہ بنت حسان مولاۃ بنی شیبان کے بطن سے پیدا ہوئے۔ ان کے والد اگرچہ کوفہ کے باشندے

---

[1] طبقات ابن سعد ج ۷ ص ۳۲۵ و ص ۳۲۶۔

تھے۔ مگر خود اسمٰعیل اپنی والدہ کے ساتھ بصرہ میں رہے۔ خاندانی ولاء کے اعتبار سے باپ دادا کی طرح یہ بھی عبد الرحمٰن بن قطبہ اسدی کے مولیٰ ہیں۔ ان کی کنیت ابو بشر ہے ان کے بارے میں ابن سعد نے لکھا ہے:۔

وکان ثقۃً، ثبتاً فی الحدیث حجۃً — وہ حدیث کے بارے میں ثقہ، ثبت، حجت تھے۔

ان کی زندگی کے تقریباً بائیس سال اموی دور میں گذرے ہیں اس دور میں حدیث کی تحصیل و روایت کی۔ ابتدا میں بصرہ کے صدقات و زکوٰۃ کے والی تھے۔ پھر خلیفہ ہارون کے آخری دور میں بغداد میں مظالم کے امیر بنائے گئے۔ اس زمانہ میں وہ اور ان کے صاحب زادے ابراہیم بصرہ سے بغداد چلے آئے اور یہاں پہ ایک مکان خرید کر یہیں مستقل طور سے سکونت اختیار کر لی حتیٰ کہ بغداد ہی میں سہ شنبہ ۱۳ ذی القعدہ ۱۹۳ھ انتقال کیا اور دوسرے دن چہار شنبہ کو مقابر عبد اللہ بن مالک میں دفن کئے گئے۔ جنازہ ان کے لڑکے ابراہیم بن اسمٰعیل نے پڑھائی جس دن اسمٰعیل بن ابراہیم کا انتقال ہوا وکیع بن جراح بغداد میں موجود تھے[1]

# ابو العطاء افلح بن یسار سندی کوفی شاعر

ابو العطاء افلح بن یسار سندی کوفی اموی اور عباسی دور کے مشہور حماسی شعراء میں سے تھا۔ ابن قتیبہ نے اس کا نام مرزوق بتایا ہے۔ بنی اسد بنی خزیمہ اور اس کے بعد عنترہ سماک بن حصین اسدی کا مولیٰ اور غلام تھا۔ اس کا باپ سندھی غلام تھا اور کھل کر عربی نہیں بول سکتا تھا۔ ابو العطاء کی زبان میں بھی عجمیت اور سندیت کا اثر تھا۔ حروف کی صحیح ادائیگی نہیں کر سکتا تھا اور زبان میں شدید لکنت بھی تھی۔ کوفہ میں پروان چڑھا اور بنو امیہ

[1] طبقات ابن سعد ج ۷، ص ۳۲۵ و ص ۳۲۶۔

Marfat.com

عباس کی مدح کی، دونوں کا انقلاب دیکھا۔ عباسی دور میں اسے کوئی خاص مقام نہ مل سکا۔
لیے عباسیوں کی ہجو کی۔ آزادی کے بعد ابوالعطار کو مال و دولت کی فراوانی ہوئی تو اس
مالکوں نے مال کے لالچ میں اس کی غلامی کا دعویٰ کیا۔ اس نے اپنے بھائیوں سے شکایت کی
انھوں نے مشورہ دیا کہ تم اپنے مالکوں سے مکاتبت کر لو۔ چنانچہ چار ہزار پر مکاتبت ہوئی
اس نے یہ رقم ادا کر کے آزادی حاصل کر لی۔ اُمویوں اور عباسیوں کی لڑائی میں ابوالعطار
امیہ کی طرف سے لڑتا تھا۔ اسی میں اس کا غلام امیر ابن ہبیرہ کے ساتھ مارا گیا۔

ابوالعطار سندھی زبان میں لکنت و عجمیت کی وجہ سے اشعار صحیح طور سے نہیں پڑھ سکتا تھا
ایک مرتبہ اس نے سلیمان بن سلیم کلبی سے اس کی شکایت کی تو اس نے عطار نامی ایک غلام دیا۔ جو
اس کے اشعار کو پڑھتا اور سناتا تھا۔ اس نے اسی کے نام پر اپنی کنیت ابوالعطار رکھی۔ بلکہ
اس کو متبنیٰ بنا لیا۔ عجمیت و لکنت کے باوجود وہ اموی دور کے مشاہیر شعرائے عرب میں شمار
ہوتا ہے۔ اور علمائے شعر و ادب نے اس کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ ابن قتیبہ نے "جید الشعر" بتایا
ہے اور ابو تمام طائی نے دیوان حماسہ میں باب الحماسہ اور باب المراثی میں اس کے اشعار درج
کیے ہیں۔ ابوالفرج اصفہانی نے لکھا ہے:۔

| | |
|---|---|
| وكان مع ذالك من احسن | اس عیب کے باوجود ابوالعطار فی البدیہہ |
| الناس بديهة، واشدهم | شعر کہنے میں سب سے اچھا اور معارضہ و |
| عارضةً وتقدمًا۔ | مقابلہ میں سب سے اونچا تھا۔ |

جیسا کہ معلوم ہوا ابوالعطار سندی بنو امیہ کے ہوا خواہوں اور طرفداروں میں تھا۔
اس نے عباسی اقتدار کے خلاف بنو امیہ کی طرف سے جنگ کی حتیٰ کہ اس کا غلام اسی میں
مارا گیا۔ جب اموی امیر عمر بن ہبیرہ کو عباسی خلیفہ ابو جعفر منصور نے واسط میں قتل کیا تو
ابوالعطار نے اس کا مرثیہ کہا۔ اسی طرح ابراہیم بن ہبیرہ کا مرثیہ کہا اور عمر بن ہبیرہ کے دور
حکومت میں اس کی مدح کی۔ ایک مرتبہ ابوالعطار نے اموی امیر نصر بن سیار کے دربار میں

Marfat.com

اشعار سنائے۔ اس نے چالیس ہزار درہم عطا کئے۔ اسی وجہ سے وہ عباسی خلفاء کے
عباسی خلفاء اسے ناپسند کرتے تھے۔ چنانچہ ابو جعفر منصور نے جب عباسی شعار و نشان کے
پر سیاہ لباس کا حکم جاری کیا۔ تو ابو العطاء نے کہا:۔

کسیت و لم اکفر من اللہ نعمۃ    سواداً الی لونی و دنا ملھوجاً

میں نے اللہ کی کسی نعمت کی ناشکری نہ کرتے ہوئے اپنے سیاہ رنگ پر سیاہ لباس پہنا
اور یہ کام بے عزم و ارادہ کیا۔

و بایعت کرھاً بیعۃً بعد بیعۃٍ    مُبھرجۃٍ ان کان امراً مبھرجاً

اور میں نے جبراً بیعت پر بیعت کی جو بیکار تھی۔ اگر یہ امارت بے حیثیت ہے۔

ابو العطاء نے عباسی خلفاء سے میل جول کر کے اپنے خیالات میں تبدیلی پیدا کرنی
مگر انہوں نے اسے پسند نہیں کیا۔ چنانچہ پہلے عباسی خلیفہ ابو العباس سفاح کی تخت نشینی
موقع پر ابو العطاء نے یہ مدحیہ اشعار کہے:۔

ان الخیار من البریۃ ھاشم    و بنو امیۃ اراذل الاشرار

دنیا میں بہترین انسان بنو ہاشم ہیں اور بنو امیہ بدترین لوگ ہیں۔

و بنو امیۃ عودھم من فرعھم    و لھاشم فی المجد عود نضار

بنو امیہ کی لکڑی اس کی شاخ سے ہے اور بنو ہاشم کے مجد و شرف کی لکڑی تر و تازہ ہے

اما الدعاۃ الی الجنان فھاشم    و بنو امیۃ من دُعاۃ النار

بنو ہاشم جنت کی طرف دعوت دیتے ہیں اور بنو امیہ جہنم کی طرف بلاتے ہیں۔

مگر ابو العباس سفاح نے نہ اس کی طرف توجہ کی اور نہ ہی کوئی صلہ دیا تو اس نے

یا لیت جور بنی مروان عاد لنا    و انّ عدل بنی العباس فی النار

اے کاش بنی مروان کا ظلم ہمارے یہاں واپس آجاتا اور بنی عباس کا عدل آگ میں
چلا جاتا۔

Marfat.com

نیز بنو ہاشم کی ہجو میں یہ اشعار کہے:۔

بنی ھاشم عودوا الی نخلاتکم فقد قام سعر صاعاً بدرھم

اے بنو ہاشم! تم لوگ اپنے کھجور کے باغات میں لوٹ جاؤ کیونکہ کھجور بہت گراں ہو گئی ہے اور ایک درہم کی ایک صاع بکتی ہے۔

فان قلتم رھط النبی وقومہ فان النصاری رھط عیسیٰ ابن مریم

اگر تم کہو کہ ہم نبیؐ کی قوم ہیں تو نصاریٰ بھی عیسیٰ علیہ السلام کی قوم ہیں۔

الغرض ابو عطار سندی عربی شاعری میں ایک خاص مقام و مرتبہ کے مالک ہونے کے تھا اس دور کی سیاست میں بھی دخیل تھا اور اس کو اس دور کے حالات سے دوچار ہونا ا۔ اس کی وفات ۱۶۸ھ اور بعض روایات کے مطابق ۱۸۰ھ کے بعد ہوئی۔ اس کے حالات ب الاغانی، کتاب الشعر والشعراء اور دوسری کتابوں میں تفصیل سے موجود ہیں۔ میں نے جال السند والہند میں بھی نسبتاً تفصیل سے کام لیا ہے[1]

## حارث بیلمانی کوفیؒ

حارث بیلمانی کوفی ہندوستان کے مشہور شہر بھیلمان سے تعلق رکھتے تھے جو کاٹھیاوار وراشٹر میں قدیم زمانہ میں بھیل قوم کا دار السلطنت تھا اور اسے جنید بن عبد الرحمٰن مری نے ہشام بن عبد الملک کے زمانہ میں فتح کیا تھا۔ مگر اس سے بہت پہلے ان کا خاندان یہاں سے منتقل ہو کر یمن کے علاقہ نجران میں آباد ہو گیا تھا اور کسی غزوہ میں گرفتار ہوا۔ تو حضرت رضی اللہ عنہ کے اخماس میں آیا اور مولائے عمر کہلایا۔ اس میں کئی محدثین پیدا ہوئے۔ حارث بیلمانی نے حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے اور ان سے ان کے لڑکے محمد حارث بیلمانی نے روایت کی ہے۔

[1] رجال الہند والسند ص ۲۷۶ تا ص ۲۸۳۔

Marfat.com

## ربعی بن ابراہیم قیقانی بصری رح

ربعی بن ابراہیم بن مقسم قیقانی بصری کے دادا مقسم جیساکہ معلوم ہوا قیقان کے
قیدیوں میں سے بنی اسد کے مولیٰ تھے۔ ان کے والد ابراہیم کوفہ میں رہتے تھے اور بسلسلہ
تجارت بصرہ آتے جاتے تھے اور وہیں ایک عالمہ و فاضلہ خاتون علیہ بنت حسان
مولاۃ بنی شیبان سے شادی کر لی جس کے بطن سے ۱۱۰ھ میں اسمٰعیل بن ابراہیم پیدا ہوئے
ان کے بعد ربعی بن ابراہیم تولد ہوئے۔ غالب گمان ہے کہ ربعی بھی اپنے بڑے بھائی ابراہیم
کی طرح بصرہ ہی میں مستقل طور سے رہتے تھے اور یہ بھی اپنی ماں کی نسبت سے مشہور تھے
ان کی پیدائش اموی دور میں ہوئی تھی [1]

## عبدالرحمٰن بن ابو زید بیلمانی نجرانی رح

عبدالرحمٰن بن ابو زید بیلمانی ــــ نجران کے بیلمانی خاندان کے مشہور بزرگ
ہیں اور ابن البیلمانی کی کنیت سے مشہور ہیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے مولیٰ ہیں۔ ان کا خاندان
جنگی قیدیوں کی تقسیم کے بعد حضرت عمرؓ کے حصہ میں آیا تھا۔ ایک قول ہے کہ وہ ابنائے یمن
سے ہیں۔ یعنی ان ایرانیوں سے ان کا تعلق ہے جو کسریٰ کے زمانے میں یمن کے شہر نجران
میں آکر آباد ہو گئے تھے اور "ابناء" کہلاتے تھے۔

عبدالرحمٰن بن ابو زید بیلمانی خلیفہ ولید بن عبدالملک کے زمانہ (۸۶ھ تا ۹۶ھ)
میں فوت ہوئے جیساکہ ابن سعد نے لکھا ہے۔

انھوں نے صحابہ میں عبداللہ بن عمر، عبداللہ بن عباس، عبداللہ بن عمرو، معاویہ، عمرو بن
اوس، عمرو بن عبسہ، سرق، عثمان بن عفان، سعید بن زید سے اور تابعین میں نافع بن جبیر

[1] طبقات ابن سعد ج ۷ ص ۲۲۵، ۳۲۵، ص ۲۲۶۔

...م ور عبد الرحمٰن الاعرج سے روایت کی اور ان سے انکے صاحب زادے محمد بن عبد الرحمٰن،
...ید بن طلق، ربیعہ بن ابو عبد الرحمٰن، خالد بن ابو عمران، سماک بن فضل، ہمام والد عبد الرزاق
...ر ایک جماعت نے روایت کی ہے ان کی ایک حدیث جامع ترمذی میں طواف وداع
...بارے میں ہے اور سنن نسائی میں عمرو بن عبسہ کے اسلام لانے کا طویل واقعہ ان سے مروی
...اس کے علاوہ احادیث کی کتابوں میں ان کی روایات موجود ہیں۔

علمائے جرح و تعدیل نے عبد الرحمٰن بن زید بیلمانی کے بارے میں کلام کیا ہے۔ ابو حاتم
...مان کو "لین" بتایا ہے۔ ازدی نے "منکر الحدیث" کہا ہے اور یہ کہ وہ ابن عمر سے بواطیل کی
...وایت کرتے ہیں۔ صالح جزرہ نے ان کی حدیث کو منکر مانا ہے اور کہا ہے سرق کے
...لاوہ اور کسی صحابی سے ان کا سماع معلوم نہیں ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ صالح کے
...زدیک ان کی تمام ایسی حدیثیں جو صحابہؓ کے نام سے مروی ہیں مرسل ہیں۔ ابن حبان نے
...ن کو ثقات میں شمار کیا ہے۔ دارقطنی نے کہا کہ وہ ضعیف ہیں ان سے حجت اور دلیل
...ئم نہیں ہو سکتی۔ ابن حجر نے ان اقوال کے بعد لکھا ہے کہ ان کی کسی حدیث کو جو ان کے
...ڑکے محمد بن عبد الرحمٰن کی روایت سے ہو معتبر ماننا ضروری نہیں ہے کیوں کہ ان کے
...ڑکے اپنے والد کے نام سے عجائب وضع کرتے ہیں۔ ابن ابو حاتم نے بھی ان کا تذکرہ کیا
...ور لکھا ہے کہ عبد الرحمٰن بن بیلمانی مولیٰ عمر ہیں۔ انھوں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے
...ع کیا ہے اور ان سے سماک بن فضل اور زید بن اسلم نے روایت کی ہے۔

عبد الرحمٰن بیلمانی احادیث و روایات کے عالم ہونے کے ساتھ اچھے شاعر بھی تھے اور
...ی شاعری سے فائدہ اٹھاتے تھے۔ تہذیب التہذیب میں ہے۔

| | |
|---|---|
| وقیل کان شاعراً مجیداً | ایک قول ہے کہ وہ بہت اچھے شاعر تھے، |
| وفد علی الولید فاجزل | خلیفہ ولید کے دربار میں حاضر ہوئے تو اس |
| له العطاء | نے ان کو عطیہ سے نوازا۔ |

Marfat.com

ولید بن عبد الملک کی خلافت (۸۶ھ تا ۹۶ھ) میں فوت ہوئے۔ مستقل قیا
کے علاقہ نجران میں تھا۔[1]

# امام عبد الرحمن بن عمرو اوزاعیؒ

ابو عمرو شیخ الاسلام امام عبد الرحمن بن عمرو بن محمد دمشقی رحمۃ اللہ علیہ ۸۸ھ
پیدا ہوئے عطار بن ابو رباح، قاسم بن مخیمرہ، شداد بن ابو عمار، ربیعہ بن زید، زہری
محمد بن ابراہیم تیمی، یحیٰ بن ابو کثیر اور ان کے علاوہ بہت سے حضرات سے روایت کی
اور ان سے شعبہ، ابن مبارک، ولید بن مسلم، ہقل بن زیاد، یحیٰ بن حمزہ، یحیٰ القطان
ابو عاصم، ابو المغیرہ، محمد بن یوسف فریابی اور دوسرے بہت سے علمار نے روایت کی ہے
آخری عمر میں بیروت میں سکونت پذیر ہو گئے تھے اور رومیوں کے حملوں سے اسلام کی
شامی سرحد کی حفاظت کرتے تھے اور وہیں صفر ۱۵۷ھ میں انتقال فرمایا۔

ولید بن مرثد کا بیان ہے کہ امام اوزاعی بعلبک میں پیدا ہوئے۔ یتیمی کی حالت میں
پروان چڑھے۔ ان کی ماں نے فقر و فاقہ میں ان کی پرورش کر کے تعلیم و تربیت میں وہ
سلیقہ مندی دکھائی کہ بادشاہ بھی اپنی اولاد کو ایسی تربیت نہیں دے سکتے۔ ان کو اپنے
زمانہ کا سب سے بڑا عالم دین مانا جاتا تھا۔ اپنی قابلیت و صلاحیت کی وجہ سے خلیفہ
ہونے کے قابل تھے۔ زہد و عبادت میں بہت آگے تھے۔ ان کا قول ہے کہ:۔

| | |
|---|---|
| خمسة كان عليها الصحابة والتابعون، لزوم الجماعة، واتباع السنة وعمارة المساجد، والتلاوة، | حضرات صحابہ و تابعین پانچ چیزوں پر کاربند تھے۔ جماعتی زندگی، اتباع سنت، مسجدوں کی آبادی، تلاوت قرآن |

[1] طبقات ابن سعد ج ۵ ص ۵۳۶، تہذیب التہذیب ج ۷ ص ۱۴۹ د ص ۱۵۰،
کتاب الجرح والتعدیل ج ۳ ق ۱ ص ۲۶۳۔

والجهاد۔ | اور جہاد۔

نیز اُن کا قول ہے :۔

من اخذ بنوادر العلماء خرج من الاسلام۔ | جو شخص علماء کے صرف شاذ و نادر اقوال پر عمل کرے گا وہ اسلام سے خارج ہو جائے گا۔

ایک قول یہ بھی ہے :۔

ما ابتدع رجل بدعة الا سلب ورعه۔ | جو شخص کوئی بدعت کرتا ہے اس کا تقویٰ سلب کر لیا جاتا ہے۔

امام اوزاعی اسلامی فقہ کے مشہور ائمہ میں سے ہیں اور ایک مدت تک عالم اسلام میں فقہ اوزاعی کے متبعین بھی رہے ہیں۔ ان کے مناقب و فضائل بہت زیادہ اور مشہور ہیں۔ عام قول یہ ہے کہ وہ عربی النسل ہیں مگر امام ذہبی نے تذکرۃ الحفاظ میں ان کی اصل سندھ کے قیدیوں سے بتائی ہے۔

واصله من سبی السند۔ | ان کی اصل سندھی قیدیوں سے ہے۔

اسی طرح امام ابو زرعہ دمشقی نے بھی "اصله من سبی السند" لکھا ہے اگر یہ اقوال نہ ہوتے تو ہم ان کا تذکرہ یہاں نہ کرتے[1]

## عبید بن باب سندی بصری

عبید بن باب سندی بصری مشہور معتزلی عابد و زاہد اور مفتی عمرو بن عبید کا باپ ہے اس کا باپ باب سندھیوں میں سے تھا اور جنگ کابل میں گرفتار ہوا تھا۔ بصرہ کے قبیلہ بنو تمیم کا مولی تھا۔ مسعودی نے عمرو بن عبید بن باب کے حال میں لکھا ہے :۔

---

[1] تذکرۃ الحفاظ ج ۱ ص ۱۶۸، خلاصہ تذہیب الکمال ص ۱۱۔

| | |
|---|---|
| وکان جدہ باب من کابل | اس کا دادا باب سندھ کے لوگوں میں |
| من رجال السند۔ | سے کابل کا باشندہ تھا۔ |

ابن قتیبہ نے لکھا ہے کہ وہ عرارہ بن یربوع بن مالک کا مولی تھا۔ دوسرے مورخوں نے ان سے فارس، سجستان اور کابل کے قیدیوں میں بتایا ہے۔

عبید اللہ بن باب بصرہ میں بڑے لوگوں کے یہاں آتا جاتا تھا لوگ اس کے بیٹے عمرو کو اس کے ساتھ دیکھ کر کہتے کہ یہ "خیر الناس بن شر الناس" ہے اور عبید کہتا کہ تم لوگ سچ کہتے ہو میرا یہ بیٹا ابراہیم ہے اور میں آزر ہوں۔ عبید پہلے پارچہ بافی کا پیشہ کرتا تھا۔ بعد میں حجاج بن یوسف کی پولیس میں شامل ہو گیا۔ خطیب بغدادی نے تصریح کی ہے:۔

| | |
|---|---|
| وعبید ابو عمرو کان نساجاً | عمرو کا باپ عبید پارچہ باف تھا۔ پھر بعد میں |
| ثم تحول شرطیاً للحجاج | حجاج بن یوسف کی پولیس میں داخل ہو گیا |
| ومن سبی سجستان۔ | وہ سجستان کے قیدیوں میں سے تھا۔ |

غالباً عبید سندھ کے اس مغربی شمال علاقہ سے تھا جو قدیم تقسیم کے اعتبار سے کابل و سجستان سے متعلق تھا۔ اس لئے عام مؤرخوں نے اس کی وطنی نسبت سندھ کے ساتھ فارس کابل اور سجستان کی طرف کی ہے[1]

## عمرو بن عبید بن باب سندی بصری

ابو عثمان عمرو بن عبید بن باب سندی بصری کا دادا باب جیسا کہ معلوم ہے سندھیوں سے تھا۔ کابل کی جنگ سے گرفتار ہو کر بصرہ آیا اور یہیں بود و باش اختیار کی۔ اس کا پوتا عمرو بن عبید بن باب معتزلہ کے اکابر علماء اور عباد و زہاد میں سے ہے۔ اس نے امام حسن بصری سے بہت زیادہ روایت کی ہے مگر بعد میں ان سے قطع تعلق کر کے اعتزال کو اپنا مسلک

[1] مروج الذہب ج ۳ ص ۱۰۳، کتاب المعارف ص ۲۱۲، تاریخ بغداد ج ۱۰ ص ۱۶۶۔

Marfat.com

بنایا حتی کہ عمرو کے نام سے معتزلہ میں فرقہ عمریہ جاری ہوگیا۔ ابن سعد نے لکھا ہے کہ عمرو بن عبید حدیث میں کوئی مقام نہیں رکھتا ہے اموی دور میں موجود تھا۔ مگر عباسی دور میں اس کو بڑی شہرت ملی۔ خلیفہ ابوجعفر منصور عباسی اس کے خاص معتقدوں میں تھا۔ حتیٰ کہ اس کے مرنے پر مرثیہ کہا۔ عمرو بن عبید معتزلی ہونے کے ساتھ ساتھ نہایت فصیح و بلیغ خطیب اور واعظ تھا۔ زہد و عبادت میں بھی بہت آگے تھا۔ اس کے خطبات و رسائل اس کی جلالتِ شان پر گواہ ہیں۔ ابن قتیبہ نے لکھا ہے کہ وہ قدریہ فرقہ سے تعلق رکھتا تھا اور لوگوں کو اس کی طرف دعوت دیتا تھا وہ اور اس کے ساتھی حسن بصری سے جدا ہو گئے۔ اسی لئے ان کو معتزلہ کہا گیا۔ مکہ سے بصرہ جاتے ہوئے مقام مَرّان میں ۱۴۴ھ یا ۱۴۲ھ میں فوت ہوا اور سلیمان بن علی نے نماز جنازہ پڑھائی۔ کتابوں میں عمرو بن عبید کے حالات تفصیل سے موجود ہیں اور اس کے مواعظ و خطب اور مکاتیب و رسائل کثرت سے پائے جاتے ہیں۔

## فیل سندی مولی زیاد

امیر عراق زیاد بن ابوسفیان کے موالی اور غلاموں میں فیل نامی ایک غلام بڑی بصیرت رکھتا تھا اور زیاد اس سے بڑے بڑے کام لیتا تھا۔ قرائن سے وہ سندی معلوم ہوتا ہے زیاد نے اس سے اپنے لئے ایک مکان بنانے کا حکم دیا تو اس نے بصرہ کے ہندوستانی علاقہ سیابجہ میں بنایا۔ اغانی نے لکھا ہے:۔

| | |
|---|---|
| لما بنی فیل مولی زیاد داره بالسیابجة[1] | زیاد کے مولی فیل نے محلہ سیابجہ میں اس کا مکان بنایا۔ |

بصرہ کے سیابجہ کے محلہ میں فیل کا مکان بنوانا اس کے سندھی الاصل ہونے کو بتا رہا ہے اور اس سے قوی دلیل یہ ہے کہ اس کی زبان میں سندھیوں کی طرح شدید لکنت تھی اور وہ بھی حا کو ہا اور عین کو الف کہتا تھا۔ عرب کے سندھیوں میں یہ عیب عام تھا۔ ابوعطا سندی

[1] کتاب الحیوان ج ۔ ص ۲۶۰ بیروت، کتاب الاغانی ج ۲۳ ص ۹۷م۔

اور نجیح بن عبدالرحمن سندی مدنی میں بھی شدید لکنت تھی۔ جاحظ نے لکھا ہے:۔

وکان فیل مولی زیاد شدید اللکنۃ۔ زیاد کا غلام فیل بہت زیادہ لکنت کھاتا تھا۔

پھر جاحظ نے لکھا ہے کہ ایک شخص نے زیاد کے پاس حمار وحش کا ہدیہ بھیجا تو فیل نے زیاد سے عرض کیا "اھدوالنا ھمار وھش" زیاد نے کہا کیا کہا؟ اس نے عرض کیا "اھدوالنا ایر" "یعنی عیر" کے بجائے "ایر" کہا۔ اس پر زیاد نے کہا تمہارا پہلا جملہ اس سے بہتر تھا۔ زیاد کے حکم سے فیل نے اس کے لئے مکان بنایا تھا مگر زیاد کو پسند نہیں آیا اور اس نے فیل کو بلانے کا حکم دیا مگر وہ نہیں ملا تو زیاد نے کہا کاش یہ گھر ہاتھی کے شکم میں ہوتا اور ہاتھی پانی میں ہوتا اس کے نام سے بصرہ میں "حمام فیل" مشہور حمام تھا۔

فیل کے نام سے اس کے محلہ سیابجہ میں مکان بنانے اور زبان میں شدید لکنت سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ سندھی تھا[1]

خطیب بغدادی نے تاریخ بغداد میں عمرو بن عبید کا تذکرہ نہایت تفصیل کے ساتھ ۲۳ صفحات میں کیا ہے[2]

## محمد بن ابراہیم بیلمانی رح

محمد بن ابراہیم بیلمانی سے عبیداللہ بن ربیع نجرانی نے روایت کی ہے وہ تبع تابعین میں سے ہیں[3]

## محمد بن حارث بیلمانی رح

محمد بن حارث بیلمانی تبع تابعین میں سے ہیں، انھوں نے اپنے والد حارث بیلمانی

---

[1] کتاب الحیوان ج ۷ ص ۲۰۶ (بیروت) کتاب الاغانی ج ۲۳ ص ۷۹ [2] طبقات ابن سعد ج ۷ ص ۲۷۳ کتاب المعارف ص ۲۱۲ تاریخ بغداد ج ۱۰ ص ۱۶۶ تا ص ۱۸۸ [3] تہذیب التہذیب ج ۹ ص ۱۴۵

سے اور حارث بیلمانی نے حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے روایت کی ہے اور ان سے محمد بن عبدالرحمٰن بیلمانی نے روایت کی ہے۔ بعض کتابوں میں ہے کہ ان سے محمد بن حارث حارثی نے روایت کی ہے مگر حافظ ابن حجر نے بتایا ہے کہ یہ محمد بن عبدالرحمٰن بیلمانی ہیں[1]

## محمد بن عبدالرحمٰن بیلمانی کوفیؒ

محمد بن عبدالرحمٰن بیلمانی کوفی نحوی دوسرے علماء بیالمہ کی طرح مولیٰ آل عمر ہیں۔ انھوں نے اپنے والد عبدالرحمٰن بیلمانی سے اور ان کے ماموں سے روایت کی ہے۔ مگر ان سے سماع نہیں کیا ہے اور ان سے سعید بن بشیر بخاری، عبیداللہ بن عباس بن ربیع حارثی، محمد بن حارث بن زیاد حارثی، محمد بن کثیر عبدی ابوسلمہ موسیٰ بن اسمٰعیل وغیرہ نے روایت کی ہے۔ ابن معین نے ان کے بارے میں "لیس بشئی" کہا ہے۔

امام بخاری، ابوحاتم رازی اور نسائی نے ان کو منکر الحدیث بتایا ہے۔ ابن عدی کا قول ہے کہ ابن بیلمانی نے جو کچھ روایت کیا ہے ان میں بلاء ان ہی کی طرف سے ہے اور جب ان سے ان کے بیٹے محمد بن حارث روایت کرتے ہیں تو دونوں ضعیف جمع ہو جاتے ہیں۔ لہٰذا ابن عدی کا یہ قول محمد بن حارث بیلمانی باپ بیٹے دونوں کے بارے میں ہے۔ ابن حبان نے لکھا ہے کہ محمد بن عبدالرحمٰن بیلمانی نے اپنے والد سے ایسے نسخہ سے روایت کی ہے جس میں تقریباً دو سو احادیث تھیں اور کل کی کل موضوع تھیں، ان سے احتجاج جائز نہیں ہے۔ اور نہ ہی ان کا تذکرہ جائز ہے۔ البتہ تعجب کے طور پر ان کو ذکر کیا جا سکتا ہے[2]

## مُقسَّم قیقانی کوفیؒ

مقسم قیقانی کوفی آل مقسم قیقانی کے مورث اعلیٰ ہیں۔ ان کا مستقل تذکرہ نہیں مل سکا۔

---

[1] تہذیب التہذیب ج ۹ ص ۱۵۴۔ [2] ایضاً ج ۹ ص ۲۹۳، ۲۹۴۔

Marfat.com

ابن سعد نے اسمٰعیل بن ابراہیم بن مقسم کے حال میں لکھا ہے کہ :-

وکان مقسم من سبی القیقانیۃ ما بین خراسان وزابلستان۔ مقسم قیقان کے قیدیوں میں سے تھے۔ جو خراسان اور زابلستان کے درمیان واقع ہے۔

پھر لکھا ہے کہ ان کے بیٹے ابراہیم بن مقسم کوفہ کے تاجر تھے اور بہ سلسلۂ تجارت بصرہ آنے جانے تھے مقسم عبدالرحمٰن بن قرطبہ اسدی کے آزاد کردہ غلام تھے اور انکی اولاد میں کئی علماء پیدا ہوئے ابراہیم بن مقسم، ربعی بن مقسم، ابوبشر اسمٰعیل بن ابراہیم بن مقسم اور ابراہیم بن اسمٰعیل بن ابراہیم بن مقسم، اموی دور میں اس قیقانی خاندان کو علمی ودینی اور دنیاوی عروج ہوا جس کا سلسلہ عباسی دور تک چلتا رہا[1]

## امام مکحول سندی شامیؒ

ابو عبداللہ مکحول بن عبداللہ شامی کے بارے میں ابن خلکان نے لکھا ہے :-

من سبی کابل۔ وہ کابل کے قیدیوں میں سے تھے۔

قبیلۂ ہذیل کی ایک عورت کے مولیٰ تھے۔ ایک قول یہ ہے کہ سعید بن عاص کے مولیٰ تھے بعضوں نے کہا ہے :-

وکان فی لسانہ عجمۃ ظاہرۃ ویبدل بعض الحروف بغیرہ وھذہ العجمۃ تغلب علی اھل السند۔ ان کی زبان میں کھلی ہوئی عجمیت تھی اور بعض حروف دوسرے حروف سے بدل دیتے تھے اور اس طرح کی عجمیت اہل سندھ میں نمایاں ہوتی ہے۔

---

[1] طبقات ابن سعد ج ۷ ص ۳۲۵ و ص ۳۲۶۔

Marfat.com

ابواسحٰق شیرازی نے بھی ان کے بارے میں لکھا ہے کہ وکان من سبی کابل یعنی وہ کابل کے قیدیوں میں سے تھے۔ ابن عائشہ نے کہا ہے کہ وہ بنی قیس کی ایک عورت کے سندھی مولی تھے۔ اس موقع پر یہ الفاظ ہیں:۔

| | |
|---|---|
| وکان سندیا لا یفصح | وہ سندی تھے فصیح عربی نہیں بول سکتے تھے۔ |

ابن حبان نے کتاب الثقات میں ان کو ہندی بتایا ہے:۔

| | |
|---|---|
| مکحول بن عبد اللہ ابو عبد اللہ کان ھندیا من سبی کابل لسعید بن العاص فوھبہ لامرأۃ من ھذیل فاعتقتہ بمصر، ثم تحول الی دمشق فسکنھا۔ | مکحول ہندی تھے اور کابل کے قیدیوں میں سے سعید بنی عاص کے غلام تھے۔ انھوں نے ان کو بنو ہذیل کی ایک عورت کو ہبہ کر دیا تھا۔ اس عورت نے ان کو مصر میں آزاد کر دیا اور وہ وہاں سے دمشق آکر آباد ہو گئے۔ |

اور امام ذہبی نے لکھا ہے کہ عالم اہل الشام ابو عبد اللہ مکحول بن ابو مسلم ہذلی فقیہ حافظ بنو ہذیل کی ایک عورت کے مولی تھے پھر لکھا ہے:۔

| | |
|---|---|
| واصلہ من کابل، وقیل ھو اولاد کسریٰ۔ | اور ان کی اصل کابل سے ہے ایک قول ہے کہ وہ کسریٰ کی اولاد سے ہیں۔ |

ان کا مکان دمشق میں سوق الاحد (یکشنبہ بازار) کے کنارے تھا وہ امام اوزاعی کے شیخ و معلم ہیں۔ احادیث کی روایت میں ارسال بہت زیادہ کرتے ہیں اور اُبَی بن کعب رضؓ، عبادہ بن صامت رضؓ ام المومنین عائشہ اور کبارِ صحابہ سے تدلیس کرتے ہیں یعنی درمیان کے راوی کو چھوڑ کر براہ راست ان صحابہ سے روایت کرتے ہیں۔

انھوں نے ابو امامہ باہلی، واثلہ بن اسقع، انس بن مالک، محمود بن ربیع، عبد الرحمن

بن غنم ابوادریس خولانی، ابوسلام ممطور وغیرہ سے روایت کی ہے اور ان سے آل
بن موسیٰ، علاء بن حارث، زید بن واقد، ثور بن یزید، حجاج بن ارطاۃ، امام اوزاعی،
بن عبدالعزیز اور دوسرے بہت سے علماء نے روایت کی ہے۔ امام مکحول کا بیان
ہے کہ میں نے علم کی طلب میں روئے زمین کا چکر کاٹا ہے۔ مصر میں آزادی کے بعد
جس قدر علم دین تھا میں نے حاصل کر لیا۔ پھر شام آکر یہاں کے علم کو کھنگھال ڈالا
میں سعید بن عاص کی غلامی میں تھا۔ انھوں نے مجھے مصر میں قبیلہ ہذیل کی ایک عورت
کو ہبہ کر دیا۔ جس نے آزاد کر دیا۔ امام مکحول سندی شامی کے مناقب و فضائل مشہور
ہیں اور ان کا ذکر جمیل تفصیل کے ساتھ کتابوں میں موجود ہے۔ ۱۱۳ھ میں انتقال
فرمایا۔ یہ ہشام بن عبدالملک کی خلافت ۱۰۵ھ تا ۱۲۵ھ کا زمانہ تھا۔

## ابومعشر نجیح بن عبدالرحمٰن سندی مدنی

ابومعشر نجیح بن عبدالرحمٰن ہاشمی، سندی، مدنی، بنی ہاشم کے مولیٰ ہیں، فقیہ، حافظ
حدیث اور مغازی کے امام ہیں، ابن حجر نے ان کو مولیٰ بنی ہاشم لکھا ہے اور امام بخاری
نے مولیٰ ام سلمہ بتایا ہے۔ مدینہ منورہ میں مستقل قیام کرتے تھے ان کے صاحبزادے
محمد بن ابومعشر کا بیان ہے۔

| | |
|---|---|
| کان ابی سندیاً اخرم خیاطاً۔ | میرے والد سندھی تھے، ان کے کان چھدے ہوئے تھے اور وہ سلائی کا کام کرتے تھے۔ |

خطیب بغدادی نے لکھا ہے کہ نجیح بن عبدالرحمٰن، ابومعشر سندی مدنی نے حضرت ابوامامہ

---

۱؎ وفیات الاعیان ج ۲ ص ۱۲۳، تذکرۃ الحفاظ ج ۱ ص ۱۰۲، کتاب الثقات ص ۲۶۲
رجال السند والہند ص ۲۴۳ تا ص ۲۴۴، طبقات الفقہاء ص ۵۳، شذرات الذہب
ج ۲ ص ۹۷۔

Marfat.com

سہل بن حنیفؓ کو دیکھا ہے اور محمد بن کعب قرظی، نافع مولیٰ ابن عمرؓ، سعید مقبری، محمد بن منکدر، ہشام بن عروہ سے سماع کیا ہے اور ان سے ان کے صاحب زادے محمد بن ابو معشر، یزید بن ہارون، محمد بن عمر واقدی، اسحاق بن عیسیٰ طبّاع، محمد بن بکار بن ریان وغیرہ نے روایت کی ہے:۔

وکان اعلم الناس بالمغازی — وہ مغازی کے سب سے بڑے عالم تھے۔

ان کے صاحب زادے محمد بن ابو معشر سے لوگوں نے دریافت کیا کہ آپ کے والد نے مغازی کیسے حفظ کیا تو انھوں نے بتایا کہ میرے والد کے استاد مجلس تابعین میں بیٹھ کر مغازی کا مذاکرہ کیا کرتے تھے۔ ان ہی سے میرے والد نے مغازی حفظ کیا۔ ابن سعد نے لکھا ہے کہ ابو معشر نجیح بنی مخزوم کی ایک عورت کے مکاتب غلام تھے اور انھوں نے مقررہ رقم ادا کر کے آزادی حاصل کر لی تھی۔ اس کے بعد امّ موسیٰ بنت منصور حمیریہ نے ان کا حق ولاء خرید لیا تھا۔ ابن ندیم نے کتاب الفہرست میں لکھا ہے کہ وہ احداث و سِیَر کے عالم اور ساتھ ہی محدث تھے۔ کتاب المغازی ان کی تصنیف سے ہے۔

بعض علماء رجال نے ان کے بارے میں ہلکے انداز میں کلام کیا۔ مگر اس طرح کہ ان کی جلالتِ شان پر حرف نہ آئے۔ امام بخاریؒ نے کہا ہے کہ:۔

یخالف فی حدیثہ۔ — وہ مخالف احادیث بیان کرتے ہیں۔

امام ذہبی نے کہا ہے:۔

وکان من اوعیۃ العلم علی نقص فی حفظہ — وہ حافظہ میں نقص کے باوجود علم کا ظرف تھے۔

ابن معین نے ان کے بارے میں کہا ہے کہ لیس بالقوی (وہ قوی نہیں ہیں) اور امام احمد بن حنبل کا قول ہے:۔

کان بصیراً بالمغازی، صدوقاً — وہ مغازی میں صاحب بصیرت اور سچے تھے

وکان لا یقیم الاسناد۔ — البتہ مستقیم الاسناد نہیں تھے۔

آخری دور میں خلیفہ مہدی عباسی نے ان کو مدینہ منورہ سے بغداد بلا لیا تھا پھر مرتے



Marfat.com

دم تک وہیں رہے اور رمضان ۱۷۰ھ میں انتقال فرمایا۔ ان کے مناقب و فضائل بہت زیادہ اور مشہور ہیں۔

اموی دور میں آل ابی معشر سندی مدنی علم و فضل کے مطلع پر ظاہر ہوئے تو مدتوں اس خانوادہ میں ائمہ اسلام اور حفاظ حدیث پیدا ہوتے رہے اور بغداد ان کے علم و فضل کا مرکز بنا چنانچہ محمد بن ابو معشر نجیح سندی، حسین بن ابو معشر نجیح داؤد بن محمد بن ابو معشر نجیح، اس خانوادہ آل ابی معشر سندی کے مشہور علماء و محدثین میں سے ہیں۔ جنھوں نے عباسی دور میں علم و فضل کی بزم سجائی۔[1]

## ابو معشر یحییٰ سندی

ابو معشر یحییٰ سندی مولیٰ ابن ہاشم کا تذکرہ ابو بشر دولابی نے کتاب الکنیٰ والاسماء میں فی کنیۃ ابو معشر کے باب میں کیا ہے اور ابو معشر زیاد بن کلیب صاحب ابراہیم نخعی اور ابو معشر یوسف بن یزید براء کا ذکر کر کے لکھا ہے۔

| | |
|---|---|
| ابو معشر یحیی السندی مولیٰ ابن ھاشم۔ | ابو معشر یحییٰ سندی ابن ہاشم کے آزاد کردہ غلام تھے۔ |

اور ابو معشر نجیح بن عبد الرحمٰن سندی کا علیحدہ تذکرہ کر کے دونوں ابو معشر میں فرق کیا ہے۔[2]

[1] تاریخ بغداد ج ۱۳ ص ۴۲۷، طبقات ابن سعد ج ۵ ص ۴۱۸، کتاب الفہرست ص ۱۴۰ تذکرۃ الحفاظ ج ۱ ص لسان المیزان ج ۶ ص ۱۵۸، رجال السند والہند ص ۲۵۵ ص ۲۳۸، ص ۱۱۷، ص ۱۰۵ [2] کتاب الکنیٰ والاسماء ج ص ۔

Marfat.com

# ہندیات

## سلافہ سندیہ یا غزالہ سندیہ

حضرت امام حسین بن علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ کی ایک سندھی باندی کا نام سلافہ یا غزالہ تھا۔ ان کے بطن سے امام علی بن حسین زین العابدین پیدا ہوئے جن سے حضرت حسین رض کی اولاد کا سلسلہ چلا۔ سلافہ یا غزالہ امام زین العابدین علی کی والدہ ہیں۔ حضرت حسین کی شہادت کے بعد ان سے آپ کے موالی زبید نے نکاح کر لیا تھا۔ جن سے عبداللہ بن زبید پیدا ہوئے۔ یہ امام زین العابدین کے اخیافی بھائی ہیں، امام زین العابدین نے اپنی ماں کا نکاح اپنے مولیٰ سے کر دیا تھا۔ جیسا کہ معارف ابن قتیبہ میں ہے اور محمد بن حبیب نے کتاب المنمق میں سندھی عورتوں کی اولاد میں علی بن حسین بن علی کو شمار کیا ہے [1]

## حیدان سندیہ

حیدان سندیہ امام علی زین العابدین کی باندی اور ان کے دونوں صاحبزادے عمر اور زید کی ماں ہیں، محمد حبیب نے زید بن علی بن حسین بن علی بن ابوطالب کو انبار

[1] کتاب المعارف ص ۹۴ و کتاب المنمق ص ۵۰۵۔

سندیات میں شمار کیا ہے اور ابن قتیبہ نے عمر اور زید دونوں صاحب زادوں کو ام و
کی اولاد بتایا ہے جس کا نام حیدانہ تھا۔ یہی حیدانہ سندیہ ہیں۔

ایک مرتبہ علی زین العابدین نے اپنی ایک باندی کو آزاد کر کے اس سے شادی کر لی
تھی تو خلیفہ عبد الملک بن ہشام نے اس اقدام پر ان کو عار اور شرم دلائی کہ باندی
سے شادی کر لی ہے۔ اس کے جواب میں امام زین العابدین نے یہ آیت لکھ کر روانہ
کر دی ﴿لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِي رَسُولِ اللّٰهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ﴾۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے
ام المومنین صفیہ بنت حیؓ کو آزاد کر کے ان سے نکاح فرمایا تھا۔ غالباً یہ باندی حیدانہ
سندیہ تھیں[1]

## ام یزید بن عمر بن ھبیرہ سندیہ

یزید بن عمر بن ہبیرہ مروان بن محمد کے زمانہ میں پانچ سال تک عراق کے گورنر
تھے۔ ان کی والدہ بھی ایک سندیہ باندی تھیں۔ یزید بن عمر نہایت حسین وجمیل اور
شریف انسان تھے[2]

## ام سعید بن ہشام بن عبد الملک سندیہ

خلیفہ ہشام بن عبد الملک کے صاحب زادے سعید کی والدہ بھی سندھ
کی باندی تھیں۔

---

[1] کتاب المعارف ص ۱۷۹، کتاب المنمق ص ۵۰۵ [2] کتاب المعارف ص ۱۷۹
[3] کتاب المنمق ص ۵۰۵۔

Marfat.com

# استدراکات

۱۳۹۳ھ میں حرمین شریفین کی حاضری کے موقع پر وہاں کے کتب خانوں سے بھی استفادہ کا موقع ملا، اور چند نادر باتیں معلوم ہوئیں جن کا تعلق خلافت امویہ اور ہندوستان سے ہے، لہٰذا ان کو یہاں درج کیا جاتا ہے :

**محمد بن قاسم ثقفیؒ** مرزبانی نے معجم الشعراء میں ان کا تذکرہ بحیثیت شاعر کے کیا ہے، جس سے ان کے بارے میں چند باتیں معلوم ہوتی ہیں، مرزبانی نے لکھا ہے کہ محمد بن قاسم ثقفیؒ حجاج کی طرف سے سندھ کے عامل تھے، حبیب بن مہلب کو جب سندھ کی ولایت ملی تو اس نے اپنی طرف سے سکاسک کے ایک عامل اور عک کے ایک آدمی کو محمد بن قاسم کے پاس بھیجا، ان دونوں نے ان کو گرفتار کر کے جیل میں ڈال دیا، اس موقع پر محمد بن قاسم نے یہ اشعار کہے ؎

أتنسی بنو مروان سمعی وطاعتی — وانی علی ما فاتنی لصبور

فتحت لهم ما بین سابور بالقنا — الی الهند منهم زاحف ومغیر

وما وطئت خیل السکاسك عسکری — ولا کان من عك علیّ امیر

ولو کنت ان معت الفراق لقربت — الیّ اناث للوغی و ذکور

خلیفہ سلیمان بن عبدالملک نے ان کو واسط میں قید کیا تھا، مگر جب اس کو محمد بن قاسم کے ان اشعار کا علم ہوا تو ان کو چھوڑ دیا، وہ اپنے زمانے کے نامی گرامی آدمیوں میں سے تھے، اس کے بعد معاویہ بن یزید بن مہلب نے ان کی گردن مار دی، اور ایک قول ہے کہ صالح بن عبدالرحمٰن نے ان کو اتنی زیادہ اذیت دی کہ اسی میں وہ مر گئے، اس میں مرزبانی کی یہ تصریح بڑی اہمیت رکھتی ہے کہ :-

| | |
|---|---|
| فبلغ سلیمان بن عبد الملک شعرہ فاطلقہ بعد ان حبس بواسطہ[1] | جب خلیفہ سلیمان بن عبد الملک کو محمد بن قاسم کے یہ اشعار معلوم ہوئے تو اس نے ان کو چھوڑ دیا، حالانکہ ان کو واسط میں قید کیا تھا۔ |

نیز اس بیان میں محمد بن قاسم کو ٹاٹ پہنانے کا ذکر بھی نہیں ہے، البتہ اموی امراء کے ان کو قتل کرنے یا تکلیف دے کر مار ڈالنے کی تصریح ہے۔

**عمرو بن محمد بن قاسم ثقفیؒ** عمرو بن محمد بن قاسم کی موت کے سلسلے میں صرف طبری کی ایک روایت مل سکی تھی جس میں تھا کہ انہوں نے اپنی گرفتاری کے بعد خودکشی کرلی، اس کے مقابلے میں محمد بن حبیب بغدادی کی روایت زیادہ صحیح معلوم ہوتی ہے جس میں ہے کہ محمد بن عزان نے ان کو قتل کرا کر مشہور کیا کہ انہوں نے خودکشی کرلی ہے محمد بن حبیب کا پورا بیان یہ ہے، عمرو بن محمد بن قاسم ثقفی مروان کی طرف سے سندھ کے عامل تھے، منصور بن جمہور کلبی نے جو جعلی عہد نامہ کے ذریعہ عراق کا حاکم بن گیا تھا، شام کے ایک آدمی فلان بن عمران (محمد بن عزان کلبی) کو ان کے پاس سندھ روانہ کیا تاکہ وہ سرکاری خزانہ کا حساب لے، اس نے یہاں آکر عمرو بن محمد بن قاسم کو جیل میں بند کر دیا، اور ان کو مروا کر مشہور کرا دیا کہ انہوں نے خودکشی کی ہے،

| | |
|---|---|
| فحبسہ و دس الیہ من قتلہ فاصبح میتا و اشاع انہ قتل نفسہ من خوف المحاسبۃ[2] | ابن عزان نے ان کو قید کر کے خفیہ طور سے ایک شخص کو ان کے پاس بھیجا جس نے ان کو قتل کر دیا، اور جب صبح کو وہ مردہ پائے گئے تو مشہور کیا کہ انھوں نے حساب کتاب کے ڈر سے خودکشی کرلی ہے۔ |

---

[1] معجم الشعراء مرزبانی ص ۳۴۴۔ [2] کتاب اسماء المغتالین من الاشراف فی الجاہلیۃ والاسلام، ضمن نوادر المخطوطات المجموعۃ الثانیہ ص ۱۸۴۔

یہ روایت زیادہ قرین قیاس معلوم ہوتی ہے، اور اس وقت کے حالات سے بھی اس کی تائید ہوتی ہے۔

**منصور بن جمہور کلبی**

منصور بن جمہور کلبی کے بھائی منظور بن جمہور کے سندھ میں قتل کے سلسلے میں طبری کی ایک روایت مل سکی تھی جس میں مختصر طور سے رفاعہ بن ثابت کے منظور بن جمہور کو قتل کرنے کی تصریح تھی، اس بارے میں محمد بن حبیب بغدادی نے اپنی کتاب اسماء المغتالین من الاشراف فی الجاہلیۃ والاسلام میں مفصل روایت درج کی ہے، جو درج کی جاتی ہے۔ منصور بن جمہور نے سندھ پر قبضہ کرکے اپنے بھائی منظور بن جمہور کو یہاں (ملتان کا) والی مقرر کیا، اور اس کے ساتھ اہلِ شام میں سے ایک یمنی آدمی رفاعہ بن ثابت بن نُعیم کو شریکِ امارت کیا، کچھ دنوں کے بعد حکومت کے معاملات میں رفاعہ بن ثابت نے منظور بن جمہور پر غلبہ حاصل کرلیا، وہ منظور کی رات کی مخصوص مجلسوں میں شریک ہوتا تھا، اسی دوران میں ابومسلم خراسانی نے بنوعباس کے لیے خراسان کو ہموار کرکے قبیلہ بکر بن وائل کے ایک آدمی مغلس نامی کو سندھ کا والی بناکر بھیجا، جس وقت مغلس سندھ کے قریب پہنچا رفاعہ بن ثابت کو اس کی آمد کی خبر مل گئی اور اس نے موقع تلاش کرکے منظور بن جمہور کو قتل کردیا۔ اسکی صورت یہ ہوئی کہ حسبِ معمول ایک رات دارالامارہ میں رفاعہ، منظور اور اس کا غلام تینوں ماکولات ومشروبات میں شریک ہوئے، کچھ رات گئے منظور اور اس کا غلام دونوں سو گئے اور رفاعہ نے گھر آکر اپنی تلوار لی اور غلام کو ساتھ لے کر گھوڑے پر دار الامارۃ کی طرف گیا اور احاطہ کی جس دیوار کے پاس سے بالاخانہ کی طرف سیڑھی جاتی تھی اس میں نقب لگا کر دونوں سیڑھی سے بالاخانہ پر گئے، جہاں منظور اور اس کا غلام دونوں سوئے تھے، رفاعہ نے پہلے منظور کا کام تمام کیا، پھر اس کے غلام کو قتل کرنا چاہا مگر وہ جاگ گیا اور سمجھا کہ میرا آقا منظور مجھے قتل کرنا چاہتا ہے، کہنے لگا کہ منظور! تم رات کے شروع

Marfat.com

میں مجھے اپنی مجلس میں شریک کرتے ہو اور آخری حصہ میں قتل کرنا چاہتے ہو؟ یہ سن کر رفاعہ نے ہاتھ روک کر غلام سے کہا میں تم کو جو حکم دیتا ہوں اسے مانو ورنہ ابھی قتل کر دوں اس بے چارے نے کہا جو حکم کرنا چاہو کرو، رفاعہ نے کہا تم منظور کے نام سے محافظ دستے کے افسر کو آواز دو، غلام نے کمرے سے باہر نکل کر اسے آواز دی اور کہا تم کو امیر یاد کرتے ہیں، افسر آواز سن کر اوپر چڑھا اور جوں ہی سامنے آیا، رفاعہ اور اس کے غلام نے مل کر اس کو بھی قتل کر دیا، اس کے بعد دارالامارۃ کے اعیان و اشراف اور سرکاری آدمیوں کو قتل کرتا رہا، یہاں تک کہ آٹھ آدمیوں کی جان لی۔ رفاعہ کی غداری اور خون خرابہ پر ایک شاعر نے اس کی ہجو میں یہ اشعار کہے ہیں :-

یا رفاع بن ثابت بن نعیم　　ما جزیت الاحسان بالاحسان

رفاعہ بن ثابت بن نعیم !　　تم نے احسان کا بدلہ احسان سے نہیں دیا

ولقد اتلفت یمینک خرقا　　اریحیا وفارس الفرسان

تمہارے ہاتھ نے حماقت کر کے ایک عظیم سپہ سالار اور شہسوار کو ضایع کر دیا

فادال الملیک منک فقد اصـ　　بحت فی کف نار حران

اب تم حاکم کی آتشِ انتقام کے ہاتھ سے بچ کر نکل نہیں سکتے ہو۔

جب اس حادثہ فاجعہ کی خبر منصور بن جمہور کو ہوئی تو اس نے رفاعہ بن ثابت کو گرفتار کر کے قتل کر دیا[1]۔

اس واقعہ سے منظور بن جمہور کے قتل کی پوری کیفیت کے علاوہ یہ باتیں بھی معلوم ہوتی ہیں :-

(۱) رفاعہ بن ثابت جس نے شام میں بنو امیہ کے مقابلہ میں خروج کیا تھا دُعاۃ

---

[1] اسماء المغتالین من الاشراف فی الجاہلیۃ والاسلام، المجموعۃ الثانیۃ من نوادر المخطوطات ص ۱۸۵۔ طبع قاہرہ۔

Marfat.com

بنی عباس میں سے تھا، اور منصور بن جمہور کے سندھ پر غلبہ و استیلاء کو ختم کرنے کے لیے یہاں کی حکومت و امارات میں شریک ہوا تھا، چنانچہ عباسی حاکم کی آمد کی خبر سُن کر اس نے اس کی کوشش کی۔

(۲) اموی امراء و عمال کے لیے مستقل دار الامارہ تھا، جس کی عمارت سرکاری ضروریات کے مطابق ہوتی تھی، اوپر امراء و حکام رہتے تھے اور نیچے ان کا عملہ اور محافظ دستہ ہوتا تھا۔

(۳) راتوں کو سندھی امراء کے یہاں بھی داستان گوئی اور اکل و شرب کی محفل ہوا کرتی تھی جس میں ان کے ندماء اور اعیان و اشراف شریک ہوتے تھے۔

(۴) دار الامارہ میں پولیس اور محافظ دستہ کا انتظام ہوا کرتا تھا۔

**عبید اللہ بن عبد اللہ بن معمر قرشیؒ**

حضرت عبید اللہ بن عبد اللہ بن معمر قرشی بصریؒ مشہور رُواۃ حدیث میں سے ہیں۔ ۵۰ھ میں بعہدِ حضرت معاویہؓ ہندوستان کے کسی جہاد میں شہید ہوئے۔

خلیفہ بن خیاط نے طبقات میں لکھا ہے کہ بصرہ کے طبقۂ اولیٰ کے جن راویوں سے صحابہ کے بعد احادیث کی روایت کی گئی ہے ان میں قبیلۂ مضر سے حضرت عبید اللہ بن عبد اللہ بن معمرؒ بھی ہیں۔ ان کا انتقال اسّی سال کی عمر سے پہلے ہوا، اور دوسری جگہ لکھا ہے کہ:

| | |
|---|---|
| من مضر ثم من قریش | مضر کے قبیلہ قریش سے عبید اللہ بن عبد اللہ |
| عبید اللہ بن عبد اللہ بن | ابن معمر ہیں جو ۵۰ھ میں ہندوستان میں |
| معمر، قتل بالھند سنۃ خمسین۔[1] | شہید ہوئے۔ |

طبقات و رجال کی کتابوں میں ان کے مزید حالات درج ہیں۔

[1] طبقات خلیفہ بن خیاط ص ۲۰۳ و ص ۱۸۲ طبع دمشق۔

Marfat.com

**ابو امیہ عبدالرحمٰن سندھیؒ**

ان کے بارے میں ضمنی طور سے تہذیب التہذیب میں عراک بن خالد کے حال میں صرف اتنا معلوم تھا کہ وہ عراک کے استاد ہیں، ذہبی نے تاریخ الاسلام میں ان کا یہ مستقل تذکرہ لکھا ہے، عبدالرحمٰن، ابو امیہ سندھی، خلیفہ سلیمان بن عبدالملک کے مولیٰ اور غلام تھے، اور حضرت عمر بن عبدالعزیز کے دورِ خلافت میں ان کے کاتب یعنی میر منشی تھے، انہوں نے حدیث کی روایت حضرت انس بن مالکؓ اور حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ سے کی تھی، اور ان سے خالد بن یزید رملی، سوار ابن عمارہ رملی، اور عراک بن خالد دمشقی نے روایت کی ہے، فلسطین کے شہر نابلس میں مستقل طور سے سکونت اختیار کر لی تھی، ابوحاتم نے ان کو منکر الحدیث بتایا ہے[1]

**ذوالرُّمّہ شاعر**

اموی دور میں ہندوستان میں جو اعیان واشراف اور شعراء وادباء آئے ان میں اس دور کا مشہور عربی شاعر ذوالرمّہ (غیلان بن عقبہ) بھی معلوم ہوتا ہے، اور بعض روایات کے مطابق وہ حکم بن عوانہ کلبی کی امارت میں یہاں آیا ہے، محمد بن سلام جمحی نے طبقات فحول الشعراء میں ابوالغراف سے روایت کی ہے کہ والیٔ سندھ حکم بن عوانہ کلبی نے ذوالرمہ کے بعض اشعار پر اعتراض و تعرض کیا، اس پر ذوالرمہ نے حکم بن عوانہ کے بارے میں یہ اشعار کہے :-

فلو کنت من کلب صحیحاً ھجوتکم  جمیعاً ولکن لااخالک من کلب

(اگر تمہارا بنو کلب سے ہونا صحیح ہوتا تو میں تم سب کی ہجو کرتا، مگر میرے خیال میں تم بنو کلب سے نہیں ہو۔)

ولکنما اخبرتُ انک ملصقٌ  کما الصقت من غیرھا ثلمۃ القعب

(بلکہ جیسا کہ مجھے بتایا گیا ہے تم جوڑ دیئے گئے ہو جس طرح کہ پیالے کا ٹکڑا جوڑ دیا جاتا ہے)

---

[1] تاریخ الاسلام ج ۴ ص ۹۴۔

تَدَ هُدٰی فخرت ثُلمتہ من صحیحۃ　　تلزّ باُخویٰ بالغراء وبالشعب[1]

( جیسے لڑھک کر صحیح وسالم برتن سے ٹکرا کر جاتا ہے ۔ جسے مسالے سے جوڑ کر درست کر دیا جاتا ہے )

اور عیون الاخبار کی ایک روایت سے بھی حکم بن عوانہ کے کلبی ہونے میں شک وشبہ ظاہر ہوتا ہے، جس زمانہ میں وہ سندھ کے امیر تھے بنو کلب کے ایک آدمی نے ان سے کہا کہ انما انت عبد یعنی تم تو غلام ہو، اس پر حکم نے تصدیق و تکذیب کے بجائے یہ کہا کہ واللہ لا عطینک عطیۃ لا یعطیھا العبد یعنی میں تم کو ایسا عطیہ دوں گا جسے غلام نہیں دے سکتا، پھر اسے ایک سو قیدی غلام دیئے۔

حکم بن عوانہ سندھ سے پہلے خراسان کے امیر رہ چکے ہیں، صحیح طور سے نہیں کہا جا سکتا کہ ذوالرمہ کی ملاقات اُن سے کہاں ہوئی، البتہ اس کے اشعار اور حکم کے نسب کے بارے میں اشتباہ کے واقعہ سے اندازہ ہوتا ہے کہ یہ ملاقات سندھ میں ہوئی تھی، ......

.................................................

............ طبقات الشعراء کے شارح و محشی علامہ محمود محمد شاکر نے اس موقع پر ذوالرمہ کے سندھ آنے کی تائید کی ہے۔

| | |
|---|---|
| ومما استظھرتہ من شعر ذی الرُّمّۃ ان ذا الرمۃ دخل السند، واصفھان وخراسان فلا ادری فی ایھا لقی الحکم بن عوانۃ۔ | ذوالرمہ کے اشعار سے میں نے یہ نتیجہ نکالا ہے کہ وہ سندھ، اصفہان، اور خراسان میں جا چکا ہے، مگر مجھے یہ پتہ نہ چل سکا کہ اس نے کس ملک میں حکم بن عوانہ سے ملاقات کی۔ |

یعنی ان کے نزدیک ذوالرمہ کا سندھ، اصفہان اور خراسان جانا ظاہر ہے، البتہ کہاں دونوں میں ملاقات ہوئی اس کا پتہ نہیں ہے۔

[1] طبقات فحول الشعراء ص ۴۸۲۔

Marfat.com

ذوالرمہ کے سندھ میں آنے اور حکم بن عوانہ کے بارے میں مذکورہ بالا اشعار یہیں کہنے کی ایک دلیل یہ بھی ہے کہ ابن سلام جمحی نے یہ روایت ابوالغراف سُلمی (عمر بن مرثد) سے کی ہے جو مشہور شاعر ہے اور سندھ میں رہنے کی وجہ سے سندھی کی نسبت سے مشہور رہے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ حکم بن عوانہ اور ذوالرمہ کا معاملہ اس کی موجودگی میں سندھ میں ہوا تھا۔

**منتجع بن نبہان طائی** رسائل جاحظ میں ہے کہ اہلِ حبشہ میں عکیم حبشی تھا جو عجاج شاعر سے بھی زیادہ فصیح تھا، اور علمائے شام اس سے ادب و عربیت میں استفادہ کرتے تھے، جس طرح علمائے عراق منتجع بن نبہان سے کسبِ علم کرتے تھے، اس کے بعد لکھا ہے:

| | |
|---|---|
| وکان المنتجع بن نبہان | منتجع بن نبہان سندھی تھا، اس کے کان |
| سندیّا فی اذنہ خربۃ وقع | میں سوراخ تھا، بچپن میں صحرا میں چلا گیا |
| الی البادیۃ وھو صبی فخرج | تھا اور وہاں سے نکلا تو روبہ سے |
| افصح من روبۃ[1] | فصیح تھا۔ |

اس کا مختصر مگر مستقل تذکرہ ابوبکر محمد بن حسن زبیدی متوفی ۳۷۹ھ نے طبقات النحویین واللغویین میں بصرہ کے علمائے لغت کے طبقۂ اولیٰ میں یوں کیا ہے:

منتجع اعرابی قبیلۂ طے کے بنی نبہان میں سے ہے، اصمعی کا بیان ہے کہ میں نے منتجع سے لفظ "سمیدع" کے بارے میں سوال کیا تو اس نے بتایا کہ سمیدع وہ سردار اور رئیسِ قبیلہ ہے جس کے بازو لوگوں کی خدمت کے لیے ہر وقت کھلے ہوں[2]۔

---

[1] رسائل جاحظ ج ۱ ص ۱۹۸۔

[2] طبقات النحویین واللغویین زبیدی ص ۱۷۵۔

Marfat.com

**عربی شاعری میں ہندی عورت**

ہندوستان کی عورتیں عرب میں اپنے حسن وجمال ، اور موزونیت کے اعتبار سے نہایت محبوب ومرغوب تھیں، ساتھ ہی امورِ خانہ داری اور تربیتِ اولاد میں ان کی شہرت تھی، اموی دور میں سب سے پہلے ابوالنجم نے ان کے حسن وجمال اور اوصاف ومحاسن پر اشعار کہے ہیں جو اس دور کے طبقۂ اولیٰ فحول ومتقدمین شعراء میں شمار ہوتا ہے اور اپنی رجزیہ شاعری کی وجہ سے خاص شہرت کا مالک ہے۔

صورت یہ ہوئی کہ مشہور فاتح جنید بن عبدالرحمٰن مُری نے والی عراق خالد بن عبداللہ قسری کے پاس بہت سے ہندی قیدی روانہ کیے جن میں یہاں کی حسین و جمیل اور گوری عورتیں بھی تھیں ، ان کو خالد نے خاص طور سے قبیلۂ قریش اور دیگر قبائل کے اعیان واشراف کو ہدیہ کیا ، اور نہایت خوبصورت عورت کو اپنے لیے رکھ چھوڑا ، جس کے بدن پر ہندی لباس یعنی دو چادریں تھیں، اسی اثنار میں ابوالنجم شاعر سامنے آیا، خالد نے اس سے کہا کہ اگر تم اس حسینہ کے بارے میں کچھ اشعار فی البدیہہ کہدو تو اسے ابھی تم لے لو۔ اس نے فوراً آمادگی ظاہر کی۔

ایک بوڑھا شاعر عریان بن ہثیم نخعی بھی موجود تھا ، اس نے کہا کہ ابوالنجم جھوٹ بولتا ہے، وہ اس کے بارے میں فی البدیہہ اشعار کی قدرت نہیں رکھتا۔

یہ سنتا تھا کہ ابوالنجم نے اس ہندی باندی کے حسن وجمال اور اوصاف میں یہ اشعار کہے ؎

عَقَلْتُ خُودًا مِنْ بَنَاتِ الزُّطِّ

ذَاتِ جَهَازٍ مُضْغَطٍ مُلَطِّ

رَابِي الْمَجَس ، جَيِّدِ الْمُحَطِّ

Marfat.com

كَاَنَّمَا قُطَّ عَلٰی وَمَقِطِّ

اِذَا بَدَأَ الَّذِی تَغَطِّی

كَاَنَّ تَحْتَ ثَوْبِهَا الْمُنْعَطِّ

شَطًّا رَمَیْتَ فَوْقَهٗ بِشَطِّ

لَمْ یَنْزُ فِی الْبَطْنِ وَلَمْ یَنْحَطِّ

فِیْهِ شِفَاءٌ مِنْ اَذَی التَّمَطِّی

كَهَامَةِ الشَّیْخِ الْیَمَانِی الشَّطِّ

ابوالنجم نے آخری مصرعہ کہتے ہوئے عریان بن ہثیم کی کھوپڑی کی طرف اشارہ کیا، خالد بن عبداللہ قسری نے ہنستے ہوئے کہا، عریاں! دیکھ رہے ہو ابوالنجم نے ان اشعار کے کہنے میں ذرا بھی غور و فکر نہیں کیا، عریان نے ابوالنجم کے شاعرانہ کمال کا اعتراف کرتے ہوئے کہا مگر وہ ملعون بن ملعون ہے[1]

**ملتان کا مالِ غنیمت**

مشہور جغرافیہ نویس اور خلیفہ معتمد کے میر منشی ابن خردازبہ نے لکھا ہے کہ محمد بن قاسم نے فتح ملتان کے موقع پر وہاں کے بت خانہ سے چالیس بُہار سونا پایا تھا۔ ایک بُہار ۳۳۳ (مَن) کا ہوتا ہے، اور اس حساب سے ۲۳۹۷۶۰۰ مثقال سونا ہوا[2]۔

اس وقت اسلامی فوج سخت غذائی قلت اور امراض میں مبتلا تھی، اس خطیر دولت کے ملنے پر بڑی کشادگی ہوگئی، اس لیے ملتان کو مسلمانوں نے فرج بیت الذہب یعنی خانۂ زر کی سرحد کا نام دیا[3]۔

[1] الاغانی ج ۱۰ ص ۱۵۷، طبع بیروت۔

[2] المسالک والممالک ص ۵۷۔

[3] مسالک الممالک ص ۱۷۵۔ اصطخری۔

ملتان کی فتح کے وقت بت خانہ کے پجاریوں اور محافظوں نے مسلمانوں سے کہا کہ بُت خانہ کو باقی رکھا جائے ہم اس کی آمدنی کا تہائی حصہ آپ کو دیں گے اور خلیفہ کی مرضی کے مطابق یہ معاہدہ ہوگیا، چنانچہ پورے ہندوستان سے یہاں پوجاپاٹ کے لیے آنے والے اپنے ساتھ نذر و نیاز کی بھاری رقمیں لاتے تھے، جو ایک صندوق میں جمع کی جاتی تھیں اور بعد میں ان کو تین حصوں میں تقسیم کرکے ایک حصہ مقامی بیت المال میں جاتا، ایک حصہ شہر کی تعمیر و مرمت پر خرچ ہوتا اور ایک حصہ بُت خانہ اور اس کے پجاریوں اور محافظوں کے لیے باقی رکھا جاتا تھا۔[1]

تمت بالخیر

---

[1] بلوغ الارب فی معرفۃ احوال العرب ج ۲ ص ۱۱۵۔